UNIVERSAL
LIBRARY
OU_228757
UNIVERSAL
LIBRARY

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. ف ٨٩١٥٥١٣٥ Accession No. ١١٠٨٦
١١٦٨٦

Author محمد نذير صاحب عرشي

Title منتخب المعاني يعني شرح شرح وقاية

This book should be returned on or before the date last marked below.

اس کتاب کے جملہ حقوق بموجب یکشن نمبر ۴ مجریہ فروری ۱۹۱۴ء کاپی رائٹ محفوظ ہیں

سلسلہ تالیفات قریشی بک ایجنسی لاہور نمبر ۳۴

مثنوی مولوی معنوی ہست قرآں در زبانِ پہلوی

مفتاح العلوم

یعنی

شرح مثنوی مولینا روم

دفتر اوّل حصہ دوسرا

از

عالیجناب حضرت مولینا مولوی محمد نذیر صاحب عرشی نقشبندی مجددی

طبع

خاکسار محمد حفیظ اللہ قریشی تاجر کتب و مالک قریشی بک ایجنسی لاہور نے

بعد اخذ حقوق دائمی

سنہ ۱۳۵۰ھ

علی المطابع الیاس پریس لاہور میں باہتمام حافظ محمد عالم رضا چھپوا کر

قیمت بلا جلد عہ چار روپے

بار دوم

۴۵۴

مطبوعات قریشی بک ایجنسی لاہور

1952 1965

تاریخ مدینہ منورہ

(مع نقشہ) یہ نقشہ روضہ مبارک کے خلاف، روضہ مبارک جسکو علامہ مصنف نے نہایت محنت اور جانفشانی سے
ہر اس قابل ہے کہ ہر مسلمان اس کا مطالعہ کرے۔ اپنے پیارے نبی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تاریخی شہر کے حالات سے
یمان کو تازہ کرے۔ اسمیں شروع سے تاریخی حال لکھ کر بتایا گیا ہے۔ کہ کب اس مقدس شہر کی تعمیر ہوئی۔ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے
یک جو جو واقعات رونما ہوئے۔ ان کا تذکرہ کرنیکے بعد صحابہ کے عہد میں جو ترقیاں اس شہر کو نصیب ہوئیں۔ انکا حال کہ کر خلفاء راشدین اور دیگر خلفاء
سلاطین اسلام نے جو جو اس شہر کی ترقی کرنیکے لئے اقدام استعمال کئے۔ انکا ذکر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے روضہ مبارک کے صحیح صحیح حالات
ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ و حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر انور کے کس طرف کرنے کا واقعہ بھی تفصیل سے لکھا گیا ہے۔ مسجد نبوی
حالات غرضیکہ کوئی ایسا تاریخی حال نہیں۔ جو اس کتاب میں درج نہ ہو ایک دفعہ پڑھنا شروع کر دیجئے ختم کئے بغیر ہاتھ سے چھوڑنے کو جی نہ چاہے گا۔ قیمت عہ

تاریخ سلاطین آل عثمان

سعہ حالات جنگ کان احرار و یونان جس میں سلاطین ہڑکی اور غازی مصطفےٰ کمال پاشا اور غازی انور پا
مرحوم کی نہایت اعلیٰ تصاویر کے علاوہ مسجد ایاصوفیہ قسطنطنیہ اور شہر گلورو کا نقشہ بھی شامل ہے۔ اس کتا
سلطنت عثمانیہ (ترکی) کے بانی سلطان عثمان خاں اول سے لیکر آخری سلطان عبدالمجید خاں کی معزولی تک کے ۳۶ سلاطین کے حالات کو یکے بعد دیگرے تخت نشی
درج کئے گئے ہیں سلطنت عثمانیہ کی ابتدائی حالت اور اس کا عروج ترکوں کی عیسائیوں کے ساتھ جنگ کی شاندار فتوحات
ذکر کرنیکے بعد ترکان احرار کے حالات و سابقہ جنگ ترکی و یونان کے مفصل حالات درج ہیں۔ خاندان شاہی کے احتراج اور خلافت کی منتقلی
دردانگیز حالات اس کتاب کی جان ہیں۔ کوئی مشہور واقعہ نظر انداز نہیں کیا گیا۔ حجم ۲۵۰ صفحات۔ قیمت بلا جلد عہ مجلد عہ

حیات سلطان صلاح الدین غازی

(مع نقشہ) یہ وہ اسلامی ہیرو ہے جسکا تاریخی دنیا میں فاتح بیت المقدس کا لقب دیا گیا ہے جسکا
سالار تھا۔ ایک طرف تمہارا دوسرا ایک طرف۔ اسکے ساتھ کوئی بڑی جمعیت نہ تھی لیکن اس
مذہب کا سچا جوش تھا جس کو جو ہی اس نے بیت المقدس میں سے عیسائیوں کا قلع قمع کر کے شام کی متبرک زمین کے بلند پہاڑوں کی چوٹیوں پر پھر اسلامی پھریرا لہرایا
بہادر و دلیر کی تالیف (سوانحعمری) ہدیہ ناظرین کرتے ہیں۔ ہر مسلمان کو اس کا پڑھنا ضروری ہے کیونکہ اسکے پڑھنے سے ہم لوگوں میں ہمدردی۔ فیاضی مروت
دلیری کی صفتیں پیدا ہونگی اس کتاب میں صلاح الدین کی ولادت تعلیم تربیت خصائل۔ عادات اور اسکی فتوحات اور عیسائی اکرمۃ آبائے اور
کے تعصبی حالات نہایت تفصیل کے ساتھ نو خانہ حیثیت سے بعد سند و ماخذ لکھے گئے ہیں بظاہر یہ ناول ہی ہے لیکن درحقیقت ایک صدی کی
نقشہ ہے۔ اس کتاب کا انداز بیان۔ انگریزی ناول نویس کی مشہور کتاب تواریخ ہیں ناول نہیں تاریخ کی کتاب ہے۔ جسکے دیکھنے اور پڑھنے سے مسلمان کے دلمیں تازہ
دورہ ہونے لگتا ہے نیز مصنف نے اس میں سلطان موصوف کی مختلف تصاویر کا مکمل فوٹو دیا گیا ہے۔ قیمت عہ علاوہ محصول

قواعد الصرف

عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ عربی نوآموز طلباء کیلئے جو سابقہ یا موجودہ زمانہ کی کتابیں علم صرف میں لکھی گئی ہیں وہ بچہ ایسی پیچیدہ ہیں کہ
سمجھنے اور یاد کرنے میں سخت دقت پیش آتی ہے علامہ مصنف نے اس کتاب میں عربی علم صرف کو ایسے آسان اور ایسے مفید پیرایہ میں لکھا ہے کہ
ایکبار سرسری نظر سے مطالعہ کریگا۔ وہ انشاء اللہ علم صرف میں بخوبی ماہر ہو کر رات دن کی محنت سے چھٹکارا پائیگا۔ خصوصاً سکولوں اور کالجوں کیلئے بہت مفید ہے قیمت

قواعد النحو

عربی علم نحو پر ایک مفید کتاب جو سالہا سال کی محنت کے بعد عرب کی بڑی بڑی نحو کی کتابوں کے مطالعہ کے بعد ایسے آسان طریقہ پر لکھی
گئی ہے کہ ذہین طالب علم بھی بغیر استاد کی شبانہ روز محنت کے سمجھ سکتا ہے۔ کتاب کی خوبیوں کا اندازہ تحریر میں آنا مشکل ہے پڑھنے سے
ہوگا۔ لکھائی چھپائی کاغذ عمدہ ہے قیمت ۱۰ (باہر چی خانہ ۶ زنانہ آنا لیتی خط نسخ ۵ زنانہ سلامی گیت ۵ ر احکام الاسلام ۵ ر

فارسی بول چال

جس میں حضرات کیلئے جو فارسی زبان کی لیاقت بغیر استاد کے پیدا کرنا چاہیں۔ فارسی کے مفرد اور مرکب الفاظ کا
اردو معانی کیساتھ جمع کیا گیا ہے۔ ہر قسم کے مفرد الفاظ کے معانی کے بعد مرکب الفاظ کے معانی اور فقرے اور
کاروبار کے متعلق باتیں اور خط و کتابت کے طریقے درج ہیں۔ غرضکہ اس کتاب کے مطالعہ سے فارسی میں خاصی لیاقت پیدا ہو جاتی ہے قیمت

دیگر ہر قسم کی کتابیں محمد حفیظ اللہ قریشی تاجر کتب و مالک قریشی بک ایجنسی لاہور سے بکفایت مل سکتی ہیں۔ فہرست کتب

بعض مطالب مفیدہ کی فہرست جن کا اس حصّے میں ایراد ہوا ہے

مطالب	صفحہ
تصوّف وسلوک	
سعی اور توکل کے مناسب مواقع	۸
اکتساب حبیب اللہ میں نکتہ	۱۰
سعی و تدبیر کا حکم قرآن و حدیث میں	۱۰
اختیار اسباب کو قطعاً ترک کرنا حرام ہے	۱۱
جدّ و جہد بھی من کل الوجوہ مستحسن نہیں	۱۲
سعی و کوشش شرط عقل ہے	۲۸
دنیا طلبی کی مذمت	۳۶
دنیائے مذموم و دنیائے محمود	۳۷
مال و زر کی محبت کا برا نتیجہ	۳۷
قلب انسان فرشتہ و شیطان کا میدان معرکہ ہے	۶۰
شیوخ مزوّر و پیرانِ ریاکار	۶۷
سیر قدمی اور سیر نظری	۷۴
طائفہ نقشبندیہ کی مختلف رنگوں سے مناسبت	۹۳
عزلت اور اختلاط میں سے افضل کیا ہے	۱۵۱
سالک طالب اور سالک واصل کے روحانی کمالات میں فرق	۱۶۹
کیا مولانا رح کے کلام میں امام فخر الدین رازی رح پر تعریضات ہیں؟	۱۶۹
دنیا کے معنے اور اس کی مذموم اقسام	۱۷۶
موجودہ زمانے میں مسلمانوں کو ترک مال و زر کی تعلیم دنیا خود کشی پر آمادہ کرنا ہے	۱۷۷
معرکہ نفس کا جہاد اکبر ہونا اور اس کی وجہ	۱۷۸
مقام اور حال	۱۹۴
تکلم کے بغیر تعلیم سلوک	۱۹۴
اہل مقام کی فضیلت اہل حال پر	۱۹۵
حالات مستقبلہ کا ادراک	۲۰۳
روح کی ماہیت	۲۰۵
علوم وہبیہ و کسبیہ کا مقابلہ	۲۱۴
صبر و رضا کے فضائل	۲۳۵
خاصان حق کی خطا عوام کی طاعت سے افضل ہے	۲۴۰
لا مکان	۲۴۱
حضرت عمار بن یاسر رض کا کلمہ کفر موجب رحمت بن گیا	۲۵۳
ولی کے اوصاف و شرائط	۲۷۰

مطالب	صفحہ
اولیاء میں کسی سے علوم و معارف کے سلب کرنے کی طاقت ہو سکتی ہے	۲۶۹
اولیاء اللہ کی دو جماعتیں اہل ارشاد و اہل تکوین	۲۷۲
حصول کمال کے لئے شیخ مرشد کی ضرورت	۳۳۱
عقائد	
بلا سے گریز قضا سے گریز نہیں	۱۴
جبر کی دو قسمیں محمود اور مذموم	۲۳
دین حق ایک ہے شرائع مختلف ہیں	۳۰
کمالات محمدی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام تمام انبیاء و مرسلین کے کمالات کے جامع ہیں	۶۵
خداوند تعالیٰ کی کنہ کا ادراک محال ہے	۹۷
رویت باریتعالیٰ کے امکان کی بحث	۹۹
صدقہ اور دعا سے بریلا حتی کہ موت بھی ٹل سکتی ہے	۱۱۵
حضرت آدم ع کی تعلیم اسماء سے کیا مراد ہے	۱۲۷
غیر مسلم و بیدین فقرا سے ارادت رکھنا برا ہے	۱۲۹
حضرت آدم ع کی تعلیم اسماء سے تعلیم اسماء الٰہیہ مراد ہے	۱۳۱
ملائکہ کا حضرت آدم ع کو سجدہ کرنا اور اسکی تاویل	۱۳۲
انسان کی ابدی زندگی	۱۴۷
کیا درندوں کا ایقائے حیوانات داخل ظلم ہے؟	۱۵۵
بعض بنی آدم کی ارواح ملائکہ میں شامل ہو جاتی ہیں	۱۷۵
اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات پر بحث و تمحیص کرنا محل خطر ہے	۱۸۰
وسوسہ کس حد تک موجب مواخذہ ہے؟	۱۸۵
الہام کشف اور رویا کا حکم	۲۱۴
قرآن مجید کے فضائل	۲۲۶
سنت پیغمبر ع نجات کا واحد راستہ ہے	۲۲۸
قضائے آسمانی کی تشریح	۲۳۲
افعال عباد سے ملائکہ متاثر ہوتے ہیں	۲۳۹
کیا کسی کامل کو ارتکاب حرام اور ترک فرائض جائز ہے	۲۴۸
کرامت اور خرق عادت میں فرق	۲۴۹
ایک ناپاک و بیدین اور غیر طاہر آدمی سے بھی خرق عادت کا ظہور ہو سکتا ہے	۲۵۰

مطالب	صفحہ
کلام باری تعالیٰ	۲۸۵
اعمال عباد کا خالق اللہ ہے۔ اور کاسب بندہ	۲۶۷
روز قیامت میں اپنے اپنے اعمال سامنے آجائینگے	۲۷۳
ہر شخص کا حشر اس کے عملوں کے مناسب حال ہوگا	۲۷۳
حق اور خلق میں اثبات غیریت	۲۷۹
مشیت الٰہی کا مسئلہ	۳۳۰
ردّ مذاہب باطلہ	
معجزہ شق القمر کے منکرین کا رد	۷۵
بت پرستی حق سے دور کرتی ہے نہ کہ قریب	۹۰
شقوی کے شعر سے تناسخ پر غلط استدلال اور اس کا ابطال	۳۱۰
تراجم و سیر اور روایات	
ابوجہل شاعر و دشمن اسلام	۲
حضرت موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کا قصہ	۱۵
حضرت سلیمان کا حال	۳۰
حضرت سلیمان کی انگشتری	۵۵
نمرود کا حال	۱۰۳
ہامان کا حال	۱۱۳
اصحاب فیل کا حال	۱۵۷
حضرت نوح علیہ السلام کا حال	۱۸۷
فرہاد کوہکن کا حال	۲۰۷
ابوجہل کا ذکر	۲۱۴
حضرت ابراہیم ؑ اور نمرود کا حال	۲۵۳
حکیم سنائی رحمۃ اللہ علیہ	۲۹۳
سعد بن عبادہ رضؓ	۲۹۴
حضرت یحییٰ ؑ کا حال	۳۲۰
اخلاق	
اپنے لئے تعریفی کلمات انتخاب کرنا داخل تکبر ہے۔	۳۹
جنات و شیاطین سے محتاط رہنے کا شرعی حکم	۵۷
کتمان اسرار کی تاکید	۶۳
اخفاء اسرار کی غرض سے کلام میں توریہ و ایہام کا استعمال	۹۵

مطالب	صفحہ
اظہار کمال اور اخفائے کمال کی مصلحتیں	۱۲۱
خوفِ موت کا علاج	۱۴۷
اصلاح عادات کی ایک موثر و ماثور تدبیر	۱۶۱
فضول سوالات کرنے کی مذمت	۳۲
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تواضع	۱۲۹
شہرت طلبی کا وبال	۱۳۰
آفاتِ زبان	۱۳۳
مستور الحال فقیروں کو ایذا دینا خطرناک ہے	۲۶۱
زبان کی اعلیٰ شان اور اس کی آفات	۲۷۶
پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں قصیدہ قصائد کی مشروعیت اور اس میں حکمت	۳۲۷
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تواضع اور فروتنی	۳۲۸
اصول علوم دینیہ	
روایت بالمعنی	۶۲
قرآن کی تفسیر بالرای کرنے کا مسئلہ	۷۸
قرآن مجید کے عجائبات	۸۸
آیاتِ قرآنیہ کی تاویل کرنے کا مسئلہ	۶۹
حدیث الدنیا ساعۃ کی تنقید	۱۴۳
حدیث رجعنا من جہاد الاصغر کی تنقید	۱۷۸
نسخ آیات	۲۶۹
منطق و حکمت	
جنات کا وجود	۵۷
جنات انسان سے ڈرتے ہیں	۵۸
تجسم امثال	۱۰۳
انسان کے عناصر جسم	۱
دلیل لمّی و دلیل انّی	۵
تضایف۔ ضد۔ نقیض	۶
عقول عشرہ کا خیال باطل	۸
تشریحات و تحقیقات	
کتاب کلیلہ و دمنہ	

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین والعاقبۃ للمتقین والصلوٰۃ
والسلام علیٰ رسولہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین ط

آج اللہ جل شانہ وعم نوالہٗ کے فضل وکرم سے مفتاح العلوم کی دوسری جلد یعنی مثنوی مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ کے دفتر اول کے دوسرے ربع کی شرح یکمنی شروع کی جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس خاکسار کو اس حصے اور باقی حصص کے تمام وتکمیل کی توفیق عطا فرمائے اور جس طرح پہلی جلد اطراف ملک میں اور اہل علم کے ہر طبقے میں پسندیدگی کی نظر سے دیکھی گئی ہے۔ اور یہ محض اسی منعم حقیقی کا فضل وکرم تھا۔ اسی طرح اس حصے کو بھی شرف قبولیت حاصل ہو۔ صائب ؎

تو کز خوں شیر نوش از نیش دل ارغارے سازی — بچشم خلق شیریں سازی افسانہ را

جامی ؎

بیاد وی دلم را تازہ گرداں — زبورم را بلند آوازہ گرداں
عودے را کہ پر دردم بجانش — مبارک روے گرداں در جہانش
چنیں کز خواندنش فرخ شد رائے — ز شک افشاندنش خلخ شود جائے
سواد دیدہ را پُر نور دارد — دماغش مغز را معمور دارد
معانی را بدو دہ سر بلندی — سعادت را باو کن نقش بندی

آمین ثم آمین

آغاز شرح

مولانا رُوم قدس سرہٗ پیچھے فرما چکے ہیں۔ کہ ہوشیار! کوئی طبع ساز تم کو گمراہ نہ کردے۔ خبردار! ضعیف الاعتقادی تم کو (ہلاکت کے) کوئیں میں نہ گرادے۔

اب فرماتے ہیں۔ کہ کسی شیخ مزور کے مکر وفریب سے دھوکا کھا کر چاہ ضلالت میں گرنے کی مثال ویسی ہی ہے جیسے وہ نقل مشہور ہے۔ کہ ایک خونخوار شیر کو دھوکا دیکر کوئیں پر لے گیا۔ اور اس نے پانی میں اپنا عکس دیکھ کر خیال کیا کہ یہ میرا حریف ہے۔ جھٹ اسپر حملہ کرنے کے لئے کوئیں میں کود پڑا اور غرق ہوگیا۔ اور [illegible]۔ کہ یہ قصہ پوری طرح معلوم کرنا ہو۔ تو کلیلہ ودمنہ کی کتاب پڑھو۔

از کلیلہ باز جو آں قصّہ را واندراں قصّہ طلب کن حصّہ را

لغات کلیلہ سے کلیلہ دمنہ مراد ہے جو ایک کتاب کا نام ہے۔ ضرورت شعری کے لئے آدھا نام درج کرنا پڑا۔ یہ دونوں لفظ اصل میں دو گیدڑوں کے نام ہیں جن کا قصّہ اس کتاب میں درج ہے۔ اور اس فرضی قصّے کے ضمن میں اس اعلیٰ پایہ کی حکیمانہ پند و موعظت اور فلسفیانہ تعلیم اخلاق موجود ہے۔ جس نے اس کتاب کو عالم بھر میں مشہور کر دیا۔ اصل کتاب سنسکرت میں تصنیف ہوئی تھی۔ پھر پہلوی زبان میں اس کا ترجمہ ہوا۔ خلیفہ ہارون رشید کے زمانے میں پہلوی سے عربی زبان میں ترجمہ ہوئی۔ سنسکرت اور پہلوی کے نسخے آج ناپید ہیں۔ مگر عربی نسخے سے یونانی۔ اطالوی۔ جرمنی۔ انگریزی۔ ترکی۔ فرانسیسی وغیرہ زبانوں میں ترجمے ہو گئے۔ فارسی کی کتاب انوار سہیلی بھی اسی کے ایک فارسی ترجمے کی دوسری صورت ہے۔ قصّہ۔ کہانی۔ سرگذشت۔ افسانہ۔ داستان۔ مجازاً بحث جھگڑا۔ پہلے مصرعہ میں مجازی معنی مراد ہیں **ترکیب** پہلے مصرعہ میں قصہ کا مضاف الیہ ترویر پر ہلاک مرید مقدر ہے اور حصہ کا مضاف الیہ عبرت و نصیحت مقدر ہے۔

ترجمہ (کتاب) کلیلہ دمنہ سے اس (شیخ مزور کی مکاری اور مرید کی تباہی کی) بحث کو (شیر و خرگوش کی مثال کے ضمن میں) تلاش کرو اور اس قصے میں (عبرت و نصیحت کا) حصہ ڈھونڈو۔

در کلیلہ خواندہ باشی لیک آں قشر و افسانہ بود نے مغز آں

لغات قشر چھلکا۔ پوست۔ افسانہ کہانی۔ **ترکیب** خواندہ باشی کا مفعول بہ آں قصّہ مقدر ہے۔
صنائع قشر۔ استعارہ ہے۔ کلام بے نتیجہ سے
ترجمہ کتاب کلیلہ دمنہ میں تم نے (وہ قصّہ) پڑھا ہوگا۔ لیکن (وہاں) وہ (ایک بے نتیجہ بات ہونے کے لحاظ سے گویا) پوست (ہے) اور (محض ایک) کہانی ہے نہ کہ مغز (و نتیجہ) **الخلاف** یہ شعر اکثر نسخوں میں نہیں ہے۔

قصّۂ نخچیراں و بیان توکل و ترکِ جہد کردن

شکاروں کا قصّہ اور توکل اور ترک سعی کا بیان

طائفہ نخچیر در وادی خوش بود شاں با شیر دائم کشمکش

لغات جمد جیم پر فتحہ اور ضمہ دونوں درست ہیں۔ کوشش۔ محنت۔ نخچیر جیم فارسی کے ساتھ شکار کرنا۔ شکار گاہ۔ شکار کیا ہوا۔ وہ جنگلی جانور جن کا شکار کیا جاتا ہے۔ یعنی ہرن نیل گائے خرگوش وغیرہ جیم تازی کے ساتھ غلط ہے۔ وادی وہ نشیب زمین جس سے سیلاب کا پانی گزرتا ہو۔ دو پہاڑوں کے درمیان کی فضا۔ مطلقاً جنگل اور بیابان کے معنی میں بھی آتا ہے کشمکش امروخی کے دو فعلوں سے مرکب ہے۔ جیسے گو مگو۔ کش مکش۔ مراد کھینچا تانی بحث تکرار۔ لڑائی جھگڑا۔ چھیڑ چھاڑ۔
ترکیب شاں مجرور کا جار حرف را مقدر ہے۔ یعنی شانرا۔
ترجمہ شکاروں کی ایک جماعت (کسی) سرسبز و شاداب وادی میں (رہتی تھی اور ایک) شیر سے ان کی کشمکش چلی آتی تھی۔

بسکہ آں شیر از کمیں درے بود آں چرا بر جملہ ناخوش گشتہ بود

لغات ۔ بسکہ حرف شرط بمعنی چونکہ جس میں کثرت کے معنی بھی شامل ہیں ۔ کمیں گھات کی جگہ چرا بہ میم فارسی کے فتحہ سے بمعنی چریدن و چراگاہ ۔

ترجمہ چونکہ شیر (دبے پاؤں) گھات سے (ایک دو جانوروں کو) اٹھالے جاتا تھا (اس لئے) وہ چراگاہ سب (جانوروں) کے لئے ناگوار ہوگئی تھی ۔ صائب رح ؎

چوں کشاید زچمن خاطر ناشاد مرا ہست گلبن بہ نظر پنجۂ صیاد مرا

حیلہ کردند آمدند ایشاں بہ شیر کز وظیفہ ما ترا دادیم سیر

لغات حیلہ تدبیر چارہ مکر ۔ بہ بمعنی طرف یا نزد وظیفہ روزینہ راتب ۔ سیر اتنی روزی جس سے بھوک زائل ہوجائے ۔

ترکیب آمدند سے پہلے عاطف مقدر ہے ۔ دوسرا مصرعہ بیان ہے ۔ این مبین کار جو وایں گفتند جملہ مقدرہ میں ہے ۔

ترجمہ (جانوروں نے) ایک تدبیر کی (اور) وہ شیر کے پاس آئے (اور کہنے لگے) کہ ہم نے تجھے پیٹ بھر راتب دینا (منظور) کیا ۔

الخلاف بعض نسخوں میں دادیم رائے مہملہ کے ساتھ ہے ۔ مگر ہمارے نزدیک دادیم بدال مہملہ کی روایت اقوی ہے کیونکہ یہاں وہ جانور شیر سے عہد و اقرار کر رہے ہیں اور عقود و مواثیق کے لئے صیغہ ماضی زیادہ موزوں ہے ۔

جز وظیفہ در پئے صیدے میا تلخ بر ما تا نگردد ایں گیا

لغات ۔ تا برائے تعلیل گیا ۔ گھاس ۔ سبزہ ۔

ترجمہ (اس) راتب کے سوا (پھر) کسی شکار کے پیچھے نہ آنا تاکہ ہم پر یہ (چرنے چگنے کی) گھاس ناگوار نہ ہو ۔

حافظ رح ؎ سر منزل قناعت توان زدست دادن ہے سار باں فروکش کیں رہ کراں ندارد

جواب شیر نخچیراں را و بیان خاصیت جہد

شیر کا شکاروں کو جواب دینا اور کوشش کی خاصیت کا بیان

گفت آرے گر وفا بینم نہ مکر مکر ہا بس دیدہ ام از زید و بکر

لغات ۔ آرے اسم فعل بمعنی قبول کردم ۔ مجھے منظور ہے ۔ ایجاب کے لئے بمعنی بلے بھی آتا ہے ۔ زید و بکر سے عوام الناس مراد ہیں نہ کہ خاص اشخاص ۔ **ترکیب** گر وفا الخ شرط ۔ آرے بمعنا جملہ فعلیہ اس کی جزا ۔ دوسرا مصرعہ جملہ معترضہ یہ سب ملکر مقولہ ہوا گفت کا

ترجمہ ۔ شیر بولا مجھے منظور ہے ۔ بشرطیکہ میں (آپ لوگوں سے) وفا (کا سلوک) دیکھوں نہ مکر (کا) میں اپنے غیر لوگوں سے بہتیرے دھوکے کھا چکا ہوں ۔ حافظ رح ؎

پیر پیمانہ کش ما کہ روانش خوش باد
گفت پرہیز کن از صحبت یاراں شکناں

من ہلاک قول و فعل مردم — من گزیدہ زخم مار و کژدم

لغات - ہلاک تباہ برباد۔ گزیدہ ڈسا ہوا۔ اسم مفعول گزیدن بفتح کاف فارسی سے۔ مار سانپ کژدم۔ کژ اور دم دو لفظوں سے مرکب ہے یعنی ٹیڑھی دم والا۔ مراد بچھو عقرب۔ **صنائع** مار و کژدم استعارہ مصرحہ ہے موذی فتنہ گر اور شریر آدمیوں سے۔

ترجمہ میں لوگوں کی زبانی اور عملی دھوکہ بازیوں سے تباہ ہو چکا ہوں۔ میں سانپ اور بچھو سے ڈنگ کھا چکا ہوں (یعنی موذی لوگوں سے اذیت اٹھا چکا ہوں)

الخلاف - بعض نسخوں میں قول و فعل کی بجائے فعل و مکر درج ہے۔ مگر یہ بے جوڑ ترکیب ہے۔

نفس ہر دم از درونم در کمیں — از ہمہ مردم بتر در مکر و کیں

لغات - درون - دل - باطن - بتر مخفف ہے۔ بدتر کا۔ زیادہ برا

ترجمہ (غیروں سے تو کیا شکایت خود میرا) نفس میرے اندر تاک لگائے (بیٹھا) ہے۔ جو مکر اور کینے میں سارے لوگوں سے بدتر ہے۔

مطلب - یہاں سے مولانا نفس امارہ کے مکر و فریب کے بیان کی طرف انتقال فرماتے ہیں اور تمام مثنوی اس قسم کے انتقالات سے معمور ہے۔ یہی باتیں ہر قصے کی جان اور کلام کا مغز ہیں۔ جن کی بحث و تمحیص کی غرض سے یہ قصے بیان کئے گئے ہیں۔ ورنہ خالی افسانوں کہانیوں سے کیا مقصد تھا۔ عبرت گیر طبائع کا حصہ یہی نتیجہ اور سبق ہے جو ان قصوں سے حاصل ہوتا ہے۔ اور جس کی نسبت مولانا اوپر فرما آئے ہیں۔ کہ دانداں قصہ طلب کن حصہ را۔ فرماتے ہیں۔ کہ موذی و مفسد لوگوں کی شر کا جو کھٹکا ہے سو ہے۔ خود ہمارا مار آستیں یعنی نفس ان سے بھی زیادہ خطرناک ہے۔ جو ہمارے ہی باطن میں مخفی ہے۔ صائب رح

آنہا کہ زخم از سگ خاموش خوردہ اند — از نفس آرمیدہ حذر بیشتر کنند

شیطان نے جو ہمارے متعلق اپنی بدگمانی ظاہر کی تھی۔ ہمارا نفس عملاً اس کی تصدیق کرتا ہے۔ سعدی رح ؎

نہ ابلیس در حق ما طعنہ زد — بگفتار ناید جز افعال بد
فغاں از بدیہا کہ در نفس ماست — کہ ترسم شود دعوی ابلیس راست

لہذا دوسرے موذی و مفسد لوگوں کی نسبت اس باطنی موذی سے زیادہ ڈرنا چاہیئے۔ ؎

ہر کس از دست غیر نالہ کند — سعدی از دست خویشتن فریاد

گوش من لا یلدغ المؤمن شنید — قول پیغمبر بجان و دل گزید

لغات گزید فعل ماضی ہے۔ گزیدن بضم کاف فارسی اختیار کرنا سے۔

ترجمہ میرے کانوں نے حدیث لا یلدغ الخ سن لی ہے۔ (اور) اس قول نبوی کو دل و جان سے اختیار کر لیا ہے۔

مطلب عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ وَّاحِدٍ مَرَّتَیْنِ (یعنی حضرت ابوہریرۃ رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مومن آدمی ایک ہی سوراخ سے دو مرتبہ نہیں ڈسا جاتا (مشکوۃ) اس حدیث کا مورد ابو عزہ نام ایک کافر شاعر ہے۔ جو دین کا دشمن تھا۔ اسلام

پیغمبر اسلام کی ہجو کیا کرتا اور اپنے زور بیان سے کفار عرب کو اسلام کی عداوت پر اکساتا رہتا تھا۔ غزوہ بدر میں گرفتار ہو کر آیا۔ تو اس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے رحم کی درخواست کی۔ آپ نے یہ اقرار لے کر اُسے چھوڑ دیا۔ کہ پھر اسلام کی ہجو اور دشمنان اسلام کو فتنہ و فساد پر آمادہ نہیں کریگا۔ مگر وہ اپنے عہد و اقرار پر قائم نہ رہا۔ کما قیل ؎

زبد گو ہر نیاید ہیچگہ ترک بدی کردن — نگردد کند دندان از گزیدن مار واضعی را

غرض وہ پھر عداوت و بغض کا اظہار کرنے لگا۔ آخر غزوہ احد کے موقع پر دوبارہ پکڑا گیا۔ تو اس نے پھر رحم کے لئے التماس کی۔ آپ نے فرمایا۔ لا یلدغ المومن الخ جس کا مطلب یہ ہے کہ ایک ہوشیار و دینی غیرت رکھنے والے اور اسلام کے حامی مسلمان کی شان یہ ہے۔ کہ وہ ایسے غدار و سرکش دشمن اسلام کو بار بار معافی دیکر اس کے دھوکے میں نہ آئے۔ بلکہ اس کو اس کی غداری و بدعہدی کی مناسب سزا دے۔ اگرچہ اس حدیث کا مورد و محل خاص دینی معاملہ ہے۔ یعنی مسلمان آدمی دینی معاملے میں دوبارہ دھوکا نہ کھائے مگر حدیث کے الفاظ دینی و دنیوی معاملات دونوں کے لئے عام ہیں۔ اور اس لحاظ سے اس کو شیر کا مقولہ قرار دے سکتے ہیں۔ کہ وہ وحوش و دواب کے دھوکے میں آنا نہیں چاہتا تھا۔ حالانکہ ان کا معاملہ محض دنیوی تھا۔ لیکن اگر اس کو مہلنا کے مقولہ کا تتمہ قرار دیا جائے (کما اشار الیہ بحر العلوم) تو اس تکلف کی بھی ضرورت نہیں رہتی۔ پھر مطلب یہ ہوگا۔ کہ مومن آدمی بار بار نفس پر رحم نہیں کرتا اور اس کے دھوکے میں نہیں آتا۔ ؎

اژدہا میشود ایں مار ز مہلت صائب — رحم بر نفس نمودن ز مسلمانی نیست

باز ترجیح نہادن نخچیران توکل را بر جہد

شکاروں کا پھر توکل کو کوشش پر ترجیح دینا

جملہ گفتند اے امیر باخبر — اَلْحَذَرُ دَعْ لَیْسَ یُغْنِیْ عَنْ قَدَرْ

لغات ۔ الحذر ۔ پرہیز۔ بچاؤ۔ چوکسی چوکنا رہنا ۔ قدر تقدیر۔ قضائے الٰہی ۔ **ترکیب** دع کا مفعول ضمیر منصوب محذوف ہے۔ جو الحذر کی طرف راجع ہے ۔ یغنی کا فاعل ضمیر مستتر عائد یہ الحذر ہے

ترجمہ سب (جانوروں) نے کہا اے فرمانروائے دانا (اپنی) اس چوکسی کو چھوڑ دے ۔ وہ تقدیر کے آگے کچھ فائدہ نہیں دیتی (پس توکل اختیار کر)

مطلب یہاں سے شیر اور نخچیروں کا مناظرہ شروع ہوتا ہے ۔ شیر تدبیر و سعی کو افضل قرار دیتا ہے نخچیر توکل و تسلیم کو ترجیح دیتے ہیں ۔ اور دونوں فریقوں کے دعوی اور دلائل اپنے اپنے اعتبار سے درست ہیں۔ سعی و توکل کا اسی قسم کا ظاہر فریب تعارض یہودی وزیر کے متعارض طوماروں میں بھی تھا۔ جس کی تفصیل اس شرح کے پہلے حصے میں گزر چکی ہے ۔ اور وہاں رفع تعارض اور توجیہ مطابقت پر کافی بحث ہو چکی ہے۔ یہاں بھی حسب ضرورت اسپر کچھ روشنی ڈالی جائیگی۔ مذکورہ قول کا مدعا یہ ہے۔ کہ سعی نجات اور تدبیر سلامتی غیر نافع ہے ۔ مگر اس کا غیر نافع ہونا درجہ عموم و کلیت میں صحیح نہیں بلکہ خلاف بداہت ہے ۔ ہاں اگر سعی انسانی تقدیر الٰہی کے خلاف ہو۔ تو غیر نافع ہوتی ہے ؎

جامی مکن اندیشہ کہ تغییر نیابد — در حکم ازل ہر چہ مقرر شدہ باشد

لیکن یہ بھی ممکن ہے ۔ کہ انسان جو تدبیر کرے وہ تقدیر الٰہی کے موافق ہو۔ پھر اسکے مفید ہونے میں کیا کلام ہے۔ فافہم ؎

گرچہ دانم کہ بجائے نبرد راہ غریب — من بہ بوئے خوش آں زلف پریشاں بروم

اور یہ کس کو معلوم ہے کہ جو سعی وہ کر رہا ہے وہ تدبیر الٰہی کے موافق نہیں۔ لہٰذا بہر حال سعی و تدبیر شرط ہے۔ سعدیؒ ؎

کہ گفتند بجیحوں در انداز تن — بخواہد دہم دست و پائے بزن

قاسمی رح ؎ بکوشش گرفتند شاہاں خراج — زمار نیاورد کس تخت و تاج

اگر سر فرازست وگر زیر دست — بہمت بجائے رسد ہر کہ ہست

الخلاف بعض نسخوں میں جد گفتند اے حکیم بافیر" ہے۔ شیر کو ایسے کہنے سے خطاب کرنا بایں معنی زیادہ موزون ہے۔ کہ وہ ایسے سباع اور سلطان الوحوش مانا جاتا ہے۔ مگر چونکہ وہ اس بحث میں توکل و تسلیم کی صوفیانہ تعلیم کے مقابلہ میں سعی و تدبیر کے نکما پہلو کا طرفدار ہے۔ لہٰذا اس کے لئے حکیم کا لقب بھی سزا وار نہیں ؛

در حذر شوریدن شور و شر ست — رہ توکل کن توکل بہتر ست

لغات شوریدن برانگیختہ ہونا۔ کسی فتنہ کا اٹھ کھڑا ہونا۔ شور غل غپاڑا۔ شریرائی۔ **صنائع** شوریدن۔ شور۔ شر میں جناس ناقص ہے۔

ترجمہ بچاؤ کی کوشش میں شور و شر پیدا ہوتا ہے۔ چاؤ توکل کرو۔ توکل بہتر ہے۔

مطلب حذر و احتیاط کے موجب شور و شر ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جو لوگ سعی نجات اور تدبیر سلامتی کو موثر مستقل سمجھتے ہیں۔ جیسے کہ حکمائے طبیعین اور منکرین تقدیر کا مسلک ہے۔ وہ کفر و زندقہ کے ساتھ متہم ہیں۔ کیونکہ یہ عقیدہ شرعاً حرام و باطل ہے اور اہل حق کا مذہب یہ ہے۔ کہ سعی و تدبیر کی تاثیر غیر مستقل ہے۔ تو جب سعی و تدبیر کا معاملہ فریقین میں بحث و تکرار اور شور و شر کا موجب ہے۔ تو اس سے کنارہ کشی ہی بہتر ہے۔ یا یہ مطلب ہے کہ اس بچاؤ اور احتیاط میں لوگوں سے بدگمانی بیہودگی بے مروتی۔ ترک رفاقت کرنی پڑتی ہے۔ جس سے باہم شکوک و شکایت اور شور و شر پیدا ہوتا ہے۔ اس لئے توکل اچھا ہے۔ کہ نہ اس میں احتیاط و تدبیر سے کسی پر فساد عقائد کا طعن وارد ہوتا ہے۔ اور نہ کسی کو ایک محتاط کی طرف سے اس کی بدگمانی وغیرہ کا شکوہ اور شکایت ہوگی۔ سعدی رح ؎

آنانکہ بگنج عافیت بنشستند — دندان سگ و دہان مردم بستند

کاغذ بدریدند و قلم بشکستند — وز دست و زبان عنگیراں رستند

یہاں جو ترک سعی کی تعلیم دی گئی ہے۔ وہ اسی حد تک درست ہے جبکہ وہ سعی کسی ناجائز فتنہ و فساد کی موجب ہو یا فساد عقیدہ پر مشتمل ہو۔ یا کسی معصیت کے لئے کی جائے۔ یا کسی ایسے دنیاوی امر مباح کے لئے کی جائے۔ جس کے اسباب دین کے لئے مضر ہوں۔ لیکن جو سعی کسی دینی امر واجب یا مستحب کے لئے کی جائے۔ مثلاً امر بالمعروف و نہی عن المنکر وغیرہ یا کسی ایسے دنیوی امر کے لئے کی جائے۔ جو ضروری ہو۔ اور اس کے اسباب پر مقصد کا ترتب بھی یقینی ہو مثلاً جائز نوکری یا کسی مباح پیشے سے اپنا اور عیال کا پیٹ پالنے کی سعی۔ تو ایسی سعی نیک اور مشروع ہے۔ اور اس کا ترک محمود نہیں۔ نہ اس کا ترک کرنا توکل مشروع کو مستلزم ہے۔ جامی رح ؎

ہر چند فلک گرم عداوت گردد — دور ے نرسد کہ رنج راحت گردد

رو قطرہ چہ شد از عرق سعی بریز — شاید عسرت بدل بہ عشرت گردد

سعی و توکل کے مناسب موقع

با قضا پنجہ مزن اے تند و تیز تا نگیرد ہم قضا با تو ستیز

لغات - پنجہ زدن - کنایہ ہے مقابلہ کرنے سے - ستیز جنگ و جدل - ترکیب - تند و تیز صفات ہیں جن کا موصوف شیر یا جانور مقدر ہے -

ترجمہ اے تند و تیز (شیر) قضا کا مقابلہ نہ کر - مبادا قضا تجھ سے جنگ کرنے پر آمادہ ہو جائے -

مطلب - قضاء الٰہی کا مقابلہ بے معنی اور باطل ہے - صائب رح ؎

با حکم ایزدی چہ بود گیر و دار خلق خاشاک را بآب رواں اختیار نیست

بحث و تکرار میں عموماً حق و انصاف ملحوظ نہیں رکھا جاتا اور اکثر حریف کے صحیح قول کو الزاماً غلط معنی پر محمول کیا جاتا ہے - یہاں بھی یہی حال ہے - کہ شیر کے دعوٰے سعی و تدبیر کو مقابلہ قضا کے دعوٰی پر حمل کیا ہے حالانکہ وہ قضا کے مقابلہ کا مدعی نہیں - بلکہ صرف سعی و تدبیر کا قائل ہے - اور یہ کوئی قضا کا مقابلہ نہیں - ورنہ اعداء کی مدافعت کرنا - سردی گرمی سے بچنا اور امراض کا علاج کرنا بھی قضائے الٰہی کا مقابلہ ہوتا - حالانکہ یہ امور مسلم بلکہ مستحسن ہیں - اور قضا کا مقابلہ کرنے کا ارادہ باطل اور ایسا عقیدہ رکھنا حرام ہے -

مُردہ باید بود پیش حُکمِ حق تا نیاید زحمت از ربّ الفلق

لغات مردہ بودن کنایہ ہے سر تسلیم خم کرنے سے - زحمت - صدمہ مار پیٹ - مراد عذاب - ربّ الفلق - نور صبح کا پیدا کرنیوالا -

ترجمہ خدا کے حکم کے آگے (دم نہ مارنا چاہیئے - بلکہ) مردہ بن جانا چاہیئے - کہ مبادا (نافرمانی کی پاداش میں) خدائے صبح آفرین کی طرف سے عذاب نازل ہو جائے -

مطلب - یہ مضمون فی نفسہ اس لحاظ سے صحیح ہے - کہ یہ اطاعت بدرجۂ اتم کی تعلیم پر مشتمل ہے اور وہ حزم و احتیاط اور حذر و احتراز کے منافی نہیں ہے - لیکن یہاں اس کا ایراد اس انداز سے ہوا ہے - کہ گویا وہ اس سے منافی ہے - اور یہ فریق مناظر کا محض مغالطہ ہے - جس کی تنقیح خود فریق ثانی کے جواب میں موجود ہے -

باز ترجیح نہادن شیر جہد را بر توکّل و تسلیم

شیر کا پھر کوشش کو توکل و تسلیم پر ترجیح دینا

گفت آرے گر توکّل رہبر ست ایں سبب ہم سُنّتِ پیغمبر ست

ترجمہ (شیر نے) کہا ہاں اگر توکل (نیک) راہ دکھاتا ہو - تو یہ (اختیار) سبب بھی پیغمبر کی سنت ہے -

مطلب پہلے فریق نے جو کہا تھا - کہ توکل کرو اور سعی و کسب کو چھوڑ دو - تو یہ اس کا جواب ہے - کہ بیشک توکل اچھا ہو مگر اختیار سبب یعنی سعی کو کیوں چھوڑا جائے - یہ کوئی اس سے منافی تو نہیں - بلکہ مسنون ہے - بہتر یہ ہے - کہ توکل بھی ہو اور سعی بھی ہو - صرف توکل کے بہانہ پر ہاتھ پاؤں توڑ کر بیٹھ رہنا دین و دانش کے خلاف ہے - صائب رح ؎

بدوش توکل منہ بارِ خود را ولی نعمتِ خویش کن کارخود را

اب سعے مع التوکل کے مسنون ہونے کی نقلی دلیل پیش کی جاتی ہے۔

گفت پیغمبر باآوازِ بلند برتوکل زانوئے اشتر ببند

لغات آواز بلند کی قید یا تو زائد بضرورت شعری ہے۔ یا اس سے کلام بوضاحت اور بلا خفا مراد ہے۔ یا یہ لفظ محمول بحقیقت ہے۔ یعنی آپ نے بطور وعظ علی الاعلان بلند آواز سے یہ بات فرمائی تاکہ سب سنیں اور عمل کریں

ترجمہ (چنانچہ) جناب پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے باآواز بلند (یا بوضاحت) فرمایا ہے۔ کہ توکل کے ساتھ اونٹ کے گھٹنے بھی باندھ دو۔

مطلب۔ صورت واقعہ یہ ہے کہ ایک اعرابی جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور اس نے اپنے اونٹ کو مسجد کے دروازہ میں بٹھا دیا اور کہا تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ۔ یعنی میں اسکی حفاظت کیلئے خدا پر توکل کرتا ہوں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو فرمایا۔ اِعْقِلْہَا وَ تَوَکَّلْ۔ یعنی توکل کے ساتھ اس کا ٹانو بھی باندھ دو۔ جس سے مقصد یہ ہے۔ کہ اسکی حفاظت کے لئے اسباب ظاہری کو بھی کام میں لاؤ۔ اور توکل بھی کرو۔ اسباب ظاہری توکل کے خلاف نہیں ہیں۔ بلکہ صحیح توکل یہ ہے۔ کہ استعمال اسباب کے ساتھ حافظ حقیقی اللہ تعالیٰ کو سمجھے۔ اور یقین رکھے۔ کہ اسباب ظاہری مؤثر بالذات نہیں ہیں۔ صائب رح ؎

چو موج بیخطر از بحر میرسد بکنار بدست ہر کہ عنانِ توکلے دارد

رمزِ اَلْکَاسِبُ حَبِیْبُ اللّٰہِ شنو از توکل در سبب کاہل مشو

لغات کاسب کسب کرنیوالا۔ تجارت یا صنعت وحرفت وغیرہ سے روزی کمانیوالا۔ حبیب اللہ کا پیارا۔ از تعلیلیہ ہے

ترجمہ الکاسب حبیب اللہ (یعنی کسب کرنیوالا اللہ کا محبوب ہے) کا نکتہ (ہم سے) سنو (اور) توکل کی وجہ سے (اختیار) سبب میں سستی نہ کرو۔

مطلب۔ الکاسب حبیب اللہ حدیث نہیں ہے۔ بلکہ ایک مشہور قول ہے۔ نکتہ اس میں یہ ہے۔ کہ کاسب سے مراد وہ شخص ہے۔ جسمیں سعی اور اختیار سبب کے ساتھ توکل بھی پایا جائے۔ یعنی وہ اپنے کسب وسعی پر مغرور اور اسکو مؤثر مستقل ماننے والا نہو۔ ورنہ وہ حبیب اللہ کیونکر ہو سکتا ہے۔ بلکہ اللہ کا دشمن ہے۔ اور اسکے حبیب اللہ ہونے کی وجہ یہ ہے۔ کہ وہ اللہ تعالیٰ کے قائم کئے ہوئے اسباب اور اس کے بنائے ہوئے وجوہ مکاسب کا تارک نہیں ہے۔ بلکہ اس کی حکمت کے مقتضا پر چلنے والا ہے۔

سعی وکسب کے منافی توکل نہ ہونے پر قرآن مجید اور حدیث شریف دونوں ناطق ہیں۔ کیونکہ ان میں جہاں توکل کے ایک اعلیٰ فضیلت اور مایہ سعادت ہونے کی روشن دلائل موجود ہیں۔ وہاں سعی وتدبیر اکسب رزق اور اختیار اسباب کی اباحت بلکہ تاکید بھی پائی جاتی ہے۔ چنانچہ اللہ فرماتا ہے۔ لَیْسَ عَلَیْکُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّکُمْ۔ یعنی تم پر گناہ نہیں کہ اپنے پروردگار سے مال حلال کی خواہش کرو۔ اور فرمایا۔ فَانْتَشِرُوْا فِی الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ۔ تم زمین میں پھیل جاؤ۔ اور اللہ کا فضل چاہو یعنی روزی کماؤ۔

عبداللہؓ سے روایت ہے۔ کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ طَلَبُ کَسْبِ الْحَلَالِ فَرِیْضَۃٌ بَعْدَ

الکاسب حبیب اللہ کا مضمون حدیث میں

سعی وتدبیر کا حکم قرآن اور حدیث میں

اَلْفَرِیْضَۃِ یعنی حلال روزی کے لئے سعی کرنا فرائض عبادات کے بعد فرض ہے (مشکوٰۃ)

مقداد ابن معدیکرب رضہ سے روایت ہے۔ کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مَا اَکَلَ اَحَدٌ طَعَامًا قَطُّ خَیْرًا مِّنْ اَنْ یَّاْکُلَ مِنْ عَمَلِ یَدَیْہِ وَاَنَّ نَبِیَّ اللّٰہِ دَاوٗدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ کَانَ یَاْکُلُ مِنْ عَمَلِ یَدَیْہِ۔ یعنی کسی نے کبھی بھی کوئی کھانا اس سے بہتر نہیں کھایا۔ کہ اپنے ہاتھوں کی محنت سے کمائے اور یہ کہ اللہ کے نبی حضرت داؤد ع اپنے ہاتھوں کی محنت سے کھاتے تھے۔ (مشکوٰۃ)

دوسرے مصرعہ کا مطلب یہ ہے کہ کہیں توکل کے زعم میں اختیار اسباب سے غافل و کاہل نہ ہو جانا۔ جو حکمت الٰہیہ کی خلاف ورزی اور ایک طرح سے خود کشی ہے۔ صائب رح ؎

بے تردد دامن روزی نمے آید بدست　　میکند باکاہلاں ایں نکتہ تلقیں آسیا

شیخ سعدی رح فرماتے ہیں۔ کہ کسی شخص نے ایک بیدست و پا لومڑی دیکھی۔ حیران تھا۔ کہ کہاں سے کھاتی ہوگی۔ اتنے میں ایک شیر نے شکار مارا۔ حسب ضرورت اس میں سے کچھ کھایا اور چلا گیا۔ باقی ماندہ لومڑی کے کام آیا۔ اسی طرح کئی روز اس کی خوراک کی کوئی صورت نکل آئی۔ اس شخص کے دل میں یہ بات جاگزیں ہوگئی۔ کہ سعی و کوشش فضول ہے۔ لومڑی کی طرح سب کو خداوند تعالےٰ بلا طلب روزی دیتا ہے۔ یہ سوچ کر وہ دست غیب کے بھروسے پر گوشہ نشین ہو گیا۔ جب دو تین روز فاقے گذر گئے اور کسی طرف سے روزی نہ ملی۔ تو ہاتف غیب نے کہا ؎

برو شیر درندہ باش اے دغل　　مپندار خود را چو روباہ شل

چناں سعی کن کز تو ماند چو شیر　　چو روبہ چہ باشی بوا ماندہ سیر

چو شیراں کرا گردن فربہ است　　گرافتد چو روبہ سگ ازوے بہ است

امام غزالی رح کیمیائے سعادت میں فرماتے ہیں "توکل در اسباب ترک آن گفتن نبود۔ بلکہ آں بود۔ کہ اعتماد دل بر فضل خدا تعالےٰ بود۔ نہ بر آں۔ پس اگر کسے در خانے نشیند۔ کہ رہگذر ہیچ خلق آنجا نبود۔ و آنجا گیاہ ہم نبود۔ و گوید کہ من توکل مے کنم۔ ایں حرام بود او خود را ہلاک کردہ باشد۔ و سنۃ اللہ را ندانستہ"۔

در توکل کسب و جہد اولیٰ ترست　　تا حبیب حق شوی ایں بہ ترست

ترجمہ توکل میں کسب اور کوشش بہتر ہے۔ تاکہ تم اللہ تعالےٰ کے پیارے بنجاؤ یہ بہت اچھی بات ہے۔

مطلب بیشک توکل اختیار کرو۔ یہ ایک اعلیٰ روحانی فضیلت ہے۔ مگر ساتھ ہی اسباب رزق و وسائل معیشت سے بھی دست بردار نہ ہونا۔ جیسے اوپر امام غزالی رح کے قول میں گزر چکا اور کتنی اچھی بات ہے۔ کہ کسب کی بدولت تم اللہ کے حبیب بن جاؤ۔

الخلاف۔ یہ شعر مثنوی کے بعض نسخوں میں نہیں ہے۔

رو توکل کن تو با کسب اے عمو　　جہد میکن کسب میکن مو بمو

لغات۔ عمو عین کی زبر اور میم کے پیش سے چچا۔ مراد بزرگ اس میں واؤ زائد ہے۔ مو بمو

سراسر۔ بخوبی ۔ اچھی طرح پوری پوری۔

ترجمہ بڑے میاں! جاؤ کسب کے ساتھ توکل کرو۔ کوشش کرو۔ (اور) پوری پوری کمائی کرو۔

صائبؒ ؎ عرق سعی محال است کہ گوہر نشود — میرسد ذرہ بخورشید بلند آخر کار

سعدیؒ ؎ توقع مدار اے پسر گر کسی — کہ بے سعی ہرگز بجائے رسی

جہد کن جدے نماتا وارہی — گر نوازد جہدش بمانی ابلہی

لغات جدّ جیم کے زیر سے۔ کوشش۔ دستی۔ وارہی میں وا بمعنی جدا و علیحدہ عموماً افعال کے ساتھ متصل آتا ہے۔ جیسے واماند۔ وارفت۔ رہی فعل مضارع رہیدن خلاص شدن ہے۔

ترجمہ کوشش کرو۔ تن دہی کر دکھاؤ تاکہ (تم مشکلات معیشت سے) نجات پاؤ۔ اور اگر اس (حکیم مطلق اور قادر برحق) کے (مقرر کئے ہوئے) جد و جہد سے (قاصر) رہ گئے تو تم احمق ہو۔

مطلب ۔ اس شعر میں اشارہ ہے اس امر کا۔ کہ اسباب معیشت اور وجوہ مکاسب اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت و قدرت سے مقرر کئے ہیں۔ اور ان کو اختیار کرنا عین سنت اللہ پر عمل ہے۔ ان اسباب کو ترک کرنا سنت اللہ سے جاہل و بیخبر رہنا ہے۔ جو سراسر حماقت و بلاہت ہے۔ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ احیاء العلوم میں فرماتے ہیں۔ کہ ایک زاہد کسی کسی ایسی غار میں متوکل ہو کر بیٹھ گیا۔ جہاں نہ گھاس نہ دانہ پانی۔ ایک ہفتہ بھوک کاٹنے کے بعد جب بہت تنگ آ گیا۔ تو دعا کی۔ کہ الٰہی تو نے جو رزق میرے مقسوم میں لکھ دیا ہے۔ وہ مجھے کیوں نہیں ملتا۔ یا تو مجھے میرا رزق دے۔ ورنہ میری جان قبض کر لے۔ تو استعالیٰ کی طرف سے یہ حکم آیا۔ اَرَدْتَ اَنْ تُذْهِبَ حِكْمَتِيْ بِرُهْدِكَ فِي الدُّنْيَا وَمَا عَلِمْتَ اَنِّيْ اَتْرُكُ اَرْزُقَ عَبْدِيْ بِاَيْدِيْ عِبَادِيْ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَرْزُقَهٗ بِيَدِ قُدْرَتِيْ ۔ کیا تم چاہتے ہو۔ کہ اپنے ترک دنیا سے ہماری حکمت کو تہ و بالا کر دو۔ اور کیا تم جانتے نہیں۔ کہ میں اپنے دست قدرت سے اپنے بندہ کو رزق دینے سے اپنے بندوں کے ہاتھوں سے دلانا زیادہ محبوب ہے۔ امام ممدوح آگے چلکر فرماتے ہیں۔ اَلتَّبَاعُدُ عَنِ الْاَسْبَابِ كُلِّهَا مُدَاهَنَةٌ لِلْحِكْمَةِ وَجَهْلٌ بِسُنَّةِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْعَمَلُ بِمُوْجِبِ سُنَّةِ اللّٰهِ تَعَالٰى مَعَ الْاِتِّكَالِ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ دُوْنَ الْاَسْبَابِ لَا يُنَاقِضُ التَّوَكُّلَ ۔ یعنی تمام اسباب سے کنارہ کش ہو جانا حکمت الٰہیہ کے ساتھ مقابلہ کرنا اور سنت اللہ کو کچھ نہ سمجھنا ہے۔ اور سنۃ اللہ کے مقتضا پر عمل کرنا جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ بھی ہو۔ اسباب پر بھروسہ نہ ہو توکل کے مناقض نہیں۔

لیکن ساتھ ہی یہ خیال بھی رکھنا چاہیئے کہ جد و جہد بھی من کل الوجوہ مستحسن نہیں۔ بلکہ اگر کوئی معصیت مقصود ہو۔ تو ظاہر ہے کہ اس کے لئے سعی و جہد بھی معصیت ہے۔ علیٰ ہذا اگر مقصد مباح ہو۔ مگر اس کے حاصل کرنے کے ذرائع معصیت ہوں۔ تو اس کے لئے سعی کرنا بھی معصیت ہے۔ اور اگر ذرائع مباح ہیں۔ اور مقصد بھی مباح اور بلحاظ حاجت ضروری ہو۔ لیکن ان ذرائع پر مقصود کا ترتب غیر یقینی ہو تو اس کے لئے سعی ضعفا و اقویا سب کے لئے جائز ہے۔ مگر اقویا کے لئے ترک افضل ہے۔ نظامی گنجوی رح ؎

بشاخے چہ باید در آویختن
کہ نتواں ازو میوۂ ریختن

مگر مقصد دنیاوی مباح مگر غیر ضروری ہو۔ اور اس کے ذرائع بھی جائز ہوں۔ تو اس کا بھی ترک افضل ہے نظامی

جد و جہد من کل الوجوہ مستحسن نہیں

چو در دانہ باشد تمنائے سود کبوتر در آید بکشت و درود
غلہ چوں بود کاسد زکم بہا کند بزرگر کار کردن رہا

باز ترجیح نخچیراں توکل را از جہد و کسب

شکاروں کا پھر سعی و کسب پر توکل کو ترجیح دینا

قوم گفتندش کہ کسب از ضعف خلق لقمۂ تزویر داں بر قدر حلق

لغات خلق مخلوق۔ تزویر مکر و فریب۔ بناوٹ بر بمعنی با اور ایک احتمال بعید سے بمعنی فوق۔
ترکیب ضعف کا مضاف الیہ یعنی ایمان یا اعتقاد مقدر ہے۔
ترجمہ جماعت نے کہا کہ (سعی و) کسب (کا رواج) جو مخلوق کے ضعیف (اعتقاد) کے سبب سے ہے۔ اسے فریب کا لقمہ سمجھو۔ جو بقدر حلق (یعنی حسب استعداد) ہوتا ہے۔
مطلب یہ کسب و سعی کی تردید ہو۔ یعنی کسب کوئی فطری و ضروری امر نہیں۔ بلکہ اسکا رواج یوں پڑا ہو کہ لوگ روحانی کمزوری کے سبب سے توکل کے متحمل نہیں ہوتے تھے۔ تو قدرت نے ان کی سدِ رمق کے لئے روزی کے اکتساب کا حیلہ نکالا ہے۔ جو ان کی استعداد کے موافق ہو۔ چنانچہ علف خوار کیلئے علف گوشت خوار کیلئے گوشت حاصل کرنے کے سامان مہیا کر دیئے ہیں۔ جسطرح ایک مریض تلخ دوا نہیں پیتا۔ تو دوا کو اس کے کام و دہاں کیلئے خوشگوار بنانے کے لئے اسمیں قند ملا دی جاتی ہے۔ اور یہ اسکو دوا پلانے کیلئے ایک تزویر ہے۔ اگر "بر قدر حلق" میں بر بمعنی فوق درست ہو۔ تو پھر معنی صاف اور بلا تکلف ہیں یعنی کسب و سعی تو محض مکر و فریب ہے جو سد رمق سے زیادہ اور قدر حاجت سے فضول روزی کمانے کیلئے کیا جاتا ہے۔ حالانکہ توکل کی بدولت بقدر حاجت ضرور مل رہتا ہے۔ نظامی رح ؎

بدریا برآں کس کہ جاں میکند ہم آنکس کہ در کوہ کاں میکند
کس از روزی خویش در نگذرد باندازۂ خویش روزی خورد

پس بدانکہ کسبہا از ضعف خلقت در توکل تکیہ بر غیرے خطاست

لغات تکیہ بھروسہ۔ آسرا۔ خطا غلطی پیدا ہوا۔
ترجمہ پس یاد رکھو کہ کمانے (کھانے) کے ڈھنگ ضعف اعتقاد سے پیدا ہوئے ہیں۔ (ورنہ) توکل میں غیر (خدا) پر بھروسہ کرنا غلطی ہے۔ غنی کاشمیری رح ؎

چشم مدد ز کس نبود چوں صدف مرا فیضے مگر ز عالم بالا رسد بمن

نیست کسبے از توکل خوب تر چیست از تسلیم خود محبوب تر

لغات تسلیم خدا کے حکم پر سر جھکانا۔ اپنے آپ کو خدا کے سپرد کر دینا۔ محبوب پیارا۔ پسندیدہ۔

ترجمہ توکل سے بہتر رزق کا ذریعہ کوئی نہیں۔ بھلا خدا کے حکم کے آگے گردن جھکانے سے پسندیدہ بات اور کونسی ہے؟

مطلب توکل تمام ذرائع رزق سے افضل ہے۔ غنی رح ؎

در بیابان توکل توشۂ درکار نیست ۔۔۔ زاد ایں رہ دانۂ دل بس بود ہمچوں جرس

اور تسلیم شیریں و خوشگوار ہے۔ صائب رح ؎

مے تواں کرد بہ تسلیم شکر حنظل را ۔۔۔ نتواں تلخ نشستن کہ شکر نیست مرا

بس گریزند از بلا سوئے بلا ۔۔۔ بس جہند از مار سوئے اژدہا

ترجمہ بہتیرے (غیر متوکل) لوگ (ایک) بلا سے بھاگتے ہیں (تو دوسری اُس سے بڑی) بلا کی طرف جا نکلتے ہیں۔ (اسی طرح) بہتیرے لوگ سانپ سے بھڑکتے ہیں (تو) اژدہے کیطرف جا پہنچتے ہیں۔

رحیلہ کرد انسان وحیلہ اش دام بود ۔۔۔ آنکہ جاں پنداشت خوں آشام بود

لغات حیلہ تدبیر۔ چارہ۔ دام۔ جال۔ خوں آشام۔ لہو پی جانیوالا خونخوار۔ مراد ہلاک کرنیوالا۔

ترجمہ انسان نے (اپنی سمجھ کے موافق) ایک تدبیر کی۔ اور اس کی تدبیر (فی الحقیقت) جال تھی۔ جس چیز کو وہ (اپنی) جان سمجھتا تھا۔ وہ (اس کو) ہلاک کرنیوالی تھی۔

مطلب انسان سعی و تدبیر کرتا ہو اور تقدیر اسکے سب کئے کرائے پر پانی پھیر دیتی ہے۔ حافظ رح ؎

گفتم کہ خطا کردم و تدبیر نہ ایں بود ۔۔۔ گفتا چہ تواں کرد کہ تقدیر چنیں بود

صائب رح ۔۔۔ رستم از سیلی تقدیر بخاک افتادہ است ۔۔۔ تا کجا تکیہ بسر پنجۂ تدبیر کنی

غنی رح ۔۔۔ در دلدار وا کردم رقیبم شد دو چار آنجا ۔۔۔ زدم نقبے بروں آمد بجائے گنج مار آنجا

نظامی رح ۔۔۔ بس لگد کہ تو گل کنی شمارش ۔۔۔ بینی بگزندِ خویش خارش

بر وفق چنیں خلاف کاری ۔۔۔ تسلیم بہ از ستیزہ کاری

ان دونوں شعروں میں اس بات کی تعلیم ہے۔ کہ تدبیر سے تقدیر نہیں ٹل سکتی۔ اور قضا سے بچنے کے لئے کوئی تدبیر کرنا خود قضا کی طرف چلنا ہے۔ صائب رح ؎

نیک چوں در نگری رو بقضا مے سازند ۔۔۔ سادہ لوحاں کہ گریزاں ز قضا مے باشند

مگر اس تعلیم کا یہ منشا نہ ہونا چاہیے۔ کہ انسان اسباب و ذرائع سے بالکل دستکش ہو جائے۔ بلا سر پر آجائے مگر توکل و تسلیم کے زعم میں اسکے دفع کی کوشش نہ کرے اور جان دیدے۔ حالانکہ مہالک سے پرہیز۔ خطرات سے بچاؤ۔ دشمن کی مدافعت اور بلا سے گریز تقاضائے عقل ہے۔ اور یہ کوئی قضا سے گریز نہیں۔ نہ توکل و تسلیم کے خلاف ہے۔ مولانا جامیؒ نے ایک غزل میں اس مسئلے پر نہایت پر لطف لفظوں میں روشنی ڈالی ہے۔ فرماتے ہیں۔ اگر کوئی محتاط آدمی جو قضا پر ایمان رکھتا ہے۔ کسی بلا سے بچنا چاہتا ہے۔ تو جاہل لوگ اس کو طعنہ دیتے ہیں۔ کہ وہ قضا سے بھاگتا ہے۔ حالانکہ قضا سے نہ کوئی بھاگتا ہے۔ نہ بھاگ سکتا ہے۔ اور اچھے اچھے بزرگانِ دین نے دشمن کے ضرر سے بچنے کے لئے اپنے دوست حقیقی خداوند تعالیٰ کی پناہ میں آنا اختیار کیا ہے۔ کیوں جی!

بلا سے گریز قضا سے گریز نہیں

اگر ایک سبب سے دوسرے سبب کی طرف ملتجی ہونا روا نہیں - تو خود حضور علیہ الصلوٰۃ و السّلام مکہ شریف سے مدینہ طیبہ کی طرف کیوں تشریف لے گئے ؟ ؎

درماندۂ بحکمِ قضا از بلا گریخت — زد طعنہ جاہلے کہ فلاں از قضا گریخت
چوں از قضا گریز تواند کسے کہ بود — دستِ قضا عناں کشِ او ہر کجا گریخت
بس اہل معرفت کہ ز بیگانہ آشنا — احساس کرد و در کنفِ آشنا گریخت
گر نیست از سبب بہ سبب التجا روا — خیر البشر ز مکہ بہ یثرب چرا گریخت
اسباب چوں مظاہر فعلِ مسبب اند — ہر کس گریخت ہم ز خدا در خدا گریخت

آخری شعر کا مطلب یہ ہے۔ کہ جسطرح بلا و مصیبت خدا کی بنائی ہوئی ہے۔ اسیطرح اس سے بچنے کے اسباب بھی خدا ہی کے قائم کردہ ہیں - پس ایک بلا سے بچنے کیلئے اسبابِ نجات سے کام لینا اگر خدا سے گریز فرض کرلیا جائے۔ تو وہ خدا ہی کیطرف گریز ہے - اسکی تائید یہ روایت کرتی ہے - کہ ایک موقع پر امیر المؤمنین حضرت عمرؓ نے فوج کو ایک طاعون زدہ مقام سے کوچ کرنے کا حکم دیا۔ تو حضرت ابوعبیدہؓ نے سختی سے اعتراض کیا۔ اَفِرَارٌ مِّنْ قَضَاءِ اللّٰہِ (کیا یہ خدا کی تقدیر سے گریز ہے) تو آپ نے جواباً فرمایا۔ نَعَمْ اَفِرُّ مِنْ قَضَاءِ اللّٰہِ اِلٰی قَضَاءِ اللّٰہِ یعنی ہاں میں قضا الٰہی سے قضا ہی کی طرف گریز کرتا ہوں - اس جواب کا مطلب یہ ہے کہ ہمارا یہاں سے کوچ کرنا بھی قضاء الٰہی پر موقوف ہے۔ ہم اللہ پر متوکل ہوکر کوچ کر رہے ہیں اور یہ روانگی ایک طرح سے اللہ ہی کے حکم کی تعمیل ہے - قضا سے گریز نہیں - بلکہ قضا کی طرف قصد ہے۔

دَرْ بہ بستَ و دشمن اندر خانہ بُود — حیلۂ فرعون زیں افسانہ بُود

ترجمہ (قضا سے گریز کرنیوالے نے دشمن سے بچنے کے لئے) دروازہ بند کر لیا - اور (تماشا یہ کہ) دشمن گھر ہی میں (موجود) تھا۔ فرعون کا حیلہ (بھی) اسی بات (کی قبیل) سے تھا۔

صد ہزاراں طفل کُشت آں کینہ کش — وانکہ اُو مے جُست اندر خانہ اش

ترکیب مے جست کا فاعل ضمیر او ہے اور ضمیر مفعول بہ محذوف ہے - یہ جملہ فعلیہ ہوکر صلہ ہوا - آنکہ اسم موصول کا - موصول وصلہ ملکر مبتدا ہوا - اندر خانہ اش موجود بود اس کی خبر۔

ترجمہ اس کینہ ور نے (بنی اسرائیل کے) لاکھوں بچے مروا ڈالے - اور جس کو (قتل کرنے کے لئے) تلاش کرتا تھا - وہ (خود) اس کے گھر میں (موجود تھا)

مطلب - ان دو شعروں میں حضرت موسیٰ ؑ کے قصے کی طرف اشارہ ہے - جس کا مختصر ذکر شرح ہذا کے پہلے حصّے میں گزر چکا ہے - تفصیل یہ ہے -

ملکت مصر میں ایک ظالم بادشاہ حکمران تھا - جس کا نام ولید بن مصعب اور لقب فرعون تھا - وہ خدائی کا مدعی تھا - اور لوگوں کو اپنی پرستش پر مجبور کرتا تھا - ایک رات اس نے خواب دیکھا - کہ ملک شام سے ایک آگ پیدا ہوئی - اور اس نے اہل مصر کی تمام عمارتوں اور قلعوں کو گھیر لیا - چونکہ بنی اسرائیل کی قوم کا اصلی وطن ملک شام تھا - اور وہ حضرت یوسف کے زمانے سے مصر میں آباد تھی - اس قیاس سے کاہنوں نے یہ تعبیر کی۔

حضرت موسیٰ ؑ اور فرعون کا قصہ

کہ بنی اسرائیل میں ایک شخص ایسا پیدا ہوگا۔ جو تجھکو اور تمہارے مذہب کو تباہ کردیگا چونکہ بنی اسرائیل نے فرعون کی پرستش اور اسکے مذہب کا اتباع منظور نہیں کیا تھا۔ اس لئے یہ قوم پہلے ہی مدت سے مورد عتاب تھی۔ ادنیٰ ادنیٰ خدمات اور بیگار کے کام اسکے سپرد تھے اور قلمروے مصر میں نہایت ذلت و حقارت کی زندگی بسر کرتی تھی۔ اس خواب اور اسکی تعبیر سے اس قوم پر اور نئی مصیبت کا پہاڑ ٹوٹ پڑا۔ فرعون نے حکم دیا کہ بنی اسرائیل کا جو لڑکا پیدا ہو۔ فوراً قتل کیا جائے۔ تاکہ وہ انقلاب انگیز شخص بھی جو آیندہ پیدا ہونیوالا ہو پیدا ہوتے ہی قتل ہوجائے۔ اہل تواریخ لکھتے ہیں۔ کہ اس حکم سے تھوڑی ہی مدت میں بنی اسرائیل کے بارہ ہزار لڑکے قتل ہوگئے۔ مگر چونکہ حضرت موسیٰؑ کا زندہ رہکر اصلاح خلق پر مامور ہونا مقدر ہوچکا تھا۔ اسلئے جب وہ پیدا ہوئے۔ تو ان کی ماں کے دل میں خداوند تعالیٰ کی طرف سے ایک تدبیر القا ہوئی۔ جس کے مطابق اس نے اپنے بچے کو ایک صندوق میں بند کرکے نہر میں بہادیا۔ یہ نہر فرعون کے محل کے پاس سے گزرتی تھی۔ کنیزوں نے صندوق کو دیکھ کر نکال لیا۔ اور فرعون کی بیوی آسیہ کے پاس جاکر کھولا تو بچہ نکلا۔ آسیہ کے کوئی اولاد نہ تھی۔ اس بچے پر ان کے دل میں اس قدر شفقت اور محبت پیدا ہوئی۔ کہ اس کو اپنا بیٹا بناکر پرورش کرنا شروع کیا۔ فرعون بھی اسپر رضامند ہوگیا۔ اور جس ستمگار نے دشمن سے بچنے کے لئے بارہ ہزار معصوم و بیگناہ بچے قتل کرادئے۔ اسکو کچھ خبر نہ تھی۔ کہ وہ دشمن میرے ہی گھر میں پرورش پارہا ہے۔ اور میری ہی گود میں کھیل رہا ہے غرض کہ تقدیر الٰہی کا مقابلہ فضول ہے۔ دراصل مقابلہ کرنیوالا خود اپنی ہاتھوں مقتضائے تقدیر کو پورا کرتا ہے۔ نظامی ؎

چو با کوہ گیراں ندارند زور — بپائے خود آیند گوراں بگور
گہ تیر خوردن عقاب دلیر — بہ پر خود آید ز بالا بزیر

دیدۂ ما چوں بسے علت دروست — رو فنا کن دیدِ خود در دیدِ دوست

لغات ۔ دیدہ ۔ آنکھ ۔ بصیرت ۔ دید ۔ صوابدید ۔ فکر و تدبیر ۔ علت کسر ۔ خرابی ۔ نقص ۔

ترکیب دیدۂ ما مرکب اضافی مبتدا اور بسے علت دروست خبر ملکر شرط ہوئی ۔ دوسرا مصرعہ جزا ۔

ترجمہ چونکہ ہماری چشم بصیرت میں (کوتاہ بینی و ظاہر پرستی وغیرہ کی) بہت سی خرابیاں ہیں۔ (پس) جاؤ ۔ اپنے غور و فکر کو محبوب (حقیقی) کے صوابدید کے تابع بنادو ۔

مطلب ۔ ہماری صوابدید ناقص اور محتمل خطا ہے ۔ چنانچہ اوپر بیان ہوچکا ہے ۔ کہ بسا اوقات ہم حصول نفع کے لئے تدبیر کرتے ہیں ۔ مگر اُلٹا ہم کو نقصان پہنچتا ہے ۔ اس لئے ہم کو اس قادر مطلق کی صوابدید پر بھروسہ کرنا لازم ہے اور اپنے سب کام اس کے سپرد کردینے چاہئیں ۔ اور یہی توکل و تسلیم ہے ۔ ؎

کارِ خود گر بخدا باز گذاری حافظ — اے بسا عیش کہ با بخت خدا داد کنی

دیدِ ما را دیدِ او نعم العوض — ہست اندر دیدِ او کلی غرض

لغات ۔ نعم العوض ۔ اچھا معاوضہ ۔ کلی پوری ۔ جامع ۔ مکمل ۔

ترجمہ (کیونکہ) اس کی صوابدید ہماری صوابدید کا بہترین عوض ہے ۔ اس کی صوابدید میں (ہمارے) تمام مقاصد (تکمیل پاسکتے) ہیں ۔

مطلب ۔ یعنی اگر اپنے اغراض و مقاصد کیلئے سعی ترک کردینگے ۔ تو خود خداوند تعالیٰ ہماری کارسازی کرے گا ۔

کما قیل ؎ کارِ خویش را بخداوندِ کارساز — بسپردہ ایم تا کرمِ او چہا کند

صائب رح ؎ از فراموشی بفکرِ کارِ خود افتادہ‌ٔ — ورنہ در روزِ ازل سامانِ کارت دادہ اند

طفلِ تا گیرد و تا پویا نبود — مرکبش جز گردنِ بابا نبود

لغات گیرا پکڑنے والا - پویا دوڑنے والا - ان دونوں لفظوں میں الف فاعلیت کے لئے ہے جیسے - دانا اور شناسا میں - مرکب سواری - گھوڑا - بابا باپ -

ترجمہ (اس کی مثال یہ کہ) بچہ جب تک (اپنے ہاتھ سے کسی چیز کا سہارا) پکڑنے والا اور (اپنے پاؤں سے) دوڑنے والا نہیں ہوا - وہ اپنے باوا ہی کی گردن پر چڑھا چڑھا پھرتا رہا -

مطلب طفلِ شیر خوار چونکہ قوائے وجوارح سے کام نہیں لیتا اور کسب وسعی اختیار نہیں کرتا - اسلئے اسکے رزق و روزی اور آرام و راحت کے سامان خود بخود موجود ہو جاتے ہیں - صائب رح ؎

طفل را ہر سر انگشت بود پستانے — روزی بیخبراں دست و دہاں مے باشد

چوں فضولی کرد و دست و پا نمود — در عنا افتاد و در کور و کبود

لغات فضولی - فضول کام - غیر ضروری کام - بیہودگی - عنا عین کے فتح سے سختی - مشقت - کور اندھا - بے بصر - کبود سیاہ - تاریک -

ترجمہ (پھر) جب اس نے فضولی کی اور ہاتھ پاؤں نکالے - تو مشقت میں پڑ گیا - اور اندھا دھند کاموں اور سیہ کاریوں میں مبتلا ہو گیا -

مطلب متوکل آدمی کی مثال شیر خوار بچہ کی سی ہے - جس کے خورد نوش اور لباس و پوشش اور دیگر سامان راحت کے دوسرے لوگ کفیل ہیں - اسیطرح متوکل کا کفیل خود اللہ تعالیٰ ہے - سعدی ؎

نگارندۂ کودک اندر شکم — نویسندۂ عمر و روزی ست ہم

اور غیر متوکل کی مثال اس شخص کی سی ہے - جو بالغ و عاقل ہے - اور اپنی ضروریات کی کفالت کا بار خود اس کی اپنی گردن پر ہے - صائب رح ؎

تا لب نانے بدست آرم چہ خونہا میخورم — دست کو تنہا تنور رزق چاہ ویران ست

جانہائے خلق پیش از دست و پا — مے پریدند از وفا سوئے صفا

لغات وفا پورا اور کامل ہونا صفا عالم غیب - جو مادہ و مقدار کے تعلق سے پاک اور صاف ہے - آخر پہلے مصرعہ میں ظرفیت کے لئے دوسرے مصرعہ میں - بیت کے لئے ہے - دست و پا کنایہ ہے تعلق اجسام سے -

ترجمہ مخلوق کی روحیں تعلق اجسام سے پہلے کمال (تجرد) کے سبب سے عالم غیب میں پرواز کرتی پھرتی تھیں -

مطلب - یعنی ارواح عالم ناسوت میں آنے سے پہلے عالم غیب میں عروج روحانی کرتی پھرتی تھیں جس سے

حق تعالیٰ کی معرفت و محبت مراد ہے۔ اس سے بیدست و پائی کی تائید مطلوب ہے۔ اگرچہ توکل کی بیدست و پائی جو یہاں اصل مقصود ہے۔ ایک امر اختیاری ہے۔ اور عالمِ غیب میں ارواح کی بیدست و پائی اضطراری ہے۔ لیکن سلب اختیار و ترکِ تدبیر دونوں میں مشترک ہے۔ اس لئے ایک کے قیاس سے دوسرے کی تائید ہو سکتی ہے۔ اور عالمِ غیب وہی عالم ہے۔ جس کو آغاز مثنوی میں نیستاں سے تعبیر کرکے روح کے اس سے جدا ہونے کا رونا بیان کیا ہے۔

چوں بامرِ اِهْبِطُوْا بندی شدند حبسِ خشم و حرص و خورسندی شدند

لغات - اِهْبِطُوْا اتر جاؤ نیچے چلے جاؤ۔ صیغۂ امر ہے۔ ہبوط سے۔ حبس بمعنی محبوس بمعنی مفعول کی قبیل سے ہے۔

ترجمہ جب (ارواح) اہبطوا کے حکم سے (قیدِ جسم میں) مقید ہوئیں۔ تو غضب و حرص و فرح (وغیرہ صفات بشریہ) میں گرفتار ہوگئیں۔

مطلب - جب حضرت آدم ؑ سے گیہوں کا دانہ کھانے کی غلطی سرزد ہوئی۔ تو حضرت آدم و حوا علیہما السلام کو اور ساتھ ہی ابلیس کو حکم ہوا اِهْبِطُوْا مِنْهَا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ۔ اس مقام سے نیچے اتر جاؤ۔ تم ایک دوسرے کے دشمن ہو" وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ إِلَىٰ حِينٍ - اور تمہارے لئے زمین میں ٹھکانا اور ایک وقت خاص تک سامان زندگی ہے" اور ان کو یہ ہبوط کا حکم تعلق اجسام کے بعد ہوا تھا۔ پس یہاں شعر مذکور میں جو اِهْبِطُوْا کا ذکر ہے۔ اس سے وہ اہبطوا مراد نہیں۔ جو حضرت آدم ؑ کو کہا گیا تھا۔ بلکہ اس سے وَنَفَخْتُ فِيهِ مِنْ رُوحِي (میں نے اس میں اپنی روح ڈال دی) کا مضمون مقصود ہے اور اس کی تعبیر ہبوط یعنی تنزل و افتادگی کے لفظ سے اس لئے کی کہ روح کا عالم قدس سے اتر کر عالم ناسوت میں قیدِ جسم کے ساتھ تختہ بند ہو جانا ایک تنزل کی حالت ہے۔ حافظ ؒ ؎

چگونہ طوف کنم در سرائے عالم قدس چو در سراچہ ترکیب تختہ بند تنم

صائب ؒ ؎ حالِ جانِ پاک را در قیدِ تن داند کہ چیست ہر کہ ماہِ مصر را در چاہ زنداں دیدہ است

نتیجہ یہ کہ بیدست و پائی کی حالت جو روح کو عالم قدس میں میسر تھی۔ کس قدر عروج و ترقی کی حالت تھی۔ لہذا اب باختیارِ خود بیدست و پا یعنی قیدِ جسمانیات سے مجرد و آزاد ہو جانا چاہیئے۔ صائب ؒ ؎

کنوں کہ قوت بازوے رستمی داری بزار از چہ بابل روان روشن را

اوپر جو بچے کی تمثیل دی تھی۔ اب اس کو منطبق کرتے ہیں۔

ما عیالِ حضرتیم و شیر خواہ گفت اَلْخَلْقُ عِيَالُ لِلّٰهِ

لغات - عیال بال بچے۔ وہ لوگ جو کسی کی سرپرستی میں ہوں۔ کنیہ حضرت باری شیر خواہ ترکیب گفت کا فاعل ضمیر مستتر ہے۔ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف راجع ہے۔

ترجمہ ہم حضرت (باری تعالیٰ) کے عیال اور شیر خوار ہیں (چنانچہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے) فرمایا ہے۔ کہ الخلق عیال اللہ یعنی مخلوق اللہ کا عیال ہے

مطلب ۔حضرت انس اور عبداللہ رضؓ سے روایت ہے ۔ کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ۔ ۔ کہ اَلْخَلْقُ عِیَالُ اللّٰہِ فَاَحَبُّ الْخَلْقِ اِلَی اللّٰہِ مَنْ اَحْسَنَ اِلٰی عِیَالِہٖ (مشکوۃ) یعنی مخلوق اللہ کا کنبہ ہے ۔پس مخلوق میں سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ شخص سب سے زیادہ محبوب ہے جو اسکے عیال کے ساتھ نیک سلوک کرے ۔ قال العالی المرحوم ؎

یہ پہلا سبق تھا کتاب ہدیٰ کا — کہ ہے ساری مخلوق کنبہ خدا کا
وہی دوست ہے خالق دوسرا کا — خلائق سے ہے جس کا رشتہ ولا کا

یہی ہے عبادت یہی دین و ایماں
کہ کام آئے دنیا میں انساں کے انساں

مقصود اس مقام پر یہ ہے ۔ کہ جب مخلوق اللہ کا کنبہ ہے ۔ تو کیا وہ اُس کی پرورش نہیں کریگا ؟ کیوں نہیں ۔ کما قیل ؎

اعتماد رزق بر رازق مرا امروز نیست — تختۂ مشقِ توکل بود در گہوارہ ام

آنکہ اُو از آسماں باراں دہد — ہم تواند کو بر حمت ناں دہد

ترجمہ وہ (حضرت باری) جو آسماں سے بارش عطا کرتا ہے ۔ (اور وہ اُس کی طرف سے زمین سے رزق پیدا کرنے کا سامان ہے) اسکو یہ بھی قدرت ہے کہ ہم کو (اپنے) کرم سے (بلاسعے) روٹی دے ۔

مطلب ۔ اللہ تعالیٰ کو ہر طرح قدرت ہے ۔ کہ باوسیلہ و بلا وسیلہ جس طرح چاہے ۔ روزی دے ۔ جو قادر برحق بارش برسانے اور کھیتی اگانے کی قدرت رکھتا ہے ۔ اور بندے کو اس نے عقل و تمیز فہم و فراست صحت و تندرستی اور عیش و راحت کے سامان دیے ہیں ۔ کیا اُسے ایک روٹی دینے کی قدرت نہیں ۔ اور وہ ایک اتنے عطیے کے لئے بندے کو بھلا دیگا ؟ سعدی رح ؎

فراموشت نکرد ایزد دراں حال — کہ بودی نطفۂ مدفون و مدہوش
روانت داد و طبع و عقل و ادراک — جمال و نطق و رائے و فکرت و ہوش
دو انگشتت مرتب کرد بر کف — دو بازویت مرتب ساخت بر دوش
کنوں پنداری اے ناچیز ہمت — کہ خواہد کردنت روزی فراموش

مگر خداوند تعالیٰ کی قدرت تامہ کے اعتقاد اور اس پر کامل توکل کرنے کا یہ منشا نہ ہونا چاہیے ۔ کہ ہم سعی و کسب نہ کریں ۔ کیونکہ یہ خیال درست نہیں ۔ کما ہو مبرہن مزاراً ۔

حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ احیاء العلوم میں فرماتے ہیں ۔ وقد یظن انہ یعنی التوکل ترک الکسب بالبدن وترک التدبیر بالقلب والسقوط علی الارض کالخرقۃ الملقاۃ او کاللحم علی الوضم وھذا ظن الجہال فان ذالک حرام ۔ یعنی بعض لوگوں کا خیال ہے ۔ کہ توکل کا معنی یہ ہے ۔ کہ ہاتھوں سے کمانا اور دل سے تدبیر سوچنا ترک کر دیا جائے ۔ اور زمین پر اس طرح بیکار و بیحس پڑے رہیں ۔ جس طرح کپڑے کا چیتھڑا گرا دیا ہو یا قسائی کے تختے پر گوشت کا لوتھڑا پڑا ہو ۔ اور یہ جاہلوں کا خیال ہے ۔ جو حرام ہے ۔

دیگر بار بیان کردن شیر ترجیح جھد بر توکل

شیر کا بار دیگر توکل پر سعی کی ترجیح بیان کرنا

گفت شیر آرے ولے ربُّ العباد نردبانے پیش پائے ما نہاد

لغات۔ آرے ہاں۔ بیشک۔ صحیح ہے۔ حرف ایجاب ہے۔ لیکن۔ مگر۔ حرف استدراک ہے۔ ربّ العباد بندوں کا پروردگار۔ نردباں سیڑھی۔ زینہ۔

ترجمہ شیر نے جواب دیا۔ ہاں (بیشک آپ کا کہنا بجا ہے۔ کہ کارساز اللہ تعالیٰ ہے) مگر پروردگار عالم نے (مقاصد و مطالب تک پہنچنے کے لئے) ہمارے پاؤں کے سامنے (اسباب و ذرائع کا) ایک زینہ رکھ دیا ہے۔

پایہ پایہ رفت باید سوئے بام ہست جبری بودن اینجا طمع خام

لغات پایہ پایہ درجہ بدرجہ۔ بتدریج۔ بام محل۔ کوٹھا۔ بالا خانہ۔ جبری مجبور۔

ترجمہ (خود اپنے پاؤں سے) بتدریج بالا خانے پر چڑھنا چاہیئے۔ یہاں مجبور محض بن بیٹھنا (کہ اللہ میاں چڑھائے تو چڑھینگے) خام خیالی ہے۔

مطلب پایہ پایہ رفتن کنایہ ہے اختیار اسباب سے اور بام سے مراد مقصد و مطلب ہے۔ یعنی تم کو اپنے نصب العین اور مطمح نظر پر فائز ہونے کے لئے اسباب کو اختیار کرنا اور وسائل سے کام لینا چاہیئے۔ صائب رح ؎

چوں دامن وصال بکوشش گرفتہ اند چندانکہ ممکن ست نکوشند کے چرا

پائے داری چوں کنی خود را تو لنگ دست داری چوں کنی پنہاں تو چنگ

لغات لنگ لنگڑا۔ چنگ پنجہ۔ ہاتھ۔ گرفت کا ہاتھ ترکیب۔ دوسرے مصرعہ میں کنی کا مفعول ثانی اول چنگ ہے۔ جس کی علامت مفعولی "را" محذوف ہے۔ اور پنہاں مفعول بہ ثانی۔

ترجمہ (جب تیرے پاؤں موجود ہیں۔ تو (راہ سعی میں) اپنے آپ کو لنگڑا کیوں بناتا ہے (جب) تیرے ہاتھ ہیں۔ تو (محنت و مشقت سے) اپنا پنجہ کیوں چھپاتا ہے۔ سعدی رح ؎

برو شیر درندہ باش اے دغل مپندار خود را چو روباہ شکل

خواجہ چوں بیلے بدست بندہ داد بے زباں معلوم شد اورا مراد

لغات خواجہ مالک۔ آقا۔ بندہ نوکر۔ خادم۔ بیل بیلچہ۔ پھاوڑا۔ بیزبان کچھ کہے بغیر۔ بدلالت حال۔

ترجمہ مالک نے جب نوکر کے ہاتھ میں ایک بیلچہ دیدیا۔ تو کچھ کہے بغیر ہی اس کا دلی مطلب معلوم ہوگیا

مطلب مالک جب نوکر کو بیلچہ دیتا ہے۔ تو اس کو یہ کہنے کی ضرورت نہیں۔ کہ جاؤ اس کے ساتھ فلاں کام کرو۔ بلکہ نوکر خود ہی سمجھ جاتا ہے۔ اور فوراً باغ یا کھیت کے کام میں جا مصروف ہوتا ہے۔ یہی مثال انسان

کی ہے۔ کہ اس کے اعضا خود ایک قدرتی اشارہ ہیں۔ اس امر کا کہ آدمی ہاتھ پاؤں سے محنت و مشقت کرے۔ آگے خود اس مثال کو مثل ۱۲ پر منطبق کیا ہے۔

دست ہمچوں بیل اشارتہائے اوست آخر اندیشی عبارتہائے اوست

لغات آخر اندیشی مآل اندیشی۔ فکر انجام۔ عبارت بیان۔ وہ تقریری یا تحریری الفاظ جو دل کا خیال ظاہر کرنے کے لئے استعمال کئے جائیں۔ مگر یہاں اس کے معنی مراد و مطلب کے زیادہ چسپاں ہوتے ہیں۔

ترکیب پہلے مصرعہ میں اوست کی ضمیر کا مرجع اللہ تعالیٰ اور دوسرے مصرعہ کے اوست کی ضمیر کا مرجع دست ہے

ترجمہ ہاتھ (بھی) بیلچہ کی طرح اس کی طرف سے (محنت اور کام کرنے کے) اشارے ہیں۔ اور اپنے انجام کی فکر کرنا (اور سعی و کوشش میں مصروف ہونا) اس سے مراد ہے۔

مطلب عبارت کا کلمہ مصدر ہے۔ جسکے معنی ہیں بیان کردن و تعبیر کردن سخن۔ اور عموماً اس سے مابعبّر بہ مراد لیا جاتا ہے۔ یعنی وہ الفاظ جس سے خاص معنی مراد ہوں۔ مگر یہاں اس سے مابعبّر مراد ہے۔ یعنی وہ معنی جسکے ادا کرنے کیلئے الفاظ بولے جائیں۔ اس لحاظ سے شعر کا مطلب یہ ہے۔ اللہ نے جو ہاتھ عطا فرمائے ہیں۔ تو ان سے یہ مقصد ہے کہ انسان اپنے انجام کو سوچ کر جو مفلسی و فاقہ کی صورت میں ہوگا۔ کاروبار میں لگ جائے۔ گویا دست و قوت لفظ ہے تو مآل اندیشی و عاقبت بینی اسکے معنی ہیں۔ ایک شارح نے یہاں عبارت سے مابعبّر بہ کے متعارف معنی لیکر پورے مصرعہ کا یوں ترجمہ کیا ہے۔ (اللہ تعالیٰ نے جو انسان میں) مآل اندیشی کی قوت (رکھی ہے۔ جو تو اسے باطنی سے ہے یہ) ایسی ہے جیسے اس نے صریح عبارت سے فرمادیا ہو (کہ نفع و نقصان کو سوچو یہی سب کسب و تدبیر ہے)۔ مگر اسپر یہ سوال وارد ہوتا ہے۔ کہ فریق ثانی کے توکل فرعوم کا معنی ہی یہی ہے۔ کہ مآل کا فکر نہ کیا جائے۔ جب ان میں مآل اندیشی ہی مسلوب ہے۔ وہ کسب و سعی کیطرف رہنمائی کیونکر کریگی؟

چوں اشارتہاش را بر جاں نہی در وفائے آں اشارت جاں دہی

لغات بر جاں نہی دل پر نقش کرلو۔ جان و دل سے قبول کرو۔ وفا پورا کرنا حسب اقتضا عمل کرنا

ترکیب یہ شعر شرط ہے۔ اگلا شعر اس کی جزا۔

ترجمہ جب تم اس کے (ان) اشارات کو (کہ دست و پا کے عطیے سے کسب و عمل کرنا مراد ہے) دل پر نقش کرلوگے (اور) مرتے دم تک (کسب و عمل سے) ان اشاروں کو پورا کرتے رہوگے۔ تو:-

پس اشارتہاش اسرارت دہد بار بردارد ز تو کارت دہد

ترجمہ تو وہ اشارے تم کو اسرار (و علوم) بخشیں گے۔ تم سے بار (مشقت) رفع کردینگے (اور) تم کو (بڑا) کام دینگے۔

مطلب اعمال و اشغال اور ریاضت و مجاہدہ سے کشف و شہود حاصل ہوتا ہے۔ یہی مراد ہے۔ اس سے کہ اشارات پر عمل کرنے سے علوم و اسرار حاصل ہونگے۔ صائب رح ؎

از ریاضت دل اگر آئینہ پرداز شود چوں صدف مخزن چندیں گہر راز شود

حاملی محمولی گرداندترا قابلی مقبولی گرداندترا

لغات حامل بار بردار محمول اٹھایا ہوا۔ لدا ہوا۔ بوجھ۔ سواری پر بیٹھنے والا۔ قابل قبول کرنیوالا
ترکیب۔ حاملی اور قابلی میں یائے خطاب بمعنی ہستی ہے۔ یعنی تو حامل ہستی۔
ترجمہ (اب تو) تم (ان اعمال کا بار) اٹھانیوالے ہو۔ پھر وہ (قادر مطلق) تم کو (ان اعمال پر) سوار کریگا۔ اب تو تم (احکام کو) قبول کرنے والے ہو۔ پھر وہ تم کو (اپنا) مقبول بنالیگا۔
مطلب محمول ہونے سے یا تو مجازاً دنیا کا عروج مراد ہے۔ جو عروج روحانی کا باعث ہو جائے۔ یا حقیقۃً آخرت میں اعمال پر سوار ہونا مقصود ہے جیسے کہ اس مطلب کی حدیثیں مروی ہیں۔ جنکا مفہوم یہ ہے کہ جب مومن کی روح جسم سے نکل جاتی ہے۔ تو اس کے اعمال نیک اچھی صورت میں نمودار ہوکر اس کے پاس حاضر ہوتے ہیں اور کہتے ہیں۔ اے خوش نصیب آدمی آج تک تو دنیا میں تھا۔ تو ہم تجھ پر سوار تھے۔ آج تیری باری ہے۔ تو ہم پر سوار ہو۔ پھر وہ پری پیکر اس کو کندھوں پر اٹھا کر بہشت کی طرف لے اُڑتا ہے۔ صائب رح ؎

بر شکستِ نفسِ جسم ازاں مے لرزی کہ سزاوارِ چمن بال و پرے نیست ترا

قابلِ امرِ وَیی قابل شوی وصل جوئی بعد ازاں واصل شوی

ترکیب قابلِ امرِ وی اصل میں قابل امرِ وے ہستی ہے ضمیر خطاب مبتدا قابلِ امرِ وے مرکب اضافی خبر۔
ترجمہ (اب) تم اس کے حکم کو قبول کرتے ہو۔ پھر (اس کی درگاہ کے) قابل ہو جاؤ گے (آج) وصل کے طالب ہو۔ پھر واصل ہو جاؤ گے۔
مطلب کسب و عمل اور سعی و محنت سے جو درجہ چاہتے ہو حاصل کر سکتے ہو۔ اور جوارح و قوٰے کے تعطل میں یہ دولت کہاں نصیب ہو سکتی ہے۔ ؎

گروہے فراواں طمع ظن برند کہ گندم نیفشاندہ خرمن برند
برآں خورد سعدی کہ بیخے نشاند کسے برد خرمن کہ تخمے فشاند

سعیٔ شکرِ نعمت قدرت بود جبرِ تو انکارِ آں نعمت بود

لغات قدرت اختیار۔ قادر ہونا۔ جبر مجبور ہونا۔ بے بسی۔ بے اختیاری۔
ترجمہ (حصول مقاصد کیلئے) کوشش کرنا۔ قدرت (و اختیار) کی (خداداد) نعمت کا شکر ہے۔ تیرا اپنے آپ کو مجبور (محض اور مسلوب الاختیار) سمجھ لینا اس نعمت کا انکار (اور ناشکری) ہے۔
مطلب۔ اپنی خداداد قوت سے کام لینے والا شاکر نعمت اور قابل عزت ہے۔ اور اپنی قوتوں کو معطل رکھنے والا کافر نعمت اور مستوجب ملامت ہے۔ امیر خسرو ؎

مرد کہ شیلے نبود گاہ صید زو سگِ بازار بمقدار بہ

شکرِ نعمت نعمتت افزوں کند کفرِ نعمت از کفت بیروں کند

صنائع ۔ یہ شعر مرصع ہے ۔ اور ایک آیت کے مضمون کی طرف تلمیح بھی ہے ۔
ترجمہ نعمت کا شکر تیری نعمت کو زیادہ کریگا ۔ ناشکری تجھ سے (تیری پہلی نعمت بھی) چھین لیگی ۔
مطلب اللہ فرماتا ہے ۔ وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ۔ یاد کرو وہ وقت جب تمہارے پروردگار نے جتا دیا تھا ۔ کہ اگر ہمارا شکر کروگے ۔ تو ہم تم کو اور زیادہ نعمتیں دینگے اور اگر تم نے ناشکری کی تو میرا عذاب سخت ہے (سورہ ابراہیم ۶) یہ شعر اسی آیت کے مضمون پر مشتمل ہے

جبر تو خفتن بود در رہ مخسپ تا نہ بینی آں در و درگہ مخسپ

لغات ۔ مخسپ صیغہ نہی ہے خسپیدن ۔ یعنی خفتن سونا ہے ۔ آں در و درگہ میں آں اسم اشارہ بعید بغرض تعظیم اور درگہ سے مراد خداوند تعالیٰ کی درگاہ ۔ معرفت حق ۔ مشاہدہ حق ۔
ترجمہ تیرا جبر (کا قائل ہونا گویا دنیا کے راستے میں بیدست و پا ہوکر) سو رہنا ہے ۔ (پس) راہ میں نہ سو ۔ جبتک کہ اس (محبوب حقیقی کی) در و درگاہ کو نہ دیکھ لے نہ سو ۔
مطلب جبر یعنی عام یعنی مطلق سلب اختیار کی دو قسمیں ہیں ۔ ایک یہ خیال کہ بندہ کو بالکل کسی قسم کا کم و بیش اختیار دیا ہی نہیں گیا ۔ یہ فرقہ جبریہ کا اعتقاد فاسد ہے ۔ اس کا بطلان کتاب و سنت سے ثابت ہے ۔ اور نقص اعمال ۔ ترک فرائض ، فواحش و معاصی پر بیباکی اور اپنی بیگناہی و عدم مؤاخذہ کا اعتقاد اس کے نتائج ہیں ۔ یہ جبر مذموم ہے ۔ دوسرا جبر وہ ہے ۔ جو اختیار خداوند کے مشاہدہ میں مغلوب و محو ہونے سے پیدا ہوتا ہے ۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے اختیارات کاملہ اور تصرفات عامہ کو دیکھ کر انسان اپنے آپ کو بے بس پائے ۔ اگرچہ اس کے ساتھ اپنے اختیار کا بھی اس کو علم ہے ۔ جو قدرت نے اس کو دیا ہے ۔ مگر اس مختار مطلق کے آگے اپنے اختیارات کو بالکل معدوم نہیں ۔ تو کالعدم سمجھے ۔ صائبؒ ؎

دیگرے دارد عنانت را چو طفل نوسواؔ گرچہ در ظاہر عنانِ اختیارت دادہ اند

یہ جبر محمود کہلاتا ہے ۔ جو عارفوں کا مذاق ہے ۔ اور کتاب و سنت اس کے خلاف نہیں ہیں ۔ گویا جبر مذموم وہ ہے ۔ جس کا قائل واصل الی الحق نہیں ہے ۔ اور جبر محمود کا قائل واصل الی الحق اور عارف باللہ ہے ۔ اس شعر سے مراد یہ ہے ۔ کہ تم یہ بھی گمان نہ کرنا کہ تمہارا جبر محمود ہے ۔ کیونکہ تم ابھی تک واصل الی الحق نہیں ہوئے ۔ تمہارا جبر تو منزل وصل تک پہنچنے سے پہلے راستے ہی میں سو رہنے کا مصداق ہے ۔ جو جبر مذموم ہے ۔ اور نفس نے حصول راحت اور استمتاع لذائذ کے لئے اختیار کر لیا ہے ۔ جب تک اس محبوب حقیقی کی در و درگاہ تک نہ پہنچ جاؤ ۔ یعنی مقام مشاہدہ و عرفان پر فائز نہ ہو لو ۔ اپنے آپ کو مجبور نہ سمجھو ۔ اور آرام و راحت کے لئے جبر کو بہانہ نہ بناؤ ۔ امیر خسرو رح ؎

در خواب نہ بیند رخ آرام دگربار ہر دل کہ طمع در طلب وصل شما کرد

ہاں مخسپ اے جبری بے اعتبا جز بزیر آں درخت میوہ دار

لغات ہاں حرف تنبیہ ۔ خبردار ۔ جبری قائل جبر ۔ منسوب بہ عقیدہ جبر ۔ بائے نسبت ۔
ترجمہ خبردار اے قائل جبر اور بے اعتبار ۔ آدمی اس میوہ دار درخت (یعنی مقام معرفت و

جبر کی دو قسمیں جبر محمود اور جبر مذموم

وصول الی الحق) کے نیچے کے سوا (اور کہیں) نہ سونا۔

مطلب - جبری کا بے اختیار ہونا دو معنی رکھتا ہے - ایک تو یہ کہ اس کی بات کا کوئی اعتبار نہیں - ادائے عبادات اور پابندی احکام میں تو اپنے آپکو جبری بنا لیتا ہے - اور جب حصول لذات اور جر منافع کے لئے بھاگا پھرتا ہے - تو اپنے آپ کو عملاً مختار ظاہر کرتا ہے - ترجمہ میں بھی یہی معنی ملحوظ ہیں - دوسرے معنی یہ ہیں کہ وہ مسبب قدرت اور منشائے حکمت کو بہ نظر عبرت و بصیرت نہیں دیکھتا اور اختیار و استبصار کی آنکھ بند کرکے تعلیل جوارح و ابطال قوائے کا مرتکب ہوکر منزل سے دور راستے ہی میں محو خواب ہے - سعدیؒ سے

تو کز خواب نوشیں بیانگ رحیل — نخیزی دگر کے رسی در سبیل
فرو کوفت طبل شتر ساروان — بمنزل رسید اوّل کاروان
خنک ہوشیاران فرخندہ بخت — کہ پیش از دہل زن بیاسند رخت
برہ خفتگاں تا برآرند سر — نہ بینند رہ رفتگاں را اثر

تا کہ شاخ افشاں کند ہر لحظہ باد — بر سرت دائم بریزد نقل و زاد

لغات - افشاں کرنا جھاڑنا - نقل نون کے ضمہ سے - وہ ترش و نمکین اشیا جو شراب کے بعد کھاتے ہیں - زاد توشہ

ترجمہ تاکہ (اس میوہ دار درخت کی) شاخ کو ہوا ہر لحظہ حرکت دے - (اور) ہمیشہ تیرے سر پر نقل و زاد (یعنی قرب حق اور فیوض الٰہیہ کا ثمرہ) گرائے -

مطلب - چونکہ منزل قرب میں پہنچ کر سو جانا جبر محمود ہے - اس لئے اس مقام میں خسران و خسران کا احتمال نہیں - اور برابر ثمرات فیوض حاصل ہوتے رہتے ہیں - عراقیؒ سے

در کوئے خرابات کسے راکہ نیازست — ہشیاری و مستیش ہمہ نعین نماز است

جبر خفتن در میان رہزناں — مرغ بے ہنگام کے یابد اماں

لغات مرغ بے ہنگام بموقع بانگ دینے والا مرغ - چونکہ ایسے مرغ کی بانگ سے لوگوں کو صبح ہو جانے کا دھوکا ہوتا ہے جس سے بہت نقصانات و خطرات کا احتمال ہے - اس لئے ولایت میں اس کو ذبح کر ڈالنے کا دستور ہے - اماں امن - نجات - سلامتی -

ترجمہ جبر مذموم کا قائل و عامل ہونا گویا منزل سے دور ڈاکوؤں کے درمیان سونا ہے بموقع و بمحل سونے والا گویا مرغ بے ہنگام ہے - اور) مرغ بے ہنگام کب (ہلاکت سے) امن پا سکتا ہے -

مطلب - وصل الی الحق ہونے سے پہلے مجبور بجبر مذموم بنفانس و شیطان کے بتے چڑھنا ہے - جو راہ سلوک کے رہزن ہیں - اور اس راہ میں منزل سے دور سو جانا اپنے آپ کو روحانی موت کے حوالہ کرنا ہے - سعدیؒ سے

خوش ست زیر مغیلاں برہ بادیہ خفتن — شب رحیل دے ترک جاں بباید گفت

ور اشارت ہاش را بینی زنی — مرد پنداری و چوں بینی زنی

لغات بینی زدن ناک چڑھانا - نفرت ظاہر کرنا - انکار و اعراض کرنا - صنائع دونوں مصرعوں میں بینی زنی کے لفظوں میں تجنیس تام مستوفی ہے -

ترجمہ اگر تم اس کے اشاروں پر ناک چڑھاؤ گے۔ تو (ناحق اپنے آپ کو) مرد گمان کروگے۔ اور جب (بنظر غائر) دیکھو گے۔ تو (معلوم کروگے کہ) تم عورت ہو۔

مطلب۔ اس شعر سے اوپر گیارھواں شعر یہ تھا۔ "دست ہمچوں بیل اشارتہاے اوست" یعنی بیلچہ کی طرح ہمارے جوارح بھی خداوند تعالیٰ کی طرف سے اس امر کا اشارہ ہیں۔ کہ ہم کو محنت و سعی کرنی چاہیے۔ اب کہا ہے۔ کہ اگر تم اس کے اشارے کو نہ سمجھوگے۔ یعنی اپنے آپ کو معطل و بیکار رکھوگے۔ تو گویا تم عورتوں کی طرح ناقص العقل اور غیر دور اندیش بننا اختیار کر رہے ہو۔ جامیؒ ؎

عقل زن ناقص ست و دینش نیز ہرگزش کامل اعتقاد مکن
گر بدست ازوے اختیار مگیر ور نکو بروے اعتماد مکن

آں قدر عقلے کہ داری گم شود سرکہ عقل ازوے بپرد دم شود

ترجمہ (پھر) وہ تھوڑی بہت عقل بھی جو تم رکھتے ہو جاتی رہیگی۔ اور جس سر سے عقل اڑ جائیگی۔ وہ بمنزلہ دُم کے (جسم کا ایک حقیر حصہ) بن جائیگا۔ نظامی رح ؎

خودست آں کزو رسد یاری ہمہ داری اگر خرد داری
ہر کہ دادِ خرد نداند داد آدمی صورت ست گاو نہاد

اب فرماتے ہیں کہ عورتوں کی طرح ناقص العقل بننے والے کی رہی سہی عقل کس طرح ماری جاتی ہے۔

زانکہ بے شکری بود شوم و شنار میبرد ناشکر را در قعر نار

لغات۔ شوم۔ منحوس۔ شنار بضم شین نامبارک قعر گہرائی۔ نار آگ۔ دوزخ۔

ترجمہ اسلئے کہ ناشکری منحوس و نامبارک ہے۔ جو ناشکر کو دوزخ کی گہرائی میں لیجاتی ہے۔

مطلب۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ إِنَّ عَذَابِي لَشَدِيدٌ (ترجمہ پہلے گزر چکا)

چونکہ مرد ہوکر عورتوں کی طرح ناقص العقل بننا اور جوہر عقل کو بیکار رکھنا اس عطیہ الٰہیہ کی ناشکری ہے۔ اور ناشکر مستوجب عذاب ہے۔ اور عذاب کے ساتھ زوالِ نعمت لازم ہے۔ اس لئے عقل سے کام نہ لینے والا اپنی تھوڑی بہت عقل سے بھی محروم ہو جاتا ہے۔

گر توکل میکنی در کار کن کسب کن پس تکیہ بر جبار کن

ترجمہ اگر تم توکل کرتے ہو۔ تو کار و بار کے اندر کرو (یعنی) کسب (و سعی) کرو۔ پھر (اس کام کا ثمرہ حاصل ہونے میں) خدائے جبار پر بھروسہ کرو۔

مطلب مولانا شیر کی زبان سے فرماتے ہیں۔ اگر تم متوکل بننا چاہتے ہو۔ تو ابطال قویٰ اور تعطیل جوارح نہ کرو۔ بلکہ سعی و کسب کرو۔ اور اسکے ثمرات کی توقع خدا سے رکھو۔ جبار کے لفظ میں یہ لطیف رعایت ہے کہ ہر چند سعی و عمل کے ہم مختار ہیں۔ مگر ان کے نتائج حاصل کرنے میں قدرت حق کے آگے مجبور ہیں۔ اس میں وہی مالک جبار مختار ہے۔

یہ شعر سلاست الفاظ، صفائی بیان اور خوبی بندش کے لحاظ سے تو شاعری کا بہترین نمونہ ہے ہی۔ مگر اسکی

مثنوی حیثیات بھی بمثیل و بےنظیر واقع ہوئی ہیں۔ توکل کے بیان کا ضخیم باب۔ اس کی کچھ اور مزید تعریف اور اسکی نازک باریک قیود و شرائط کی بحث ایک دریا ہے۔ جو آئمہ متقدمین اور علمائے متاخرین کی تصانیف میں موجزن ہے۔ مگر وہ سب کا سب مولانا نے اس شعر کے ایک کوزے میں بند کر دیا ہے۔ و للہ در القصائب حیث نسبح علی منوالہ ؎

مرف بیکاری مگرداں روزگارے خویش را　　پردۂ روے توکل ساز کارِ خویش را

تکیہ بر جبّار کن تا وارہی　　ورنہ اُفتی در بلا و گمرہی

ترجمہ (نتائج سعی اور ثمرات عمل حاصل کرنے میں) خدائے جبار پر بھروسہ رکھو۔ تاکہ (سوء اعتقاد سے) محفوظ و مصئون رہو۔ ورنہ بلائے (معصیت) اور گمراہی میں پڑ جاؤ گے۔

مطلب جو شخص سعی و کوشش اور اختیار اسباب میں ثمرات و نتائج کے لئے اللہ پر متوکل نہ ہو۔ اور انکو منجانب اللہ نہ سمجھے۔ تو احتمال ہے۔ کہ وہ اپنے سعی و عمل کو مؤثر بالذات سمجھنے لگے اور یہ سخت گمراہی ہے لہذا دوبارہ تاکید کی ہے۔ کہ کاروبار کے ساتھ توکل ضرور ہونا چاہیئے۔ حافظ رح ؎

بسعی خود نتواں برد پے بگنجِ مقصود　　خیال باشد کیں کارے حوالہ براید

علّامہ رستم از سیلی تقدیر بخاک افتادہ است　　تا کے تکیہ بسر پنجۂ بر زور کنی

الخلاف یہ شعر ہمارے نسخے میں نہیں ہے۔

باز ترجیح نہادن نخجیراں توکّل را بر جہد

شکاروں کا پھر توکل کو کوشش پر ترجیح دینا

جملہ بادے بانگ ہا برداشتند　　کاں حریصاں کیں سببہا کاشتند

صد ہزار اندر ہزاراں مرد و زن　　پس چرا محروم ماند اندر زمن

لغات بادے بمعنی مقابلہ زمن زمانہ۔ عہد۔ دنیا۔ عالم تو کیب کاں حریصاں الخ یہ مصرعہ اور اگلا شعر سب بیان ہے بانگہا مبین کا۔ جس میں آں حریصاں مبتدا منہ اور صد ہزار الخ بدل منکر مبین۔ ایں سببہا کاشتند۔ اس کا بیان یہ مبین و بیان منکر اسم ہوا ماند فعل ناقص کا۔ محروم اس کی خبر۔ پس حرف تفریع کا مقام آں حریصاں سے پہلے ہے۔ کہ پس آں حریصاں الخ ضرورت شعری کے لئے مؤخر لایا گیا ہے۔

ترجمہ (یہ سن کر) سب شکار اس کے سامنے چلانے لگے۔ کہ پھر وہ حریص لوگ جنہوں نے ان اسباب (سعی و محنت) کا بیج بویا ہے۔ (اور جو) کروڑوں مرد و زن (پر مشتمل ہیں) خود کیوں ہمیشہ سے (حصول مقاصد میں) ناکام رہے۔

صد ہزاراں قرن زآغاز جہاں　　ہمچو اژدرہا کشادہ صد زباں

لغات قرن صدی صدہزاراں لاکھوں اژدر اژدہا ترکیب کشادہ کا فاضل ضمیر ہے راجع بہ حریصاں اوپر کے شعر میں ترجمہ ابتدائے عالم سے لاکھوں صدیاں گزریں (کہ یہ حریص بھوکے) اژدہوں کی طرح (ناکامی سے) سینکڑوں زبانیں لٹکائے (کھڑے) رہے۔

مکرہا کردند آں دانا گروہ کہ زبن برکندہ شد زاں مکر کوہ

ترجمہ ان (بھوکے) فیلسوفوں نے (اپنی بساط بھر) چالاکیاں کیں۔ چالاکیاں بھی ایسی کہ جن سے پہاڑ جڑوں سے اکھڑ گئے۔

مطلب۔ ان لوگوں کی صنعت اس درجہ تک پہنچی ہوئی تھی۔ کہ پہاڑوں تک کو بیخ و بن سے اکھیڑ ڈالتے تھے۔ پھر بھی وہ اپنے مقسوم سے زیادہ کچھ حاصل نہ کر سکے۔ پہاڑوں کو کاٹنے تراشنے کی [illegible] سے چلی آئی ہے چنانچہ قوم ثمود کے متعلق قرآن میں ارشاد ہے۔ وَتَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا اور تم پہاڑوں کو تراش کر گھر بناتے تھے۔ (اعراف ع ۱۰)

کرد مکر و حیلہ آں قوم خبیث ور زما باور نداری ایں حدیث

لغات مکر و حیلہ۔ فریب و مکاری۔ یہاں صناعی مراد ہے۔ خبیث ناپاک۔ بد اعتقاد۔ یہاں وہ لوگ مراد ہیں۔ جو کسب و عمل کی تاثیر بالذات کے سوء عقیدہ میں مبتلا ہوں۔ باور یقین۔ حدیث بات

ترجمہ ان پلید (و بد اعتقاد) لوگوں نے مقدور بھر مکر و حیلہ کیا۔ اگر تجھے ہماری اس بات کا یقین نہیں آتا۔ تو

کرد وصف مکرشاں راذوالجلال لتزول منہ اقلال الجبال

لغات۔ وصف بیان۔ ذکر۔ تعریف۔ اقلال جمع قلہ چوٹی جبال جمع جبل پہاڑ۔

ترجمہ (دیکھ لو خود خدا نے) ذوالجلال نے ان کے مکر کی تعریف (ان مضمون میں) فرمائی ہے کہ بیشک اس (مکر) سے پہاڑوں کی چوٹیاں اپنی جگہ سے ہل جاتی ہیں۔

مطلب۔ اس مکار گروہ کی فتنہ پردازیوں کا پہاڑوں تک کو ہلا ڈالنا خود اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا ہے۔ اور وہ آیت یہ ہے۔ وَاِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ اگرچہ انکے مکر سے پہاڑ اپنی جگہ سے ہل جاتے ہیں۔

جزکہ آں قسمت کہ رفت اندر ازل روئے نمود از سگال و از عمل

لغات جزکہ میں کاف زائد ہے۔ رفت ہو چکی۔ جس کا فیصلہ ہو چکا۔ ازل ہمیشگی۔ وہ زمانہ جس کی ابتدا نہیں۔ سگال فکر و اندیشہ عمل کاروبار۔

ترجمہ (پھر بھی) اس مقسوم کے سوا جو ازل میں (مقدر) ہو چکا تھا۔ انکے غور و فکر اور کاروبار کا کوئی نتیجہ نہ نکلا۔ نظامیؒ ؎ در ازل کرد آنچہ باید بود جہد امروز ما ندارد سود

؎ جامی بعیش کوش کہ کس را زیام دہر کم زانچہ قسمت ست نیاید زیادہ ہم

جملہ افتادند از تدبیر و کار مانند کار و حکمہائے کردگار

لغات افتادند رہ گئے۔ گئے گذرے نکمے ہوگئے۔ عاجز آگئے۔ کرگزار فارسی میں، خداوند تعالےٰ کا نام۔ جس کے لفظی معنی ہیں کام کا مالک۔

ترجمہ (آخر) وہ سب لوگ کار و بار اور تدبیر (وفکر) سے عاجز آ گئے (اور) خداوند تعالےٰ کے کام اور حکم بدستور (باقی و دائم) رہے۔

مطلب ان لوگوں کی سعی و تدبیر خدا کی تقدیر کے آگے نقش برآب ثابت ہوئی۔ بقول کسے ؎

کہ رشتۂ کارش بدست تدبیر است خیال فاسد او چوں بر آب تصویر ست

کسب جز نامے مداں اے نامدار جہد جز وہمے مپندار اے عیار

لغات نامدار نامی گرامی۔ عیار عین کے کسرہ سے ترازو۔ مراد سنجیدہ و ہوشیار۔

ترجمہ اے نامدار تم کسب (وکار) کو محض ایک نام سے زیادہ (یا وقعت) نہ سمجھو۔ (اور) اے ہوشیار تم سعی (و کوشش) کو محض ایک وہم سے زیادہ گمان نہ کرو۔

مطلب یہ شعر نتیجہ ہے اوپر کی ساری تقریر کا۔ اور اس تقریر کا خلاصہ یہ ہے۔ کہ کسب و سعی میں سر کھپانیوالے اگرچہ پہاڑوں کو ہلا دیں۔ اور سمندر کو کھنگال ڈالیں۔ مگر نتیجہ آخر وہی ڈھاک کے تین پات۔ یعنی ان کو اپنی کوشش کا ثمرہ صرف اسی قدر ملتا ہے۔ جو قسمت میں مقدر ہے۔ اور جو کوشش کے بغیر بھی مل سکتا تھا۔ نہ کوشش کا اثر برائے نام اور اسکی اہمیت فضول وہم ہے۔ اس تقریر اور نتیجہ میں جو مغالطہ ہے اوپر بارہا بحث ہو چکی ہے۔ اتنا یہاں بھی بتا دینا مناسب مقام ہے۔ کہ بیشک تقدیر تدبیر پر فائق اور اس سے سابق ہے۔ اور بیشک تدبیر کو مؤثر مستقل ماننے والوں کا عقیدہ فاسد اور ان کو لقب خبیث کا مستوجب بنانیوالا ہے۔ اور بیشک جد و جہد قسمت سے ایک ذرہ زیادہ ثمرہ نہیں دے سکتے۔ یہ باتیں تو درست ہیں۔ مگر ان باتوں سے یہ نتیجہ نہیں نکلتا۔ کہ سعی نہ کی جائے۔ اور اس کو محض ایک وہمی بات سمجھ کر چھوڑ دیا جائے۔ کیونکہ ممکن ہے کہ مسبب الاسباب نے جو کچھ ثمرہ ہماری قسمت میں لکھدیا ہے۔ وہ اس نے اپنی تقدیر میں ہماری سعی پر موقوف رکھا ہو۔ لہذا تدبیر و سعی کرنا شرط عقل ہے۔ اس کا ثمرہ ملنا یا نہ ملنا حوالہ تقدیر۔ صائبؒ ؎

ہر چند وصل گنج بکوشش نہ بستہ است تا ممکن ست پا مکش از جستجوئے گنج

نگریستن عزرائیل علیہ السلام بر مردے و گریختن او در سرائے سلیمان علیہ السلام

عزرائیلؑ کا ایک آدمی پر نظر ڈالنا اور اس کا ..... حضرت سلیمان علیہ السلام کے محل میں بھاگ جانا

وتقریر ترجیح توکل بر جہد و کوشش

اور جد و کوشش پر توکل کی ترجیح کا ثبوت

سادہ مردے چاشتگاہے در رسید در سرائے عدل سلیمانی دوید

سعی و کوشش خود عقل ہے۔

حضرت سلیمان کا حال

لغات ساده مرد سیدھا سادہ بھولا بھالا آدمی چاشتگاہ ایک پہر دن چڑھے کا وقت سرائے عدل یائے اضافت بوجہ ضرورت شعری محذوف ہے دار العدل۔ عدالت۔ محکمہ۔ سلیمان ایک پیغمبر کا نام ہے جنکو اللہ تعالیٰ نے پیغمبری کے منصب جلیل کے ساتھ دنیوی سلطنت بھی عطا فرمائی تھی۔ اور سلطنت بھی ایسی وسیع اور با شان و شوکت جو کسی دوسرے انسان کو نصیب نہیں ہوئی۔ انسان کے علاوہ جنات بھی آپ کے محکوم تھے۔ آپ حضرت داؤد علیہ السلام کے فرزند اور جانشین تھے ترجمہ ایک سیدھا سادہ آدمی کچھ دن چڑھے بھاگا بھاگا حضرت سلیمان ع کے ایوان عدالت میں پہنچا۔

رُویش از غم زرد و ہر دو لب کبود پس سُلیماں گفت ایخواجہ چہ بود

لغات از بہت کا ہے۔ کبود نیلا۔ خواجہ مالک آقا۔ بزرگ۔ تعظیماً خطاب کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے ترجمہ اس کا منہ غم سے زرد اور دونو ہونٹ (خوف سے) نیلے ہو رہے تھے۔ تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے دریافت فرمایا۔ بڑے میاں کیا ہوا؟

گفت عزرائیل در من ایں چنیں یک نظر انداخت پُر از خشم و کیں

ترجمہ وہ بولا ملک الموت نے کچھ ایسی ہی ایک پر غضب اور کینہ بھری نگاہ مجھ پر ڈالی ہے۔

گفت ہیں! اکنوں چہ میخواہی بخواہ! گفت فرما باد را اے جاں پناہ!

تا مرا زینجا بہندستاں برد بو کہ بندہ کانطرف شد جاں برد

لغات ہیں۔ کلمہ تنبیہ۔ یہاں یہ کلمہ تاسف اور گھبراہٹ کے اظہار کے لئے استعمال ہوا ہے۔ بو شاید۔ ممکن ہے۔ امید ہے۔ جاں برد سلامت رہے۔ بچ جائے۔ جان بچ رہے۔ ترکیب دوسرے شعر پر کلمہ تا بیانیہ ہے۔ اور ایں فرماید ایں مقدر اس کا مبین ہو کا نطرف شد میں کاف عایہ ہے۔ ترجمہ (حضرت سلیمان علیہ نے) فرمایا اے لے! اب جلد بولو کیا چاہتے ہو۔ وہ بولا حضور! ہوا کو حکم دیجئے کہ مجھے اس جگہ سے (اڑا کر) ہندوستان میں لیجائے۔ شاید بندہ وہاں چلا جائے تو سلامت رہے

پس سُلیماں کرد بر بادایں برات بُرد باد اُو را بسُوئے سُومنات

لغات برات تحریری حکم۔ یہاں مطلقاً شاہی حکم مراد ہے۔ سومنات ہندوستان کے ملک گجرات میں ایک مشہور شہر جس کا بتخانہ شہرہ عالم تھا۔ اور سلطان محمود غزنوی کے ہاتھ سے تباہ ہوا۔

ترجمہ تو حضرت سلیمان ع نے ہوا کو حکم دیا۔ (اور) ہوا (حکم پاتے ہی) اس کو سومنات کی طرف لیگئی۔ بالخلاف یہ شعر ہمارے نسخے میں نہیں ہے اور زائد معلوم ہوتا ہے۔

باد را فرمود تا او را شتاب بُرد سُوئے خاکِ ہندُوستان بآب

صنائع خاک و باد میں مناسبت ملحوظ ہے۔

ترجمہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے ہوا کو حکم دیا۔ یہانتک کہ وہ فوراً اُسے سمندر کی راہ سے ملک ہندوستان میں لے آئی۔

نک ز درویشی گریزانند خلق لقمۂ حرص و امل زانند خلق

لغات نک مخفف ہے اینک کا یعنی دیکھو گریزانند گریزیدن سے یعنی گریزند امل فضول آرزو۔ امید خام

ترجمہ دیکھو (اسیطرح) لوگ مفلسی سے بھاگتے ہیں (اور) اسلئے وہ حرص اور امید خام کا لقمہ بنتے ہیں

ترسِ درویشی مثالِ آں ہراس حرص و کوشش را تو ہندستاں شناس

ترجمہ مفلسی کا خوف اس (سادہ مرد) کے (خوف (جان) کی مثال ہے۔ اور حرص و کوشش کو ہندوستان سمجھ لو۔

مطلب یہ دونو شعر اثنائے قصہ میں فریق مناظر کی طرف سے بطور مقولہ ہیں جن سے وہ جماعت اس واقعہ کو سعی و کوشش کے لا حاصل اور فضول ہونے کے دعوئی پر چسپاں کرتی ہے یعنی جسطرح اس سادہ مرد کا موت سے بچنے کیلئے جو نہ نہیں سکتی ایک ملک سے دوسرے ملک میں جانا غیر مفید تھا۔ اسیطرح اس رزق کے حصول کے لئے جو مقسوم میں نہیں ہے۔ حرص و امل سے کام لینا لغویات ہے۔ ولنعم ما قیل ؎

نصیبت گر بود ہمچوں صدف رزق از سما ریزد چو قسمت نیست روزی از دہن چوں آسیا ریزد

روزِ دیگر وقتِ دیوانِ لقا شہ سلیماں گفت عزرائیل را

کیں مسلماں را بخشم از چہ سبب بنگریدی؟ باز گو اے پیکِ ربّ!

لغات دیوان کچہری لقا ملاقات مراد دربار عام مسلمان دین حق کا تابع۔ اسلام کا پیرو۔ چونکہ بفحوائے اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک وہ دین جو حق اور مقبول خدا ہے۔ صرف ایک ہی ہے۔ جس کا نام اسلام ہے۔ اس لئے یہاں حضرت سلیمان علیہ السلام کے ایک امتی کو مسلمان کے لقب سے ملقب کیا گیا۔ تمام انبیاء کی امتیں دین اسلام ہی کی تابع ہیں۔ اگرچہ ان کی شرائع مختلف ہیں۔ چنانچہ کوئی امت شریعت ابراہیمیہ کی تابع ہے۔ کوئی شریعت موسویہ کی کوئی شریعت عیسویہ کی۔ اور اب تمام دنیا شریعت محمدیہ پر مکلف ہے۔ باقی سب شریعتیں منسوخ ہو چکیں ہیں۔ مگر یہ سب شرائع اسلام کے ماتحت اور ان کے پیرو سب مسلمان ہیں۔ خشم غصہ پیکِ ربّ اللہ تعالیٰ کا فرستادہ چونکہ عزرائیلؑ اللہ کے حکم سے روح قبض کرنے جاتے ہیں۔ اس لئے ان کو یہ لقب دیا گیا۔

ترجمہ دوسرے روز عدالت کے وقت شاہ سلیمان علیہ السلام نے عزرائیل ؑ سے پوچھا۔ اے فرستادہ خدا! بتاؤ اس مسلمان کو تم نے غصے کی نظر سے کیوں دیکھا؟

اے عجب ایں کردہ باشی بہرِ آں تا شود آوارہ او از خانماں

دین حق صرف ایک ہی اور شرائع مختلف

ترجمہ (یہ) بڑے تعجب کی بات ہے۔ کیا تم نے اسلئے ایسا کیا تھا۔ کہ وہ (بیچارہ) اپنے گھر بار سے آوارہ ہوجائے؟

گفتش اے شاہ جہانِ نے زوال　　فہم کژ کرد و نمود او را خیال

لغات جہان بے زوال۔ وہ عالم جسکو زوال اور تنزل نہیں۔ یہاں شاہ جہان بے زوال حضرت سلیمان ؑ کو کہا ہے۔ مگر جہان بے زوال کا لفظ ان کی دنیا کی حکومت و دولت پر صادق نہیں آسکتا۔ کیونکہ وہ معرض زوال میں ہے۔ بلکہ آپ چونکہ دنیا کے بادشاہ ہونے کے علاوہ پیغمبر ہونے کی حیثیت سے دین کے بھی بادشاہ تھے۔ اس لئے اس دوسری حیثیت سے ان کو جہانِ بے زوال کا بادشاہ کہا۔ کژ ٹیڑھا۔ غیر مستقیم۔ ناراست۔ غلط۔ نمود۔ دکھائی دیا۔ سوجھا۔

ترجمہ۔ انہوں نے آپ کو یوں جوابدیا کہ اے جہان بے زوال (یعنی دین) کے بادشاہ اس کو غلط فہمی ہوئی۔ اور (میرا غصہ) اس کو (محض وہم و) خیال (میں) دکھائی دیا۔

کہ مرا فرمود حق کامروز ہاں!　　جانِ او را تو بہندوستاں ستاں

صنائع ہندوستان ستاں میں صنعت تجنیس ناقص ہے۔

ترجمہ کیونکہ مجھے خدا کی طرف سے حکم ہوا کہ سنو آج تم اسکی جان کو ہندوستان میں قبض کرو۔

دیدمش اینجا و بس حیراں شدم　　در تفکر رفتہ سرگرداں شدم

ترجمہ (مگر) میں نے اس کو یہاں (موجود) پایا۔ اور میں بہت حیران ہوا۔ اور غرق فکر ہوکر سرگرداں تھا۔

از عجب گفتم گر او را صد پرست　　ز و بہندوستاں شدن دور اندرست

لغات از حرف سببیت۔ بہندوستان میں ہے ظرفیت اندر زائد ہے۔ ضرورت وزن کے لئے لایا گیا۔

ترجمہ میں نے (اپنے دل میں) تعجب سے کہا۔ اگر اس کے سو پر ہوں (جب بھی) ہندوستان پہنچنا اس سے دور (از قیاس) ہے۔

چوں بامرِ حق بہندوستاں شدم　　دیدمش آنجا و جانش بستدم

ترجمہ (آخر) جب میں خدا کے حکم سے ہندوستان گیا۔ تو میں نے (پہلے ہی سے) اس کو وہاں (موجود) پایا اور اس کی جان قبض کرلی۔

مطلب جو کام خدا کی تقدیر میں ایک خاص صورت سے انجام پانا لکھا ہوتا ہے۔ اسکے اسی طرح صورت پذیر ہونے کے قدرتی اسباب پیدا ہوجاتے ہیں۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ اِذَا قَضَی اللّٰہُ لِعَبْدٍ اَنْ یَّمُوْتَ بِاَرْضٍ جَعَلَ لَہٗ اِلَیْھَا حَاجَۃً۔ یعنی جب اللہ تم کسی بندے کے بارے میں حکم دیتا ہے۔ کہ وہ فلاں سرزمین میں مرے۔ تو اسکے لئے وہاں جانے کی کوئی ضرورت پیدا کردیتا ہے۔ (مشکوٰۃ) یہی مثال اس شخص کی ہے۔ جس نے سرزمین ہند کو اپنے لئے پناہ کی جگہ تصور کیا تھا۔ حالانکہ قضائے الٰہی میں وہ زمین اسکا مقتل و مرقد قرار پاچکی تھی حضرت صائبؒ نے گویا اسی سادہ مرد کے بارے میں کہا ہے۔ فللہ درہٗ ؎

نیک چوں در نگری رو بقضا مے سازند ساوہ لوحاں کہ گریزاں ز قضا مے باشند

تو ہمہ کارِ جہاں را ہم چنیں کُن قیاس و چشم بکشا و ببیں

ترجمہ (اے مخاطب) تم جہاں کے سارے کاموں کو اسی طرح قیاس کرلو۔ اور ذرا آنکھیں کھول کر دیکھ لو۔

مطلب۔ بندہ تقدیر سے بھاگتا ہے مگر تقدیر ہی کے پھندے میں جا پھنستا ہے۔ اور تدبیر کچھ بھی سودمند نہیں ہوتی

ہاتفی را اجل چوں در آید بدیوار و بام بدروازہ بستن چہ سود اہتمام

چوں طوفان نوح آورد رستخیز نشیند بہ آں پارہ وخاک ریز

فرود آید از آسماں چوں گزند چہ حاصل کہ دیوار باشد بلند

از کہ بگریزیم؟ از خود؟ ایں محال از کہ برتابیم؟ از حق؟ ایں وبال

ترجمہ ہم کس سے بھاگیں؟ کیا اپنے آپ سے؟ یہ محال ہے۔ ہم کس سے رُخ پھیریں کیا خدا سے؟ یہ تباہی (کا موجب) ہے۔

مطلب تقدیر انسان کے لئے لازم وجود ہے۔ اس لئے تقدیر سے بھاگنا گویا اپنے آپ سے بھاگنا ہے۔ اور یہ ناممکن ہے۔ کیونکہ انفکاک الشئ عن نفسہ محال ہے۔ اور جس طرح اپنے آپ سے گریز محال ہے اسی طرح امر حق سے بھاگنا بھی وبال ہے۔ جیسے کہ حق سبحانہ نے فرمایا ہے۔ یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطَانٍ۔ اے گروہ جن و انسان تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتوں سے مکروگے۔ اگر تم سے ہو سکے کہ آسمانوں اور زمین کے کناروں سے نکل بھاگو۔ تو نکل دیکھو۔ اور کچھ ایسا ہی زور ہو تو نکلو (رحمٰن ۲۶)

مکاشفات میں ایک حدیث قدسی لکھی ہے۔ مَنْ لَّمْ یَرْضَ بِقَضَائِیْ وَلَمْ یَصْبِرْ عَلٰی بَلَائِیْ فَلْیَخْرُجْ مِنْ تَحْتِ سَمَائِیْ وَلْیَطْلُبْ رَبًّا سِوَائِیْ۔ یعنی جو شخص میری قضا پر راضی نہ ہو۔ میری بلا پر صبر نہ کرے۔ تو اُسے چاہیئے کہ میرے آسمان کے نیچے سے نکل جائے۔ اور چاہیئے کہ میرے سوا کوئی اور پروردگار تلاش کرے۔ غرض خدا سے بھاگنا بدترین مصائب سے ہے۔ خود مولانا ایک جگہ فرماتے ہیں ؎

جورِ دوراں و ہر آں رنجے کہ ہست سہلتر از بُعد حق و غفلت است

لاشک ایں ترکِ ہوا تلخی دہ ست لیک از تلخیِ بُعدِ حق بہ است

باز ترجیح شیر جھد را بر توکّل و فوائد جھد بیان کردن

شیر کا پھر توکل پر کوشش کو ترجیح دینا اور کوشش کے فوائد بیان کرنا

شیر گفت آرے ولیکن ہم ببیں جھدہائے انبیا و مرسلیں

ترجمہ شیر نے کہا ہاں (یہ صحیح ہے کہ قضا سے گریز ناممکن ہی مگر انبیا و مرسلین کی سعی و کوشش کو بھی تو دیکھو۔
مطلب انبیاء و مرسلین نے اشاعت دین، رد منکرین، اعلاء کلمۃ اللہ، ہدایت خلق اللہ، دفع اعداء۔ قتل اشقیا میں ہمیشہ اپنی زبان، قلم، تلوار اور زور بازو سے کام لیا ہے۔ اور فرائض نبوت کی بجا آوری میں پوری سعی و کوشش کا حق ادا کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم ہے۔ یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَ الْمُنٰفِقِیْنَ وَ اغْلُظْ عَلَیْهِمْ وَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ وَ بِئْسَ الْمَصِیْرُ ۔ اے پیغمبر کافروں کے ساتھ (ہتھیار سے) اور منافقوں کے ساتھ (زبان سے) جہاد کرو۔ اور ان پر سختی کرو۔ اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ اور وہ بری جگہ ہے۔ (توبہ ع ۱۰)

سعیِ ابرار و جہادِ مومناں تا بدیں ساعت ز آغازِ جہاں

لغات ابرار جمع ہے۔ بر بفتح بار کی نیک۔ پارسا۔ صالح آدمی۔ جہاد جیم کے کسرہ سے دین کی حمایت میں کفار سے جنگ کرنا۔
ترجمہ (نیز) پاک لوگوں کی کوشش اور مومنوں کے جہاد (کو دیکھو جو) ابتدائے عالم سے اس وقت تک (وقوع میں آرہے ہیں)
مطلب لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ جَاهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ ۔ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَیْرٰتُ ۔ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۔ لیکن رسول اور وہ لوگ جو اس کے ساتھ ایمان لائے سچے اپنی جان و مال سے جہاد کئے ہیں۔ اور یہی لوگ ہیں۔ جنکے لئے خوبیاں ہیں۔ اور یہی فلاح پانیوالے ہیں۔ (توبہ ۱۰)

حق تعالیٰ جہدِ شاں را راست کرد آنچہ دیدند از جفا و گرم و سرد

ترجمہ اللہ (بھی) انکی کوشش کو راس لایا۔ جسکو انہوں نے مشقت اور گرم و سرد (مشکلات کا موجب) پایا تھا
مطلب فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِیْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَ اَیَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِیْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِیَ الْعُلْیَا ۔ وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ۔ پھر اللہ نے اپنے پیغمبر پر اپنی تسلی اتاری۔ اور ان کو ایسی فوجوں سے مدد دی۔ جن کو تم لوگ نہ دیکھ سکے اور کافروں کی بات کو نیچا کردیا اور اللہ ہی کا بول بالا ہے۔ اور اللہ غالب صاحب تدبیر ہے۔ (توبہ ع ۴)

حیلہ ہا شاں جملہ حال آمد لطیف کُلُّ شَیْءٍ مِّمَّنْ ظَرِیْفٍ هُوَ ظَرِیْفٌ

لغات حیلہ تدبیر چارہ کار۔ تدبیر جنگ۔ لطیف پاکیزہ۔ باریک۔ نکتہ خیز۔ ظریف۔ نیک۔ دانا۔ خوش طبع۔
ترجمہ انکی تدبیریں ہر حال میں پر لطف ثابت ہوئیں (کیوں نہ ہو) معقول آدمی کی ہر بات معقول ہوتی ہے۔
مطلب وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰوَوْا وَّ نَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۔ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ رِزْقٌ كَرِیْمٌ ۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی۔ اور اللہ کے راستے میں جہاد بھی کئے اور جن لوگوں نے (مہاجرین کو) جگہ دی اور ان کی مدد کی یہی سچے مسلمان ہیں۔ انکے لئے معافی ہے۔ اور عزت کی روزی ہے (انفال ۹)

دامہاشاں مُرغِ گردونی گرفت نقصہاشاں جُملہ افزونی گرفت

لغات گردونی آسمانی - عالی پایہ نقص کمی افزونی ترقی - زیادتی -

ترجمہ - ان کے پھندوں نے (مراتبِ عالیہ کے) آسمانی مُرغ پکڑے - ان کی (اشاعت دین میں جو) کمی (تھی وہ) ترقی کی صورت میں بدل گئی -

مطلب - آسمانی مرغ استعارہ ہے - مراتبِ عالیہ سے - یعنی ان انبیاء نے اپنے جد و جہد سے مراتبِ عالیہ حاصل کئے - یا مرغ گردونی سے مراد نمرود و فرعون جیسے بڑے بڑے کافر بادشاہ ہیں - جو اپنے غرور و تکبر سے گویا آسمان پر اڑنے کے مدعی تھے - اور نمرود نے فی الواقع آسمان پر چڑھنے کا باطل ارادہ بھی کیا تھا - پھر یہ مطلب ہوگا - کہ پیغمبروں کی الہامی تدابیر نے آخر ان بڑے بڑے مدعی و مغرور دشمنان اسلام کو زیر کر لیا - حافظ رح

سحر با معجزہ پہلو نزند دل خوشدار ساحری کیست کہ دست از ید بیضا ببرد

جَہد میکُن تا توانی اے کیا در طریقِ انبیا و اولیا

ترجمہ اے دانا آدمی انبیاء و اولیا کے طریقے پر مقدور بھر کوشش کرو

با قضا پنجہ زدن نبود جہاد زانکہ ایں را ہم قضا بر ما نہاد

ترجمہ جہاد کرنا قضا کا مقابلہ نہیں ہے - کیونکہ اس (جہاد) کو بھی قضا ہی نے ہم پر مقرر کیا ہے

مطلب - آغاز حکایت میں پنجہ زنوں نے کہا تھا - با قضا پنجہ مزن اے تند و تیز - اور اس سے ان کا مدعا یہ تھا - کہ کوشش کرنا گویا قضا کا مقابلہ ہے - یہ اس کا جواب ہے - کہ دیکھو انبیاء اور اولیاء نے سعی و جہد اور جنگ و جہاد کیا ہے اور یہ کوئی قضا کا مقابلہ نہیں - بلکہ قضا کا اتباع ہے - کیونکہ جو کوشش و سعی کی جاتی ہے - وہ بھی تو تقدیر میں لکھی ہوئی ہے - جیسے کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا تھا - نَعَمْ اَفِرُّ مِنْ قَضَاءِ اللّٰہِ اِلٰی قَضَاءِ اللّٰہِ جس کا ترجمہ اور مطلب پیچھے گزر چکا ہے -

کافرم من گر زیاں کردست کس در رہِ ایمان و طاعت یک نفس

ترجمہ (میں حلفاً کہتا ہوں کہ) میں کافر ہو جاؤں - اگر کسی نے ایمان و بندگی کی راہ میں (کوشش کرکے اپنا) نقصان کیا ہو ؛

مطلب - اطاعت و عبادت میں سعی و کوشش کرنا کسی صورت میں باعث نقصان نہیں پھر کیوں نہ کوشش کیجائے اور نخل زندگی کا ثمرہ کیوں نہ حاصل کیا جائے - صائب ؎

مشو ببرگِ تہی زنخل ہستی خویش بکوش و میوۂ ایں شاخسار را دریاب

سرِ شکستہ نیست ایں سرا بند یکدو روزے جہد کن باقی بخند

لغات سر مبند فعل نہی - سر بستن سے - اور کنایہ ہے بہانہ سازی سے - بجند امر ہے خندیدن سے - کنایہ ہے آرام و راحت پانے سے -

ترجمہ تیرا سر زخمی نہیں ہے - (خواہ مخواہ) سر پر پٹی نہ باندھ (جوں توں کرکے) ایک دو دن کوشش کر - پھر مزے اڑا -

مطلب - جو شخص ضرب و زخم سے مجروح ہو کر از کار رفتہ ہو جائے - وہ اگر سعی و عمل نہ کرے - تو معذور ہے - لیکن تم کو کوئی مرض نہیں ہے - کوئی زخم و جراحت نہیں - اور باقی کسی قسم کا عذر بھی نہیں - پھر کیوں خواہ مخواہ بیکاری کے بہانے بناتے پھرتے ہو - اور کام سے ٹلتے ہو - کام کرو - اور کام کے ثمرات سے فائدہ اٹھاؤ - نظامی رح ؎

عذر میاور نہ حیل خواستند — ایں سخن ست از تو عمل خواستند
گر سبکن کار میسر شدے — کارِ نظامی بفلک بر شدے

بُد محالے جُست کو دُنیا بجُست — نیک حالے جُست کو عُقبیٰ بجُست

لغات بُد مخفف ہے بود کا - محال ناممکن یہاں باطل و بے حقیقت چیز مراد ہے صنائع یہ شعر مرصع ہے -

ترجمہ (مگر سعی و کوشش سے) جس نے دنیا کی تلاش کی اس نے ایک باطل و بے حقیقت چیز کی تلاش کی - جس نے آخرت کی تلاش کی اُسنے نیک حالت کی تلاش کی -

مطلب - اوپر سعی و کوشش کی ترغیب سے عام کوشش مفہوم ہوتی تھی - خواہ دین کے لئے ہو یا دنیا کیلئے - اب اسکی تعیین و تخصیص کرتے ہیں - کہ محض دنیا طلب کرنا جسکو دین سے کوئی لگاؤ نہ ہو - ایک باطل اور بُری چیز کی طلب ہے - اور دین طلب کرنا یا دنیا بھی بہ تعلق دین طلب کرنی نیک حالت کی طلب ہے - کما قال اللہ تعالٰی وَمِنْهُمْ مَنْ يَقُولُ رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ اور لوگوں میں سے ایسے بھی ہیں - جو دعائیں مانگتے ہیں - کہ اے ہمارے پروردگار ہمیں دنیا میں بھی خیر و برکت دے - اور آخرت میں بھی خیر و برکت دے - اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا (البقرہ ع ۲۵) حافظ رح ؎

تا کے غم دنیاے دنی اے دل دانا — حیف ست زخوبے کہ شود عاشق زشتے
دلا ہم ؎ سادہ لوحانے کہ دل بستند بر دنیاے دوں — بر سر ریگِ رواں بنیاد از شبنم نہند

مکرہا در کارِ دنیا بارِدست — مکرہا در ترکِ دُنیا وارِدست

لغات بارد ٹھنڈا - سرد - افسردہ بے اثر وارد نازل شدہ - شرع کے حکم کا صادر ہونا -

ترجمہ دنیا کے کام میں مکر و حیلہ کرنا فضول بات ہے - دنیا کے ترک کرنے میں تدبیر کرنا (آیات و احادیث سے) ثابت ہے -

مطلب - دنیا کا اشتیاق ایک نجس حالت اور مشاغل دین کی مانع ہے - بقول بزرگے ؎

اہل دنیا نتوانند بعقبےٰ پرداخت — غیر مردار نشاید خورد کرگس را

ترکِ دنیا کے متعلق قرآنِ مجید میں ارشاد ہیں اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ تمکو کثرتِ مال و اولاد کی حرص نے غفلت میں مبتلا کر دیا۔ یہانتک کہ تم قبروں میں جا پہنچے ہو۔ اور حدیث شریف میں ہے کہ فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اَلَا اِنَّ الدُّنْيَا مَلْعُوْنَةٌ وَمَلْعُوْنٌ مَا فِيْهَا اِلَّا ذِكْرَ اللّٰهِ وَمَا وَالَاهُ۔ یعنی یاد رکھو۔ کہ دنیا ملعون ہے اور اسکے سب ساز و سامان ملعون ہیں۔ مگر اللہ تعالیٰ کا ذکر اور وہ بات جو اللہ کو پسند ہو۔ (مشکوۃ) اور فرمایا۔ مَنْ اَحَبَّ دُنْيَاهُ اَضَرَّ بِاٰخِرَتِهٖ وَمَنْ اَحَبَّ اٰخِرَتَهٗ اَضَرَّ بِدُنْيَاهُ فَاٰثِرُوْا مَا يَبْقٰى عَلٰى مَا يَفْنٰى۔ یعنی جس نے اپنی دنیا محبوب رکھی اس نے اپنی آخرت کو نقصان پہنچایا۔ اور جس نے اپنی آخرت محبوب رکھی۔ اس نے اپنی دنیا کو نقصان پہنچایا۔ پس تم باقی رہنے والے عالم (یعنی آخرت) کو فانی ہوجانے والے عالم (یعنی دنیا) پر ترجیح دو۔ (مشکوۃ) امیر خسرو رح ؎

بازیچۂ ایست طفل فریب ایں متاعِ دہر　　بیعقل مرداں کہ بدیں مبتلا شدند

مکر آں باشد کہ زنداں حفرہ کرد　　آنکہ حفرہ بست ایں مکریست سرد

لغات حفرہ ح کے ضمہ سے۔ گڑھا۔ مراد سوراخ۔ سرنگ۔ نقب۔ سرد۔ پچھلے شعر کے کلمہ بارد کا ہم معنی یعنی افسردہ۔ بے نتیجہ۔ فضول۔ لغو۔

ترجمہ (دنیا کو چھوڑنے کی) تدبیر یہ ہے۔ کہ (دنیا کے) قید خانہ میں سرنگ لگادی (اور نکل گئے) جس نے اس سرنگ کو بند کیا۔ (اسکی) یہ تدبیر بُری ہے۔

مطلب زندانِ دنیا میں سرنگ لگا کر نکل جانے سے مراد یہ ہے۔ کہ قیودِ دنیا سے رستگار ہو جائے۔ اور اپنے آپ کو اس کے تعلقات سے علیحدہ کرلے۔ حافظ رح ؎

سر بآزادگی از خلق برآرم چوں سرو　　گر دہد دست کہ دامن ز جہاں برچینم

ع بکوش گردنِ خود را ز بند کن آزاد　　چہ سود ازیں کہ شوی مالک الرقاب اینجا

پھر فرماتے ہیں۔ کہ جس شخص کو ایسا قدرتی حفرہ یا سرنگ حاصل ہے۔ اور پھر وہ اس کو بند کرنے کی تدبیر کرتا ہے۔ یعنی اسکو ترکِ دُنیا سہل ہے۔ مگر پھر وہ تعلقات دنیا کو بڑھاتا جاتا ہے۔ اس کی یہ تدبیر لغو و ناقابل پسند ہے۔ بقول بزرگے ؎

گویند زمین بر سرِ گاوست بلے　　گاوست کسیکہ بار دُنیا برداشت

ایں جہاں زنداں و ما زندانیاں　　حفرہ کن زنداں و خود را وارہاں

لغات زندانی قیدی وہ بھی جدا و علیحدہ۔ عموماً افعال کے ساتھ آتا ہے۔

ترجمہ یہ جہاں قیدخانہ ہے۔ اور ہم قیدی ہیں قیدخانہ میں سرنگ لگاؤ اور اپنے آپکو نجات دو۔

مطلب حدیث شریف میں آیا ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ۔ یعنی دنیا مومن کا قیدخانہ اور کافر کی بہشت ہے۔ (مشکوۃ) اس لئے مومن کے لئے اس جہان سے اور اس کے گمراہ کن تعلقات سے علیحدگی اچھی ہے۔ امیر خسرو رح ؎

خوش آنکساں کہ گمشدند پاک چوں خورشید　　کہ سایہ نیز بسوئے جہاں نیفگندند

چیست دُنیا؟ از خُدا غافل بُدن نے قماش و نقرہ و فرزند و زن

لغات بُدن مخفف ہے بودن کا قماش قاف کے ضمہ سے گھر کا مال اسباب چیز بست اثاثہ۔ نقرہ چاندی۔ مراد دولت۔
ترجمہ (مگر یہ بھی خیال رہے کہ) دنیا ہے کیا چیز؟ (دنیا سے مراد ہے) غافل ہو جانا۔ (ورنہ) اثاثہ خانہ اور دولت اور اولاد اور بیوی (کا نام دنیا) نہیں۔
مطلب۔ اوپر کے اشعار میں ترکِ دنیا کی ترغیب تھی۔ اب دنیا کی حقیقت بیان فرماتے ہیں جسکا مطلب یہ ہے۔ کہ دنیا دراصل اس حالت کا نام ہے۔ جو موت سے پہلے تک انسان پر گذرتی ہے۔ مگر اسحالت کی دو صورتیں ہیں۔ اگر وہ آخرت سے مانع ہے۔ تو دنیائے مذموم ہے۔ اگر اس سے مانع نہیں۔ تو دنیائے محمود ہے۔ اور عرف میں عموماً دنیا کے کہنے سے دنیائے مذموم ہی مراد ہوتی ہے چنانچہ اوپر جو دنیا کے ترک کرنے کی ترغیب آئی ہے۔ اس سے یہی دنیا مراد تھی۔ ورنہ دنیائے محمود کے ترک کرنے کا حکم نہیں آیا۔ بلکہ قرآن و حدیث میں اس کا ذکر اچھے کلمات میں وارد ہے۔ قرآنمجید میں ہے۔ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً (ترجمہ پیچھے گذر چکا) پس ایسی دنیا اختیار کرنے والا جو آخرت اور حقتعالےٰ سے دور نہ کرے دنیا دار نہیں بلکہ دیندار ہے۔ سعدی رح ؎

گرت مال و جاہ ست و زرع و تجارت جو دل با خدا ایست خلوت نشینی

مال را کز بہرِ دیں باشی حمول نِعْمَ مَالٌ صَالِحٌ خواندش رسول

لغات۔ حمول۔ حامل۔ بار بردار خواند فرمایا۔ کہا۔ ارشاد کیا۔
ترجمہ جس مال کو تم دین کے لئے اپنے پاس رکھو۔ تو اسکے حق میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ کہ نِعْمَ الْمَالُ الصَّالِحُ لِلرَّجُلِ الصَّالِحِ۔ یعنی نیک آدمی کے لئے نیک مال اچھی چیز ہے۔
مطلب۔ اوپر جو کہا تھا۔ کہ نے قماش و نقرہ الخ یعنی مال و دولت وغیرہ لذاتہا دنیائے مذموم نہیں ہیں بلکہ جب وہ دین سے مانع نہ ہوں۔ تو اچھے ہیں۔ اس دعوٰی کا ثبوت مذکورہ حدیث سے دیتے ہیں۔ اور اس کی تائید یہ حدیث بھی کرتی ہے۔ کہ فرمایا جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْعَبْدَ التَّقِیَّ الْغَنِیَّ یعنی اللہ تعالیٰ پرہیزگار اور مالدار بندے کو دوست رکھتا ہے (مشکوۃ) سعدی رح ؎

تونگراں را نذر ست و وقف و مہمانی زکوۃ و فطرہ و اعتاق و ہدی و قربانی
تو کے بدولتِ ایشاں رسی کہ نتوانی جز ایں دو رکعت و آنہم بصد پریشانی

آب در کشتی ہلاکِ کشتی ست آب اندر زیرِ کشتی پُشتی ست

لغات۔ ہلاک۔ موت۔ تباہی۔ بربادی۔ اندر زائد ہے۔ پشتی مدد۔ اعانت۔ سہارا۔
ترجمہ (مگر شرط یہ ہے۔ کہ مال کی جگہ دل میں نہ ہو دیکھو) پانی کشتی کے اندر (آجائے تو) کشتی کی تباہی ہے (اگر پانی کشتی کے نیچے (ہے تو اس کے لئے تیرنے میں) مدد ہے۔
مطلب دنیا کی مثال پانی کی سی اور دل کی مثال کشتی کی سی ہے۔ اگر دنیا دل میں جاگزین ہو جائے۔ تو وہ دل کی تباہی کا موجب ہے۔ اور وہی دنیا مذموم بنجاتی ہے۔ اور اگر وہ دل سے باہر ہے۔ تو وہ موجب

دنیائے محمود اور دنیائے مذموم

مال دنیا کی محبت کا مرتبہ

خیر و برکت ہے۔ اور اس کا نام دنیائے محمود ہے۔ دل جو منبع توجہات ہے۔ جب حبِّ دُنیا اور طلب مال کے جذبات سے لبریز ہو جائے۔ تو آدمی دین کا اہتمام نہیں کر سکتا۔ ایسی دنیا اور ایسا مال خبیث و خسران کا باعث ہے۔ حضرت امام غزالی رح احیاء العلوم میں فرماتے ہیں۔ اَلْاٰفَۃُ الثَّالِثَۃُ اَنَّہٗ یُلْھِیْہِ اِصْلَاحُ مَالِہٖ عَنْ ذِکْرِاللّٰہِ تَعَالٰی وَ کُلُّ مَا شَغَلَ الْعَبْدَ عَنِ اللّٰہِ فَھُوَ خُسْرَانٌ۔ یعنی مال کی تیسری آفت یہ ہے کہ اس کا اہتمام اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل کر دے۔ اور جو چیز بندے کو اللہ سے غافل کر دے وہ موجبِ خسران ہے۔ غرض مال کو دل میں جگہ نہ دی جائے۔ ورنہ یادِ خدا کی گنجایش اس میں نہ رہیگی۔ بقول بزرگے ؎

زیادِ غیر سیگردد بدل یادِ خدا کمتر چو پُر شد خانہ مے باشد بصاحبخانہ حاکمتر

لیکن اگر دنیا کی جگہ دل میں نہ ہو۔ تو خواہ کتنا ہی تنعم اور تمول حاصل ہو۔ وہ ممنوع و معیوب نہیں۔ بلکہ وہ دنیائے محمود کی قسم سے ہے۔ جیسے کہ کتب مناقب میں لکھا ہے۔ کہ کوئی شائق کسی مشہور اہل اللہ بزرگ کی بارگاہ کی طرف حصولِ فیض کیلئے روانہ ہوا۔ جب قریب پہنچا تو شہر سے باہر جو باغ سامنے آتا تھا۔ اور جو سرسبز کھیتی دکھائی دیتی تھی۔ اسکی نسبت وہ دریافت کرتا۔ تو اسکو بتایا جاتا۔ کہ وہ انہی بزرگ کی ہے۔ شہر میں پہنچکر بڑے بڑے ایوان۔ محلات۔ اصطبل سامنے آئے ان کی نسبت بھی معلوم ہوا کہ انہی بزرگ کی املاک ہیں۔ اس کے دل میں وسوسہ پیدا ہوا کہ وہ اہل اللہ کیا ہونگے اچھے خاصے دنیادار رئیس ہونگے۔ غرض خدمت میں حاضر ہوا۔ تو بالہام ربانی ان بزرگ پر اسکی حالتِ دل منکشف ہو گئی۔ معمولی خاطر و مدارات و مہمانداری کے بعد اس شخص سے انہوں نے فرمایا۔ کہ ہمارا ارادہ ہے کہ حج کو چلیں۔ اگر تم بھی ہمراہ چلتے ہو تو بہتر ہے اس نے کہا میں بھی معیت کیلئے حاضر ہوں۔ غرض یہ بزرگ اسی حالت میں اس شخص کے ساتھ روانہ ہو گئے۔ نہ املاک و جایداد کے متعلق اپنے نوکروں کو کوئی فہمایش کی۔ نہ کوئی زادِ راہ ساتھ لیا۔ چار پانچ کوس تک شہر سے دور گئے ہونگے۔ کہ اس شخص نے سراسیمگی کے ساتھ کہا۔ حضرت میں اپنی گٹھڑی بھول آیا۔ جس میں زادِ سفر اور سامانِ ضرورت بندھا تھا ان بزرگ نے فرمایا۔ بس! اسی حوصلے پر تمہارے دل میں ہماری دولتمندی کے متعلق وسوسہ پیدا ہوا تھا۔ تمہارے دل پر ایک گٹھڑی کا خیال اس قدر متصرف ہے۔ کہ تم آگے چلنے سے معذور ہو۔ لیکن ہماری زندگی باہمہ وبے ہمہ ہے۔ اسلئے اس قدر املاک و اراضی اور مال و ثروت کا ہم کو ایک ذرہ بھی خیال نہیں۔ اور تن تنہا راہ خدا میں چل کھڑے ہوئے جاتے ہیں رح ؎

دارم دلکے کہ باہر اندیشہ کہ داشت جز یادِ تو بر صفحہ خاطر نگاشت
یادِ تو چناں فرد گرفتش کہ درو گنجائی ہیچ چیز دیگر نگذاشت

چونکہ مال و ملک را از دل براند زاں سلیماں خویش جز مسکیں نخواند

لغات براند۔ دور کر دیا۔ ہٹا دیا۔ مسکین۔ غریب۔ عاجز۔ خاکسار۔ ترکیب شعر میں اضمار قبل الذکر ہے۔

ترجمہ چونکہ حضرت سلیمان ع نے ملک و مال (کی محبت) کو دل سے نکال دیا تھا۔ اس لئے انہوں نے اپنے آپ کو (باوجود اس قدر دولت و حشمت کے) بجز مسکین کے (اور کسی لقب سے) ملقب نہیں کیا۔

مطلب عام دنیاوی بادشاہوں کی عادت ہے کہ فرامین و مراسلات میں اپنے نام کے ساتھ بڑے بڑے متکبرانہ القاب و خطابات درج کرتے ہیں۔ مگر حضرت سلیمان علیہ السلام جن و انس کے بادشاہ اور بحر و بر کے فرمانروا ہونے کے باوجود اپنے آپ کو مسکین و خاکسار کے لقب سے ملقب کرتے تھے۔ اس کی وجہ یہ کہ ان کے دل میں غرور مال و جاہ اور حبِّ شوکت و حشمت کی جگہ نہ تھی۔ لیکن دوسرے دنیاوی بادشاہوں کے

اپنے لئے موجودہ القاب اختیار کرنا دلیل نہیں ہے۔

دلوں پر جذبات قابض ہوتے ہیں جس کا ثبوت یہ کہ آپ اپنے آپ کو مسکین فرمایا کرتے تھے۔ اور یہ بات یا تو صریحاً تواریخ سے ثابت ہوگی یا اشارۃً قرآن مجید کے ان کلمات سے کہ وَاِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمٰنَ یعنی از جانب سلیمان اور یہ اس مکتوب کا عنوان ہے۔ جو آپ نے بلقیس ملکہ سبا کے نام بھیجا تھا۔ اس میں کوئی شاہانہ لقب استعمال نہیں کیا۔ بلکہ ایک منکسر المزاج اور نفس کش درویش کی طرح صرف اپنا نام لکھنے پر کفایت کی۔ اور یہ امر ایک باعظمت بادشاہ سے ظہور پانا اس کے اپنے لئے لقب مسکین و خاکسار استعمال کرنے سے کم نہیں۔ سعدی رح ؎

بزرگے کہ خود را بخردی شمرد — بدنیا و عقبےٰ بزرگی نہ بُرد
ازیں خاکداں بندۂ پاک شد — کہ در پائے کمتر کسے خاک شد

کُوزۂ سربستہ اندر آب رفت — از دلِ پُر باد فوقِ آب رفت

لغات ۔سربستہ۔ جس کا سر باندھا گیا ہو۔ منہ بند کیا ہوا۔ رفت پر۔ فربہ۔ مالامال۔ فوق۔ اوپر

ترجمہ۔ منہ بندھا کوزہ گہرے پانی میں اپنے اندر ہوا کے پُر ہونے سے پانی پر تیرنے لگا (آگے اس مثال کی تطبیق خود فرماتے ہیں)۔

بادِ درویشی چو در باطن بود — بر سرِ آبِ جہاں ساکن بود

لغات باطن اندر۔ قلب ساکن ٹھہرا ہوا۔ صنائع بادِ درویشی اور آبِ جہاں تشبیہات ہیں۔

ترجمہ (چنانچہ) جب دل میں درویشی کی ہوا سمائی ہو۔ تو درویش آدمی دریائے جہاں کی سطح پر ساکن رہتا ہے۔

مطلب۔ آب درکشتی الخ مثال تھی اس کی کہ دنیا داری حبِّ مال کا نام ہے۔ جو دل پر مسلط ہو۔ اور وہی دل کے ہلاک کا باعث ہوتی ہے۔ اب اس دل کی مثال دیتے ہیں۔ جس پر حبِّ مال نہیں۔ بلکہ حبِّ حق مسلط ہو۔ اور اس تمثیل میں دل کو کوزے سے اور حبِّ حق کو ہوا سے تعبیر کیا ہے۔ کہ وہ دنیا کے گہرے تعلقات میں نہیں ڈوبتا۔ کما قال بعضہم ؎

پاک ساز از غیر دل را، شوتہی ہمچوں حباب — کز سبکروحی توانی خیمہ زد بر روئے آب

؎ حافظ آنروز طرب نامۂ عشقِ تو نوشت — کہ قلم بر سرِ اسباب و دلِ خرم زد

آب نتواند مرو را غوطہ داد — کش دِل از نفخۂ الٰہی گشت شاد

لغات کش اصل میں کہ اش ہے۔ اش ضمیر مفعول بمعنی او۔ نفخہ پھونک۔ نفخۂ الٰہی میں فک اضافت ہے

ترجمہ جس کا دل خدائی پھونک سے خوشحال ہوگیا۔ اس کو (یہ) پانی کبھی غوطہ نہیں دے سکتا۔

مطلب۔ جس شخص کے دل میں اللہ کی محبت و معرفت نے گھر کر لیا۔ اور وہ اس مسرت حقیقی سے مسرور ہے۔ اس پر حبِّ دنیا کا کبھی تسلط نہیں ہو سکتا۔ عراقی رح ؎

ما مستِ الستیم ز میخانۂ محبوب — پروا بہ سر و جبّہ و دستار نداریم

گرچہ جملہ این جہاں مِلکِ وے است　　مُلکِ در چشمِ دل اولاشے است

لغات مِلک یتیم کے کسر سے حق۔ کسی چیز کا مالک ہونا۔ لاشے ناچیز۔ ہیچ۔ جو کچھ نہ ہو صنائع مِلک اور مُلک میں تجنیس محرف

ترجمہ اگرچہ یہ سارا جہان اس (عارف) کی ملک ہو۔ (مگر) بادشاہی اس کے دل کی نظر میں ہیچ ہے۔

مطلب۔ چونکہ دولتِ معرفت دنیوی جاہ و حشمت سے بمدارج اعلیٰ وارفع ہے۔ اس لئے یہ لوگ اس دولت سے متمتع ہو کر تاج و تخت کی پروا نہیں کرتے۔ امیر خسرو رح ؎

محنتِ تاج و سریر گر بقفایت دود　　تو بگدایاں گریز دولت ازیشاں طلب

پس دہانِ دل ببند و مُہر کن　　پُر کنش از بادگیرِ مِنْ لَّدُنْ

لغات۔ مہر کن۔ مُہر لگا دے۔ کنایہ ہے اس سے کہ اُس کو ایسا بند کر دے کہ پھر خارج کا کوئی اثر اس میں نہ پڑے۔ بادگیر۔ روشندان۔ وہ دیواری دریچے یا سُوراخ جو ہوا کے رُخ مکان میں رکھے جاتے ہیں۔ تاکہ تازہ ہوا اندر داخل ہوتی رہے۔ من لدن از نزد۔ پاس سے۔ مراد از نزد حق۔ اللہ کے ہاں سے۔

ترجمہ پس (اے مخاطب) دل کا منہ بند کر دو۔ اور مہر لگا دو (پھر) اس کو من لدن کے دریچے سے (علم لدنی کی ہوا سے) بھر لو۔

مطلب۔ اپنے دل کا روزن کھول دو۔ یعنی اپنے اندر صلاحیت قبول اور استعداد اخذ پیدا کرو۔ تاکہ اللہ کے پاس سے فیوض غیب کی ہوا آکر اس میں داخل ہو۔ صائب رح ؎

ہیچ روزن بے فروغ آفتابِ فیض نیست　　دیدۂ سوزن بکارِ خویشتن بینا بود

وقال بعضہم ؎

ہست بر ذرّات یکساں پرتوِ خورشید فیض　　لیک باید جوہر قابل کہ گردد لعلِ ناب

جہدِ حق ست و دوا حق ست و درد　　منکر اندر نفیِ جہدش جہد کرد

ترجمہ کوشش برحق ہے۔ اور دوا برحق ہے اور درد بھی (حق ہے خود) منکر (کو دیکھ لو کہ) اپنے جہد کی نفی میں جہد سے کام لے رہا ہے۔

مطلب دنیا میں اسباب و علل باہم مرتبط ہیں۔ اور ہر شخص ان اسباب و مسببات کے باہم ارتباط و ترتب کے مطابق عمل کر رہا ہے۔ حتیٰ کہ منکر سعی بھی خود اپنے معاملات و ضروریات میں سامی دیکھا جاتا ہے۔ کم از کم یہ تو ظاہر ہے کہ وہ سعی و جہد کے انکار میں جو زور لگاتا ہے۔ بحث کرتا ہے۔ دلائل تراشتا ہے یہ بھی تو سعی ہے۔ سلسلۂ اسباب میں سے ایک مثال مرض اور دوا کی ہے۔ چنانچہ جب کوئی مرض عارض ہوتا ہے۔ تو وہ سبب بنجاتا ہے استعمال دوا کی تحریک کا۔ پھر یہ تحریک سبب بنجاتی ہے دوا حاصل کرنے اور اسکے استعمال میں سعی کرنے کی۔ اور یہ تسبیب و توفیق کسی کی خود ساختہ نہیں۔ بلکہ خاص قدرت الٰہیہ کی طرف سے ہے چنانچہ روایت ہے کہ فرمایا جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ مَا اَنْزَلَ اللّٰہُ دَاءً اِلَّا اَنْزَلَ لَہٗ شِفَاءً۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے کوئی بیماری ایسی نہیں اتاری جسکے لئے شفا نہ اتاری ہو۔ اور ظاہر ہے کہ حصول شفا عموماً اختیار اسباب پر موقوف ہے۔ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰہ۔

اور حصول شفا کے لئے احادیث میں سینگیاں لگوانے اور بعض اشیاء مثلاً شہد۔ کالا دانہ۔ قسط بحری کے استعمال کرنے کی تعریف مروی ہے۔ تو یہ سب کچھ سعی نہیں تو اور کیا ہے۔ صائب رح ؎

ازاں رو نیستند از پردہ اسباب مستغنی ز بوئے پیرہن یعقوب پیغمبر شود بینا

دوسرے مصرعہ کا مطلب ایک اور طرح بھی ہو سکتا ہے۔ کیونکہ جد کے معنی محنت و مشقت کے بھی ہیں۔ اس لحاظ سے ترجمہ یوں ہوگا۔ کہ منکر نے اپنی کوشش کے انکار میں (جو ایک بدیہی امر ہے ناحق) جھک ماری۔ صائب رح ؎

آں را کہ تازیانہ زرگہائے گردن ست ہر دعوی خلاف کہ کند پیش ے برد

کسب کن سعیے نما و جہد کن تا بدانی سر علم من لدن

ترجمہ کسب کرو محنت اور کوشش بجالاؤ۔ تاکہ تم کو علم من لدن کا راز معلوم ہو جائے۔

مطلب یعنی جب تم کوشش کرکے اس کے ثمرات سے متمتع ہوگے۔ تو تم کو اس علم کا راز اللہ تعالے کی طرف سے معلوم ہو جائیگا۔ کہ اسباب و مسببات کے ارتباط میں کیا کیا حکمتیں ہیں۔

گرچہ ایں جملہ جہاں پر جہد شد جہد کے در کام جاہل شہد شد

لغات۔ کام منہ۔ تالو شہد سے خوشگوار مراد ہے۔

ترجمہ اگرچہ یہ تمام جہان سعی و کوشش سے پُر ہو رہا ہے۔ (مگر) جاہل کے منہ میں وہ کب خوشگوار و شیریں ہو سکتا ہے۔

مطلب۔ یعنی اگرچہ دنیا جہان کے تمام کاروبار سلسلہ اسباب و علل میں مقید و مربوط ہیں۔ اور ہر شخص ادنی غور و فکر سے ان کو سمجھ سکتا ہے۔ مگر جاہل آدمی جس کو ترک سعی اور توکل مزعوم کا خیال باطل ہے۔ کبھی ان کا قائل نہیں ہوتا۔ اس شعر کا مطلب باحتمال بعید ایک اور طرح بھی ہو سکتا ہے۔ یعنی اگرچہ تمام دنیا جہان میں جدّ و جہد جاری ہے۔ (مگر اس کے ثمرات حاصل کرنے کے لئے عقل شرط ہے) ایک جاہل (و بدتدبیر آدمی) کے منہ میں کوشش و سعی کب (کامیابی کا) شہد بن سکتی ہے۔ (اور ایسی صورت میں سعی کا غیر مثمر ہونا مسلم ہے۔ مگر یہ قصور عقل کی وجہ سے ہے۔ نہ کہ نفس سعی کے غیر مفید ہونے کی وجہ سے)

مقرر شدن ترجیح جہد بر توکل

توکل پر کوشش کی ترجیح کا ثابت ہو جانا

زیں نمط بسیار برہاں گفت شیر کز جواب آں جبریاں گشتند سیر

لغات نمط طریقہ۔ طرز۔ برہان دلیل۔ سیر چونکہ طعام کھانیوالا سیری کے بعد منہ بند کرلیتا ہے۔ اس لئے سیر مجازاً مرسل ہے۔ خاموشی و لب بستگی کے لئے از قبیل تسمیۃ المسبب باسم السبب۔

ترجمہ اسی طرح کی بہت سی دلیلیں شیر نے بیان کیں۔ جن کے جواب سے وہ جبر کے قائل خاموش (و لاجواب) ہوگئے۔

رُوبہ و خرگوش و آہو و شغال جبر را بگذاشتند و قیل و قال

لغات روبہ لومڑی۔ آہو۔ ہرن۔ شغال گیدڑ۔ قیل و قال گفتگو۔ بحث۔ مناظرہ۔
ترجمہ لومڑی خرگوش ہرن گیدڑ (غرض سب نے) جبر (کے عقیدے) کو چھوڑ دیا۔ اور محنت بازی سے باز آئے۔

عہدہا کردند با شیرِ ژیاں کاں دریں بیعت نیفتد در زیاں

لغات ژیاں۔ غضبناک تند و تیز۔ بیعت عہد و اقرار۔ زیاں نقصان صنائع ژیاں اور زیاں میں جناس مضارع
ترجمہ انہوں نے شیرِ ژیاں سے عہد کر لیا۔ کہ اس وعدہ و اقرار میں وہ نقصان نہیں اُٹھائے گا۔

قسمِ ہر روزش بیاید بے ضرر حاجتش نبود تقاضائے دگر

لغات قسم حصہ۔ بخرہ۔ بے ضرر بلا تکلیف دگر دوبارہ۔
ترجمہ۔ اس کا روزانہ بخرہ بلا تکلیف حاضر ہو گا (اور) اسکو مکرّر تقاضا کرنے کی ضرورت نہ ہو گی

عہد چوں بستند و رفتند از نہاں سوئے مرعائے ایمن از شیرِ ژیاں

جملہ بنشستند یکجا آں وُحوش اوفتادہ در میانِ جملہ جوش

لغات۔ مرعا چراگاہ وحوش جنگلی جانور۔ وحش کی جمع۔ اور وحش وحشی کی جمع ہے۔ گویا وحوش جمع الجمع ہے۔
ترجمہ جب انہوں نے (باہم) عہد کر لیا۔ اور اسیوقت تند خو شیر سے مطمئن ہو کر چراگاہ کی طرف گئے (تو) وہ وحشی (جانور) ایک جگہ جمع ہو بیٹھے (اس وقت) ان سب میں جوش پھیل رہا تھا۔

ہر کسے تدبیر و رائے میزدے ہر کسے در خونِ ہر یک مے شدے

ترجمہ (ان میں سے) ہر ایک اپنی اپنی تدبیر اور رائے لڑاتا تھا۔ اور ہر ایک دوسرے کے خون کے درپے ہو رہا تھا +

مطلب یعنی ہر جانور یہ چاہتا تھا۔ کہ میں بچ جاؤں۔ اور شیر کی غذا بننے کے لئے دوسرا جائے۔

عاقبت شد اتفاقِ جملہ شاں تا بیاید قرعہ اندر میاں

لغات۔ عاقبت آخرکار۔ قرعہ پانسہ۔ چوب پارہ قاف کے ضمے سے۔
ترجمہ آخر ان سب کا (اس بات پر) اتفاق ہو گیا۔ کہ آپس میں قرعہ ڈالا جائے

قرعہ بر ہر کو زند او طعمہ است بے سخن شیرِ ژیاں را لقمہ است

لغات زند پڑے۔ واقع ہو۔ طعمہ خوراک۔ بے سخن لاکلام۔ بیشک۔ بلا عذر۔ اس شعر کا قافیہ ماں نظر ہے۔

ترجمہ جس (کے نام) پر قرعہ پڑے وہ (شیر کی) خوراک ہے۔ بلا عذر وہ تندخو شیر کا لقمہ ہے۔

ہم بریں کردند آں جملہ قرار　　قرعہ آمد سر بسر را اختیار

ترجمہ ان سب نے اسی پر فیصلہ ٹھہرایا (اور) قرعہ سب کو پسند آگیا۔

قرعہ بر ہر کو فتادے روز روز　　سوئے آں شیر او دویدے ہمچو یوز

لغات روز روز میں یائے الحاق محذوف ہے یعنی روز بروز۔ یوز چیتا جس کو عربی میں فہد کہتے ہیں۔ پلنگ کو چیتا کہنا غلطی ہے۔ ہندی میں اس کا نام تیندوا ہے۔ اور عربی میں اس کو نمر کہتے ہیں۔

ترجمہ (چنانچہ) جس کے نام پر قرعہ پڑتا تھا۔ وہ شیر کی طرف چیتے کی طرح (تیزی سے) دوڑ کر جاتا تھا۔

انکار کردن نخچیراں بر خرگوش در تاخیر رفتن بر شیر

خرگوش کے شیر کے پاس جانے میں تاخیر کرنے پر شکاروں کا ناپسندیدگی ظاہر کرنا

چوں بنوبت گوش آمد ایں ساغر بدور　　بانگ زد خرگوش کا خر چند جور

لغات ساغر جام شراب دور چکر۔ مجلس شراب میں باری باری سب کو جام پلایا جانا۔ یہاں دور ساغر استعارہ ہے قرعہ سے۔ بانگ آواز درشت ڈانٹ۔

ترجمہ جب یہ (قرعہ کی باری کا) پیالہ گھوم کر خرگوش کے سامنے آیا۔ تو اس نے چلا کر کہا آخر کہاں تک ظلم (ہوتا رہیگا)

قوم گفتندش کہ چندیں گاہ ما　　جاں فدا کردیم در عہد وفا

ترجمہ جماعت نے کہا ہم نے اتنی بار عہد وفا میں اپنی جان قربان کی ہے۔ (تو کیوں ناحق چلاتا ہے) مطلب قوم سے آہو گورخر گوزن خرگوش وغیرہ مختلف انواع وحوش مراد ہیں۔ اور جان سے ہر نوع کے افراد مقصود ہیں یعنی ہر نوع کے جانوروں نے کہا ہم اپنے اپنے افراد شیر کی نذر کر چکے ہیں۔ تم کیوں اپنی باری سے ٹلتے ہو۔

تو مجو بدنامی ما اے عنود　　تا نرنجد شیر رو تو زود زود

لغات عنود عین کے فتحہ اور نون کے ضمہ سے جھگڑالو۔ ضدی۔ ہٹیلا۔

ترجمہ اے ہٹیلے تو ہماری بدنامی کا طالب نہ بن۔ جلدی جلدی جا کہ شیر خفا نہ ہو جائے۔

جواب گفتن خرگوش نخچیراں را و مہلت خواستن

خرگوش کا شکاروں کو جواب دینا اور مہلت چاہنا

گفت اے یاراں مرا مُهلت دہید تا بمکرم از بلا ایمن شوید

ترجمہ وہ بولا۔ اے یارو مجھے مہلت دو۔ تاکہ میری تدبیر کی بدولت تم (اس روز روز کی) مصیبت سے بخت ہو جاؤ۔

تا اماں یابد زمکرم جانِ ناں ماندایں میراثِ فرزندانِ ناں

لغات ناں ضمیر اضافی جمع مخاطب میراث ورثہ۔ موروثی چیز۔ پشتینی۔ ترکیب ایں کا مشارٌ الیہ صحرا دیا بہ محذوف ہے۔ ترجمہ تاکہ تمہاری جان میری حیلہ گری کے طفیل امن حاصل کرے۔ اور یہ (جنگل) تمہاری اولاد کی میراث بنا رہے۔

ہر پیمبر اُمّتاں را در جہاں ہمچنیں تا مخلصی میخواندشاں

لغات ہمچنیں اسم اشارہ تشبیہی ہے جس کا مشارٌ الیہ وہ تدبیر نجات ہے جو فرگوش کا نصب العین تھی۔ مخلصی نجات اس میں یائے مصدری ہے۔

ترجمہ اسی طرح ہر پیغمبر دنیا میں اقوام (عالم) کو نجات کی طرف بلاتا رہا ہے۔

مطلب وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ اهْتَدَوْا وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ۔ اے پیغمبر اہل کتاب اور عرب کے جاہلوں سے کہو۔ کہ تم بھی اسلام لاتے ہو یا نہیں پس اگر اسلام لے آئیں۔ تو بیشک راہ راست پر پڑ لئے اور اگر منہ موڑیں۔ تو تم پر صرف پہنچا دینا ہے (آل عمران ۲۰) اگرچہ یہاں نجات سے جیسے کہ آیندہ شعر سے اشارہ پایا جاتا ہے۔ فنبود دنیا سے رستگاری مراد ہے۔ جو پیغمبروں کی تعلیم کا مقصد ہے۔ مگر یہ کلمات ظاہری معنی پر بھی محمول ہو سکتے ہیں۔ یعنی جس طرح وہ فرگوش حیوانات صحرا کو شیر کے پنجۂ ستم سے نجات دلانا چاہتا تھا۔ اسی طرح حضرات انبیاء نے اپنی اپنی امتوں کو ظالم لوگوں کے پنجے سے نجات دلائی ہے۔ مثلاً حضرت موسیٰ ع نے بنی اسرائیل کو فرعون کے ہاتھ سے چھڑایا۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کو مشرکین مکہ کے جور و جفا سے بچایا۔

کز فلک راہِ بروں شو دیں بود در نظر چوں مردمک پیچیدہ بود

لغات بروں شو باہر نکلنے والا۔ مردمک آنکھ کی پتلی۔ پیچیدہ۔ مخلوط۔ ملا جلا۔ غیر ممتاز۔ مستور۔

ترکیب شروع شعر میں کاف بیانیہ ہے جس کا مبین پیمبر ہے۔ شعر سابق میں یہ کاف تعلیلیہ ہے۔ اس صورت میں یہ مصرعہ علت اور اوپر کا شعر معلول ہوگا۔

ترجمہ (۱) جنہوں کے آسمان سے باہر نکل جانیوالا رستہ دریافت کیا ہوا تھا۔ یا (۲) کیونکہ انہوں نے آسمان سے باہر نکل جانے کا رستہ دریافت کیا ہوا تھا۔ اگرچہ وہ (عوام کی) نظر میں آنکھ کی پتلی کی طرح مستور تھے۔

مطلب حضرات انبیاء ع نے اپنی بصیرت کے نور سے اس عالم دنیا سے جو محدود بفلک ہے نجات پانے کا رستہ دیکھا ہوا ہے۔ اور تمام پیغمبر اسی راہ سے اپنی امت کو دنیا سے نکال کر مراتب اخروی کی طرف لیجانے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ صائب ع ؎

گرچہ در ظاہر بزیر دست و پا افتادہ اند بگذرند از نہ فلک چوں رخش ہمت زیں کنند

مگر عوام کالانعام نہ تو انکے اس مقصد عالی کو سمجھتے ہیں۔ نہ وہ انکی ان مساعی جمیلہ کے قدر شناس ہیں۔ اور نہ ان کی نظر میں پیغمبر کی شخصیت کوئی خاص نمایاں حیثیت رکھتی ہے۔ بلکہ وہ ان کو صرف بَشَرٌ مِّثْلُنَا سمجھتے ہیں۔

سعدی رح بسر وقتِ شاں خلق کے رہ برند کہ چوں آبِ حیواں بظلمت درند

چو بیت المقدس دروں پر زتاب رہا کردہ دیوارِ بیروں خراب

مُردمش چوں مَردمک دیدند خُرد در بُزرگی مَردمک کس رہ نبرد

لغات۔ خُرد خار کے ضمہ سے چھوٹا۔ باریک۔ ریزہ ریزہ اس کلمہ کو واو کے ساتھ لکھنا غلطی ہے۔ واو کے ساتھ مصدر خوردن کھانا کا صیغہ ماضی مطلق خورد لکھا جاتا ہے۔ رہ بردن پتہ لگانا۔ سراغ نکالنا۔ بزرگی مردمک میں فک اضافت ہے۔

ترجمہ (مگر کوتاہ بیں وناقدر شناس) لوگوں نے ان کو آنکھ کی پتلی کی طرح چھوٹا سمجھا (اور) اس پتلی کی بزرگی کا کسی کو پتہ نہ ملا۔

مطلب جس طرح مردمک چشم ایک نہایت چھوٹے جثے اور قلیل مقدار کی چیز ہے۔ مگر اس میں کوہ ودریا۔ دشت وصحرا بحر وبر۔ ارض وفلک جیسی بڑی بڑی مخلوقات کو مشاہدہ کرنے کی طاقت موجود ہے۔ اور بادی النظر میں اس حقیر سی چیز میں اتنی بڑی طاقت کا ہونا موجب حیرت ہے۔ اسی طرح انبیاء کرام علیہم السلام بظاہر دوسرے انسانوں سے ملتے جلتے انسان ہوتے ہیں۔ مگر ان کے فوق العادۃ کام ان کو فرشتوں سے بھی افضل ثابت کرتے ہیں اور عوام ان کے کمالات کا اندازہ نہیں لگا سکتے۔ بلکہ ان کو معمولی انسان سمجھتے ہیں۔ خاقانی رح ؎

امروز قدرِ گوہر وخارا برابر است بادِ سموم وبادِ مسیحا برابر است

چوں در مشامِ اہلِ جہاں نیست امتیاز سرگینِ گاو وعنبر سارا برابر است

اعتراض نخچیراں بر سخن خرگوش

شکاروں کا خرگوش کی بات پر اعتراض کرنا

قوم گفتندش کہ اے خرِ گوش دار خویش را اندازۂ خرگوش آر

لغات۔ خرگردھا۔ مراد بیوقوف۔ احمق۔ پاجی۔ گوش دار۔ گوش داشتن سننا سے صیغہ امر۔ **صنائع**۔ خرگوش دار کے دونوں کلموں میں صنعت تجنیس تام ہے بعض نسخوں میں پہلا مصرعہ یوں ہے۔ قوم گفتندش کہ اے خرگوش زار یعنی جماعت نے کہا۔ اے حقیر خرگوش یہ نسخہ بھی صحیح ہے۔ مگر اس صورت میں صنعت قائم نہیں رہتی۔ اور پہلے نسخہ کے مرجح تین امور ہیں۔ اول تو مولانا رحمۃ اللہ علیہ کی عادت ہے کہ وہ مثنوی کے اشعار میں صنعتِ تجنیس کو سب صنائع سے زیادہ استعمال کرتے ہیں۔ لہذا آپ کی عادت نسخہ سابق کے لئے مرجح ہے۔ دوسرے نسخہ ثانیہ کی صورت میں کوئی خاص لفظی خوبی یا معنوی ندرت نہیں ہے۔ تیسرے قیاس سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ ناقل اس صنعت کے نکتہ کو نہیں پہنچا۔ اس نے قافیہ کو مکرر سمجھ کر اپنی تجویز سے دار کی بجائے زار لکھ لیا ہوگا۔

ترجمہ (وحشیوں کے) گروہ نے اسکو کہا کہ او بیوقوف! سن تو سہی۔ اپنے آپ کو (صرف) ایک خرگوش

کی حیثیت میں رکھ (اپنی بساط سے زیادہ شیخی نہ بھگار) نظامی رح ؎

بمو بالا تر از جولانِ خود جاے — مکش بیش از گلیم خویشتن پاے
بقدرِ شغلِ خود باید زدن لاف — کہ زر دوزی نداند بوریا باف

ہیں چہ لاف ست ایں کہ از تو مہتراں — در نیاورند اندر خاطرآں

لغات لاف گپ۔ شیخی۔ خودستائی۔ مہتراں سردار لوگ۔ بزرگ۔ خاطر دل۔

ترجمہ خبردار! یہ کیا شیخی (بھگارتا) ہے۔ کیونکہ تجھ سے بڑے بڑے سردار تو ایسی بات (منہ سے نکالنے) کا خیال تک نہیں کرتے (پھر تیری کیا ہستی ہے کہ لاف زنی کرے)

سعدی ؎

بزرگی بناموس و گفتار نیست — بلندی بدعوی و پندار نیست
پیاز آمد آں بے ہنر جملہ پوست — کہ پنداشت چوں پستہ مغز درست

مُعجبی یا خود قضا ماں در پئے ست — ورنہ ایں دم لائق چو تو کے ہست

لغات معجب خود پسند۔ اسکے ساتھ یا خطاب یعنی ہستی ہے۔ قضاماں۔ موت ما۔ اسمیں فک اضافت ہے۔ دم دعوی

ترجمہ (یا تو) خود پسندی (کی) غلطی میں پڑ گیا ہے یا ہماری قضا سر پر کھیلتی ہے۔ ورنہ یہ دعوی تجھ جیسے (حقیر) کے لائق کب ہے۔ حافظ رح ؎

بر تختِ جم کہ تاجبش محراب آفتاب ست — ہمت نگر کہ مورے بایں حقارت آمد

گفت اے یاراں حقم الہام داد — مر ضعیفے را قوی رائے فتاد

لغات الہام وہ بات جو غیب کے اشارے سے بندے کے دل میں اترے۔ مر حرف زائد۔ تحسین کلام کے لئے آتا ہے۔ اور کبھی حصر و تخصیص کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے ع مرورا رسد کبریا و منی۔ فتاد سے پہلے در دل محذوف ہے۔ یعنی در دل فتاد سوجھ گئی۔ خیال میں آگئی

ترجمہ وہ بولا اے یارو خدا نے مجھے الہام کیا ہے۔ ایک عاجز کو ایک قوی رائے سوجھ گئی۔ حافظ رح ؎

چوں صبا با دل بیمار و تن بیطاقت — بہواداری آں سرو خراماں بروم

آنچہ حق آموخت مر زنبور را — آں نباشد شیر را و گور را

لغات زنبور سے زنبور عسل یعنی شہد کی مکھی مراد ہے۔ گور گورخر۔ جنگلی گدھا۔ گاو دشتی۔

ترکیب نباشد کی خبر حاصل یا میسر محذوف ہے۔

ترجمہ (دیکھو) خدا نے جو کچھ (ہنر) شہد کی مکھی کو سکھایا ہے۔ وہ شیر اور گورخر کو بھی (میسر) نہیں۔

مطلب اگر خدا چاہے۔ تو ایک ادنے و حقیر مخلوق کو ایسی خصوصیت اور ایسا امتیاز بخشدے۔ جس سے بڑی بڑی مخلوق محروم ہو۔ شہد کی مکھی اور اس کا حیرت انگیز کام اس کی پہلی مثال ہے۔ جامی رح ؎

لطفِ عمیم دوست مرا خاص خویش خواند — ورنہ مرا چہ حد کہ زنم لافِ اختصاص

خانہا سازد پُر از حلوائے تر حق بروآں علم را بکشود در

لغات حلوائے تر نرم ولذیذ حلوا۔ یہاں اس سے شہد مراد ہے۔ را عموماً علامت مفعول ہوتی ہے۔ مگر یہاں علامت اضافت ہے جسمیں در مضاف موخر اور آں علم مضاف الیہ مقدم ہے۔ سازد متعدی بیک مفعول یعنی بنا نہد۔ گھر بناتی ہے۔ اور اس صورت میں پر از حلوائے تر حال ہوگا۔ خانہا کا۔ یا خانہائے دیگر متعدی بدو مفعول بھی ہوسکتا ہے یعنی گھروں کو پُر کرتی ہے۔ اور اس صورت میں "پُر" مفعول ثانی ہوگا۔

ترجمہ (شہد کی مکھی) تر و تازہ حلوے سے بھرے بھرائے خانے بناتی ہے۔ اللہ تعالےٰ نے اس پر اس فن کا دروازہ کھول دیا۔ (یا یوں کہو۔ شہد کی مکھی) گھروں کو شہد سے پُر کر لیتی ہے۔ الخ

مطلب وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ۝ ثُمَّ كُلِيْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ۭ يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَاۗءٌ لِّلنَّاسِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ پروردگار نے شہد کی مکھی کے دل میں یہ بات ڈالی کہ پہاڑوں میں درختوں میں اور لوگ جو اونچی اونچی ٹٹیاں بنا لیتے ہیں۔ ان میں چھتے بنا پھر ہر طرح کے پھلوں سے چوستی پھر۔ پھر اپنے پروردگار کے آسان طریقوں پر چلی جا۔ مکھیوں کے پیٹ میں سے پینے کی ایک چیز نکلتی ہے۔ جس کی رنگتیں کئی طرح کی ہوتی ہیں۔ اور ان میں لوگوں کی بہت سی بیماریوں کی شفا ہے۔ بیشک اس میں غور کرنیوالوں کے لئے (قدرت خدا کی) نشانی ہے۔ (سورۂ نحل ۶۹)

آنچہ حق آموخت کرم پیلہ را ہیچ پیلے داند آنگوں حیلہ را؟

لغات کرم پیلہ ریشم کا کیڑا۔ پیل ہاتھی۔ آنگوں اس قسم کا۔ ایسا حیلہ تدبیر۔ اہتمام۔ تردد۔

صنائع پیلے اور پیلہ میں مناسبت لفظی ہے۔

ترجمہ اللہ تعالیٰ نے جو ہنر ریشم کے کیڑے کو سکھایا ہے۔ بھلا کوئی ہاتھی بھی ایسا کام کرجانتا ہے؟

مطلب یہ دوسری مثال ہے۔ اس کی کہ اللہ تعالیٰ اپنی قدرت سے حقیر ترین مخلوق سے وہ کام کراتا ہے جو عظیم الجثہ مخلوق سے نہ ہوسکیں۔ جامی رح ؎

ہر خشتے از کنشت شود کعبۂ دگر گر پرتو جمال تو افتد بسومنات

آدم خاکی ز حق آموخت علم تا بہفتم آسماں افروخت علم

لغات خاکی منسوب بہ خاک۔ مٹی سے بنا ہوا۔ تا غایت کے لئے یعنی از زمین تا فلک ہفتمین۔ افروخت روشن کردیا۔

ترجمہ حضرت آدم علیہ السلام نے جو خاک سے بنے ہوئے تھے۔ اللہ تعالیٰ سے علم (اسما) سیکھ لیا۔ تو (اس) علم نے (زمین سے لیکر) ساتویں آسمان تک (سب کچھ ان پر) روشن کردیا۔

مطلب یہ تیسری مثال ہے اسکی کہ اللہ تعالیٰ ایک ضعیف کو ایسے علم و الہام سے مشرف فرماتا ہے جو

کسی قوی کو بھی نصیب نہیں ہوتا۔ چنانچہ حضرت آدم علیہ السلام ہر چند کہ خاک کے کثیف و تاریک مادے سے بنے ہوئے تھے بخلاف ان کے فرشتے نور سے اور شیطان آگ سے پیدا ہوا تھا۔ اور یہ دونوں نورانی اور اعلیٰ مادے ہیں۔ مگر بفحوائے وَعَلَّمَ آدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا (اور سکھا دئے آدم علیہ السلام کو چیزوں کے نام) جب اللہ تعالیٰ نے ان کو علم اسماء سکھا دیا تو وہ اس فضیلت میں فرشتوں سے بھی سبقت لے گئے۔ قال بعضہم ؎

گر آدمی صفتی از ملک گرو ببری — کہ سجدہ گاہ ملک خاک آدمی زاد ست
نظامی رہ تو آں نوری کہ چرخت طلعت شمع ست — نمودار دو عالم در تو جمع ست

نام و ناموس ملک را درشکست — کوری آنکس کہ با حق درشکست

لغات نام نام آوری۔ شہرت۔ ناموس عزت۔ فخر مرتبہ کوری اندھا پن **صنائع** درشکست اور درشک ست میں صنعت تجنیس

ترجمہ جنہوں نے فرشتوں کے نام و فخر کو مات کر دیا۔ اس شخص کا بے بصیرت ہونا (ظاہر) ہے۔ جو (اس پر بھی) خدا (کی اس قدرت) کے بارے میں شک کرتا ہے۔

مطلب جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو علم اسماء سکھا دیا یعنی دنیا بھر کی سب چیزیں اور اُنکے نام بتا دیئے۔ اور کچھ چیزیں فرشتوں کے پیش کر کے فرمایا۔ تم ان کے نام بتاؤ۔ تو وہ ان کے نام عرض کرنے سے عاجز آ گئے۔ چنانچہ قَالُوْا سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝ فرشتوں نے عرض کیا۔ پاک ہے تو ہم کو کوئی علم نہیں۔ مگر وہی جو تو نے ہم کو سکھلا دیا۔ بیشک تو بڑا علم والا اور حکمت والا ہے۔ مگر جب حضرت آدم علیہ السلام کو ان کے نام بتانے کا حکم ہوا۔ تو انہوں نے فوراً سب کے نام بتا دیئے۔ اس سے فرشتوں کا فخر و جاہ مات پڑ گیا جس کی رو سے وہ اپنے آپ کو آدم علیہ السلام سے افضل سمجھتے تھے۔

زاہد شش صد ہزاراں سالہ را — پوز بندے ساخت آں گوسالہ را

لغات شش صد ہزاراں۔ چھ لاکھ۔ زاہد شش صد ہزاراں سے مراد ابلیس ہے جس کی نسبت لکھا ہے۔ کہ اسنے چھ لاکھ برس تک زمین و آسمان کے مختلف مقامات و مدارج میں خدا کی عبادت کی تھی۔ پوز بند بائے فارسی کے ضمہ اور واو مجہول سے وہ جالی دار دہان بند جو بچھڑے کے منہ پر باندھ دیتے ہیں تاکہ بموقع گائے کے تھنوں سے دودھ پینے نہ لگ جائے۔ گوسالہ بچھڑا۔ یہ لقب شیطان کو اس لحاظ سے دیا ہے۔ کہ وہ باوجود کہن سالی و تجربہ کاری کے بوقت امتحان خام کار و کم تجربہ ثابت ہوا۔ چنانچہ آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے کی تھوڑی سی بات پر لغزش کھا گیا۔ اور راندہ درگاہ ہو گیا۔ **ترکیب** زاہد شش صد ہزاراں سالہ ترکیب توصیفی مبدل منہ گوسالہ بدل مل کر مفعول بہ اول ہوا ساخت کا پوز بندے مفعول بہ ثانی۔ دوسرے مصرعہ میں حرف "را" زائد ہے۔

ترجمہ چھ لاکھ برس کے زاہد (یعنی ابلیس) کو (دیکھو۔ خدا نے) اس (خام طمع) بچھڑے کے منہ پر کیسی مہری باندھی ہے۔

مطلب جب ابلیس کو حکم ہوا۔ کہ آدم علیہ السلام کو سجدہ کرو۔ تو اس نے ازراہ تکبر کہا۔ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ۝ میں اس سے کہیں بہتر ہوں۔ مجھ کو تو نے آگ سے پیدا کیا ہے۔ اور اسکو تو نے مٹی سے بنایا (ص ۷۶)

اور اس کا یہ تکبر اس کے لئے جہل و تعصب کا پوز بند بن گیا۔ یعنی ترقیات علمی و عملی اس پر بند ہو گئیں۔ جو خود پسندی اور عُجب و غرور کے خاص نتائج سے ہے۔ ؎

خود پسندی ہے جہالت کی دلیل — بند ہو اس سے ترقی کی سبیل
اپنا علم اپنا کمال اپنا جمال — جانتا ہو جو جہاں میں بیمثال
وہ نہیں گویا کسی کامل سے کم — کیوں کرے گردن کسی کے آگے خم

ایک اور مطلب اس سے زیادہ اقرب معلوم ہوتا ہے۔ کہ شیطان اس کبر و سرکشی کی وجہ سے حظیرہ قدس اور ملاء اعلیٰ سے نکال دیا گیا۔ اور اللہ تعالیٰ نے اس کے منع و حجر کے لئے شہاب ثاقب کا تازیانہ ایجاد فرما دیا۔ جس طرح بچھڑے کے منع و حجر کے لئے اسکے منہ پر پوز بند باندھا جاتا ہے۔ اسیطرح شہاب ثاقب اس گوسالہ ابلیس کا پوز بند ہے

تا نتاند شیرِ علم دیں کشید — تا نگردد گردِ آں قصرِ مشید

لغات نتاند نتواند کا مخفف ہے۔ نہ کر سکے۔ قصر محل۔ عمارت۔ مشید میم کے فتحہ اور شین کے کسرہ سے وہ تعمیر جس پر چونہ گچ کیا گیا ہو۔ مراد مضبوط و محکم۔

صنائع شیر علم دین میں اضافت تشبیہی ہے۔ قصر مشید استعارہ بالتصریح ہے۔ عالم قدس اور ملاء اعلیٰ سے۔

ترجمہ تاکہ وہ (ابلیس) علم دین کا دودھ نہ پی سکے۔ تاکہ وہ اس مستحکم محل کے پاس تک نہ پھٹکے۔

مطلب اس سے پہلے شعر میں پوز بند کو دو معنوں پر محمول کیا گیا تھا۔ اب اس شعر کا مطلب بہ تقدیر اول یہ ہے۔ کہ ابلیس کو جہالت و ظلمت رائے میں اس لئے مبتلا کر دیا گیا۔ کہ وہ علم دین کے دودھ پینے اور حقیقتِ آدم کے قصرِ بلند تک پہنچنے سے محروم رہے۔ اور بہ تقدیر ثانی جو اس سے اقرب و اوفق ہے۔ یہ مطلب ہوگا۔ کہ شہاب ثاقب کا تازیانہ شیطان کے منع کے لئے اس لئے قائم کیا گیا۔ کہ وہ ملاء اعلیٰ کی گفت و شنود نہ سن سکے۔ جو امور دینیہ کی درایت کا موجب ہے۔ اور حظیرہ قدس کے مقام کی طرف نہ جا سکے جس کا وہ اب اہل نہیں ہے۔

علمہائے اہلِ حس شد پوز بند — تا نگیرد شیر ازاں علمِ بلند

لغات اہلِ حس محسوسات کے مقید۔ فلاسفہ اور اہل سائنس جن کا علم صرف محسوسات و مشاہدات پر موقوف ہے۔ اور وہ باطنی و سرّی علم کے منکر ہیں۔ نگیرد۔ نوشد نخورد۔ نہ پیئے۔

ترجمہ (اسی طرح) ہر اہل حس کے علوم (اس کے لئے) پوز بند بن گئے۔ تاکہ وہ ان علوم عالیہ (معارف و حقائق) سے دودھ نہ پی سکے۔

مطلب علوم عالیہ سے ممنوع و مجور ہونا صرف شیطان ہی پر منحصر نہیں۔ بلکہ جن لوگوں کا علم مشاہدات و محسوسات تک محدود ہے۔ یعنی اہل فلسفہ۔ وہ بھی معارف باطنیہ اور حقائق غیبیہ سے بہرہ ور نہیں ہو سکتے۔ یعنی ان لوگوں کے علوم نور ایمان سے خالی ہیں۔ عراقی رح ؎

ز صرّافان یونانی و خل ستاں کہ قلابند — ندارد قلب شاں سکہ زدار الضرب ایمانی

قطرۂ دل را یکے گوہر فتاد — کاں بدریا ہا و گردوں ہا نداد

لغات قطرہ سے قطرۂ خون مراد ہے۔ اور دل کو قطرۂ خون بدیں اعتبار کہا گیا ہے۔ کہ وہ ایک لحمی عضو ہے بلا استخوان۔ یا بدیں لحاظ کہ اس کا جوف سراسر مخزون سے بھرا ہوتا ہے۔ ؎

بہت شور سنتے تھے پہلو میں دل کا — جو چیرا تو اک قطرہ خون نکلا

گوہر موتی۔ گوہر علم مراد ہے۔ گردوں آسماں۔ صنائع قطرہ اور دریا میں مناسبات ہیں۔

ترجمہ دل کو جو ایک قطرۂ (خون) ہے۔ ایک ایسا جوہر (علم وعقل) ملا ہے۔ جو (خداوند تعالےٰ نے) دریاؤں اور آسمانوں کو (بھی) نہیں دیا۔

مطلب۔ یہ چوتھی مثال ہے۔ اس مضمون کی تائید میں کہ علم کا دارومدار ظاہری قوت وضعف پر نہیں۔ بلکہ یہ ایک عطیہ الٰہیہ ہے۔ خداوند تعالیٰ جسے چاہے دیتا ہے۔ اس شعر سے اس آیت کے مضمون کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا یعنی بیشک ہم نے یہ امانت آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں کے پیش کی۔ تو ان سب نے اس کے اٹھانے سے عذر کیا۔ اور اس سے ڈرنے لگے۔ اور اس کو انسان نے اٹھالیا بیشک وہ بڑا ظالم اور نادان تھا۔ اور امانت سے مراد بعض نے عشق ومحبت اور بعض نے خلافت الٰہی اور بعض نے علم وعقل لی ہے۔ مگر حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ کہ یہاں امانت سے مراد مکلف اعمال ہونے کی ذمہ واری ہے۔ اور آپ نے اس آیت کی مختصر تفسیر میں نکات عجیبہ اور اسرار نادرہ کا وہ افاضہ فرمایا ہے۔ جسکو آپ کی کرامت کہہ سکتے ہیں۔ اور ہمارے خیال میں اس سے بہتر اس آیت کی تفسیر ممکن نہیں۔ جی چاہتا تھا۔ کہ یہاں اس کو نقل کردیں۔ مگر موقع نہیں۔ جن اصحاب کو اس کے دیکھنے کا شوق ہو۔ کتاب حجۃ البالغہ مطبوعہ مصر جلد اول صفحہ (۱۵۱) پر ملاحظہ فرمالیں۔

غرض امانت سے مراد خواہ کچھ بھی ہو۔ بہرحال یہ ایک ایسا عطیہ کبریٰ ہے۔ کہ انسان ضعیف البنیان کا دل تو اس کا حامل ہوگیا۔ جو ایک قطرۂ خون سے زیادہ وجود نہیں رکھتا۔ مگر کوہ ودریا جیسی بڑی بڑی ہستیاں اس کو اٹھانے کے قابل نہ سمجھی گئیں۔ نظامی رح ؎

دلِ عالم توئی خود را مبیں خرد — بایں ہمت تواں گوئے از فلک بُرد

چناں داں کایزد از خلقت گزید — جہاں خاص از پئے تو آفرید

چند صورت آخر اے صورت پرست — جانِ بے معنیت از صورت نرست

لغات چند مراد تا چند۔ تا کے۔ کب تک صورت پرست ظاہر پر مرنے والا۔ بے معنی جس میں کوئی معنوی خوبی نہ ہو۔

ترجمہ اے صورت پرست آخر کب تک (تو گرفتار) صورت رہیگا۔ افسوس (!) تیری بے معنی جان نے صورت (کے خیال سے) نجات نہ پائی۔

مطلب۔ اوپر ذکر آرہا ہے کہ یہ ضرور نہیں۔ کہ ظاہری قوت وبزرگی باطنی کمال کا موجب ہو۔ بلکہ بعض اوقات ایک ضعیف الوجود، خفیف الجثہ اور حقیر صورت چیز بڑی بڑی قوی ہیکل اور بلند بالا مخلوق سے گوئے سبقت لیجاتی ہے اس پر تفریع کرکے کہتے ہیں۔ کہ تم کو ظاہر پرستی مناسب نہیں۔ صرف ظاہری صورت پر ایک چیز کے قابل و ناقص ہونے کا قیاس نہ کر دیا کرو۔ ؎

تنگنائے شہر صورت نیست جانی جائے تو — سوئے معنی رو کہ ہست آں ملک را معنی فراخ
ہر کہ قانع شد بوے گل ز گل در پردہ ماند — یوسفے پیراہن مجاب یوسف سیمیں تن ست

گر بصورت آدمی انساں بُدے — احمدؐ و بُوجہل خود یکساں بُدے

ترجمہ اگر آدمی (صرف) صورت کی بدولت انسان (کہلانے کا مستحق) ہوتا (اور باطن کا کچھ لحاظ نہ ہوتا) تو (معاذ اللہ) پھر جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور ابو جہل برابر ہوتے۔

مطلب ۔ ظاہر کا کوئی اعتبار نہیں۔ فوقیت و افضلیت صرف باطنی کمال پر موقوف ہے۔ ہاں جو لوگ باطن شناسی کا نور بصیرت نہیں رکھتے۔ ان کے نزدیک حق و باطل، نور و ظلمت۔ روز و شب۔ سفید و سیاہ برابر ہیں۔

سعدیؒ — بر آنانکہ شد سرّ حق آشکار — نگردند باطل پرو اختیار
ولیکن چو ظلمت نداند ز نور — چہ دیدار دیوش چہ رخسار حُور
تو خود را ازاں در چہ انداختی — کہ چہ را ز رہ باز نشناختی

احمدؐ و بُوجہل در بُت خانہ رفت — زیں شدن تا آں شدن فرقے ست رفت

ترجمہ ۔ حضرت احمد صلے اللہ علیہ وسلم اور ابو جہل (دونوں) بتخانے میں گئے (مگر) آپ کے جانے میں اور اس کے جانے میں بڑا فرق ہے۔

مطلب اوپر دو انسانوں کے ظاہری صورت میں متحد۔ مگر باطنی حیثیتوں میں مختلف ہونے کا ذکر تھا۔ اب ان کی باطنی حیثیتوں کے اختلاف کی تشریح کرتے ہیں۔ کہ دیکھو احمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ابو جہل دونوں بتخانے میں جاتے ہیں بعض کتب سیر میں لکھا ہے۔ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فتح مکہ کے بعد کعبہ شریف میں گئے۔ جس کے اندر اور باہر پورے تین سو ساٹھ بت عہد جاہلیت سے مشرکوں کے رکھے ہوئے موجود تھے۔ اس مقام پر آپ کا بتخانہ میں جانا یہی مراد ہے۔ اور ابو جہل کا بتخانہ میں جانا تو روز کا کام تھا ہی۔ اب دیکھو دونوں کا جانا صورۃً یکساں ہے۔ دونوں یکساں طور پر پاؤں سے چلکر جاتے ہیں اور یکساں طور پر بتوں کے سامنے جاتے ہیں مگر وہاں جاتے ہی معاً ان دونوں کی باطنی حیثیتوں کا نتیجہ جدا جدا ظاہر ہوتا ہے۔ چنانچہ:-

ایں درآید سر نہند آں را بتاں — واں درآید سر نہد چوں اُمتاں

لغات ایں اسم اشارہ قریب جسکی مشار الیہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات مبارک ہے۔ بلحاظ قرب ارادت یا حضور دل سر نہد سجدہ کند یا گوں افتد۔ آنرا اسم اشارہ بعید جس کے مشار الیہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں بلحاظ تعظیم و تفہیم جیسے آنحضرت کہدیتے ہیں۔ امتاں۔ یعنی امتیاں۔ پیرو۔ بتوں کے پجاری مراد ہیں۔

ترجمہ آپ آتے ہیں۔ تو بت آپ کے آگے منہ کے بل اوندھے گر جاتے ہیں۔ وہ آتا ہے۔ تو (خود ان بتوں کے آگے) پجاریوں کی طرح ماتھا ٹیکتا ہے۔

مطلب ۔ دونوں کا بتوں کے سامنے جانا بظاہر یکساں مگر باطنی اثر کے لحاظ سے مختلف تھا۔ چنانچہ اس وقت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے تو بت سرنگوں ہو جاتے تھے۔ اور ابو جہل بتوں کے سامنے خود سرنگوں ہوتا تھا۔ صاحب

کلید مثنوی لکھتے ہیں۔ کہ "شاید مولانا رحمۃ اللہ علیہ کی نظر سے ایسی کوئی روایت گزری ہوگی" حالانکہ اہل سیر کی کتابوں میں یہ روایت مشہور عام ہے۔ کہ حبیب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کعبہ شریف کی طرف تشریف لے گئے۔ جس کے اندر باہر بتوں کی دنیا بستی تھی۔ تو آپ ہر بت کی طرف چھڑی سے اشارہ فرماتے اور یہ آیت پڑھتے جاتے۔ جَآءَ الْحَقُّ وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا۔ یعنی حق آگیا۔ اور باطل مٹ گیا۔ بیشک باطل مٹنے والا تھا۔ وہ بت منہ کے بل آگرتا۔ چند بت بہت اونچی جگہ پر نصب تھے۔ جہاں ہاتھ نہ پہنچ سکتا تھا حضرت علی رضؓ نے عرض کیا۔ یارسول اللہ آپ میرے کندھے پر پاؤں رکھکر ان کو توڑیں۔ آپ نے فرمایا۔ تم نبوت کا بوجھ نہ سہار سکوگے۔ تم ہی میرے کندھے پر پاؤں رکھ کر ان کو توڑو۔ حضرت علی رضؓ نے آپ کے حکم کی تعمیل کی۔ ہاں یہ ممکن ہے۔ کہ یہ روایت بسند صحیح مروی نہ ہو۔ مگر بہرحال مثنوی کے ایک قصے میں استناد کے لئے کافی ہے۔ یا اس روایت میں بتوں کے سرنگوں ہونے سے حقیقۃً سجدہ مراد نہ ہو۔ بلکہ بتوں کا زوال اور کس مپرسی اور ذلت و پستی مراد ہو جس کا آغاز آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خانہ کعبہ میں تشریف لیجانے سے ہوا۔ اور مذکورہ شعر میں بھی یہی مراد ہو۔ کہ ابوجہل تو بتوں کے سامنے تذلل کرتا تھا۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بت ذلیل ہوتے تھے۔ قال السعدیؒ ؎

بہ لاقامتِ لات بشکست گرد　　بانعراز دیں آپ عزّے ببرد

نقش بر دیوار مثلِ آدم ست　　بنگر از صورت چہ چیز اُو را کم ست

ترجمہ دیوار پر کی تصویر (بظاہر) آدمی کی سی ہے۔ دیکھ کونسی چیز اس کی صورت میں کم ہے۔

جان کم ست آں صورتِ بیتاب را　　رَو بجو آں گوہرِ نایاب را

لغات بے تاب بیطاقت۔ صورت تصویر۔ نایاب جو ہاتھ نہ آئے۔ دستیاب نہ ہو۔

ترجمہ اس بیطاقت تصویر میں جان کی کمی ہے۔ جاؤ۔ اس گوہر نایاب (یعنی جان) کو تلاش کرو

مطلب۔ باطنی فرق کی مثال میں پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوجہل کا ذکر کیا تھا۔ یہ اس مضمون کی دوسری مثال ہے۔ کہ ایک دیواری تصویر یا حراشیدہ مجسمہ بظاہر ایک زندہ انسان سے ملتا جلتا ہے۔ مگر بلحاظ باطن دونوں میں جان کا فرق ہے۔ کہ یہ جاندار ہے۔ اور وہ بے جان ہے۔ پھر کہا ہے۔ کہ اس باطنی جوہر کا خیال رکھنا چاہئے۔ جو اصل مایہ امتیاز ہے۔ حافظ رح ؎

صورت مرداں چہ خواہی سیرتِ مرداں گزیں　　مردِ عاشق پیشہ را با صورتِ ایواں چہ کار

صائبؒ ؎ چیست خشت و گل فانی کہ براں تکیہ کنند　　اثرِ ابنیست کہ از مردم کامل ماندہ ست

ولہٗ　از چہ زنداں برآمد ہر کہ جاں از تن شناخت　　شد عزیز آں کس کہ یوسف را ز پیراہن شناخت

شُد سرِ شیرانِ عالم جملہ پست　　چُوں سگِ اصحاب را داد ند دست

لغات اصحاب سے اصحاب کہف مراد ہیں۔ دست غلبہ۔ قوت۔ ترکیب دادند کی ضمیر کارکنانِ قضا و قدر کی طرف راجع ہے۔

ترجمہ (جب کارکنان قضا و قدر نے) اصحاب کہف کے کتے کو غلبہ (معنوی) عطا فرمایا۔ تو تمام

شیرانِ عالم کا سر اس کے آگے پست ہو گیا۔

مطلب ۔ غلبہ معنوی سے اصحاب کہف کی ہمراہی اور ایک غار میں اُن کی معیت مراد ہے۔ جو اللہ تعالےٰ کے مقبول و مقرب ہیں۔ یہ باطنی برتری کی تیسری مثال ہے۔ جس نے ایک کتے کو شیروں پر فائق بنا دیا۔ سعدی رح ؎

سگِ اصحابِ کہف روزے چند — پئے نیکاں گرفت و مردم شد

چہ زیانستش ازاں نقشِ نفور — چونکہ جانش غرق شد در بحرِ نور

لغات ۔ زیاں نقصان نقش ظاہری صورت ۔ نفور قابل نفرت ۔

ترجمہ (بھلا) اس (اصحاب کہف کے کتے) کو اس قابل نفرت صورت سے کیا نقصان ہے۔ جب کہ اس کی جان دریائے نور میں غرق ہو چکی۔ صائب رح ؎

سگ از ہمراہی اصحاب کہف از شیر مردان شد — ندارم گرچہ حالے گرد اہلِ حال مے گردم

وصفِ صورت نیست اندر خامہا — عالم و عادل بود در نامہا

لغات وصف تعریف ۔ صورت ۔ ظاہر ۔ نامہ خط ۔ کتاب ۔

ترجمہ قلموں میں صورت (ظاہری) کی تعریف (لکھنے کا رواج) نہیں (چنانچہ) خطوط (جو قلم کے لکھے ہوتے ہیں ان) میں (بھی) عالم اور عادل (وغیرہ معنوی اوصاف ہی لکھے ہوتے ہیں (نہ کہ ظاہری)

مطلب ۔ یہ چوتھی تائید ہے ۔ اسی مضمون کی کہ صرف باطن قابل لحاظ ہے ۔ نہ کہ ظاہر ۔ چنانچہ قلم بھی جب کسی کے اوصاف لکھتا ہے ۔ تو اس کے ظاہری اعراض ۔ مثلاً صبیح اللون ۔ بلند بالا ۔ دراز گردن وغیرہ نہیں لکھتا ۔ بلکہ عالم فاضل عادل حکیم وغیرہ اس کے باطنی اوصاف ہی لکھے گا ۔ غنی رح ؎

سوادِ کعبہ کے منظورِ اربابِ نظر باشد — بسنگِ سرمہ حاجت نیست ہرگز چشمِ روشن را

عالم و عادل ہمہ معنی ست و بس — کش نیابی در مکان و پیش و پس

ترجمہ (اور) عالم و عادل (وغیرہ اوصاف جنکو قلم لکھتا ہے) سب محض معانی ہیں ۔ جن کو کسی مکان میں (متحیز) اور آگے یا پیچھے (کی کسی سمت سے منسوب) نہ پاؤ گے ۔

مطلب ۔ کسی مکان میں متحیز ہونا یا پیش و پس کی سمتوں سے منسوب ہونا جسم کی صفات ہیں ۔ جو محسوس بحواس ظاہر ہوتا ہے ۔ مگر عادل و عالم وغیرہ صفات کا متحیز اور منسوب بہ سمت نہ ہونا ان کے امر معنوی ہونے کی دلیل ہے ۔

میزند بر تن ز سوئے لامکاں — مے نگنجد در فلک خورشیدِ جاں

لغات میزند وارد ہوتا ہے ۔ لامکاں عالمِ بالا ۔ عالم قدس ۔ نگنجد نہیں سماتا ۔ ترکیب میزند کی ضمیر فاعلی گذشتہ شعر میں معنی کی طرف راجع ہے ۔ خورشید جاں میں اضافت تشبیہی ہے ۔

ترجمہ (یہ معانی) لامکان سے بدن پر وارد ہوتے ہیں۔ (اور وہ اس) آفتابِ روح (کی صفات ہیں۔ جو) آسماں میں نہیں سما سکتا۔

مطلب عالم و عادل وغیرہ روح کی صفات ہیں۔ اور روح لامکانی ہے یعنی عالم امر سے تعلق رکھتی ہے۔ اور مجردات میں سے ہے۔ اس لئے یہ صفات بھی لامکانی ہیں۔ جسمانیات میں سے نہیں ہیں۔

ایں سخن پایاں ندارد ہوشدار گوش سوئے قصۂ خرگوش دار

لغات پایاں خاتمہ۔ آخر۔ انجام۔ گوش دار۔ کان لگاؤ۔ سنو۔ ہوشدار۔ ہوش قائم رکھو۔ خوب سمجھو۔

ترجمہ واضح ہو کہ اس بات (یعنی بحث روح) کا کوئی خاتمہ نہیں ہے (لہٰذا اب) خرگوش کا قصہ سنو۔

گوش خر بفروش دیگر گوشِ خر کیں سخن را در نیابد گوشِ خر

لغات خر گدھا مراد بیوقوف۔ بفروش صیغہ امر فروختن سے بیچ ڈالو۔ خر صیغہ امر خریدن سے خریدو

صنائع گوش خر کے کلمے میں صنعتِ تجنیس ہے۔ خرگوش اور گوش خر میں صنعت قلب ہے۔

ترجمہ (مگر) ایک بیوقوف آدمی کے (غیر متوجہ) کان فروخت کر ڈالو۔ اور دوسرے کان خرید لو۔ کیونکہ اس بات کو بیوقوفانہ کان نہیں سن سکتے۔

مطلب گوش خر سے مراد اس سیہ دل اور غیر عبرت پذیر آدمی کے کان ہیں۔ جن پر کوئی اچھی بات اثر نہیں کرتی اور وہ ہر موثر سے موثر نصیحت اور مفید سے مفید موعظت کو اس کان سے سنکر اس کان سے اس طرح اڑا دیتا ہے۔ گویا سنی ہی نہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا۔ یعنی ان لوگوں کے کان ہیں مگر وہ سنتے نہیں۔ قاسمی ؎

نشد جاہل از پندِ کس کامیاب نشاید بنائے عمارت بر آب
نصیحت بدیوانگاں نامزا ست کہ پنبہ برآتش نہادن خطا ست
بدریا نشوید کسے نقشِ سنگ بباراں نرفت از شبِ تیرہ رنگ

ذکر دانشِ خرگوش و بیان فضیلت و منافع دانش

خرگوش کی عقل کا ذکر اور عقل کی فضیلت اور منافع کا بیان

رو تو روبہ بازیِ خرگوش بیں مکر و شیر اندازیِ خرگوش بیں

لغات روبہ بازی مکر و فریب۔ بیں صیغہ امر ہے دیدن سے شیر اندازی شیر کو مغلوب کرنا۔ **صنائع** روبہ۔ خرگوش شیر مناسبات ہیں۔

ترجمہ چلو خرگوش کا حیلہ و فریب دیکھو خرگوش کا مکر اور اس کا شیر کو نیچا دکھانا ملاحظہ کرو۔

خاتمِ ملکِ سلیمان ست علم جملہ عالم صورت و جان ست علم

لغات خاتم - انگوٹھی - مُہر - **ترکیب** خاتم ملک سلیماں مرکب اضافی مبتدا - علم خبر - یا بالعکس - یعنی مرکب اضافی - خبر مقدم - اور علم مبتدا مؤخر -

ترجمہ (۱) حضرت سلیمان علیہ السلام کی بادشاہی کی انگشتری علم ہے - تمام عالم ایک مجسمہ ہے - تو علم اس کی جان ہے - (۲) علم (کیا ہے؟) حضرت سلیمان علیہ السلام کی بادشاہی کی انگشتری ہے -

مطلب - اوپر خرگوش کے مکر و فریب کا ذکر تھا - اور اس قسم کی تدابیر و حیل بھی جن سے شیر جیسے ایک خونخوار دشمن کو ہلاک کیا جائے - ایک خاص علم و فن ہے - جن کو بفحوائے حدیث الحرب خدعۃ آئین جنگ اور فن حرب میں شمار کر سکتے ہیں - اس مناسبت سے مولانا رح اب علم کی تعریف میں فرماتے ہیں - کہ حضرت سلیمان ع کی انگشتری کے بارے میں جو مشہور ہے - کہ اس کی وجہ سے تمام جن وانس اور وحوش و طیور ان کے مسخر تھے - وہ انگشتری علم ہے چنانچہ قرآن مجید میں ارشاد ہے وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنَا عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ وَقَالَ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَاُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ۝ اور ہم نے داؤد اور سلیمان کو علم عنایت کیا - اور دونوں کہنے لگے - کہ خدا کا شکر ہے - جس نے ہم کو اپنے بہت سے ایمان والے بندوں پر فضیلت بخشی ہے - اور سلیمان داؤد کے جانشین ہوئے - اور کہا لوگو ہم کو پرندوں (تک) کی بولی سکھائی گئی ہے - اور ہم کو ہر طرح کے ساز و سامان عنایت ہوئے ہیں - بیشک یہ صریح فضل ہے (نمل ۱۶)

بیشک ایسی انگشتری بھی فی الواقع ان کے زیب انگشت ہوگی - جس میں تسخیر خلق کی خاصیت ہو - مگر اس تسخیر کا اصلی راز حضرت سلیمان کا وہ وسیع علم السنہ تھا - جس کی بدولت آپ مادرائے انسان تمام مخلوق کی بولیاں بھی سنتے اور سمجھتے تھے - اور ظاہر ہے - کہ ایک قوم کی تسخیر میں اس کی بولی سے واقف ہونا سب سے پہلی اور سب سے زیادہ ضروری بات ہے -

دوسری ترکیب کے لحاظ سے اس مصرعہ کا مطلب یہ ہوگا - کہ علم ایک ایسی پر فضیلت چیز ہے - جیسے مہر سلیمانی تھی - جس طرح مہر سلیمان سے تمام مخلوق مسخر ہو گئی تھی - اسی طرح انسان اپنے علم کی بدولت تمام وحوش و دواب کوہ و دریا اور دیگر عنصریات سے خادمانہ کام لے سکتا ہے اقبال کہتا ہے ؎

حدّت از خورشید عالمتاب گیر — برق طاق افروز از سیلاب گیر
ثابت و سیارۂ گردوں وطن — آں خداوندانِ اقوامِ کہن
اینہمہ اے خواجہ آغوش تواند — پیش خیز و حلقہ در گوش تواند

اس صورت میں گویا علم کو مجازاً تشبیہاً خاتم سلیمانی کہا ہے -

دوسرے مصرعہ کا مطلب بھی دو طرح سے ہو سکتا ہے - ایک تو یہ کہ عالم اور علم میں جسم اور جان کی نسبت ہو - یعنی جسطرح جسم بلا جان بیکار ہے - اسیطرح ایک انسان علم کے بغیر جماداتؔ کے برابر ہے - نظامیؒ

ہر کہ دادِ خود نداند داد — آدمی صورت ست گاو نہاد

دوسری صورت یہ کہ علم سے علم الٰہی مراد ہو - چونکہ علم الٰہی کے موافق عالم کا ظہور ہوا ہے - اس لئے عالم علم الٰہی کا مظہر ہوا - اور جس طرح جسم اپنے آثار جسمانیہ سے روح کا مظہر ہوتا ہے - اسی طرح وجود عالم سے صفت الٰہیہ پر استدلال کیا جاتا ہے - جامیؒ ؎

حضرت سلیمان کی انگشتری

بود نقشِ دل ہر ہوشمندے — کہ باشد نقشہا را نقشبندے
بلوے گر ہزاراں نقش پیداست — نیاید بے قلمزن یک الف راست
نظامیؒ ؎ اگرچہ بادو خاک و آب و آتش — کند آمد شدے با یکدگر خوش
ہمے تازد خطِ فرماں نپاید — بشخص ہیچ پیکر جاں نیاید
صائبؒ ؎ چمنِ سبز فلک را چمن آرائے ہست — زیر ایں رنگ نہاں آئینہ سیمائے ہست

آدمی رازیں ہنر بیچارہ گشت — خلقِ دریاہا و خلقِ کوہ و دشت

لغات بیچارہ مغلوب۔ عاجز۔ ترکیب۔ را حرف جار اور آدمی مجرور ملکر متعلق بیچارہ کے۔ ازیں ہنر متعلق گشت کے۔ جو فعل ناقص ہے۔ خلق دریاہا الخ اس کا اسم اور بیچارہ خبر۔

ترجمہ اس ہنر (علم) سے سمندر کی کائنات اور کوہ و دشت کا عالم آدمی کا مسخر ہو گیا

زو پلنگ و شیر ترساں ہمچو موش — زو شدہ پنہاں بدشت و کوہ و وحوش

لغات پلنگ تیندوا۔ اس کو چیتا سمجھنا غلطی ہے۔ چیتے کو فارسی میں یوز کہتے ہیں۔ کما تقدم ترساں۔ اسم حالیہ ڈرتے ہوئے۔ دشت جنگل کوہ مخفف کوہ۔

ترجمہ اس سے تیندوا اور شیر (تمام خونخوار جانور بھی) چوہے کی طرح ڈرتے ہیں۔ اس سے (ڈر کر) جنگلی جانور جنگل اور پہاڑ میں دبک کر رہ گئے۔

زو پری و دیو ساحل ہا گرفت — ہر یکے در جائے پنہاں جا گرفت

ترجمہ جن و پری نے اس سے (ڈر کر شہر چھوڑ دئے اور) ساحل (سمندر پر رہنا) اختیار کیا۔ ہر ایک نے کسی پوشیدہ مقام میں گھر بنا لیا۔

آدمی را دشمنِ پنہاں بسے ست — آدمی با حذر عاقل کسے ست

لغات دشمنِ پنہاں۔ چھپا دشمن۔ حذر بچنا۔ پرہیز کرنا۔ چوکسی۔ ہوشیاری۔ احتیاط

ترجمہ آدمی کے پیچھے دشمن بہت ہیں۔ محتاط آدمی ہی عقلمند انسان ہے۔

مطلب۔ اوپر انسان کی فضیلت علم کے بیان میں یہ ذکر تھا۔ کہ اس کے ظاہری و باطنی دشمن اسکی زور علم سے مرعوب ہو کر بھاگتے ہیں۔ اب یہاں ضمناً ہدایت فرماتے ہیں۔ کہ انسان کو پھر بھی اپنے چھپے دشمنوں سے محتاط رہنا چاہیئے۔ بقول سعدیؒ ؎

ازاں کز تو ترسد بترس اے حکیم — وگر با چنو صد برآئی بجنگ

دشمن پنہاں سے مولانا کی مراد جنات شیاطین اور ارواح خبیثہ ہیں۔ جو اشکال مختلفہ سے متشکل ہوتے ہیں۔ اور کبھی کسی انسان میں حلول کر کے اس کو ایذا دیتے ہیں۔ اپنے مختلف کرشمے دکھایا کرتے ہیں معتزلی اور فلسفی لوگ جنات اور ارواح خبیثہ کے وجود کے قائل نہیں ہیں۔ فلسفی لوگ صرف

انہی اشیاء کو جانتے اور مانتے ہیں۔ جو مشاہدہ میں آتی ہیں۔ یعنی جنکو آنکھوں سے دیکھا اور ہاتھوں سے محسوس کیا جا سکتا ہے۔ مگر ان لوگوں کا یہ خیال باطل ہے۔ جنات کا وجود برحق ہے۔ جو قرآن مجید اور حدیث شریف سے منصوص ہے۔ بزرگانِ دین کے مشاہدات وروایات اور منجملہ اُن کے مثنوی شریف کا یہ شعر اس پر شاہد ہے۔ علاوہ اس کے دنیا میں جنات کے حالات و اثرات اس قدر واقع ہو چکے ہیں اور ہو رہے ہیں۔ کہ اُن سے انکار کرنا محض جہالت ہے۔ جو تفریط کی حالت ہے۔ برخلاف اس کے عوام بے علم افراط کی حالت میں مبتلا ہیں۔ ان کو خواہ مخواہ ہر جگہ جنات کا خطرہ دامنگیر رہتا ہے۔ وہ جنات و ارواح کے خوف میں اس قدر بیدل ومتوہم بنے رہتے ہیں۔ جو عقل و انسانیت کے خلاف ہے۔ انکو یاد رکھنا چاہیئے۔ کہ جیسی انسان مخلوق ہے۔ ویسی جن بھی ہیں۔ اگر جنات کو اللہ تم نے قدرت اور طاقت بخشی ہے۔ تو انسان بھی اس عطیہ سے محروم نہیں۔ لہذا جس طرح جن کے مستور و مخفی اور پوشیدہ و ناویدہ ہونے کی وجہ سے انسان ڈرتا ہے۔ اسی طرح جن بھی انسان کے ظاہری دنیا پر قابض اور عالم ظہور پر حکمران ہونے سے مرعوب ہے۔ چنانچہ مولانا رح اوپر فرما چکے ہیں ؎

تو پری و دیو ساحلہا گرفت ہر یکے درجائے پنہاں جا گرفت

دوسرے خداوند تعالیٰ پر ایمان لانیوالا اور طہارت و عبادت بجا لانیوالا مومن بندہ اللہ تعالیٰ کے اس مضبوط حصار امن میں پناہ گیر ہے۔ جسکو کوئی مخلوق توڑ نہیں سکتی۔ جو شخص ایمان باللہ اور ایمان بالرسول اور آیۃ الکرسی اور معوذتین وغیرہ کلمات اللہ کے ورد و تکرار کے ہتھیاروں سے مسلح ہے۔ اس پر کوئی جن و شیطان حملہ نہیں کر سکتا۔ اکثر دیکھا گیا ہے۔ کہ جنات و ارواح خبیثہ کا تصرف زیادہ تر مشرک و ناپاک مردوں اور عورتوں پر ہی ہوتا ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ حجۃ اللہ البالغہ میں فرماتے ہیں والحدث الا تمکن من الانشا واحاط من بین یدیہ و من خلفہ اورث لہ استعدادا لقبول وساوس الشیاطین ورویتہم بحاسۃ الحس المشترک وللمنامات موحشۃ وللظہور الظلمۃ علیہ یعنی جب ناپاکی انسان پر طاری ہو جائے۔ اور اس کو ہر طرف سے گھیرے۔ تو اس کے اندر ایک ایسی حالت پیدا ہو جاتی ہے۔ جس سے شیطانی وسوسے دلنشیں ہونے لگتے ہیں۔ اور شیاطین دکھائی دیتے ہیں۔ اور وحشتناک خواب نظر آتے ہیں۔ اور اسپر ایک تاریکی چھا جاتی ہے۔ انتہیٰ۔ یہی وجہ ہے۔ کہ کبھی کسی پرہیزگار عبادتگذار اور باطہارت رہنے والے مسلمان مرد و عورت پر جنات کا تصرف نہیں ہوا۔ الا ما شاء اللہ۔ کیونکہ صالح و نیک آدمی اللہ تعالیٰ کے حفظ و امان میں ہوتے ہیں۔ فرشتوں کی زبردست طاقت ان کا پہرہ دیتی ہے۔ جس کا ذکر اگلے شعر میں آتا ہے۔

تاہم مولانا فرماتے ہیں۔ کہ ان مخفی دشمنوں سے ہوشیار اور چوکس رہنا عقلمندی کا کام ہے۔ اس لئے شیطان کی شر سے پناہ مانگتے رہنا اور اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم پڑھنا مشروع ہے۔ اور بیت الخلا میں جانے سے پہلے یہ دعا پڑھ لینی ماثور ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَ الْخَبَائِثِ الٰہی میں پلید جنوں اور جنیوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ حدیث شریف میں بعض ایسے اوقات و مواقع کا بھی ذکر ہے۔ جن میں ہر شخص کو جنات کے متعلق احتیاط رکھنی لازم ہے۔

جنات کا وجود برحق ہے

جنات انسان کے دشمن ہیں

جنات و شیاطین کی اقسام سے محفوظ رہنے کا شرعی حکم

حکم ہے۔ کہ شام کے بعد بچوں کو گھر سے باہر نہ نکلنے دو کہ یہ جنات کی چھینا جھپٹی کا وقت ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ان لھذہ البیوت عوامر فاذا رایتم منھا شیئا فحرجوا علیھا ثلثا فان ذھب والا فاقتلوا فانہ کافر۔ یعنی ان گھروں میں بعض چیزیں آباد ہو جاتی ہیں۔ جب تم کوئی شے (سانپ وغیرہ کی شکل میں) دیکھو۔ تو تین مرتبہ اس کو نکلنے پر مجبور کرو۔ اگر نکل جائے۔ تو بہتر ورنہ اس کو مار ڈالو۔ کیونکہ وہ کافر ہے۔ (مشکوۃ) ایک حدیث میں مروی ہے۔ کہ فرمایا کہ جب سانپ نمودار ہو۔ تو کہو ہم تجھ کو حضرت نوح اور حضرت سلیمان کے عہد کا واسطہ دیتے ہیں۔ کہ ہم کو نہ ستا۔ پھر اگر دوبارہ نمودار ہو۔ تو مار ڈالو۔ (مشکوۃ) غرض احتیاط اور ہوشیاری تو مومن کی شان ہے۔ مگر جنات سے ڈرنے اور مرعوب ہونے کی کوئی وجہ نہیں۔ ڈرنا صرف اللہ تعالیٰ سے ہی چاہیئے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِي یعنی پس تم ان سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو۔ اقبال سلمہٗ ؎

خوفِ حق عنوانِ ایمان ست و بس — خوفِ غیر از شرکِ پنہاں ست و بس
بیم غیر اللہ عمل را دشمن است — کاروانِ زندگی را رہزن ست
عزم محکم مکنات اندیش ازو — ہمت عالی تمال کیش ازو

خلقِ خوب و زشت ہست از مانہاں — میرسند بر دل بہر دم کوب شاں

لغات خلقِ خوب اچھی مخلوق مراد ملائکہ زشت بُرا۔ بُری مخلوق مراد شیاطین۔ کوب چوٹ صدمہ۔

ترجمہ (بہت سی) بھلی اور بُری مخلوق ہم سے مخفی ہے جن کی (تاثیرات) کی چوٹ ہر دم (ہمارے) دل پر لگی رہتی ہے۔

مطلب ۔ اوپر یہ بیان کیا تھا۔ کہ انسان کے مخفی دشمن اس کے اغوا و ایذا کے درپے رہتے ہیں۔ اب اس شعر کا اشارہ ہو کہ اس دشمن کی جماعت کے مقابلے میں انسان کی حفاظت کیلئے ملائکہ بھی مامور ہیں۔ اور یہ بھی ہماری نظر سے مخفی ہیں۔ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَقَدْ وُكِّلَ بِهٖ قَرِيْنُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَقَرِيْنُهٗ مِنَ الْمَلَائِكَةِ قَالُوْا وَاِيَّاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَاِيَّايَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَعَانَنِيْ عَلَيْهِ فَاَسْلَمَ فَلَا يَاْمُرُنِيْ اِلَّا بِخَيْرٍ۔ یعنی ابن مسعود رض سے روایت ہے۔ کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تم سے ہر شخص پر اس کا ایک ساتھی جنوں میں سے اور ایک ساتھی فرشتوں میں سے متعین ہے لوگوں نے عرض کیا۔ آپ پر بھی یا رسول اللہ؟ آپ نے فرمایا ہاں مجھ پر بھی۔ مگر اللہ نے مجھے اس پر اعانت کی ہے میں وہ مسلمان ہو گیا ہے۔ اسلئے مجھے نیکی کی بات ہی سوجھتا ہے۔ (مشکوۃ) عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلشَّيْطَانِ لَمَّةً بِابْنِ اٰدَمَ وَلِلْمَلَكِ لَمَّةً فَاَمَّا لَمَّةُ الشَّيْطَانِ فَاِيْعَادٌ بِالشَّرِّ وَتَكْذِيْبٌ بِالْحَقِّ وَاَمَّا لَمَّةُ الْمَلَكِ فَاِيْعَادٌ بِالْخَيْرِ وَتَصْدِيْقٌ بِالْحَقِّ فَمَنْ وَجَدَ ذٰلِكَ فَلْيَعْلَمْ اَنَّهٗ مِنَ اللّٰهِ فَلْيَحْمَدِ اللّٰهَ وَمَنْ وَجَدَ الْاُخْرٰى فَلْيَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ۔ ثُمَّ قَرَاَ اَلشَّيْطَانُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ۔

یعنی ابن مسعودؓ سے روایت ہے۔ کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ شیطان کی طرف سے فرزند آدم کے دل پر ایک اثر ہوتا ہے۔ اور فرشتے کیطرف سے ایک اثر ہوتا ہے۔ لیکن شیطان کا اثر پس وہ برائی کا وعدہ اور حق کی تکذیب ہے۔ لیکن

فرشتے کا اثر پس وہ نیکی کا وعدہ اور حق کی تصدیق ہے۔ پس جو شخص یہ محسوس کرے۔ تو اس کو سمجھ لینا چاہیے۔ کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے۔ پھر اللہ کی حمد کرنی چاہیئے۔ اور جو شخص دوسرا اثر محسوس کرے۔ تو اس کو اعوذ پڑھنی چاہیئے۔ پھر آپ نے یہ آیت پڑھی۔ الشیطن یعدکم الخ یعنی شیطان تم کو محتاجی سے ڈراتا ہے۔ اور تم کو بُرے کاموں کا حکم دیتا ہے۔ (مشکوۃ) حافظ

در راہ عشق وسوسۂ اہرمن بسے ست ہشدار گوش دل بہ پیام سروش کن

اب فرماتے ہیں۔ کہ گو شیطان ایک مخفی و مستور ہستی ہے۔ مگر اس کا ضرر و نقصان رسانی تو بیّن اور بدیہی ہے۔ یہی اس کے وجود کی دلیل ہے۔ کیونکہ اثر کے وجود سے موثر کا وجود ثابت ہوتا ہے۔ چنانچہ اس کی مثال بیان فرماتے ہیں۔

بہر غسل اَر در رَوی در جُو یبار بر تو آسیبے زند در آب خار

لغات در پہلا حرف در زائد ہے۔ جویبار نہر۔ آسیب۔ صدمہ۔ تکلیف۔

ترجمہ اگر تو نہر کے اندر نہانے کے لئے داخل ہو۔ تو (اتفاقاً) پانی کے اندر تیرے کانٹا چبھ جاتا ہے۔

گرچہ پنہاں خار در آب ست پُشت چونکہ در تو میخلد دانی کہ ہست

لغات پُشت نیچے۔ تہ نشین۔ قعر آب میں۔ خلد کھبلی پیدا کرتا ہے۔ چبھتا ہے۔ صیغۂ مضارع ہے۔ خلیدن سے

ترجمہ اگرچہ (یہ) پوشیدہ کانٹا پانی (کی تھاہ) میں ہے۔ (مگر) جونہی کہ تمہارے چبھتا ہے۔ تو تم سمجھ جاتے ہو۔ کہ (وہ موجود) ہے۔

خار خارِ جسّہا و وسوسہ از ہزاراں کس بودنے یک کسہ

لغات خار خار بہت سے کانٹے۔ تکرار لفظ بغرض اظہار کثرت۔ یک کسہ میں ہائے وصلیہ نسبت کے لئے ہے۔ یعنی از یک کس۔

ترجمہ حواس (کی لغزشوں) اور وسوسوں کے کانٹے ہی کانٹے ہزاروں اشخاص (یعنی شیاطین) کی طرف سے ہیں۔ نہ کہ ایک شخص کی طرف سے۔

مطلب۔ انسان کو بہکانے اور وسوسوں میں مبتلا کرنے والا کوئی ایک ہی شیطان نہیں۔ بلکہ بہت سے شیاطین اس کام پر لگے ہوئے ہیں۔ کوئی بچوں کو رولاتا اور ستاتا ہے۔ کوئی میاں بیوی میں تفرقہ برپا کرتا ہے۔ کوئی عقائد میں شبہات ڈالتا ہے۔ کوئی نماز میں قرأت بھلا دیتا ہے۔ کوئی وضو میں شک ڈالدیتا ہے۔ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ اِنَّ اِبْلِیْسَ یَضَعُ عَرْشَہٗ عَلَی الْمَاءِ ثُمَّ یَبْعَثُ سَرَایَاہُ یَفْتِنُوْنَ النَّاسَ فَاَدْنَاھُمْ مِنْہُ مَنْزِلَۃً اَعْظَمُھُمْ فِتْنَۃً الخ یعنی ابلیس اپنا تخت پانی پر رکھتا ہے۔ پھر اپنی جماعتوں کو بھیجتا ہے۔ جو لوگوں میں فتنے ڈالتے ہیں۔ پس ان میں سے اس کا سب سے زیادہ مقرب وہ ہے۔ جو سب سے بڑا فتنہ برپا کرتا ہے۔ (مشکوۃ)

خار خار حسہا سے اس امر کی طرف اشارہ ہے۔ کہ فساد عقائد کے علاوہ قوائے ظاہر کا سوء عمل بھی شیطانی تاثیرات سے ہے۔ انسان کے حواس ظاہر اور دیگر قوے و جوارح سب دل کے تابع ہیں۔ اور دل الہام ملائکہ اور وسوسہ شیاطین دونوں کے قبول کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اگر دل وساوس شیطانیہ کے مقتضا پر عمل کرنے لگے تو اس کے اتباع میں تمام حواس، قوے اور جوارح ارتکاب معاصی پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔ پھر انسان کی سب قوائے جسمانیہ اور صفات نفسانیہ شیطان کا لشکر اور اس کے اسلحہ بن جاتے ہیں۔ مجالس الابرار میں لکھا ہے۔ فَلَيْسَ لِلْاٰدَمِيِّ صِفَةٌ مِّنْ صِفَاتِ الْمُؤْمِنِ اِلَّا وَهِيَ قُوَّتٌ مِّنْ اَقْوَاتِ الشَّيْطَانِ وَ سِلَاحٌ مِّنْ اَسْلِحَتِهٖ وَبَابٌ مِّنْ اَبْوَابِهٖ وَمَدْخَلٌ مِّنْ مَّدَاخِلِهٖ۔ یعنی آدمی میں جس قدر بری صفات ہیں وہ سب شیطان کی روزی اسکے اسلحہ، اس کے دروازے اور اسکے داخل ہونے کے راستے ہیں۔

باش تا حسہائے تو مبدل شود تا بہ بینی شاں و مشکل حل شود

لغات۔ باش ٹھہر۔ مبدل دال کے فتحہ سے متغیر۔ بدل جانیوالا۔ ترکیب باش جملہ فعلیہ معلول۔ باقی کلمات علت اول اور علت دوم۔

ترجمہ ٹھہرو۔ تاکہ تمہارے (قوی و) حواس بدل جائیں۔ تاکہ تم ان (شیاطین) کو مشاہدہ کرلو اور (شیاطین کے موجود یا غیر موجود ہونے کی) مشکل حل ہو جائے۔

مطلب۔ اوپر پانی کے اندر کانٹا چبھنے سے وجود شیاطین پر استدلال کیا تھا۔ اب اس کی مزید توضیح کے لئے فرماتے ہیں۔ کہ ممکن ہے کسی کا سوء اعتقاد اور سوء عمل جو بتحریک شیطان ہوتا ہے۔ معتاد و معمول ہونے کی وجہ سے طبیعت ثانیہ بن چکا ہو۔ اور اس وجہ سے وہ اس تاثیر سے اسکے مؤثر یعنی شیطان کا سراغ نہ لگا سکے۔ اسکے لئے بہتر تدبیر یہ ہے۔ کہ کچھ دنوں ریاضات و مجاہدات کرتا رہے۔ تاکہ قوائے بہیمیہ کے مضمحل ہو جانے سے صفات ذمیمہ معدوم ہو جائیں۔ اور شیطان کا تعلق منقطع ہو جانے سے اس کے دل پر ملائکہ کیطرف سے نیک خیالوں اور نیک کاموں کے الہام ہونے لگیں۔ پھر وہ خود قیاس کر سکے گا۔ کہ پہلے قلب پر کوئی اور ہستی مؤثر تھی اور اب اور ہے۔ اور اس سے وجود شیاطین کا عقدہ حل ہو جائے گا۔ مجالس الابرار میں ہے۔ اِنَّ الْقَلْبَ مَهْمَا غَلَبَ عَلَيْهِ مُقْتَضَيَاتُ الْهَوٰى يَجِدُ الشَّيْطَانُ مَجَالًا فَيُوَسْوِسُ فِيْهِ وَمَهْمَا اشْتَغَلَ بِالذِّكْرِ يَرْتَحِلُ عَنْهُ الشَّيْطَانُ وَيَقْبِلُ اِلَيْهِ الْمَلَكُ وَيُلْهِمُ فِيْهِ وَالنَّظَارُ بَيْنَ جُنْدَيِ الْمَلَكِ وَالشَّيْطَانِ فِيْ مَعْرَكَةِ الْقَلْبِ وَاَيُّهُمَا اَنْ يَنْفَتِحَ الْقَلْبُ لِاَحَدِهِمَا یعنی جب دل پر ہوا و ہوس کے مقتضیات کا غلبہ ہوتا ہے۔ تو پھر شیطان کو موقع ملتا ہے۔ اور وہ اسمیں وسوسہ ڈالتا ہے۔ اور جب دل ذکر الٰہی میں مشغول ہوتا ہے۔ تو شیطان اس سے کوچ کر جاتا ہے اور فرشتہ اس کی طرف آتا ہے۔ اور اس میں الہام کرتا ہے۔ اور اسی طرح میدانِ قلب میں فرشتہ اور شیطان کی دونوں فوجوں کے مابین کشمکش جاری رہتی ہے۔ یہانتک کہ دونوں میں سے ایک فریق دل پر قابض ہو جاتا ہے۔ ظاہر اگر از وسوسۂ نفس و ہوا دُور شوی بے شکے رہ بری در حرم دیدارش

تا سخنہائے کیاں رد کردۂ تا کیاں را سر ور خود کردۂ

قلب انسان فرشتہ و شیطان کا میدان کارزار ہے۔

لغات ۔کیاں۔کاف کے کسرہ سے استفہام جمع کے لئے ۔ سرور سردار **ترکیب** یہ شعر علت ثالث ہے ۔شعر سابق کے معلول کی ۔ دوسرے مصرعہ میں حرف تا زائد ہے۔ اور عاطف مقدر ہے۔

ترجمہ تاکہ (تبدیل حواس کے بعد تم کو معلوم ہو جائے کہ) کن (پاک ہستیوں) کے الہامات کو تم نے ردّ کیا ہے (اور) کن (ناپاک ہستیوں) کو تم نے اپنا سردار بنا لیا ہے۔

مطلب یہ شعر سابقہ تقریر کا تتمہ ہے۔یعنی ریاضات و مجاہدات کے ذریعہ سے جب تمہارے دل سے شیطانی وساوس کا سلسلہ منقطع اور ملکی الہامات کا ورود شروع ہو جائیگا۔تو تم خود محسوس کروگے کہ اوہو ہم نے کن خبیث وجودوں کو اپنا قرین بنا لیا تھا۔اور کیسے اشرف وارفع وجودوں سے کنارہ کشی اختیار کرلی تھی اور اس سے تم کو شیطان کے وجود کا پورا یقین ہو جائیگا ؛

بازجستن نخچیراں سرّ و اندیشۂ خرگوش را

شکاروں کا خرگوش کے بھید اور بچاؤ کو دریافت کرنا

بعد ازاں گفتند کاے خرگوش چیست در میاں نہ آنچہ در ادراک تست

لغات ۔کاے کہ اے چست چالاک ہوشیار تہ امر ہے نہاون سے ۔ادراک عقل ۔ ذہن ۔

ترجمہ ۔پھر انہوں نے کہا اے چالاک خرگوش! جو کچھ (تدبیر) تیری سمجھ میں آئی ہے وہ بیان تو کر۔

ایکہ با شیرے تو در پیچیدہ باز گو راے کہ اندیشیدہ

ترجمہ اے (بہادر خرگوش!) جو شیر سے کشتی لڑنے کو تیار ہے بتا کونسی راے تجھے سوجھی ہے۔

مشورت ادراک و ہشیاری دہد عقلہا مر عقل را یاری دہد

ترجمہ مشورہ سمجھ اور احتیاط بخشتا ہے (مشورہ دینے والوں کی) عقلیں (طالب مشورہ کی) عقل کو مدد دیتی ہیں۔نظامی۔رح ؎

دوے را کہ بندش بود ناپدید ز دانا تواں بازجستن کلید
زدن با خداوند فرہنگ راے بفرہنگ باشد ترا رہنمائے

جامی رحمۃ اللہ علیہ ؎

چو آید مشکلے پیش خردمند کزاں مشکل فتد در کار او بند
کند عقل دگر با عقل خود یار کہ تا در حل آں گردد مددگار
زیک شمعش نگیرد نور خانہ فروزد شمع دیگر در میانہ

گفت پیغمبر بکن اے راے زن مشورت کا لمستشار مؤتمن

لغات راے زن صلاح مشورہ کرنیوالا۔کا لمستشار کاف تعلیلیہ مستشار جس سے مشورہ لیا جائے ۔موتمن

جس کے امانت سپرد کی جائے۔

ترجمہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ اے رائے زنی کرنیوالے (پہلے کسی سے) مشورہ کرلے۔ کیونکہ جس سے مشورہ لیا جاتا ہے۔ وہ امانت دار ہوتا ہے۔

مطلب ۔ حدیث شریف کے کلمات صرف اس قدر ہیں۔ اَلْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ۔ جس سے مشورہ لیا جائے وہ امانت کا ذمہ دار ہے۔ یعنی اس کو لازم ہے۔ کہ جس بات کو اپنی رائے میں طالب مشورہ کے لئے مصلحت سمجھے۔ اس کے خلاف مشورہ نہ دے۔ ورنہ وہ خائن ہے۔ سعدی رح ؎

بگو آنچہ دانی سخن سودمند وگر ہیچکس را نیاید پسند
کہ فردا پشیماں برارد خروش کہ آیا چرا حق نکردم بگوش

سوال حدیث کے کلمات صرف المستشار مؤتمن ہیں۔ تو مولانا کا گفت پیغمبر بکن اے رائے زن الخ کہنا یعنی ان کلمات کو حضور علیہ السلام کا مقولہ بنانا کس لحاظ سے درست ہوگا۔

جواب جب اس حدیث میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مشورہ کے حقوق و آداب بیان فرمادئے تو اس سے معلوم ہوا۔ کہ مشورہ ایک اہتمام بالشان چیز ہے۔ پس گویا آپنے مشورہ لینے کی ترغیب فرمادی۔ اس لحاظ سے مولانا کا یہ فرمانا کہ گفت پیغمبر بکن اے رائے زن مشورت۔ گویا حضور کے قول کا مقصد و معنی بیان کرنا ہے۔ جس کو روایت بالمعنی کہتے ہیں۔ اور قرآن مجید میں مشورہ کا حکم شاورھم (ان سے مشورہ لے) صاف صیغۂ امر میں وارد ہے۔ جو اس روایت کا مؤید ہے۔

قولِ پیغمبر بجاں باید شنود باز گو تا چیست مقصودِ تو زود

ترجمہ (پس) پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کا قول (مشورہ کے متعلق) دل و جان سے سننا (اور ماننا) چاہیئے۔ (لہذا) جلدی بتاؤ۔ تمہارا مقصد کیا ہے۔ (تاکہ ہم مناسب مشورہ دیں)

پوشیدہ داشتن خرگوش راز را از نخچیراں

وخرگوش کا شکاروں سے بھید پوشیدہ رکھنا

گفت ہر رازے نشاید باز گفت جفت طاق آید گہے گہ طاق جفت

لغات جفت جوڑا طاق اکیلا۔ ایک واحد۔

ترجمہ وہ (خرگوش) بولا۔ ہر ایک بھید کی بات بیان نہیں کرنی چاہیئے۔ (کیونکہ ایسی بازی میں) کبھی جفت طاق آتا ہے۔ اور کبھی طاق جفت۔

مطلب ۔ بعض قسم کی بازیوں میں جیت اور ہار کا مدار جفت اور طاق نکلنے پر ہوتا ہے۔ مگر کھیل کا نتیجہ بدست تقدیر ہوتا ہے۔ کبھی طاق کے امیدوار کیلئے بازی میں جفت آتا ہے۔ اور کبھی جفت کا احتمال رکھنے والے کے لئے طاق نکلتا ہے۔ خرگوش کہتا ہے۔ یہی حال مشورے کا ہے۔ بیشک مشورہ مسنون و مشروع ہے۔ مگر صرف ایسے امور میں جن کا اظہار خطرہ سے خالی نہ ہو۔ ورنہ خطرناک اور نازک معاملوں میں راز کی بات بغرض مشورہ ظاہر کردینے سے بعض اوقات بنا بنایا کھیل بگڑ جاتا ہے

توقع تو کچھ اور ہوتی ہے۔ اور ہو جاتا ہے کچھ اور۔ سعدی رح ؎

مگو آنچہ گر بر ملا اوفتد وجودے ازاں در بلا اوفتد

جامی رح ؎ از سر سر بمہر پشیماں نہ شد کسے بس فاش گشتہ سر کہ پشیمانی آورد

خامش نشیں کہ جمع نشستن بخامشی بہتر ز گفتنی کہ پریشانی آورد

از صفا گردم زنی با آینہ تیرہ گردد زود یا ما آینہ

لغات صفا صفائی دم پھونک تیرہ گندھلا یے آب ترکیب از صفا جار و مجرد متعلق تیرہ گردد کے۔

ترجمہ اگر آئینے کے سامنے تم پھونک مارو۔ تو وہ (اپنی صفائی سے متغیر ہوکر) ہماری نظر میں بے آب ہو جائیگا (یہی نتیجہ کسی صاف دل و مخلص دوست کے آگے راز ظاہر کرنے کا ہے)۔

مطلب۔ ایک یکرنگ و نیک نیت دوست جو سادگی و سلامتی طبع میں آئینہ سے مشابہ ہے۔ جبتک دوست کے راز سے واقف نہیں ہوتا۔ تو وہ اس کا خیرخواہ ہوتا ہے۔ لیکن جب وہ اپنا راز اسپر ظاہر کرتا ہے۔ تو اس کے دل میں حرص و طمع یا بغض و نفاق یا فساد و فتنہ انگیزی کے ارادے اسکے تمام خلوص و صاف دلی کو مکدر و تاریک کرکے بد معاملگی پر آمادہ کردیتے ہیں۔ نظامی رح ؎

مگو تا گفتنی در پیش اغیار نہ با اغیار یا محرم تریں یار

در بیانِ ایں سہ کم جنباں لبت از ذہاب و از ذہب و زمذہبت

لغات ذہاب چلنا۔ ذہب سونا۔ مال و دولت۔ مذہب۔ لغت میں گزرگاہ۔ وہ راہ جس سے جانا ہو۔ اصطلاح میں دین۔ شرع۔ طریقہ۔ یہاں لغوی معنی مراد ہیں۔

ترجمہ ان تین چیزوں کے اظہار میں لب کشائی نہ کرو۔ یعنی سفر کی تیاری۔ مال و دولت۔ گزرگاہ

مطلب کسی حکیم کا قول ہے۔ اُسْتُرْ ذَهَبَكَ وَذِهَابَكَ وَمَذْهَبَكَ۔ یعنی اپنا مال دولت اور ارادہ سفر اور راہ سفر کسی پر ظاہر نہ کرو۔ اگر مذہب سے دین و شرع اور اُخروی امور کے متعلق کسی خاص طریقہ کی پابندی مقصود سمجھی جائے۔ تو یہ مطلب ہوگا۔ کہ اپنا مذہب و مشرب بھی کسی پر ظاہر نہ ہونے دیا جائے۔ جسکو اہل تشیع کی اصطلاح میں تقیہ کہتے ہیں۔ اور اُن کے نزدیک یہ ایک امر مشروع ہے۔ مگر اہل سنت والجماعت کے نزدیک جائز نہیں۔ چونکہ مولانا رحمۃ اللہ اہل سنت ہیں۔ لہذا اخفائے مذہب سے یہاں ان کی مراد اخفائے دین نہیں ہو سکتی۔

کیں سہ را خصم ست بسیار و عدو در کمینت ایستد چوں دید او

لغات خصم دشمن۔ عدو۔ دشمن۔ کمیں گھات۔ تاک۔

ترجمہ کیونکہ ان تین چیزوں کے (لئے تمہارے) بہت سے دشمن ہیں۔ جب اس کو (ان کا حال) معلوم ہو جائیگا۔ تو وہ تمہاری تاک میں رہیگا۔

مطلب مال و دولت کیلئے دشمن چور ہوتے ہیں۔ اور ارادہ سفر کے متعلق بعض لوگ مقصد سفر کے حریف و رقیب ہوتے ہیں۔ مثلاً کوئی شخص کسی دربار میں خاص عہدہ حاصل کرنے کے لئے جاتا ہے۔ یا اپنے

لڑکے کے لئے رشتہ نکاح کی تلاش کرنے جاتا ہے۔ تو پاس پڑوس میں سے کوئی حاسد اس کے مقصد کو معلوم کرکے فوراً آگے جاکر اس کے مقصد میں حارج ہوتا ہے۔ راہ سفر کے مخفی رکھنے میں یہ احتیاط ملحوظ ہے۔ کہ بعض اوقات کوئی دشمن چاہتا ہے کہ وہ کسی راستے میں تنہا ملجائے۔ تو اسکو کوئی جانی یا بدنی ایذا پہنچائے۔ غنی رح ؎

ہر چند تغافل کند ایمن مشو از خصم — پیوستہ بود پشت کماں سوے نشانہ

وربرانی بایکے گوے الوداع — کُلُّ سِرٍّ جَاوَزَ الاثنَیْنِ شَاعَ

لغات برانی فعل مضارع واحد راندن سے۔ بگوئی الوداع۔ رخصت۔ خدا حافظ۔ جاوز آگے بڑھ گیا اثنین دو۔ مراد دو لب یا دو شخص۔ شاع شائع ہوگیا۔ شہرت پا گیا۔

ترجمہ اور اگر تم کسی سے بیان ہی کر بیٹھو۔ تو (اب وہ تمہارا بھید نہ رہا) اس کو رخصت سمجھو۔ کیونکہ جو بھید دو (لبوں) سے نکلا۔ وہ مشہور ہوگیا۔

مطلب دو سے مراد غالباً دو لب ہیں۔ یعنی جب تم اپنے راز کو لبوں سے نکالوگے۔ تو پھر اس کو مشہور ہوا سمجھو۔ کما قال بعضہم ؎

وَ سِرُّكَ مَا كَانَ عِنْدَ امْرِءٍ — وَ سِرُّ الثَّلَاثَةِ غَيْرُ الْخَفِيِّ

یعنی بھید وہی ہے۔ جو ایک (دل) کے پاس (مخفی) رہے۔ اور تینوں (یعنی زبان اور ہر دو لب) کے مابین آنیوالا بھید مخفی نہیں رہ سکتا۔ اور اگر دو سے دو شخص مراد ہوں۔ تو مطلب یہ ہوگا۔ کہ جب تم کسی دوست سے اپنا راز بیان کروگے۔ تو اس کو شائع ہوا سمجھو۔ کیونکہ دوست کا بھی آگے کوئی دوست ہوگا۔ جب تم اپنے دوست سے خود اپنا راز نہ چھپا سکے۔ تو ایک دوست اپنے دوست کا راز دوسرے دوست سے کیوں مخفی رکھے گا۔ و نعم ما قیل ؎

راز را با یارِ خود ہرچند بتوانی بگوے — یار را یارے بود از یارِ یار اندیشہ کن

سعدی رح ؎ خامشی بہ کہ ضمیرِ دل خویش — با کسے گفتن و گفتن کہ بگوے

اے سلیم آبِ سر چشمہ بہ بند — کہ چو پر شد نتواں بستن بجوے

وَ ز دو سہ پرّندہ را بندی بہم — بر زمیں مانند محبوس از الم

لغات پرّندہ اڑنیوالے۔ پنکھی۔ تشدید را بضرورت شعری مانند فعل مضارع۔ جمع غائب از ماندن محبوس بندھا ہوا۔ الم دکھ۔ درد۔

ترجمہ اور اگر دو تین پرندوں کو اکٹھے باندھ دو۔ تو وہ (قید کے) دکھ سے مارے باندھے نیچے کے نیچے پڑے رہینگے۔

مطلب راز کے شائع ہونے کی یہ ایک دوسری مثال ہے۔ یعنی اگر تم اپنے دل کی مختلف راؤں کو دل میں روک رکھو تو اگرچہ وہ ایک دوسری سے مخالف ہوں۔ مگر دل کے اندر باہم مزاحمت نہ کرینگی دل میں چھپی کی چھپی رہینگی۔ لیکن اگر تم مشورے کی غرض سے ان کو زبان پر لاؤگے۔ تو اختلاف واقع ہوکر ان کا جھگڑا زبان زد عام ہو جائیگا۔ اور بھید آشکارا ہو جائیگا۔ صائب رح ؎

سزائے تست چوں گل گریۂ تلخ پریشانی کہ گفت اے غنچہ غافل دہن پیشِ صبا بکشا

مشورت دارند سر پوشیدہ خوب درکنایت باغلط افگن مشوب

لغات کنایت اشارہ غلط افگن۔ غلطی میں ڈالنے والا۔ دھوکا دینے والا۔ مشوب ملایا ہوا۔ اسم مفعول ہے۔ شوب سے جسکے معنی ہیں۔ ملانا۔ ملاوٹ۔ آمیزش۔ ترکیب دارند کی ضمیر جمع غائب ذوالحال سر پوشیدہ حال۔ درکنایت جار مجرور۔ متعلق بہ دارند۔ مشورت ذوالحال مشوب حال۔ باغلط افگن متعلق بہ مشوب ہے۔

ترجمہ بھید کو مخفی رکھ کر مشورہ کرنا اچھا سمجھا گیا ہے۔ جو اشارے اشارے سے ہو۔ اور دوسروں کو اصلیت سے بیخبر رکھنے والی طرز سے ملا ہوا ہو۔

مطلب بے شک مشورہ کرنا اچھی بات ہے۔ مگر اس کے ساتھ اخفائے راز بھی ضروری ہے۔ لہذا مشورہ ایسے طرز کلام سے کرنا چاہیئے۔ کہ راز آشکارانہ ہونے پائے۔ یعنی ایسے مبہم الفاظ میں گفتگو ہو۔ کہ مخاطب اصل حقیقت سے آگاہ نہ ہو۔ مثلاً کسی شخص کو یہ مشورہ مطلوب ہے۔ کہ چار آدمی ایک ہزار روپے میں دہلی سے حج کر سکتے ہیں یا نہیں۔ اور اس کو اندیشہ ہے۔ اگر صاف اسی عنوان سے مشورہ لیتا ہوں۔ تو لوگ سمجھ جائیں گے۔ کہ یہی شخص اپنے عیال سمیت حج کو جانا چاہتا ہے۔ اور اس کے پاس ہزار روپیہ موجود ہے۔ اور اندیشہ ہے۔ کہ چور اس کے روپے کا لالچ کریں۔ یا کوئی حاسد اس کے اس ارادہ خیر کا مانع ہو۔ اس لئے اس شخص کو مناسب ہے۔ کہ دہلی کی بجائے چار پانچ اسٹیشن گھٹا بڑھا کر کسی اور مقام کا ذکر کرے اور چار آدمی کی بجائے پانچ پورے آدمی اور دو بچے نصف نصف ٹکٹ کے فرض کر کے کل چھ آدمی سوال میں ذکر کرے۔ جو جواب ملے۔ اسکو ملحوظ رکھکر کم یا زائد سٹیشن اور ٹکٹوں کے کرایہ کی کمی بیشی کا حساب لگا کر کم کو شامل اور زائد کو منہا کر کے خود اپنے دل میں صحیح اندازہ لگا لے۔ اسطرح مطلوبہ جواب بھی مل جائیگا۔ اور راز بھی ظاہر نہ ہونے پائیگا (از کلید مثنوی بتصرف) و مثلہ ما قال النظامی رح ؎

بسا گفتنیہا کہ باشد نہفت بدیگر زباں باید ش باز گفت

مشورت کردے پیمبر بستہ سر گفت ایشانش جواب و بیخبر

ترکیب پیغمبر ذوالحال بستہ سر حال۔ گفت فعل ایشاں ذوالحال فاعل۔ شین مفعول بہ اول۔ جواب مفعول بہ ثانی بیخبر حال ایشاں سے۔

ترجمہ پیغمبر علیہ السلام (بھی ہمیشہ) راز کو مخفی رکھ کر مشورہ فرماتے۔ یہ (حاضرین) آپ سے جواب عرض کر دیتے۔ اور (خود) بیخبر رہتے (کہ اصل واقعہ کیا ہے)

در مثالے بستہ گفتی رائے را تا نداند خصم از سر پائے را

ترجمہ آپ کسی پیچیدہ مثال میں رائے (طلب معاملہ کو پیش) فرماتے۔ یہانتک کہ مخالف (اصل واقعہ کے) سر اور پیر سے آگاہ نہ ہونے پاتا

انضاء اور زکی نیوز سے کلیم ہوئی ہے اور ویلیم کو استعمال

او جواب خویش بگرفتے ازو وز سوالش مے نبردے غیر بو

ترجمہ۔ آپ اسی سے اپنا جواب اخذ کر لیتے۔ اور غیر لوگ آپکے سوال کی بو بھی نہ پاتے۔

مطلب۔ حدیث شریف میں آیا ہے۔ اِذَا غَزَیٰ غُزْوَۃً وَرّٰی بِغَیْرِھَا یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کسی جنگ کا موقع پیش آتا۔ تو اس کا اشارہ کسی دوسرے موقع کے پیرائے میں فرماتے ہیں۔ مولانا رح کا قول اسی مضمون کی روایت بالمعنی ہے۔

ایں سخن پایاں ندارد باز گرد سوئے خرگوشش دلاور تاچہ کرد

لغات۔ باز گرد واپس چلو۔ دلاور بہادر۔

ترجمہ اس بحث کی تو انتہا نہیں۔ اب بہادر خرگوش کیطرف پھر عود کرو۔ کہ اس نے کیا کیا۔

قصہ مکر کردن خرگوش با شیر و بسر بردن

خرگوش کا شیر کے ساتھ مکر کرنا اور اس کو انجام تک پہنچانا۔

حاصل آں خرگوش رائے خود نگفت مکر اندیشید با خود طاق و جفت

ترجمہ الغرض اس خرگوش نے اپنی رائے ظاہر نہ کی اور دل ہی دل میں جوڑ توڑ کر کے حیلہ سوچ لیا۔

با وحوش از نیک و بد نکشاد راز سر خود با جان خود میراند باز

ترکیب نیک و بد مضاف معاملہ مضاف الیہ محذوف۔ ترجمہ جنگلی جانوروں کے سامنے (معاملے کی) نیکی بدی کا راز نہ کھولا۔ اپنے بھید کا مطالعہ دل ہی دل میں کرتا رہا۔

ساعتے تا خیر کرد اندر شدن بعد ازاں شد پیش شیر پنجہ زن

لغات۔ ساعتے میں یائے وحدت کے لئے ہے۔ شدن جانا۔ پنجہ زن۔ پنجہ مارنے والا ترجمہ (پہلے تو) جانے میں ایک گھنٹہ بھر توقف کیا۔ اس کے بعد اس پنجہ زن شیر کی طرف روانہ ہوا۔

مطلب۔ شد پیش شیر سے یہ مراد نہیں۔ کہ شیر کے سامنے جا پہنچا۔ بلکہ مراد یہ ہے۔ کہ شیر کے سامنے جا پہنچنے کیلئے چل پڑا۔ کیونکہ آگے شیر کی جن حرکات و سکنات کا ذکر ہے۔ ان کا وقوع خرگوش کی غیبوبت میں ہوا ہے

زاں سبب کاندر شدن واماند دیر خاک را میکند و مے غرید شیر

لغات وا بمعنی جدا و علیحدہ عموماً فعل کے ساتھ آتا ہے۔ میکند کندن کھودنا سے غرید غریدن غرانا گرجنا۔ دھاڑنا سے ترکیب۔ تا حرف جار مقدد یر مجرور مکر متعلق واماند کے۔ جسکی ضمیر فاعلی راجع ہے خرگوش کی طرف۔ حرف نا جار۔ آں سبب اسم اشارہ و مشار الیہ مبین اور اگلے الفاظ بیان مکر مجرور ہوا۔ یہ متعلق

میکند کے۔ جس کا فاعل شیر ہے۔

ترجمہ (ادھر) شیر (بھی) اس سبب سے کہ اس (خرگوش) نے حاضر ہونے میں دیر تک توقف کیا تھا (غصے کے مارے) منی کرید رہا تھا۔ اور دھاڑ رہا تھا۔

گفت من گفتم کہ عہدِ آں خساں خام باشد خام و زشت و نارساں

لغات ۔ گفت بمعنی میگفت ۔ خساں جمع خس ۔ کمینہ ۔ سفلہ ۔ نالائق ۔ خام کچا ۔ بیہودہ ۔ زشت برا ۔ نارساں ناتمام ۔ انجام تک نہ پہنچنے والا۔

ترجمہ (اور) کہہ رہا تھا۔ میں نے (پہلے ہی) کہا تھا۔ کہ ان کمینوں کا عہد کچا ہوگا اور کچا ہونے کے علاوہ خراب و ناتمام بھی رہیگا۔

دمدمہ ایشاں مرا از خر فگند چند بفریبید مرا ایں دہر چند

لغات دمدمہ مکر و فریب ۔ از خر افگندن ۔ مکاشفات میں اس کے معنے لکھے ہیں ۔ گدھے سے کم رتبہ بنا دینا ۔ مگر بحر العلوم میں شیخ ولی محمد سے منقول ہے ۔ کہ یہ معنی خلاف محاورہ ہیں ۔ از خر فگندن کے صحیح معنی ہیں از مطلب دور ساختن و ہلاک کردن ۔ چند بمعنی تا چند کب تک دہر سے اہل دہر مراد ہیں۔

ترجمہ ان کے مکر نے مجھ کو مار ڈالا ۔ یہ اہل زمانہ مجھے کب تک دھوکا دینگے (ہاں) کب تک !

سخت درماند امیرِ سست ریش چوں نہ پس بیند نہ پیش از احمقیش

لغات درماندن عاجز آجانا ۔ سست ریش بیوقوف ۔ احمق ۔ احمقی میں یائے مصدری ہے ۔

ترجمہ (واقعی) وہ بیوقوف حاکم بھی بالکل نکما ہے ۔ جو اپنی بیوقوفی سے پس و پیش نہ دیکھے۔

راہ ہموار ست و زیرش دامہا قحطِ معنی در میانِ نامہا

لغات ہموار صاف برابر ۔ دام جال ۔ قحط کال ۔ مراد کمیابی ۔

ترجمہ راستہ بظاہر صاف اور برابر ہے ۔ اور اس کے نیچے جال (چھپے ہوئے) ہیں (بڑے بڑے دلچسپ) ناموں (اور لقبوں) میں معنی کا قحط ہے ۔

مطلب ۔ یہاں قصے سے ارشاد کے ایک مضمون کیطرف انتقال ہے ۔ یعنی جس طرح ظاہری معاملات میں انہم بینی نہ کرنے سے غلطی میں مبتلا ہونے کا احتمال ہے ۔ اس طرح باطنی معاملات اور سلوک و طریقت میں دور اندیشی نہ کرنے سے ضلالت و وبال میں گرفتار ہونے کا اندیشہ ہے بشیوخ مزور اور پیران ریاکار کے اقوال و احوال بظاہر ہموار راستے کی طرح قابل اطمینان نظر آتے ہیں ۔ حالانکہ انکے نیچے مکر و تزویر کا جال چھپا ہوتا ہے ۔ مریدِ بے تمیز کو رانہ ارادتمندی میں آکر ان کے جال میں پھنس جاتے ہیں ۔ حالانکہ اگر وہ دور اندیشی اور حقیقت شناسی سے کام لیتے ۔ تو معلوم ہوجاتا کہ یہاں میاں صاحب حضرت صاحب شاہ صاحب پیر و مرشد ہادی و رہنما ذاکر و شاغل و عابد و زاہد وغیرہ اسماء القاب میں ان حقیقی اوصاف کا پتہ بھی نہیں ۔ جو ان

الفاظ کے معانی ہیں۔ حافظ رح ؎

صوفی نہاده دام و سرِ حقّه باز کرد | بنیاد مکر با فلکِ حقّه باز کرد
وله بزیرِ دلق مرقع کمندها دارند | دراز دستیِ ایں کوتہ آستینان بیں
صائبؒ فکرِ صید خلق دارد زاهداں را گوشه گیر | خاکساری پردهٔ تزویر باشد دام را
وله طالبِ خلق اگر گوشه عزلت گیرد | همچو دامے ست که در خاک نہاں میگردد
وقال بعضہم ؎ لباس شہرت ایں قوم خالی از معنی | بجز لباس قلمکار نیست چوں تصویر

لفظہا و نامہا چوں دامہاست لفظِ شیریں ریگِ آبِ عمرماست

ترجمہ (شیوخ مزوّر کی) باتیں اور القاب گویا جال ہیں (جو لوگوں کو مبتلائے عقیدت بناتے ہیں)۔ ان کے دلچسپ اقوال اور ملفوظات (گویا) ریت ہیں۔ اور ہماری عمر پانی ہے۔ (جو اس ریت میں جذب ہوا جاتا ہے)۔

مطلب ان مکار پیروں کے القاب واسمار کا دام مکر ہونا تو اوپر بھی مذکور ہوچکا ہے۔ یہاں اسکے مکرر ذکر کے ساتھ انکے اقوال وملفوظات کا بھی جاذبِ قلوب اور جالب طبائع ہونا بیان فرماتے ہیں۔ یعنی وہ لوگ نکات تصوف، رموز معرفت اور اسرار طریقت کے بیان کرنے میں کچھ ایسی زبین و آسمان کی ملاتے ہیں۔ کہ عوام ان کے گرویدہ ہو جاتے ہیں۔ پھر فرماتے ہیں۔ کہ ان کے یہ ملفوظات و اقوال سادہ لوح معتقدوں کی بربادی عمر کا موجب ہوتے ہیں۔ جو ان کی خدمت و اطاعت میں اپنی زندگی بسر کردالتے اور بجائے رشد و ہدایت کے گمراہی وضلالت خرید کر خسرالدنیا والآخرہ کا مصداق بنتے ہیں۔ بقول کسے ؎

جاہل بردِ زمرشدِ بمعرفت چہ فیض | کورے کجا عصاکش کور دگر شود

عمر چوں آب ست وقت اورا چو جو خلق باطن ریگِ جوئے عمرِ تو

لغات ۔ جو بیم کے ضمہ سے نہر۔ خلق باطن ملکاتِ نفسانیہ۔ خصائل۔

ترجمہ عمر گویا پانی ہے (اور) زمانہ اس کی نہر ہے۔ اور (پیران و مشائخ کا) خلقِ باطن تیری نہر عمر کی ریت ہے۔

مطلب چنانچہ اگر یہ ریت پاک وطاہر ہے۔ تو پانی بھی پاک وصاف ہوگا۔ اگر یہ ریت نجس اور گندی ہے تو پانی بھی گدلا اور مکدر ہو جائیگا۔ یہ مثال ہو اسکی کہ اگر شیخ کا باطن پاک و نورانی ہوگا۔ تو مرید کی زندگی بھی فیوض و برکات سے بہرہ ور ہوگی۔ اگر اس کے باطن میں خبث و تاریکی ہے۔ تو مرید کی عمر بھی اس کے اتباع سے تباہ و برباد ہو جائیگی۔ سعدی رح ؎

روے اگر چند پریچہرہ و زیبا باشد | نتواں دید در آئینہ کہ نورانی نیست

ان دونوں احتمالوں کی تفصیل اگلے اشعار میں آتی ہے

الخلاف ۔ بعض شارحین کے نزدیک اس شعر میں خلق باطن سے خود مرید کے اخلاق ذمیمہ مراد ہیں۔ اور انکے نزدیک یہ شعر بے جوڑ اور غیر ضروری واقع ہوا ہے۔ ادھر تو شیوخ مزوّر کے اقوال کو ریگ سے

تشبیہ دی تھی - اور آگے چل کر خود شیخ مزور کی ذات کو ریگ قرار دینگے - اور اس میں تو کوئی حرج نہیں - بوجود النسبۃ بینہما - مگر ان دونوں کے تشبیہوں کے درمیان مرید کے اخلاق کو ریگ سے تشبیہ دینا بیموقع ہے - اسلئے وہ بقول بعض اس کو الحاقی قرار دیتے ہیں - لیکن ظاہر ہے - کہ اگر یہاں خلق باطن سے پیر کے اخلاق سیئہ مراد ہوں - تو اس اشتمال کی ضرورت نہیں رہتی - بلکہ یہ شعر اجمال اور آیندہ اشعار اس کی تفصیل قرار پاکر مطلب صاف اور مسلسل بن جاتا ہے - کما اخترناہ -

آں یکے ریگے کہ جوشد آب ازو　　سخت کمیاب ست رو آنرا بجو

ترجمہ ایک وہ ریت ہے - جس سے (حکمت کا) پانی پھوٹ نکلتا ہے - وہ نہایت کمیاب ہے - جاؤ اس کی تلاش کرو - (اور طالب حکمت بنو)

مطلب - شیخ کامل اور شیخ ناقص چونکہ بظاہر یکساں نظر آتے ہیں - اسلئے دونوں کو ریگ سے تشبیہ دی ہے - مگر چونکہ بلحاظ اثر دونوں میں بیّن فرق ہے - اسلئے شیخ کامل کو اس ریگ سے تشبیہ دی ہے - جس سے شیریں و خوشگوار پانی نکلتا ہے - اور اس کے تلاش کرنے کی تاکید فرمائی - صائبؒ ؎

شاید دو چار دامنِ اہل دلے شوی　　چوں آفتاب دست بگرد جہاں برار

ہشت آں ریگ اے پسر مردِ خدا　　کہ بحق پیوست واز خود شد جدا

ترجمہ بیٹا! وہ ریت مرد خدا ہے - جو خدا سے واصل اور اپنی خودی سے دور ہوگیا - عراقیؒ رہ ؎

زحیرت جملگی گم گشتہ از خود　　دلے ہریک دریں رہ رہنمائے

آب عذبِ دیں ہمے جوشد ازو　　طالباں رازاں حیات ست ونمو

لغات عذب شیریں - حیات زندگی سرسبزی - نمو بڑھنا پھلنا پھولنا - نشو و نما پانا -

ترجمہ دین کا شیریں پانی اس سے پھوٹ کر نکلتا ہے - جس سے طالبوں کو (ابدی) زندگی اور پھولنا پھلنا (نصیب ہوتا) ہے - جامی رح ؎

فیضے کہ بدل میرسد از سدرہ وطوبےٰ　　در سایۂ سرو قدِ دلجوے تو یابیم

غیرِ مردِ حق چو ریگِ خشک داں　　کاب عمرت را خورد او ہر زماں

لغات کاب کہ آب خورد نوشد - آشامد - آب عمر میں یا تو اضافت تشبیہی ہے - یا تملیکی -

ترجمہ جو شخص مرد خدا نہیں - اسکو خشک ریت سمجھو - جو ہر دم تمہارے آب عمر کو جذب کئے جا رہا ہے -

مطلب اگر آب عمر کی اضافت تشبیہی ہے - تو اس صورت میں اس سے زندگی مراد ہے - جسکو پانی سے تشبیہ دیگئی ہے - یعنی جس طرح ریت پانی کو چوس لیتا ہے - اسطرح اس شیخ مکار کی صحبت تیری زندگی کو چرجائیگی اور اضافت تملیکی کی صورت میں آب عمر سے زندگی کی رونق و برکت مراد ہے - پھر یہ مطلب ہوگا - کہ اس کی صحبت تیری برکات زندگی کو یعنی علم و عمل اور مال و دولت کو برباد کردے گی - صائب رح ؎

زصبح صادق بشناس صبح کاذب را مخور بجائے تباشیر استخواں زنہار

طالبِ حکمت شو از مردِ حکیم تا ازو گردی تو بینا و علیم

لغات ۔ حکمت ۔ دانائی ۔ یہاں معرفت و طریقت مراد ہے ۔ حکیم سے حکیم روحانی یعنی پیر کامل مقصود ہے ۔ بینا صاحب بصیرت ۔ علیم کثیر العلم ۔ بڑا عالم ۔

ترجمہ مرد حکیم سے حکمت طلب کرو ۔ تاکہ تم اس سے صاحب بصیرت اور بڑے دانا بن جاؤ ۔

مطلب ۔ جب معلوم ہوگیا ۔ کہ پیر دو قسم کے ہیں ۔ ایک کامل دوسرے ناقص ۔ تو واجب ہے ۔ کہ پیر کامل ہی سے استفاضہ کرو ۔ تاکہ تم کمال روحانی سے بہرہ ور ہو جاؤ ۔ جامی رح ؎

مستغنیم بتربیتِ پیرے فروش زیں مرشدانِ رہ زن و از راہ فتادہ ہم

منبعِ حکمت شود حکمت طلب فارغ آید او ز تحصیل و سبب

لغات منبع سرچشمہ ۔ چشمے کے نکلنے کی جگہ ۔ حکمت طلب ۔ حکمت کو تلاش کرنیوالا ۔ تحصیل حاصل کرنا

ترجمہ طالب حکمت ۔ حکمت کا سرچشمہ بنجاتا ہے (اور وہ) تحصیل (کے مروجہ طریق) اور (حصول علم کے) اسباب (ظاہری) سے فارغ ہوتا ہے ۔

مطلب ۔ جو شخص حکمت و بصیرت طلب کرتا ہے ۔ علم و حکمت کی باتیں اسکے دل سے نوائے کی طرح نکلنی شروع ہوجاتی ہیں ۔ اور علوم وہبی و لدنی اس کے قلب پر اس طرح خود بخود فائض ہونے لگتے ہیں ۔ کہ اس کو تحصیل علوم کیلئے اسباب ظاہری کی ضرورت نہیں رہتی ۔ مولانا رح دوسری جگہ فرماتے ہیں ؎

عاشقاں را شد مدرّس حُسنِ دوست دفتر و درس و سبق شاں روے اوست

وله ؎ در دلت بینی علوم انبیا بے کتاب و بے معید و اوستا

لوحِ حافظ لوحِ محفوظے شود روحِ او از روحِ محظوظے شود

لغات لوح تختی ۔ حافظ حفظ کرنے والا ۔ یاد رکھنے والا ۔ لوح محفوظ ۔ وہ دفترِ غیب ۔ جس میں اللہ تعالیٰ کی قدرت سے تمام کے تمام احوال جو کل عالم میں واقع ہوئے یا ہونگے درج ہیں ۔ محظوظ بہرہ یاب حصہ پانیوالا روح پہلا کلمہ روح خشتی معنی یعنی جان پر محمول ہے ۔ دوسرے کلمہ سے الہام مراد ہے

ترجمہ (پھر اس طالب حکمت کی قوت) حافظہ کی لوح (کثرت علم سے) لوح محفوظ بنجاتی ہے اور اس کی جان روح (یعنی الہام) سے بہرہ یاب ہوتی ہے ۔

مطلب ۔ طالب حکمت پہلے تو علوم و اسرار کو شیخ سے سنکر اپنے لوح دل پر محفوظ رکھتا تھا ۔ پھر علوم کشفیہ لدنیہ کے انکشاف کے بعد اس کا دل بمنزلۂ لوح محفوظ بنجاتا ہے ۔ کہ اس میں منجانب اللہ علوم حقیقۃ منتقش ہونے لگتے ہیں ۔ پھر اس افاضہ غیب اور الہام ربانی کو روح سے تعبیر فرماکر کہتے ہیں ۔ کہ اس کی جان الہام سے بہرہ یاب ہونے لگتی ہے چنانچہ اللہ تم فرماتا ہے ۔ اَوْحَیْنَا اِلَیْکَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا وحی یا الہام کو روح اس اعتبار سے کہا گیا ہے ۔ کہ جس طرح روح حیات جسمانیہ کا سبب ہے ۔ اسیطرح الہام حیات معنویہ کا ذریعہ ہے

چوں معلم بود عقلش زابتدا بعدازاں شد عقل شاگرد ے ورا

ترجمہ ۔عقل بھی جو ابتدا میں اس کی معلم تھی (اب) اس کے بعد (وہی) عقل اس کی شاگرد بن گئی ۔

مطلب ۔حصول معرفت سے پہلے عقل اس کی پیش رو تھی ۔اور عقل ہی نے اس کو راہ طلب پر ڈالا تھا۔ مگر اس کے بعد جب اس کو وہ وہ علوم و اسرار حاصل ہوگئے ۔جو عقل و ادراک کے بس سے باہر ہیں۔ تو عقل اس کے آگے محتاج اور زیر دست ثابت ہوئی ۔حافظ رح ؎

در مکتب حقائق پیش ادیب عشق ہاں اے پسر بکوش کہ لقمے بدر شوی

عقل چوں جبریل گوید احمدا! گر یکے گامے زنم سوزد مرا

لغات جبرئیل ع وہ فرشتہ ہے جو وحی لاتا ہے ۔ اور معراج میں حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے ساتھ تھا۔ گام قدم **ترکیب** سوزد کا فاعل سبحات الجلال محذوف ہے کما سیاتی **صنائع** اس شعر میں تلمیح ہے قصہ معراج کی **ترجمہ** عقل (بھی) سلوک کے مراتب عالیہ کو طے کرنے سے عاجز آکر (جبرئیل ع کی طرح (عذر کے کلمات) کہنے لگے گی ۔(جس طرح جبرئیل ع نے معراج میں کہا تھا کہ) یا حضرت احمد صلی اللہ علیک وسلم ۔اگر میں (آپ کے ساتھ) ایک قدم اور چلوں ۔ تو (فروغ تجلی) مجھے جلادے گا ۔

مطلب وہ طالب مراتب سلوک کے ان اعلی مقامات کو طے کرتا چلا جائیگا جہاں عقل کی رسائی ناممکن ہے اور عقل ان مراتب پر فائز ہونے سے معذور ہے ۔جیسے جبرئیل ع نے معراج میں سدرۃ المنتہی سے آگے جانے سے عذر کیا تھا ۔شرح بحر العلوم میں تحریر ہے کہ عقل کی تمثیل جبرئیل ع کے ساتھ اس لحاظ سے ہے ۔کہ شب معراج میں جبرئیل ع پہلے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے رہنما تھے ۔ پھر سدرۃ المنتہی کے مقام پر پہنچ کر وہ آنحضرت ص کے شاگرد بنگئے ۔ اور آپکے ساتھ جانے کی ان کو طاقت نہ رہی معراج کے قصے میں مذکور ہے ۔کہ جب سید کائنات صلی اللہ علیہ وسلم مقام جبرئیل سے آگے چلنے لگے تو جبرئیل ع ٹھہر گئے ۔ سید عالم نے فرمایا ۔ یا اخی تم کیوں رفاقت نہیں کرتے ۔ انہوں نے جوابدیا ۔ لَوْ دَنَوْتُ اُنْمُلَةً لَاحْتَرَقْتُ سُبُحَاتُ الْجَلَالِ یعنی اگر میں ایک سرانگشت بھر آگے چلوں ۔ تو انوار جلال مجھ کو پھونک ڈالیں

سعدی ؎

چناں گرم در تیہ قربت براند کہ در سدرہ جبریل ازو باز ماند
بگفتا فراتر مجالم نماند بماندم کہ نیروے بالم نماند
اگر یکسر موئے برتر پرم فروغ تجلی بسوزد پرم

مگر یہ روایت حدیث کی مشہور کتابوں میں نہیں ملتی ۔تفسیر خازن میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سدرۃ المنتہی کی وجہ تسمیہ میں اس قدر منقول ہے ۔کہ اس مقام پر ملائکہ کے علم کی انتہا ہے ۔ اور اس سے آگے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کوئی نہیں گیا ۔

تو مرا بگذار ایں جا پیش ازاں خدمتم ایں بود اے سلطان جاں

ترجمہ آپ مجھے اس سے پیچھے ہی رہنے دیجئے (اور خود) آگے تشریف لے جائیے ۔

اے سلطانِ جان میری حد یہی تھی۔ حافظ رح ؎

اندریں دائرہ ے باش چو دف حلقہ بگوش — در قفائے خوری از دائرۂ خویش مرو
ع پا منہ بیروں ز حدِّ خود سعادتمند باش — نیست کمتر از ہما تا چند در ویرانہ ہست

ہر کہ ماند از کاہلی بے شکر و صبر — او ہمے داند کہ گیرد پائے جبر

لغات کاہلی سستی پا گرفتن قیام کرنا۔ **ترجمہ** جو شخص سستی کی وجہ سے ناشکر اور بے صبر رہا۔ وہ یہ سمجھتا ہے۔ کہ میں جبر پر قائم ہوں۔

مطلب۔ اوپر مرد حکیم یعنی پیر کامل کے تلاش کرنے کی ترغیب اور حصول فیوض کی تاکید کی تھی اب اس طلب وسعی میں سستی کرنے کی مذمت فرماتے ہیں۔ کہ سست آدمی اپنی سستی کی وجہ سے طلب کمال میں کوتاہی کرتا ہے۔ اور الٹا خوش ہوتا ہے۔ کہ میں نے جبر محمود پر عمل کیا۔ یعنی اپنے اختیار کو اختیار خداوند میں محو کر دیا۔ حالانکہ اس غلط فہمی میں اس نے ناشکری اور بے صبری کے گناہوں کا ارتکاب کیا ہے۔ ناشکری تو اس لحاظ سے ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے جو اس کو قوائے مدرکہ و فاعلہ کی نعمتیں عطا فرمائی تھیں۔ تو ان سے کام لینا ان نعمتوں پر خدا کا شکر کرنے کے ہم معنی تھا۔ لیکن اس نے انکو معطل و بیکار رکھکر خدا کی ناشکری کی اور بیصبری اس لحاظ سے کہ وصول الی الحق کا ذریعہ اعمال واشتغال اور ریاضات و مجاہدات تھے۔ جن پر اس سے صبر نہ ہو سکا۔ اس لئے ان سے کنارہ کش رہنا بے صبری کا ہم معنی ہے۔ ؎

حافظ صبور باش کہ در راہِ عاشقی — ہر کس کہ جاں نداد بجاناں نمیرسد
ع جای رح نتواں نشستن از تگ و پو در طریقِ عشق — آنرا کہ بادپا ندہد دست پا بست

ہر کہ جبر آورد خود رنجور کرد — تا ہماں رنجوریش در گور کرد

لغات رنجور بیمار **ترکیب** خود کے ساتھ را حرفِ جار یا علامت مفعولیت محذوف ہے۔ شین ضمیر مفعول بہ۔

ترجمہ جو شخص جبر (کے زعم باطل) پر کاربند ہوا۔ اس نے اپنے آپ کو بیمار بنا لیا۔ یہاں تک کہ اسی بیماری نے اس کو (جہالت و بطالت کی) قبر میں مدفون کر دیا۔

مطلب۔ بیماری بعض فرائض اعمال کی بجا آوری کے لئے عذر مانی گئی ہے۔ مگر قائل جبر جو طلب وسعی سے کتراتا ہے۔ وہ خواہ مخواہ اپنے آپ کو بیمار بنا رہا ہے۔ اور یہ بہانہ جوئی کی بیماری آخر اس کی روحانی موت کا باعث بنتی ہے۔ صائب رح ؎

چوں پذیرند از تو عذرِ لنگ کز بہر سفر — بادپائے ہیچو جانِ بیقرارت دادہ اند

گفت پیغمبر کہ رنجوری بہ لاغ — سبز آرد تا بمیرد چوں چراغ

لغات لاغ تمسخر۔ ہنسی۔ سبز نخوں۔ سبز۔ مرض

ترجمہ (چنانچہ) جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کہ (ہنسی اور) تمسخر سے بیماری (ظاہر کرنا) بیمار بنا دیتا ہے۔ یہانتک کہ (وہ بناوٹی بیمار) چراغ کی طرح گل ہو جاتا ہے۔

مطلب بعض منافقین احکام دین کی بجا آوری سے ٹلنے کے لئے جھوٹ موٹ اپنے آپکو بیمار ظاہر کرتے تھے۔ ان کے حق میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اِنْ تَمَارَضْتُمْ لَمَرِضْتُمْ یعنی اگر تم ہمارے سامنے بیمار بنو گے۔ تو فی الواقع بیمار ہو جاؤ گے۔ (کذا فی بحر العلوم وغیرہ) نظا! ع ؎

بسا فالے کہ از بازیچہ برخاست چو اختر سے گذشت آں فال شد راست

جبر چہ بود؟ بستنِ اشکستہ را یا بہ پیوستن رگِ بگسستہ را

لغات جبر کسی ٹوٹی ہوئی چیز کو جوڑنا۔ کسیکو زبردستی کسی کام پر لگانا۔ سب نیکی بدی اللہ کیطرف سے سمجھنا اشکستہ میں الف زائد ہے۔ پیوستن ملانا۔ جوڑنا بگسستہ ٹوٹا ہوا۔ کٹا ہوا۔

ترجمہ جبر (کا لغوی معنی) کیا ہے۔؟ ٹوٹے کو جوڑنا یا کٹی ہوئی رگ کو پیوستہ کرنا۔

مطلب۔ اوپر جبر کے عقیدے سے متمسک ہو کر سعی و طلب کو چھوڑنے والے کی تردید تھی اب یہ ذکر ہے۔ کہ اگر تم کو جبری بننا ہی منظور ہے۔ تو جبر محمود اختیار کرو۔

چوں دریں رہ پائے خود نشکستۂ برکہ میخندی چہ پا را بستۂ

ترجمہ جب تم نے اس راہ (طلب) میں اپنے پاے (طلب) کو (شدت سعی سے) شکستہ ہی نہیں کیا۔ تو (جبر کے معنی صادق نہ آئے پھر تم اور کس پر ہنستے ہو (اور) پاؤں کو کیا باندھ رکھا ہے۔

مطلب جبر بمعنی بستنِ شکستہ کے دعویدار کا فرض تھا۔ کہ پہلے پائے شکستن پر عمل کرتا۔ پھر بستن کو عمل میں لاتا۔ لیکن جب اس نے نہ سعی کی۔ نہ شدت سعی سے اپنے پائے طلب کو مضمحل و شکستہ کیا۔ پھر اس کا پاؤں کو باندھنا محض بہودہ کرشمہ دوں میں شامل ہونا ہے۔ جو جبر کا مصداق نہیں۔ جامی ؎

نیافت صفوتِ صوفی بحیلہ صاحب زرق نشد بصنعت قلاب زرِ ناب رصاص

الخلاف۔ بعض نسخوں میں نشکستہ کے نون کی بجائے بائے موحدہ ہے۔ اس صورت میں معنی یوں ہونگے تم نے اس راہِ طلب میں اپنا پاے سعی کیونکر شکستہ کیا ہے (اگر محض ترکِ ریاضات کا بہانہ ہے۔ تو پھر کسی منکرِ جبر پر کیا ہنستے ہو (اور اپنے) پاؤں کو کیا باندھا ہے (کہ خود تم جبر محمود پر عامل نہیں ہو)

وانکہ پایش در رہِ کوشش شکست در رسید او را بُراق و بر نشست

لغات براق وہ بہشتی چوپایہ جس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم شبِ معراج میں سوار ہوئے۔ یہ چوپایہ خچر سے چھوٹا اور گدھے سے بڑا تھا۔ حسنا ظ براق استعارہ ہے جذبِ الٰہی سے۔

ترجمہ اور جس شخص کا پاؤں طریقِ مجاہدہ میں شکستہ ہوا۔ اس کے لئے (جذبِ الٰہی) کا براق آیا۔ اور وہ اسپر سوار ہو گیا۔ (اور قرب حق کی منزل تک پہنچ گیا)

مطلب در رہِ کوشش پا شکستن کے یہ معنی ہیں۔ کہ اس نے امکانی سعی و کوشش کے تمام مراتب

ختم کردئے ہوں۔ کوئی کسر نہ اٹھا رکھی ہو۔ یہانتک کہ وہ درجہ انتہا پر عجز و اضمحلال سے پاشکستہ کا مصداق بن گیا ہو اور اس سے آگے مزید کوشش و سعی اس سے نہ ہو سکتی ہو۔ سعی و طلب سے مراد سلوک ہے۔ جسکو سیر قدمی کہتے ہیں۔ اور جذب آلہی کا نام سیر نظری ہے۔ راہ سعی میں پاشکستہ ہونے سے پوری پوری سعی و طلب بجا لانا مراد ہے۔ اس شعر میں یہ بھی اشارہ ہے۔ کہ کمال سعی یعنی سلوک مقدم ہے۔ پھر جذب الٰہی جسکو اس شعر میں براق سے تعبیر کیا ہے۔ موصل الی الحق ہو جاتا ہے۔ کما قال السعدی ؒ

؎ بپائے طلب راہ بدانجا بری وزانجا ببالِ محبت پری

حاملِ دیں بُود او محمُول شد قابِل فرماں بُد او مقبُول شد

لغات۔ حامل اٹھانیوالا۔ محمول اٹھایا ہوا۔ قابل قبول کرنیوالا۔ مقبول قبول کیا ہوا۔

ترجمہ (پہلے) وہ دین کا بار اٹھانیوالا تھا۔ (اب) خود سوار بن گیا۔ (پہلے صرف) فرمان (خداوند) کو قبول کرنے والا تھا۔ (اب) خداوند تعالیٰ کا مقبول ہو گیا۔

مطلب۔ ایسا شخص جو حق مجاہدہ ادا کرکے واصل الی الحق ہو جاے۔ پہلے وہ بار اعمال واشغال برداشت کرتا تھا۔ جو سلوک کا حاصل ہے۔ اب جذبہ الٰہی نے بالاضطرار اسکو مقصود اصلی تک پہنچا دیا۔ ؎

چوں شبنم پاکیزہ گہر جسم گدازاں در دامنِ گلزار بخورشید سعادند

تا کنُوں فرماں پذیر فتے زشاہ بعد ازاں فرماں رساند بر سپاہ

ترجمہ (اس کی مثال ایسی ہے۔ کہ گویا) اب تک بادشاہ کے احکام قبول کرتا تھا۔ (پھر ترقی مراتب کے بعد) خود فوج پر حکمرانی کرنے لگا۔

مطلب طالب پہلے اپنے شیخ کی اطاعت کرتا ہے۔ پھر حصول کمال کے بعد خود شیخ کامل بنکر مسند ارشاد پر متمکن ہو جاتا ہے۔ اور طالبوں کو فیض پہنچاتا ہے حافظ ؎

ازاں زماں کہ بریں آستاں نہادم رو فرازِ مسندِ خورشید تکیہ گاہِ من است

تا کنُوں اختر اثر کردے درو بعد ازاں باشد امیر اختر او

لغات۔ اختر ستارہ امیر حاکم۔ افسر

ترجمہ اب تک ستارے اسپر اثر کرتے تھے۔ اس کے بعد وہ ستاروں پر حکمراں ہوگا

مطلب کواکب کی تاثیر بالاستقلال ماننا تو شرک و کفر ہے۔ مولانا نے یہاں ان کا ذکر یا تو بناءً علی العرف کردیا جیسے ادبیات شاعری میں بہت سی مشہور عام باتیں حوالۂ قلم ہو جاتی ہیں۔ اگرچہ شرعاً وہ مورد اعتراض ہی ہوں۔ یا اس سے تاثیر کواکب بقضاء اللہ وقدرہ مراد ہے۔ اور اس میں کوئی حرج نہیں جیسے کہ اس کتاب کے پہلے حصے میں اسکی تحقیق گزر چکی۔ کواکب پر حکمراں ہونے کا یا تو یہ مطلب ہے۔ کہ وہ ان میں تصرف کرنے لگتا ہے۔ جو ایک قسم کی کرامت ہے۔ اور مولانا کے کلام میں کوئی کلمہ اس حکمرانی کے دوام و استمرار پر دلالت نہیں کرتا۔ جس سے کوئی اشکال واقع ہوتا۔ بلکہ یہ جزئی حکم ہے۔ یعنی وہ کبھی کواکب میں تصرف بھی کرسکتا ہے

یا حکمران ہونیکے معنی یہ ہیں کہ چونکہ وہ شخص فنافی اللہ کا درجہ حاصل کرچکا ہے۔ اور ایسے شخص کی خواہش بالکل ارادہ خداوندی کے تابع ہوتی ہے۔ اور کوائف کا ارادہ خداوند کے زیر فرمان ہونا ظاہر ہی ہے۔ پس کوائف میں ارادۂ خداوندی سے جو تغیر و تبدل ہوگا۔ چونکہ وہ اس شخص کی خواہش کے موافق ہوگا۔ پس گویا وہ تغیر خود اسکی خواہش سے ہوا ہے۔ اس معنی مجازی سے اس کو امیر اختر کہدیا۔ صائب رح ؎

ہر کس کشید سر بگریبان نیستی تسخیر کرد ملکت بے زوال را

گر ترا اشکال آید در نظر پس تو شک داری در انشق القمر

لغات اشکال الف کے کسرہ سے مشکل۔ دشواری۔ انشق القمر معجزہ شق القمر مراد۔

ترجمہ اگر تم کو (اس شخص کے حاکم اختر ہونے میں) دشواری نظر آئے۔ تو تم معجزہ شق القمر میں بھی شک رکھتے ہو۔

مطلب حاکم اختر ہونا تو بعض تاویلات و توجیہات سے مورد اشکال بھی نہیں تھا۔ مگر جب تم ایک ناقابل اشکال امر میں شک و شبہ کرتے ہو۔ تو معجزہ شق القمر میں جو ایک تصرف خارق ہے۔ تم کو شک کیوں نہ ہوگا۔ لیکن ظاہر ہے۔ کہ ایک مسلمان اس معجزہ میں شک نہیں کر سکتا۔ جو قرآن و حدیث سے ثابت ہے۔ تو اس کو اولیاء کرام کے امیر اختر ہونے میں بھی شک نہ کرنا چاہیئے۔

سورۃ قمر کی ابتدائی آیت ہے۔ اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ۔ یعنی قیامت قریب آگئی اور چاند دو ٹکڑے ہوگیا۔ بخاری و مسلم دونوں میں یہ روایت ہے کہ حضرت ابن مسعودؓ کہتے ہیں۔ کہ اِنْشَقَّ الْقَمَرُ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شِقَّتَيْنِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْهَدُوْا۔ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں چاند دو ٹکڑے ہوگیا تو آپنے فرمایا۔ گواہ رہو۔ اس روایت کے علاوہ صحیحین اور دیگر کتب احادیث میں اور بہت سی روایات شق القمر کے متعلق درج ہیں۔ جبیر ابن مطعم رض سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں چاند دو ٹکڑے ہوگیا۔ قریش نے کہا۔ کہ محمد نے ہماری نگاہوں کو مسحور کردیا۔ تو ان میں سے بعض نے کہا۔ اگر اس نے ہم کو مسحور کیا ہو۔ تو اس سے یہ لازم نہیں آتا۔ کہ تمام لوگ مسحور ہوجائیں اس کو ترمذی نے روایت کیا ہے۔ بعض نے اسپر یہ کلمات اضافہ کئے ہیں۔ کہ پھر یہ لوگ آنے جانے والے قافلوں سے ملتے تھے۔ تو وہ انکو بتاتے تھے۔ کہ ہمنے بھی ایسا ہی دیکھا ہے۔ یہ تمام بیان تلخیصاً تفسیر خازن سے نقل کیا گیا ہے۔ اس میں آگے چلکر لکھا ہے کہ یہ وہ احادیث ہیں۔ جو اس عظیم الشان معجزہ کے بارے میں وارد ہوئی ہیں۔ جن کے ساتھ قرآن مجید کی شہادت شامل ہے۔ جو سب سے زیادہ زبردست دلیل اور قوی حجت ہے۔ اور اسکے امکان میں کوئی مومن شک نہیں کرسکتا۔ کیونکہ مخبر صادق نے اس کی خبر دی ہے۔ لہذا اسپر ایمان لانا اور اس کے وقوع کا اعتقاد رکھنا واجب ہے امام نووی رح شرح مسلم میں زجاج سے نقل فرماتے ہیں۔ کہ بعض اہل بدعت و مخالفین ملت اسکے منکر ہیں اور بعض منکر لوگ کہتے ہیں۔ کہ اگر فی الواقع چاند دو ٹکڑے ہوگیا تھا۔ تو یہ نظارہ صرف اہل مکہ سے مخصوص نہ ہوتا۔ بلکہ تمام اہل زمین اس کو دیکھتے۔ علماء نے اس کا جواب یوں دیا ہے۔ کہ شق القمر کا واقعہ رات

معجزہ شق القمر کے منکرین کا رد

کے وقت ظہور پذیر ہوا تھا۔ جبکہ دنیا مصروفِ خواب تھی۔ گھروں کے دروازے بند تھے۔ اور لوگ لحاف اور رضائیاں اوڑھے منہ سر ڈھکے لیٹے سو رہے تھے۔ ایسی حالت میں دنیا کے اندر شاذ و نادر ہی کوئی ایسا آدمی ہوسکتا ہے۔ جو آسمان کی طرف ٹکٹکی باندھے اس کے حالات کا مطالعہ کرتا ہو۔ خصوصاً ایک ایسے حادثے کے لئے جس کا پہلے وہم و گمان بھی نہ ہو۔ ہم دیکھتے ہیں کہ چاند گرہن کے موقع پر جس کا پہلے انتظار بھی ہوتا ہے۔ بہت کم لوگ ہوتے ہیں۔ جو اس کا نظارہ کرتے ہیں۔ اسیطرح طلوع نجوم و وقوع شہب وغیرہ ہزاروں فلکی عجائبات حدوث پذیر ہوتے رہتے ہیں۔ کوئی انکو آنکھ بھر کر نہیں دیکھتا۔ جو دیکھتا ہے۔ وہ ذکر تک نہیں کرتا۔ ممکن ہے ہند چین۔ یورپ افریقہ وغیرہ اقطار ارض میں کسی نہ کسی نے شق القمر کا واقعہ دیکھا بھی ہو۔ تو اس کا چرچا نہ کیا ہو۔ یا اگر اس وقت چرچا ہوا بھی ہو۔ تو وہیں ہو ہوا کر رہ گیا ہو۔ اور کسی نے اس کو تواریخ میں درج نہ کیا ہو۔ جو آجتک شہادت بنکر ہمارے سامنے پیش ہوتا مگر اہل مکہ کی فرمایش سے یہ معجزہ ظہور پذیر ہوا۔ وہی اسکے دیکھنے کے منتظر و مترصد تھے۔ انہوں نے ہی غور دیکھا باقی اہل دنیا کو نہ اس کا انتظار تھا نہ انہوں نے دیکھا۔ انتہیٰ۔ سعدی رح ؎

چو عزمش برآہیخت شمشیر بیم ببجز میانِ قمر زد دو نیم

تازہ کن ایماں نہ از گفتِ زباں اے ہوا را تازہ کردہ در نہاں

لغات۔ گفت قول۔ بات۔ زبانی بات۔ ہوا خواہش۔ نفسانی رائے نہاں باطن۔ دل۔

ترجمہ ایمان کو (صدق دل سے) تازہ کرو۔ نہ کہ صرف زبانی قول سے۔ اے تم نے اپنے باطن میں خواہشات نفس کو تازہ کر رکھا ہے۔

مطلب۔ اہل ہوا اور اہل بدعت کی عادت ہے۔ کہ وہ اپنے دنیوی مقصد اور نفسانی غرض کو تعلیمات شرع سے مقدم رکھتے ہیں۔ اور جن نصوص شرعیہ کو اپنے مقصد کے خلاف پاتے ہیں۔ ان کو تاویل و تحریف کی کانٹ چھانٹ سے اپنے مطلب کے موافق بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ چونکہ معجزہ شق القمر کے بارے میں بھی یہ احتمال تھا۔ کہ کوئی ملحد اس میں تاویل بعید کرنے لگے۔ اور اس کو کرامات اولیا کے لئے قابل استدلال نہ سمجھے۔ اس لئے فرماتے ہیں۔ کہ تم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات کے متعلق ایمان کو مضبوط کرنے کیلئے اقرار باللسان کے ساتھ تصدیق بالجنان بھی کرنی چاہیئے۔ صرف زبانی اقرار کافی نہیں۔ جبکہ دل میں ان معجزات کے متعلق مخالف خیالات رکھتے ہو۔ کیونکہ شرط ایمان یہ ہے۔ کہ اپنے ذاتی خیالات کو مقتضائے شرع کے تابع رکھیں۔ نہ یہ کہ احکام شرع کو اپنی رائے کے تابع بنائیں۔ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ ابْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یَکُوْنَ ھَوَاہُ تَبَعًا لِّمَا جِئْتُ بِہٖ۔ عبد اللہ بن عمرو سے روایت ہے۔ کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تم میں سے کوئی شخص مومن نہیں ہوسکتا۔ یہانتک کہ اسکے ذاتی خیالات ان احکام شرع کے تابع ہو جائیں۔ جو میں لایا ہوں (مشکوۃ) نظامی رح ؎

عقل ار چہ خلیفۂ شگرف است بر لوح سخن تمام حرف ست

ہم مہر مویدی نہ دارد تا دینِ محمدی ندارد

تا ہوا تازہ ست ایماں تازہ نیست چوں ہوا جز قفل آں دروازہ نیست

ترجمہ جب تک ہوائے نفسانی تازہ ہے۔ ایمان تازہ نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ یہ ہوائے نفسانی بجز اس کے کہ اس دروازہ (علوم و معارف) کا قفل ہے۔ اور کچھ نہیں۔

مطلب اس میں اس آیت کریمہ کے مضمون کی طرف اشارہ ہے۔ اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰی قُلُوْبٍ اَقْفَالُھَا۔ کیا یہ لوگ قرآن مجید پر غور نہیں کرتے۔ یا دلوں پر قفل لگے ہوئے ہیں (محمدؐ) غرض ایمان واذعان نتیجہ ہے۔ علوم حقیقتہ اور معارف صحیحہ کے حاصل ہونے کا۔ اور علوم و معارف کا دروازہ دل ہے۔ مگر جب دل پر نفسانی اغراض اور شیطانی وساوس کا قبضہ ہو۔ تو گویا علوم و معارف کے دروازے پر قفل لگ گیا۔ پھر تازگی ایمان کہاں۔ صائب رح ؎

دل نہ ہوس پاک کن فیض کشایش ببیں ہرچہ دروں دل ست قفل برون درست

کردۂ تاویل حرفِ بکر را خویش را تاویل کن نے ذکر را

لغات تاویل لغوی معنی پھیرنا بدلنا۔ اصطلاح میں ایک بات کو ظاہری معنی سے پھیر کر کسی اور احتمالی معنی پر حمل کرنا۔ شعر میں تاویل کے پہلے کلمے سے اصطلاحی معنی مراد ہیں۔ اور دوسرے سے لغوی۔ بکر۔ بکسر بار۔ ناکتخدا لڑکی۔ کواری۔ مراد محفوظ ذکر قرآن مجید۔

ترجمہ تم نے (قرآن مجید کے) محفوظ حروف کی تاویل کی ہے۔ (اگر کرتے ہو۔ تو خود) اپنی آپ کا تغییر و تبدل کرو۔ نہ کہ قرآن کی تاویل۔

مطلب قرآن مجید کو بکر اسلئے کہا کہ یہ محفوظ و دست نارسیدہ کو کہتے ہیں۔ اور قرآن مجید پر بھی باطل کی دسترس نہیں لَا یَاْتِیْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ باطل نہ اس کا مقابلہ کر سکتا ہے نہ تعاقب۔ قرآن مجید کا نام ذکر خود قرآن مجید میں مذکور ہے۔ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝ یعنی ہم ہی نے قرآن مجید کو نازل کیا اور ہم ہی اس کے نگہبان ہیں۔ خویش را تاویل کن کے یہ معنی ہیں۔ کہ تم جو جہل و نادانی میں مبتلا ہو۔ اپنے دل کے قفل ہوا کو توڑ کر علوم و معارف حاصل کرو۔ تاکہ تمہاری حالتِ جہل بدل جائے۔

فکرِ تو تاویل کردہ ذکر را ذکر را ماں و بگرداں فکر را

لغات ماں صیغہ امر ماندن بمعنی گذاشتن سے گرداں گردانیدن پھیرنا سے صیغہ امر ہے۔

ترجمہ تمہاری قوتِ فکریہ نے قرآنی آیات کی تاویل کی ہے۔ قرآن کو (اس کی حالت پر) رہنے دو۔ اور اپنی قوت فکریہ کو بدلو۔

الخلاف ۔ یہ شعر ہمارے نسخے میں نہیں ہے۔

بر ہوا تاویلِ قرآں میکنی پشت و کژ شد از تو معنی سنی

لغات یَرَ مطابقت کے لئے۔ کژ ٹیڑھا۔ نا راست۔ سنی۔ روشن۔

ترجمہ۔ تم محض اپنی ہوائے نفسانی کے مطابق قرآن مجید کی تاویل کرتے ہو۔ (اور) تمہاری (غلط تاویل کی) وجہ سے (قرآن مجید کے ظاہر اور) روشن معنی پست اور کج ہو گئے۔

مطلب۔ خودرائی اور اتباع ہوا کتاب اللہ کے حقیقی معنی سمجھنے میں مانع ہے۔ حافظ رح ؎

ہر کہ آئینہ صافی نشد از زنگ ہوا دیدہ اش قابلِ رخسارۂ حکمت نبود

قرآنمجید کے معانی میں اپنی رائے وعقل کو دخل کا موقع دینا ممنوع ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے مَنْ فَسَّرَ الْقُرْاٰنَ بِرَأْيِهٖ فَقَدْ كَفَرَ یعنی جس نے اپنے رائے سے قرآن کی تفسیر کی وہ کافر ہو گیا۔ ابن عباسؓ سے روایت ہے۔ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اِتَّقُوا الْحَدِيْثَ عَنِّيْ اِلَّا مَا عَلِمْتُمْ فَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ وَمَنْ قَالَ فِي الْقُرْاٰنِ بِرَأْيِهٖ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ۔ یعنی میرے نام سے (ویسی ویسی) حدیث روایت کرنے سے بچو۔ مگر وہ جو تم جانتے ہو (کہ صحیح ہے) پس جو شخص مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ لگائے۔ تو اس کو چاہیئے کہ اپنا ٹھکانا دوزخ میں سمجھے۔ اور جو شخص قرآنمجید کے معانی میں اپنے رائے سے کچھ کہے تو اسکو چاہیئے کہ دوزخ میں اپنا ٹھکانا سمجھے (ترمذی)

لیکن ساتھ ہی یہ بھی خیال رہے۔ کہ اگر کوئی کتاب وسنت کا عالم قواعد کلام کا ماہر اسلوب عربیت کا واقف مصالح شرع واصول دین کو سمجھنے والا نیک نیتی سے بلا کسی غرض نفسانی کے کوئی معنی بطور احتمال کے بیان کرے۔ تو اسکی مشروعیت پر تمام امت متفق ہے۔ عَنِ الْحَارِثِ الْاَعْوَرِ قَالَ مَرَرْتُ فِي الْمَسْجِدِ فَاِذَا النَّاسُ يَخُوْضُوْنَ فِي الْاَحَادِيْثِ فَدَخَلْتُ عَلٰى عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاَخْبَرْتُهٗ فَقَالَ اَوَقَدْ فَعَلُوْهَا قُلْتُ نَعَمْ قَالَ اَمَا اِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَلَا اِنَّهَا سَتَكُوْنُ فِتْنَةٌ قُلْتُ مَا الْمَخْرَجُ مِنْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ كِتَابُ اللّٰهِ فِيْهِ نَبَأُ مَا قَبْلَكُمْ وَخَبَرُ مَا بَعْدَكُمْ وَحُكْمُ مَا بَيْنَكُمْ هُوَ الْفَصْلُ لَيْسَ بِالْهَزْلِ مَنْ تَرَكَهٗ مِنْ جَبَّارٍ قَصَمَهُ اللّٰهُ وَمَنِ ابْتَغَى الْهُدٰى فِيْ غَيْرِهٖ اَضَلَّهُ اللّٰهُ وَهُوَ حَبْلُ اللّٰهِ الْمَتِيْنُ وَهُوَ الذِّكْرُ الْحَكِيْمُ وَهُوَ الصِّرَاطُ الْمُسْتَقِيْمُ هُوَ الَّذِيْ لَا تَزِيْغُ بِهِ الْاَهْوَاءُ وَلَا تَلْتَبِسُ بِهِ الْاَلْسِنَةُ وَلَا يَشْبَعُ مِنْهُ الْعُلَمَاءُ وَلَا يَخْلَقُ عَنْ كَثْرَةِ الرَّدِّ وَلَا يَنْقَضِيْ عَجَائِبُهٗ هُوَ الَّذِيْ لَمْ تَنْتَهِ الْجِنُّ اِذْ سَمِعَتْهُ حَتّٰى قَالُوْا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا يَّهْدِيْ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ مَنْ قَالَ بِهٖ صَدَقَ وَمَنْ عَمِلَ بِهٖ اُجِرَ وَمَنْ حَكَمَ بِهٖ عَدَلَ وَمَنْ دَعَا اِلَيْهِ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۔ یعنی حارث الاعورؓ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں مسجد میں سے گذرا۔ تو دیکھا۔ کہ لوگ احادیث میں بحث و تکرار کر رہے ہیں۔ پھر میں حضرت علی رضؓ کے پاس گیا۔ تو ان کو اس کی اطلاع دی۔ انہوں نے کہا کیا وہ ایسا کر رہے ہیں۔ میں نے کہا ہاں۔ فرمایا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے۔ کہ یاد رکھو عنقریب فتنہ برپا ہوگا۔ میں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ اس سے نجات دلانے والی کیا چیز ہے۔ فرمایا قرآنمجید۔ اس میں تم سے پہلے گزرنے والی امتوں کے حالات ہیں۔ اور تم سے پیچھے آنیوالے واقعات کی خبر ہے۔ اور تمہاری موجودہ ضروریات کے احکام ہیں۔ وہی فیصلہ ہے۔ وہ ہزل نہیں۔ جو کسی سے ڈر کر اس کو چھوڑیگا۔ اللہ اسکو توڑ ڈالیگا۔ اور جو شخص اس کے سوا کسی اور کتاب سے ہدایت

قرآن کی تفسیر میں رائے کرنے کا مسئلہ

طلب کریگا۔ اللہ اسکو گمراہ کریگا۔ اور وہ اللہ کا مضبوط رستا ہے۔ وہ حکمت والا ذکر ہے۔ وہ سیدھا ہے۔ یہ وہ ہے جس سے خواہشات میں کجی نہیں آسکتی۔ اور نہ اس سے زبانیں تشنہ ہوسکتی ہیں۔ اور نہ علما اس سے سیر ہوسکتے ہیں۔ اور نہ وہ بار بار دھراتے سے پرانا ہوتا ہے۔ اور نہ اس کے عجائبات ختم ہوتے ہیں۔ یہ وہ ہے۔ کہ جب اس کو جنات نے سنا۔ تو وہ یہ بات کہنے سے باز نہیں رہ سکے۔ کہ ہم نے عجیب قرآن سنا۔ جو راست روی کی طرف ہدایت کرتا ہے۔ پس ہم اسپر ایمان لائے جو اس کا قائل ہوا۔ وہ سچا ہے۔ جس نے اسپر عمل کیا۔ اس نے اجر پایا۔ اور جس نے اس کے ساتھ حکم دیا۔ اس نے انصاف کیا۔ اور جس نے اس کی طرف دعوت دی۔ اس نے صراط مستقیم کی طرف ہدایت پائی۔ (مشکوۃ)

سوال مولانا کے قول میں مطلق تاویل کی تردید پائی جاتی ہے۔ حالانکہ علمار متاخرین نے قرآنجید کی بہت سی آیات میں تاویل کی ہے۔ خصوصًا ان آیات صفات کی جنہیں ایسے کلمات آئے ہیں۔ جو جسمانیات کے ساتھ زیادہ مناسبت رکھتے ہیں۔ مثلاً اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى (طٰہٰ) وہ رحمٰن ہی جو عرش کے اوپر قائم ہے۔ یَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَیْدِیْهِمْ (فتح) اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھ کے اوپر ہے۔ اَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ (بقرہ) تم جدھر منہ کرو۔ ادھر ہی اللہ کا منہ ہے۔ یَوْمَ یُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ (سورہ قلم) جس روز کھولی جائے پنڈلی۔ وغیرہ وغیرہ چونکہ اللہ تعالیٰ کی ذات پاک جسم وجسمانیات سے منزہ ہے۔ اس لئے علمار نے ان آیات میں استوار ید، وجہ، اور ساق کے کلمات کی تاویل کی ہے۔ کیا مولانا کے قول میں ایسی تاویل کی بھی تردید ہے؟

جواب یہ تاویلات علمائے حقانیین نے اصول شرعیہ اور قواعد عربیہ کو ملحوظ رکھکر استحالہ نقلی وعقلی کے رفع کرنے اور تعارض کے رفع کرنے کے لئے کی ہیں۔ جو محض ایک شرعی و دینی مقصد ہے اور اُن کا یہ کام غرض نفسانی سے پاک ہے۔ اور اہل حق نے خلفًا عن سلف اس کو اختیار کیا ہے۔ لہذا اس قسم کی تاویلات کا رد مولانا کا مقصود نہیں۔ بلکہ یہاں اس تاویل باطل کا رد کرنا مدّ نظر ہے۔ جو اہل اہوا و مبتدعین کا شیوہ ہے۔ جس کو وہ کسی دینی مصلحت سے نہیں۔ بلکہ محض نفسانی و شیطانی اغراض کے لئے اختیار کرتے ہیں۔ اور وہ ان کو کسی شرعی اصول کے ماتحت نہیں لاتے۔ بلکہ محض اپنے عقلی قیاس سے کام لیتے ہیں۔ جیسے کہ بعض گمراہ فرقے معجزات انبیا اور رفع عیسےٰ کی تاویل کرتے ہیں۔ اور اکثر فلاسفہ حشر ونشر۔ صراط و میزان و بہشت ودوزخ کو مختلف تاویلی معنوں پر محمول کرتے ہیں

زیافتِ تاویل رکیکِ مگس

مکھی کی کمزور دلیل کا بودا پن

مانَدَ احوالت بداں طرفہ مگس — کو ہمے پنداشت خود را ہمسَت کس

لغات مانَد بفتح نون صیغہ مضارع مانستن بمعنی مشابہ بودن سے طرفہ بضم طا عجیب و نادر

ترجمہ۔ تمہاری حالت اس عجیب و غریب مکھی کے ساتھ مشابہ ہے۔ جو سمجھتی تھی۔ کہ میں بھی کچھ ہوں

از خودی سرمست گشتہ بے شراب ذرہ خود را شمردہ آفتاب

ترجمہ (جو) خود پسندی سے شراب پئے بغیر مست ہو رہی تھی (جو) ایک ذرہ ہو کر اپنے آپ کو سورج سمجھتی تھی۔

وصف بازاں را شنیدہ در زماں گفتہ من عنقائے وقتم بیگماں

لغات بازاں جمع باز۔ غیر ذوی العقول کی جمع الف نون کے ساتھ خلاف قیاس ہوتی ہے۔ جیسے درختاں اسپاں عنقا عین کے فتحہ سے ایک خوبصورت پرندے کا نام۔ جس کی نسبت کہتے ہیں۔ کہ وہ زمانہ قدیم میں ہوتا تھا۔ مگر اس کی نسل ناپید ہو گئی۔ اس لئے اس لفظ سے خوبصورت پرندے یا کسی معدوم اور فرضی چیز کے لئے استعارہ کرتے ہیں۔ عین کے ضمہ سے اس کا تلفظ غلط ہے۔

ترجمہ وہ (مکھی) بازوں کی تعریف سنتے ہی بول اٹھی۔ کہ بیشک میں اپنے زمانے کی عنقا ہوں۔

آں مگس بر برگ کاہ و بول خر ہمچو کشتیباں ہمے افراشت فر

لغات برگ کاہ گھاس کا پتا۔ افراشتن بلند کرنا۔ فر عزت شان و شکوہ۔

ترجمہ وہ مکھی گدھے کے پیشاب میں ایک گھاس کے پتے پر بیٹھی ملاح کیطرح شیخیاں بگھارتی تھی۔

گفت من کشتی دریا خواندہ ام مدتے در فکر آں میماندہ ام

ترجمہ کہنے لگی۔ کہ میں نے دریا کی کشتی کا حال (کتابوں میں) پڑھا ہے۔ ایک مدت سے اس فکر میں تھی (کہ فن جہاز رانی میں مہارت پیدا کروں)

اینک ایں دریا و ایں کشتی و من مرد کشتیبان و اہل رائے و فن

ترجمہ (آخر میری آرزو پوری ہو گئی۔ چنانچہ) یہ لو دریا ہے اور یہ کشتی ہے۔ اور میں ملاح ہوں اور اہل الرائے اور ماہر فن ہوں۔

مطلب۔ مکھی بول خر کو دریا۔ برگ کاہ کو کشتی اور اپنے آپ کو ملاح سمجھ کر اپنی جہاز رانی کی مہارت کے گیت گا رہی ہے۔ یہی حال تاویل باطل کرنے والے کا ہے۔ کہ وہ بھی اپنے محدود و ناقص معلومات کو بحر معانی سمجھ کر ہمہ دانی کے زعم میں اپنی تاویلات کی ٹوٹی پھوٹی کشتی چلانے لگتا ہے۔ اور سمجھتا ہے۔ کہ علوم و معارف کے ہفت قلزم میرے بس میں ہیں۔

بر سر دریا ہمے راند او عمد مینمودش اینقدر بیروں زحد

لغات عمد وہ لکڑی جس سے کشتی ران کشتی چلاتے ہیں۔ چپو۔ بیروں زحد غیر محدود۔ ناپیدا کنار۔

ترجمہ (پس) وہ (اسی حقیر و متعفن) دریا پر چپو مار رہی تھی۔ اور یہی (دریا) اس کو ناپیدا کنار نظر

آتا تھا۔

بُود بیحد آن چمیں نسبت بدو آں نظر کو بیند آنرا راست کو

لغات چمیں پیشاب دپاخانہ ۔ یہاں پیشاب سے مراد ہے ۔ راست ٹھیک اصلیت کے موافق ۔ کو پہلا کو مخفف ہے ۔ کہ اوکا ۔ دوسرا کو بمعنی کجا کہاں ۔

ترجمہ (بیشک) وہ پیشاب اس کی نسبت (کے لحاظ) سے بے حد تھا ۔ ایسی نظر (اس میں) کہاں تھی کہ اس (پیشاب) کو ٹھیک (اندازے سے) دیکھتی ۔

عالمش چنداں بود کش بینش ست چشم چندیں بحر ہم چندیں ست

لغات بینش نگاہ چندیں اتنی سی ترکیب کش میں کاف بیانیہ شین مضاف الیہ مقدم ۔ بینش مضاف مؤخر بحر مضاف ۔ شین ضمیر مضاف الیہ جو چند بینش میں ہے ۔

ترجمہ اس (مکھی) کا عالم بھی اتنا ہی (محدود و مختصر) ہے ۔ جتنی اس کی نظر ہے ۔ (جس کی) اتنی (تنگ) آنکھ (ہے) اس کا (یہ نرالا) دریا بھی اتنا ہی ہے ۔

صاحب تاویلِ باطل چوں مگس وہم اُو بولِ خر و تصویر خس

لغات تصویر ۔ تصور ۔ خیال ۔ عقیدہ ۔

ترجمہ (پس) باطل تاویل (کرنے) والا گویا مکھی ہے ۔ اس کا وہم بول خر ہے ۔ اور (اُس کا) تصور گھانس پھونس کا تنکا ہے ۔

مطلب اس شعر میں مثال کی ممثل لہ کے ساتھ تطبیق کی ہے ۔ یعنی جس طرح ایک مکھی اپنی تنگ نظری سے بول خر کو دریا سمجھ کر اس میں سیر حسی کر رہی ہے ۔ اسی طرح ایک ملحد و مبتدع بھی اپنے اوہام باطلہ کو جن کا منشا کوئی حقیقی علم نہیں ہے ۔ ایک سچی تحقیق سمجھ کر سیر ذہنی اور حرکت فکری کر رہا ہے جامی رحمۃ اللہ علیہ ؎

فکر شفایش ہمہ بیماری است بیں تہیتش ز گرفتاری ست
جانب کفر است اشارات اُو باعثِ خوف ست بشاراتِ اُو
جستوئے گہر از نقش پئے موج کند سادہ لوحے کہ رہِ حق بدلائل پوید

گر مگس تاویل بگذارد برائے آں مگس را بخت گرداند ہمائے

ترجمہ اگر (یہ) مکھی (کا سا کج رائے و تنگ نظر مبتدع) اپنی رائے سے تاویل کرنا چھوڑ دے ۔ تو وہ (خوش) قسمت کی بدولت مکھی سے ہما بن جائے ۔

مطلب احادیث میں اپنی رائے سے تاویل کرنا یعنی خود اکمل بچھ معنی لگانا منع ہے ۔ اس سے ظاہر ہے کہ اگر تاویل و تفسیر میں اپنی ذاتی رائے کو دخل کا موقع نہ دیا جائے ۔ بلکہ دلائل شرعیہ سے اصول

دینیہ کے ماتحت تاویل کی جائے تو ممنوع نہیں۔ بلکہ علما میں شائع و ذائع ہے۔ جیسے کہ اوپر سوال و جواب کے ضمن میں بیان کیا گیا ہے۔ فرماتے ہیں کہ امور دین میں حکم لگانے یا معنی بیان کرنے والا اگر اپنی ذاتی رائے کے دخل سے بچ کر دلائل شرع کے ماتحت چلے۔ تو وہ بڑا خوش نصیب ہے۔ کہ اس کو علمائے حقانیین میں جگہ مل جاتی ہے۔

آں مگس نبود کش ایں غیرت بود روح اُو نے در خورِ صورت بود

لغات کش کہ اورا و خور الائق۔ مطابق اس شعر کا قافیہ محل نظر ہے۔

ترجمہ وہ (شخص) مکھی (کہلانے کا مستوجب) نہیں۔ جس میں اس قدر غیرت (دینی) ہو (کہ شرعی مسائل میں اپنے ذہنی تصرفات سے کام لینا پسند نہ کرے)۔ اس کی روح اس کے ظاہر کے موافق نہیں ہوتی۔

مطلب یعنی اگرچہ بظاہر وہ علوم درسیہ ظاہریہ کی کمی کی وجہ سے ناقص نظر آئے۔ مگر اس لحاظ سے کہ اس کا دل دین کی عظمت و جلال سے معمور ہے۔ اور اس کا سر دین کے ادب و تعظیم میں خم ہے۔ اور وہ ہر دینی مسئلے میں لب کشائی کرتے وقت پوری دیانت اور احتیاط کا پابند ہے۔ بیشک اس کی روح ان فضائل عالیہ کی وجہ سے بڑا رتبہ رکھتی ہے۔ جو بہت سے کثیر العلم لوگوں کو بھی حاصل نہیں۔ جامی رح

طعنہ بر من مزن بصورت زشت اے تہی از فضیلت و انصاف
تن بود چوں غلاف جاں شمشیر کار شمشیر مے کند نہ غلاف

ہمچو آں خرگوش کو بر شیر زد روح اُو کے بود اندر خورِ قد

لغات زد حملہ کیا۔ اندر خور بمعنی در خور۔ لائق۔ موافق

ترجمہ چنانچہ وہ خرگوش جس نے شیر پر حملہ کیا۔ اس کی روح (اس کے) جسم کے موافق کب تھی؟

مطلب جس طرح خرگوش بظاہر حقیر و نحیف تھا۔ مگر باطن میں شیر جیسی خونخوار ہستی کو تباہ کرنے کی طاقت رکھتا تھا۔ اسی طرح ممکن ہے۔ کہ کوئی شخص ظاہر میں ناقص مگر باطن میں صاحب کمال ہو۔ جیسے اکثر مستور الحال اہل اللہ ہوتے ہیں۔ خواجوئی کرمانی رح ؎

خونہا سر فرازان کوتاہ دست بزرگان خرد و بلندان پست
ہمہ نامداران گم کردہ نام ہمہ کامگاران نادیدہ کام
ہمہ تختیاران بے تخت و رخت ہمہ تاجداران بے تاج و تخت
بود یوسف بزندان و لیکن عزیز نہ در دست پیرے نہ محتاج چیز

رنجیدن شیر از دیر آمدن خرگوش

خرگوش کے دیر کرکے آنے سے شیر کا خفا ہونا

شیر میگفت از سر تیزی و خشم کز رہ گوشم عدو بربست چشم

ترجمہ شیر (خرگوش کے انتظار میں) تندی اور خفگی سے کہہ رہا تھا۔ کہ دشمن (پنجہ بروں) نے (مجھے دم دے کر) کان کی راہ سے میری آنکھوں پر (دھوکے کی) پٹی باندھ دی۔

مطلب افسون و افسانہ کی باتوں سے مجھے پھسلا لیا ہے۔ کما قیل ؎

شنیدۂ سخنت فریب جنگ بود ما غلط کردیم صلح انگاشتیم

مکرہائے جبریانم بستہ کرد تیغ چوبیں شان تنم را خستہ کرد

لغات جبریان عقیدہ جبر کے قائل۔ یہاں اس سے پنجہ مراد ہیں۔ کیونکہ وہ جبر کی تائید میں شیر سے بحث کرتے تھے۔ بستہ مقید۔ چوبیں۔ لکڑی کی خستہ زخمی تیغ چوبیں شان میں فک اضافت ہے۔

ترجمہ ان جبریوں کے مکر نے مجھے (ترک صید کا) مقید کردیا (اور) ان کی لکڑی کی تلوار (کی سی) دلائل باطل حق نما) نے میرے بدن کو خستہ (یعنی ضرر رسیدہ) کردیا۔ حافظ رح ؎

اے دل بیا کہ ما بہ پناہ خدا رویم زانچہ آستین کوتاہ و دست دراز کرد

زیں سپس من نشنوم آن دمدمہ بانگ دیوان ست و غولاں آں ہمہ

لغات سپس۔ بعد۔ پیچھے۔ دمدمہ مکر و فریب۔ دیو۔ جن۔ شیطان۔ غول چھلاوا۔

ترجمہ آئندہ میں کبھی اس طرح دم میں نہیں آؤنگا۔ وہ سب جنوں اور چھلاووں کی آوازیں ہیں۔ ؎

برد افسانہ خواں و افسوں مدم حافظ کریں فسانہ و افسوں مرا بسے یاد ست

بردراں ایدل تو ایشاں را مایست پوست شاں بر کن کہ غیر پوست نیست

لغات بردراں دراندن پھاڑ ڈالنا سے بر زائد ہے۔ پوست چمڑا۔ چھلکا۔ دوسرے پوست سے منافقانہ ظاہرداری مراد ہے جس کی توضیح آگے خود فرماتے ہیں۔ برکن کندن ادھیڑنا سے بر زائد ہے۔

ترجمہ اے دل! اب توقف نہ کر۔ ان کو پھاڑ ڈال۔ ان کے چمڑے ادھیڑ ڈال کیونکہ (ان میں) ظاہرداری کے سوا اور کچھ نہیں۔

مطلب بد عہد و بیوفا اور غدار و پیماں شکن کی سزا یہی ہے۔ کہ اس کے ٹکڑے اڑا دئے جائیں۔

نظم ؎ پیماں شکن ہر آئینہ گردد شکستہ حال ان العہود عند ملوک الہنی ذمم

پوشت چہ بود گفتہائے رنگ رنگ چوں زرہ بر آب کش نبود درنگ

ترکیب زرہ موصوف۔ بر آب متعلق قائم کے جو زرہ کی صفت مقدر ہے۔

ترجمہ پوست کیا ہے؟ طرح طرح کی باتیں۔ جیسے آبشار کی (لہروں کی) زرہ جس کو کچھ دیر بھی

(قیام) نہیں ہے

مطلب ۔ اوپر پیغمبروں کی ان ظاہر آراستہ و دلفریب باتوں کو پوست سے تعبیر کیا تھا جو صداقت و راستی کے مغز سے خالی تھیں ۔ اب اس مضمون پر مزید روشنی ڈالنے کے لئے الفاظ کا بمنزلہ پوست اور غیر مقصود بالذات ہونا اور معانی کا بمنزلہ مغز اور مقصود بالذات ہونا بیان فرماتے ہیں ۔ ؎

تنگنائے شہر صورت نیست جائی جائے تو
سوئے معنی رو کہ ہست آں ملک را معنی فراخ

ایں سخن چوں پوست معنی مغز داں ایں سخن چوں نقش معنی ہمچو جاں

ترجمہ یہ بات گویا پوست ہے ۔ معنی کو اس کا مغز سمجھو ۔ یہ بات گویا صورت ہے ۔ (اور) معنی گویا جان (ہے)

مطلب جس طرح پوست اور نقش غیر مقصود اور مغز اور روح مقصود ہوتی ہے ۔ اسی طرح کلام ظاہری غیر مقصود اور اس کا مدعا و معنی مقصود ہوتا ہے ۔ ؎

رہ بمعنی نبرد ہر کہ فرصورت صاف ہمچو آئینہ نہ بیدست زیازار شود

پوست باشد مغز را عیب پوش مغز نیکو راز غیرت غیب پوش

ترجمہ (الفاظ کا) پوست (معنی کے) بُرے مغز کا عیب ڈھکتا ہے (اور) اچھے مغز کو غیرت کی وجہ سے (نظروں سے) غائب رکھ کر پوشیدہ رکھتا ہے ۔

مطلب ۔ جس طرح پوست اپنے اندر کے اچھے یا بُرے مغز کو محفوظ و پوشیدہ رکھتا ہے ۔ اسی طرح الفاظ کی خاصیت ہے ۔ کہ اگر انکے معانی میں خدع و مکر اور کید و شدید کی برائیاں ملی ہیں ۔ تو الفاظ کی ظاہری رنگینی دلآویزی ان کو چھپا لیتی ہے ۔ اور اگر ان کے معانی ایسے اسرار گرانقدر پر مشتمل ہیں ۔ جن کو ناقدر شناس لوگوں کے سامنے ظاہر کرنا تقاضائے غیرت کے خلاف ہے ۔ تو پوست الفاظ ایسے معانی کے مغز کو بھی مخفی و مستور رکھتا ہے ۔ پس کلام ظاہر اپنے اثر و خاصیت کے لحاظ سے پوست کے ساتھ مشابہ ہے ۔ اور اس میں سے ایک خاص قسم یعنی دلآویز مگر پر فریب کلام بے بقائی کی صفت زرہ برآب سے ملتی جلتی ہے ۔ جیسے کہ اوپر ایک شعر میں گزر چکا ہے ۔ اب اسی مضمون کی طرف رجوع کرتے ہیں ۔

چوں قلم از باد بُد دفتر ز آب ہر چہ بنویسی فنا گردد شتاب

ترجمہ جب قلم ہوا سے اور دفتر پانی سے ہو ۔ تو جو کچھ تم لکھو گے ۔ فوراً نابود ہو جائیگا ۔

مطلب سطح آب کے نقوش ہوا سے پیدا ہوتے ہیں ۔ اس لئے ہوا کو قلم اور سطح آب کو کاغذ قرار دیا ۔ اور ایسی تحریر کی ناپایداری ظاہر ہے ۔

نقش آب ست ار وفا خواہی ازاں بازگردی دستہائے خود گزاں

لغات نقش بر آب کنایہ ہے ناپایدار و عارضی چیز سے گزاں اسم عالیہ گزیدن کاٹنا سے۔

ترجمہ۔ وہ تو نقش بر آب (یعنی ناپایدار ہے) اگر تم اس سے وفا چاہو۔ تو تم کو اپنے دست (حسرت) کاٹتے ہوئے واپس آنا پڑے گا۔

مطلب مکار و فریبی لوگوں کی باتوں میں وفا نہیں۔ جو اپنے آپ کو پیری و مرشدی کے لباس میں نمایاں کرتے ہیں۔ جو کوئی ان کی باتوں پر یقین کرتا ہے۔ آخر مبتلائے حسرت و ندامت ہوتا ہے۔

صائب رح ؎ فریب گریۂ زاہد مخور زسادہ دلی کہ دام در دل دانہ ست بہر داماں را

باد در صرصر دم ہوا و آرزوست چوں ہوا بگذاشتی پیغام ہوست

لغات ہوا خواہش نفسانی۔ ہو اسم ذات باری تعالےٰ۔ حق۔

ترجمہ لوگوں کی ہوائے (نفسانی سراسر) حرص و آرزو ہے۔ اگر تم اس ہوا کو چھوڑ دو۔ تو (تمہاری طرف خاص) خدا کے پیغام (یعنی وارداتِ غیب) آنے لگیں۔

مطلب۔ اوپر کہا تھا۔ کہ قلم باد سے صفحۂ آب پر جو کچھ لکھا جائے۔ وہ نقش بر آب و ناپایدار ہے۔ اب فرماتے ہیں۔ کہ وہ باد ہے کیا؟ وہ حرص فضول اور آرزوئے خام ہے۔ جس کے ترک کرنے سے دل میں یہ صلاحیت پیدا ہو سکتی ہے۔ کہ وہ پیغاماتِ غیب کا مورد ہو۔ کیونکہ جو روح پابند حرص ہو۔ وہ ترقی نہیں کر سکتی۔ سعدی رح ؎

براوج فلک چوں پرد جرّہ باز کہ در شہپرش بستہ سنگ آز
گرش دامن از چنگ شہوت رہا کنی رفت تا سدرۃ المنتہا

امیر خسرو رح ؎

حرص بخاکت کشد شارع دیں گیر زانکہ بے روشِ مصطفےٰ راہ بر افلاک نیست

خوش بود پیغامہائے کردگار کو ز سر تا پاے باشد پایدار

لغات خوش اچھا۔ خوب۔ مبارک کردگار کان کے کسرہ سے کرنے والا۔ کام کا مالک۔ فارسی میں خدا و تعالیٰ کا نام ہے۔

ترجمہ اللہ کے پیغام خوب ہوتے ہیں۔ جو اوّل سے آخر تک پایدار ہوتے ہیں۔

خطبۂ شاہاں بگردد واں کیا جز کیا و خطبہ ہاے انبیا

لغات خطبہ جمعہ کی نماز سے پہلے اور عید کی نماز کے بعد جو خطبہ پڑھنا مشروع ہے۔ اس میں حمد و نعت کے بعد دوسری دعاؤں کے ساتھ سلطانِ وقت کی بھی دعا ہوتی ہے۔ اس لحاظ سے اس کو اس بادشاہ کے نام خطبہ پڑھنا کہتے ہیں۔ جب اس کے بعد دوسرا بادشاہ تخت نشین ہوتا ہے۔ تو پہلے بادشاہ

کا نام خطبہ سے ساقط کرکے نئے بادشاہ کا نام درج ہوجاتا ہے۔ کیا کاف کے کسرہ سے پہلوان مالک پاکیزہ یہاں بمعنی مصدری یعنی مالکیت وسرداری آیا ہے۔

ترجمہ (چنانچہ دنیاوی) بادشاہوں کے خطبے اور سرداری (یکے بعد دیگرے) بدل جاتی ہے۔ بخلاف (شاہان حق یعنی) انبیا کے خطبوں اور سرداری کے (کہ بدلتی نہیں)

مطلب ایک بادشاہ مرجاتا ہے۔ یا معزول ہوجاتا ہے۔ تو اس کا سکہ وخطبہ متروک ہوکر نئے بادشاہ کا سکہ وخطبہ جاری ہوجاتا ہے کیونکہ یہ انسانی امور میں سے ہے۔ بخلاف اس کے پیغمبروں کی شریعتیں چونکہ سب اصولاً متحد ہیں۔ اس لئے ایک پیغمبر کے بعد جو دوسرا پیغمبر آتا ہے۔ اس کی شریعت پہلے پیغمبر کی شریعت سے اصولاً مخالف نہیں ہوتی۔ گو بعض فروعات احکام میں احوال انسانیہ کے متغیر ہوجانے کے سبب سے اختلاف ہوتا ہے۔ اور تمام شرائع کو اس اصولی جامعیت کے لحاظ سے دین کہتے ہیں۔ غرض تمام انبیاء کا دین ایک ہی ہے۔ جو حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت خاتم الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام تک ایک ہی چلا آتا ہے اگرچہ شرائع کے جزوی احکام میں اختلاف ہوتا ہے۔ یہاں پیغام الٰہی سے دین مراد ہے۔ جو غیر متبدل و ناقابل تغیر ہے۔

زانکہ بوش بادشاہاں از ہواست بار نامہ انبیا یا کبریاست

لغات بوش بار موحدہ کے فتحہ سے کروفر۔ شان وشوکت بازنامہ زاے معجمہ سے اور راے مہملہ سے دونوں طرح آیا ہے۔ سامان تجمل شان و شوکت۔ تفاخر۔

ترجمہ کیونکہ بادشاہوں کی آن بان حرص وہوا سے ہے اور انبیاء کی عزت وعظمت خاص خدا سے ہے۔

مطلب ہوا وہوس کے سامان کا نقوش ہوائیہ کی طرح ناپایدار ہونا جو اوپر مذکور تھا۔ اسی کے ذیل میں فرماتے ہیں۔ کہ دولت وسلطنت بھی چونکہ سامان حرص وآز ہے۔ اس لئے ناپایدار ہے۔ سعدی رح ؎

جہاں اے پسر ملک جاوید نیست ز دنیا وفاداری امید نیست
نہ برباد رفتے سحرگاہ وشام سر بر سلیماں علیہ السلام
بآخر ندیدی کہ برباد رفت خنک آنکہ با دانش و داد رفت

از درمہا نام شاہاں برکنند نام احمد تا قیامت میزنند

لغات برکنند نکال ڈالتے ہیں۔ مٹا دیتے ہیں۔ میزنند منقش کرتے ہیں۔ زدن بمعنی ضرب سکہ مضروب کرنا

ترجمہ بادشاہوں کے نام تو (ان کے مرنے یا معزول ہونے کے بعد) درم ودینار سے مٹا دیتے ہیں (مگر انبیاء کا یہ رتبہ ہے کہ) احمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک قیامت تک منقش کرتے رہینگے۔

فیضی غفراللہ

اسرار ازل خزینۂ او محراب ابد مدینۂ او
وینش بفروغ جاودانی مصباح زجاج آسمانی
بر بام ابد صدائے کوسش پیشانی عرش خاکبوسش

مطلب - جو امر حرص و ہوا کے تقاضے سے ہو۔ وہ ناپایدار ہے۔ اور جو اللہ کی طرف سے ہو وہ دائمی و ابدی ہے

نامِ احمدؐ نامِ جملہ انبیاست چونکہ صد آمد نودِ ہم پیشِ ماست

لغات صد سو نود نون اور واو دونوں کے فتحہ سے ننانویں (۹۹)

ترجمہ احمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک سارے انبیاء کے ناموں کا مجموعہ ہے۔ جب سو (کا عدد) آگیا۔ تو (ضمناً) نوّے (کا عدد) بھی ہمارے سامنے (آچکا) ہے۔

مطلب اوپر ذکر تھا۔ کہ انبیاء کی عزّت و عظمت خاص خدا کی طرف سے ہے۔ اس لئے وہ ابدی و دائمی ہے۔ اور یہ ذکر تمام انبیاء کو شامل تھا۔ مگر نام صرف حضرت احمد صلے اللہ علیہ وسلم کا لیا گیا ہے۔ اس سے کوئی شخص دوسرے انبیاء کی نفی نہ سمجھ لے۔ کہ ان کی شان و عظمت کو بقا نہیں رہا۔ جیسے کہ بظاہر ان کی شرائع کے منسوخ ہونے سے بھی شبہ ہو سکتا ہے۔ جس کا ایک جواب تو اوپر گزر چکا ہے۔ کہ شرائع انبیاء اصولی حیثیت سے متحد ہیں اور ان سب کو دین الٰہی کہتے ہیں۔ ان کی منسوخیت فروعی حیثیت سے ہوتی ہے۔ جس سے ان کے اصولی اتحاد میں کوئی نقص وارد نہیں ہوتا۔ دوسرا جواب مولانا یہاں دیتے ہیں۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لینے سے آپ کی تخصیص اور دوسروں کی نفی لازم نہیں آتی۔ کیونکہ کمال احمدی تمام انبیا کے کمالات کا جامع ہے۔ کما قال بعضہم ؎

حسنِ یوسف دمِ عیسےٰ یدِ بیضا داری آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

پس آپ کا نام گویا تمام انبیاء کا نام اور آپ کا وجود حکماً سب انبیاء کا وجود ہے۔ اور آپ کی شریعت کا بقا حکماً سب شرائع کا بقا ہے۔ صائب رح ؎

سپردہ جا بتو ہر کس ز بزم پیروں رفت توئی بجائے ہمہ ہیچکس بجائے تو نیست

آپ کے وجود و بقا کا بمنزلہ تمام انبیا کے وجود و بقا کے ہونے کی مثال ایسی ہے۔ جیسے سو کا عدد نوّے کو شامل ہے۔ اگر دیگر انبیاء کے کمالات کو نوّے فرض کرلیں۔ تو کمال محمدی بمنزلہ سو کے ہے۔ کہ نوّے کا عدد اس کے ضمن میں آگیا۔ امیر خسرو رح ؎

احمد مرسل کزد چرخ علو یافتہ نامہ ملک الرسل فضل ازو یافتہ

ایں سخن پایاں ندارد اے پسر قصّۂ خرگوش گو و شیر نر

ترجمہ عزیز من! اس بات کی (کہ مرضیات خدا پایدار اور مقتضیات ہوا ناپایدار ہوتے ہیں) کوئی انتہا نہیں (لہذا) خرگوش اور شیر نر کا قصہ بیان کرو۔

ہم در بیانِ مکرِ خرگوش و تاخیر او در رفتن پیشِ شیر

یہ بیان بھی خرگوش کے مکر اور اس کے دیر سے جانے کے ذکر میں ہے۔

کاپی رائٹ محفوظ ہے ادارہ اسلام
تمام انبیاء اور مرسلین کی تعلیمات کا مرکز و محور

درشدن خرگوش بس تاخیر کرد مکر را با خویشتن تقریر کرد

لغات ۔ شدن جانا تاخیر دیر لگانا۔ تقریر ۔ بات قائم کرنا۔ کچھ بیان کرنا ۔

ترجمہ خرگوش نے جانے میں بڑی دیر کی (اور) اپنے دل میں حیلہ سوچتا رہا۔

در رہ آمد بعد تاخیرِ دراز تا بگوش شیر گوید یک دوراز

ترجمہ بڑی دیر کے بعد (شیر کی قیام گاہ کی) راہ لی تاکہ شیر کے کان میں ایک دوراز کی باتیں کہے۔

تا چہ عالمہاست در سودائے عقل تا چہ پاپہناست ایں دریائے عقل

لغات تا حرف تنبیہ بمعنی خبردار چہ برائے تفخیم عقل سے وہ قوت شعور ارادہ جو انسان کے علاوہ حیوان میں بھی ہوتی ہے۔

ترجمہ دیکھو تو (حیوانی) عقل کی دھن میں کیا کیا عالم سمارہے ہیں۔ دیکھو تو یہ دریائے شعور کس قدر چوڑا ہے۔ (کہ انسان اور بہائم وسباع سب کو محیط ہے)

مطلب خرگوش کے عجائبات دماغیہ ہی کا یہ کرشمہ تھا۔ کہ شیر نر کی سی ہیبتناک ہستی کو ملیا میٹ کرنے کا ارادہ کرلیا۔ ورنہ اس حقیر جانور کی بساط ہی کیا تھی۔ اقبال سلمہ ؎

بہر حفظِ خویش مرد ناتواں حیلہا جوید ز عقلِ کاروان
در غلامی از پئے دفع ضرر قوتِ تدبیر گردد تیز تر
پختہ چوں گردد جنونِ انتقام فتنہ اندیشی کند عقلِ غلام

بحرِ بے پایاں بود عقلِ بشر بحر را غواص باید اے پسر!

لغات ۔ بحر دریا۔ سمندر بے پایاں نامحدود۔ ناپیدا کنار۔ غواص غوطہ خوار۔

ترجمہ ۔ انسانی عقل ایک بحرِ ناپیدا کنار ہے (اس) سمندر میں کوئی غوطہ مارنے والا چاہیئے +

مطلب ۔ حیوانی عقل کا دریا تو وسیع مگر محدود تھا۔ انسانی عقل کا سمندر غیر محدود ہے۔ کیونکہ لطیفہ عقل عالم امر سے ہے۔ اور اس عالم کے تمام لطائف حدود سے منزہ ہیں۔ جس کی تحقیق اس شرح کے پہلے حصے میں گزر چکی۔ پھر فرماتے ہیں۔ کہ اس بحرِ بے پایاں میں کوئی غوطہ مارنے والا چاہیئے۔ جو اس سے گوہر معرفت نکال لائے۔ حافظ رح ؎

گوہر معرفت اندوز کہ با خود ببری کہ نصیبِ دگراں ست نصاب زر و سیم

صورتِ ما اندریں بحرِ عذاب میدود چوں کاہ بر روئے آب

لغات عذاب بمعنی عذب شیریں خوشگوار۔ شاید یہ کلمہ بضرورت شعری عذب سے معدول کر لیا ہو۔ ورنہ کتب لغت میں یہ کلمہ بایں معنی نہیں ملتا۔ روئے آب پانی کی سطح ۔

ترجمہ ہماری صورت (یعنی اجسام) اس (روح وعقل) کے دریا شیریں میں (اس طرح)

تیر رہی ہے ۔ جیسے پانی کی سطح پر پیالے ۔

مطلب ۔ روح کو دریائے ناپیدا کنار سے اور اجسام کو کوزوں سے تشبیہ دی ہے ۔ جو اس دریا کی سطح پر تیرتے پھرتے ہیں ۔ کیونکہ اجسام محدود و معدود ہیں ۔ اور روح غیر محدود اور تشبیہ دو وجہ سے ہے ۔ ایک تو یہ کہ اگر کوزے کثرت سے ہوں ۔ تو کوزے نظر آتے ہیں ۔ پانی نظر نہیں آتا ۔ اسی طرح اجسام نظر آتے ہیں ارواح محسوس نہیں ہوتیں ۔ غنی کاشمیری رح ؎

در غبارِ تن نیابد کس نشاں از جانِ پاک　　آب تا بیروں نیاید از میاں بردار خاک

دوسری وجہ یہ کہ جس طرح کوزوں کی حرکت پانی کی وجہ سے ہے ۔ اس طرح اجسام کی حرکت روح کے تصرف سے ہے ۔ بیتاً ؎ ساکن از شیشۂ ساعت نشود ریگ رواں　　گرچہ در جسم بود روح ہماں در سفر ست

تا نشُد پُر بر سرِ دریا چو طشت　　چونکہ پُر شد طشت در رو غرق گشت

لغات بر سرِ دریا ۔ دریا کی سطح پر ۔ طشت ۔ تھال ۔ لگن ۔ پرات ۔

ترجمہ (اور اس وقت تک تیر رہی ہے) جب تک (اس) دریا کی سطح پر طشت کی طرح پُر نہیں ہوئی ۔ جب طشت پُر ہو گیا ۔ تو اس میں ڈوب گیا ۔

مطلب ۔ جب تک اجسام نورِ عقل سے پُر نہیں ہوتے ۔ اس وقت تک اُن پر احکام جسمانیہ کا غلبہ رہتا ہے ۔ اور آثار روحانیت مخفی رہتے ہیں ۔ جس طرح کوزے پانی کی سطح پر پھیلے ہوئے ہوں ۔ تو پانی مستور رہتا ہے ۔ پھر جب اجسام نورِ عقل سے پر ہو جاتے ہیں ۔ اور بصیرت اپنے کمال کو پہنچ جاتی ہے ۔ تو احکام جسمانی شہوت غضب وغیرہ مغلوب اور احکام روحانیہ یعنی محبت و معرفت غالب ہو جاتے ہیں ۔ جیسے مذکورہ مثال میں کوزے میں پانی بھر جانے کے بعد وہ پانی میں ڈوب جاتا ہے ۔ اور پانی اس کے اوپر پھر جاتا ہے ۔ صائب رح ؎ با حجابِ تنِ خاکی نتواں واصل شد　　کوزۂ خود بشکن لب بلبِ جو بگذار

اس کے بعد اب وجہ تشبیہ بیان فرماتے ہیں :-

عقل پنہان ست و ظاہر عالمے　　صورتِ ما موج یا از وَے نمے

ترجمہ عقل (جو لطیفہ غیبی ہے) پوشیدہ ہے ۔ اور عالم (اجسام) ظاہر ہے ۔ ہماری صورت (اجسام بلحاظ تابع ہونے کے) اس کی موج ہے ۔ یا اس کی کچھ نم ہے (جو دریا کے تابع ہوتی ہے)

مطلب ۔ اوپر عقل کو دریا سے اور جسم کو کوزے سے تشبیہ دی تھی ۔ اب اس کی وجہ تشبیہ دو طرح سے بیان فرماتے ہیں ۔ یعنی ایک تو عقل مخفی اور جسم ظاہر ہے جس طرح پانی کی سطح پر طشت ظاہر ہوتا ہے ۔ اور پانی اس کے نیچے مخفی ہوتا ہے ۔ اسی طرح عقل جسم میں پنہاں ہے ۔ دوسرے جسم عقل کے تابع ہے ۔ اور وہ عقل کو اپنے اندر مخفی رکھتا ہے ۔ جس طرح موج دریا کے تابع ہوتی ہے ۔ اور کثرتِ امواج دریا کو اپنے نیچے مخفی کر لیتی ہے صائب رح ؎ دل ز قیدِ جسم چوں آزاد گردد واشود　　چوں حباب از خود کند قالب تہی دریا شود

ہر چہ صُورت مے و سیلت سازدش　　زاں وسیلت بحر دُور اندازدش

ترکیب تقدیر کلام یوں ہے ہر چہ صورت ست بعض انسان اوراو سیلہ مے سازد۔ مے حرف زائد جو فعل سے متصل آیا ہے۔ بضرورت وزن منفصل آیا ہو۔ ہر چہ اسم موصول۔ آں مبتدا مقدر صورت خبر۔ است رابط محذوف ہے۔ جملہ اسمیہ ہو کر صلہ ہوا۔ موصول و صلہ ملکر مبتدا ہوا مے سازد فعل۔ بعض انسان فاعل محذوف شین ضمیر منصوب راجع بہ مبتدا مفعول بہ اوّل۔ وسیلت مفعول بہ ثانی۔ یہ جملہ فعلیہ ہو کر خبر ہوئی۔ دوسرے مصرعہ میں شین ضمیر منصوب بعض انسان کی طرف راجع ہے۔

ترجمہ جو چیز (کہ محض) صورت (ہے بعض لوگ) اس کو (مقصود حقیقی کا) ذریعہ بناتے ہیں۔ (اور) دریائے (معنی) اس (کمزور) وسیلے کے سبب سے ان کو (اپنے اندر سے نکال کر) پھینک دیتا ہے (پس ان لوگوں کو ادراک معانی نصیب نہیں ہوتا)

مطلب صورت کا توسل موصل الی الحق نہیں جیسے کہ مشرک لوگوں نے اصنام کو وسیلہ تقرب بنانا چاہا اور کہا۔ مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَا اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى (زمر ۱۶) ہم تو ان کی پرستش صرف اس لئے کرتے ہیں۔ کہ ہم کو خدا سے نزدیک کردیں۔ جامی رح ؎

بدست خود بُتِ سنگیں تراشند ز مہر او دلِ غمگیں خراشند
بود معلوم کز سنگے چہ خیزد؟ بمعبودیش جز ننگے چہ خیزد؟

یا جیسے فلاسفہ نے اپنی بے معنی اور دور از حقیقت دلائل کو واجب الوجود کی معرفت کا وسیلہ بنانا چاہا۔ صائب رح ؎

جستجوئے گہر از تفش پئے موج کند سادہ لوحے کہ رہِ حق بدلائل پرود

آخر صورت کو وسیلہ تقرب بنانے کا نتیجہ یہ ہوتا ہے۔ کہ اشتغال بالصورت کی وجہ سے ادراک معنی نصیب نہیں ہوتا۔ جس کو وہ مقصود حقیقی کا وسیلہ بناتا۔ کیونکہ وصول الی اللہ کا اصل ذریعہ معرفت اور طلب ہے اور یہ عقل کے افعال ہیں۔ نہ کہ جسم وصورت کے۔ صائب رح ؎

جلوۂ شاہدِ مقصود بود پردہ نشیں تا مصفّا نشود آئینۂ جانِ طلب

تا نہ بیند دل دہندہ راز را تا نہ بیند تیر دُور انداز را

لغات دہندہ راز راز بتانے والا۔ مراد مرشد کامل۔ دور انداز دور پھینکنے والا **ترکیب** بیند فعل دل فاعل۔ دہندہ راز مفعول یہ اسی طرح مصرعہ ثانیہ کی ترکیب ہے۔ دونوں جملے معطوف علیہ اور معطوف مل کر شرط ہوئی۔ اگلا شعر اس کی جزا ہے۔ وھذا ما اشار الیہ صاحب المکاشفات لعلہ اوفق مما قالوا۔ بعض شارحین نے ان جملوں کو علت بتایا ہے۔ اور اوپر کا شعر ہر چہ صورت الخ اس کا معلول قرار دیا ہے۔ مگر ہم نے ترجمہ میں پہلی تقدیر کو اختیار کیا ہے۔ دوسری تقدیر کا فرق اس کے بعد ظاہر کرینگے۔

ترجمہ جب تک کہ دل راز بتانے والے (یعنی مرشد کامل) پر نظر نہ کرے (اور) جب تک کہ تیر اپنے دور پھینکنے والے کو نہ دیکھے۔ تب تک :۔ (اگلا شعر ملا کر پڑھو)

الخلاف ۔ ترکیب میں لکھا جا چکا ہے۔ کہ بعض شارحین نے اس شعر کو علت اور سابقہ شعر کو معلول

بت پرستی حق سے دور کرتی ہے۔ نکہ قریب

قرار دیا ہے۔ ان کے نزدیک دل موصوف اور دہندہ راز اس کی صفت اور اسی طرح تیر موصوف اور دور انداز اس کی صفت ہے اور ان دونوں ترکیبوں میں دل سے مراد روح ہے۔ ترجمہ ان کے نزدیک یوں ہے :۔ (صورت کا توسل غیر مفید ہے ماس سے عالم معنی سے بعد ہو جاتا ہے۔) حتی کہ وہ (متوسل بصورت) روح کو نہیں دیکھ سکتا۔ جو راز گو ہے۔ اور اپنے فکر و عرفان کو تیر کی طرح دُور دُور پہنچاتی ہے۔ (ورنہ وہ اس کو وسیلۂ قرب بنا لیتا۔ جو موصل الی المطلوب ہو سکتی ہے)

اشپ خود را یاوہ داند و رستیز میدواند اسپ خود در راہ تیز

لغات ۔ یاوہ بیہودہ ۔ آوارہ ۔ گم ۔ ستیز جنگ ۔ جھگڑا ۔ میدواند فعل حال دوانیدن دوڑانا سے

ترجمہ (تب تک اس کی مثال اس شخص کی سی ہے جو) اپنے گھوڑے کو گم ہوا سمجھے ۔ (حالانکہ خود اسپ سوار ہے) اور جھگڑا کرتا ہوا اپنے گھوڑے کو تیز دوڑا رہا ہے ۔

مطلب ۔ اوپر صورت کے توسل کا غیر مفید ہونا اور روح و عقل کا قابل توسل ہونا مذکور تھا۔ اب سوال ہو سکتا ہے ۔ کہ رُوح ہے کہاں تاکہ اس کو قرب الٰہی کا وسیلہ بنایا جائے ۔ اس کا جواب یہ دیا ہے ۔ کہ رُوح تم سے بہت ہی قریب ہے ۔ بلکہ تم کو اس کے ساتھ معیت تامہ حاصل ہے ۔ مگر بقول صائب رح

دیدۂ ظاہر بکنہ روح نتواند رسید چوں مسیحا را تواند دیدۂ سوزن شناخت

وہ تم کو محسوس نہ ہونے کے باعث بعید معلوم ہوتی ہے ۔ اور اس کے مشاہدہ کا بڑا وسیلہ مرشد کامل ہے ۔ جس کے افاضہ سے طالب کے دل میں اسرار معرفت القا ہوتے ہیں (یہ دہندہ راز کا مطلب ہے) اور جس کے ہاتھ پر طالب کی ترقی روحانی کا انحصار اس طرح ہوتا ہے جیسے طرح تیر انداز کے ہاتھ پر تیر کے پرواز کا مدار (یہ دور انداز تیر سے مقصد ہے) جب تک ایسے مرشد پر نظر ارادت نہ ہو ۔ اس وقت طالب رُوح اپنی رُوح کو اس طرح ڈھونڈھتا پھرتا ہے جس طرح ایک سوار گھوڑے کو تلاش کرتے والا حالانکہ وہ اسی گھوڑے پر سوار ہے ۔ اب آگے چند اشعار میں اسی طالب اسپ کا ذکر ہے جو اپنی غلطی اور گمراہی میں گھوڑے کے چور کو تلاش کرتا ہے ۔

اشپ خود را یاوہ داند آں جواد واسپ خود او را کشاں کردہ چو باد

لغات ۔ جواد جوانمرد ۔ کشاں اسم حالیہ بمعنی اسم مفعول ۔

ترجمہ وہ شہسوار اپنے گھوڑے کو گم ہوا سمجھتا ہے ۔ حالانکہ گھوڑا خود اس کو ہوا کی طرح اڑائے لئے جا رہا ہے ۔

در فغان و جستجو آں خیرہ سر ہر طرف پرساں و جویاں در بدر

لغات ۔ خیرہ سر بدمزاج ۔ اکھڑ ۔ پرساں اسم حالیہ از پرسیدن ۔ جویاں اسم حالیہ از جستن ۔ در بدر میں با برائے الصاق ہے ۔

ترجمہ ۔ وہ اکھڑ آدمی در بدر ہر طرف (یہ بات) پوچھتا اور ڈھونڈھتا ہوا غل مچانے اور تلاش

کرنے ہیں (مصروف ہے)۔

کانکہ دزدید اسپ ما را کو کیست؟ اینکہ زیر ران تست آنخواجہ اصیت

ترکیب اوپر کے شعر میں پرساں کا مفعول بہ ایں مقدر تھا۔ جو بیّن ہے۔ اور اس شعر کا پہلا مصرعہ اس کا بیان ہے۔ دوسرے مصرعہ کے صدر میں کسے پر سد مقدر ہے۔

ترجمہ کہ جس نے میرا گھوڑا چرایا ہے۔ کون ہے؟ اور کہاں ہے؟ (کسی نے پوچھا) حضرت! یہ جو آپ کی ران کے نیچے ہے (یہ) کیا (جانور) ہے؟

آرے ایں است پست لیک آں اسپ کو؟ باخود آ اے شہسوار اسپ جو!

لغات آرے حرف ایجاب۔ ہاں باخود آ صیغہ امر ہے۔ باخود آمدن سے ہوش میں آنا۔ اپنے آپے میں آنا۔

ترجمہ (تو جواب دیتے ہیں کہ) ہاں یہ گھوڑا ہی ہے۔ لیکن وہ گھوڑا کہاں ہے؟ (پھر مخاطب کہتا ہے)۔ اے گھوڑے کو ڈھونڈنے والے شہسوار! ہوش میں آؤ۔

وصفہا را مستمع گوید براز تا شناسد مرد اسپ خویش باز

لغات مستمع سننے والا۔ براز میں با ظرفیت یا مطابقت کے لئے یعنی بطور راز گوئی۔ باز حرف زائد ہے۔

ترجمہ سننے والا (اس سے) بطور راز گوئی (کان میں) گھوڑے کی نشانیاں بیان کرتا ہے۔ تاکہ وہ اپنے گھوڑے کو پہچان لے۔

مطلب جس طرح یہ گھوڑا اسی شخص کے پاس ہے۔ بلکہ وہ اس پر سوار ہے۔ مگر وہ اپنی بیخبری و نادانستگی میں اس کو اپنے سے بعید اور گم سمجھتا ہے۔ یہی حال روح کا ہے۔ کہ وہ گھوڑے کی طرح انسان کو لئے لئے پھرتی ہے۔ کیونکہ جسم کے تمام آثار و حرکات روح کی بدولت واقع ہوتے ہیں۔ مگر باوجود اس قدر معیت کے جب انسان اس کا ادراک نہیں کرتا۔ تو اس سے بیخبر ہے۔ اور تعجب کے ساتھ اس کے بارے میں اس طرح پوچھتا ہے۔ جس طرح کسی دور اور غائب کے متعلق سوال کرتے ہیں۔

اس مثال میں روح کو گھوڑے سے اور ذی روح کو سوار سے تشبیہ دی ہے۔ حالانکہ عموماً مشہور یہ ہے۔ کہ روح بمنزلہ سوار اور جسم بمنزلہ مرکب کے ہے۔ جو گویا روح کا آلہ عمل اور واسطہ حرکت ہے۔ چنانچہ اخلاق ناصری میں لکھا ہے۔ "بدن آلتے و ادواتے ست نفس را بانند آلات و ادوات صنائع و محترفہ را"۔ مگر ان دونوں قولوں میں درحقیقت کوئی تعارض نہیں۔ کیونکہ جسم کی حرکت روح کی حرکت کے تابع ہے۔ اس لئے روح کو یہاں مرکب کہدیا۔ چنانچہ مرکب جدھر جاتا ہے۔ راکب اس کے ساتھ اور اس کے تابع ہوتا ہے لیکن چونکہ روح تمام حرکات و افعال کی مبدء ہے۔ جس طرح خاص سوار کا قصد رو بمنزل ہونے کا مستدعی ہوتا ہے اور مرکب کو محض اس کے اشارے سے ادھر جانا پڑتا ہے۔ اس اعتبار سے روح کو سوار اور جسم کو اس کا مرکب کہا جاتا ہے۔ فلا منافاۃ۔

جاں ز پیدائی و نزدیکی ست گم چوں شود پُر آب لب خشکے چو خُم

لغات - پیدائی ظاہر ہونا - عیاں ہونا - خُم مٹکا -

ترجمہ (یہی حال) جان (کا ہے جو) غایت ظہور اور قرب کی وجہ سے (ہماری نظر سے) گم ہے - کیونکہ وہ اس مٹکے کی مثل ہے - جو پانی سے بھرا ہوا ہے - اور اس کے منہ کے کنارے خشک ہیں -

مطلب جس طرح پانی سے بھرا ہوا مٹکا باہر سے خشک ہوتا ہے - تو بظاہر یقین نہیں آتا - کہ اس کے اندر پانی ہوگا - اسی طرح روح باوجود قریب و موجود ہونے کے مخفی اور غیر مدرک ہے - اور رُوح کو ادراک کرنے کی صرف ایک تدبیر ہے یعنی کسی مرشد کامل سے تربیت رُوحانی حاصل کرنا - جس کی ضرورت کا اوپر اشارہ فرما چکے ہیں - کہ تا نہ بیند دل و ہندہ الخ اب وہ طریقہ بیان فرماتے ہیں - جو رُوح کے ادراک کے لئے کارآمد ہے - اور مرشد بھی اسی کی تلقین کیا کرتا ہے -

در درونِ خود بیفزا درد را تا ببینی سبز و سُرخ و زرد را

ترجمہ (ادراک رُوح کا شوق ہے تو) اپنے دل میں درد (طلب) بڑھاؤ - تاکہ تم پر گوناگوں چیزیں (لطائف غیب) منکشف ہوں -

مطلب - درد طلب اور سوز جستجو ہی سب سے بہتر وسیلہ ہے حصول کمالات کا - کما قیل ؎

ایں کار بزہد و عقل و تدبیرے نیست جز درد طبیب را عناں گیرے نیست

مذکورہ مختلف الالوان چیزوں سے لطائف غیبیہ مراد ہیں - اہل مکاشفہ فرماتے ہیں - کہ لطائف غیبیہ کو خاص خاص رنگوں سے مناسبت ہے - چنانچہ لطیفہ روح کا رنگ سفید ہے - لطیفہ قلب کا سُرخ لطیفہ سِرّ کا سبز اور لطیفہ نفس کا زرد ہے - اس اعتبار سے ممکن ہے - کہ مولانا رحمۃ اللہ علیہ نے اس عبارت سے یہ لطائف بالوان مراد لئے ہوں - یا رنگوں کے ذکر سے مطلق مختلف چیزیں مراد ہوں - جیسے کہہ دیتے ہیں - فلاں شخص سیاہ و سفید کا مالک ہے - اس نے زمانہ کا گرم و سرد دیکھا ہے - تلخ و شیریں چکھا ہے - خلاصہ مطلب یہ کہ طلب و مجاہدہ کرو - تو اللہ تعالیٰ تم کو امور روحانیہ کے ادراک کی ذوقی و وجدانی بصیرت عطا فرمائیگا - جس کے ذریعہ سے راہ سلوک طے کر سکو گے - صائب رح ؎

قفلِ دل را نیست مفتاحے بغیر از دست سعی
سنگ زن بر سینہ تا ایں در برویت وا شود

کے ببینی سُرخ و سبز و بُور را تا نہ بینی پیش ازاں سہ نور را

لغات بُور گلابی رنگ - بعض نے سُرخ مائل بسیاہی لکھا ہے -

ترجمہ تم سُرخ و سبز اور گلابی رنگ کی چیزوں کو کب دیکھ سکو - جب تک کہ ان رنگوں (رنگ کی چیزوں) سے پہلے نور کو نہ دیکھو -

مطلب - یہاں سے اس مضمون کی توضیح شروع ہوتی ہے - کہ رُوح غایت ظہور و قرب کی وجہ سے ہماری نظر

عاشق بک کلنک بکرا ے نسبت

سے مستور ہے چنانچہ فرماتے ہیں۔ کہ رنگ کو دیکھنے سے پہلے روشنی کا دیکھنا ضروری ہے۔ کیونکہ ہر رنگ روشنی کی وساطت سے نظر آسکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ رات کے اندھیرے میں کوئی رنگ نظر نہیں آسکتا۔ کیونکہ اس وقت روشنی نہیں ہوتی۔ اور سب جانتے ہیں۔ کہ جب ہم کسی چیز کو اور اس کے رنگ کو دیکھتے ہیں۔ تو اُس کے ساتھ روشنی بھی نظر آتی ہے۔ اس لئے روشنی کے ظہور میں کوئی شک نہیں۔ اور یہ بھی ظاہر ہے۔ کہ جب ہم کوئی رنگ دیکھتے ہیں۔ تو روشنی کو اوّلاً دیکھتے ہیں اور رنگ کو ثانیاً۔ پس اس میں بھی کوئی شبہ نہیں۔ کہ روشنی کا ظہور رنگوں کے ظہور سے اشد و اقوٰی ہے۔ مگر باوجود اس کے جب ہم کسی رنگ کو دیکھتے ہیں۔ تو اس بات کو ہم بالکل محسوس نہیں کرتے۔ کہ ہم نے رنگ سے پہلے روشنی کو دیکھا ہے۔ اور نہ ہم کو رنگ سے پہلے روشنی کو محسوس کرنے کی طرف التفات ہوتی ہے۔ پس جس طرح روشنی باوجود کمال ظہور اور غایت قرب کے ہماری ذہنی توجہ سے مستور و مخفی ہے۔ اسی طرح روح کو باوجود اظہر و اقرب ہونے کے ہم ادراک نہیں کرسکتے ان چند اشعار میں یہی مضمون مندرج ہے۔

لیک چُوں در رنگ گم شد ہوشِ تو　　شد ز نُور آں رنگہا رُوپوشِ تو

لغات ہوش عقل۔ ادراک۔ مجازاً التفات۔ توجہ۔ احساس۔ روپوش نقاب۔ حجاب۔

ترجمہ لیکن چونکہ تمہاری توجہ رنگ میں محو ہو رہی ہے۔ اس لئے وہ رنگ نور (کے احساس) سے (روکنے کے لئے) تمہارا حجاب بن گئے ہیں۔

چونکہ شب آں رنگہا مستور بُود　　پس بدیدی دیدِ رنگ از نور بُود

لغات مستور مخفی۔ پوشیدہ دید حاصل مصدر از دیدن از نور میں از تعلیلیہ ہے۔

ترجمہ (چنانچہ) رات کے وقت وہ رنگ (اندھیرے میں) چھپے ہوئے تھے۔ تو تم کو معلوم ہوگیا کہ رنگ کا نظر آنا نور (کے ذریعہ) سے تھا۔

نیست دیدِ رنگ بے نُورِ بُروں　　ہمچنیں رنگِ خیالِ اندرُوں

لغات بروں ظاہر۔ محسوس۔ اندروں باطن۔ عالمِ معنی۔ عقلیات اس کے ساتھ رنگ کی اضافت بطور مشاکلت ہے۔

ترجمہ (خلاصہ یہ کہ) رنگ کا دیکھنا ظاہری (آنکھ کے) نور کے بدوں (ممکن) نہیں یہی حال خیال کے رنگ کا ہے۔ جو (ایک امر) باطنی ہے۔

مطلب روح کے اجلیٰ بدیہیات ہونے کے باوجود مدرک و محسوس نہ ہونے کے ثبوت میں ایک مثال تو یہ دی تھی کہ روشنی باوجودیکہ الوان کے احساس کے وقت اعلیٰ اور اقرب ہوتی ہے۔ مگر الوان تو محسوس ہوتے روشنی کے احساس کی طرف مطلق توجہ اور التفات نہیں ہوتی۔ اب اس کی دوسری مثال پیش کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ کہ اسی طرح باطنی رنگ یعنی امور معقولہ کا حال ہے۔ جن کا ادراک نورِ عقل سے ہوتا ہے۔ اور نورِ عقل بھی حسی روشنی کی طرح ظاہر بنفسہ اور مظہر لغیرہ ہوتا ہے۔ اس لئے وہ ان امور مدرکہ کی بہ نسبت اظہر و اقرب ہوتا ہے۔ مگر یہاں بھی ادراک اشیاء کے وقت صرف ان اشیاء مدرکہ کی طرف

توجہ ہوتی ہے۔ نورِ عقل کی طرف مطلق التفات نہیں ہوتی۔ نیچے کے شعر میں ان دونوں مثالوں کو سامنے رکھ کر ان کا مقابلہ کرتے ہیں۔

ایں بروں از آفتاب و از سہاست واں دروں از عکسِ انوارِ علاست

لغات ۔ سہا سین کے ضمہ سے ایک باریک ستارے کا نام ہے۔ علا بلندی مراد عالم بالا۔ ملاءِ اعلیٰ۔ حظیرہ قدس از عکس میں حرف از بیانیہ ہے۔ اضافیہ یا تعلیلیہ قرار دینے کی صورت میں تکلف کرنا پڑتا ہے۔

ترجمہ یہ ظاہری (روشنی تو) آفتاب و سہا (وغیرہ ستاروں) کی ہے۔ اور وہ باطنی (نور) عالم بالا کے انوار کا عکس ہے۔

مطلب مذکورہ دونوں مثالوں میں دو قسم کے ظاہری و باطنی نوروں کا ذکر آیا تھا۔ اب دونوں کا فرق ان کے مبدء کے لحاظ سے بیان فرماتے ہیں یعنی پہلا نور نجوم فلک کا پرتو ہے۔ اور دوسرا عالم بالا کا انعکاس انوار ہے حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہ حجۃ اللہ البالغہ میں فرماتے ہیں۔ کہ فرشتوں کی ایک بڑی جماعت خاص اس کام پر مامور ہے۔ کہ جو حکم عالم بالا سے مترشح ہو۔ اس کے متعلق وہ مخلوق کے دل میں ایسے خیالات اور ارادوں کی تحریک پیدا کردیں جن سے وہ اس حکم کے مطابق عمل کرنے پر آمادہ ہوجائیں۔ پھر فرماتے ہیں۔ وربما تقاتلت فئتان فجماعت الملئکۃ تزین فی قلوب ھذہ الشجاعۃ والثبات باحادیث وخیالات یقتضیھا المقام وتلہم حیل الغلبۃ وتؤید فی الرمی واشباھہ وفی قلوب تلک اضداد ھذہ الخصال لیقضی اللہ امرا کان مفعولا۔ یعنی کبھی دو فوجیں مصروفِ پیکار ہوتی ہیں۔ تو وہ فرشتے آکر ایک فوج کے دل میں شجاعت اور ثابت قدمی کے ایسے خیالات القا کرتے ہیں۔ جو اس موقع کے لئے مناسب ہوتے ہیں اور ان کو فتح پانے کی تدبیر سجھاتے ہیں۔ اور تیر اندازی وغیرہ میں مدد دیتے ہیں۔ اور دوسری فوج کے دل میں ان امور کے خلاف باتیں القا کرتے ہیں۔ تاکہ جو بات خدا کی تقدیر میں مقرر ہوچکی ہے۔ وہ اس کو پوری کرے۔

حافظ رحمہ اللہ ؎

بارہا گفتہ ام و بار دگر میگویم کہ من دلشدہ ایں رہ نہ بخود میپویم
در پس آئینہ طوطی صفتم داشتہ اند آنچہ استاد ازل گفت بگو میگویم

غرض انسان کے خیالات، ارادات اور احادیث نفس سب الہاماتِ غیب ہوتے ہیں۔

نورِ نورِ چشم خود نورِ دل ست نورِ چشم از نورِ دلہا حاصل ست

لغات نورِ چشم سے مراد بصارت ہے۔ اور اس کے نور سے مقصود احساس باصرہ ہے۔ نورِ دل سے مراد بصیرتِ قلب ہے۔

ترجمہ آنکھ کے نور کا احساس خود دل کا نور ہے۔ آنکھ کا نور دلوں کے نور سے حاصل (ہوتا) ہے

مطلب خلاصۂ مقصود یہ ہے۔ کہ نورِ باطنی نورِ ظاہری سے قوی تر ہے۔ نورِ ظاہری کی ایک قسم نورِ آفتاب ہے جس کا ذکر آچکا ہے۔ دوسری قسم نورِ چشم ہے جس طرح رنگوں کے دیکھنے کیلئے نورِ آفتاب شرط ہے اسی طرح آنکھ کا نور بھی شرط ہے۔ چنانچہ جس طرح نورِ آفتاب کے انتفا کی حالت میں رات کے

وقت کوئی رنگ نظر نہیں آسکتا۔ اسیطرح نور چشم نہ ہونے کی صورت میں نابینا کو بھی کوئی رنگ دکھائی نہیں دے سکتا۔ اب نور ظاہری کی ایک قسم یعنی نورِ چشم کو لے کر فرماتے ہیں۔ کہ وہ نور قلب کے تابع ہے۔ کیونکہ یہ بات مسلمہ ہے کہ مدرک اصل میں مدرکات باطنیہ ہیں۔ اور مدرکات ظاہری ان کے لئے محض آلات و وسائط اور جواسیس ہیں۔ اس لئے نور قلب کو نور چشم کا نور کہا ہے۔ یعنی آنکھ کے نور کا مبدء انکشاف اور مدار احساس نورِ قلب ہے۔ جس کو قوت عقلیہ یا بصیرت کہتے ہیں۔ پس جب یہ نور باطن نور ظاہر سے صفت ظہور میں افضل و اغلب ہے اور نور ظاہری باوجود یکہ اسی صفت میں مفضول و مغلوب ہے۔ اس طرح مختفی و مستور رہتا ہے۔ کہ اس کی طرف التفات ہی نہیں ہوتی۔ تو نور باطنی جس میں کمال ظہور ہے۔ وہ تو بطریق اولیٰ مخفی و محجوب ہوگا

باز نورِ نورِ دل نورِ خداست کو ز نورِ عقل و حس پاک و جداست

لغات باز حرف عطف ہے پھر۔ اس کے بعد۔ پس نور نورِ دل بصیرت کی روشنی۔ نور عقل بصیرت قلب نور حس بصارت چشم۔

ترجمہ اس کے بعد (واضح ہو کہ) بصیرت کو روشن کرنے والا خدا تعالیٰ کا نور ہے۔ جو عقل و حس کے نور یعنی باطنی (ادراک اور ظاہری احساس) سے پاک اور جدا ہے۔

مطلب ۔ اوپر جان زپیدائی و نزدیکی ست گم کے ثبوت میں نور کی مثال دی تھی۔ اب اس سے ترقی کر کو نور الانوار یعنی ذات پاک حق جل و علا کا ذکر فرماتے ہیں۔ کہ وہ تمام موجودات سے زیادہ اقرب و اظہر ہے۔ اس لئے وہی سب سے زیادہ غیر نمایاں بھی ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں۔ کہ نورِ چشم ظاہری نور ہے۔ نورِ چشم، باطنی نور یعنی قوت عاقلہ یا نور دل ہے۔ اور نور نور دل، یعنی نور نور نورِ چشم، نور الٰہی ہے۔ جو نور الانوار ہے اور قدیم ہونے کی صفت کے لحاظ سے نور چشم اور نور دل دونوں سے ارفع و اعلیٰ ہے۔ جو حادثات ہیں۔ اور وہ حدوث کی صفت سے منزہ و برتر ہے۔ وہ تمام ادراکات و انکشافات اور تمام انوار عیون و بصائر قلوب کا مبدء ہے۔ مگر خود اس کو نہ کوئی نور حس محسوس کر سکتا ہے۔ نہ کوئی نور عقل ادراک کر سکتا ہے۔ فیضی رح ؎

حادث بقدیم کے برد راہ کتان ز کجا و پرتو ماہ
نظمم چہ کند بہ سترِ تحقیق دریا شدہ میہمان ابریق

یہی مطلب ہے اس کا کہ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ (سورہ انعام) یعنی یہ نگاہیں اس کو ادراک نہیں کر سکتیں۔ اور وہ ان کو ادراک کرتا ہے۔ اور وہ باریک بیں اور باخبر ہے۔ حافظ ؎

دیدنِ روئے ترا دیدۂ جاں مے باید ورنہ کجا مرتبۂ چشم جہاں بین من ست

فی الحقیقت وہ نور الانوار جو نور چشم اور نورِ قلب کا مبدء و منتہی ہے۔ احساس و ادراک سے برتر ہے۔ فیضی رح ؎

نورِ تو بدیدہ دید نتواں بارش بنظر کشید نتواں
آں نور کزو دو دیدہ باز ست مژگاں گسل و نظر گدازست

اس کی تحقیق یہ ہے۔ کہ مخلوق کا انکشاف ایک امر حادث ہے۔ اور ہر حادث کے لئے ایک علت اور مبدء کی ضرورت ہے۔ کیونکہ حادث کا محدث سے مستغنی ہونا ایک امر محال ہے۔ پس انکشاف محسوسات

کی ضرورت ہے۔ کیونکہ حادث کا محدث سے مستغنی ہونا ایک امر محال ہے۔ پس انکشاف محسوسات کا مبدء نورحسی ہے۔ پھر اس نورحسی کے انکشاف کے لئے بھی مبدء ضروری ہوا۔ کیونکہ وہ بھی امر حادث ہے۔ اور وہ مبدء قوت عاقلہ کا نور ہے۔ پھر چونکہ یہ بھی ایک انکشاف ہے۔ اس کے لئے بھی ایک مبدء ہونا چاہیئے۔ پس اس کا مبدء نور الٰہی ہے۔ جو قدیم ہے۔ اگر اس کا مبدء بھی کسی امر حادث کو تسلیم کر لیا جائے۔ تو دور یا تسلسل لازم آئیگا۔ وکلاہما باطلان۔ اور نور الٰہی چونکہ سب سے بڑھکر درّاک ابصار اور کشاف انوار ہے۔ لہذا وہ اپنے ظہور میں سب سے بڑھ کر ہے۔ اور ظہور علت تامہ خفا کی۔ تو مبدء الانوار میں اس حیثیت سے اختفاء بھی سب سے زیادہ ہوگا۔ اور نعم ماقال مولانا اسمٰعیل مرحوم ؎

اخفا کے لئے ہو اس قدر جوش و خروش ۔۔۔ یاں ہوش کا مقتضا ہے بننا مدہوش
حسن ازلی تو ہے ازل سے ظاہر ۔۔۔ یعنی ہے تجلیوں میں اپنے روپوش

ذات حق کے شدت اختفا کی ایک وجہ تو اس کا کمال ظہور اور انتہائے قرب ہے۔ جس کا ذکر اوپر ہو چکا ہے۔ چنانچہ فرمایا۔ نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ۔ اور ہم شاہ رگ سے بھی زیادہ اس سے قریب ہیں (ق ع ۱) اور ایک وجہ اس کا دوام و سرمدیت ہے۔ یعنی اس کا نور کبھی کسی وقت فی عین من الاحیان اور فی وقت من الاوقات غائب نہیں ہوتا۔ کہ پھر بقاعدہ الاشیاء تعرف باضدادھا اس کا ادراک ہو سکتا۔

و نعم ماقال مولانا اسمٰعیل رح ؎

کیا کھلے جو کبھی نہ تھا پنہاں ۔۔۔ کیوں ملے جو کبھی جدا نہ ہوا

جیسے کہ اگر آفتاب کے طلوع میں دوام و استمرار ہوتا۔ تو اس کی روشنی کو تمیز کرنا سخت مشکل ہوتا۔ مگر چونکہ رات کے وقت اس کی روشنی زائل ہوتی ہے تو اس کا احساس و ادراک بخوبی ہو جاتا ہے۔ پس نور الٰہی کا ظہور مستدیم و مستمر ہے جس کے درمیان کوئی لمحہ اس کے غیبوبت کا نہیں ہے۔ اسلئے اس کا ادراک احساس اور بھی متعسر ہے۔ یہی مطلب ہے۔ اس آیت کا ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ وَھُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ (سورہ حدید رکوع اول) یعنی وہ ازلی وابدی ہے۔ وہ بلحاظ قدرت آشکار اور بلحاظ ذات مخفی ہے اور وہی وجہ ہے۔ کہ وہ ہر چیز کو خوب جانتا ہے۔ لیکن مخلوق حادث جو محدود بین العدمین ہے۔ اس کا ادراک نہیں کر سکتی۔ مولانا اسمٰعیل رح ؎

خدایا اوّل و آخر بھی تو ہے ۔۔۔ خدایا باطن و ظاہر بھی تو ہے
وہ اول تو کہ ہے آخر سے آخر ۔۔۔ وہ آخر تو کہ ہے اول سے فاخر
ہے تو باطن میں ظاہر بلکہ اظہر ۔۔۔ بظاہر بن گیا تو عین مظہر
کھلا جتنا ہوا اتنا ہی مستور ۔۔۔ چھپا جتنا رہا کھلتا بدستور
ازل سے تا ابد ہے ایک ہی شان ۔۔۔ ترا طغرا ہے الاکن کما کان
نہ پایا ہے نہ پائے گا کبھی تو ۔۔۔ کہ ہے معروف و عارف آپ ہی تو
تصور قرب کا دوری ہے تجھ سے ۔۔۔ خیال بُعد مجبوری ہے تجھ سے
نہ دوری ہے نہ نزدیکی نہ مابین ۔۔۔ عبارت منقطع لاغیر لا عین

نیچے کے اشعار میں اسی مضمون کا بیان ہے۔

منجانب مقامی کمپیوٹر سنٹر اردو محفل

شب نبُد نُور و ندیدی رنگ را پس بضدّ آں نُور پیدا شد ترا

لغات نبد نہ بود کا مخفف ضد مقابل و مخالف پیدا ظاہر نمایاں۔

ترجمہ رات کو نور نہ تھا۔ اور (اسی وجہ سے) تم نے رنگ کو نہ دیکھا۔ پس (دن کی) ضد (یعنی رات) کی بدولت تم کو اس نور کا احساس ہوا۔ (جو دن میں رنگ کا مبدء انکشاف تھا)

شب ندیدی رنگ کاں بے نُور بُود رنگ چہ بود؟ مُہرہ کور و کبُود

لغات مہرہ منکا۔ کنٹھے کا دانہ کور اندھا۔ بے نور۔ کبود۔ نیلا سیاہ تاریک۔

ترجمہ رات کے وقت تم رنگ کو نہ دیکھ سکے۔ کیونکہ وہ روشنی سے خالی تھی (اور) رنگ (بذاتہٖ) کیا ہوتا ہے؟ ایک مہرہ بے نُور و تاریک (اس لئے وہ بلا وساطت نور کے خود بخود مدرک نہیں ہو سکتا تھا)

کہ نظر بر نُور بود آنگہ بر رنگ ضد بضد پیدا بُود چُوں رُوم و زنگ

ترجمہ کیونکہ (پہلے) نور پر نظر پڑتی ہے۔ پھر رنگ پر (اور یہ بات کہ دن بھی کوئی چیز ہے رات کی تاریکی میں جو دن کی ضد ہے بخوبی محسوس کر لیتے ہو۔ کیونکہ) ضد کا احساس اس کی ضد سے ہوتا ہے۔ جیسے رومی اور زنگی (میں ایک دوسرے کا کالا گورا ہونا ان کی شناخت کا معیار ہے)۔

دیدنِ نُور ست آنگہ دیدِ رنگ ویں بضدّ نُور دانی بے درنگ

ترجمہ نور کا نظر آنا (مقدم) ہے۔ پھر رنگ کا دیکھنا (واقع ہوتا ہے) اور اس کو تم نور کے ضد (یعنی تاریکی) سے بلا تامل پہچان سکتے ہو۔

پس بضدّ نُور دانستی تو نُور ضدّ ضد را مینماید در صُدُور

ترجمہ پس تم نے نور کے ضد (یعنی تاریکی) سے نور کو پہچانا (کیونکہ) ضد ہی ضد کو (واقع میں) موجود ہوتا دکھاتی ہے۔

رنج و غم را حق پئے آں آفرید تا بدیں ضد خوشدلی آید پدید

ترجمہ خداوند تعالیٰ نے رنج و غم کو اس لئے پیدا کیا ہے۔ کہ اس ضد سے خوشی کا احساس ہو۔

مطلب دنیا میں غم و الم، مشکلات و مصائب، فتنہ و فساد، جدال و قتال کی ہنگامہ آرائیوں میں قدرت کا راز یہ ہے۔ کہ انسان بقاعدہ الاضداد تعرف باضدادہا، راحت و مسرت، یسر و غنا، امن و عافیت وفاق و مسالمت کو محسوس کرے۔ اور ان نعمتوں کے عطا کرنیوالے منعم کو پہچانے اور اس کا شکر بجا لائے۔ چنانچہ کہا ہے۔ قدر عافیت کسے داند کہ بہ بلائے گرفتار آید۔ جامی رح ۵

در خم ایں دائرۂ ہزل وجد — ضد مبیّن نشود جز بضدّ
زلزلہ در گنبدِ خضرا فگن — یکدوسہ قارورہ بہم درشکن
باغ عناصر کہ زمینش خوش ست — آب گوارندہ ہوا دلکش ست
خاص تریں میوۂ اوکادی ست — لذتش از چاشنی محرمی ست
پختہ و خامش ہمہ بر خاک ریز — بر سرش از یادِ اجل خاک بیز
تاہمہ دانند کہ صانع توئی — مبدع ایں جملہ بدائع توئی

پس نہانہا ضدّ پیدا شود — چونکہ حق را نیست ضدِ پنہاں بود

ترجمہ غرض پوشیدہ چیزیں (اپنی اپنی) ضد سے ظاہر ہوتی ہیں۔ چونکہ خداوند تعالیٰ کی کوئی ضد نہیں۔ پس وہ پوشیدہ (کا پوشیدہ) ہے

نورِ حق را نیست ضدّے در وجود — تا بضدّ اورا تواں پیدا نمود

ترجمہ۔ اللہ تعالیٰ کے نور کی کوئی ضد نہیں (جس کی موجودگی میں معاذ اللہ وہ زائل ہو جائے) تاکہ اس کو ضد کے ذریعہ سے نمایاں کیا جاسکے۔

لاجرم اَبصارُنا لا تُدرِکُہ — وَھُوَ یُدرِکُ بِہٖ تو از موسیٰ وکُہ

ترجمہ۔ اسی لئے ہماری نظر ادراک اس (کی کنہ) کو نہیں پا سکتی۔ اور وہ (ہماری نظروں کو) ادراک کرتا ہے (اسکے ثبوت کے لئے تم) حضرت موسیٰ ؑ اور کوہ (طور کے واقعہ) پر غور کرو۔

مطلب یہ شعر آیہ لا تدرکہ الابصار الخ کے کلمات اور مضمون پر مشتمل ہے۔ جس کا ترجمہ اوپر گذر چکا ہے یعنی چونکہ اشیاء کا ادراک ان کی اضداد کے ذریعہ سے ہوتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی کوئی ضد نہیں۔ اس لئے ہماری یہ نگاہیں اسکو ادراک نہیں کرسکتیں۔ چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعہ کوہ طور پر غور کرکے دیکھ لو کہ انہوں نے درگاہ باری سے التجا کی تھی۔ کہ رَبِّ اَرِنِیْ اَنْظُرْ اِلَیْکَ۔ الٰہی مجھے اپنا جمال دکھا کہ میں تیرا نظارہ کروں۔ تو حکم ہوا۔ لَنْ تَرٰانِیْ تم مجھ کو ہرگز نہیں دیکھ سکتے۔ چنانچہ پھر جب اللہ تعالیٰ نے تجلّی فرمائی۔ تو حضرت موسیٰ علیہ السلام بیہوش ہوکر گر پڑے۔ اور پہاڑ پاش پاش ہوگیا۔ اس واقعہ کا ذکر اس شرح کے پہلے حصے میں بھی گذر چکا ہے۔

سوال اوپر کی بحث سے اور کوہ طور کے واقعہ سے یہ ثابت ہوتا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ کا دیدار ممکن نہیں ہے۔ لیکن احادیث میں وارد ہے۔ کہ عالم عقبےٰ میں اہلِ جنت اللہ تعالیٰ کے دیدار سے بہرہ اندوز ہونگے۔ چنانچہ آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے۔ سَتَرَوْنَ رَبَّکُمْ عِیَانًا۔ عنقریب تم اپنے پروردگار کو صاف طور پر دیکھ لوگے (مشکوٰۃ) اور ایک موقع پر فرمایا۔ سَتَرَوْنَ رَبَّکُمْ کَمَا تَرَوْنَ ھٰذَا الْقَمَرَ لَا تُضَامُّوْنَ فِیْ رُؤْیَتِہٖ یعنی عنقریب تم اپنے پروردگار کا اس طرح دیدار کروگے۔ جس طرح اس چاند کو دیکھتے ہو۔ اس کے دیدار میں تمہیں کوئی رکاوٹ نہ ہوگی (مشکوٰۃ) فکیف التوفیق؟

جواب دیدار الٰہی کا امتناع صرف دنیا سے مخصوص ہے۔ آخرت میں اہل جنت دیدار الٰہی سے مشرف ہونگے۔ اور یہی عقیدہ اہل سنت کا ہے۔ مگر معتزلہ کے نزدیک دنیا و آخرت میں کسی جگہ دیدار الٰہی ممکن نہیں۔ اور وہ آیت مذکورہ لا تدرکہ الخ کو اپنے دعوے کی دلیل میں پیش کرتے ہیں۔ اس کا جواب اوّل تو یہ ہے۔ کہ لا تدرک صیغہ مضارع ہے اور مضارع کے معنی حقیقۃً زمانہ حال کے لئے ہوتے ہیں۔ اور مجازًا استقبال کے لئے اور یہاں اسکے معنے حقیقت پر محمول ہیں۔ یعنی خاص حال کے لئے ہیں جس کا مطلب یہ ہے۔ کہ اب عالم دنیا میں نگاہیں اس کو ادراک نہیں کرسکتیں۔ اور استقبال کے لئے حل نہیں کرسکتے۔ یعنی یہ معنی نہیں ہو سکتے۔ کہ پھر عالم عقبےٰ میں ادراک نہیں کرسکیں گی اور حال استقبال دونوں زبانوں کے لئے محمول کرنے کی صورت میں یہ کلمہ حقیقی و مجازی دونو اکٹھے معنوں پر محمول کرنا پڑیگا۔ جو درست نہیں۔ اور یہ بھی نہیں ہو سکتا۔ کہ اس کو صرف مجازی معنی میں استقبال کے لئے خاص کردیں۔ کیونکہ پھر دنیا میں ادراک کا امکان ماننا پڑیگا۔ حالانکہ اس کا قائل کوئی بھی نہیں۔ دوسرے الابصار کا لام عہد کے لئے ہے۔ یعنی یہ خاص نگاہیں جو دنیا میں ہیں۔ اس کو ادراک نہیں کرسکتیں۔ مگر آخرت میں انہی نگاہوں میں قوت تحمل پیدا کردی جائیگی۔ تیسرے آیت میں ادراک کی نفی ہے۔ نہ کہ رویت کی۔ ادراک کے معنی ہیں۔ کسی چیز کو احاطہ کرلینا۔ یا اس کی کنہ دریافت کرلینا یا کسی چیز کو گرفت میں لانا اور رویت سے صرف معاینہ و نظارہ مراد ہے۔ اور ان دونوں میں کوئی تلازم نہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ فلما تراءی الجمعان قال اصحٰب موسیٰ انا لمدرکون۔ جب دونوں فوجوں نے ایک دوسرے کو دیکھا۔ تو موسیٰ کی جماعت نے کہا۔ ہم ان کو پالینگے۔ قَالَ کلا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا ہرگز نہیں۔ اس آیت میں رویت کے اثبات کے ساتھ ہی ادراک کی نفی موجود ہے۔ جس سے ثابت ہوا۔ کہ اگر رویت ہو اور ادراک نہ ہو۔ تو اس میں کوئی منافاۃ نہیں۔ کیونکہ رویت اور چیز ہے۔ اور ادراک اور چیز۔ (کذا فی تفسیر مظہری)

سوال معتزلہ جو دیدار الٰہی کی نفی کے استدلال میں آیہ لا تدرکہ کو پیش کرتے ہیں۔ اگر یہ استدلال درست نہیں۔ جیسے کہ جواب بالا سے ظاہر ہے۔ تو مولانا رح نے اس آیت کو رویت باری تعالیٰ کے عدم امکان کے ثبوت میں کیوں پیش کیا ہے؟

جواب مولانا رح نے اس آیت سے محض بطور تنظیر استشہاد کیا ہے۔ گذشتہ اشعار میں دعوی یہ تھا۔ کہ ذات باری کی کوئی ضد نہ ہونے کے سبب سے ہم کو اس کے ادراک کی طرف توجہ اور التفات نہیں ہے۔ اور آیت کا مفہوم یہ ہے کہ ذات باری کے ادراک کے لئے اگر توجہ اور التفات چھوڑ جہد و سعی بھی کریں۔ تو عدم تحمل کی وجہ سے ادراک نہیں کرسکتے۔ پس وہاں انتفاء بمعنی عدم توجہ ہے۔ اور یہاں انتفاء بمعنی عدم ادراک ہے۔ عدم توجہ کی علت عدم ضد ہے۔ اور عدم ادراک کی علت عدم تحمل ہے۔ غرض انتفاء اور اس کی علت دونوں جگہ مختلف ہے۔ مگر آیت کا مذکورہ انتفاء اسی انتفاء کی ایک نظیر ہے جن کا اشعار میں دعوی کیا گیا تھا۔ اس اعتبار سے مولانا نے یہ آیت بطور ثبوت پیش کی ہے۔ یہ بھی واضح رہے۔ کہ موسیٰ علیہ السلام کے تجلی کے لئے تاب مشاہدہ نہ لانے کا قصہ بھی بطور نظیر پیش کیا ہے۔ ورنہ وہ بھی پوری طرح یہاں چسپاں نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ وہ ایک خاص تجلی تھی۔ جس کا ادراک باوجود قصد و التفات کے بھی نہ ہو سکا۔ اور اشعار کا مذکورہ انتفاء بمعنی عدم التفات ہے ؎

چو آفتاب بہر ذرہ مے نمائی رُخ ولیک چشم عراقی نمے کند ادراک

صورت از معنی چو شیر از بیشہ داں یا چو آواز و سخن ز اندیشہ داں

لغات از اضافیہ ہے۔ بیشہ جنگل خصوصاً شیر کے رہنے کا جنگل۔ اندیشہ خیال۔ تصور۔ صورت ذہنیہ۔

ترجمہ صورت اور معنی کی نسبت ایسی سمجھو۔ جیسے شیر اور بن کی۔ یا جیسے آواز و سخن اور خیال کی۔

مطلب یہاں سے ایک اور تمثیل شروع ہوتی ہے۔ اس امر کے ثبوت میں کہ عالم معنی اصل اور قوی ہے۔ اور عالم صورت۔ فرع اور ضعیف ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں۔ کہ جس طرح بیشہ میں بمقابلہ شیر کے بقا و استمرار ہے۔ کہ ایک بیشہ میں سینکڑوں شیر پیدا ہوتے ہیں۔ اور نوبت بنوبت مرتے رہتے ہیں۔ مگر بیشہ اپنی حالت پر قائم و دائم رہتا ہے۔ اور جس طرح خیالات و تصورات بہ نسبت اصوات و الفاظ کے اقدم و اسبق اور وسیع و دیرپا ہوتے ہیں۔ اور اصوات و الفاظ تصورات کے مقابلے میں حادث و متجدد اور محدود و سریع الزوال ہوتے ہیں۔ صائب رح ؎

حباب از عہدۂ تسخیر دریا بر نمے آید مسخر چوں کند الفاظ اسرار معانی را

اسی طرح معنی میں بہ نسبت صورت کے زیادہ بقاء و قیام ہے۔ اور صورت میں حدوث و تجدد۔ پس معنی اصل ہے۔ اور صورت فرع۔

ایں سخن و آواز از اندیشہ خاست تو ندانی بحر اندیشہ کجاست

ترجمہ۔ یہ آواز اور سخن خیال و فکر سے پیدا ہوا ہے۔ تم اتنا نہیں جانتے۔ کہ اس خیال و فکر کا دریا کہاں (بہتا) ہے۔

مطلب۔ اس سے تصورات یا صور ذہنیہ کے وجود پر استدلال فرماتے ہیں۔ اندیشہ سے صورت ذہنیہ اور دریائے اندیشہ سے عقل مراد ہے۔ اور عقل کا مقام نہ ہونا اس وجہ سے ہے۔ کہ وہ عالم امر کا لطیفہ ہے۔ جو محدود بالمکاں نہیں ہے۔ اس لئے اس کا تعین ناممکن ہے۔

لیک چوں موج سخن دیدی لطیف بحر آں دانی کہ ہم باشد شریف

لغات۔ لطیف۔ باریک۔ نازک پاکیزہ۔ شریف۔ بزرگ۔ شاندار

ترجمہ لیکن جب تم نے سخن کی موج کو پاکیزہ پایا۔ تو سمجھ لیا۔ کہ وہ دریائے (فکر و خیال) بھی شاندار ہوگا۔

مطلب سخن سے الفاظ و کلام اور موج سخن سے معانی یا صور ذہنیہ مراد ہیں۔ جو کلام کا منشا ہیں جامی رح ؎

ہست نفس قالب و جانش سخن ایں سخن زندہ دلاں گوش کن

اور صور ذہنیہ کا منشا عقل ہے۔ اگرچہ عقل محسوس نہیں ہے۔ مگر کلام محسوس ہے۔ جو بواسطہ صور ذہنیہ کے عقل کا اثر ہے۔ اس لئے اثر سے مؤثر کے وجود پر استدلال کر سکتے ہیں۔ کہ وہ کس قدر رفیع الشان ہے۔ صاحب مکاشفات لکھتے ہیں۔ کہ ان اشعار میں اس امر کی طرف اشارہ ہے۔ کہ بیان حقائق کے لئے جو رمز و کنایہ کا طریقہ ارباب مشاہدہ نے اختیار کیا ہے۔ اگر وہ تمہارے دل نشین نہ ہو۔ تو علمائے ظاہر کا طریق ہی

عمل میں لاؤ۔ یعنی اثر سے موثر پر صورت سے مصور پر۔ موج سے دریا پر اور آواز سے فکر و خیال پر استدلال کرنے کا ڈھنگ اختیار کرو۔ صائب رح ؎

زہر نسیم بہ گلزارے تواں رہ بُرد — چہ لازم ست مفید برہمنوں باشید

چُوں زدانش موج اندیشہ بتافت — از سخن و آواز او صورت بساخت

ترجمہ۔ جب عقل سے صور ذہنیہ کی موج اٹھی۔ تو وہ کلام اور آواز کی صورت میں جلوہ گر ہو گئی۔

مطلب۔ یہ سابقہ مضمون کی تتمیم ہے۔ یعنی صورت ذہنیہ۔ جو پہلے ذہن میں موجود اور ذہنی عوارض سے مقترن ہوتی ہے۔ پھر وہ کلام کی صورت میں آکر خارجی عوارض سے متکیف ہوجاتی ہے۔ اور اس کی حقیقت وہی رہتی ہے۔

از سخن صُورت بزاد و باز مُرد — موج خود را باز اندر بحر بُرد

ترجمہ کلام سے ایک صورت پیدا ہوئی۔ اور پھر فنا ہو گئی (وہ) موج پھر اپنے آپ کو دریا میں لے گئی۔

مطلب۔ ایک قائل نے اپنے خیال کو صورت ذہنی سے نکال کر خارجی صورت میں سامع کو پہنچا دیا۔ تو سامع کے ذہن نے فوراً اس کو صورت و تلفظ وغیرہ خارجی عوارض سے مجرد کرکے اخذ کر لیا۔ اور وہ خیال جس طرح ایک دریائے عقلی سے نکلا تھا۔ اسی طرح موج کی صورت کی دوسرے دریائے عقل میں جا ملا۔

صُورت از بے صُورتے آمد بُروں — باز شُد کہ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

ترجمہ (کلام کی) صورت (محسوسہ) ایک بے صورت چیز (یعنی عقل) سے نکلی اور پھر (اسی کی طرف) چلی گئی۔ کیونکہ (ہر چیز اپنے مبدء و معاد کی طرف رجوع کرتی ہے۔ چنانچہ قرآن مجید میں وارد ہے کہ) ہم اس کی طرف رجوع کرنے والے ہیں۔

مطلب اصل مقصود تو ظاہر ہی ہے۔ کہ کلام کا اپنے منشأ یعنی عقل سے نکلنے اور پھر خزانہ عقل میں جا پہنچنے کا بیان ہے۔ مگر اشارۃً اس اصول فطرت کی طرف بھی توجہ دلائی ہے۔ کہ کل شئ یرجع الی اصلہ ؎

مے شود راجع باصل خویش صائب زرہا — باز گشت بوے مشک آخر با آہوے ختن است

؎ ہر کجا فرع ست آرد رو باصل خود غنی — سر بپائے نخل آخر میگذارد برگ و بار

اور تیسرا اس امر کا تصور دلایا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے جو صورت و شکل سے منزہ ہے۔ تمام عالم صورت کو مخلوق کیا ہے۔ اور پھر سب کا رجوع اسی کی طرف ہے۔ وَاِلَیْہِ الْمَصِیْرُ اور اسی کی طرف سب کو لوٹ کر جانا ہے (تغابن) وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ (یٰسٓ)

پس ترا ہر لحظہ مرگ و رجعتے ست — مُصطفٰے فرمود دُنیا ساعتے ست

لغات رجعت واپسی۔ دوبارہ زندہ ہونا۔ رجعتے میں یائے تنکیر ہے۔ اور ساعتے میں یائے وحدت۔

ترجمہ پس تجھ پر (سکوت وتکلم سے) ہر دم موت اور رجعت (طاری ہوتی رہتی) ہے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کہ دنیا ناپایداری میں گویا ایک ساعت ہے۔

مطلب ۔یہاں سے بطور تفریع تجدد امثال کے مسئلے کا بیان ہے۔ اوپر بیان ہوا تھا۔ کہ کلام قوت عاقلہ سے پیدا ہو کر پھر اسیکی طرف رجوع کرتا ہے۔ اور اگر دوبارہ اس کے ساتھ تکلم کیا جائے۔ تو ظاہر ہے کہ وہ اسیطرح خارج کی طرف ظہور پاکر پھر اپنے مبدء کی طرف رجوع کر جائیگا۔ پس اس کلام پر خارج میں وجود اور عدم بطور تعاقب طاری ہوتے رہتے ہیں۔ لہذا فرماتے ہیں۔ کہ جب تمہارے کلام پر مرگ ورجعت طاری ہوتی رہتی ہے تو گویا خود تم پر موت وحیات تعاقباً عارض ہوتی ہے۔ اور اس تعاقب مرگ کی وجہ سے امتداد حیات ایک ساعت بھی نہیں رہنے پاتی۔ اور اس کے ساتھ متناسب ہے۔ اس حدیث کا مضمون کہ اَلدُّنْیَا سَاعَۃٌ لَیْسَ فِیْھَا رَاحَۃٌ فَاجْعَلُوْھَا طَاعَۃً کَیْ لَا یَحْصُلَ نَدَامَۃٌ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ۔ یعنی دنیا گھڑی بھر ہے۔ جس میں کوئی آرام نہیں۔ پس اس کو طاعت میں صرف کرو۔ تاکہ قیامت کے روز ندامت نہ اٹھاؤ۔ یہ حدیث واعظوں میں مشہور ہے اور انیس الواعظین وغیرہ کتب وعظ وتذکیر میں منقول ہے۔ اور علامہ بحر العلوم نے بھی بلا جرح اس کو نقل کیا ہے مگر حدیث کی مشہور ومستند کتابوں میں مروی نہیں۔ ہمارے نزدیک اگر یہ حدیث بہیں الفاظ صحیح نہ بھی ہو۔ تو اس کا مضمون صحیح ہے۔ چنانچہ بخاری شریف میں ابن عمرؓ سے مروی ہے۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کُنْ فِی الدُّنْیَا کَاَنَّکَ غَرِیْبٌ اَوْ عَابِرُ سَبِیْلٍ یعنی تم دنیا میں اس طرح بسر کرو۔ گویا کہ تم پردیسی ہو۔ بلکہ راہرو ہو۔ یہانتک لکھ چکنے کے بعد موضوعات کبیر ملا علی قاری رح کو جو کھول کر دیکھا۔ تو اس میں یہ لکھا پایا حدیث الدنیا ساعۃ فاجعلھا طاعۃ کی کوئی اصلیت نہیں ہے۔ مگر اس کا معنی صحیح ہے چنانچہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے۔ کَاَنَّھُمْ یَوْمَ یَرَوْنَ مَا یُوْعَدُوْنَ لَمْ یَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَۃً مِّنْ نَّھَارٍ۔ یعنی جس روز وہ اس چیز کو جس کا وعدہ ان سے کیا گیا تھا۔ (یعنی قیامت کو) دیکھ لینگے۔ گویا وہ دن کی ایک ساعت سے زیادہ نہیں ٹھہرے۔ اور یہ مضمون اس امر کے منافی نہیں ہے۔ جو ثابت ہو چکا ہے۔ کہ دنیا کی عمر سات ہزار برس کی ہے کیونکہ جو عمر گذر گئی ہے۔ وہ گویا ساعت بھر سے زیادہ نہ تھی۔ انتہی

رفع اشتباہ شاید کسیکو یہ خیال ناشی ہو۔ کہ تکلم وسکوت کے تعاقب میں ساعت بساعت پیدا ہونے والے وقفوں کو جو حیات وموت سے تعبیر کیا ہے۔ اس کو الدنیا ساعۃ کے مضمون سے کیا مناسبت ہوئی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ان دونوں میں ناپایداری کی جو وجہ مشترک ہے۔ وہی وجہ تمثیل ہے یعنی جس طرح حالت تکلم میں کلام ظاہری کا ثبات تھوڑی دیر کے لئے ہوتا ہے۔ اسی طرح دنیا کی عمر جب گزر چکتی ہے۔ تو وہ ساعت بھر سے زیادہ معلوم نہیں ہوتی۔ کما قیل ؎

رفتم کہ خار از پا کشم محمل نہاں گشت از نظر — یک لحظہ غافل چوں شدم صد سالہ راہم دور شد

سائب رح ؎

ایں ہستی باطل چو شرر محض نمود ست — یک چشم زدن رہ زعدم تا بوجود ست

فکر ما تیرے ست از ہُو در ہَوا — از ہَوا کے پایدار آید تا خُدا

لغات ہُو اسم ذات باریتعالیٰ۔ بعض اسی کو اسم اعظم کہتے ہیں۔ پایدار صیغہ مضارع پائیدن ٹھیرنا قائم رہنا سے

صنائع ہو اور ہوا میں تجنیس ناقص۔

ترجمہ۔ ہمارا فکر (و اندیشہ بھی) خدا کا ایک تیر ہے۔ جو (ہمارے) ہوا (کے سے ناپایدار وجود) میں ہے وہ ہوا میں کب تک قائم رہے۔ آخر خدا کی طرف آتا ہے (کذا فی المکاشفات)

مطلب۔ یہ دوسری تفریع ہے۔ پہلی تفریع میں تو کلام کے بے بقا ہونے کا ذکر تھا۔ اب فکر اور صورت ذہنیہ کا بے بقا ہونا بیان فرماتے ہیں۔ کہ ہمارے افکار و خیالات حادث و ناپایدار ہونے کی وجہ سے ہمارے پاس نہیں رہتے۔ بلکہ خداوند تعالیٰ کی طرف رجوع کرتے ہیں۔

ہر نفس نَو مے شود دُنیا و ما بیخبر از نَو شدن اندر بقا

لغات۔ ہر نفس ہر لمحہ۔ دمبدم بقا زندگی۔ حیات۔ جینا۔

ترجمہ۔ دنیا ہر دم نئی بنتی ہے۔ اور ہم زندگی میں اس کے نئے بننے سے بے خبر ہیں۔

مطلب۔ اوپر کلام اور صور ذہنیہ کے حدوث و تجدد اور پھر عدم و بے بقائی کا ذکر تھا۔ اب فرماتے ہیں۔ کہ صرف تمہارے کلام و خیال پر کیا منحصر ہے۔ تمام عالم میں یہی سلسلہ جاری ہے۔ کہ ہر چیز نئی پیدا ہوتی ہے۔ اور پھر نابود ہو جاتی مگر ہم تماشائے حیات کی محویت میں اس کو محسوس نہیں کرتے۔ صائب رح ؎

چند انکہ در کتاب جہاں مے کنم نظر یک حرف بیش نیست کہ تکرار مے شود

عُمر ہمچُوں جُوے تُو نَو میرسد مُستمر مے نماید در جسد

لغات۔ جوے نہر مستمر لگاتار۔ دائم۔ ہمیشہ رہنے والا۔ جسد جسم۔ بدن۔

ترجمہ۔ تمہاری عمر (جو) نہر کی طرح (جاری ہے) نئی آتی (رہتی) ہے (اور) جسم میں لگاتار نظر آتی ہے۔

مطلب۔ نہر کا پانی ایک طرف سے آرہا ہے۔ اور دوسری طرف جا رہا ہے۔ اور جہاں تک نظر کام کرتی ہے۔ ایک ہی پانی نظر آتا ہے حالانکہ ایک آن میں جو پانی ہمارے سامنے ہے۔ دوسری آن میں وہ دور نکل جاتا ہے۔ اور اس کی جگہ دوسرا پانی ہوتا ہے۔ مگر بوجہ تسلسل رفتار اور تماثل اجزائے آب ایک جز آب کا آگے نکل جانا، اور دوسرے جز کا اس کی جگہ آجانا ہم محسوس نہیں کرتے۔ یہی حال زیست و حیات کا ہے۔ کہ ایک آن میں عمر کا جو حصہ ہے۔ دوسری آن میں اس حصے سے متفاوت حصہ ہے۔ مگر اتصال آوان اور امتداد حیات کی وجہ سے وہ متمیز نہیں ہوتا۔ حالانکہ عمر رفتہ رفتہ ختم ہوتی جا رہی ہے۔ کما قیل ؎

از بہر قطع کردن نخلِ حیاتِ تو چوں آرہ دو سر نفس اندر کشاکش ست

آں ز تیزی مُستمر شکل آمدست چُوں شرر کش تیز جنبانی بدست

لغات۔ مستمر شکل مرکب غیر امتزاجی۔ بطور وصف یعنی چیزے کہ صورت مستمر دارد۔ شرر۔ چنگاری شعلہ کش کہ اش کا مخفف ہے۔ جنبانی تو ہلائے۔ صنایع مخاطب از جنبانیدن۔

ترجمہ وہ تیزی کی وجہ سے لگاتار صورت رکھتی ہے۔ اس چنگاری کی طرح جس کو تم ہاتھ میں لیکر تیزی سے ہلاؤ۔

مطلب - عمر کے بظاہر مستمر و مستدیم نظر آنے مگر فی الحقیقت آناً فاناً اس کے اجزا کے منقضی و منقرض ہونے کی مثال ایک تو نہر کے پانی سے دی تھی - دوسری شعلہ جوالہ سے دیتے ہیں +

شاخ آتش را بجنبانی بساز در نظر آتش نماید بس دراز

لغات - شاخ ٹہنی - لکڑی - شاخ آتش جلتی لکڑی ساز بناوٹ - صفائی - اہتمام - کوشش -

ترجمہ - اگر تم جلتی لکڑی کو صفائی سے ہلاؤ - تو (اس کا شعلہ جوالہ) نہایت لمبی آگ دکھائی دیگی -

مطلب لکڑی کے سرے پر کی آگ کا جتنا قلیل وجود ہے - وہ صرف اتنے ہی قلیل حیز میں متحیز ہے - جب اس کو بسرعت کے ساتھ گھمایا جائے - تو حرکت کے مطابق آگ کا کامل یا نصف دائرہ نظر آتا ہے - حالانکہ اتنی مسافت میں آگ ہرگز نہیں ہے - بلکہ وہی قلیل الوجود آگ پہلے ایک حیز میں تھی - پھر اس حیز کو چھوڑ کر دوسرے حیز میں جا پہنچی - پھر تیسرے میں - علیٰ ہذا - غرض وہی چھوٹی سی آگ اپنے مطابق چھوٹی سی مسافت میں حیز بہ حیز چل رہی ہے - مگر اس کی سرعت رفتار امتداد مسافت کے ساتھ مل کر ایک آتشیں دائرہ دکھا رہی ہے -

ایں درازی مدت از تیزی صنع مینماید سرعت انگیزی صنع

لغات درازی مدت - طول بقا - امتداد حیات - از تیزی میں حرف از تعلیلیہ ہے - صنع - پیدا کرنا - وجود میں لانا - سرعت سین کے ضمہ سے جلدی ترکیب مینماید فعل ایں درازی مدت اس کا فاعل - از تیزی صنع متعلق مینماید کے - سرعت انگیزی صنع مرکب اضافی مفعول بہ مینماید کا - درازی مدت میں فک اضافت ہے -

ترجمہ (پس یہ طول بقا (موجودات کو) جلدی جلدی وجود میں لائے جانے (کے لحاظ) سے صنع (باری تعالیٰ) کی سرعت ایجاد (کا تماشا) دکھا رہی ہے -

مطلب - جب عمر کے گذرنے نہر کے جاری ہونے اور شعلہ کے گردش کرنے سے یہ بات ہمارے ذہن نشین ہو جائے - کہ یہ امتداد و استمرار کس قدر نامحدود تجددات پر مشتمل ہے - تو اس سے ہم کو قدرت حق کے نامتناہی عجائبات کا خیال کرنا چاہیئے - جو تمام اشیاء عالم میں اس قسم کے تجددات و احداثات کا عمل کرتی رہتی ہے -

طالب ایں سر اگر علامہ ایست نک حسام الدین کہ سامی نامہ ایست

لغات علامہ عالم سے صیغۂ مبالغہ ہے - بڑا عالم - نک مخفف اینک کا - سامی بزرگ - نامہ کتاب -

ترجمہ اس راز (قدرت) کا طالب اگر کوئی علامہ ہے - تو حسام الدین کو دیکھ لو - جو (جامع اسرار ہونے کے لحاظ سے خود مجسم) شاندار کتاب ہیں -

مطلب تجدد امثال کی تقریر سے مولانا قدرت حق کے ذکر کی طرف منتقل ہو گئے تھے - اب فرماتے ہیں - کہ راز قدرت کے ماہر ضیاء الحق حسام الدین ہیں مفصل سننا چاہتے ہو - تو ان سے سن لو - حسام الدین آپ کے خلیفۂ اعظم تھے - جن سے مولانا کو کمال محبت تھی - اور مثنوی کی تالیف کے اصلی محرک بھی وہی تھے - اس لئے

مثنوی میں متعدد مرتبہ ان کا ذکر آیا ہے۔ شرح کے دیباچہ میں ان کا مفصل حال لکھا گیا ہے۔ جو حصہ اول کے آغاز میں ہے۔

وصفِ او از شرح مستغنی بود رو حکایت کن کہ بے گہ میشود

لغات مستغنی بے پروا۔ جس کو کوئی ضرورت نہ ہو۔ بیگہ بیوقت۔

ترجمہ ان کی تعریف تو شرح کی غیر محتاج ہے۔ جاؤ باقی قصہ سناؤ۔ کیونکہ وقت گذرا جا رہا ہے۔

رسیدن خرگوش بشیر و خشم شیر بروے

خرگوش کا شیر کے پاس پہنچنا اور شیر کا اس پر غصہ

شیر اندر آتش و در خشم و شور دید کاں خرگوش مے آید ز دور

ترجمہ شیر نے (انتظار کی) آگ اور (بدعہدی کے) غصے اور (اظہار غضب کے) شور میں دیکھا کہ وہ خرگوش دور سے آرہا ہے۔

میدود بے دہشت و گستاخ او خشمگین و تند و تیز و ترش رو

ترجمہ وہ بے دھڑک اور دلیرانہ دوڑتا (کودتا آرہا) ہے (بلکہ الٹا) غضبناک اور تند اور تیز اور ترشرو (ہے)۔

نوٹ یہاں تک شیر کے خیال کی نقل ہے اگلا شعر مولانا کا مقولہ ہے جسمیں خرگوش کے گستاخانہ آنے کی توجیہ کی ہے

کز شکستہ آمدن تہمت بود وز دلیری دفع ہر ریبت بود

لغات شکستہ بحالت انکسار۔ بدحال تہمت الزام ریبت شک وشبہ۔

ترجمہ کیونکہ انکسار کے ساتھ آنے سے (شک ہوتا ہے۔ اور خواہ مخواہ) تہمت لگ جاتی ہے اور دلیری سے ہر شک دور ہو جاتا ہے۔ کما قیل۔ ع دلاور بود در سخن بے گناہ

چوں رسید او پیشتر نزدیک صف بانگ برزد شیرہاں! اے ناخلف!

من کہ گاواں را زہم بدریدہ ام من کہ گوشِ شیرِ نر مالیدہ ام

نیم خرگوشے چہ باشد کو چنیں امرِ ما را افگند اندر زمیں

لغات ہاں حرف تنبیہ خبردار ناخلف۔ جو بزرگوں کا نیک جانشین نہ ہو۔ نیم نصف۔ مراد حقیر وناچیز۔

ترکیب چوں رسید الخ شرط بانگ برزد الی آخر الابیات جزا۔ بانگ مبین اے ناخلف الخ بیان

ترجمہ جب وہ (حاضرین کی) صف کے پاس ذرا آگے بڑھا۔ تو شیر نے ڈانٹا کہ ارے او ناخلف! میں نے تو بڑے بڑے سانڈ بیلوں کے پرخچے اڑا دیئے ہیں۔ میں نے شیر نر کی گوشمالی کردی ہے۔ ایک ذرا سا خرگوش جو ہمارے حکم کو مٹی میں ملا دے کیا حقیقت رکھتا ہے۔

ترکِ خواب و غفلتِ خرگوش کن　　غرشِ ایں شیرِ اے خر! گوش کن

لغات ترک کن چھوڑ دے۔ خواب خرگوش۔ کھوے اور خرگوش کی مشہور کہانی کی طرف تلمیح ہے۔ غرش گرج خر گدھا۔ مراد بیوقوف۔ صنائع خرگوش کے کلمے میں تجنیس تام ہے۔

ترجمہ (اب یہ) غفلت اور خواب خرگوش ترک کردے۔ ارے بیوقوف! اب شیر کی گرج سُن۔

عُذر گفتن خرگوش بشیر از تاخیر و لابہ کردن

خرگوش کا اپنی تاخیر کے متعلق شیر سے عذر کرنا اور خوشامد کرنا

گفت خرگوش الاماں عُذریم ہست　　گر دہد عفوِ خداوندیت دست

لغات لابہ خوشامد۔ چاپلوسی۔ مجازاً بمعنی فریب الاماں۔ امن۔ یاں بخشی۔ مفعول بہ محذوف الفعل یعنی درمیل اَسْئَلُ الْاَمَان ہے عذریم یعنی مرا عذرے ست۔

ترجمہ خرگوش نے عرض کیا۔ میں اماں چاہتا ہوں۔ اگر آنحضور کی مالکانہ خطا بخشی میری دستگیری کرے۔ تو میں ایک عذر پیش کرتا ہوں۔

باز گویم چوں تو دستوری دہی　　تو خداوندی و شاہ و من رہی

لغات۔ دستوری دال کے فتحہ سے اجازت رہی غلام خادم۔

ترجمہ اگر حضور اجازت دیں تو عرض کروں آپ (میرے) مالک اور بادشاہ ہیں۔ اور میں (حضور کا) غلام (ہوں)

گفت چہ عذر اے قصورِ ابلہاں!　　ایں زماں آیند در پیشِ شہاں؟

لغات قصورِ ابلہاں کمترینِ بیوقوفاں۔ احمق لوگوں میں سب سے زیادہ حقیر۔ صنائع عذر و قصور کے لفظوں میں مناسبت ہے

ترجمہ شیر بولا ارے کمترینِ بیوقوفاں! کیا (خاک) عذر (کریگا)۔ بھلا بادشاہوں کے حضور میں اس وقت (دیر کرکے) آیا کرتے ہیں؟

مُرغِ بیوقتی سَرَت باید بُرید　　عُذرِ احمق را نمے باید شنید

لغات مُرغِ بے وقت یا مرغِ بے ہنگام۔ وہ مرغ جو بیوقت بانگ دے۔ چونکہ عام مُرغ پو پھٹنے کے وقت بانگ دیتے ہیں۔ اس لئے ان کی بانگ طلوعِ فجر کی علامت سمجھی جاتی ہے۔ اور مسافر اور عبادت گزار لوگ جاگ کر

اپنے اپنے مقاصد پر متوجہ ہو جاتے ہیں۔ لیکن جو مرغ قبل از فجر بانگ دینے لگے۔ اس سے اندیشہ ہے۔ کہ وہ لوگوں کو فجر کے متعلق غلط فہمی میں ڈال دے۔ اس لئے اس کو ذبح کر ڈالنا ضروری سمجھا جاتا ہے۔

ترجمہ (بیوقت آنے ہیں) تو مرغ بے ہنگام (کا سا) ہے۔ تجھے ذبح کر ڈالنا چاہیئے۔ احمق کا عذر نہیں سننا چاہیئے۔ صائب رح ؎

مکن با ارتکاب جرم اظہار پشیمانی — چہ حاجت با دروغ آمیختن آلودہ دامانی

عُذرِ احمق بدتر از جرمش بُود — عُذرِ ناداں زہرِ ہر دانش بُود

ترجمہ۔ کیونکہ احمق کا عذر اس کے گناہ سے بھی بدتر ہوتا ہے۔ نادان کا عذر ہر عقل کا زہر ہوتا ہے۔ صائب رح ؎

عذرِ گناہِ بے ادباں جرم دیگرست — زخمِ دروں بہ بخیہ فراہم نمے شود

عُذرت اَے خرگوش از دانش تہی — من نہ خرگوشم کہ در گوشم نہی

لغات خرگوش مرکب غیر امتزاجی یعنی گدھے کے سے کان والا ترکیب از دانش متعلق تہی کے۔ اور تہی صفت ہے خرگوش کی۔ نہی فعل با فاعل عذر اس کا مفعول بہ **صنائع** خرگوش کے لفظ میں تجنیس تام۔ خرگوشم اور درگوشم میں تجنیس لاحق۔

ترجمہ اے عقل سے خالی خرگوش! میں گدھے کے سے (فضول باتیں سننے والے) کان نہیں رکھتا۔ کہ تو مجھے اپنا (بے معنی) عذر سناتا ہے۔ صائب رح ؎

از سیہ کاراں حدیثِ توبہ جرم دیگرست — جامۂ خود را ہماں بہتر نشوید گلفنی

گفت اَے شہ ناکسے را کس شمار — عُذرِ استم دیدگاں را گوش دار

لغات ناکس نالائق۔ کس آدمی۔ استم ستم ظلم الف زائد ہے۔ استم دیدگاں مظلوماں۔

ترجمہ (خرگوش) بولا اے بادشاہ (تھوڑی دیر کے لئے) ایک نالائق کو لائق فرض کر لیجئے۔ اور مظلوم کے عُذر کو سُن لیجئے۔

خاص از بہرِ زکوٰۃِ جاہِ خود — گمرہے را تو مراں از راہِ خود

ترجمہ خصوصاً اپنے جاہ و منزلت کا صدقہ سمجھ کر ایک گمراہ کو اپنے راستے سے نہ ہٹائیے۔

کما قیل ؎ سیدار سرے بخاکساراں جہاں — سرفراز آنکہ سرفرازت کردہ اند

بحر کو آبے بہر جو میدہد — ہر خسے را بر سرو رومے نہد

لغات بحر دریا سمندر۔ جو نہر۔ خس گھاس پھونس کے معنی میں فارسی کلمہ ہے۔ اور کمینہ سفلہ کے معنی میں عربی ہے۔ یہاں پہلے معنی مراد ہیں اور دوسرے معنی کی طرف ایہام ہے۔ بر سرو رو نہادن کنایہ ہے۔ عزت افزائی کرنے سے

ترجمہ دریا جو نہر کو پانی دیتا ہے وہ ہر تنکے کو (اپنی دریا دلی سے) سر اور منہ پر رکھتا ہے۔

مطلب پانی میں جو خس و خاشاک پڑتا ہے۔ ظاہر ہے کہ وہ سطح آب پر ہی رہتا ہے۔ اس سے یہ مضمون اخذ کیا۔ کہ دریا باوجود اس عظمت و شوکت کے۔ کہ نہر جیسی عظیم الشان ہستی اس کی محتاج ہے خس و خاشاک کی سی حقیر چیز کی بھی عزت افزائی کرتا ہے۔ کما قیل ؎

نظر کردن بدرویشاں بزرگی را بیفزاید — سلیماں با ہمہ حشمت نظرہا بود با مورش

کم نخواہد گشت دریا زیں کرم — از کرم دریا نگردد بیش و کم

ترجمہ دریا کا اس احسان سے کوئی نقصان نہیں ہوتا (کیونکہ) بخشش کرنے سے دریا کم و بیش نہیں ہوتا۔ کما قیل ؎

زاحساں مے شود صاحب کرم را دولت افزوں تر — بلے ہر چاہ را آب از کشیدن بیشتر گردد

گفت دارم من کرم بر جائے او — جامۂ ہر کس برم بالائے او

لغات برجا۔ برموقع۔ مناسب۔ برم قطع میکنم از بریدن۔ بالائے قد۔ اس سے پہلے بائے مطابقت مقدر ہے

ترجمہ (شیر) بولا۔ میں بخشش حسب موقع کیا کرتا ہوں۔ ہر شخص کا کپڑا اس کے قد کے موافق بیونتا کرتا ہوں۔ سعدی رح ؎

نہ ہر کس سزاوار باشد بمال — یکے مال خواہد یکے گوسفال

چو گربہ نوازی۔ کبوتر خورد — جو فربہ کنی گرگ یوسف درد

گفت بشنو گر نباشد جائے لطف — سر نہادم پیش اژدر ہائے عنف

لغات۔ عنف عین کے ضمہ سے سختی درشتی بدسلوکی کرنا۔ لطف و عنف کا قافیہ محل نظر ہے۔

ترجمہ (خرگوش) بولا (برائے خدا) سن تو لیجئے۔ اگر (آپ کا براہ) کرم (سن لینا) بموقع ہو۔ تو میں آپ کی تندی کے اژدہے کے سامنے سر رکھدیتا ہوں (جو چاہیں۔ سو کریں)

من بوقت چاشت در راہ آمدم — با رفیق خود سوئے شاہ آمدم

ترجمہ میں نے ایک پہر دن چڑھے کے قریب راہ لی۔ اور اپنے (ایک) رفیق کے ساتھ حضور کی طرف آنے لگا

یا من از بہر تو خرگوشے دگر — جفت ہمرہ کردہ بودند آں نفر

لغات جفت جوڑا۔ جوڑی دار نفر جماعت۔ لوگ۔

ترجمہ ان لوگوں (یعنی نچیروں) نے حضور کے لئے ایک اور خرگوش میرے ساتھ شامل کر دیا تھا

شیرے اندر راہ قصد بندہ کرد — قصد ہر دو بندہ آیندہ کرد

ترجمہ (اچانک) ایک شیر نے راستے میں بندے کا قصد کیا۔ (بلکہ) دونوں (حضور کی طرف) آنے والے بندوں کا قصد کیا۔

گفتمش ما بندۂ شاہنشہیم　　خواجہ تاشانِ کہ آں درگہیم

لغات خواجہ تاش نوکر خادم لوگ۔ ہر نوکر دوسرے نوکر کا خواجہ تاش ہوتا ہے۔ کہ کمرتبہ۔ ادنیٰ۔

ترجمہ میں نے اس کو سمجھایا۔ کہ ہم شاہنشہ کے غلام ہیں۔ اس درگاہ میں اکٹھے رہنے والے ادنے خادم ہیں۔

گفت شاہنشہ کہ باشد؟ شرم دار　　پیشِ من تو یادِ ہر ناکس مَیار

ترجمہ وہ (اجنبی شیر) کہنے لگا۔ کون ہوتا ہے۔ شاہنشاہ؟ ایسی بات کہتے شرم کرو۔ میرے آگے ہر کمینے کا ذکر نہ کرو۔

ہم تُرا و ہم شہت را بر دَرم　　گر تو با یارت بگردی از بَرم

لغات بَر پہلا بر زائد ہے۔ دوسرا بر بمعنی پیش ہے۔ گردی فعل مضارع مخاطب گشتن پھرنا سے۔

ترجمہ اگر تم اپنے ساتھی سمیت میرے حضور سے چلے گئے۔ تو تم اور تمہارا بادشاہ دونوں کے ٹکڑے کر ڈالوں گا۔

گفتمش بگذار تا یارِ دگر　　رُوئے شہ بینم برم از تو خبر

ترجمہ میں نے کہا چھوڑ دو۔ تاکہ ایکبار (اپنے) بادشاہ کا دیدار کروں اور تمہاری خبر پہنچا دوں

گفت ہمرہ را گرو نزد من　　ورنہ قربانی تو اندر کیشِ من

ترجمہ وہ بولا اپنے ساتھی کو میرے پاس گروی رکھ جاؤ۔ ورنہ تم میرے مذہب میں (میری) قربانی ہو۔

لابہ کردم بیش بسے سود ے نہ کرد　　یارِ من بستد مرا بگذاشت فرد

ترجمہ (حضور!) ہم نے اس کی بہتیری خوشامد کی۔ مگر کچھ فائدہ نہ ہوا۔ (آخر) اس نے میرے رفیق کو پکڑ ہی لیا۔ اور مجھ کو تنہا چھوڑ دیا۔

ماندہ آں ہمرہ گرد در پیشِ اُو　　خُوں رواں شد از دلِ پیخویشِ او

ترجمہ وہ (میرا) ہمراہی اس کے پاس گروی رہ گیا۔ اور اس کے دل سے جدا اپنے آپ کو ہمیں (پاتا تھا۔ خون رواں ہو گیا۔

یارم از رفتی سہ چنداں بُد کہ من　　ہم بلُطف و ہم بخوبی ہم بہ تن

لغات ۔ زفتی ۔ فربہی ۔ موٹا پا سہ چنداں ۔ تگنا ۔ سہ گنا ۔ بُد بود کا مخفف ۔

ترجمہ میرا ہمراہی میری نسبت فربہی میں تگنا تھا ۔ عمدگی میں بھی اور خوبی میں بھی اور جسم میں بھی ۔

بعد ازیں زاں شیر آں رہ بستہ شد حالِ ما ایں بود کت دانستہ شد

لغات زاں شیر میں زا، سبب کی ہے ۔ کت کہ ترا کا مخفف ہے ۔

ترجمہ اس کے بعد (یعنی آیندہ کے لئے) وہ راستہ اس شیر کی وجہ سے مسدود ہوگیا ۔ ہمارا حال یہ تھا ۔ جو حضور کو معلوم ہو گیا ۔

از وظیفہ بعد ازیں اُمید بُر حق ہمے گویم ترا اَلحقُّ مُرّ

لغات وظیفہ روز کا مقررہ کام یا چیز یا روزی بُر صیغۂ امر ہے ۔ بُریدن کاٹنا سے ۔ الحق مُرّ سچ کڑوا ہوتا ہے ۔

ترجمہ اس کے بعد آپ روزینے کی امید نہ رکھیں ۔ میں آپ سے سچ عرض کرتا ہوں (اگرچہ) سچ ناگوار ہوتا ہے

گر وظیفہ بایدت رہ پاک کُن ہیں بیاو دفع آں بیباک کُن

ترجمہ اگر آپ کو روزینہ چاہیئے ۔ تو راستہ صاف کیجئے ۔ ہاں ہاں آیئے اور اس گستاخ (حریف) کو دفع کیجئے ۔

جواب گفتن شیر خرگوش را و رَواں شدن با او

شیر کا خرگوش کو جواب دینا اور اس کے ساتھ روانہ ہونا

گفت بسم اللہ بیا تا او کجاست پیش رَو شو گر ہمے گوئی تو راست

ترجمہ (شیر نے) کہا بسم اللہ چلے آؤ تا (کہ میں دیکھ لوں کہ) وہ کہاں ہے ۔ اگر تم سچ کہتے ہو تو آگے آگے چلو ۔

تا سزائے اُو وصد چوں اُو دہم ور دروغ ست ایں سزائے تو دہم

ترجمہ تاکہ اس کو اور اس جیسے (اگر) سو (شیر بھی ہوں تو ان سب) کو سزا دوں ۔ اور اگر یہ (تیرا) جھوٹ ہے ۔ تو تجھ کو (اس کی) سزا دوں ۔

اندر آمد چوں قلاوزے بہ پیش تا بَرد اُو را بسوئے دامِ خویش

لغات قلاوز بدرقہ ۔ رہبر ۔ پیش رو تا سببیہ ہے ۔

ترجمہ (غرض) وہ (خرگوش) بدرقے کی طرح آگے چلنے لگا ۔ تاکہ اس کو اپنے جال کی طرف لے جائے ۔

سُوے چاہے کو نشانش کردہ بُود چاہِ مَغ را دام جانش کردہ بُود

لغات مَغ بیم کے فتحہ سے عمیق۔ گہرا۔

ترجمہ ایک کنوئیں کی طرف (لیجلا) جس کو (پہلے) تاڑ رکھا تھا اس گہرے کوئیں کو اس کی جان کا پھندا قرار دے رکھا تھا۔

میشنداین ہر دو تا نزدیک چاہ اینت خرگوشے چو آبِ زیرِ کاہ

لغات اینت بکسر الف ونون غنہ کلمہ تحسین وتعجب بمعنی زہے۔ خرگوشے میں یا برائے تحقیر۔ آب زیر کاہ مکار ومنافق۔

ترجمہ دونوں کنوئیں کے قریب جا پہنچے۔ دیکھو تو یہ ناچیز خرگوش (مکر وفریب میں) گویا تنکے کے نیچے (بہنے والا) پانی (ہے) صائب رح ؎

چوں شود دشمن ملائم احتیاط از کف مدہ مکرہا در پردہ باشد آبِ زیرِ کاہ را

آب کاہے را ہمی بُرد آب کوہے را عجب چُوں میبرد

ترجمہ پانی ایک تنکے کو جنگل سے (بہا) لے جاتا ہے (یہ) عجب پانی ہے۔ کہ ایک پہاڑ کو کس خوبی سے بہائے لئے جا رہا ہے۔

دامِ مکرِ او کمندِ شیر بُود طرفہ خرگوشے کہ شیرے را رُبود

ترجمہ اس کے مکر کا جال شیر کے لئے کمند تھا۔ عجب خرگوش تھا۔ جو شیر کو (مار) لے گیا۔

مُوسیٰے فرعون را تا رُودِ نیل میکشد با لشکر و جمعِ ثقیل

لغات موسیے میں موسےٰ کا الف مقصورہ یا سے بدل گیا۔ اور آخر میں یائے تنکیر ہے۔ موسیٰ علیہ السلام کا حال اس شرح کے پہلے حصے میں لکھا گیا ہے۔ فرعون مصر کے قدیم بادشاہوں کا لقب ہے۔ جو عمالقہ اولی میں سے تھے۔ مگر زیادہ تر اسی بادشاہ کے لئے یہ لقب بولا جاتا ہے۔ جو حضرت موسےٰ علیہ السلام کے عہد میں حکمران تھا۔ اور اس کا نام ولید بن مصعب تھا۔ وہ بڑا ظالم سرکش بادشاہ تھا۔ پہلے مشرک تھا۔ پھر خدائی دعوے کرنے لگا تھا۔ جمع جماعت۔ انبوہ۔ ثقیل بھاری۔ کثیر۔

ترجمہ (جس طرح) ایک (بے سروسامان آدمی یعنی حضرت) موسیٰ ع فرعون (جیسے متکبر بادشاہ) کو دریائے نیل تک لشکر اور بھاری جماعت سمیت لئے جا رہے ہیں۔

مطلب بے شک جب تائید الٰہی کسی کی پشت پناہ ہو۔ تو وہ بے سروسامانی میں بھی متکبر وسرکش سلاطین کے جلال وجبروت کو خاک میں ملا سکتا ہے۔ کما قیل ؎

تنہا جہاں بگیرد بے منت سپاہے تینے کہ آسمانش از فیض خود دہد آب

پشۂ نمرود را باریم پر میشگافد میرود تا مغز سر

لغات نمرود ایک کافر بادشاہ کا نام ہے۔ جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ میں سواد عراق پر حکمران تھا بعض کہتے ہیں۔ کہ وہ مشہور ظالم بادشاہ ضحاک کا صوبہ تھا۔ اور بعض کے نزدیک مستقل وخود مختار تھا۔ اسی بادشاہ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا تھا۔ جس میں خدا کے حکم سے ان کو کوئی ضرر نہیں پہنچا۔ یہ بادشاہ خدائی کا مدعی تھا۔ لوگوں سے اپنے آپ کو سجدہ کراتا تھا۔ آخر خداوند جل وعلا نے اس سرکش ومتکبر کو اس کے تکبر کی جزا یوں دی۔ کہ ایک ذلیل سے ذلیل مخلوق کے ہاتھوں اس کو ہلاک کرایا۔ یعنی ایک مچھر اس کے دماغ میں گھس گیا۔ جو اس کی موت کا باعث ہوا۔

ترجمہ ایک مچھر آدھے پر کے ساتھ نمرود (کی کھوپری) کو چیر کر اس کے مغز سر تک جا پہنچتا ہے۔

مطلب مولانا شیر وخرگوش کے واقعہ سے عجائبات قدرت کو استنباط کرتے ہیں۔ اور مذکورہ دونوں مثالیں اس بات کی ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کے آگے یہ کوئی مشکل نہیں ہے۔ کہ وہ چاہے تو ایک ضعیف ونا تواں اور بے سروسامان مخلوق کے ہاتھ سے کسی قوی وتوانا ہستی کو ہلاک کردے۔

حال آں کو قول دشمن راشنود بیں جزائے آنکہ شد یار حسود

ترجمہ اس شخص کا حال دیکھ جس نے دشمن کی بات سنی (یہ) اس بات کی سزا (تھی) کہ حاسد کا یار بنا۔

مطلب شیر وخرگوش کے واقعہ میں یہ دوسری بات استنباط فرماتے ہیں۔ کہ حاسد اور دشمن کی بات ماننا اور اس کو اپنا رفیق بنا لینا خطرناک ہے۔ غنی رح ؎

ایمن مشو ز دشمن شد گرچہ با تو ہمرنگ آتش کہ خصم کاہ است دارد لباس کاہی

صائب رح ؎ خصم بد گوہر اگر حرف ملائم گوید استخوانیست کہ در لقمہ نہاں میگردد

حال فرعونے کہ ہامان راشنود حال نمرودیکہ شیطاں راستود

لغات فرعونے میں یائے توصیفی یا موصولہ ہے اس لقب کے شاہان مصر کے لئے عام ہونے کی وجہ سے بغرض تخصیص اس پر یائے توصیفی داخل ہوئی ہے۔ یعنی تمام فراعنہ میں سے خاص وہ فرعون جو ہامان کی بات مانتا تھا۔ ہامان فرعون کے وزیر کا نام ہے۔ جو اصل باعث تھا۔ اس کی گمراہی کا اور محرک تھا۔ اس کی تمام سرکشیوں اور شرارتوں کا۔ لکھا ہے کہ کئی مرتبہ فرعون کو اپنی غلطیوں سے تنبیہ ہوا۔ اور اس نے توبہ کرنے کا ارادہ کیا۔ مگر ہر بار ہامان اس کو بہکاتا تھا۔

ترجمہ (یہی) حال اس فرعون کا (ہوا) جس نے ہامان کا کہنا مانا۔ یہی حال (کم بخت) نمرود کا (ہوا)۔ جو شیطان کا مداح تھا۔ کما قیل ؎

آں کس کہ خدا منصب خوارش دھد
شیطاں بکنار و بار یارش دھد

دشمن ار چہ دوستانہ گویدت دام داں گرچہ زدانہ گویدت

لغات دوستانہ دوست کے آخر میں عدد انہ کا اضافہ معنی لیاقت کا افادہ کرتا ہے۔

ترجمہ دشمن اگرچہ دوستی کے رنگ میں (کچھ) کہے اس کو جال سمجھو۔ اگرچہ (بظاہر) اس کی بات دانہ ہو۔

مطلب - دشمن کی بات پر اعتماد کرنا خلاف احتیاط ہے۔ وہ جو کچھ کہے اس کا مقصد الٹ سمجھنا چاہئے سعدیؒ

ضد کن زانچہ دشمن گوید آں کن کہ بر زانو زنی دست تغابن
گرت راہے نماید راست چوں تیر ازاں برگرد و راہِ دست چپ گیر

گر تُرا قند دہد آں زہرداں گر بتو لُطفے کند آں قہر داں

ترجمہ اگر وہ تم کو مصری دے۔ تو اس کو زہر سمجھو اگر تم پر مہربانی کرے۔ تو اس کو قہر سمجھو ؎

نہیں ہر قند زہر سے خالی نہیں ہر لطف قہر سے خالی
مہر میں کج ادائیاں ہیں چھپی نیکیوں میں برائیاں ہیں چھپی
صائبؒ ؎ زخمہا در چاشنی دارد تمنا ہائے خصم سنگ بر وے دوستی دارد تماشا قاتل سیکشد

چُوں قضا آید نہ بینی غیر پوست دُشمن و یار نشناسی ز دوست

ترجمہ جب قضا آتی ہے۔ تو تم سوائے ظاہری حالت کے کچھ نہ دیکھو گے۔ دشمن و دوست میں تمیز نہ کر سکو گے۔

مطلب حزم و احتیاط کی ہدایت کے بعد فرماتے ہیں۔ کہ بعض اوقات حزم و احتیاط بھی بیکار ثابت ہوتی ہے چنانچہ جب ایک دشمن کے ہاتھ سے ضرر پانا مقدر ہو۔ تو انسان کی بصیرت و بصارت بھی کام نہیں دیتی۔ کما قیل ؎

؎ قضا شخصے ست بیچ انگشت دارد چو خواہد از کسے کارے برارد
دو بر دیدہ گزارد داں دو بر گوش یکے بر لب نہد گوید کہ خاموش

چُوں چُنیں شد اِبتہال آغاز کن نالہ و تسبیح و روزہ ساز کن

لغات - اِبتہال - زاری کرنا۔ گڑگڑانا۔ ساز کن - سامان کر۔ اہتمام کر۔

ترجمہ - جب ایسا ہو۔ تو (خدا کی درگاہ میں) عجز و نیاز شروع کرو۔ زاری اور تسبیح اور روزے کا سامان کرو۔

مطلب - چوں چنیں شد کے دو معنی ہیں (۱) جب ایسا ہے (۲) جب ایسا ہو اور اس لحاظ سے اس کا مطلب دو طرح ہو سکتا ہے۔ ایک تو یہ کہ جب یہ بات ہے۔ کہ قضا کے سامنے تدبیر کی کوئی پیش نہیں جاتی۔ بلکہ انسان خود دشمن کے ہاتھ میں جا گرفتار ہوتا ہے۔ تو مناسب ہے۔ کہ ایسے ناگہانی مصائب سے بچنے کے لئے خدا سے دعا کریں۔ دوسرا مطلب یہ ہے۔ کہ جب ایسا واقعہ ہو جائے کہ انسان کی قضا آگئی ہو۔ اور وہ اپنے پاؤں

سے مصائب کے منہ میں جا رہا ہو۔ اور کوئی تدبیر و سعی کارگر نہ ہو تو یہ وقت ہے کہ خدا کی درگاہ میں دعا کرے۔ اور صدقہ وخیرات اور صوم وصلوٰۃ وغیرہ ظاہری و باطنی عبادتوں کے ساتھ استمداد کرے ؎

جب الجھنے لگے سر رشتۂ تدبیر ترا — جب نشانے سے رہے دور ہر اک تیر ترا
لوگ جب تجھ سے بگڑنے لگیں بے جرم و قصور — ہر طرف سے تجھے جب گھیر لیں آفات و شرور
الغرض جب ہو زمانے کی ہوا تیرے خلاف — جب ہو سب دائرۂ ارض و سما تیرے خلاف
چھوڑ پرواے کواکب نہ ہو پابند فلک — ہاتھ اٹھا ہر دعا پیش خداوند فلک

سوال ۔ کیا حکم قضا اور نزول بلا کے آگے صدقہ وخیرات اور دعا و مناجات سے کچھ فائدہ متصور ہے؟

جواب ۔ بیشک صدقہ وخیرات سے مصائب ونوائب بلکہ موت تک ٹل سکتی ہے۔ اور دعا سے بھی ہر بلا دفع ہو سکتی ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ اپنی کتاب حجۃ اللہ البالغہ کی جلد اول کے صفحہ ۵۸ میں فرماتے ہیں۔ وربما یکون العبد قد احیط بہ دفتہ فی ہیاکلہ فی عالم المثال فاندفع الی بذل اموال خطیرۃ وتضرع الی اللہ ہو وناس من الحومین فمحا ہلاکہ بنفسہ باہلاک مالہ وہو قولہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یرد القضاء الا الدعاء ولا یزید فی العمر الا البر اور بسا اوقات بندہ قضا کے قابو میں آجاتا ہے۔ اور عالم مثال میں اس کی موت کا فیصلہ ہو چکتا ہے۔ (جسکو خواب وغیرہ کے ذریعہ سے محسوس کرکے) وہ فوراً بہت سے اموال خیرات کرنے لگتا ہے۔ اور وہ خود اور کئی دوسرے مقبول لوگ اللہ کی بارگاہ میں تضرع کرتے ہیں۔ تو اس کے مال کے خرچ کرنے سے اس کی موت ٹل جاتی ہے۔ اور یہی معنی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قول مبارک کا کہ قضا کو دعا ہی لوٹاتی ہے۔ اور عمر کو صدقہ ہی بڑھاتا ہے۔ تاثیر دعا کے متعلق اسی جلد کے صفحہ ۵۲ پر خود اپنا ایک کشف بیان فرماتے ہیں۔ ان ناسا تشاجروا فیما بینہم وتحاقدوا فالتجأت الی اللہ فرأیت نقطۃ مثالیۃ نورانیۃ نزلت من حظیرۃ القدس الی الارض فجعلت تنبسط شیئا فشیئا وکلما انبسطت زال الحقد عنہم فما زلت انجلس حتی تلاطفوا ورجع کل واحد منہم الی ما کان من الالفۃ وکان ذلک من عجیب آیات اللہ عندی یعنی چند آدمی باہم جھگڑنے اور بغض وعداوت کرنے لگے۔ میں نے بارگاہ ایزدی میں التجا کی۔ تو مجھے ایک نقطہ مثالی نورانی نظر آیا۔ جو حظیرہ قدس سے زمین پر نازاں ہوا۔ پھر وہ آہستہ آہستہ پھیلنے لگا اور جوں جوں پھیلتا جاتا تھا۔ ان لوگوں کا بغض وکینہ دور ہوتا جاتا تھا۔ ابھی ہم اسی نشست میں تھے۔ کہ وہ سب ایک دوسرے کے ساتھ نرمی سے پیش آنے لگے۔ اور ہر ایک کے دل میں وہی الفت پیدا ہو گئی جو پہلے تھی۔ اور یہ واقعہ اللہ تعالیٰ کی ان عجیب نشانیوں میں سے تھا۔ جو مجھ پر منکشف ہوئیں۔

اس سے ذرا آگے چلکر فرماتے ہیں۔ وقد بینت السنۃ بیانا واضحا ان الحوادث یخلقہا اللہ قبل ان تحدث فی الارض خلقا ثم ینزل فی ہذا العالم فیظہر فیہ کما خلق اول مرۃ ستۃ من اللہ تعالیٰ ثم یمحی الثابت ویثبت المعدوم بحسب ہذا الوجود قال اللہ تعالیٰ یمحو اللہ ما یشاء ویثبت وعندہ ام الکتب مثل ان یخلق اللہ البلاء خلقا ما فینزلہ علی المبتلی ویصعد الدعاء فیردہ وقد یخلق الموت فیصعد البر فیردہ۔ یعنی احادیث شریفہ سے یہ بات پوری طرح روشن ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ تمام حوادث کو ان کے زمین پر حادث ہونے سے پہلے کسی پیدائش کے ساتھ

صدقہ اور دعا سے بلا اور موت بھی ٹل سکتی ہے

پیدا کرتا ہے۔ اس کے بعد ان کو اس عالم میں نازل کرتا ہے۔ پھر وہ یہاں اس طرح ظہور میں آتے ہیں۔ جس طرح پہلے کسی سنت اللہ کے ماتحت پیدا کئے گئے تھے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ اس وجود کے لحاظ سے ان میں سے کسی ثابت کو معدوم اور کسی معدوم کو ثابت کرتا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ کہ اللہ جس کو چاہتا ہے مٹاتا ہے۔ اور ثابت رکھتا ہے اور اس کے پاس لوح محفوظ ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ ایک بلا کو کسی طرح کی پیدائش سے پیدا کرتا ہے۔ پھر اس کو اس شخص پر جس کے لئے وہ بلا بنی ہے۔ نازل کرتا ہے۔ ادھر سے دعا اوپر چڑھتی ہے۔ تو وہ اس بلا کو لوٹا دیتی ہے۔ اور کبھی موت کو پیدا کرتا ہے۔ تو نیکی اوپر چڑھتی ہے۔ اور اس کو لوٹا دیتی ہے۔ الخ

نالہ میکن کاے تو علّام الغیوب　　زیر سنگِ مکر ید مارا مکوب

لغات ۔ علام الغیوب ۔ غیب کی باتوں کو خوب جاننے والا ۔ اللہ تعالیٰ کی صفت ہے ۔ مکوب فعل نہی کو فتن کوٹنا سے ۔

ترجمہ رو (رو کر دعا کرو) کہ اے غیب کی باتوں کے جاننے والے ہم کو کسی برے (بیدین آدمی) کے سنگ مکر سے صدمہ نہ پہنچائیو ۔ نظامی رح ؎

نگہدار از رخنۂ رہزناں　　مکن شاد بر من دلِ دشمناں

یَا کَرِیْمَ الْعَفْوِ سَتَّارَ الْعُیُوْب　　انتقام از ما مکش اندر ذُنُوب

لغات کریم کے اصل معنی ہیں جوانمرد ۔ گناہ بخشنے والا ۔ سخی ۔ اور اللہ تعالیٰ کا ایک نام ہے ۔ مگر یہاں عفو کی صفت کے طور پر استعمال ہوا ہے ۔ جیسے قرآن مجید میں وذق کریم آیا ہے ۔ ستّار پردہ پوش ۔ اللہ تعالیٰ کا ایک نام ہے ۔ عیوب عیب کی جمع ۔ ذنوب ذنب کی جمع ۔ گناہ ۔

ترجمہ ۔ اے عظیم الشان بخشش والے (اے ہمارے) عیوب پر پردہ ڈالنے والے ہمارے گناہوں کا بدلہ نہ لے ۔ جامی رح ؎

گناہانم اگر از حدّ برون ست　　ہزاراں بار ازاں فضلت فزون ست

اگر باشد دو صد خرمن گناہم　　توانی سوختن از برق آہم

اگر باشد ز عصیاں صد کتابم　　توانی شستن از چشمِ پر آبم

آنچہ در کون ست ز اشیا ز انچہ ہست　　وانما جانرا بہر حالت کہ ہست

لغات ۔ کون دنیا ۔ جہان ۔ عالم خلق ۔ وا کشادہ ۔ ظاہر ۔ نما صیغہ امر نمودن دکھانا سے ۔

ترجمہ ۔ موجودات میں سے جس قدر چیزیں اس جہان میں ہیں (ہمارے) دل کو ان کی واقعی حالت دکھا دے ۔

مطلب یہ شعر ترجمہ ہے اس دعا کا جو کسی بزرگ سے منقول ہے ۔ اَللّٰھُمَّ اَرِنَا حَقَائِقَ الْاَشْیَاءِ کما ہی اشیاء عالم کے اصلی حقائق جو کچھ ہیں ۔ ہم کو دکھا دے ۔ جس سے یہ مقصد ہو کہ ہم خیر و شر

اور نفع و ضرر میں تمیز کر سکیں۔

گر سگی کردیم اے شیر آفریں　　شیر را مگمار بر مازیں کمیں

لغات ۔ سگی میں یائے مصدری ہے۔ کتا پن۔ مگمار۔ صیغہ نہی گماشتن مقرر کرنا سے۔ کمیں گھات کی جگہ۔

ترجمہ اگرچہ ہم نے کتوں کے سے بُرے افعال کئے ہیں مگر اے شیر کو پیدا کرنے والے تو اس کمیں گاہ سے (نمودار ہونے والے) درندہ (شیطان) کو ہم پر مقرر نہ کر (کہ ناگہاں ہم پر حملہ کردے) کما قال رح

چوں عنایاتت شود یا ماعقیم　　کے بود بیمے ازاں وزدِ لئیم

آبِ خوش را صورتِ آتش مدہ　　اندر آتش صورتِ آبی منہ

ترجمہ خوشگوار پانی کو آگ کی شکل میں نمایاں نہ کر۔ (اور) آگ میں پانی کی صورت نہ رکھ

مطلب ۔ یعنی ایسا نہ ہو۔ کہ ہم نفس کے دھوکے سے کسی مفید چیز کو مضر سمجھ کر چھوڑ بیٹھیں۔ اور کسی مضر چیز کو مفید سمجھ کر اختیار کر لیں۔ جامی رح ؎

میانِ نیک و بد تخلیط کردیم　　گہے افراط و گہ تفریط کردیم

رہ فرمودنہا کم سپردیم　　بنا فرمودنہا پا فشردیم

ز ناکوشیدنِ خود در خروشیم　　بدہ توفیقِ کوشش تا بکوشیم

از شرابِ قہر چوں مستی دہی　　نیستہا را صورتِ ہستی دہی

لغات نیستہا غیر موجود چیزیں۔ ہستی وجود۔ موجودگی۔ مستی دیوانگی۔ زوال عقل۔

ترجمہ (الٰہی) جب تو اپنے قہر کی شراب سے کسی کی عقل زائل کر دیتا ہے۔ تو بے اصل و غیر موجود چیزوں کو (اس کی نظر کے سامنے) موجود چیزوں کی صورت دیدیتا ہے۔

مطلب یعنی ان لوگوں کی نگاہوں میں راست بینی و حقیقت شناسی کی صلاحیت نہیں رہتی۔ وہ اپنے اعمال کے نتائج سمجھتے ہیں کچھ اور پیش آتے ہیں کچھ اور۔ یہ حالت ان لوگوں کی شقاوت اور ان پر قہر الٰہی کے نزول کی علامت ہے۔ اور یہی مطلب ہے۔ اس کا کہ وَلَهُمْ أَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُونَ بِهَا اور ان کی آنکھیں تو ہیں۔ لیکن ان سے دیکھ نہیں سکتے۔ ہاتفی رح ؎

چو خواہد قضا سر نگونت کند　　بکردارِ بد رہنمونت کند

کسے را کہ بدگشت روز بہی　　نگردد نصیبش بجز گمرہی

چیست مستی؟ بندِ چشم از دیدِ چشم　　تا نماید سنگ گوہر پشمِ شیشم

لغات بندِ چشم بستگی چشم۔ پشم اون۔ یشم بیاے تحتانی۔ ایک سبز رنگ کا پتھر جسکو عربی میں یشب کہتے ہیں۔ مشہور ہے۔ کہ یہ پتھر جس شخص کے پاس ہو۔ وہ بجلی کے ضرر سے محفوظ رہتا ہے۔

ترجمہ زوال عقل (یا مستی) کیا ہے؟ (تمیز کی) آنکھ کا بصارت سے بند ہوجانا یہانتک کہ اس کو

پتھر بصورت مروارید اور پشم بصورت سنگ ریشب دکھائی دینے لگے۔

مطلب مستی سے مراد یہ ہے۔ کہ قوت تمیز نہ رہے۔ اور غیر نافع اشیاء کو نافع سمجھنے لگے۔ حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہٗ حجۃ اللہ البالغہ میں فرماتے ہیں۔ والاثام ربما تشتبہ بما لیس باثم فکون المشرکین انما البیع مثل الربوا ما لقصور العلم او لغرض دنیوی یفسد بصیرتہ یعنی گناہوں پر کبھی مباحات کا شبہ پڑنے لگتا ہے۔ جیسے مشرکوں نے کہا تھا۔ کہ بیع تو بالکل ربا کی سی ہے۔ اور یہ اشتباہ یا تو کم علمی کے سبب سے ہوتا ہے یا کسی دنیوی غرض سے جو اس کی بصیرت کو خراب کر دیتی ہے۔

چیست مستی؟ چشمہا مبدل شدن چوب گز اندر نظر صندل شدن

لغات چوب گز۔ جھاؤ کی لکڑی۔ یہ ایک درخت کا نام ہے۔ جو زیادہ تر دریا کے کناروں پر ہوتا ہے۔

ترجمہ مستی کیا ہے؟ اور اکات (باطنی) کا بدل جانا (اور) جھاؤ کی لکڑی کا صندل دکھائی دینا۔

مطلب جب بصیرت قلب اور قوت تمیز زائل ہو جاتی ہے۔ تو غیر مفید چیزیں مفید نظر آنے لگتی ہیں۔ اور اس سے بصارت چشم کا زوال نہیں۔ بلکہ بصیرت قلب کا زوال مراد ہے۔ اور اس حالت میں بصارت ظاہری بھی غیر مفید ہو جاتی ہے۔ **کما قیل ؎**

گر شود بینش دو چنداں بے بصیرت را چہ فیض میکشد احول دو میل سرمہ چشم خویش را

الخلاف ۔ یہ شعر ہمارے نسخے میں نہیں ہے۔

قصہ سلیمان علیہ السلام و ہدہد و بیان آنکہ چوں قضا آید چشمہا بستہ شود

حضرت سلیمان علیہ السلام اور ہدہد کا قصہ اور اس بات کا بیان کہ جب قضا آتی ہے۔ تو آنکھیں بند ہو جاتی ہیں

چوں سلیماں را سرا پردہ زدند جملہ مرغانش بخدمت آمدند

لغات سلیمان ایک پیغمبر کا نام ہے۔ جن کا ذکر پیچھے گذر چکا ہے۔ سرا پردہ خیمہ شاہی خیمہ۔ زدند نصب کیا

ترکیب مرغانش بخدمت دراصل مرغان بخدمتش ہے۔ یعنی خدمت مضاف مؤخر اور شین مضاف الیہ مقدم آیا ہے۔

ترجمہ جب حضرت سلیمان علیہ السلام کا (شاہی) خیمہ نصب کیا گیا۔ تو تمام پرندے آپ کی خدمت میں (سر دربار) حاضر ہوئے۔

مطلب حضرت سلیمان علیہ السلام کے متعلق قرآن مجید سے ثابت ہے۔ کہ وہ پرندوں کی بولیاں سمجھتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ پرندے ان کے دربار میں حاضر ہوئے۔ دیکھو پیچھے حضرت سلیمان ؑ کی انگشتری کا حال۔

ہمزبان و محرم خود یافتند پیش او یک یک بجاں بشتافتند

لغات ہمزبان دو شخص ایک بولی بولنے والے ایک دوسرے کے ہمزبان ہوتے ہیں۔ محرم بفتح میم وراے مفتوح واقفکار۔

ترجمہ انہوں نے (حضرت سلیمان علیہ السلام کو) اپنا ہمزبان اور محرم پایا۔ تو سب کے سب (دل و جان) سے ان کی طرف ٹوٹ پڑے۔

جملہ مرغاں ترک کردہ جیک جیک　　با سلیماں گشتہ افصح من اخیک

جیک جیک اسم صوت۔ پرندوں کی آواز۔ افصح صیغہ اسم تفضیل۔ زیادہ خوشگو۔

ترجمہ سب پرندے (اپنے معمولی) چہچہے چھوڑ کر حضرت سلیمان ع کے ساتھ اس صفائی سے بولنے لگے۔ کہ تیرا بھائی بھی تیرے ساتھ (اس طرح) نہ بول سکے۔

ہمزبانی خویشی و پیوندی است　　مرد با نامحرماں چوں بندی است

لغات خویشی قرابت۔ پیوندی رشتہ داری کا تعلق۔ بندی قیدی۔ گرفتار۔

ترجمہ ہمزبانی (بھی ایک قسم کی) رشتہ داری اور تعلق ہے (جو) مرد (ایسے) نامحرموں کے ساتھ (بیٹھنے پر مجبور ہے۔ جو ہمزباں نہ ہوں وہ) گویا ایک قیدی ہے۔ صائب ع ؎

ماتم فرہاد کوہ بے ستوں را سرمہ داد　　بے ہم آوازے نفس پیہم کشیدن مشکل ست

اے بسا ہندو و ترک ہمزباں　　اے بسا دو ترک چوں بیگانگاں

لغات۔ ہندو۔ ہندوستان کی سیاہ فام قوم۔ ترک ترکستان کے باشندے جو خوشرنگ ہوتے ہیں۔ ترک و ہندو سے دو غیر جنس، بعید الدیار اور متخالف الصنف قومیں مراد ہیں۔

ترجمہ اے (مخاطب) بہتیرے ہندو اور ترک ہمزباں ہو کر محرم ہو جاتے ہیں۔ بہتیرے دو ترک (ہمزباں نہ ہونے کے سبب سے) گویا (ایک دوسرے سے) بیگانے ہیں۔

مطلب اشتراک زبان کا تعلق نہایت موثر و مستحکم ہے۔ اور اس سے دو غیر جنس غیر قوم اور غیر ملک کے آدمیوں میں اس قدر اتحاد پیدا ہو جاتا ہے۔ کہ ان کو اپنے ہم جنس لوگوں کی بھی چنداں پروا نہیں رہتی ؎

تواں برید چو مقراض صائب از عالم　　دریں زمانہ اگر ہمزباں شود پیدا

پس زبان محرمی خود دیگر است　　ہمدلی از ہمزبانی بہتر است

لغات محرمی محرم ہونا۔ ہمراز ہونا آخر میں یائے مصدری ہے۔ ہمدلی اتحاد قلبی۔ ہمخیال و ہم مشرب ہونا۔

ترجمہ (یہ تو زبان مقال کا حال تھا) اس کے بعد واضح ہو کہ) محرمی کی زبان اور ہی (چیز) ہے (اور) ہمدلی ہمزبانی سے بہتر ہے۔

مطلب اوپر کے دو شعروں میں بولی کے اتحاد اور لغت کے اشتراک کا ذکر تھا۔ کہ اس سے ایسے تعلقات قائم ہو سکتے ہیں۔ جو قومیت و برادری کے تعلقات سے بھی زیادہ مستحکم ہوتے ہیں۔ اب مولانا رح مجانست معنوی کے بیان کی طرف انتقال فرماتے ہیں۔ کہ یہ ظاہری ہمزبانی تو ایک ادنی چیز ہے۔ بمقابلہ اس کے باطنی ہمزبانی جو محرمیت کی زبان ہے اور ہی بات ہے۔ اور ظاہری ہمزبانی سے ہمدلی یعنی باطنی ہمزبانی افضل ہے۔ صائب ع ؎

اگر تن را زتن گردون سنگین دل جدا سازد درین وحدت ہزار دل را کہ از دل باز میدارد

الخلاف بعض شارحین کے خیال میں یہ شعر اوپر کے دونوں شعروں کی تفریع ہے۔ گویا مولانا رحمۃ مذکورہ مضمون کی طرف انتقال انہی شعروں سے فرماتے ہیں یعنی ہمزبانی خویشی پیوندی ست الخ سے ہی معنوی جنسیت کا بیان شروع ہوجاتا ہے۔ ان کے زعم میں ہمزبانی سے جنسیت مراد ہے۔ اور ان تینوں اشعار میں ربط قائم کرنے کے لئے ان کو محض تکلف۔ یہ کام لینا پڑا ہے۔ مولانا بحر العلوم رحمۃ فرماتے ہیں "دخل لفظ ہمزبانی بر جنسیت واتحاد اوصاف بعید ست از ظاہر کلام"

غیر نطق و غیر ایما و سجل صد ہزاراں ترجماں خیزد ز دل

لغات نطق گویائی ایما اشارہ سجل سین اور جیم کے کسرہ اور لام کی تشدید سے تحریر۔ کتاب صحیفہ۔ مگر یہاں بلا تشدید بحالت وقف ہے ترجمان تا کے فتح اور جیم کے فتحہ وضمہ سے دونوں طرح درست ہے بیان کرنے والا۔ حال گو۔ مترجم۔

ترجمہ (اگر ہمدلی یعنی باطنی ہمزبانی حاصل ہو تو) بولے بغیر اور اشارے اور تحریر کے بدوں لاکھوں ترجمان دل سے پیدا ہو جاتے ہیں۔ (جو دوسرے کو دل کے مدعا سے آگاہ کر دیتے ہیں)

مطلب معنوی مناسبت میں جو پیر و مرید اور محب ومحبوب میں ہوتی ہے باطنی ہمزبانی حاصل ہوجاتی ہے۔ اور باطنی ہمزبانی سے یا تو کلام نفسی مراد ہے۔ کہ ایک شخص دل ہی دل میں کچھ کہے اور دوسرا اپنے دل کے کان سے سن لے یا یہ مراد ہے کہ ایک شخص دوسرے شخص کا مافی الضمیر بیان واظہار کے بغیر خود سمجھ جائے۔ جیسے کہ اہل محبت میں ہوتا ہے۔ سعدی رح ؎

دو کس را کہ باشد ہم جان و ہوش حکایت کنانند و لبہا خموش

جملہ مرغاں ہر یکے اسرار خود از ہنر و از دانش و از کار خود

با سلیماں یک بیک وا مینمود از برائے عرضہ خود را مے ستود

لغات عرضہ عین کے فتحہ سے پیش کرنا۔ اور اس کے ضمہ سے جو چیز پیش کی جائے **ترکیب** جملہ مرغاں سے پہلے از تبعیضیہ مقدر ہے یعنی ہر یکے از جملہ مرغاں اور وا مے نمود کا فاعل ہر یکے ہے مے ستود کی ضمیر فاعلی بھی اسی طرف راجع ہے۔ از برائے عرضہ اپنے معطوفین سمیت جو آیندہ شعر میں آتے ہیں متعلق ہے مے ستود کا۔ باقی سب متعلقات وا نمود کے ہیں۔ یک بیک میں بالصاق کی ہے۔

ترجمہ سب پرندوں میں سے ہر ایک اپنے ہنر اپنی عقل اور اپنے کاروبار کے متعلق اپنے بھید حضرت سلیمان ع کے حضور میں ایک ایک کرکے بیان کرتا تھا۔ (اور اپنے آپ کو) پیش کرنے کے لئے اپنی تعریف کرتا تھا۔

از تکبر نے واز ہستی خویش بہر آں تا رہ دہد او را بہ پیش

لغات ۔ہستی خودی ۔ غرور۔

ترکیب از ہستی سے پہلے نے حرف لفی مقدر ہے۔ نے از تکبر اور نے از ہستی دونوں معطوف ہیں ۔ شعر سابق میں از برائے عرضہ پر۔ دوسرے مصرعہ پر بلکہ حرف اضراب مقدر ہے ۔ دہد کا فاعل ضمیر راجع بحضرت سلیمان ع

ترجمہ (یہ بات) نہ تکبر سے تھی ۔ نہ اپنی خودی سے (بلکہ) اس غرض سے (تھی) کہ آپ اس کو اپنی پیشی میں بلا لیں۔

چُوں بباید بردۂ را خواجۂ عَرضہ دارد از ہنر دیباجۂ

لغات بردہ بندہ ۔غلام ۔خواجہ مالک ۔آقا ۔دیباجہ بیاے معروف و جیم تازی ۔عربی لفظ ہے یعنی چہرہ ورخسار اور چونکہ خطبہ کتاب بھی کتاب کے لئے بمنزلہ چہرہ کے ہوتا ہے ۔اس لئے مجازاً اس کو بھی دیباجہ کہنے لگے ۔ اور دیباؔ بیاے مجہول وجیم فارسی دیبا کا مصغر ہے ۔جو فارسی لفظ ہے ۔ دیبا شاہی لباس کا کپڑا ہوتا تھا ۔جو زر وجواہر سے مکلل کیا جاتا تھا ۔اور سامان آرایش سمجھا جاتا تھا ۔چونکہ خطبہ کتاب بھی بلحاظ حسن عبارت ورعایت صنائع وبراعت الاستہلال وغیرہ کتاب کی باقی عبارت سے زیادہ آراستہ وپیراستہ ہوتا ہے ۔ اس لئے اس کو مجازاً دیباچہ کہنے لگے ۔ اور ممکن ہے کہ دیباچہ مفرس ہو دیباجہ کا یا دیباچہ معرب ہو دیباجہ کا واللہ اعلم بالصواب۔

ترجمہ (چنانچہ) جب کسی غلام کو کسی (اور) آقا (کے پاس جانے) کی ضرورت ہوتی ہے ۔ تو وہ (یعنی غلام) اپنا اچھے سے اچھا ہنر پیش کرتا ہے (تاکہ وہ اُسے خرید لے)

اختلاف بعض نسخوں میں بباید از بایستن کی بجائے بیاید از یافتن درج ہے ۔اس صورت میں معنی یوں ہونگے ۔ کہ جب ایک آقا کسی غلام کو (بغرض خرید) پاتا ہے ۔ تو الخ مگر اگلے شعر چونکہ وارد از خریدار یش ننگ الخ سے ظاہر ہوتا ہے کہ اختیار کردہ نسخہ ہی اوفق وارجح ہے ۔کیونکہ یہاں ان دو متقابل باتوں کا ذکر ہے ۔ کہ یا تو غلام کو اس آقا کے پاس جانے کی حاجت ہو یا وہ اس کے پاس جانے سے کتراتا ہو۔ اور دونوں جگہ فعل کا اصل مسبد و غلام ہے ۔اور یہ مضمون بباید کے نسخے سے ہی پورا اتر سکتا ہے ۔بخلاف نسخہ بیاید کے ۔کہ نہ تو اس کا ننگ وارد کے ساتھ کوئی تقابل ہے۔ نہ دونوں فعلوں کا مسبد ایک ہے ۔ بلکہ بیاید کا فاعل آقا ہے ۔ اور ننگ وارد کا فاعل غلام۔

چُونکہ دارد از خریدار یش ننگ خود کند بیمار و کرّ و شَل و لنگ

لغات ننگ شرم ۔عار کرّ بہرا ۔شَل شین کے فتحہ سے جس کے ہاتھ پاؤں بیکار ہو گئے ہوں ۔ لنگ ۔ لنگڑا

ترجمہ (لیکن) جب وہ (کسی وجہ سے) اس (آقا) کی خریداری کو ناگوار سمجھتا ہے ۔ تو اپنے آپ کو بہرا ۔ لُولا ۔ اور لنگڑا بنا لیتا ہے (تاکہ وہ اس کو نہ خریدے)

مطلب ۔ اوپر کے دو شعروں میں اس امر کا اشارہ تھا کہ اگر عارف اپنے کمال کا اظہار کرے ۔ تو اس کو دعوے اور غرور وتکبر پر محمول نہ کرنا چاہیئے ۔ بلکہ اس سے اظہار بندگی مقصود ہے ۔تاکہ خداوند تعالیٰ اس سے اور خدمت یا طالبوں کا اعلام مدنظر ہوتا ہے ۔تاکہ وہ اس سے مستفید ہوں ۔کبھی تحدیث نعمت مراد ہوتی ہے ۔جو شکر کا ایک شعبہ

قال بعضہم ۔۔۔ زاں روے کہ بندۂ تو دانند مرا بر مرد مک چشم نشانند مرا
لطف تو کہ عام ست وعنایت مخصوص ورنہ چہ کسم خلق چہ دانند مرا

(اظہار کمال اور اخفاء کمال کی تفصیل)

کبھی غلبہ حال سے بھی اظہار کمالات پر لب کشائی ہو جاتی ہے۔ جیسے کہ حضرت بایزید بسطامی قدس سرہ نے کہدیا تھا۔ سبحانی ما اعظم شانی (اللہ رے میں۔ میری شان کس قدر بڑی ہے)۔

اب اس شعر میں یہ رمز ہے۔ کہ کبھی عارف فتنے سے بچنے کے لئے اخفائے کمال پر مجبور ہوتا ہے۔ صائبؒ ؎

نہاں در زنگ ازاں چوں تیغ دارم جوہر خود را — کہ من از عرض جوہر دوست تر دارم سر خود را

کبھی وہ نااہل لوگوں کے سامنے اظہار کمال فضول سمجھتا ہے۔ صائب رح ؎

دلیل جوہر مردی ست پاس اہلیت حسنین — زنا محرم نگہدارید ایکا رمعانی را

کبھی اپنی تعریف و تشہیر کو مخل طمانیت اور مضر فراغت سمجھ کر خاموش رہتا ہے۔ صائب رح ؎

ورد سرخوابی کشیدن از ہجوم بلبلاں — جلوہ گاہ گل بکن آن گوشۂ دستار را

تو بتِ ہُدہُد رسید و پیشہ اش — واں بیانِ صنعت و اندیشہ اش

لغات ۔صنعت ہنر۔ کاریگری۔ کام کاج۔ اندیشہ خیالات۔

ترجمہ (غرض اب) ہدہد اور اس کے کاروبار کے (پیش ہونے) اور اس کی صناعی اور اس کے خیالات کے بیان کی باری آئی۔ وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَالِيَ لَا أَرَى الْهُدْهُدَ أَمْ كَانَ مِنَ الْغَائِبِينَ ۝ لَأُعَذِّبَنَّهُ عَذَابًا شَدِيدًا أَوْ لَأَاْذْبَحَنَّهُ أَوْ لَيَأْتِيَنِّي بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ۝ فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيدٍ فَقَالَ أَحَطتُ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهِ وَجِئْتُكَ مِن سَبَإٍ بِنَبَإٍ يَقِينٍ ۝ (سورۂ نمل ۲۶) اور سلیمان ؑ نے پرندوں کی موجودات لی۔ تو کیا کیا بات ہے۔ کہ ہم ہدہد کو نہیں دیکھتے۔ یا غیر حاضر ہے۔ ہم اس کو ضرور سخت سزا دیں گے۔ یا اُسے ذبح کر ڈالینگے۔ یا وہ ہمارے حضور میں کوئی وجہ پیش کرے۔ صاف صاف۔ پھر تھوڑی دیر کے بعد (ہدہد آحاضر ہوا۔ اور) کہنے لگا۔ مجھ کو ایک ایسا حال معلوم ہوا ہے۔ جو حضور کو معلوم نہیں ہوا۔ اور میں شہر سبا کی تحقیق خبر لے کر حضور میں آیا ہوں۔

گفت اے شہ یک ہنر کاں کہتر ست — باز گویم گفتِ کوتہ بہتر ست

لغات گفت حاصل مصدر گفتن سے۔ بات۔ کلام کوتہ چھوٹا۔ مختصر۔ مجمل۔

ترجمہ اس نے عرض کیا۔ حضرت میں (اپنا صرف) ایک چھوٹا سا ہنر بیان کرتا ہوں۔ (زیادہ تفصیلات میں نہیں پڑوں گا۔ کیونکہ) مختصر بات اچھی ہوتی ہے۔ نظامی رح ؎

یا اینکہ سخن بلطف آب ست — کم گفتن ایں سخن صواب ست

کم گوئے گزیدہ گوے چوں دُر — تا نہ اندک تو جہاں شود پُر

گفت بر گو تا کدام ست آں ہنر — گفت من آنگہ کہ باشم اوج بر

بنگرم از اوج با چشمِ یقیں — مے بہ بینم آب در قعرِ زمیں

تا کجا یست وچہ عمقستش۔ چہ رنگ؟ از چہ میجوشد زخاکے یا زسنگ؟

لغات ۔ اوج بلندی ۔ قعر گہرائی عمق گہرائی ۔

ترکیب بر حرف جار اپنے مجرور یعنی اوج سے مؤخر آیا ہے ۔ باشم براوج اور بنگرم بچشم یقین جملہ معطوفہ شرط ہے ۔ بہ بینم آب الخ اس کی جزا۔ جس میں ایں مبین مقدر ہے ۔ جو آب پر معطوف ہے ۔ اور تا کجا یست الخ اس کا بیان یا باشم براوج شرط ہے ۔ بنگرم اس کی جزا ۔ اور بہ بینم بتقدیر حروف جار اس کا متعلق ۔ مگر بعض شارحین نے ترجمہ میں بنگرم از اوج کو اس طرح جزا قرار دیا ہے ۔ کہ بہ بینم حشورہ جاتا ہے ۔ وَ ہٰذا غیر مستحسن فَانْظُرْ کَیْفَ ترجمنا ۔

ترجمہ آپ نے فرمایا بیان کرو ۔ وہ کونسا ہنر ہے ۔ اس نے عرض کیا ۔ جب میں بلندی پر ہوتا ہوں ۔ (اور) بلندی پر سے یقین کی نظر کے ساتھ دیکھتا ہوں ۔ تو میں زمین کی تہ میں پانی دیکھ لیتا ہوں ۔ اور یہ بھی دیکھ لیتا ہوں) کہ وہ (پانی) کہاں ہے ۔ کتنا گہرا ہے ۔ کیا رنگ ہے ۔ کس چیز سے نکلتا ہے ۔ میدانی مقام سے (نکلتا ہے) یا سنگلاخ سے ۔

دوسری ترکیب کے لحاظ سے یوں ترجمہ ہوگا :۔

اس نے عرض کیا جب میں بلندی پر ہوتا ہوں ۔ تو وہیں سے ہر چیز کو (اشتباہ کی نظر سے نہیں بلکہ) یقین کی نظر سے دیکھ سکتا ہوں (حتی کہ) زمین کی تہ میں پانی کو (بھی) دیکھ لیتا ہوں الخ

اَے سُلَیماں بہرِ لشکر گاہ را در سفر میدار ایں آگاہ را

لغات ۔ لشکر گاہ معسکر کیمپ ۔ آگاہ واقف ۔ تجربہ کار ۔ آزمودہ کار ۔ پہلے مصرعہ میں حرف را زائد ہے ۔

ترجمہ یا حضرت سلیمان ؑ فوجی کیمپ کے لئے (جب کہ پانی کی ضرورت ہوتی ہے) اس (خادم) کو سفر میں ساتھ رکھو (جو پانی کے مقاموں سے) آگاہ ہے ۔

پس سُلَیماں گفت ما را شو رفیق در بیابانہائے بے آب اَے شفیق

ترجمہ پس حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا ۔ اے ہمدرد تو بے آب جنگلوں میں ہمارے ساتھ رہا کر

تا بیابی بہرِ لشکر آب را در سفر سقا شوی اَصحاب را

ترجمہ تاکہ تو فوج کے لئے پانی دریافت کرے (اور) ہمراہیوں کے لئے سفر میں پانی پلانے والا بن جائے ۔

ہمرہِ ما باشی و ہم پیشوا تا کُنی تو آب پیدا بہرِ ما

ترجمہ تو ہمارے ساتھ رہا کر ۔ اور آگے آگے چلا کر ۔ تاکہ تو ہمارے لئے پانی ڈھونڈھ نکالا کرے

باش ہمراہِ من اندر روز و شب تا نہ بیند از عطش لشکر تعب

لغات عطش پہلے دونوں حرفوں کے فتحہ سے پیاس۔ تشنگی۔ تعب پہلے دونوں حرفوں کے فتحہ سے تکان۔ رنج۔

ترجمہ رات دن میرے ساتھ رہا کرتا کہ لشکر پیاس سے تکلیف نہ اُٹھائے۔

بعد ازاں ہُدہُد وَ ھُمراہ بود زانکہ از آبِ نہاں آگاہ بود

لغات بدو اصل میں باد تھا۔ الف دال سے بدل گیا۔ زانکہ میں زا علت کے لئے ہے۔

ترجمہ اسکے بعد ہدہد آپکے ساتھ رہتا تھا۔ کیونکہ وہ مخفی پانی (کو ڈھونڈ نکالنے) کا تجربہ رکھتا تھا۔

طعنہ زدن زاغ در دعوے ہُدہُد

ہُدہُد کے دعوے پر کوّے کا جرح کرنا

زاغ چوں بشنود آمد از حسد با سُلیماں گفت کو کژ گفت وبد

لغات زاغ کو آگو اصل کہ او ہے۔ کژ کج ٹیڑھا۔ ناراست۔ غلط از حسد میں حرف از سببیت کے لئے ہے۔

ترجمہ جب کوّے نے (یہ فیصلہ) سنا۔ تو اس نے حاضر ہوکر براہ حسد حضرت سلیمان ؑ سے عرض کیا۔ کہ اس (ہدہد) نے غلط اور نا روا بات کہی ہے۔

از ادب نبود بہ پیشِ شہ مقال خاصہ خود لافِ دروغین و محال

لغات مقال مصدر میمی۔ گفتگو بات چیت۔ خود حرف زائد ہے۔ لاف گپ شپ۔ شیخی کی بات۔ دروغین غین کے کسرہ سے دروغ کے ساتھ منسوب جھوٹی۔ یا اور نون کا ایراد نسبت کے لئے ہے۔ جیسے زرّین اور بلورین میں محال ناممکن۔

ترجمہ (اول تو) بادشاہ کے حضور میں بات کرنا (ہی) خلاف ادب ہے۔ خاص کر ایسی شیخی کی بات جو سراسر جھوٹی اور ناممکن ہو۔

گر مرا او را ایں نظر بودے مُدام چوں ندیدے زیرِ مشتِ خاک دام

ترجمہ اگر اس کو ہمیشہ کے لئے ایسی (دور بین) نظر حاصل ہوتی۔ تو ایک مشتِ خاک کے نیچے (چھپے ہوئے) جال کو کیوں نہ دیکھ لیتا۔

چوں گرفتار آمدے در دامِ او؟ چوں قفس اندر شُدے ناکامِ او؟

لغات آمدے بمعنی شدے اندر حرف جار قفس سے مؤخر آیا ہے۔ ایسی صورت میں قفس پر حرف بار لانا یعنی بقفس اندر کہنا لازم تھا۔ مگر تنگی وزن سے یا نہیں آسکی۔

ترجمہ (پھر) کیوں وہ جال میں گرفتار ہوتا؟ کیوں ناکام ہوکر پنجرے میں پڑتا

پس سلیماں گفت کے ہُدہُد روا ست؟ کز تو در اوّل قدح ایں دُرد خاست

لغات قدح قاف اور دال کے فتحہ سے پیالہ۔ جام شراب دُرد دال کے ضمہ سے تلچھٹ۔ گاد۔ تہ نشیں۔

ترجمہ پس حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ اے ہُدہُد کیا یہ روا ہے۔ کہ تیرے (قول وقرار کے) پہلے ہی پیالے میں یہ (جھوٹ کی) تلچھٹ نکلے۔

مطلب۔ خم شراب کی تہ میں کچھ نہ کچھ تلچھٹ ہوتی ہے۔ جو ساری شراب کے نکل چکنے کے بعد آخری پیالوں میں آنی چاہیے۔ لیکن اگر وہ پہلے ہی پیالے میں آجائے تو اس سے ظاہر ہوتا ہے۔ کہ ساقی نے بے تمیزی اور لاپروائی سے پیالا بھرا ہے۔ اور جسکو پلانے کے لئے یہ پیالہ بھرا ہے۔ اس کا کوئی لحاظ نہیں رکھا۔ مقصود مثال یہ ہے کہ اے ہُدہُد اگر تجھ کو جھوٹ بولنا تھا۔ تو اس کے لئے بہتیرے مواقع پڑے تھے۔ پہلی ہی بات میں جھوٹی شیخی پر کیوں اُتر آیا؟ کما قیل ؎

ترا من یا صفا دانستہ بودم غلط کردم خطا دانستہ بودم

چوں نمائی مستی خویش اے خوردہ دوغ پیش من لافے زنی انگہ دروغ

لغات دوغ دہ دودھ جس سے مکھن نکال لیا جائے۔ چھاچھ۔

ترجمہ اے (جھوٹے) جس نے (بجائے شراب کے) چھاچھ پی رکھی ہے۔ تو مستی کیونکر دکھا رہا ہے۔ تو میرے سامنے شیخی بگھار رہا ہے۔ اور پھر جھوٹ۔

جواب گفتن ہُدہُد مر سلیماں را دریں طعنہ

ہدہد کا حضرت سلیمان علیہ السلام کی خدمت میں اس طرح کا جواب عرض کرنا

گفت اے شہ بر من ایں عور و گدا قولِ دشمن مشنو از بہر خدا

لغات۔ عور عین کے ضمہ سے برہنہ کذا فی الغیاث۔

ترجمہ (ہُدہُد) نے عرض کیا اے بادشاہ خدا کے لئے مجھ نادار فقیر کے برخلاف (میرے) دشمن کی بات پر توجہ نہ کیجئے۔

گر بُطلاں ست دعوئی کردنم نیک نہادم سر بُبر از گردنم

لغات سر نہادن۔ لغوی معنی سر رکھنا۔ اور بروے محاورہ رضامند ہونے کے معنی میں بھی آتا ہے۔ یہاں دونوں معنی کام دے سکتے ہیں۔

ترجمہ۔ اگر میرا دعوی باطل ہے۔ تو بیشک میں سر رکھدیتا ہوں۔ حضور گردن سے جدا کردیں

الخلاف۔ بعض نسخوں میں یہ شعر یوں ہے۔ گر نباشد ایں کہ دعوی میکنم۔ من نہادن سر بریں گردنم یعنی اگر یہ بات فی الواقع نہ ہو جسکا میں دعوی کر رہا ہوں۔ تو مجھے منظور ہے۔ حضور میرا سر گردن سے جدا کردیں۔

ز زاغ کو حکم خدا را منکر ست گر ہزاراں عقل دارد کافر ست

ترجمہ کوا جو قضائے الٰہی کا منکر ہے۔ اگر اس کو ہزاروں عقلیں حاصل ہوں۔ تو بھی (اس سوء اعتقادی کی وجہ سے) وہ کافر ہے۔

مطلب اگر کوئی عاقل و مبصر اور محتاط و ہوشیار آدمی کسی ناگہانی مصیبت میں مبتلا ہو جائے۔ تو اس سے یہ نتیجہ نہیں نکلتا۔ کہ اس شخص میں عقل و بصیرت اور احتیاط و ہوشیاری نہ تھی۔ بلکہ یہ ماننا پڑتا ہے۔ کہ قضائے الٰہی نے اس کو مبتلائے مصیبت کیا ہے جس کے آگے زور عقل اور قوت تدبیر بیکار ہو جاتی ہے۔ صائب رح ؎

چو عشق دشمن جاں شد حذر چہ کار کند قضا چو تیغ برارد سپر چہ کار کند

پس زاغ کا یہ اعتراض کہ اگر ہدہد آب زیر زمین کو دیکھ سکتا ہے۔ تو دانۂ تہ خاک کو کیوں نہیں دیکھتا گویا قضائے الٰہی کا انکار ہے۔ جو کفر ہے۔ کیونکہ والقدر خیرہ وشرہ من اللہ تعالیٰ کا عقیدہ داخل ایمان ہے

ز در تو تا کافے بود از کافراں جائے گند و شہوتی چوں کافراں

لغات تا شرط کے لئے کافے حرفے۔ جزوے۔ جثہ۔ شمہ۔ گندگی۔ نجاست۔ کاف ران۔ شرمگاہ

صنائع کافراں اور کاف ران میں تجنیس مرکب۔

ترجمہ (انکار قضا کا کفر صریح تو بڑی بات ہے) اگر تم میں کافروں (کے وصف کفر) کا ایک شمہ بھی ہو۔ تو تم شرمگاہ کی طرح گندگی اور شہوت کی جگہ ہو۔

صائب رح ؎ گناہے را ز خردی سہل مشمار کہ خرمنہائے عالم دانہ دانہ ست

من بہ بینم دام را اندر ہوا گر نپوشد چشم عقلم را قضا

ترجمہ میں (جیسے آب زیر زمین کو دیکھ سکتا ہوں۔ تو) ہوا میں (اڑتا اڑتا) دام (زیر خاک) کو بھی دیکھ سکتا ہوں۔ بشرطیکہ قضائے الٰہی میرے چشم عقل کو بند نہ کرے۔

مطلب قضا کے آگے باریک بینی و بعید نظری کچھ کام نہیں دیتی۔ جیسے کہ بقول سعدی رح ایک گدھ نے چیل کے ساتھ بحث کرتے ہوئے اپنی دور بینی کے دعوی میں میلوں کی بلندی پر سے کہا مجھے وہ دانہ نظر آ رہا ہے جو میدان میں پڑا ہے۔ لیکن جب اپنے دعوے کا ثبوت دینے کے لئے اس دانہ کو اٹھانے آئی۔ تو ایک بھیلے جال میں گرفتار ہو گئی۔ ؎

شنیدم کہ میگفت و گردن بہ بند نیاشد حذر با قدر سودمند

اجل چوں بخوانش برارد دست قضا چشم باریک بینش ببست

در آبے کہ پیدا نہ دارد کنار غرور شناور نیاید بکار

چوں قضا آید شود دانش بخواب مہ سیہ گردد بگیرد آفتاب

لغات بخواب شدن سو جانا۔ گرفتن آفتاب۔ سورج کو گرہن لگنا۔

ترجمہ جب قضا آتی ہے۔ تو عقل سو جاتی ہے۔ چاند سیہ پڑ جاتا ہے۔ (اور) سورج کو گرہن لگ جاتا ہے۔

مطلب۔ یا تو یہ مطلب ہے۔ کہ کسوف وخسوف بھی قضاء الٰہی سے ہے۔ یا دوسرے مصرعہ میں بطور استعارہ پہلے مصرعہ کے مضمون کی تائید ہے۔ یعنی عقل وادراک جو مہر وماہ کی طرح روشن ہیں۔ قضاء الٰہی کے آگے تاریک وبے نور ہو جاتے ہیں

از قضا ایں تعبیہ کے نادرست از قضا داں کو قضا را منکرست

لغات تعبیہ سامان۔ آراستگی۔ ساز باز۔ نادر عجیب۔ انوکھا۔

ترجمہ قضا سے ایسا سامان ہو جانا کب کوئی نئی بات ہے۔ یہ بات بھی قضا ہی سے سمجھو۔ کہ وہ (کوا) قضا کا منکر ہے۔

مطلب ہُدہُد کہتا ہے کہ اگرچہ کوے کا مجھ کو دروغگوئی سے متہم کرنا ایک سخت حملہ ہے۔ جو دوسرے لحاظ سے قضا کا انکار بھی ہے۔ لیکن اس کا یہ انکار کرنا اور مجھ پر الزام لگانا بھی بمقتضائے الٰہی ہے۔ اس لئے مجھے اس سے انتقام لینے کا ارادہ نہ رکھنا چاہیئے۔ کما قال السعدیؒ ؎

گر گزندت رسد زخلق مریز کہ نہ راحت رسد زخلق نہ رنج
از خدا داں خلاف دشمن ودوست کہ دل ہر دو در تصرف اوست

قصہ آدم علیہ السلام وبستن قضا نظر او را از مراعات صریح نہی وترک نہی وتاویل

حضرت آدم علیہ السلام کا قصہ اور قضا کا ان کی نظر کو صریح نہی کی رعایت سے باز رکھنا اور آپ کا نہی کو ترک کرنا اور تاویل اختیار کرنا

بوالبشر کو علم الاسما بگ ست صد ہزاراں علمش اندر ہر رگ ست

لغات بوالبشر انسان کے باپ یعنی حضرت آدم علیہ السلام۔ بیگ کا مخفف ہے۔ بہادر۔ امیر۔ سردار

ترجمہ ابوالبشر (حضرت آدم علیہ السلام) جو (فخر) علم الاسماء کے تاجدار ہیں۔ ان کی رگ رگ میں لاکھوں علم ہیں۔

مطلب۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا اور اللہ نے آدم علیہ السلام کو سارے نام بتا دیئے۔ اسماء کی تفسیر میں اہل علم کے مختلف اقوال ہیں۔ حضرت ابن عباس اور مجاہد اور قتادہ رضی اللہ عنہم کہتے ہیں۔ کہ ہر چیز حتےٰ کہ ایک پیالے اور پیالی کے نام تک مراد ہیں۔ بعض کہتے ہیں۔ کہ تمام واقعات مراد ہیں۔ جو قیامت تک واقع ہونے والے ہیں۔ بعض کے نزدیک اسماء سے مراد آدم علیہ السلام کی تمام اولاد کے اسماء ہیں۔ بعض کہتے ہیں۔ کہ ہر چیز کی صفات مراد ہیں۔ اہل تاویل کہتے ہیں۔ کہ اس سے عربی فارسی ترکی وغیرہ دنیا کی تمام زبانیں مراد ہیں۔ جو حضرت آدم علیہ السلام کو اس وقت بتا دی گئیں۔ پھر آپ کی اولاد میں سے ہر قوم نے الگ الگ زبان اختیار کر لی۔ کذا فی التفسیر المظہری مولانا رح یہاں تعلیم اسماء کی تفسیر جو تھے قول کے مطابق فرماتے ہیں۔

حضرت آدم کی تعلیم اسماء کے کیا معنی ہیں

اِسم ہر چیزے چناں کاں چیز ہست تا بپایاں جانِ او را داد دست

لغات ۔ پایاں آخر۔ انجام۔ انتہا۔ دست دادن حاصل ہونا۔

ترجمہ ہر چیز کا نام (اور) جس حالت پر کہ وہ ہے ۔ (اور جس حالت پر) آخر تک (رہیگی) اِن کی رُوح کو (سب کچھ) معلوم ہوگیا۔

مطلب ۔ خلاصہ تفسیر کا یہ ہوا۔ کہ حضرت آدم ؑ کو صرف اشیاء کے نام یاد کرا دینا مراد نہیں ۔ بلکہ یہاں اسماء کا کلمہ حقائق و اوصاف کو بھی متناول ہے ۔ پس تعلیم اسماء سے مراد یہ ہوئی ۔ کہ ان کو تمام اشیاء کے نام اور ماہیات اور خواص بتا دئے ۔ اور چونکہ ان حقائق و آثار میں سے بہت سے امور انسان کی مخصوص وجدانیات میں سے ہیں اور ملائکہ ان سے منزہ ہیں ۔ جیسے شوق و نفرت ۔ فرح و حزن راحت و تعب ۔ جوع و عطش و نحو ذالک ۔ اس لئے ان کے علم کی استعداد ملائکہ میں نہ تھی ۔ اگر ان کو ان چیزوں کا علم عطا کیا بھی جاتا ۔ تو بجز الفاظ کے اور کچھ ان کو مستفاد نہ ہوتا بخلاف حضرت آدم علیہ السلام کے کہ ان امور کے متعلق ان کا علم بوجہ وجدان و اتصاف کے کامل علم تھا ۔ اسی لئے انہوں نے ملائکہ پر فضیلت پائی ۔ اور چونکہ خلیفۃ اللہ کا کام یہ ہے ۔ کہ دنیا میں احکام الٰہی کی تنفیذ کرے ۔ اور اس کے لئے محل تنفیذ کے آثار و خواص کا علم ضروری ہے ۔ جو حضرت آدم علیہ السلام کو عطا ہو چکا تھا ۔ اور فرشتے اس سے عاری تھے ۔ اس لئے خلافت کا منصب بھی بجائے ملائکہ کے حضرت آدم علیہ السّلام کو ملا ۔ (کذا فی کلید مثنوی)

ہر لقب کو داد آں مُبدَل نشُد آنکہ چُشتش خواند او کاہل نشد

لغات کو دراصل کو او ہے ۔ مبدل دال کے فتحہ سے اسم مفعول ہے ابدال سے تبدیل شدہ ۔ متغیر ۔

عروض مبدل بفتح دال اور کاہل بکسر ہا کا قافیہ محل نظر ہے ۔ مگر اساتذہ کے کلام میں ایسی مسامحات واقع ہوئی ہیں ۔ جیسے سعدی رح کے کلام میں ایک جگہ کافر بکسر فا اور سر بفتح سین کا قافیہ آیا ہے ۔ ؎

در شہوتِ نفس کافر بہ بند وگر عاشقی لت خور و سر بہ بند

ترجمہ (چونکہ حضرت آدم علیہ السلام کو واقعیات کا علم عطا ہوا تھا ۔ اس لئے) انہوں نے (جس چیز کا) جو لقب ٹھہرا دیا ۔ وہ تبدیل نہیں ہوا ۔ (مثلاً) جس چیز کو انہوں نے چالاک قرار دیا ۔ وہ سُست نہیں ہوئی ۔

مطلب قدرت نے جس چیز کی ماہیت اور جو حالت بنا دی ہے ۔ وہ غیر متبدل ہے ۔ کیونکہ وہ سنت اللہ کے مطابق ہے ۔ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَحْوِيلاً ۔ اور حضرت آدم علیہ السلام کا ہر چیز کا نام رکھنا اسی سنت اللہ کے ماتحت تھا ۔ اس لئے وہ نام بھی غیر متغیر تھا ۔

ہر کرا او مُقبِل و آزاد خواند او عزیز و خُرّم و دِلشاد ماند

لغات مقبل با اقبال ۔ خوش نصیب ۔ مقبول ۔ عزیز با عزت ۔ محبوب ۔ غالب ۔

ترجمہ جس شخص کو انہوں نے با اقبال اور آزاد فرما دیا ۔ وہ (ہمیشہ) با عزت اور خوش و خرم رہا

ہر کہ آخر مومن ست اوّل بدید ہر کہ آخر کافر اُو را شد پدید

ترجمہ جو شخص خاتمہ کے وقت مومن (ہونے والا) ہے (اس کو انہوں نے) پہلے ہی دیکھ لیا۔ جو آخر کافر (ہونے والا) ہے۔ وہ بھی ان پر ظاہر ہو گیا۔

ہر کہ آخر بیں بود او مومن ست ہر کہ آخر بیں بود او بیدن ست

لغات آخر بین آخرت کا خیال رکھنے والا۔ عاقبت اندیش آخر چوپایوں کے چارہ کھانے کی جگہ۔ کھرلی بیدن مخفف ہے بیدین کا۔ صنائع آخر بکسر خا، اور آخر بضم خا میں تجنیس۔ شعر مرصع ہے۔

ترجمہ۔ جو شخص عاقبت کا خیال رکھتا ہے۔ وہ مومن ہے (اور) جس کے دل میں چرنے چگنے کی دھن سمائی ہے۔ وہ بیدین ہے۔

مطلب ۔جب آخری حالت قابل اعتبار ہے۔ جس کے علم کی بدولت حضرت آدم علیہ السلام نے ملائکہ پر شرف پایا۔ تو ہر مومن و صالح آدمی کو لازم ہے۔ کہ آخرت کا خیال رکھے۔ سعدی رحمۃ اللہ علیہ ؎

گر اہل معرفتی دل در آخرت بندی نہ در خرابۂ دنیا کہ حسرت آباد ست
صائب برائے روزی آنروز نیز فکرے کن بس ست چند کنی فکر آب و ناں اینجا
نظائر نجات آخرت را کارگر باش دریں منزل ز رفتن با خبر باش
ببیں پیش از تو شاہانے کہ مردند ز مال و مملکت با خود چہ بردند
بمانی مال بد خواہِ تو باشد بہ بخشی توشۂ راہ تو باشد

اِسْمِ ہر چیزے تو از دانا بشنو رمز و سرِّ عَلَّمَ الْاَسْمَا بشنو

ترجمہ ہر چیز کا نام دانا سے سنو۔ علم الاسماء کا بھید اور رمز (اسی سے) سنو۔

مطلب ۔جب معلوم ہو گیا۔ کہ حضرت آدم علیہ السلام کی ملائکہ پر فضیلت اس علم کی بدولت ہے۔ جو علم الٰہی کے مطابق تھا۔ حتیٰ کہ وہ جس چیز کا جو نام تجویز کرتے تھے وہ غیر تبدّل ہوتا تھا۔ تو تم کو لازم ہے۔ کہ جس چیز کا علم حاصل کرنا چاہو۔ کسی دانائے کامل سے حاصل کرو۔ اس میں یہ اشارہ ہے کہ علمی و عملی استفاضے کے لئے ایسے علما کی صحبت اختیار کرنی چاہیئے۔ جو عالم کامل۔ صالح و متقی اور متادب بآدابِ شریعت ہوں۔ بیدین سادھوؤں یا مبتدع فقیروں کی ہمنشینی جیسے کہ بعض فقیر دوست لوگوں کی عادت ہوتی ہے۔ اچھی نہیں۔ عن جابر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم حین اتاہ عمر فقال انا نسمع احادیث من یھود تعجبنا افتری ان نکتب بعضھا فقال امتھوکون انتم کما تھوکت الیھود و النصاری لقد جئتکم بھا بیضاء نقیۃ ولو کان موسیٰ حیا ما وسعہ الا اتباعی یعنی حضرت جابر رضؓ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ جبکہ آپ کے پاس حضرت عمرؓ نے حاضر ہو کر عرض کیا۔ کہ ہم یہودیوں سے ایسی باتیں سنتے ہیں۔ جو دل کو اچھی لگتی ہیں۔ کیا آپ کی رائے میں ہم بعض باتوں کو لکھ لیا کریں۔ آپ نے فرمایا۔ کیا تم بھی یہود و نصاریٰ کی طرح

نمبر ۱ بیدین فقیروں کی صحبت سے اجتناب کرنا چاہیئے

مبتلا ئے حیرت ہو۔ (یعنی اپنے دین سے مطمئن نہیں ہو) میں ایک نورانی وروشن شریعت تمہارے لئے لایا ہوں۔ اور اگر موسیٰ زندہ ہوتے۔ تو ان کو بھی ناچار میری اتباع کرنا پڑتا (مشکوۃ) سعدی رح ؎

اگر تو حکمت آموزی بدیوانِ محمد ؐ رو کہ بو جہل ہم بود کز خود بدانش بو الحکم گردد

عراقی ؎ بروں از شرع ہر راہے کہ خواہی رفت گمراہی
خلافِ دیں ہر آں علمے کہ خواہی خواند شیطانی

اسمِ ہر چیز بر ظاہرش اسمِ ہر چیز بر خالقِ سرش

ترجمہ ہر چیز کا نام ہمارے نزدیک اس کے ظاہر کے اعتبار سے ہے (اور) اللہ تعالیٰ کے نزدیک ہر چیز کا نام اس کے باطن کے لحاظ سے ہے۔

مطلب۔ چونکہ ہم ہر چیز کی اصل حقیقت سے محجوب ہیں۔ اس لئے اس کا نام اس کے ظاہر کے اعتبار سے رکھتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ اور اس کا خلیفہ برحق اس چیز کا جو نام تجویز کرتے ہیں۔ وہ اس کی حقیقت اور اس کے انجام وآل کے لحاظ سے ہوتا ہے۔ نیچے کے اشعار میں اسی مضمون کی توضیح ہے۔ حافظ رح ؎

ما از درونِ پردہ مغرور صد فریب تا خود درون پردہ چہ تقریر میکنند

نزدِ موسیٰ نامِ چوبش بد عصا نزدِ خالق بود نامش اژدہا

ترجمہ (چنانچہ) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک ان کی لکڑی کا نام عصا تھا (مگر) اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کا نام اژدہا تھا۔

بد عمر را نام اینجا بت پرست لیک مومن بود نامش در الست

لغات۔ یہ مخفف ہے بود کا الست سے یوم میثاق مراد ہے۔ جبکہ اللہ تعالیٰ نے تمام ذریات آدم ؑ کو پیدا کرکے فرمایا تھا۔ الست بربکم اور انہوں نے اقرار ربوبیت کے طور پر کہا تھا۔ بلیٰ۔

ترجمہ حضرت عمر رضؓ عنہ کا نام یہاں (ایام جاہلیت میں) بت پرست تھا۔ لیکن یوم میثاق میں (جبکہ انہوں نے اقرار ربوبیت کر لیا تھا) ان کا نام مومن قرار پا چکا تھا۔

آنکہ بد نزدیکِ ما نامش منی پیشِ حق ایں نقش بد کہ با منی

لغات منی نطفہ نقش صورت۔ جسم۔ کالبد با منی با من ہستی صنائع منی یعنی نطفہ اور منی ضمیر متکلم وحرف ربط میں صنعت تجنیس مرکب۔

ترجمہ جس چیز کا نام ہمارے قیاس (کی رو) سے (ایک وقت میں) منی تھا۔ وہ خدا کے سامنے یہی صورت تھی۔ جیسے کہ تم میرے سامنے ہو۔

مطلب جو قطرہ آب رحم مادر میں قرار پاکر مدت معینہ کے بعد انسانی صورت میں پیدا ہوا۔ اور مثلاً زید کے نام سے موسوم ہوگیا۔ وہ استقرار فی الرحم کے وقت ہمارے نزدیک محض ایک قطرہ تھا۔ مگر علم الٰہی میں وہ

اس وقت بھی زید کے نام سے موسوم اور اپنے تمام معینہ اوصاف و آثار کے ساتھ معلوم تھا۔

صُورتے بُد ایں منی اندر عدم　　پیشِ حق موجود نے بیش و نہ کم

ترجمہ یہ منی (کتم) عدم میں خدا کے سامنے ایک صورت میں موجود تھی (جو اس موجودہ صورت سے) نہ زیادہ تھی نہ کم۔

حاصل آمد آں حقیقت نامِ ما　　پیشِ حضرت کاں بود انجامِ ما

ترجمہ غرض جس حقیقت (اور اصلیت) پر ہمارا انجام ہونے والا ہو اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہی ہمارا نام قرار پاتی ہے۔

مردرا بر عاقبت نامے نہند　　نے براں کاں عاریت نامے نہند

لغات عاقبت انجام۔ آخرالامر۔ خاتمہ۔ عاریت چند روز کے لئے مانگا ہوا۔ چند روزہ۔

ترجمہ آدمی کا نام (اس کے) انجام کے مطابق رکھتے ہیں۔ (اور وہ نام) اس نام کے مطابق نہیں (ہوتا) جو (لوگ اپنی سمجھ کے مطابق) چند روز کے لئے رکھ لیتے ہیں +

چشمِ آدم کو نُورِ پاک دید　　جان و سِرّ نامہا گشتش پدید

ترجمہ حضرت آدم ؑ کی آنکھ نے جو نور پاک (کی طاقت) سے نظر اُٹھائی۔ تو اس پر سِرّ اسماء اور (وجود) ارواح ظاہر ہوگیا۔

مطلب حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی قدس سرہ تفسیر مظہری میں وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ کی تفسیر میں اسماء کے متعلق مذکور سابق اقوال لکھنے کے بعد فرماتے ہیں۔ کہ یہ اقوال درست نہیں اور اس کی دلیل درج ذیل کے بعد لکھتے ہیں۔ کہ میرے نزدیک اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السّلام کو تمام اسمائے الٰہیہ سکھائے تھے۔ مولانا بحر العلوم فرماتے ہیں۔ کہ سرّ نامہا سے اسماء الٰہیہ مراد ہیں۔ کیونکہ ہر چیز کا نام اس لحاظ سے مقرر ہوتا ہے۔ کہ وہ چیز اسمائے الٰہیہ میں سے کسی خاص اسم کی مظہر ہے۔

چُوں ملک انوارِ حق بر وے بتافت　　در سجود افتاد و در خدمت شتافت

ترکیب۔ پہلا مصرعہ بتافت فعل اور انوارِ حق فاعل کے ساتھ جملہ فعلیہ ہوکر شرط ہے۔ دوسرا مصرعہ جملہ معطوفہ ہوکر جزا دوسرے مصرعہ میں افتاد کا فاعل ملک ہے۔ اس شعر میں تعقیب لفظی ہے پہلی جزا کا فاعل ملک شرط میں بضرورت شعری بے موقع درج ہوگیا۔

ترجمہ جب حضرت آدم ؑ پر اللہ تعالیٰ کے انوار (علم) درخشاں ہوئے۔ تو فرشتے سربسجود ہوگئے۔ اور نذر گزاری پر آمادہ ہوئے

مطلب۔ تفصیل قصہ قرآن مجید میں یوں ہے۔ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى

حضرت آدم کی تعلیم اسماء الٰہیہ کی تفسیر کا بیان

الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِيْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝ قَالَ يٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۝ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۝ اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ یعنی آدمؑ کو سب چیزوں کے نام بتا دیئے۔ پھر ان چیزوں کو فرشتوں کے روبرو پیش کرکے فرمایا۔ کہ اگر تم سچے ہو۔ تو ہم کو ان کے نام بتاؤ۔ بولے تو پاک ذات ہے۔ جو کچھ تو نے ہم کو بتا دیا ہے۔ اس کے سوا ہم کو کچھ معلوم نہیں۔ تو ہی جاننے والا مصلحت کا پہچاننے والا ہے۔ حکم دیا۔ کہ اے آدم تم فرشتوں کو ان کے نام بتاؤ۔ جب آدم نے فرشتوں کو ان چیزوں کے نام بتا دیئے۔ (تو خدا نے فرشتوں سے) فرمایا۔ کیوں ہم نے تم سے نہیں کہا تھا۔ کہ آسمانوں کی اور زمین کی سب مخفی چیزیں ہم کو معلوم ہیں۔ اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو۔ اور جو کچھ تم ہم سے چھپاتے تھے۔ ہم کو معلوم ہے اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا۔ کہ آدم کے آگے جھکو تو شیطان کے سوا سب جھک پڑے۔ اس نے نہ مانا۔ اور شیخی میں آگیا۔ اور نافرمان بن بیٹھا۔ (سورۂ بقرہ ع ۴)

حضرت آدم علیہ السلام کے سامنے ملائکہ کا سجدہ بغرض عبودیت نہ تھا۔ کہ معاذ اللہ اس پر شرک کا الزام آئے۔ بلکہ ایک طرح کی تعظیم و تکریم تھی۔ تفسیر مظہری میں لکھا ہے۔ کہ یہاں سجدہ کے معنی تذلل و تواضع کے ہیں۔ جس سے حضرت آدم علیہ السلام کے لئے تسلیم و آداب بجالانا مقصود تھا۔ اور یہی مراد اخوان یوسفؑ کے سجدے سے ہے۔ جو انہوں نے حضرت یوسف علیہ السلام کو کیا تھا۔ بغوی کہتے ہیں کہ یہ قول اصح ہے۔ اور اس میں چہ زمین پر نہیں رکھا جاتا تھا۔ صرف کسیقدر سر جھکایا جاتا تھا۔ پھر جب دین اسلام آیا۔ تو یہ طریقہ تعظیم باطل قرار پایا۔ اور اس کی جگہ سلام مقرر ہوا۔

الخلاف ۔ ایک شارح نے پہلا مصرعہ یوں نقل کیا ہے۔ چوں ملک انوار حق بروے بیافت۔ یعنی بتافت کو بیائے تحتانی لکھا ہے۔ اس صورت میں بیافت کا فاعل ملک ہو جاتا ہے۔ اور تعقید نہیں رہتی۔

چوں ملائک نور حق دیدند ازو　　جملہ افتادند در سجدہ برو

ترجمہ جب فرشتوں نے ان سے نور حق کا مشاہدہ کیا۔ تو سب ان پر سجدہ کرتے ہوئے جھک گئے +

مدح ایں آدم کہ نامش مے برم　　قاصرم گر تا قیامت بشمرم

ترجمہ میں جن حضرت آدمؑ کا نام لے رہا ہوں۔ ان کی تعریف اگر قیامت تک کروں (تو بھی) پوری نہ کر سکوں۔

مطلب حضرت آدم علیہ السلام باوجود اس فضل و کمال کے کہ خداوند تعالیٰ نے ان کو علم اسماء سکھایا۔ اور فرشتوں کے ساتھ ان کا مقابلہ کرکے ان کی فضیلت ثابت کی۔ بلکہ فرشتوں کو ان کے سامنے سجدہ کرنے کا حکم دیا۔ مگر جب قضا آتی ہے۔ تو وہ بھی غلطی کر جاتے ہیں۔ چنانچہ فرماتے ہیں۔

حکایت حضرت آدم کہ گندم خورد

ایں ہمہ دانست و چوں آمد قضا دانش یک نہی شد بر وے خطا

لغات دانش عقل و فہم۔ سمجھنا نہی امتناعی حکم۔

ترجمہ (الغرض آدم علیہ السّلام کو) یہ سارا علم تھا۔ اور جب قضا آئی۔ تو وہ ایک امتناعی حکم کے سمجھنے میں خطا کھا گئے۔

مطلب بدبہ کہتا ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام باوجود اس فضل و کمال کے غلطی کر گئے۔ تو ہم کس شمار و قطار میں ہیں۔ حافظ رح ؎

جائیکہ برقِ عصیاں بر آدم صفی زد مارا چگونہ زیبد دعوائے بیگناہی

کاے عجب نہی از پئے تحریم بود یا بتاویلے بدو توہیم بود

لغات تحریم۔ حرام قرار دینا۔ تاویل کسی کلام کو اس کے ظاہری مفہوم سے پھیر کر کسی ایسے معنی پر محمول کرنا۔ جس کا احتمال صحیح ہو سکے۔ توہیم وہم دلانا۔

ترجمہ (حضرت آدم ؑ حیران تھے) کہ بڑا تعجب ہے۔ یہ (دانہ گندم کی) ممانعت حرمت کی وجہ سے تھی۔ یا کسی تاویل سے تھی۔ اور مجھے وہم میں ڈالا گیا۔

مطلب ۔ تفصیل قصہ قرآن مجید میں یوں ہے۔ وَقُلْنَا يَا آدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هَٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُونَا مِنَ الظَّالِمِينَ ۝ فَأَزَلَّهُمَا الشَّيْطَانُ عَنْهَا فَأَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيهِ وَقُلْنَا اهْبِطُوا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ إِلَىٰ حِينٍ ۝ اور ہم نے کہا اے آدم تم اور تمہاری بی بی بہشت میں بسو۔ اور اس میں جہاں کہیں سے تمہارا جی چاہے بافراغت کھاؤ۔ مگر اس درخت (گندم) کے پاس مت پھٹکنا ورنہ تم اپنا نقصان کر لوگے۔ پس شیطان نے ان کو وہاں سے پھسلا دیا۔ اور جس حالت میں تھے۔ اس سے ان کو نکلوا کر چھوڑا۔ اور ہم نے حکم دیا۔ کہ تم سب اتر جاؤ۔ تم ایک دوسرے کے دشمن ہو اور زمین میں تمہارے لئے ایک وقت تک ٹھکانا اور ساز و سامان ہے۔ (بقرہ ع ۴)

شعر کا مطلب یہ ہے کہ شجرہ ممنوعہ کے متعلق حضرت آدم ؑ کو یہ خیال آتا تھا۔ کہ آیا اس تحریم سے اس درخت کے پھل کا حرام ہونا بصریح معنی مراد ہے۔ یا اس حکم کا کچھ اور مطلب ہے۔ اور درخت فی الواقع حرام نہیں۔

رفع اشتباہ شاید کسی کو اس شعر کے مضمون سے یہ خلجان عارض ہو۔ کہ حضرت آدم علیہ السلام کو شجرہ کے متعلق جو حکم ہوا تھا۔ اگر اس میں ان کو شک و شبہ تھا۔ تو حکم آخر میں شک و شبہ ہونا ایک پیغمبر کی شان کے برخلاف ہے۔ اس کا جواب یہ ہے۔ کہ اگر کسی حکم الٰہی کے برحق ہونے میں شک ارتیاب ہو۔ تو یہ بات بیشک شان نبوت سے معارض بلکہ مقتضائے ایمان کے خلاف ہے۔ مگر حضرت آدم علیہ السلام کو اس قسم کا شک نہیں تھا۔ بلکہ ان کو شجرہ ممنوعہ کے متعلق خداوند تعالیٰ کی طرف سے حکم صادر ہونے کا تو یقین تام تھا۔ صرف اس امر میں ان پر خفا باقی تھا۔ کہ آیا یہ حکم حقیقی معنی میں امتناعی حکم ہے۔ یا اس کا مطلب

کچھ اور ہے۔ گویا ان کو نفس حکم میں شک نہیں تھا۔ بلکہ کیفیت حکم میں ایک قسم کا خفا باقی تھا اور اس خفا کی وجہ سے ان کے دل میں اضطراب و خلجان عارض ہو رہا تھا۔ جس کو مولانا یہاں تعجب سے تعبیر کرتے ہیں۔ اور اگلے شعروں میں اس کو حیرت سے تعبیر کریں گے۔ اور اس قسم کا تعجب و حیرت یا اضطراب و خلجان کا عارض ہونا منصب نبوت کے لئے مضر نہیں۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کئی مرتبہ بعض امور کے متعلق اس قسم کا خفا عارض ہونے کا موقعہ پیش آیا ہے۔ مثلاً قصہ افک اور معاملہ ابن صیاد وغیرہ اور آپ ایسے امور میں نزول وحی تک متردد و متفکر رہے ہیں۔ حضرت ابراہیم ع نے ایک مرتبہ دریا میں ایک مردہ مچھلی دیکھی۔ جسکو دریائی جانور اور گوشت خوار پرندے نوچ نوچ کر کھا رہے تھے۔ آپ کو خیال آیا۔ کہ اس قسم کے مردے قیامت کے روز کیونکر زندہ کئے جائینگے۔ پھر اللہ تعالیٰ کی درگاہ میں دعا کی دب ادنی کیف تحیی الموتی الٰہی مجھے دکھا کہ تو مردوں کو کس طرح زندہ کریگا۔ قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ارشاد ہوا کہ کیا تم (احیائے موتے پر) ایمان نہیں لائے۔ قَالَ بَلٰی وَلٰکِنْ لِّیَطْمَئِنَّ قَلْبِیْ۔ عرض کیا کیوں نہیں۔ مگر (یہ سوال) اس لئے (کیا ہے)۔ کہ میرے دل کو اطمینان حاصل ہو اس واقعہ سے ظاہر ہوا کہ ایمان کے باوجود اطمینان قلب کا ایک مزید درجہ ہے۔ اسیطرح حضرت آدم ع کو باوجودیکہ شجرہ ممنوعہ کے متعلق خدا کے حکم پر کامل یقین و ایمان تھا۔ مگر ابھی مزید اطمینان کی ضرورت باقی تھی۔ اور ابھی ان کو رفع خلجان وحصول اطمینان کا موقع نہیں ملا تھا۔ کہ شیطان نے ان کو دھوکا دینے کا یہ موقع غنیمت سمجھا۔ وقال قدس سرہٗ ؎

جانِ بابا گویدت ابلیس ہیں — تا بدم بفریبدت دیو لعین
ایں چنیں تلبیس با بابات کرد — آدمی را ایں سیہ رُخ مات کرد

در دلش تاویل چوں ترجیح یافت — طمع در حیرت سوئے گندم شتافت

ترجمہ جب (وسوسہ شیطان سے) ان کے دل میں تاویل نے ترجیح پائی۔ تو طبیعت حیرت میں (آکر) گندم کی طرف مائل ہوگئی۔

مطلب قرآن مجید میں اور جگہ حضرت آدم علیہ السلام اور شیطان کے اس قصے کے متعلق آیا ہے۔ کہ شیطان نے حضرت آدم اور حوا علیہما السلام سے کہا۔ مانھٰکما عن ھذہ الشجرۃ الا ان تکونا ملکین او تکونا خلدین یعنی اللہ تعالیٰ نے تم کو اس درخت سے اس لئے منع کیا ہے۔ کہ کہیں تم اس کے کھانے سے فرشتے نہ بنجاؤ۔ یا حیات دوام حاصل نہ کرلو۔ گویا شیطان نے یہ تاویل ان کے ذہن نشین کردی۔ کہ یہ درخت فی نفسہ حرام نہیں۔ بلکہ اس وجہ سے تم پر ممنوع کر دیا گیا ہے کہ تم کو یہ کمالات حاصل نہ ہو جائیں +

باغباں را خار چوں در پا رفت — دُزد فرصت یافت کالا بُرد و تفت

لغات کالا مال تفت۔ گرم۔ سرگرم۔ فرصت موقع پانا۔ ترکیب تفت حال ہے اور دزد ذوالحال۔

ترجمہ جب باغباں کے پاؤں میں کانٹا چبھ گیا۔ تو چور کو موقع مل گیا۔ اور وہ تیزی سے مال چرا لے گیا +

مطلب - جس طرح ایک باغبان کے پاؤں میں کانٹے کا چبھنا اور اس کا پاؤں کو لیکر بیٹھ جانا چور کے لئے باغ کے پھل اور میوے چرالے جانے کا موقع پیدا کر دیتا ہے - اس طرح حضرت آدم علیہ السلام کے دل میں شجرہ کی مرتح نہی یا تاویل کی متعلق جو حیرت پیدا ہو رہی تھی - وہ شیطان کے لئے ان کو بہکانے میں مد بن گئی - یہانتک کہ اس نے حضرت آدم ع کے دل میں وسوسے ڈال کران کو اس درخت کا پھل کھلا ہی دیا - جس کی پاداش میں ان کو جنت سے نکل جانے پر مجبور ہونا پڑا - صائب رح ؎

خرد مشمار گنہ را کہ گناہیست بزرگ گندے کرد ز فردوس بروں آدم را

چوں ز حیرت رست باز آمد براہ دید بردہ دزد رخت از کارگاہ

ترجمہ پھر جب حضرت آدم علیہ السلام حیرت سے نکلے - تو ان پر اصلیت منکشف ہوئی - (اور) دیکھا کہ چور کارخانہ سے (سارا) مال اسباب چرا لیگیا -

مطلب - یعنی جب حضرت آدم علیہ السلام کو شجرہ ممنوعہ کے تناول کے سبب سے حکم ہوا - کہ جنت سے نکل جائیں - تو پھر ان کو تنبہ ہوا - اور معلوم ہو گیا - کہ یہ سب شیطان کا فریب تھا - جس کا مقصد یہ تھا - کہ ان کو نعیم جنت سے محروم کردے - مگر اب کیا ہوتا تھا - چار و ناچار بہشت سے نکلنا اور زمین پر اترنا پڑا - صائب رح ؎

منکہ سر رشتۂ تدبیر ز دستم رفت ست نکنم خاک زمین را بسر خود چکنم

ربنا انا ظلمنا گفت و آہ یعنی آمد ظلمت و گم گشت راہ

ترجمہ (تب) حضرت آدم علیہ السلام ربنا ظلمنا کہہ کہہ کر مناجات کرنے اور (درد و سوز سے) آہیں بھرنے لگے - یعنی (الٰہی) اندھیر چھا گیا - اور ہم سے راستہ گم ہو گیا -

مطلب - حضرت آدم ع عتاب الٰہی کے نازل ہونے کے بعد دنیا میں آکر آہ و زاری کے ساتھ یہ دعا کرتے تھے رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا فَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَ تَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ الٰہی ہم نے اپنے آپ کے ساتھ برابر تاؤ کیا - پس اگر تو ہم کو نہ بخشے اور ہم پر رحم نہ کرے تو ہم ضرور خسارہ پانیوالوں میں سے ہونگے - حافظ رح ؎

فقیر و خستہ بدرگاہت آمدم رحمے کہ جز دلاے تو ام نیست ہیچ دستاویز

دوسرے مصرعہ میں مولانا رح کا اشارہ اس امر کی طرف ہے - کہ اس دعا میں ظلمنا ظلم سے مشتق نہیں ہے جو گناہ کبیرہ ہے - کیونکہ حضرت آدم ع نے جو کچھ کیا وہ تاویل کے ماتحت کیا تھا - اور تاویل کے ساتھ کوئی کام کرنا گناہ کبیرہ نہیں ہو سکتا - بلکہ یہ لفظ ظلمت سے مشتق ہے - پس ظلمنا انفسنا کے معنی یوں ہونگے - کہ ہم نے اپنے آپ کو تاریکی میں ڈال لیا - اپنے رتبہ اور منزلت کو ملحوظ رکھکر کام نہ کیا -

ایں قضا ابرے بود خورشید پوش شیر و اژدر ہا بود زو ہمچو موش

ترجمہ (الغرض یا حضرت سلیمان ع) یہ قضا ایک بادل ہے - سورج کو چھپا لینے والا - جس کے آگے شیر اور اژدھے بھی چوہے کی طرح (ضعیف و عاجز) ہیں - سعدی - رح ؎

اگر در حیاتت نماند ست بہر　　چنانت کشد نوشدارد کہ زہر
نہ رستم چو پایان روزی بخورد　　شغاد از نہادش برآورد گرد

من اگر دامے نہ بینم گاہِ حکم　　من نہ تنہا جاہلم در راہِ حکم

ترجمہ اگر میں قضا کے آنے پر جال کو نہیں دیکھ سکتا۔ تو قضا کے راستے میں صرف میں ہی بیخبر نہیں ہوں (بلکہ سب کا یہی حال ہے۔) جامی رح ؎

چوں از قضا گریز تواند کسے کہ بود　　دستِ قضا عناں کشِ او ہر کجا گریخت

اَے خُنک آں کو نکو کاری کند　　زور را بگذارد و زاری کند

ترجمہ (اے مخاطب) خوش نصیب ہے۔ وہ شخص جو (وقوع لغزش کے بعد) نیکوکاری (اختیار) کرے حجت بازی چھوڑ دے اور توبہ و استغفار کرے۔

مطلب۔ یہاں سے مقولہ مولنا رح شروع ہوتا ہے۔ یعنی مبارک ہے وہ شخص کہ جب اس سے بتقاضائے بشریت کوئی خطا ہو جائے تو اس کے کفارہ کے لئے طاعات وعبادات اور خیرات ومبرات وغیرہ نیک کام کرنے لگے امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ (احیاء العلوم میں) فرماتے ہیں۔ تو الحسنۃ یمحو عن وجہ القلب ظلمۃ السیئۃ۔ یعنی نیکی کا نور صفحہ دل سے گناہ کی تاریکی کو مٹا دیتا ہے۔ دوسری جگہ فرماتے ہیں۔ ان الواجب علیہ التوبۃ والندم والاستقبال بالتکفیر بحسنۃ تضادہ۔ یعنی مرتکب گناہ پر واجب ہے کہ توبہ کرے۔ نادم ہو۔ اور کسی ایسی نیکی کو گناہ کا کفارہ بنائے جو اس سے متضاد ہو۔ زور را بگذارد سے یہ مراد ہے۔ کہ فضول حجت آرائی سے باز رہے۔ جیسے جاہل لوگ کہا کرتے ہیں۔ کہ جو گناہ کرتے ہیں۔ وہ تقدیر میں لکھے ہوئے ہیں۔ اور قضاء الٰہی کے مطابق ہم سے صادر ہوتے ہیں۔ پس ان پر ہم کو کیوں مواخذہ ہوگا۔ نعوذ باللہ من ذلک۔ بلکہ لازم ہے۔ کہ توبہ و استغفار کرے تاکہ اگر ارتکاب خطا بقضائے الٰہی ہوا ہے۔ تو توبہ و استغفار بھی بقضائے الٰہی ہو جائے اور یہ قضا اس قضا کے زخم کے لئے مرہم بن جائے۔ نیچے کے اشعار اسی مضمون پر مشتمل ہیں۔

گر قضا پوشد سیہ ہمچوں شبت　　ہم قضا دستت بگیرد عاقبت

ترجمہ اگر قضا سیہ (بختی) کا لباس بن کر رات کی طرح تجھ کو چھپالے۔ تو انجام کار قضا ہی تیری دستگیری بھی کرے گی۔

مطلب۔ اگر مشکلات و مصائب بقضائے الٰہی پیش آئیں۔ تو دعا و مناجات کی طرف متوجہ ہو جاؤ شاید اسی ذریعہ سے دفع مصائب اور حل مشکلات مقدر ہو۔ سعدی رح ؎

مپندار ازیں در کہ ہرگز نہ بست　　کہ نومید گردد برآوردہ دست

گر قضا صد بار قصدِ جاں کند　　ہم قضا جانت دہد درماں کند

ترجمہ اگر قضا سو بار بھی تیری جان لینا چاہتی ہے۔ تو قضا ہی تجھے جان بھی دیگی (اور) علاج

ابھی) کرے گی۔

مطلب - جب قضا بلا بن کر آتی ہے۔ تو دعا بھی قضا بنکر اس کا مقابلہ کرتی ہے۔ کما قال حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہ یخلق اللہ تعالی البلاء وخلقا ما فیازلہ علی المبتلی ویصعد الدعاء فیرد ہ۔ یعنی اللہ تعالیٰ ایک بلا کو کسی طرح کی پیدائش کے ساتھ پیدا کرتا ہے۔ پھر اس کو کسی مبتلا پر نازل کرتا ہے۔ اور ادھر سے دعا اوپر جاتی ہے۔ تو وہ دعا اس بلا کو دفع کر دیتی ہے۔ صائب رح ؎

دستِ دُعا بود سپرِ ناوکِ قضا　　در کارِ خیر صرف کن اقبال خویش را

ایں قضا صد بار گر راہت زند　　برفرازِ چرخ خرگاہت زند

ترجمہ - یہ قضا اگر سو بار تجھے راستے میں لوٹتی ہے۔ تو (یہی قضا) تیرا خیمہ آسمان پر نصب (بھی) کرتی ہے۔

مطلب - یہ شعر بھی اوپر کے اشعار کا ہم مضمون ہے۔ یعنی اگر نزول بلا مقدر ہے۔ تو مناجات و دعا کرو شاید اس کے ذریعہ سے دفع بلا اور حصولِ درجات بھی مقدر ہو۔ ان اشعار کا خلاصہ مطلب ایک اور طرح بھی ہو سکتا ہے۔ وہ یہ کہ اگر تم قضائے الٰہی پر راضی رہو۔ اور تقدیرِ خداوندی پر سرِ تسلیم خم کر دو۔ تو قضا کی زحمت تمہارے لئے مبدل برحمت ہو جائے۔ کلیم رح ؎

مرد حق بیں کہ بلا را زخدائے بیند　　تیغ را بر سرِ خود بال ہمائے بیند

از کرم داں اینکہ مے ترساندت　　تا بملکِ ایمنی بنشاندت

ترجمہ - یہ قضا جو تم کو ڈراتی ہے۔ تو اس کو (ایک طرح کی) مہربانی سمجھو تاکہ تم کو امن و اطمینان کی سرزمین میں لا بٹھائے۔

مطلب - نیک بندہ ڈرتا ہے کہ مبادا مجھ سے کوئی خطا سرزد ہو۔ اور اس کی پاداش میں مستوجبِ عذاب ٹھہروں حالانکہ ارتکابِ معاصی اور جزائے اعمال اگرچہ۔ تو وہ سب مقدر و محتوم ہو چکا ہے۔ پس یہ خوف اس کے تقویٰ و پارسائی اور نجاتِ عقبیٰ کا باعث ہو جاتا ہے۔ وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى (النازعات ۴۰) اور جو شخص اپنے پروردگار کے حضور میں کھڑا ہونے سے ڈرا اور اپنے نفس کو خواہش سے روکتا رہا۔ تو (اس کا) ٹھکانا بس بہشت ہوگا۔ سعدی رح ؎

نکو نام را کس نگیرد اسیر　　بترس از خدا و مترس از امیر

چوں بترساند ترا آگہ شوی　　ور نترساند ترا گمرہ شوی

ترجمہ - جب (قضا) تم کو ڈراتی ہے۔ تو تم چوکس ہو جاتے ہو۔ اور اگر تم کو نہ ڈرائے تو تم گمراہ (و غافل) ہو جاؤ۔

مطلب مصائب و نوائب کا خوف رفع غفلت کی ایک غیبی تدبیر ہے۔ قال بعضہم ؎

نماید گوشمالِ دہر ہشیار اہل غفلت را　　چو مدہوشے کہ از ایامِ اعضا بہوش آید

این سخن پایاں ندارد گشت دیر گوش کن تو قصۂ خرگوش و شیر

ترجمہ یہ بات ختم ہونیوالی نہیں (ادھر) دیر ہوگئی۔ اب خرگوش اور شیر کا قصہ سنو۔

پائے واپس کشیدن خرگوش از شیر چون نزدیک چاہ آمد

کوئیں کے پاس آکر خرگوش کا شیر سے قدم پیچھے ہٹا لینا

شیر با خرگوش چوں ہمراہ شد پُر غضب پُر کینۂ بدخواہ شد

ترجمہ جب شیر خرگوش کے ساتھ گیا۔ تو غضبناک اور دشمن کے کینے سے پُر ہو رہا تھا

بود پیشاپیش خرگوشِ دلیر ناگہاں پا را کشید از پیشِ شیر

لغات پیشاپیش میں الف اتصال کے لئے ہے۔ پائے کشیدن۔ رک جانا۔ ٹھہر جانا۔

ترجمہ دلیر خرگوش آگے آگے (چل رہا) تھا۔ کہ اچانک شیر کے سامنے سے ٹھٹک کر رہ گیا۔

چونکہ نزدِ چاہ آمد شیر دید کز رہ آں خرگوش ماند و پا کشید

ترجمہ۔ جب شیر کوئیں کے پاس آیا۔ تو دیکھا۔ کہ وہ خرگوش راہ سے ٹھہر گیا ہے۔ اور ٹھٹک رہا ہے

گفت پا واپس کشیدی تو چرا پائے را واپس مکش پیش اندرا

لغات پائے واپس کشیدن۔ چلنے سے رُک جانا۔ ٹھہر جانا۔

ترجمہ (شیر نے کہا۔ تو نے قدم پیچھے کیوں ہٹا لیا۔ پاؤں پیچھے نہ ہٹا آگے چلا آ۔

گفت کو پایم کہ دست و پا رفت جانِ من لرزید و دل از جا رفت

لغات کو کہاں۔ دست و پا رفتن۔ بے حواس ہوجانا۔ ہاتھ پاؤں پھولنا۔ دل از جائے رفتن گھبرا جانا۔ سہم جانا۔

ترجمہ (خرگوش) بولا کہاں کا پاؤں۔ میرے تو مارے ڈر کے ہاتھ پاؤں پھول گئے۔ میری جان کانپ گئی اور دل سہم گیا۔

رنگِ رویم را نمے بینی چو زر؟ زانکہ روں خود میدہد ہر دم خبر

ترجمہ تو میرے چہرے کا رنگ نہیں دیکھتا (جو زردی سے) سونے کا سا (ہو رہا ہے) میرا رنگ ہی دل کا حال بتا رہا ہے۔ امیر خسرو رح ؎

تو حال مرا خود از میں روئے زرد مپرس کہ من بروے تو پیدا نے توانم کرد

حق چو سیما را معرف خواندہ است چشم عارف سوے سیما ماندہ است

لغات سیما نشان۔ علامت۔ مجازاً پیشانی۔ معرف تعریف کرنیوالا۔ حال بتانے والا۔ عارف پہچاننے والا۔

ترجمہ ۔چونکہ اللہ تعالیٰ نے پیشانی کو حال بتانیوالی فرمایا ہے (اس لئے کسی آدمی کو) پہچاننے والے کی نظر (اس کی) پیشانی کی طرف رہتی ہے۔

مطلب یہاں اس آیت کے مضمون کی طرف تلمیح ہے۔ لِلْفُقَرَاءِ الَّذِينَ أُحْصِرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ لَا يَسْتَطِيعُونَ ضَرْبًا فِي الْأَرْضِ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ أَغْنِيَاءَ مِنَ التَّعَفُّفِ تَعْرِفُهُمْ بِسِيمَاهُمْ لَا يَسْأَلُونَ النَّاسَ إِلْحَافًا (خیرات تو) اُن حاجتمندوں کا حق ہے۔ جو اللہ کی راہ میں گھرے بیٹھے ہیں۔ ملک میں کسی طرف کو جا نہیں سکتے۔ بیخبر آدمی اُن کی خودداری کی وجہ سے اُن کو غنی سمجھتا ہے۔ لیکن تو ان کی صورت سے ان کو صاف پہچان جائے۔ کہ لگ لپٹ کر لوگوں سے نہیں مانگتے۔ (بقرہ ع ۳۷)

سیما کا معرف ہونا ایک اور آیت میں بھی مذکور ہے۔ جو آگے درج ہوگی۔

کلمہ تعرفہم سے مولانا نے یہ بات اخذ کی ہے کہ اللہ نے پیشانی کو معرف قرار دیا ہے۔ اور عارف سے بتقاضائے قرینہ یا تو لغوی معنی یعنی کسی انسان کو پہچاننے والا مراد ہے۔ یا اصطلاحی معنی یعنی اہل معرفت اور صوفی مراد ہے۔ کہ وہ بھی اہل ارادت کا حال ان کی پیشانی سے معلوم کر لیتا ہے۔ صائب رح ؎

در جبہۂ من شعلۂ فطرت بتواں دید چوں تیغ عیاں جوہر ازیں چین جبین است

رنگ و بو غمّاز آمد چوں جرس از فرس آگہ کند بانگِ فرس

لغات ۔غمّاز اشارہ کرنیوالا۔ خبردار۔ جرس گھڑیال۔

ترجمہ رنگ و بو گھڑیال کی طرح (چلّا چلّا کر) حال بتاتے ہیں۔ گھوڑے کا ہنہنانا گھوڑے (کے اوصاف) کی خبر دیتا ہے۔ حافظ شیرازی رح ؎

روے زرد ست و آہ درد آلود عاشقاں را گواہِ رنجوری

بانگِ ہر چیزے ز ساند ز و خبر تا بدانی بانگِ خر از بانگِ در

لغات ذرّ جمع ذرہ چیونٹی۔ بعض شراح نے در بدال مہملہ نقل کیا ہے۔ بمعنی دروازہ۔

ترجمہ ہر چیز کی آواز اس کی (حالت سے) آگاہ کرتی ہے۔ تم کو لازم ہے۔ کہ گدھے کی (سخت) آواز سے لیکر چیونٹی کی (خفیف وغیر محسوس) آواز تک (تمام آوازوں) کے فرق کو سمجھو۔ (اور ہر چیز کی آواز سے اس کے احوال کا سُراغ لگاؤ)

مطلب اس سے قرآن مجید کی سورہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی ایک آیت کی طرف اشارہ ہے۔ جس میں سیما کے معرف ہونے کے ساتھ ہی آواز کے معرف ہونے کا بھی ذکر ہے۔ أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ أَنْ لَنْ يُخْرِجَ اللَّهُ أَضْغَانَهُمْ وَلَوْ نَشَاءُ لَأَرَيْنَاكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيمَاهُمْ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِي لَحْنِ الْقَوْلِ وَاللَّهُ يَعْلَمُ أَعْمَالَكُمْ کیا وہ لوگ جن کے

دلوں میں روگ ہے۔ اس خیال میں ہیں۔ کہ خدا ان کی دلی عداوتوں کو کبھی ظاہر نہیں کریگا۔ اور ہم چاہتے۔ تو تمہیں ان لوگوں کو دکھا دیتے۔ کہ تم ان کو ان کی صورت ہی سے پہچان لیتے۔ اور تم ان کو طرز کلام سے ضرور پہچان لوگے اور اللہ تم سب کے عملوں کو جانتا ہے۔ جامی رح ؎

ہست سخن پردہ کش رازہا　　زندہ کن مردۂ آوازہا

گفت پیغمبر بہ تمییز کساں　　مرء مخفی لدی طی اللسان

ترجمہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں میں تمیز کرنے کے بارے میں فرمایا ہے۔ کہ آدمی اپنی زبان (کے بند رکھنے) میں مخفی ہے۔

مطلب مولانا بحرالعلوم رح لکھتے ہیں کہ یہ اس حدیث کی طرف اشارہ ہے۔ المرء مخبوء فی لسانہ کافی طیلسانہ آدمی اپنی زبان میں مخفی ہے۔ نہ کہ اپنی چادر میں۔ سعدی رح ؎

تا مرد سخن نگفتہ باشد　　عیب و ہنرش نہفتہ باشد

وقال بعضہم ؎　　در سخن گفتن خطائے جاہلاں پیدا شود
تیر کج چوں از کماں بیروں رود رسوا شود

رنگ رُو از حالِ دل دارد نشاں　　رحمتم کن مہر من در دل نشاں

لغات نشاں۔ نشانی علامت اور صیغہ امر نشاندن بٹھانا سے۔ صنائع کلہ نشاں میں صنعت تجنیس تام

ترجمہ (میرے) چہرے کی رنگت دل کے حال کی نشانی ہے (اے شیر) مجھ پر رحم کر (یعنی دشمن سے نجات دلا) اور میری محبت دل میں قائم کر (کہ میں تیرا خادم جاں نثار رہوں) صائب رح ؎

رحم کن بر مایہ بختاں کہ با آں سرکشی　　شمع در شبہا بدست آرد دل پروانہ را

رنگِ روئے سرخ دارد بانگِ شکر　　رنگِ روئے زرد دارد صبر و نکر

لغات بانگ آواز۔ نکر عذاب۔ تکلیف　　صنائع۔ مقابلہ۔ ترصیع

ترجمہ سرخ چہرے کی رنگت (زبانِ حال سے دل کے) شکر (اور احسانمندی کو) پکار (پکار کر) بیان کر رہی ہے۔ زرد چہرے کی رنگت صبر اور عذاب (کی علامت) رکھتی ہے ؎

قصۂ عشق تو جامی زکساں چوں پوشد　　چہرہ گویاست اگرچند زباں خاموش ست

در من آمد آنچہ در روئے گشت مات　　آدمی و جانور جمادِ نبات

لغات مات شکست خوردہ۔ منہزم۔ مقہور۔ گرفتار جامد جمادات۔ اینٹ پتھر۔ نبات درخت گھاس وغیرہ زمین سے اُگنے والی چیزیں۔

ترجمہ (اے شیر!) مجھ میں وہ چیز سما گئی ہے۔ جس کے آگے آدمی اور جانور اور جمادات و نباتات (غرض) سب شکست پا گئے ؎

مطلب خرگوش کہتا ہے۔ کہ میری حالت کے متغیر ہونے کا سبب یہ ہے۔ کہ مجھ پر موت کا خوف چھا رہا ہے اور موت وہ چیز ہے۔ جو خدا کے سوا ہر چیز کو فنا کر کے چھوڑے گی۔ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ۔ ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے۔ مگر اس کی ذات پاک كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَيَبْقَىٰ وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ (رحمٰن رکع ۲) جتنی مخلوقات زمین پر ہے۔ سب فنا ہو جانے والی ہے۔ اور تمہارے پروردگار کی ذات باقی رہ جائے گی۔ کما قیل ؎

ہر انکہ زاد بنا چار بایدش نوشید ز جام دہرے کُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ

درمن آمد آنکہ دست و پا برد رنگ رُو و قوّت و سیما برد

لغات دست و پا بردن حواس باختہ کر دینا۔ سیما سے یہاں لغوی معنی مراد ہیں۔ یعنی علامت۔

ترجمہ مجھ میں وہ چیز سما گئی ہے۔ جو حواس باختہ کر دیتی ہے چہرے کا رنگ اڑا دیتی ہے۔ قوت کو زائل اور علامات (صحت) کو تبدیل کر دیتی ہے ✦

مطلب خوف موت وہ چیز ہے۔ جو انسان کو بدحواس اور متغیر الحال بنا دیتی ہے۔ صائب رح ؎

ہر سر موے ترا با زندگی پیوندہا ست با چنیں وابستگی از خود بریدن مشکل است

آنکہ در ہر چیہ در آمد بشکند ہر درخت از بیخ و بُن او بر کند

ترجمہ (مجھ میں) وہ چیز (سما گئی ہے) کہ وہ جس چیز میں سمائے اس کو توڑ ڈالے (اور) ہر درخت کو بیخ و بن سے اکھیڑ ڈالے۔

مطلب بڑے بڑے تناور و شہزور موت کے حملے میں کمزور و ناتواں ثابت ہوتے ہیں صائب رح ؎

طعمۂ مور شوی گرچہ سلیماں شدۂ زال میگردی اگر رستم دستاں شدۂ

ایں خود اجزایند کُلیات ازو زرد کردہ رنگ و فاسد کردہ بُو

لغات اجزا جزئیات۔ چھوٹی مخلوق یا مختلف انواع کے افراد و اشخاص کلیات طبقات عنصری جو بہت سی چھوٹی مخلوق پر مشتمل ہوں۔ یا بڑی بڑی مخلوقات۔ جیسے ارض و فلک۔ شمس و قمر۔ کوہ و دریا۔ باغ و صحرا۔

ترجمہ یہ تو (خیر) چھوٹی چھوٹی چیزیں ہیں۔ بڑی بڑی چیزوں کا بھی اس (کی دہشت) سے یہ حال ہے۔ کہ رنگ زرد ہو جاتا ہے اور بو بگڑ جاتی ہے۔ کما قیل ؎

بیک روز و بیک ساعت بیکدم دگرگوں میشود احوالِ عالم

تا جہاں گہ صابرست و گہ شکور بوستاں گہ جُلّہ پوشد گاہ عُور

لغات صابر صبر کرنیوالا۔ شکور۔ شکر گذار۔ جُلّہ۔ پوشاک۔ شاہانہ لباس۔ عُور برہنہ۔

ترجمہ۔ یہانتک کہ جہاں (بھی) کبھی زوال و تنزل پر صابر ہے۔ اور کبھی (ترقی و عروج پر)

شاکر ہے۔ باغ کبھی سبز پوشاک پہنے ہوئے ہے۔ کبھی ننگا ہے۔ سعدی رح ؎

شکوفہ گاہ شگفتہ ست وگاہ خوشیدہ　　درخت وقت برہنہ ست ووقت پوشیدہ

آفتابے کو بر آید نارگوں　　ساعتے دیگر شود او سرنگوں

لغات نار آگ۔ نارگوں مرکب غیر امتزاجی۔ سرنگوں اوندھا۔

ترجمہ سورج جو (صبح کے وقت) آگ کی طرح (دھکتا) نکلتا ہے۔ دوسری گھڑی وہ ڈھلنے لگتا ہے۔ صائب رح ؎

بلند و پست جہاں در قضائے یکدگرست　　اگر بماہ برائی نظر بجاہ انداز

اختران تافتہ بر چار طاق　　لحظہ لحظہ مبتلائے احتراق

لغات اختر ستارہ۔ تافتہ از تافتن چمکنا۔ چار طاق ایک قسم کا چار گوشہ خیمہ۔ جسکو ہندی میں راوٹی کہتے ہیں۔ احتراق جل جانا۔ اہل نجوم کی اصطلاح میں پانچ ستاروں یعنی زحل، مشتری، زہرہ، عطارد۔ مریخ، میں سے کسی ستارے کا سورج کے ساتھ ایک برج میں جمع ہونے کی وجہ سے اس کی شعاع میں مخفی ہو جانا۔

ترجمہ چمکدار ستارے (آسمان کی) راوٹی پر دمبدم (سورج کے آگے) ماند پڑ جانے میں مبتلا ہیں۔

ماہ کو افروزد اختر در جمال　　شد ز رنج دق او ہمچوں ہلال

لغات اختر افروختن خوش نصیب ہونا۔ **صنائع** ماہ اختر ہلال مناسبات ہیں۔ ہلال استعارہ ہے لاغر سے۔

ترجمہ چاند خوبصورتی میں روشن اختر ہے۔ وہ بھی دق کی بیماری سے ہلال کی طرح (لاغر) ہے۔

مطلب۔ چاند جو پندرھویں تاریخ سے گھٹنا شروع ہوتا ہے۔ اس کو دق کے مریض سے تشبیہ دی ہے۔ کیونکہ وہ بھی روز بروز گھلتا اور لاغر ہوتا جاتا ہے۔ صائب رح ؎

مہ تمام ہلال و ہلال شد مہ بدر　　بیک قرار کہ در روزگارے ماند

اجرام فلک کے تغیرات و انقلابات کے ذکر کے بعد اب زمین۔ کوہ و دریا اور عناصر کا ذکر کرتے ہیں۔

ایں زمین یا سکون و یا ادب　　اندر آرد زلزلہ اش در لرز و تب

ترجمہ یہ زمین (کیسی) با سکون و با ادب (ہے) زلزلہ اس کو (بھی) تب لرزہ میں مبتلا کر دیتا ہے۔

اے بسا کہ زیں بلائے مردہ ریگ　　گشتہ است اندر جہاں او خوردہ ریگ

لغات کہ مخفف ہے کوہ کا مردہ ریگ بضم میم و یائے مجہول مردے کا مال۔ ناچیز۔ فرومایہ۔ خوردہ باریک۔

ترکیب بلائے مردہ ریگ میں ترکیب اضافی نہیں ہے۔ ورنہ معنی میں تکلف کرنا پڑیگا۔ بلکہ زیں بلائے متعلق جملہ ہے۔ بلا کی یا تعظیم کے لئے ہے۔ اور بسا کوہ مبتدا مردہ ریگ اس کی خبر اور کلمہ ربط محذوف ہے۔

ترجمہ (اے مخاطب!) بہتیرے پہاڑ اس بلائے عظیم سے ناچیز بنگئے اور (پس پس کر) باریک ریت (کی طرح) ہوگئے۔

ایں ہوا با رُوح آمد مُقترن چُوں قضا آید وبا گشت وعفن

لغات مقترن نزدیک۔ مناسب وبا عام پھیلنے والا مرض عفن۔ متعفن۔ گندا۔ سڑا ہوا۔

ترجمہ یہ ہوا (جو) رُوح کا ساتھ دے رہی ہے۔ جب قضا آتی ہے۔ (تو) وبا بنجاتی اور گندی ہو جاتی ہے

مطلب ضروریات حیات میں ہوا سب سے مقدم اور زیادہ ضروری ہے۔ اگر طعام نہ ملے۔ تو انسان آٹھ دن تک نہیں مرتا۔ اگر پانی نہ ملے۔ تو تین دن تک اس کی زندگی کو کوئی خطرہ نہیں۔ لیکن اگر سانس لینے کے لئے ہوا نہ ملے۔ تو انسان چند منٹ میں مرجائے۔ غرض جو ہوا تنفس کے ذریعہ سے انسان کی قوت رُوح اور معاون زندگی ہے۔ بقول حضرت سعدی " ہر نفسیکہ فرو مے رود ممد حیات است " تماشائے قدرت یہ ہے۔ کہ وہی ہوا متعفن ہوکر وبا کی صورت اختیار کرتی ہے۔ اور انسان کے خرمن حیات کے لئے برق خاطف ثابت ہوتی ہے۔

آب خوش کو رُوح را ہمشیرہ شد در غدیرے زرد و تلخ و تیرہ شد

لغات ہمشیرہ۔ بھائی۔ بہن۔ غدیر۔ جوہڑ تالاب تیرہ گدلا۔ مکدر۔

ترجمہ خوشگوار پانی جو روح کا بھائی بن گیا ہے (قضا سے یہ بھی) جوہڑ میں (پڑا پڑا) زرد اور تلخ اور گدلا ہوگیا۔

مطلب - انسان کی ضروریات زندگی میں ہوا سے دوسرے درجہ پر پانی ہے۔ مگر وہ بھی مکدر و متعفن ہوکر بجائے معین صحت ہونے کے مضر صحت بن جاتا ہے۔

آتشے کو باد دارد در بروت ہم یکے بادے بروخواند تمُوت

لغات باد در بروت داشتن مغرور ہونا **صنائع** آتش و باد میں مناسبت ہے۔

ترجمہ آگ جو ہوا سے مونچھ پھلائے ہوئے ہے (یعنی بڑی مغرور ہے) ہوا ہی کا ایک جھونکا اس کے لئے پیغام فنا ہے۔

خاک کو شد مایۂ کُل در بہار ناگہاں بادے برارد زو دمار

لغات دمار برآوردن۔ ہلاک کر دینا۔ تباہ کرنا۔ **ترجمہ** (سبزہ زار کی) زمین جو (موسم) بہار میں سب کی مایۂ (شادمانی) ہے۔ اچانک باد (خزاں) اس کا ستیاناس کر جاتی ہے۔ حافظ رح ؎

رسم بدعہدی ایام چو دید ابر بہار گریہ اش بر سمن و سنبل و نسریں آمد

حالِ دریا از اضطراب و جوشِ او فہم کن تبدیلہائے ہوشِ او

لغات اضطراب دریا دریا کا موجزن ہونا۔ تبدیل ہوش حواس باختگی۔
ترجمہ دریا کا حال (دیکھ اس کی) بیقراری اور جوش سے اس کی بدحواسی معلوم کرلے۔

چرخ سرگرداں کہ اندر جستجوست حالِ او چوں حالِ فرزندانِ اوست

ترجمہ سرگرداں آسمان جو (اپنی مسلسل حرکت کی وجہ سے ایسا معلوم ہوتا ہے۔ گویا کسی) جستجو میں ہے۔ اس کا حال بھی اس کی اولاد (موالید ثلاثہ) کی طرح ہے۔
مطلب اوپر اربعہ عناصر اور موالید ثلاثہ یعنی حیوانات و نباتات وجمادات کے انقلاب تغیرات کا ذکر تھا۔ اب فرماتے ہیں۔ کہ خود آسمان بھی جس کی آغوش تاثیرات میں ان چیزوں کی نشو ونما ہوتی ہے۔ اس قسم کے انقلابات کا نشانہ بنا ہوا ہے۔

گہ حضیض و گہ میانہ گاہ اوج اندر و از سعد و نحسے فوج فوج

لغات اوج۔ حضیض۔ میانہ۔ اہل ہیئت کہتے ہیں۔ کہ ساتوں سیارے ایک دائرے پر حرکت کرتے ہیں۔ اور اس دائرہ کا مرکز ایک نقطہ ہے۔ جو فلک الافلاک کے مرکز سے اوپر ہے اور وہی زمین کا مرکز ہے۔ اور اس دائرے پر ایک نقطہ فلک الافلاک کے مرکز سے ابعد ہے۔ اور ایک نقطہ اس سے اقرب ہے۔ نقطہ ابعد کو اوج کہتے ہیں۔ اور نقطہ اقرب کو حضیض کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ دونقطے اس دائرے کے محیط پر ہیں۔ کہ فلک الافلاک کے مرکز سے ان کا بعد اس قدر ہے جس قدر وہ اس دائرے کے مرکز سے دور ہیں۔ ان دونوں نقطوں کو اوسط کہتے ہیں۔ مولانا نے اوسط کو بضرورت شعری بطور ترجمہ میانہ کے لفظ سے تعبیر کیا ہے۔ سعد نیک نیکبختی مبارک ستارے۔ مثلاً مشتری وزہرہ وغیرہ۔ منازل قمر میں سے بائیسویں منزل اور وہ دو ستارے ہیں جو بدی کے سینگوں پر۔ اور ایک ستارہ ان دونوں ستاروں کے پاس اور ہے۔ جس کو شاۃ سعد کہتے ہیں یعنی سعد کی بکری گویا سعد اس بکری کو ذبح کر رہا ہے۔ اسیواسطے اس کو سعد ذابح بھی کہتے ہیں نحس نامبارک۔ منحوس ستارے۔ مثلاً زحل اور مریخ وغیرہ فوج فوج یعنی کثیر۔
ترجمہ (اور فلک کا تغییر یہ ہے۔ کہ اس کی حرکت سے) کبھی نقطۂ حضیض (پیدا ہوتا ہے) کبھی بعد اوسط۔ کبھی اوج۔ اور اس (فلک) کے اندر سعد و نحس (ستاروں کی) کثرت ہے۔

گہ شرف گاہے صعود و گہ فرح گہ وبال و گہ ہبوط و گہ ترح

لغات شرف بلندی اہل نجوم کی اصطلاح میں ہر برج ایک خاص ستارے کے لئے خانہ شرف ہے۔ چنانچہ برج حمل سورج کے لئے خانہ شرف ہے۔ صعود اوپر چڑھنا۔ حضیض سے اوج کی طرف ستارے کی حرکت کرنا
ہبوط گرنا اور یا کے ضمہ سے اترنا۔ اہل نجوم کی اصطلاح میں ستاروں کی خاص منازل کا نام ہے جہاں ان ستاروں کا پہنچنا ان کے منسوبات کی پستی و تنزل کی دلیل ہے۔ جیسے کہ آفتاب کا محل ہبوط میزان ہے۔ اور قمر کا محل ہبوط عقرب ہے۔ فرح خوشی۔ اہل نجوم کی اصطلاح میں کسی خاص برج کو کسی خاص ستارے کا خانہ فرح کہتے ہیں۔ مثلاً حمل خانہ فرح ہے عطارد کا۔ ترح فرح کی ضد ہے۔ نجومیوں کے نزدیک ہر ستارے

کا برج اس کے خانہ فرح سے ساتویں برج میں ہوتا ہے۔ جیسے عطارد کا خانہ ترح میزان ہے۔ جو حمل سے ساتواں بُرج ہے۔ وبال سختی۔ دشواری نجومیوں کی اصطلاح میں کسی ستارے کا اپنے بُرج کے مقابل یعنی ساتویں بُرج میں آنا جیسے آفتاب کا برج اس کی حرارت مزاج کی مناسبت سے اسد ہے۔ پس دو جو اسی سے ساتواں بُرج ہے اس کا خانہ وبال ہے۔

ترجمہ (اور ان ستاروں کو) کبھی شرف (حاصل ہوتا ہے) کبھی صعود اور کبھی فرح کبھی وبال اور کبھی ہبوط اور کبھی ترح۔

فائدہ کواکب کی سعادت ونحوست کے اعتقاد کا مسئلہ نہایت اہم ہے جس میں عدم احتیاط روا رکھنا آدمی کو شرک وکفر میں مبتلا کر سکتا ہے۔ مفتاح العلوم کے حصۂ اول میں اسپر مفصل بحث کی جا چکی ہے۔

از خود اے جزوے ز کلہا مختلط فہم مے کن حالت ہر منبسط

لغات ۔ مختلط۔ مرکب۔ منبسط بسیط۔ مفرد۔

ترجمہ اے (مخاطب تو جو) جزو (ہے اور) کئی امور کلیہ سے مرکب (ہے) تو اپنی حالت سے ہر مفرد (جز) کی حالت کو سمجھ لے۔

مطلب ۔ اوپر عناصر کے تغیر کا ذکر تھا۔ جن کو امور کلیہ یا اصول کہتے ہیں۔ کیونکہ تمام اجسام ان سے مرکب ہیں۔ گویا اجسام ان کی جزئیات اور وہ اجسام کی کلیات ہیں۔ اور انسان بھی انہی کلیات کی ایک جزئی ہے۔ لہذا فرماتے ہیں۔ کہ اے انسان جو امور کلیہ یعنی عناصر سے مرکب ہے۔ اپنے تغیر احوال سے اپنے اجزاء یعنی آب وخاک وباد وآتش کے تغیر کا حال سمجھ لے۔ جن سے تو مرکب ہے۔ انسان کا تغیر تو ظاہر ہے۔ کہ قطرۂ آب سے مضغۂ گوشت بنا۔ روح کی معیت ہوئی۔ بچہ بن گیا۔ جوان ہوا۔ بڑھاپے کو پہنچا۔ آخر موت آئی۔ تو روح جدا ہوگئی۔ اور جسم مٹی میں مل گیا۔ اسیطرح اسکے اجزائے جسم بھی جنکو عناصر کہتے ہیں۔ تغیرات کا تختۂ مشق ہیں۔ پرانی تحقیقات کی رو سے انسان کے عناصر جسم صرف چار ہیں۔ مگر تحقیقات جدیدہ سے ثابت کیا گیا ہے۔ کہ تقریباً سولہ اشیاء سے انسان کا جسم بنا ہے۔ جن میں سونا چاندی۔ تانبا۔ لوہا۔ گندھک بھی شامل ہیں۔ تغیر اجزاء کے سمجھنے کے لئے مثال کے طور پر فولاد کو لو۔ جو انسان کا جزو جسم ہے۔ انسان کے تندرست بدن میں فولاد کی ایک خاص معین مقدار موجود رہتی ہے۔ کبھی وہ مقدار کم ہوجاتی ہے۔ تو بدن زرد، جگر خراب، قوت کم۔ ہاضمہ ضعیف ہوجاتا ہے۔ کچھ اور فولاد جو کبھی معدن میں مٹی کے ساتھ مخلوط پڑا تھا۔ پھر اسپر صفائی اور نکھار کا عمل ہوا۔ خالص فولاد کی شکل میں آیا۔ کوٹ پیٹ کر باریک کیا گیا۔ بعض جڑی بوٹیوں کے ساتھ ملکر آگ میں پکا۔ کشتہ ہوا۔ پھر بعض دواؤں کے ہمراہ مرکب بنا۔ طبیب کی تجویز سے اس مریض کے پیٹ میں گیا۔ ہضم ہوا۔ خون میں ملا۔ جسم کے فولاد کی کمی اس سے پوری ہوئی۔ مریض کی حالت اچھی ہونے لگی۔ خون سُرخ اور جسم توانا ہوگیا۔ دیکھو اس فولاد نے کتنی مرتبہ مٹی پانی آگ اور ہوا کی سیر کی۔ اور کس قدر تغیرات کی نئریں طے کیں۔ یہی حال باقی اجزائے جسم کا ہے

سوال ۔ اس شعر اور اس کی تشریح میں پہلے تو عناصر کو کلیات کہا ہے۔ پھر انہی کو منبسط یعنی اجزا کہا ہے۔ کیا اس میں تعارض نہیں؟

انسان کے عناصر ترکیبی

جواب ۔عناصر یعنی آب خاک و باد و آتش تمام اجسام میں مشترک ہیں ۔اس عموم اشتراک کے لحاظ سے وہ امور کلیہ ہیں ۔لیکن کوئی خاص جسم جیسے آب و خاک اور باد و آتش سے مرکب ہے ۔ وہ اس جسم کے اجزا ہیں ۔ اور یہی اجزا ان امور کلیہ کی جزئیات ہیں ۔ فلا تعارض پہلے جو عناصر کے تغیرات کا ذکر کیا تھا ۔ وہ عام تغیرات تھے جن کا تعلق ان امور کلیہ سے بالکلیہ تھا ۔ اب یہاں ان تغیرات کی طرف اشارہ ہے ۔ جو خاص انسان کے اجزار جسم پر وارد ہوتے ہیں ۔ ع بینہما بون بعید ۔

چوں نصیب مہتراں درد است و رنج کہتراں را کے تواند بود گنج

ترجمہ جب بڑے لوگوں کی قسمت (میں) درد و رنج (لکھا) ہے ۔تو چھوٹے لوگوں کے حصے میں (خوشی کا) خزانہ کب آئے ۔

مطلب مہتراں سے مراد اصول اور امور کلیہ ہیں ۔اور کہتراں سے مقصود فروع اور امور جزئیہ ہیں ۔ چنانچہ نیچے کے شعر میں اس اشارہ کی توضیح کی ہے ۔

چونکہ کلیات را رنج ست و درد جزو ایشاں چوں نیاشد روئے زرد

ترجمہ جب کلیات (تغیرات و انقلابات کے) رنج و درد میں مبتلا ہیں ۔تو ان کی جزئیات کیوں نہ رزد رو (یعنی متغیر) ہوں ۔

خاصہ جزوے کو ز اضداد ست جمع زاب و خاک و آتش و باد ست جمع

ترجمہ خصوصًا ایسی جزئی (تو بہت ہی تغیرات کا مورد ہو سکتی ہے) جو مخالف اجزا سے مرکب ہو (یعنی) پانی ۔مٹی ۔آگ اور ہوا کا مجموعہ ہو ۔

مطلب ۔جب کلیات مورد تغیرات ہیں ۔تو جزئیات کیوں نہ ہوں ۔ خاصکر ایسی جزئیات جو اضداد کا مجموعہ ہیں ۔یعنی انسان ۔

سوال مشہور تو یہ ہے کہ اجتماع اضداد محال ہے ۔مگر یہاں مذکورہ جزئیات میں اجتماع اضداد کا وقوع تسلیم کیا ہے ۔

جواب ۔اجتماع اضداد کا محال ہونا اس لحاظ سے ہے ۔کہ ایک چیز پر ایک وقت میں متضاد امور صادق نہیں آسکتے ۔مثلاً ایک چیز ایک ہی وقت سیاہ اور سفید نہیں ہو سکتی ۔یہاں یہ بات نہیں ۔یہاں دو متضاد چیزوں کا اکٹھا ہونا مقصود ہے ۔چنانچہ یہ محال نہیں ۔ہے کہ دو سیاہ اور سفید چیزیں اکٹھی ہو جائیں ۔

این عجب نبود کہ میش از گرگ جست این عجب کہ میش دل در گرگ بست

لغات میش بھیڑ ۔گرگ بھیڑیا ۔جست از جستن ۔کودنا ۔بھاگ جانا ۔

ترجمہ یہ بات (موجب) تعجب نہیں ۔کہ بھیڑ بھیڑیے سے بھاگ نکلی (بلکہ) تعجب (کی بات) ہے تو یہ ہے ۔کہ بھیڑ نے بھیڑیے کے ساتھ دل لگا لیا ۔

مطلب انسان آب و آتش اور باد و خاک سے مرکب ہے۔ اگر ان متضاد و متخالف عناصر میں کشمکش واقع ہو جائے تو تعجب کی بات نہیں۔ بلکہ تعجب کی بات، تو یہ ہے کہ ان عناصر میں اتفاق کیونکر ہے۔ اس شعر میں خوف موت کا علاج مضمر ہے یعنی انسان کا مرنا اور دنیا کو چھوڑ جانا محل تعجب نہیں۔ بلکہ زندہ رہنا موجب حیرت ہے۔ لہذا زندگی کو ناپائدار و ناقابل اعتبار سمجھنا چاہیئے۔ اور مرنا ایک طبعی اور فطری امر ہے۔ اس سے ڈرنا اور گھبرانا نہیں چاہیئے۔ لسان العصر حکیم

ے موت سے ڈرنا بشر کا اک خیال خام ہے اصل فطرت میں فقط آرام ہی آرام ہے

زندگانی آشتی ضدہا ست مرگ آں کاندر میاں شاں جنگ خاست

لغات - آشتی صلح - دوستی - اتحاد - مناسبت -

ترجمہ (انسان کی) زندگی کیا ہے؟ مخالف چیزوں کا باہم تعلق ہے (اور) موت یہ (ہے) کہ ان (مخالف) چیزوں کے درمیان جنگ چھڑ گئی۔

مطلب - اوپر کے شعر میں جو زندگی کو ناپایدار اور ناقابل اعتبار فرمایا تھا - اب اس دعویٰ کی دلیل پیش کرتے ہیں - جس کا پہلا مقدمہ یہ ہے - کہ زندگی کا مدار اس پر ہے کہ اس کے عناصر جسم میں اتفاق و اتحاد ہے۔ دوسرا مقدمہ آگے آئیگا۔

صلح اضداد ست ایں عمر جہاں جنگ اضداد ست عمر جاوداں

ترجمہ (یا یوں کہو کہ) یہ دنیوی (زندگی مخالف چیزوں کی (باہمی) صلح ہے (اور) ان مخالف چیزوں کی جنگ ابدی زندگی ہے۔

مطلب - یہ اسی مقدمہ اولیٰ کا دوسرے الفاظ میں اعادہ ہے۔ عمر جاوداں یعنی ابدی زندگی کے لفظ سے یہ نکتہ نکلتا ہے کہ یہاں جسم سے، جسمانی جسم مراد ہے یعنی مرنے کے بعد انسان ہی ابدی زندگی پاتا ہے۔ موالید ثلاثہ کی دیگر اقسام کے لئے موت کے بعد حیات مستمر ثابت نہیں۔ کیونکہ انسان صرف ان عناصر اربعہ سے ہی مرکب نہیں۔ جو دیگر مخلوقات کی ترکیب جسمانی میں بھی داخل ہیں۔ بلکہ اس میں ان اجزاء اربعہ کے علاوہ جو عالم خلق سے ہیں۔ عالم امر کے اجزا بھی شامل ہیں جن کو لطائف کہتے ہیں (دیکھو اس کتاب کی جلد اول) یہی وجہ ہے کہ اس کے اجزا کا افتراق عمر جاوداں کا موجب ہے۔ کیونکہ محض ان اجزاء اربعہ کا افتراق عمر جاوداں کو مستلزم نہیں۔ یہ افتراق تو عمر انسان مخلوقات میں بھی پایا جاتا ہے۔ حالانکہ ان کے لئے ابدیت مسلم نہیں۔ بعض شارحین نے اس شعر میں عمر یعنی مہلہ کی بجائے عمر بقیں مجہولہ نقل کیا ہے۔ اس صورت میں یہ معنی ہونگے "اور ان مخالف چیزوں کی جنگ ہمیشہ کے لئے (دیار عدم کا) رخ کرنا ہے" یعنی آدمی مرجاتا ہے۔

زندگانی آشتی دشمناں مرگ وارفتن باصل خویش داں

ترجمہ (یا یوں کہو کہ) ان عنصری) دشمنوں کی صلح (ہماری) زندگی ہے (اور ان کا) اپنے اصل کی طرف چلے جانا (ہماری) موت (ہے)

مطلب - یہ بھی اس مقدمہ اولیٰ کا تیسرے پیرایہ میں اعادہ ہے۔ یعنی جب انسان مرجاتا ہے۔ تو روح

فوف موت کا علاج

انسان کی ابدی زندگی

اپنے مقام میں چلی جاتی ہے۔ اور اجزائے جسم آب و خاک و باد و آتش اپنے اپنے معادن کی طرف رجوع کرتے ہیں۔

صلح دشمن وار باشد عارضیت دل بسوئے جنگ دارد عاقبت

ترجمہ (اور یہ عناصر کی صلح) دشمن (کی صلح) کی طرح عارضی ہوتی ہے۔ (جو) آخر الامر جنگ کی طرف مائل رہتا ہے۔

مطلب - یہ زندگی کی ناپایداری کے استدلال کا مقدمہ ثانیہ ہے جس کے متعلق اوپر اشارہ کیا گیا تھا۔ ترتیب مقدمتین قیاس حملی کی شکل اول میں یوں ہے۔ زندگی صلح اضداد پر موقوف ہے۔ اور صلح اضداد عارضی و چند روزہ ہوتی ہے جس کا نتیجہ آخر تقریر میں یہ نکالینگے۔ کہ زندگی چند روزہ ہے۔ سعدی ؎

چار طبع مخالف و سرکش چند روزے بوند باہم خوش
گر یکے زیں چہار شد غالب جانِ شیریں برآید از قالب
لاجرم مردِ عارفِ کامل نہند بر حیات دنیا دل

روز کے چند از برائے مصلحت باہمند اندر وفا و مرحمت

لغات روزکے میں کہ تصغیر کے لئے ہے۔ باہمند باہم اندہے۔ مرحمت مہربانی عنایت شفقت مراد اتفاق

ترجمہ (یہ اضداد) چند روز کے لئے کسی (خاص) مصلحت سے ایک دوسرے کے ساتھ مسالمت اور ملاپ رکھتی ہیں۔

مطلب - عناصر جسم جو باہم اضداد کی نسبت رکھتے ہیں۔ اس مصلحت سے آپس میں متحد و مجتمع ہیں کہ انسان کامحل عمل دنیا یعنی عالم اجسام ہے۔ اور حسب قدرت الہیہ کا تقاضا ہوا۔ کہ انسان حسب استعداد اعمال بجالائے تو اس کو دنیا میں بھیجا گیا۔ جہاں ایسے اعمال کا اکتساب جن پر جزاو سزا مترتب ہو۔ توسط جسم کے بغیر ناممکن ہے۔ اس لئے جب تک انسان کا مرتکب اعمال ہونے رہنا مشیت ایزدی میں مقدر ہے۔ اس وقت تک اس کا جسم صحیح وسالم اور اس کے اجزائے جسم متوافق و متحد رہتے ہیں۔ (یقضی اللہ امرًا کان مفعولا) صائب ؎

تا رسیدن بادہ را باخم مدارا لازم است
ورنہ بیزار از تنِ خاکی ست افسردطبع ما

عاقبت ہر یک بجوہر باز گشت ہر یکے با جنس خود انباز گشت

لغات عاقبت آخر الامر۔ انجام کار۔ جوہر سے اصل مراد ہے۔ انباز۔ شامل۔ شریک۔

ترجمہ آخر ہر ایک (جزا اپنے) اصل کی طرف رجوع کرتا ہے۔ اور ہر ایک اپنی جنس (یعنی نوع) میں جا شامل ہوتا ہے۔

مطلب - اجزائے جسم کے باہم متفق رہنے سے جو مصلحت تھی۔ جب وہ پوری ہوچکتی ہے تو سب اجزا منتشر و متفرق ہوکر اپنے اپنے ٹھکانے جا لگتے ہیں۔ نعمت خاں عالی قطعہ ؎

یاران زمانہ ہمچو دنداں باشند یک چند بہم رفیق و چسپاں باشند

بروند چو فیضِ عمر از پہلو ہم خنداں خنداں زہم گریزاں باشند

مگر یہ افتراق ابدی نہیں۔کیونکہ حشر میں یہی اجزا پھر دوبارہ جمع ہوکر اس جسم کی صورت اختیار کرینگے۔بلکہ دائمی زندگی کے حصول کے لئے ایک مرتبہ یہ افتراق ہونا شرط ہے۔

لُطفِ باری ایں پلنگ و رنگ را اُلف داد و بُرد زیشاں جنگ را

لغات پلنگ تیندوا۔اس کو چیتا سمجھنا غلطی ہے۔دیکھو غیاث اللغات۔رنگ بز کوہی۔اُلف ہمزہ کے کسرہ سے الفت۔خوگر ہونا۔بُرد زائل کرد۔

ترجمہ خدا کی مہربانی نے ان تیندوے اور پہاڑی بکرے (کے سے مخالف عنصروں) میں الفت ڈال دی۔اور ان سے لڑائی رفع کردی۔

لُطفِ حق ایں شیر را و گور را اُلف داد ست ایں دو ضد را در وفا

ترجمہ۔خدا کی مہربانی نے ان شیر اور گورخر (کے سے مخالف عنصروں) میں (یا یوں کہو کہ) ان دو متخالف چیزوں میں الفت ڈال دی۔

مطلب۔یہ سب تمہید مقدمات تھی۔جس کا نتیجہ نیچے نکالتے ہیں۔

چُوں جہاں رنجُور زِندانی بُود چہ عجب رنجُور گر فانی بُود

ترجمہ (غرض) جب جہان (پھر متخالف عناصر کے مرض سے) بیمار (اور اس عالم کون و فساد کا) قیدی ہو۔تو کیا تعجب ہے۔اگر (ایسا) بیمار چند روز کا مہمان ہو۔

مطلب۔حیات جسمانی کے عدم بقا اور ارتفاقات دنیا کی ناپائداری کے بیان سے مقصد یہ ہے۔کہ طالب حق ان کی طرف مائل نہ ہو۔بلکہ ان حوادث سے ان کے محدث کی طرف متوجہ ہوکر اس کی طلب میں سرگرم رہے۔سعدی رح ؎

جہاں اے برادر نماند بکس دل اندر جہاں آفریں بند و بس
ہمہ تخت و ملکے پذیرد زوال بجز ملکِ فرماندہِ لایزال

حافظ رح ؎ بادشہ بدست باد اگر دل نہی بہیچ در معرضے کہ تختِ سلیماں رود بباد

پُرسیدن شیر سبب پائے واپس کشیدن خرگوش را و جوابِ اُو

شیر کا خرگوش سے ٹھٹک رہنے کا سبب پوچھنا اور اس کا جواب

خواند بر شیر اُو ازیں رُوبہ شدہا گفت من پس ماندہ ام زیں بندہا

لغات۔بند قید۔رکاوٹ۔تدبیر۔حیلہ۔خیال۔

ترجمہ اس (خرگوش) نے شیر کو اس قسم کی نصیحتیں سنائیں (اور) کہا میں ان موانع (یا ان خیالات) کی وجہ سے پیچھے رہ گیا۔

شیر گفتنش تو ز اسبابِ مرض ایں سبب گو خاص کاینستم غرض

ترکیب۔ شعر میں تعقید لفظی ہے۔ ترتیب الفاظ یوں ہے۔ شیر گفتنش تو بگو کہ از اسبابِ مرض ایں سبب خاص است کہ مرا غرض است۔ ترکیب ظاہر ہے۔ کاینستم غرض میں کاف بیانیہ ہے جس کا مبین ایں سبب خاص ہے۔ اور اس صورت میں کاینستم غرض خرگوش کا قول ٹھہرے گا۔ یہ بھی ہو سکتا ہے۔ کہ یہ کاف تعلیلہ ہو۔ اس صورت میں کاینستم غرض شیر کا مقولہ بن جائیگا۔ بگو معلول۔ اینستم غرض علت۔

ترجمہ (۱) شیر نے اس کو کہا تو یہ بتا کہ مرض (خوف) کے اسباب میں سے یہ خاص سبب ہے کہ (جس کا مانع رفتار ہونا) میری مراد ہے۔

(۲) شیر نے اس کو کہا تو مرض (خوف) کے اسباب میں سے یہ خاص سبب (جو مانع رفتار ہو رہا ہے) بتا دے کہ وہی (دریافت کرنا) میرا مقصود ہے۔

پائے را واپس کشیدی تو چرا میدہی بازیچہ واہی مرا

لغات بازیچہ چکمہ۔ دھوکا۔ واہی سست۔ فضول۔

ترجمہ تو نے (اپنا) پاؤں پیچھے کیوں ہٹایا۔ (کیا) تو مجھے فضول دھوکا دے رہا ہے۔

گفت آں شیر اندریں چہ ساکن ست اندریں قلعہ ز آفات ایمن ست

ترجمہ خرگوش بولا وہ شیر اس کوئیں میں رہتا ہے (وہ) اس قلعہ میں آفات سے امن میں ہے۔

یارِ من بستد ز من در چاہ برد برگرفتش از رہ و بے راہ برد

ترجمہ میرے ہمراہی خرگوش کو مجھ سے چھین کر کوئیں میں لے گیا۔ اس کو راہ چلتے چلتے پکڑ لیا اور ناجائز طور پر لے گیا۔

قعرِ چہ بگزید ہر کو عاقل ست زانکہ در خلوت صفاہائے دل ست

ترجمہ (اے طالب!) جو عقلمند ہے اس نے کوئیں کی گہرائی (کی اقامت) اختیار کر لی۔ کیونکہ تنہائی میں دل کی صفائیاں (حاصل ہوتی) ہیں۔

مطلب۔ کوئیں کے اندر شیر کے اقامت گزیں ہونے کی مناسبت سے مولانا بیان عزلت کی طرف انتقال فرماتے ہیں۔ یعنی عزلت کو اہل عقل اختیار کرتے ہیں۔ کیونکہ وہ مہذب نفس اور مصفی باطن ہے۔

حافظ رح ؎ گنج عزلت کہ طلسماتِ عجائب دارد
فتح آں در نظر ہمت درویشان ست

ظُلمتِ چہ بہ کہ ظُلمتہائے خلق سر بُرد آنکس کہ گیرد پائے خلق

لغات ظلمت چہ کوئیں کی تاریکی ظلمت ہائے خلق دل کی سیاہی جو صحبتِ مخلوق سے دل پر پیدا ہو جاتی ہے۔ سر بردن سلامت رہنا۔ **صنائع** ظلمت کے کلمہ میں صنعت مشاکلہ ہے۔ اور سر اور پائے میں تضاد ہے۔

ترجمہ مخلوق کی صحبت سے پیدا ہونے والی قلبی تاریکیوں سے کوئیں کی تاریکی بہتر ہے۔ جو شخص خوشامد میں مخلوق کے پاؤں پکڑتا ہے۔ اس کا سر سلامت نہیں رہتا۔

مطلب ان دونوں شعروں میں عزلت کی فضیلت کا بیان ہے۔ مگر عزلت کا افضل یا غیر افضل ہونا ایک اختلافی مسئلہ ہے۔ چونکہ عزلت و یکسوئی سے مقصود یہ ہے۔ کہ نسبت قلبیہ مع اللہ حاصل ہو۔ اور صحابہ کو بوجہ فیضان صحبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مشاغل اختلاط اس یکسوئی سے مانع نہ تھے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ رجال لا تلھیھم تجارۃ ولا بیع عن ذکر اللہ یعنی وہ لوگ ایسے ہیں۔ کہ ان کو تجارت اور خرید و فروخت اللہ کی یاد سے غافل نہیں کر سکتی۔ سعدی رح ؎

گرت مال و جاہ ست و زرع و تجارت چو دل با خدا ایست خلوت نشینی

صائب رح ؎ چو غنچہ ہر کہ بوحدت سرائے دل روبرد حضور گوشہ خلوت در انجمن دارد

اس لئے صحابہ میں اس کے متعلق کوئی بحث و تکرار نہ تھی۔ اس کے بعد تابعین میں اختلاف پیدا ہوا۔ احیاء العلوم میں لکھا ہے۔ کہ عزلت کو پسند کرنے والے اور صحبت و مخالطت پر اس کو ترجیح دینے والے یہ حضرات ہیں۔ سفیان ثوری۔ ابراہیم بن ادہم۔ داؤد طائی۔ فضیل ابن عیاض۔ سلیمان الخواص۔ یوسف ابن اسباط حذیفۃ المرعشی۔ بشر الحافی رضی اللہ عنہم۔ اکثر تابعین صحبت و مخالطت، تکثیر تعارف اور توسیع اخوت کو مستحب قرار دیتے ہیں۔ کہ اس سے اہل اسلام میں محبت بڑھتی ہے۔ تعلقات استوار ہوتے ہیں۔ اور اعانت دین کے اسباب میسر ہوتے ہیں۔ اس جماعت میں یہ حضرات شامل ہیں۔ سعید بن مسیب۔ شعبی۔ ابن ابی لیلی ہشام بن عروہ۔ ابن شبرمہ شریک۔ شریک بن عبداللہ۔ ابن عیینہ۔ ابن مبارک۔ شافعی۔ احمد بن حنبل۔ اور بہت سے دیگر حضرات رضی اللہ عنہم اجمعین۔

قول فیصل یہ ہے۔ کہ عزلت کے فوائد و غوائل میں اختلاف ایسا ہے۔ جیسے نکاح یا تجرد کی فضیلت میں اختلاف ہے۔ اور یہ اختلاف مختلف اشخاص کی جداگانہ حیثیات احوال سے پیدا ہوتا ہے۔ چنانچہ بعض لوگ ایسے ہوتے ہیں۔ کہ ان کی کوئی دینی یا دنیوی غرض کسی سے متعلق نہیں ہوتی۔ اور نہ دوسرے لوگوں کی کوئی غرض ان سے وابستہ ہوتی ہے۔ یا ان کو اختلاط و مصاحبت کے خلجانات و تشویشات پر صبر کرنے کی ہمت نہیں ہوتی۔ تو ایسے لوگوں کے لئے خلوت جائز بلکہ مستحسن ہے۔ خصوصاً ایام فتن و شرور میں۔ کما قال فی مجالس الابرار۔ لیس للمرء فی ھذا الزمان الا التحصن بالسکوت وملازمۃ البیوت۔ یعنی آجکل عقلمند کو مناسب یہی ہے۔ کہ چپ اور خاموش اور گھروں میں روپوش رہے۔ احادیث میں جو عزلت و خلوت کی ترغیب آئی ہے۔ وہ انہی حالات پر محمول ہے۔ عن ابی سعید رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوشک ان یکون خیر مال المسلم غنم یتبع بھا شعف الجبال ومواقع القطر یفر بدینہ من الفتن۔ رواہ البخاری

یعنی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عنقریب وہ زمانہ آنیوالا ہے۔ کہ مسلمان کا سب سے اچھا مال بکریاں ہوں گی۔ جن کو وہ پہاڑوں کی چوٹیوں اور بارش کے مقاموں میں لئے پھرے گا۔ اپنے دین کو سلامت رکھنے کے لئے فتنوں سے بھاگے گا۔ اس کو بخاری نے روایت کیا ہے (مشکوٰۃ) نظمی ع ؎

زدست انداز دشمن نیست غم خلوت گزیناں را — کہ بیم آستیں نبود چراغ زیر داماں را

جامی ؎ زابنائے دہر وقتے کسے خوش نمے شود — خوشوقت آنکہ معتکف کنج عزلت ست

صائب ؎ آسودگی بگوشہ عزلت نشستن ست — سررشتۂ امید زعالم گسستن ست

پہلو تہی نمودن روشندلاں زخلق — بر روئے زنگیاں در آئینہ بستن ست

لیکن جس شخص کو دوسرے لوگوں سے کوئی حاجت دینی مثلاً علوم ضروریہ حاصل کرنے کی ضرورت ہو۔ یا دنیوی ضرورت ہو۔ مثلاً طلب معاش و نفقہ عیال جبکہ وہ توکل پر قادر نہ ہو یا خود لوگوں کو اس کی طرف دینی یا دنیوی احتیاج ہو۔ تو اس کے لئے خلوت و عزلت درست نہیں۔ اور بعض احادیث سے جو خلوت کی نہی ثابت ہے وہ اسی قسم کی صورتوں پر محمول ہے۔ چنانچہ احیاء العلوم میں یہ روایت درج ہے۔ عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ انہ قال غزونا علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فمررنا بشعب فیہ عیینۃ طیبۃ الماء فقال واحد من القوم لو اعتزلت الناس فی ھذا الشعب و لن افعل ذلک حتی اذکرہ لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تفعل فان مقام احدکم فی سبیل اللہ خیر من صلاتہ فی اھلہ ستین عاما الحدیث۔ یعنی حضرت ابوہریرۃ رضہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں جہاد پر گئے۔ تو ہم ایک غار کے پاس سے گذرے۔ جس میں پاکیزہ پانی کا ایک چھوٹا سا چشمہ تھا۔ تو لوگوں میں سے ایک نے کہا۔ میرا جی چاہتا ہے کہ لوگوں سے جدا ہو کر اس غار میں ٹھکانا کروں۔ اور میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس کا ذکر کئے بغیر ایسا نہیں کر سکتا۔ تو آپ نے فرمایا۔ ایسا مت کرو۔ کیونکہ ایک شخص کا اللہ کی راہ (یعنی جہاد) میں (مسلمانوں کے ہمراہ) کھڑا ہونا (لوگوں سے جدا رہ کر اپنے عیال میں ساٹھ برس تک نماز پڑھتے رہنے سے افضل ہے۔ الخ۔ نظامی رح ؎

نہ گوگرد سرخی نہ لعل سپید — کہ جویندہ باشد زتو ناامید

بمردم در آمیز گر مردمی — کہ با آدمی خوگرست آدمی

غزلت کے مستحسن یا غیر مستحسن ہونے کی صورتیں ایسی حالت میں ہیں جبکہ اس کو بطور عادت علی الدوام اختیار کیا جائے۔ لیکن سلوک و طریقت کی مبتدی کے لئے اصلاح قلب اور صفائے باطن اس کے بغیر ناممکن ہے صحابہ کرام کے قلوب صافیہ اور نفوس زاکیہ تو بوجہ برکات عہد اس کے محتاج نہ تھے۔ کما قلنا آنفا۔ مگر اس زمانے کے لوگوں کے لئے طریق سلوک کی پہلی منزل عزلت ہے۔ جس کے بغیر چارہ نہیں۔ سعدی ع ؎

کسے گیرد آرام دل در کنار — کہ از صحبت خلق گیرد کنار

صائب ؎ زنگ صحبت را بخلوت میتواں از دل زدود — زنہ گانی در جہاں بے گوشہ دل مشکل ست

اور اسی کی طرف مولانا کا اشارہ ہے۔ کہ زانکہ در خلوت صفا بابد دل ست۔ کیونکہ تصفیہ دل کی غرض سے مبتدی ہی خلوت اختیار کریگا۔ بخلاف دوسرے لوگوں کے کہ ان کی خلوت سے غرض اجتناب فتن و احتراز شرور وغیرہ ہوتی ہے ٭

گفت پیش آ زخم اورا قاہرست　　تو ببیں کاں شیر درچہ حاضرست؟

لغات زخم چوٹ ۔ وار ۔ حملہ ۔ قاہر غالب ۔ زبردست کاں کہ آں ۔

ترجمہ شیر نے کہا ذرا آگے تو آ ۔ میں ابھی اس پر بلا کی چوٹ کرتا ہوں ۔ تو (اتنا) دریافت کرلے ۔ کہ آیا وہ شیر کوئیں میں موجود ہے ؟

گفت من سوزیدہ ام زاں آتشی　　تو مگر اندر برِ خویشم کشی

لغات ۔ سوزیدن سوختن ۔ آتشی آتش مزاج بر بغل ۔ گود

ترجمہ (خرگوش نے) کہا میں (تنہا آگے نہیں جا سکتا ۔ کیونکہ میں زآتش مزاج (شیر) کا جلایا ہوا ہوں ہاں تو مجھے اپنی گود میں لے لے ۔ (تو جا سکتا ہوں)

تا بہ پشتی تو اے کانِ کرم　　چشم بکشایم بچہ در بِن گرم

لغات پشتی مدد ۔ اضافت کانِ کرم معدنِ جود بچہ درچہ تھا ۔ درحرف جار موخر آیا اس کی جگہ یا درج کی گئی ۔

ترجمہ تاکہ اے لکھ داتا میں تیری مدد سے آنکھیں کھول کر کوئیں میں نظر کروں ۔

من بہ پشتی تو تانم آمدن　　کہ نگہدارم دراں چہ بے رسن

لغات تانم توانم کا مخفف ہے

ترجمہ میں تیری (مدد کے بھروسے) پر اس کوئیں میں رسی کے بغیر نظر کر سکتا ہوں ۔

مطلب سوال ہو سکتا ہے ۔ کہ کوئیں میں نظر کرنے کے لئے رسی کا کیا کام ؟ یا تو یہ مراد ہے ۔ کہ میں تیری مدد کے بھروسے پر کوئیں کی تلاشی لینے کے لئے رسی کے بغیر بھی اس کے اندر اتر سکتا ہوں ۔ لہذا نگہدارم کے بعد جملہ "فرود آیم" مقدر ماننا پڑیگا یا یہ کہ خرگوش آغوش شیر کے سہارے پر خوب جھک کر جھانکنے کو تیار رہے ۔ ورنہ زیادہ جھکنے کی صورت میں گرنے کے خوف سے کسی رسّی کا استمساک ضروری ہوتا ۔ یا بے رسن چاہ کی صفت ہے ۔ یعنی ایسا ویران وغیر معمور کہ جہاں شیر جیسی خونخوار بلاؤں کا ممکن ہے ۔ ڈول رسی کا وہاں کوئی کام نہیں ۔ واللہ اعلم ۔

نظر کردنِ شیر در چاہ و دیدن عکسِ خود را و عکسِ آں خرگوش

شیر کا کوئیں میں نظر کرنا اور اپنا عکس اور خرگوش کا عکس اس میں دیکھنا

چونکہ شیر اندر برِ خویشش کشید　　در پناہِ شیر تا چہ مے دوید

ترجمہ جب شیر نے اس کو اپنی بغل میں لے لیا ۔ تو وہ شیر کی پناہ میں کوئیں تک دوڑتا گیا ۔

چونکہ در چہ بنگریدند اندر آب اندر آب از شیر و او در تافت تاب

لغات در تافت چمکا۔ در زائد ہے۔ تاب چمک۔ عکس آو کی ضمیر خرگوش کی طرف راجع ہے۔

ترجمہ جونہی انہوں نے کوئیں میں پانی کے اندر نظر کی۔ تو پانی میں شیر اور اس (خرگوش) کا عکس پڑا۔

شیر عکس خویش دید از آب تفت شکل شیر و در برش خرگوش زفت

لغات دید بمعنی پنداشت سمجھا۔ گمان کیا۔ تفت گرم زفت۔ فربہ۔ موٹا۔ **ترکیب** تفت حال ہے شیر سے اس کو آب کی صفت قرار دینے سے معنی میں لغویت پیدا ہو جاتی ہے۔ کما ارتکبہ بعضہم۔

ترجمہ شیر نے گرم مزاجی کی حالت میں پانی میں سے اپنے عکس کو (حریف) شیر کی شکل اور اس کی بغل میں ایک موٹا خرگوش سمجھا۔

چونکہ خصم خویش را در آب دید مرورا بگذاشت اندر چہ دوید

ترجمہ جب اس نے اپنے دشمن کو پانی میں دیکھا۔ تو اس (خرگوش) کو تو الگ پھینکا (اور خود) کوئیں کے اندر کود پڑا۔

در فتاد اندر چہے کو کندہ بود زانکہ ظلمے بر سرش آیندہ بود

ترجمہ وہ اس کوئیں میں جا پڑا جو اس نے (خود) کھودا تھا۔ اس لئے کہ (اس کا) ظلم اسکے سر پر آنیوالا تھا۔

مطلب مثل مشہور ہے۔ چاہ کن راچاہ در پیش اور اسی کے ہم مضمون ایک حدیث مشہور ہے۔ مَنْ حَفَرَ لِاَخِیْہِ قَلِیْبًا اَوْقَعَہُ اللّٰہُ فِیْہِ قَرِیْبًا یعنی جو شخص اپنے بھائی کے لئے کواں کھودے۔ تھوڑے دنوں میں اللہ خود اسی کو اسی کوئیں میں گراتا ہے۔ موضوعات کبیر میں لکھا ہے۔ کہ عسقلانی رح کہتے ہیں۔ مجھے اس حدیث کی اصل بالکل نہیں ملی۔ ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ اسی طرح بعض یوں کہتے ہیں۔ مَنْ حَفَرَ بِئْرًا لِاَخِیْہِ وَقَعَ فِیْہِ جو شخص اپنے بھائی کے لئے کنواں کھودتا ہے۔ خود اس میں گرتا ہے۔ لیکن اس کے معنی صحیح ہیں۔ جو اللہ تعالیٰ کے اس قول سے مستفاد ہیں۔ وَلَا یَحِیْقُ الْمَکْرُ السَّیِّئُ اِلَّا بِاَھْلِہٖ اور نہیں الٹ پڑتا مکر برا مگر اس کے کرنے والوں پر۔ جامی رح ؎

دلا گوش کن از من ایں نکتۂ خوش کہ ماندست در گوشم از نکتہ داناں
کہ ہر کو کشد تیغ نا مہربانی شود کشتۂ تیغ نا مہرباناں

قال بعضہم ؎ بر ستمگر بیشتر دارد اثر تیغ ستم عمر کوتاہ از تعدی میشود سیلاب را

اسی کے مطابق مولانا فرماتے ہیں۔ کہ شیر کا ظلم جو وہ نخچیروں پر کیا کرتا تھا۔ خود اسپر نازل ہونے والا تھا۔ مگر واضح رہے کہ یہ ظلم حقیقی نہیں۔ بلکہ اضافی ہے یعنی نخچیروں کے حق میں تو بیشک اس کا اثر مثل ظلم کے ہے۔ لیکن چونکہ شیر خود بحکم دین و شریعت یا بمقتضائے فطرت و طبیعت ترک ایذا پر مکلف و مامور نہیں ہے۔ لہٰذا یہ فعل اس کی اپنی حالت کے لحاظ سے ظلم نہیں ہے۔ درندوں کے اس فعل کے ظلم نہ ہونے کی ایک اور دلیل ہو یعنی

موذی جانوروں کا قتل قبل از ایذا ایک امر مشروع ہے اور اس کی مشروعیت بتا رہی ہے۔ کہ سباع و حشرات الارض کا پھاڑ کھانے یا کاٹ کھانے کا فعل ظلم و جور کی قبیل سے نہیں۔ ورنہ صرف وقوع ایذا کے بعد بطور جزائے جرم ان کو قتل کرنا مشروع ہوتا۔ مگر چونکہ ان کا فعل خود ان کے لئے کوئی جرم نہیں۔ اس لئے ان کا قتل کیا جانا وقوع جرم پر موقوف نہیں۔ بلکہ انسان جو اشرف المخلوقات ہے۔ اس کی مصلحت کے لئے ان کا قتل اصولاً جائز رکھا گیا ہے۔ خواہ اُن سے وقوع ایذا ہو یا نہ ہو۔

موذی جانوروں کا قتل جائز ہے

چاہِ مُظلم گشتِ ظُلمِ ظالماں انچنیں گُفتند جُملہ عالِماں

لغات ۔مظلم تاریک۔

ترجمہ۔ ظالموں کا ظلم تاریک کنواں ہے۔ تمام عالم ایسا ہی فرماتے ہیں۔

مطلب۔ ظلم خود ظالم کے لئے ہولناک جزا کا موجب بن جاتا ہے۔ سعدی رح ؎

ستمگر جفا بر تنِ خویش کرد نہ بر زیر دستان درویش کرد
بسے بر نیاید کہ بنیاد خود بکند آنکہ بنہاد بنیادِ بد

ہر کہ ظالم تر چہ اش باہول تر عدل فرمُودست بدتر را بتر

لغات چش چاہ او بتر بدتر کا مخفف ہے۔

ترجمہ جو زیادہ ظالم ہے۔ اس کا (جزا و سزا کا) کنواں بھی زیادہ ہولناک ہے۔ چنانچہ انصاف کا تقاضا ہے۔ کہ اینٹ کا جواب پتھر ہو۔

مطلب اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ جَزَاءُ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا کسی برائی کا بدلہ اس کے برابر ہو۔ دوسری جگہ فرمایا ہے۔ وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيهَا أَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْأَنفَ بِالْأَنفِ وَالْأُذُنَ بِالْأُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ وَالْجُرُوحَ قِصَاصٌ دینی اور ہم نے توریت میں یہود کو تحریری حکم دیا تھا۔ کہ جان کے بدلے جان اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک۔ اور کان کے بدلے کان۔ اور دانت کے بدلے دانت اور زخموں کا بدلہ (مائدہ ع۷) صائب رح ؎

گرچہ مجرم از ستمگاری زد آتش در سپند دود تلخش انتقام از دیدۂ مجرم کشید

ایکہ تو از ظُلم چاہے میکنی از برائے خویش دامے مے تنی

لغات مے تنی صیغہ حال از تنیدن تننا (مصدر فیوض)

ترجمہ اے (غافل) تو جو ظلم کا کنواں کھود رہا ہے۔ خود اپنے لئے جال تن رہا ہے۔

مطلب جیسا کروگے ویسا بھروگے۔ سعدی رح ؎

نکوکار مردم نباشد بدش نورزد کسے بد کہ نیک آیدش
شر انگیز ہم در سر شر رود
چو کژدم کہ در خانہ کمتر رود

بر ضعیفاں گر تو ظلمے میکنی واں کہ اندر قعرِ چاہِ بے بُنی

لغات قعر گہرائی بے بن بے تھاہ آخر میں یائے خطاب رابط جملہ ہے۔

ترجمہ اگر تو کمزور لوگوں پر ظلم کر رہا ہے۔ تو یاد رکھ کہ تو ایسے کوئیں کی گہرائی میں (چلا جا رہا) ہے۔ جس کی تھاہ نہیں۔ سعدی رح ؎

دو کس چہ کنند از پئے خاص و عام	یکے نیک محضر یکے زشت نام
یکے تا کند تشنہ را تازہ حلق	دگر تا بگردن در افتند خلق
اگر بد کنی چشمِ نیکی مدار	کہ ہرگز نیارد گز انگور بار

گرد خود چوں کرمِ پیلہ بر متن بہرِ خود چہ میکنی اندازہ کن

لغات کرم پیلہ ریشم کا کیڑا۔ متن صیغہ نہی تنیدن سے کن صیغہ امر کندن کھودنا سے۔

ترجمہ (اے غافل) تو ریشم کے کیڑے کی طرح اپنے گرد تار نہ لپیٹ (اگر) اپنے لئے (مصیبت کا) کواں کھودتا ہے۔ تو اس کی بھی کوئی حد چاہیئے۔

مطلب ریشم کا کیڑا اپنے لعاب کا تار نکال نکال کر اپنے اوپر لپیٹتا جاتا ہے۔ جو خشک ہو کر ریشم بن جاتا ہے یہ ریشمی غلاف کویا کہلاتا ہے۔ جس کے اندر وہ آخر مر جاتا ہے۔ مولانا فرماتے ہیں۔ کہ جس طرح یہ کیڑا اپنے لعاب سے اپنی قبر تیار کر لیتا ہے۔ اسی طرح تم بھی لوگوں پر ظلم و ستم کر کے اپنے لئے مصیبت کا کواں کھود رہے ہو۔ مگر اس کی کوئی حد اور اندازہ چاہیئے۔ جس کو تم برداشت کر سکو۔ سعدی رح ؎

بسے بر نیاید کہ بنیادِ خود بکند آنکہ بنہاد بنیادِ بد

اگر اندازہ کن میں کاف ضمہ کے ساتھ ہو تو ترجمہ اور بھی صاف ہو جاتا ہے۔ یعنی "خیال تو کر کہ تو خود اپنے حق میں مصیبت کا کنواں کھود رہا ہے" مگر قافیہ اس کی اجازت نہیں دیتا۔

مر ضعیفاں را تو بے خصمے مدال از نبے اذا جاء نصر اللہ بخواں

لغات خصم دشمن۔ مگر یہاں کسی کی حمایت کے لئے جھگڑنے والا یا وکیل یا مالک مراد ہے۔ نبے بضم نون و کسر باء و یائے مجہول مراد قرآن مجید۔ بعض کے نزدیک نبے بفتح نون و بائے فارسی لغت فارس میں قرآن مجید کا نام ہے۔ لیکن پہلا تلفظ زیادہ مشہور ہے۔ بعض نے اس کو نبا بمعنی خبر کا امالہ سمجھا ہے۔ مگر یہ احتمال قاعدہ صرفیہ کی رو سے درست نہیں۔ کیونکہ نبا بروزن فعل مہموز اللام ہے۔ جس کا امالہ نہیں ہو سکتا (کذا فی شرح بحر العلوم)

ترجمہ یہ نہ سمجھ کہ کمزور لوگوں کا کوئی حمایتی نہیں۔ قرآن مجید سے سورہ اذا جاء نصر اللہ پڑھ (کر دیکھ)

مطلب یہ کلمات سورہ نصر کی اس پہلی آیت سے اقتباس ہیں۔ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۙ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا۔ یعنی اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جب اللہ کی مدد اور فتح آئی۔ اور تم لوگوں کو دیکھتے ہو۔ وہ فوجیں باندھ باندھ کر اللہ کے دین میں شامل ہو رہے ہیں۔ اس آیت کا شان نزول یہ ہے کہ جب وہ مٹھی بھر مسلمان جو ادھر مشرکین مکہ کی تباہ کن سازشوں اور ادھر یہود مدینہ کی معاندانہ ریشہ دوانیوں

سے تنگ آرہے تھے۔ اللہ تعالیٰ کی نصرت سے ایک ایسی غیور و بہادر اور عالی ہمت جماعت بنگئے۔ کہ جس نے مدینے کے مفسد یہودیوں کو ناک چنے چبوا دیئے۔ اور چند معرکوں میں مکہ کے مغرور و سرکش سرداروں کی عزت و کمنت کا تختہ الٹ دیا۔ اور آخر مکہ کو فتح کرنے کے لئے یہ جماعت دس ہزار بہادروں کی فوجی ترتیب کے ساتھ روانہ ہوئی۔ اور راستے میں ابو سفیان جس نے اسلام کو تباہ کرنے کا بیڑا اٹھایا تھا۔ یہ عالم دیکھ کر انگشت بدنداں رہ گیا۔ تو فتح مکہ کے بعد اطراف عرب سے جماعتوں پر جماعتیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہوکر مشرف با سلام ہونے لگیں یہ سورت انہیں واقعات کے متعلق نازل ہوئی ہے۔ حافظ رح ؎

کاروانے کہ بود بدرقہ اش لطفِ خدا بتجمل بنشیند بجلالت برود

مولانا فرماتے ہیں کہ ظالم کو یاد رکھنا چاہیئے کہ جس طرح نصرت الٰہی نے ابو جہل اور امیہ ابن خلف جیسے ظالموں کا نام نشاں مٹا کر غریب مسلمانوں کا بول بالا کر دیا۔ اسی طرح ایک دن مظلوم کا ظالم سے زبردست بنجانا بعید نہیں۔ سعدیؒ ؎

لبِ خشک مظلوم را گو مخند کہ دندانِ ظالم بخواہند کند

گر تو پیلی خصم تو از تو رمید نک جزا طیرًا ابابیلی ات رسید

لغات ۔ پیلی میں یاے خطاب رابط جملہ ہے۔ رمید بھاگ گیا رمیدن سے نک مخفف اینک کا۔ دیکھ۔

ترجمہ اگر تو ہاتھی ہے (اور بالفرض تیری ہیبت سے) تیرا دشمن تیرے مقابلے سے بھاگ نکلا تو دیکھ تو سہی اِ طیرًا ابابیل جزاے (اعمال بنکر) تیرے سر پر پہنچتا ہے۔

مطلب ۔ یہ اصحاب فیل کے قصے کی طرف اشارہ ہے۔ جنہوں نے بیت اللہ شریف کو مسمار کرنے کا قصد کیا تھا۔ اور اس غرض سے ایک قوی الجثہ اور عظیم القامت ہاتھی کو ساتھ لائے تھے۔ اور یہی ان کی وجہ تسمیہ تھی۔ مگر اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے چھوٹے چھوٹے پرندوں کا ایک جھلڑ بھیجا۔ جنہوں نے غنیم پر کنکریوں کی ایسی بارش کی۔ کہ وہ لوگ برباد و تباہ ہوگئے۔ سورۂ الفیل میں یہ قصہ مذکور ہے۔ نظامی رح ؎

چو در لشکرِ دشمن آری رحیل بمرغاں کشی فیل واصحابِ فیل

گر ضعیفے در زمیں خواہد اماں غلغل افتد در سپاہِ آسماں

لغات غلغل فتین کے منہ سے شور و غوغا۔ جوش و فروش صنائع زمین و آسمان مناسبات ہیں:۔

ترجمہ اگر کوئی کمزور زمین میں امان چاہتا ہے۔ تو (اس کی حمایت میں) جنودِ آسمان (ملاء اعلیٰ) میں ایک غلغلہ برپا ہو جاتا ہے۔

مطلب حجۃ اللہ البالغہ میں ایک حدیث کے یہ کلمات درج ہیں۔ کہ جب اللہ تعالیٰ کسی بندے پر ناراض ہوتا ہے۔ تو جبرئیل کو بلا کر کہتا ہے۔ میں فلاں بندے پر ناراض ہوں۔ تم بھی اس پر ناراض ہو جاؤ۔ تو جبرائیل بھی ناراض ہو جاتے ہیں۔ پھر آسمانوں میں منادی کی جاتی ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ فلاں بندے پر ناراض ہے۔ تم بھی ناراض ہو جاؤ۔ فرشتے ہیں کہ باقی اہل سما بھی ناراض ہو جاتے ہیں۔ پھر زمین میں بھی اس کے خلاف ناراضگی ڈالی جاتی ہے۔ غرض بندے کے ظلم اور بدی سے عالم ملکوت میں ہلچل پڑ جاتی ہے۔ قال بعضہم ؎

بترس از آہِ مظلوماں کہ ہنگامِ دعا کردن اجابت از درِ حق بہر استقبال مے آید

گر بدندانش گزی پُر خوں کنی　　درد دندانت بگیرد چوں کنی

لغات گزی صیغہ مضارع واحد مخاطب گزیدن کاٹنا سے بگیرد عارض گردد

ترجمہ اگر تو (یہ گمان رکھتا ہے کہ) اس (عاجز) کو دانتوں سے کاٹ کر لہولہان کر دیگا۔ (تو اس کے غیبی حامی کے حکم سے) تجھے درد دنداں عارض ہو جائیگا (تو پھر) کیا کریگا؟

مطلب عاجز کو اپنے ظلم سے مبتلائے درد کرنا خود اپنے لئے درد کا سامان کرنا ہے۔ کما قیل ؎

با مردم نستادہ مکن دشمنی کہ برق　　بر خرمنے نتافت کہ خود ہم فنا نشد

شیر خود را دید در چہ وز غلو　　خویش را نشناخت آندم از عدو

لغات غلو زیادتی۔ حد سے تجاوز کرنا از وز غلو میں از سببیہ ہے اور از عدو میں انتزاعیہ۔

ترجمہ شیر نے اپنے (عکس) کو کوئیں میں دیکھا۔ اور اس وقت دراز دستی (کے نشے) سے اپنے آپ میں اور دشمن میں تمیز نہ کی۔

مطلب شیر کو غصے کی حالت میں حق و باطل کی تمیز نہ رہی۔ حتی کہ اس نے خود اپنے عکس کو اپنا دشمن سمجھ لیا۔ ؎

بوقت غصہ کیجئے سوچ کر بات　　کہ اب جلدی میں پیش آئینگے خطرات

غضب میں قلب ہوتا ہے دھواں دھواں　　اندھیرے میں نہ ہونا گرم رفتار

عکس خود را او عدوئے خویش دید　　لاجرم بر خویش شمشیرے کشید

ترجمہ اس نے اپنے عکس کو اپنا دشمن سمجھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ خود اپنے آپ پر ہی وار کر بیٹھا۔

مطلب قاعدہ ہے۔ کہ اپنے عکس یا محل عکس پر حملہ آور ہونا خود اپنے آپ پر حملہ ہے۔ صائب رح ؎

با صاف دل مجادلہ با خویش دشمنی ست　　ہر کس کشد بر آئینہ خنجر بخود کشید

اے بسا ظلم کہ بینی در کساں　　خوئے تو باشد در ایشاں اے فلاں

ترجمہ اے (ظالم) اکثر ظلم جو تو لوگوں میں دیکھتا ہے۔ وہ تیری ہی صفت ہے۔ جو ان میں (سرایت کئے ہوئے) ہوتی ہے۔

مطلب مولانا اس خونخوار و جفاکار شیر کے اعمال اور انجام سے یہ ایک عام عبرت بخش نتیجہ نکالتے ہیں۔ کہ بعض اوقات ایک آدمی کسی پر ظلم کی تہمت لگاتا ہے۔ حالانکہ وہ عیب یا اس عیب بینی کا منشا خود اس کی اپنی ذات کے اندر موجود ہوتا ہے۔ پہلی صورت کی مثال یہ ہے۔ کہ ایک شخص ظالم و جفاکار ہے۔ دوسرا منصف و عادل اگر وہ منصف کبھی بتقاضائے انصاف کسی پر کوئی جائز سختی عمل میں لاتا ہے۔ تو ظالم خود اپنے وصف ظلم کو تو دیکھتا نہیں سا الٹا اس پر ظلم کا الزام لگاتا ہے۔ چنانچہ شیر کے اندر خود ظلم و ستم کی خصلت موجود تھی۔ مگر اس نے کنوئیں کے موہوم شیر کو ظالم و ستمگر سمجھ کر اس پر دھاوا بول دیا۔ سعدی علیہ الرحمۃ ؎

کز انگشت خوے بود در سرشت نہ بیند ز طاؤس جز پائے زشت

دوسری صورت کی مثال یہ ہے۔ کہ اگر کوئی شخص کسیکو اس کے عیب پر تنبیہ کرے۔ تو وہ ناصح کو عیب گیر و بدگو سمجھنے لگتا ہے۔ حالانکہ اس کی تنبیہ محض نصیحت و موعظت تھی۔ اور اگر غور کرتا۔ تو اس کو معلوم ہو سکتا تھا کہ ناصح میں عیب گیری و بدگوئی کا عیب نہیں۔ بلکہ مجھ میں تکبر و بزرگ باشی کا عیب ہے۔ جس کی وجہ سے ناصح مجھ کو ان عیوب سے ملوث نظر آتا ہے۔ ؎

ہنر بچشم عداوت بزرگتر عیب است گل ست سعدی در چشم دشمناں خار است

اندر ایشاں تافتہ ہستی تو از نفاق و ظلم و بدمستی تو

لغات ہستی وجود۔ یہاں خصلت مراد ہے۔ از بیانیہ۔

ترجمہ ان لوگوں میں خود تیری خصلت نفاق ظلم و بدمستی وغیرہ نمایاں ہو رہی ہے۔

مطلب تم جو لوگوں کو منافق و ظالم اور بدمست سمجھتے ہو۔ دراصل تم کو خود اپنا نفاق و ظلم اور اپنی بدمستی ان میں نظر آتی ہے۔ پس عیب خود تم میں ہے۔ نہ کہ اُن میں۔ جس طرح ایک زنگی نے آئینہ پڑا پایا تھا۔ اٹھا کر دیکھا تو اس میں بھیانک شکل نظر آئی۔ بولا یہ کیسی بدصورت چیز ہے۔ اور آئینہ کو پھینک کر چلدیا۔ مشہور فلسفی شاعر عمر خیام غفر اللہ ذنوبہ کیا خوب کہتا ہے ؎

مارا چہ ازاں کہ ناکسے بد گوید زاں عیب کہ در ماست یکے صد گوید

ما آئینہ ایم و ہر کہ در ما نگرد ہر نیک و بدے کہ گوید از خود گوید

آں تُوئی واں زخم بر خود میزنی بر خود آں دم تار لعنت مے تنی

ترجمہ وہ (ظالم) خود تو ہی ہے اور وہ حملہ خود اپنے آپ پر کر رہا ہے۔ (اور) اس وقت خود اپنے آپ پر لعنت کا تار تن رہا ہے۔

در خود ایں بد را نمے بینی عیاں ورنہ دشمن بُودہ خود را بجاں

ترجمہ اس بدی کو تو اپنے آپ میں ظاہر نہیں پاتا۔ ورنہ (درحقیقت) تو خود اپنے آپ کا جانی دشمن ہے۔

مطلب لوگوں کے جو معائب و رذائل دیکھکر تم ان سے نفرت کرنے لگتے ہو۔ وہ خود تمہارے اپنے معائب ہیں۔ اور اُن سے نفرت کرنا درحقیقت خود اپنے آپ سے نفرت کرنا ہے۔ مگر یہ بات تم خود محسوس نہیں کرتے کہ وہ معائب تمہارے ہیں۔ کما قیل ؎

مرغ یک اصلیم عیب ما بود عیب ہمہ از چہ ہمچوں موج دائم در پئے یکدیگریم

غنی مرہ ؎ ز چشم عیب بیں عیبے نمایاں تر نمے باشد بپوشاں چشم خود از عیب خود را عیب پوشی کن

حملہ بر خود میکنی اے سادہ مرد ہمچو آں شیرے کہ بر خود حملہ کرد

ترجمہ اے احمق تو خود اپنے آپ پر حملہ کر رہا ہے۔ جیسے کہ اس شیر نے اپنے آپ پر حملہ کیا۔

چوں بقعرِ جُوئے خود اندر رسی پس بدانی کز تو بود آں ناکسی

لغات قعر دریا کی گہرائی مراد اصلیت۔ حقیقت۔ ناکسی نالائقی۔ تقصیر۔ گناہ۔

ترجمہ جب تو اپنی بری خصلت کی اصلیت کو سمجھے گا۔ تو جان لیگا۔ وہ گناہ خود تیرے اندر تھا۔

شیر را در قعر پیدا شُد کہ بُود نقشِ اُو آں کش دگر کس نیمود

لغات قعر یہاں اس کے لغوی معنی یعنی کوئیں کی گہرائی مراد ہیں۔ پیدا ظاہر **ترکیب** بود فعل ناقص آں اس کا اسم نقش اور مرکب اضافی مبین کاف بیانیہ شین بمعنی اور متعلق نمود کے۔ یہ جملہ بنکر بیان ہوا مبین و بیان ملکر خبر ہوئی۔ باقی ترکیب ظاہر ہے۔

ترجمہ (چنانچہ) شیر کو (کوئیں کی) گہرائی میں (جاکر) معلوم ہوا کہ دوسرا (شیر) جو اُسے نظر آرہا تھا۔ وہ خود اسی کا عکس تھا۔

ہر کہ دندانِ ضعیفے میکند کارِ آں شیرِ غلط بیں میکُند

لغات دنداں کندن دانت اکھیڑنا۔ کنایہ ہے دکھ دینے اور ایذا پہچانے سے۔

ترجمہ جو شخص کسی کمزور و ضعیف کو ایذا دیتا ہے۔ وہ اس غیر غلط بیں کا (سا) کام کرتا ہے۔

مطلب شیر نے غریب و کمزور نخچیروں کو ہدفِ تعدی بنایا۔ پھر ایک موہوم شیر پر باوجودیکہ اس سے کوئی واقعی پیشقدمی اور تعدی سرزد ہوتی نہیں دیکھی تھی حملہ آور ہوا۔ نتیجہ یہ کہ اپنی اس غیرہ سری و چیرہ دستی کے ہاتھوں خود تباہ ہوگیا۔ سعدی رح ؎

میپندار و دلہا بداغ تو ریش کہ روزِ پسیں آیدت خیر پیش

اے بدیدہ خالِ بد بر روئے عم عکسِ خالِ تست آں از عمِ مرم

لغات عم چچا مرم فعل نہی رمیدن بھاگنا سے **صنائع** خال کے معنی ماموں کے بھی ہیں۔ اس لئے خال و عم میں صنعت ایہام تناسب ہے۔

ترجمہ اے کسی (مومن) چچا کے منہ پر بدنما تل دیکھنے والے! یہ تیرے ہی تل کا عکس ہے اپنے چچا سے (خواہ مخواہ) نفرت نہ کر۔ سعدی رح ؎

ہمہ حمّالِ عیبِ خویشتنید طعنہ بر عیبِ دیگراں مزنید

مومناں آئینۂ یکدیگر اند ایں خبر را از پیمبر آورند

ترجمہ مومن (لوگ) ایک دوسرے کے آئینہ ہیں۔ اس حدیث کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔

مطلب یہ اشارہ ہے اس حدیث کی طرف المؤمن مرآۃ المؤمن یعنی ایک مومن دوسرے مومن کا آئینہ ہے جس کا مطلب یہ ہے جس طرح آئینے میں پوری شکل و صورت نظر آتی ہے۔ اسی طرح مومن آدمی کو اپنے دوسرے مومن بھائی کے ذریعہ سے اپنے تمام عیوب و نقائص معلوم ہو سکتے ہیں۔ اور وہ اس وسیلے سے بآسانی اپنے اخلاق کی اصلاح کر سکتا ہے۔ بشرطیکہ بتانے والا نیک نیتی اور حسن ادا سے کام لے۔ اور سننے والے میں انصاف اور حسن قبول ہو۔ امام غزالی رح لکھتے ہیں۔ کہ حضرت عمر رض اپنی اعلیٰ شان و منزلت کے باوجود فرمایا کرتے تھے۔ کہ اللہ تعالیٰ اس شخص پر مہربانی فرمائے۔ جو مجھ کو میرے عیب بتا دیا کرے۔ آپ اکثر صحابہ سے اپنے عیب دریافت کیا کرتے تھے۔ اور خوشی خوشی ان کی اصلاح کی کوشش کرتے۔ ایک مرتبہ حضرت سلمان فارسی رض سے پوچھا فرمائیے میری کون سی بات ایسی آپ نے سنی جو آپ کو ناپسند ہو۔ انہوں نے جواب دینے سے عذر کیا۔ مگر آپ نے سخت اصرار کیا۔ تو سلمان رض نے کہا میں نے سنا ہے آپ نے دسترخوان پر دو سالن جمع کئے۔ پھر پوچھا کچھ اور کہا میں نے سنا ہے آپ نے دو پوشاکیں بنا رکھی ہیں۔ ایک دن کی پوشاک۔ دوسری رات کی۔ پھر پوچھا کچھ اور کہا اور کوئی بات نہیں۔ فرمایا بیشک آپ کا کہنا درست ہے۔ مگر میں نے ان دونوں نقصوں کو پہلے ہی رفع کر دیا ہے۔ سعدی رح ؎

پسند آمد از عیب جوئے خودم کہ معلوم من کرد خوے بدم

اوپر کے اشعار میں یہ ذکر تھا۔ کہ جو کوئی کسی کا عیب پکڑتا ہے۔ وہ عیب خود اس میں موجود ہوتا ہے۔ اس سے یہ شبہ عارض ہو سکتا ہے۔ کہ بزرگان دین اہل ارادت اور طالبان ہدایت کو ان کے عیوب ظاہری و باطنی سے آگاہ کیا کرتے ہیں۔ ان پر بھی تو یہ الزام عائد ہو سکتا ہے۔ کہ وہ عیوب خود ان میں موجود ہیں۔ مولانا اس شعر سے اس شبہ کا ازالہ فرماتے ہیں جس کا خلاصہ یہ ہے کہ وہاں تو عیب جو اور نکتہ چین لوگوں کا ذکر تھا۔ جن کے کلام کا منشا بغض و عناد اور شر و فساد ہوتا ہے۔ کہ ان کی نظر نفسانی ہوتی ہے۔ مگر کاملین کا مقصود محض وعظ و تذکیر اور اصلاح و تہذیب ہوتی ہے۔ اور ان کی نظر ایمانی ہوتی ہے۔ جس کا مشروط بایمان ہوتا۔ مومنان کے کلہ سے ظاہر ہے یعنی ان کی نظر میں کوئی ذاتی غرض یا تعصب یا جہل یا غیظ و غضب نہیں ہوتا۔ بلکہ وہ محض شفقت کے تقاضے سے دوسروں کے عیوب اُن پر ظاہر کرتے ہیں۔ تاکہ وہ اپنی اصلاح کر لیں۔ انہی اصحاب کو ایک دوسرے کا آئینہ فرمایا ہے۔ ولنعم ما قیل ؎

مدعا گویاں واقف از نقصانِ خویشم کردہ اند ہمچوں عینک ساخت چشم دیگراں بینا مرا

حکمۃ ؎ جز آنکس ندانم نکو گوئے من کہ روشن کند بر من آہوئے من

؎ ناصح مشفق کہے جو تلخ بات اس کو پی جاؤ کہ ہے آبِ حیات

تلخ باتیں دینگی پھر آخر مزا تلخ دارو کا نتیجہ ہے شفا

پیش چشمت داشتی شیشہ کبود زاں سبب عالم کبودت مینمود

ترجمہ تونے اپنی آنکھوں پر تاریک شیشے کی عینک لگا رکھی ہے۔ اس لئے تجھ کو تمام عالم (عیوب کی) تاریکی سے ملوث نظر آتا ہے۔

مطلب جب دیکھنے والے کی آنکھوں پر عناد و تعصب کی تاریک عینک لگی ہو۔ تو وہ مرآۃ المومن کا مصداق نہیں ہو سکتا۔ یعنی ایمانی نظر سے دوسرے کے حالات نہیں دیکھ سکتا۔ بلکہ وہ اس کو غیر اصلی معائب سے

اصلاح عادت کیلئے ایک موثر اور مؤثر تدبیر

منصف دیکھے گا۔ پس بزرگانِ دین کے اظہارِ عیوب میں اور تمہارے اظہارِ عیوب میں یہی فرق ہے سعدی رح ؎

نور گیتی فروز چشمۂ حور زشت باشد بچشمِ موشک کور

گر نہ کوری ایں کبودی داں ز خویش خویش را بد گو مگو کس را تو پیش

ترجمہ۔ اگر تو کور باطن نہیں ہے۔ تو اس تاریکی کو اپنے ہی طرف سے سمجھ۔ اپنے آپ کو بُرا کہہ آئندہ کسی اور کو برا مت کہہ +

مطلب یعنی خود تمہاری صفات ذمیمہ دوسروں کو عیب دار دکھاتی ہیں۔

مومن از ینظر بنور اللہ نبود عیب مومن را برہنہ چوں نمود

ترجمہ اگر مومن (حدیث) ینظر بنور اللہ (کا مصداق) نہیں۔ تو اس نے مومن کے عیب کو صاف صاف کیونکر بیان کر دیا۔

مطلب۔ حدیث شریف میں آیا ہے۔ اِتَّقُوْا فِرَاسَةَ الْمُؤْمِنِ فَاِنَّهٗ يَنْظُرُ بِنُوْرِ اللّٰهِ۔ یعنی مومن کی فراست سے ڈرنا چاہیئے۔ کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔ مولانا فرماتے ہیں۔ تم سیاہ عینک میں سے دنیا کو تاریک دیکھتے ہو۔ بخلاف کامل الایمان مومن کے۔ جو اللہ کے نور یعنی نظرِ ایمانی سے دیکھتا ہے۔ اور اس کا دیکھنا صحیح اور قابلِ اعتماد بھی ہے۔ اگر اس کی نظر ایمانی نہ ہوتی۔ تو مثلاً حضرت عمر رض کی مذکورہ بالا روایت کے مطابق حضرت سلمان فارسی رض ان کے نقائص من وعن بیان کر دینے کی جرأت کیونکر کر سکتے۔ اور حضرت عمر رض اپنے نقائص سننے گوارا کیونکر کرتے۔ مگر انہوں نے جو کہا وہ مخلصانہ خالی از غرض کہا۔ اور انہوں نے جو کچھ سنا اس کو اپنے امراض نفسانیہ کا علاج سمجھ کر سنا۔ سعدی رح ؎

نصیحت کہ خالی بود از غرض چو داروئے تلخ ست وضع مرض

چونکہ تو ینظر بنار اللہ بدی نیکوی را و ندیدی از بدی

لغات۔ ینظر بنار اللہ اللہ کی آگ سے دیکھتا ہے۔ بُدی مخفف بُودی کا از انتزاعیہ۔

ترجمہ چونکہ تو ینظر بنار اللہ کا مصداق نہ تھا۔ اس لئے نیکی بدی میں فرق نہ کر سکا۔

مطلب۔ نار اللہ یعنی اللہ کی آگ سے مراد صفات نفسانیہ ہیں۔ مجازاً ان کو نار کہدیا۔ جیسے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا ط جو لوگ ناحق یتیموں کا مال خورد برد کرتے ہیں۔ وہ اپنے پیٹ میں بس انگارے بھرتے ہیں۔ (نساء ۲۶)

فرماتے ہیں کہ تم اپنی صفات نفسانیہ کی نظر سے لوگوں کو سراپا عیب دیکھتے ہو۔ اس لئے ان کی نیکیوں سے بالکل غافل اور خالی الذہن رہتے ہو۔ غرض یہ فرق ہے۔ نور اللہ سے دیکھنے والے اور نار اللہ سے دیکھنے والے میں۔ سعدی رحمۃ اللہ علیہ سے

دو کس بر حدیثے گمارند گوش ازیں تا بداں زاہر من تا سروش

یکے پند گیرد دگر ناپسند نپردازد از حرفگیری بہ پند

فرو ماندہ در کنج تاریک جائے — چہ دریابد از جام گیتی نمائے
کہ ہر کہ بے ہنر افتد نظر بعیب کند — کمال صدق و محبت ببیں نہ جرم و گناہ

اندک اندک آب بر آتش بزن — تا شود نارِ تو نورِ اے بوالحزن

لغات بوالحزن غم کا باپ مراد غمگین محاورہ عرب میں کسی کی نسبت کسی خاص صفت کے ساتھ کنیت سے ظاہر کرتے ہیں۔ جیسے بوالہوس۔ بوالفضول۔ ابوجہل۔

ترجمہ اے غمناک آدمی (کسی بزرگ کے فیضانِ صحبت کا) تھوڑا تھوڑا پانی (اس) آگ پر چھڑک تاکہ تیری آتش (صفات ذمیمہ) نور بن جائے۔

مطلب ایمانی نظر پیدا کرنے کے لئے صفات ذمیمہ کی آگ کو بجھانا ضروری ہے جس کا طریقہ یہ ہے۔ کہ کسی کامل کا فیض حاصل کیا جائے۔ حافظ رح ؎

بیا کہ چارۂ ذوقِ حضور و نظمِ امور — بفیضِ بخشی اہلِ نظر توانی کرد

تو بزن یارَبَّنا آبِ طہور — تا شود ایں نارِ عالم جملہ نور

لغات آب زدن پانی چھڑکنا طہور پاک کردینے والا۔

ترجمہ اے ہمارے پروردگار تو (فیض رحمت کا) پاک و صاف کردینے والا پانی (ہم پر) چھڑک دے تاکہ یہ (صفات ذمیمہ کی) دنیوی آگ سرتاسر (صفاتِ حمیدہ کا) نور بنجائے۔

مطلب اوپر نار کو نور سے مبدل کرنے کی ترغیب دی تھی۔ اور یہ کام بظاہر دشوار تھا۔ اس لئے جناب باری میں اس مہم کی سہولت کے لئے التجا کرتے ہیں۔ ساتھ ہی یہ اشارہ بھی مقصود ہے۔ کہ سالک کو اپنے علم و مجاہدہ پر نازاں نہ ہونا چاہیئے۔ بلکہ ہمیشہ درگاہِ الٰہی کی طرف التجا کرتے رہنا لازم ہے۔ صائب رح ؎

یا رب از غرقاں مرا پیمانہ سرشار دہ — چشمِ بینا جانِ آگاہ و دلِ بیدار دہ
ہر سر موئے حواس من براہے میرود — ایں پریشاں سیر را در بزمِ وحدت بار دہ

کوہ و دریا جملہ در فرمانِ تست — آب و آتش اے خداوندا نہ آنِ تست

ترجمہ (تیری قدرت اس قدر وسیع ہے کہ) پہاڑ اور دریا سب تیرے حکم میں ہیں۔ اے خداوندا! پانی اور آگ تیری مملوک ہیں۔ حافظ رح ؎

سیر سپہر و دور قمر را چہ اختیار — در گردش اند بر حسب اختیارِ دوست

گر تو خواہی آتش آب خوش شود — ور نخواہی آب ہم آتش شود

ترجمہ اگر تو چاہے تو آگ خوشگوار پانی بنجائے۔ اگر نہ چاہے۔ تو پانی بھی آگ ہو جائے۔

مطلب جب تیری عنایت ہوتی ہے تو اسباب زحمت بھی سامانِ رحمت بن جاتے ہیں۔ لیکن اگر تیری عنایت نہ ہو۔ تو سامانِ راحت بھی باعث عذاب ہوتے ہیں۔ سعدی رح ؎

گلستاں کند آتشے بر خلیل گردہے با تش برد زآب نیل

بیطلب تو ایں طلب ماں دادۂ بیشمار و عدّ عطا بنہادہ

لغات طلب درخواست۔ مطلوب۔ ماں مارا عدّ شمار۔

ترجمہ تونے بے مانگے یہ مطلوب و مرادات (یعنی سامان رحمت) ہم کو دئے ہیں۔ بیشمار اور ان گنت انعامات بخشے ہیں۔ حافظ رح ؎

در حوصلہ ذرہ زخورشید چہ گنجد در جنب عطائے تو چہ باشد طلب ما

باطلب چوں ندہی اے حیّ وُدُود؟ کز تو آمد جملگی جُود و وُجُود

لغات حیّ زندہ ودود نیک بندوں کو دوست رکھنے والا۔ یہ دونوں اللہ تعالیٰ کے نام ہیں۔ ندہی کے کلمے سے شعر میں سکتہ ہے

ترجمہ پھر اے حیّ ودود تو طلب کرنے پر تو کیوں نہ دیگا۔ جب تمام بخشش اور ہستی تیری ہی طرف سے ہے۔ نظامی رح ؎

تو گفتی ہر آنکس کہ در رنج و تاب دُعائے کند من کنم مستجاب

نوٹ اوپر جو کہا تھا۔ کہ تو بلا طلب ہم کو عطیات بخشتا ہے۔ اب اس کے چند نظائر بیان فرماتے ہیں۔

در عدم کے بُود ما را خود طلب بے سبب کردی عطاہائے عجب

ترجمہ (چنانچہ جب ہم) عدم میں (تھے تو تونے ہم کو نعمت وجود سے ممتاز کرنا چاہا۔ بھلا اسوقت حصول وجود کے لئے) ہمارا مطالبہ کہاں تھا؟ (غرض) تونے بلا سبب عجب نعمتیں بخشی ہیں۔

جان و ناں دادی و عُمر جاوداں سائر نعمت کہ ناید در بیاں

لغات جاوداں ہمیشہ جس کی ماضی اور مستقبل میں انتہا نہ ہو۔ مگر عمر کی اضافت سے اس کے معنی ابدی ہونگے۔ کیونکہ رُوح انسانی ابدی ہے۔ ازلی نہیں۔ سائر باقی تمام ناید نہ آید۔

ترجمہ تونے (ہم کو بلا طلب) جان دی۔ رزق مقدر کیا۔ ابدی زندگی عطا فرمائی۔ اور باقی تمام نعمتیں (ویں) جو (حیطہ) بیان میں نہیں آسکتیں۔ سعدی رح ؎

نگنجد کرمہائے حق در قیاس چہ منت گزارد زبان سپاس

بیشمار و حد عطاہا دادۂ باب رحمت بر ہمہ بگشادۂ

ترجمہ تونے (نہ صرف ہمکو بلکہ سب کو) بیشمار و (بے) حد عطیات (بلا طلب) بخشے ہیں۔ (اور) سب پر رحمت کا دروازہ کھول رکھا ہے۔ سعدی رح ؎

چناں پہن خوانِ کرم گسترد کہ سیمرغ در قاف قسمت خورد

نوٹ آگے اس مضمون میں کہ خدا کیطرف سے ہمیشہ بلا طلب بخشش ہوتی ہے۔ اور بھی ترقی کرکے فرماتے ہیں۔ ایں طلب در ہم الخ

الخلاف اوپر کا شعر بعض خاص نسخوں سے نقل کیا گیا ہے۔ ہمارے نسخے میں نہیں ہے۔

ایں طلب در ما ہم از ایجادِ تُست رستن از بیداد یارب دادِ تُست

لغات ایجاد وجود میں لانا۔ داد انصاف۔ عطا و بخشش شعر میں دونوں معنی مراد ہو سکتے ہیں۔

ترجمہ یہ (یسر و غنا کی) طلب (و التجا) بھی تو نے ہی ہمارے اندر پیدا کی ہے۔ (تاکہ ہم احتیاج و تنگ حالی کے ظلم سے محفوظ رہیں اور اس ظلم سے (ہمارا) نجات پانا اے پروردگار تیرا انصاف (یا تیری بخشش) ہے۔

مطلب خداوند تعالیٰ کی طرف سے بلا طلب عطیات ملنے کا ذکر اوپر آچکا ہے۔ اب فرماتے ہیں۔ کہ جو مرادات و مقاصد طلب و تمنا سے ملتے ہیں۔ وہ بھی ایک طرح سے بلا طلب ہی ملے ہیں۔ کیونکہ یہ طلب بھی تو آخر خداوند تعالےٰ ہی کی طرف سے دل میں القا ہوتی ہے۔

بے طلب ہم میدہی گنجِ نہاں رایگاں بخشیدۂ جانِ جہاں

لغات رایگاں مفت بلا عوض۔

ترجمہ (تو وہ کریم ہے کہ) بے مانگے مخفی خزانہ بھی بخشدیتا ہے۔ چنانچہ جہان بھر (کی مخلوقات) کو مفت جان بخشدی ہے۔

مطلب بعض لوگوں کو دیوار کے لئے نیو کھودتے وقت یا کسی اور غرض سے زمین میں گڑھا کھودتے وقت خزانے ملے ہیں۔ حالانکہ وہ اس کی تلاش میں زمین کو نہیں کھودتے تھے۔ یہ بھی بلا طلب خدا کی بخشش کی ایک مثال ہے۔

ھٰکَذَا اَنْجِہْ اِلٰی دَارِ السَّلَامِ بِالنَّبِیِّ الْمُصْطَفٰی خَیْرِ الْاَنَامِ

لغات دار السلام ایک بہشت کا نام ہے انام مخلوق۔ کائنات۔

ترجمہ (الٰہی) اسیطرح (ہمارے) بہشت (میں داخل ہونے) تک بطفیل سرور کائنات نبی مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو نعمتیں عطا فرمائے جا۔ قال بعضھم ؎

لطفِ خاص و کرم عام تو ام درکار ست کار من خواہ درست آید و خواہ غلط

مژدہ بُردنِ خرگوش سُوئے نخچیراں کہ شیر در چاہ افتاد

خرگوش کا نخچیروں کے پاس بشارت لے جانا کہ شیر کوئیں میں گر گیا۔

چُونکہ خرگوش از رہائی شاد گشت سُوئے نخچیراں رواں شد تا بدشت

ترجمہ جب خرگوش رہائی پاکر خوش ہو گیا۔ تو نخچیروں کی طرف جنگل کو روانہ ہوا۔

شیر را چوں دید محوِ ظلم خویش سوئے قوم خود دوید او پیش پیش

ترجمہ جب اس نے شیر کو اپنے ظلم کے ہاتھوں تباہ ہوتا دیکھ لیا۔ تو وہ اپنی قوم کی طرف نہایت تیز دوڑنے لگا۔

شیر را چوں دید کشتہ ظلمِ خود میدوید او شادمان و بارُشد

لغات رُشد را کے ضمہ سے اور را و شین کے فتحہ سے دونوں طرح درست ہے۔ راستی۔

ترجمہ جب اس نے شیر کو اپنے ظلم سے ہلاک ہوتا دیکھ لیا۔ تو خوشی کے ساتھ سیدھے راستے سے دوڑتا جاتا تھا۔

شیر را چوں دید در چہ کشتہ زار چرخ میزد شادماں تا مرغزار

لغات زار خراب' یہ حال ہے شیر سے۔ چرخ زدن قلابازیاں کھانا۔ مرغزار چراگاہ مرغ میم کے فتح سے گھاس زار یعنی جگہ

ترجمہ جب اس نے دیکھا۔ کہ شیر کوئیں میں بحال زار ہلاک ہوگیا۔ تو چراگاہ تک خوشی سے قلابازیاں کھاتا (جاتا) تھا۔

دست میزد چوں رہید از دستِ مرگ سبز و رقصاں در ہوا چوں شاخ و برگ

ترکیب در ہوا کا تعلق شاخ و برگ رقصاں سے ہے۔ نہ کہ خرگوش رقصاں سے کما یتبادر صنائع لف و نشر مرتب بشرطیکہ سبز کا تعلق شاخ سے اور رقصاں کا برگ سے ہو۔ اگر برگ کے ساتھ دست میزد متعلق ہو تو لف نشر غیر مرتب ہے۔

ترجمہ (۱) جب وہ موت کے پنجے سے نکل گیا۔ تو (فرط مسرت سے) تالیاں بجانے لگا۔ (اور) ٹہنی اور پتوں کی طرح (جو) ہوا میں سرسبز ہوکر رقص کرتے ہوں۔ خوشحالی کے ساتھ اچھلتا کودتا جاتا تھا

(۲) جب وہ موت کے ہاتھ سے چھوٹ گیا۔ تو (فرط مسرت سے) پتوں کی طرح تالیاں بجاتا تھا اور شاخ سبز کی طرح رقص کرتا تھا

شاخ و برگ از حبسِ خاک آزاد شد سر برآورد و حریفِ باد شد

لغات حبس قید۔ حریف مقابل رفیق۔ سر برآوردن ظاہر ہونا۔ چوٹ نکلنا۔

ترجمہ شاخ اور پتے (بھی اسی طرح) مٹی کی قید سے آزاد ہوتے ہی اُٹھے اور ہوا کے رفیق ہوگئے (یعنی لہلہانے لگے)

مطلب اوپر خرگوش کے رقص مسرت کو شاخ کے لہلہانے سے تشبیہ دی تھی۔ اب مشبہ بہ یعنی خود شاخ کا حال بیان فرمانے لگے۔

برگہا چوں شاخ را بشگافتند تا ببالائے درخت اشتافتند

بازبانِ شَطْأَہٗ شکرِ خدا مے سرایدہر برو برگے جدا

لغات اشتافتند میں الف زائد ہے۔ شطأ شاخ سبز جو پہلی مرتبہ زمین سے نکلتی ہے۔ برگ پھل۔

ترجمہ پتوں نے جب شاخ کو چیرا یہانتک کہ درخت کے اوپر تک چڑھنے لگے۔ تو ہر برگ و بار شَطْأَہٗ کی زبان سے شکرِ خدا (کے گیت) جدا جدا گانے لگا۔ فیضی رح ؎

ہر گیاہے کہ از زمیں روید وحدہٗ لا شریک لہ گوید

مطلب اس شعر میں شطارہ کے کلمہ سے اور نیچے کے شعر کے اقتباسات سے اس آیت کریمہ کی طرف تلمیح ہے۔ کَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْأَہٗ فَاٰزَرَہٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰی عَلٰی سُوْقِہٖ یُعْجِبُ الزُّرَّاعَ الخ جیسے کھیتی کہ اس نے اپنی سوئی نکالی پھر اسنے اسکو قوی کیا چنانچہ وہ موٹی ہوئی۔ آخر کار اپنی نال پر سیدھی کھڑی ہو گئی۔ اور کسانوں کو خوش کرنے لگی۔ (فتح ۶ ۴)

بے زُباں ہر بار و برگ و شاخہا مے ستاید شکر و تسبیحِ خُدا

ترجمہ تمام پھل اور پتے اور شاخیں زبان کے بغیر خدا کے ذکر اور تسبیح (کی راگنیاں) گاتے ہیں۔

حافظ رح

ہر گل نو ز گلرخے یاد ہمے کند ولے
گوشِ سخن شنو کجا دیدۂ اعتبار کو

کہ پرورد اصلِ ما را ذو العطا تا درخت اِستَغْلَظَ آمد فَاسْتَوٰی

ترجمہ کہ اس بخشش والے (خداوند تعالیٰ) نے ہماری جڑ کو غذا پہنچائی۔ یہاں تک کہ درخت موٹا اور پھر سیدھا ہو گیا۔

مطلب اس شعر میں نباتات کے شکر و تسبیح کا مضمون بتایا ہے۔ اور بے زبان کی شرط سے تسبیح حقیقی کی نفی مقصود نہیں۔ بلکہ انسانی زبان اور بشری طریق ادا کی نفی مراد ہے یعنی نباتات اپنی مخصوص زبان اور طرز ادا سے حقیقی تسبیح بجا لاتے ہیں۔ جس کا بزبان شطارہ میں بھی اشارہ پایا جاتا ہے۔ صائب رح ؎

ہر غنچہ را ز حمد تو جزوے ست در بغل ہر خار مے کند بزبانے ثنائے تو

جانہائے بستہ اندر آب و گِل چُوں رہند از آب و گِلہا شاد دل

در ہوائے عشقِ حق رقصاں شدند ہمچو قُرص بدر بے نقصاں شدند

لغات بستہ مقید آب و گل۔ جسم عنصری مراد ہے۔ شاد دل حال ہے رہند کی ضمیر سے۔ قرص۔ ٹکیا۔

ترجمہ (نیک لوگوں کی) ارواح جو اجسامِ عنصری میں مقید ہیں۔ جب اس قیدِ عناصر سے

خوشی خوشی نجات پاتی ہیں۔ تو خدا کے عشق کی ہوا میں رقص کرتی ہیں (اور) پورے چاند کی تکیا کی طرح بے نقصان ہو جاتی ہیں۔

مطلب اوپر قیدِ خاک سے نباتات کی رہائی کا ذکر تھا۔ اب بطور انتقال قیدِ عناصر سے ارواح کی نجات کا ذکر فرماتے ہیں۔ اور یہ ارواح کا آب و گل سے نجات پانا یا تو اضطراری موت کے معنی میں ہے۔ جس سے مطلقاً جسم سے بے تعلقی ہو جاتی ہے۔ اس صورت میں اہل اللہ و عارفین کی ارواح کے لئے محبتِ الٰہی سے رقص و اہتزاز ظاہر ہے۔ چنانچہ مولانا رح مثنوی میں ایک اور جگہ فرماتے ہیں ؎

روح سلطانی ز زندانی بجست — جامہ چہ دریم چہ خائیم دست
رفت آں طاؤسِ عرشی سوئے عرش — چوں رسید از ہا نقاشش بوئے عرش

یا ریاضت و مجاہدہ کے ذریعہ سے شہوات نفس کو قطع کرنا مراد ہے۔ جس کو موت اختیاری بھی کہہ دیتے ہیں۔ اور اس میں روح کو جسم کے حالات ذمیمہ سے بے تعلقی ہو جاتی ہے۔ یہ بے تعلقی بھی روحانی عروج کیلئے لازم ہے۔

نظامی رح ؎ دام در پا و کوہ بر گردن — با فلک رقص چوں تواں کردن
عراقی رح ؎ دشمنے کت زدوست وا دارد — زودت از وے فرار باید کرد
غنی رح ؎ دل منور کے شود در ظلمت آبادِ بدن — شمع را روشن نمے سازند تا در قالب ست

جسم شاں در رقص و جانہا خود مپرس — وانکہ گرد جاں از انہا خود مپرس

ترجمہ۔ اُن کے جسم رقص کرتے ہیں اور روحوں کی تو کچھ نہ پوچھ۔ اور جو (سراپا) جان بنجاتے ہیں۔ ان کی نسبت تو کیا ہی کہنا۔

مطلب۔ اہل اللہ کی ارواح جب آب و گل کی قید سے نجات پا جاتی ہیں۔ تو ان کے جسم بھی آثار محبت کے مظہر ہو جاتے ہیں۔ اور یہ بات مذکورہ بالا دونوں احتمالوں یعنی موت اضطراری اور موت اختیاری کی صورتوں میں صادق آتی ہے۔ چنانچہ موت اضطراری کی حالت میں یا تو جسم مثالی مراد ہے۔ جس کی حرکت و سیر احادیث میں مصرح ہے۔ چنانچہ شہدا کی نسبت آیا ہے۔ کہ وہ سبز پرندوں کے قالب میں جنت میں جہاں چاہتے ہیں۔ کھاتے پھرتے ہیں یا اسی جسم عنصری پر بعض آثار روحانیہ کا ظاہر ہونا مراد ہے۔ چنانچہ اولیاء اللہ کی حکایات میں ان کے اجسام کا مدتوں تک اصلی حالت پر رہنا بکثرت منقول ہے۔ اور موت اختیاری کی حالت میں لذتِ شہود اور ذوق عرفان کی بشاشت مراد ہے۔ جو ان کے چہروں پر نمایاں ہوتی ہے اور اسی کو کنایۃً رقص کہہ دیا۔ یا حقیقی رقص مراد ہے۔ جو وجد اور حال میں جسم سے ظہور پاتا ہے۔ اور رُوح کی اعلیٰ کیفیات پر دلالت کرتا ہے۔ شیخ سعدی رح ؎

نہ بینی شتر بر حُدائے عرب — کہ چونش بر قص اندر آرد طرب
شتر را چو شور طرب در سرست — اگر آدمی را نباشد خرست

صائب ؎ بے آفتاب ذرّہ نہ خیزد ز جائے خویش — از خود نہ جسم خاکی ما رقص میکند

یہ حال ان سالکوں کا ہے جو ابھی مقام طلب میں ہوتے ہیں۔ جیسا کہ در ہوائے عشق حق رقصاں شدند سے ظاہر ہے۔ لیکن جو اہل اللہ سراپائے روح بنجاتے ہیں۔ وہ واصل بحق ہو جاتے ہیں اور ان کا اضطراب عشق

سکون وصل سے بدل جاتا ہے۔ ان کا تو پوچھنا ہی کیا ہے۔ امیر خسرو رح ؎

یار چوں باماست بہر دیدنش تعجیل چیست　　یوسف اندر مصر دل، در دیدہ رود نیل چیست

سالک واصل کا درجہ سالک طالب سے افضل ہے۔ موخر الذکر کا منتہائے کمال تو یہ تھا کہ روح کے بعض آثار جسم پر ظاہر ہو جاتے تھے۔ کما ذکرناہ آنفا۔ اور یہاں بعض ایسے افعال جسم سے صادر ہونے لگتے ہیں۔ جو روح سے صادر ہوا کرتے ہیں۔ ان افعال میں بعض خوارق عادات داخل ہیں۔ مثلاً رویت بلا توسط حیثم۔ اور سماعت بلا وسیلہ گوش۔ اور حیات مدید بلا اکل و شرب وغیرہ اور بعض عادات کی قبیل سے بھی داخل ہیں۔ مثلاً اپنی محبت کی تاثیر سے تصفیہ قلوب اور تجلیہ بواطن کرنا۔ اور یہ امور ایسے ہیں کہ اقتران جسم ان کو عمل میں لانے سے مانع نہیں ہوتا۔ مگر کاملین کا جسم مانع نہیں ہوتا۔ اور یہ دلیل ہے اس کی کہ جسم میں روح کی صفت آگئی۔ ایسی حالت کو کسی بزرگ نے اَذَوَلحُنَا اَشْبَاحُنَا اَذَا اَحُنَا سے تعبیر کیا ہے یعنی ہماری جان جسم ہے۔ اور ہمارا جسم جان ہے۔ (کذا فی کلید مثنوی ملخصاً) صائب رح ؎

چوں شبنم پاکیزہ گہر جسم گداز اں　　در دامن گلزار بخورشید سپارند

شیر را خرگوش در زندان نشاند　　ننگ شیرے کو ز خرگوشے بماند

لغات شیرے میں یائے موصولہ ہے اور خرگوشے میں یائے وحدت۔ بماند عاجز آگیا۔

ترجمہ شیر کو خرگوش نے (تباہی کے) قید خانے میں پہنچا دیا۔ اس شیر کو شرم (سے ڈوب مرنا چاہیئے) جو ایک خرگوش سے عاجز ہو جائے۔

مطلب ۔ یہاں سے دوسرا انتقال گرفتار قید جہل و ضلال کے ذکر کی طرف ہے۔ شیر سے روح مراد ہے۔ اور خرگوش سے نفس اور زندان سے مراد احوال ذمیمہ ہیں۔ جن میں نفس روح کو مبتلا کرنے کی کوشش کرتا رہتا ہے۔ فرماتے ہیں۔ کہ اگر روح پاک نفس پلید کے فریب میں آکر اپنے آپ کو مبتلائے ضلالت کرے تو اس پر افسوس ہے۔ صائب رح ؎

بدست نفس مدہ اختیار دل زنہار　　کہ زنگی آئینہ خویش تا رمیخواہد

در چنیں ننگی و ننگہ اے عجب　　فخر دیں خواہی کہ گویندت لقب

لغات ننگی میں یائے خطاب رابطہ جملہ ہے۔ فخر دیں وہ شخص جس پر اہل دیں کو فخر ہو۔ مراد مطاع معظم و محترم بزرگ۔ بعض لوگ سمجھتے ہیں۔ کہ اس سے امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ پر تعریض ہے۔ جو مولانا کے والد حضرت بہاؤ الدین رح کے ہمعصر تھے۔ حضرت ممدوح تو اقلیم تصوف کے تاجدار اور خواص و عوام کے دلوں پر حکمران تھے۔ اور امام موصوف ملک علم و قلمرو فلسفہ کے واحد فرمانروا اور دربار شاہی کے ایک مؤقر رکن تھے۔ لہذا بعد مشرب اور تضاد موقف دونوں میں رقابت کا باعث تھا۔ چنانچہ لکھا ہے۔ کہ مولانا کے والد کی وطن مالوف سے ہجرت محض امام ممدوح کی خفیہ ساز باز پر مبنی تھی۔ بہر حال بعض حقیقت شناس اصحاب یہ بھی فرماتے ہیں۔ کہ یہاں اور دیگر ایسے مقامات میں فخر الدین سے مطلقاً ایک مقبول عوام آدمی مراد ہے۔ امام ممدوح پر تعریض ہرگز نہیں۔ تعریض و کنایت سے کسی کی عیب گیری کرنا عوام کے لئے بھی بدترین رذائل اخلاق سے ہے چہ جائیکہ مولانا رح کی ذات ستودہ صفات سے ایسی نغزش کا ظہور ہو۔ آپ جیسے پاک سیرت اور طاہر النفس انسان کے حق میں ایسا احتمال بھی سوء ادب ہے۔

ترجمہ تو (خرگوش نفس سے عاجز ہو کر) ایسی عار میں (مبتلا) ہے اور پھر تعجب ہے۔ کہ فخر الدین کہلانا

مولانا کے کلام میں امام فخر الدین رازی پر تعریض نہیں

مولانا اور سالک رح کے روحانی کمالات میں موازنہ

چاہتا ہے۔ مولانا اسمٰعیل رح ؎

دوزخ سے نفرت اور یہ افعال زشت بھی — کو نک تو ایسے اور امید بہشت بھی

اے تو شیری در تگ ایں چاہ فرد — نفس چوں خرگوش خونت ریخت و خورد

لغات: تگ کوئیں کی تہ۔ فرد تنہا۔ ترکیب چاہ فرد میں اضافت نہیں۔ بلکہ فرد خبر ہے ضمیر تو کی۔

ترجمہ اے (غافل) تو اس (تعلقات دنیویہ کے) کوئیں کی گہرائی میں شیر (کی طرح) تنہا (مقید) ہے نفس نے جو خرگوش (مذکور) کی طرح (مکار) ہے۔ تجھے ہلاک کر کے کھا لیا۔ صائب رح ؎

تابع زیونی مشو از نفس کہ ایں — گردن کسے افراشت کہ از خصم سر آورد

الخلاف بعض نسخوں میں یہ شعر یوں ہے ؎ اے تو شیری در تگ ایں چاہ دہر۔ نفس چوں خرگوش چوں کشت بقہر۔

ترجمہ اے (غافل) جو اس (تعلقات) دنیا کے کوئیں میں شیر (کی طرح قید) ہے۔ نفس نے جو خرگوش کی طرح (حقیر و ناچیز ہے) تجھ کو مغلوب کر کے کیونکر مار ڈالا؟

نفس خرگوشت بصحرا در چرا — تو بقعر ایں چہ چون و چرا

لغات۔ چرا چرنا چگنا۔ چون و چرا۔ سوال و جواب۔ بحث مباحثہ۔ تذبذب۔ شک و شبہ۔

ترجمہ تیرا نفس خرگوش (کی طرح۔ لذات دنیا کے) جنگل میں چر چگ رہا ہے۔ تو اس چون و چرا کے کوئیں کی گہرائی میں (مقید پڑا) ہے

مطلب ان دونوں شعروں میں پیران ریا کار سے خطاب ہے۔ یا طالبان دنیا سے یا فلاسفہ سے اور چون و چرا ان پیروں کی پر تزویر گفتگو یا اہل دنیا کی قیل و قال دنیویہ یا فلاسفہ کے مباحثہ فلسفیہ مراد ہیں۔ اور مقصود یہ ہے کہ روح کو نفس امارہ کے پنجے سے نجات دلانے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ صائب رح ؎

نفس دل را غوطہ در رنگ تعلقات — چوں گدا اے کز طمع فرزند خود را کور کرد

سوئے نخچیراں دوید آں شیر گیر — کہ اَبْشِرُوْا یَا قَوْمِ اِذْ جَاءَ الْبَشِیْر

ترکیب مصرعہ اولیٰ کے بعد وایں گفت مقدر ہے۔ دوسرا مصرعہ ایں کا بیان ہے۔ یا قوم کے بعد یائے متکلم مضاف الیہ محذوف ہے۔

ترجمہ (الغرض) وہ شیر کو پکڑنے والا (خرگوش) نخچیروں کی طرف دوڑا اور (بولا) کہ اے میری قوم خوش ہو جاؤ کہ خوشخبری دینے والا آ گیا ہے۔

مژدہ مژدہ اے گروہ عیش ساز — کاں سگ دوزخ بدوزخ رفت باز

ترجمہ مبارک ہو مبارک اے عیش منانے والے لوگو! کہ دوزخی کتا پھر دوزخ میں چلا گیا۔

مطلب یعنی وہ شیر جو اپنے غضب و قہر کے لحاظ سے گویا ایک دوزخی درندہ تھا۔ جو جماعت وحوش پر مسلط ہو گیا تھا۔ وہ پھر دار السیاسۃ جہنم ہو گیا۔ ہم کو تباہ کرنے آیا تھا۔ خود تباہ ہو گیا۔ ولا یحیق المکر السیئ الا باھلہ

مژدۂ مژدہ کاں عدوے جانہا　　کند قہرِ خالقش دنداں نہا

ترجمہ مبارک ہو مبارک! کہ خالق تعالیٰ کے قہر نے اس دشمنِ جانوراں کے دانت توڑ ڈالے

مژدہ مژدہ کز قضا ظالم بچاہ　　اوفتاد از عدل و لطفِ پادشاہ

ترجمہ مبارک ہو مبارک! کہ بادشاہ (حقیقی) کے انصاف اور مہربانی کے طفیل ظالم تقدیر سے کوئیں میں گر پڑا۔ سعدی رحمۃ اللہ علیہ ؎

میر گفتمت پائے مردم زجائے　　کہ خاطر شوی گر در آئی ز پائے

آنکہ از پنجہ بسے سرہا بکوفت　　ہمچو خس جاروبِ مرگش ہم بروفت

ترجمہ جس نے (اپنے) پنجے سے بہت سے سر توڑ ڈالے تھے۔ موت کی جھاڑو نے اس کی بھی تنکے کی طرح صفائی کر دی (خس کم جہاں پاک)

آنکہ جز ظلمش دگر کارے نبود　　آہِ مظلومش گرفت و کوفت زود

ترجمہ جس کا ظلم کے سوا کوئی کام نہ تھا۔ مظلوم کی آہ نے اس کو پکڑ لیا۔ اور فوراً تباہ کر دیا صائبؔ ؎

بہ آہے ریزد از ہم تار و پودِ ہستی ظالم　　نسیجے مے تند بر یکدیگر زلف پریشاں را

گردنش بشکست و مغزش بردرید　　جانِ ما از قیدِ محنت وارہید

ترجمہ (آہِ مظلوم نے) اس کی گردن توڑ ڈالی۔ اور اس کا مغز پھاڑ ڈالا۔ ہماری جان محنت کی قید سے نجات پا گئی۔ سعدی رح ؎

آتش سوزاں نکند با سپند　　آنچہ کند آہِ دلِ مستمند

گم شد و نابود شد از فضلِ حق　　برہم دشمن شما را شد سبق

ترکیب گم شد کا مبتدا ضمیر محذوف ہے جو اشعار سابقہ میں آنکہ اسم موصول کی طرف پھرتی ہے۔ مہم "دشمن" شما تین اسم ہیں۔ ان میں سے یا تو مہم دشمن مرکب اضافی ہے۔ یا دشمن شما۔ مگر فک اضافت دونوں صورتوں میں ہے۔ اور دونوں تقدیروں پر ترجمہ دو طرح ہو سکتا ہے۔ کما سیاتی:۔

ترجمہ وہ (ظالم شیر) خداوند تعالیٰ کے فضل سے برباد و نابود ہو گیا (اور) دشمن کی مہم کا تم کو بھی تجربہ ہو گیا (کہ اس کو کس طرح زیر کرنا چاہیئے)

دوسرے مصرعہ کا یہ ترجمہ مہم دشمن کو مرکب اضافی قرار دینے کی صورت میں تھا۔ اور دشمن شما میں ترکیب اضافی ماننے کی حالت میں یوں کہیں گے۔ اس واقعہ سے تمہارے (ہر) دشمن کو عبرت ہو جائیگی (کہ نخچیروں کو ستانے کا انجام کس قدر برا ہو سکتا ہے) نظامی رح ؎ راکہ ستم را بکیارگی　　کہ کم عمری آرد ستمگارگی

الخلاف یہ شعر بعض نسخوں میں نہیں ہے۔

جمع شدن نخچیراں نزدِ خرگوش و ثنا و مدح گفتن اُورا

نخچیروں کا خرگوش کے پاس جمع ہونا اور اس کی مدح و ثنا کرنا

جمع گشتند آنزماں جملہ وُحوش شاد و خنداں از طرب در ذوق و جوش

ترجمہ اس وقت تمام جنگلی جانور ذوق و شوق میں خوشی سے ہنستے کھیلتے جمع ہوئے۔

حلقہ کردند او چو شمعے درمیاں سجدہ کردندش ہمہ صحرائیاں

ترجمہ سب نے حلقہ کر لیا۔ وہ (خرگوش) شمع کی طرح (ان کے) درمیان (تھا) سب جنگلی جانور اس کی تعظیم بجالاتے تھے۔

تو فرشتہ آسمانی یا پری یا تو غرائیلِ شیرانِ نری

ترکیب آسمانی اور نری میں یا خطاب رابط جملہ ہے۔ فرشتہ آسمان میں فک اضافت ہے۔

ترجمہ (اور کہتے تھے) تو کوئی آسمان کا فرشتہ ہے یا پری ہے یا نر شیروں کے لئے ملک الموت ہے۔

ہر چہ ہستی جانِ ما قربانِ تُست دستبُردِ دست و بازوئیت درست

لغات دستبرد غلبہ۔

ترجمہ تو جو کچھ بھی ہے ہماری جان تجھ پر قربان ہے کہ (ہم کو اس ظالم شیر سے نجات دلائی) تیرے دست و بازو کا غلبہ خوب رہا۔

راندِ حق ایں آب را در جُوے تو آفریں بر دست و بر بازوئے تو

لغات۔ آب در جو کنایہ ہے دولت۔ حکومت اور کامیابی سے۔

ترجمہ۔ یہ کامیابی خدا نے تجھی کو بخشی ہے۔ تیرے دست و بازو پر آفرین ہے۔

باز گو تا قصّہ درمانہا شود باز گو تا مرہم جانہا شود

ترجمہ (سارا حال) سنا تاکہ (اصل) واقعہ (سنکر ہمارے مجروح دلوں کو) تسکین ہو جائے سنانا تاکہ دلوں (کے زخموں) کا مرہم ہو جائے۔

باز گو تا چُوں سگالیدی بمکر آں غوّاں را چُوں بمالیدی بمکر

لغات۔ سگالیدن۔ سوچنا۔ مکر حیلہ۔ تدبیر۔ غوان ظالم۔ مالیدن پایال کرنا۔ ملیامیٹ کرنا

ترجمہ بیان کر کہ تو نے کس طرح حیلہ سوچا تھا؟ اس زبردست ظالم کو دھوکے کے ساتھ کیونکر پایمال کیا؟

باز گو کز ظلم آں استم نما صد ہزاراں زخم دارد جانِ ما

ترجمہ (سارا حال) سنا کیونکہ اس ظالم کے ظلم سے ہماری جان پر لاکھوں زخم ہیں۔

باز گو آں قصہ کاں شادی فزاست روح مارا قوت و دل را غذاست

لغات قوت ۔ واو معروف غذا جان بمعنی طاقت و تازگی۔ اس شعر میں قافیہ کا نقص ہے۔

ترجمہ وہ قصہ (مفصل) سنا کیونکہ وہ لطف انگیز ہے۔ وہ ہماری روح کی غذا ہے۔ اور دل کو طاقت بخشنے والا ہے +

گفت تائید خدا بود اے مہاں ورنہ خرگوشے چہ باشد در جہاں

لغات تائید مدد۔ مہاں ۔ جمع مہ ۔ بکسر میم۔ سردار۔ خرگوشے میں یائے تحقیر ہے۔

ترجمہ (خرگوش) بولا حضرات! سب کچھ خدا کی مدد سے ہوا۔ ورنہ دنیا میں ایک خرگوش (کی) کیا (وقعت) ہے۔ جامی رح ؎

لطف عمیم دوست مرا خاص خویش خواند ورنہ چہ صد مرا کہ زنم لاف اختصاص

نظامہ ما ملک عافیت نہ بلشکر گرفتہ ایم ما تخت سلطنت نہ ببازو نہادہ ایم

قوتم بخشید و دل را نور داد نور دل مر دست و پارا زور داد

ترجمہ جس نے مجھے ہمت بخشی اور دل کو (عقل کا) نور دیا۔ دل کے نور نے ہاتھ پاؤں کو طاقت دی۔

پند دادن خرگوش نخچیراں را کہ از مُردنِ خصم شاد مشوید

خرگوش کا نخچیروں کو نصیحت کرنا کہ دشمن کی موت پر خوش نہ ہونا چاہیئے

از بر حق میرسد تفضیلہا باز ہم از حق رسد تبدیلہا

ترجمہ خدا کے حضور سے (لوگوں کو ایک دوسرے پر) فضیلتیں ملتی ہیں۔ پھر خدا ہی کے حکم سے ان میں تغیرات آجاتے ہیں۔

مطلب ۔ خرگوش کی فتحیابی پر دوسرے وحوش اس کو مبارک دیتے اور خوشی کے شادیانے بجاتے ہیں۔ مگر وہ بجائے اس کے کہ اپنی اس تحسین و توصیف پر مغرور ہو۔ اس فتح کو منجانب اللہ سمجھتا ہے۔ اور ان کو سکون و طمانیت کی تلقین کرتا ہے۔ چنانچہ کہتا ہے۔ کہ اس قسم کے فتوحات اور غلبے اپنے زور بازو سے حاصل

نہیں کئے جاتے۔ بلکہ خدا کی طرف سے میسر ہوتے ہیں۔ لیکن اگر وہ چاہتا ہے۔ تو کبھی اسکے خلاف بجائے غلبہ کے شکست و مغلوبیت کا منہ بھی دیکھنا پڑجاتا ہے۔ قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (آل عمران ع ۳) تم دعا مانگو کہ اے خدا ملک کے مالک۔ تو جس کو چاہے۔ سلطنت دے اور تو جس سے چاہے۔ سلطنت چھین لے۔ اور تو جسکو چاہے عزت دے اور جس کو چاہے ذلت دے۔ خوبی تیرے ہی ہاتھ میں ہے۔ بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ وَتِلْكَ الْأَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ (آل عمران ع ۱۴) یہ اتفاقات وقت ہیں۔ جو ہمارے حکم سے نوبت بنوبت لوگوں کو پیش آتے ہیں ؎ نظامی رح ؎

چو بادی تو انائی اندر سرشت　　مزن خندہ کاینجا بود خندہ زشت

جملہ فضل اوست دانید اینچنیں　　سجدہ اش از جان و دل آرید ہیں

ترجمہ (یہ) سب اسی کا فضل ہے بس یہی بات (صحیح) سمجھو ہاں! جان و دل سے اس کا سجدہ (شکر) بجالاؤ **الخلاف** ۔ یہ شعر ہمارے نسخے میں نہیں تھا۔

حق بدور و نوبہ ایں تائید را　　میدہد اہل ظن و دید را

لغات دور چکر باری۔ جیسے دور ساغر جبکہ حلقہ محفل میں ساغر چکر لگاتا ہے۔ اور وہ حلقہ نشیں لوگوں کو باری باری پلایا جاتا ہے۔ نوبہ نوبت بحالت ضعف یا باری اہل ظن ناقص لوگ اہل دید کاملین جن کو مشاہدہ کا درجہ حاصل ہے

ترجمہ اللہ تعالیٰ یہ تائید ناقص اور کامل لوگوں کو باری باری دکھا دیتا ہے۔

مطلب ۔ ہر قسم کے لوگوں کو تائید الٰہی کا حصہ بقدر استحقاق ملتا رہتا ہے۔ چنانچہ کبھی شیر کا دور آجاتا ہے اور کبھی خرگوش کا۔ ایک تخت کبھی بابر و ہمایوں کے پاؤں چومتا ہے۔ اور کبھی نظام سقا اس پر متمکن ہوجاتا ہے کما قیل ؎

مغرور مشو بجاہ چوں بیخبراں　　زیرا کہ بود جاہ چو ابر گزراں

ابر گزراں اگرچہ گوہر بارد　　خاطر ننہد مرد خردمند براں

بہر ایں ملک نوبتی شادی مکن　　اے تو بستہ نوبت آزادی مکن

لغات ہیں یکسر ہا کلمہ تنبیہ۔ بستہ پابند۔ مقید یہاں نک اضافت ہے۔

ترجمہ خبردار باری باری ہاتھ آنے والی سلطنت پر خوش نہ ہونا۔ ارے! تم تو باری کے پابند ہو۔ آزادی (کی امید) نہ کرو۔

مطلب تخت و تاج پر قابض ہوکر یہ توقع نہ رکھو۔ کہ تم اس کو ہمیشہ اپنے قبضے میں رکھنے کے لئے آزاد ہو نہیں نہیں۔ بلکہ تم سلسلہ نوبت کے ماتحت مجبور ہو کہ جب خاص وقت آئے۔ تو تخت کسی اور کے حوالے کرکے خود تخت سے تختے پر جا لیٹو صائب رح ؎

ایں دو لتے کہ دل بدوامش نہادۂ　　چوں سایہ در رکاب ہما سیر میکند

ان اشعار میں یہ اشارہ بھی ہے۔ کہ کاملین کو اپنے کمالات پر مغرور و مسرور نہ ہونا چاہیئے۔ بلکہ لازم ہے۔ کہ خداوند تم

کی صفت تمہاری سے ڈرتے رہیں۔ اور اپنے کمالات ظاہری و باطنی کے مسلوب و زائل ہوجانے سے خائف رہیں۔ مولانا رح فرماتے ہیں ؎

علتے بدتر ز پندارِ کمال — نیست اندر جانت اے مغرور ضال

از دل و از دیدہ ات بس خوں رود — تا ز تو ایں معجبی بیروں رود

آنکہ ملکش برتر از نوبت زنند — برتر از ہفت انجمش نوبت زنند

لغات نوبت باری۔ ایوانِ شاہی پر خاص خاص اوقات پر نقارہ بجانا۔ انجم ستارے۔ نجم کی جمع

ترجمہ جس شخص کی سلطنت نوبت (اور باری) سے بالا یا لاقائم کی جاتی ہے۔ اس (کی شان و شوکت) کا نقارہ سات ستاروں سے اونچا بجایا جاتا ہے۔

مطلب۔ ہفت اختر کنایہ ہے ہفت فلک سے۔ کیونکہ اہل ہیئت نے ان ستاروں کا سات آسمانوں پر ہونا ثابت کیا ہے۔ فرماتے ہیں۔ کہ جو اہل اللہ دنیا کے ملک فانی کو چھوڑ کر ملک باقی اختیار کرتے ہیں۔ ان کا درجہ آسمانوں سے اوپر عالم ملکوت میں ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ قدس اللہ سرہ حجۃ اللہ البالغۃ میں ملاء اعلیٰ کے ذکر میں فرماتے ہیں۔ وان لارواح افاضل الآدمیین دخولا فیھم و لحوقا بھم کما قال اللہ تعالی یاایتھا النفس المطمئنۃ ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیۃ فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رأیت جعفر ابن ابی طالب مدکا یطیر فی الجنۃ مع الملائکۃ بجناحین یعنی بنی آدم میں سے جو افضل لوگ ہیں وہ ملائکہ میں داخل و لاحق ہو سکتے ہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ اے نفس مطمئنہ اپنے پروردگار کی طرف جا تو اللہ سے راضی اللہ تجھ سے راضی ہو۔ پس میرے بندوں میں داخل ہو۔ اور بہشت میں جا داخل ہو۔ اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ نے کہ میں نے جعفر ابن ابی طالب کو فرشتے کی صورت میں دیکھا۔ کہ فرشتوں کے ہمراہ جنت میں دو پروں کے ساتھ اڑتے تھے۔

برتر از نوبت ملوکِ باقیند — دورِ دائم روحہا را ساقیند

ترجمہ نوبت (اور باری) سے برتر وہ سدا رہنے والی بادشاہی کے مالک ہیں۔ جو ہمیشہ (اپنی) روح کو (محبت الٰہی کی شراب) پلاتے رہتے ہیں۔ حافظ رح ؎

مے خور کہ عمر سرمد گر در جہاں تواں یافت — جز بادہ بہشتی ہیچش سبب نباشد

چوں بنوبت میدہند ایں دولتت — از چہ شد پر بادِ آخر سبلتت؟

لغات سبلت مونچھ عربی لفظ ہے۔ اور پہلے تینوں حرفوں پر فتحہ ہے۔ مگر فارسی والے با پر سکون پڑھتے ہیں۔ سین کا ضمہ جو مشہور ہے غلط ہے۔ سبلت پر باد شدن۔ مونچھوں میں ہوا بھرنا کنایہ ہے کبر و غرور سے۔

ترجمہ جب یہ دولت (مستقل و پایدار نہیں۔ بلکہ) تجھے نوبت کے ساتھ ملتی ہے۔ تو کیا وجہ ہے۔ کہ تیری مونچھیں (تکبر سے) پھول گئیں۔

مطلب جب باقی و لازوال دولت حاصل کرنیوالے یعنی اہل اللہ اپنے مراتب عالیہ پر فخر و مباہات نہیں کرتے۔ حالانکہ انکے مدارج اس پایہ کے ہیں۔ کہ انپر فخر کرنا وجیہ رکھتا ہے۔ تو تم ایک فانی و زوال پذیر دولت پر کیوں مغرور ہو۔ سنائی رح ؎

اے گل نشوخ کہ مغرور بہاراں مشدہ — خبرت نیست کہ در پہلوے چو خزانے داری

بعض نسخوں میں اوراق کی جگہ ہاتھ ہوتا ہے

ترکِ ایں شُرب از بگوئی یکدو رُوز ترکنی اندر شرابِ خُلد پُوز

لغات۔ شرب پینا۔ مے نوشی ۔بگوئی بمعنی کنی خلد بہشت پوز ۔ منہ دہن۔

ترجمہ اگر اس شراب (لذاتِ مذمومہ) کو ایک دو روز چھوڑ دو تو شرابِ خلد میں منہ تر کرلو۔

مطلب لذات و شہوات نفسانیہ جن کو اختیار کرنا شرعاً مذموم و حرام ہے اور تمہارے لئے وہ مایۂ غرور بن رہی ہیں اگر تم اس چند روزہ زندگی میں ان سے کنارہ کش رہو۔ تو قربِ الٰہی کی لذت سے بہرہ ور ہو جاؤ۔ نظامی رح ؎

سرز ہوا تافتن از سروری ست ترک ہوا قوتِ پیغمبری ست

یکدو روزے چہ کہ دُنیا ساعتے ست ہر کہ ترکش کرد اندر راحتے ست

لغات ساعتے میں یائے وحدت ہے۔ راحتے میں یائے تفخیم ہے بعض نسخوں میں ساعت و راحت درج ہے۔

ترجمہ ایک دو روز بھی کہاں؟ دنیا تو ایک ساعت ہے۔ جسنے اس کو چھوڑ دیا۔ وہ بڑے آرام میں ہے۔ امیر خسرو ؎

خوش آنکساں کہ گذشتند پاک چوں خورشید کہ سایہ نیز بسوئے جہاں نیفگندند

معنیِ اَلتَّرکُ رَاحَۃٌ گوش کُن بعد ازاں جامِ بقا را نوش کُن

ترجمہ پہلے الترک راحۃ کے معنی سن لو۔ پھر بقا کا پیالہ نوش کرو

مطلب یہ اس مشہور قول کی طرف اشارہ ہے۔ الدنیا ساعۃ فنوکھا راحۃ فاجعلھا طاعۃ بعض لوگ اس کو حدیث نبوی کہتے ہیں۔ مگر محققین کے نزدیک اس کا حدیث ہونا ثابت نہیں جس کا ذکر پیچھے گذر چکا ہے۔ فرماتے ہیں۔ اس قول کے مطابق دنیائے فانی کو چھوڑ کر عالمِ باقی کو اختیار کرو ؎

حافظا ترکِ جہاں گفتن طریقِ خوشدلی ست تا نہ پنداری کہ احوالِ جہاں داری خوش ست

جامی رح ؎ در بحرِ کبریائے تو آنکس کہ شد فنا چوں خضر رہ راہ بسر چشمۂ حیات

باسگاں بگذار ایں مُردار را خُرد بشکن شیشۂ پندار را

لغات با بمعنی طرف و جانب۔ خرد۔ ریزہ ریزہ۔ پندار۔ غرور۔ گھمنڈ۔

ترجمہ اس مردار (دنیا) کو (دنیا کے) کتوں پر چھوڑ دو۔ غرور کے شیشے کو توڑ کر ریزہ ریزہ کر ڈالو۔

مطلب اس میں اس قول کی طرف اشارہ ہے۔ اَلدُّنْیَا جِیْفَۃٌ وَطَالِبُھَا کِلَابٌ۔ یعنی دنیا مردار ہے۔ اور اس کے طالب کتے ہیں۔ دنیا کے معنی لغت میں پاس کی چیز کے ہیں۔ عرف میں وہ عالم جو موت سے پہلے ہے۔ شرع میں خاص وہ حالت جو فکر عقبیٰ اور تہیہ آخرت سے مانع ہو۔ مجازاً وہ مال و متاع جو اس مانعیت کے اسباب بنجائیں (گذافی کلیہ شنوی) قرآن مجید اور حدیث شریف میں جو جا بجا دنیا کی مذمت اور اس سے بچنے کی تاکید وارد ہے۔ اس سے وہی دنیا مراد ہے۔ جو بمعنی شرعی آخرت کے اہتمام سے مانع ہے۔ یا وہ اموال و امتعہ جن پر اس وجہ سے بمعنی مجازی دنیا کا اطلاق کیا جاتا ہے۔ کہ وہ آدمی کو آخرت سے غافل و بے فکر بنا دیتے ہیں۔ کما قیل ؎

بود زر موجب تصدیع جویان الٰہی را ز جمع فلس دائم سینہ پرداغ است ماہی را

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اَلدُّنْیَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَ جَنَّۃُ الْکَافِرِ یعنی دنیا مومن کا قیدخانہ اور کافر کا باغ ہے۔ (مشکوۃ)

عبداللہ ابن عمرو رضؓ سے روایت ہے۔ کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ اَسْلَمَ وَ رُزِقَ کَفَافًا وَقَنَّعَہُ اللّٰہُ بِمَا اٰتَاہُ (یعنی فلاح پائی اس شخص نے جو مسلمان ہوا۔ اور بقدر ضرورت اس کو روزی دی گئی۔ اور اللہ نے اس کو جو دیا اس پر قانع بنایا (مشکوۃ) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لُعِنَ عَبْدُ الدِّیْنَارِ لُعِنَ عَبْدُ الدِّرْھَمِ۔ یعنی لعنت ہے دنیا کے غلام پر اور لعنت ہے درم کے غلام پر (مشکوۃ)

لیکن جو سیم وزر اور مال ومتاع وجوہِ حلال سے حاصل کیا گیا ہو۔ اور اس کی حب اس قدر دل پر طاری نہ ہو۔ کہ آدمی فکر عاقبت سے غافل ہو جائے۔ ایسا مال ومتاع نہ شرعاً مکروہ ومذموم ہے اور نہ اس کا نام دنیا ہے۔ جس کی تصریح خود مولانا نے فرمادی ہے۔ کہ ؎

چیست دنیا از خدا غافل بُدن ۔۔۔ نے قماش و نقرہ و فرزند و زن (دیکھو اس شرح کا صفحہ ۳۳)

ایسے مال کو شرع کی زبان میں خیر (یعنی بھلائی) اور فضل (یعنی خدا کی مہربانی) سے موسوم کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ فَانْتَشِرُوْا فِی الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ (سورہ جمعہ رکوع ۲) پھر اپنی راہ لو۔ اور طلب معاش میں لگ جاؤ۔ اور فرمایا۔ وَاٰخَرُوْنَ یَضْرِبُوْنَ فِی الْاَرْضِ یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ۔ سورہ مزمل رکوع ۲ اور بعض خدا کے فضل یعنی معاش کی تلاش میں ملک میں سفر کر رہے ہونگے اور فرمایا۔ لَیْسَ عَلَیْکُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّکُمْ (سورہ بقرہ رکوع ۲۵) اگر تم اپنے پروردگار کا فضل (یعنی تجارت وغیرہ کا منافع) چاہو تو تم پر کچھ گناہ نہیں حضرت سعد رضؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْعَبْدَ التَّقِیَّ الْغَنِیَّ الْخَفِیَّ یعنی اللہ تعالیٰ اپنے بندے کو دوست رکھتا ہے۔ جو پرہیزگار ہو۔ غنی ہو۔ مہربان ہو۔ (مشکوۃ) وَعَنْ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ قَالَ کَانَ الْمَالُ فِیْمَا مَضٰی یُکْرَہُ فَاَمَّا الْیَوْمَ فَھُوَ تُرْسُ الْمُؤْمِنِ وَقَالَ لَوْلَا ھٰذِہِ الدَّنَانِیْرُ لَتَمَنْدَلَ بِنَا ھٰؤُلَاءِ الْمُلُوْکُ وَقَالَ مَنْ کَانَ فِیْ یَدِہٖ مِنْ ھٰذِہٖ شَیْءٌ فَلْیُصْلِحْ فَاِنَّہٗ زَمَانٌ اِنِ احْتَاجَ کَانَ اَوَّلَ مَنْ یُّبْدِلُ دِیْنَہٗ وَقَالَ الْحَلَالُ لَا یَحْتَمِلُ السَّرَفَ یعنی حضرت سفیان ثوری رضؓ عنہ جو ایک مشہور اور جلیل القدر مجتہد ومحدث تابعی ہیں) فرماتے ہیں۔ کہ مال پہلے زمانے میں مکروہ سمجھا جاتا تھا لیکن آجکل وہ مسلمان کے لئے بمنزلہ ڈھال کے ہے۔ اور فرمایا اگر یہ دینار نہ ہوتے۔ تو شاہانِ وقت ہمکو اپنے لئے (ہاتھ منہ پونچھنے کا) رومال بنالیتے۔ اور فرمایا جس کے ہاتھ میں یہ (مال) ہو اُسے اسکو اچھی طرح رکھنا (اور ترقی دینا) چاہیئے۔ کیونکہ یہ وہ زمانہ ہے کہ اگر وہ محتاج ہوگیا۔ تو سب سے پہلے وہی اپنے دین کو کھو بیٹھے گا۔ اور فرمایا حلال مال اسراف کا برداشت نہیں کرتا۔ (مشکوۃ) حضرت سفیان ثوری رضؓ کا زمانہ تو پھر مسلمانوں کی دنیوی خوشحالی اور دینی استقامت کا زمانہ تھا۔ آج کل جبکہ مسلمانوں کا افلاس انتہا کو پہنچا ہوا ہے۔ اور بُعد عہد کی وجہ سے لوگوں میں استقامت دینی کم ہوگئی ہے۔ آپ کی یہ پیشگوئی مسلمانانِ عالم کے حق میں عموماً اور مسلمانانِ ہند پر خصوصاً حرفاً بحرف پوری اتر رہی ہے چنانچہ ان دو تین سالوں کے اندر ہزارہا مسلمان مشرکانِ ہنود کی ترغیب پر محض اپنی مفلسی کی وجہ سے مرتد ہو چکے ہیں۔ اور ہو رہے ہیں۔ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ ذٰلِکَ ان حالات میں اور ان واقعات کی موجودگی میں ہمارے واعظوں اور صوفیوں کا مسلمانوں کو ترک مال کی تعلیم دینا خودکشی پر آمادہ کرنا ہے۔ سعدی رح ؎

با گرسنگی قوتِ پرہیز نماند ۔۔۔ افلاس غنا ز کفِ تقویٰ بستاند

موجودہ زمانہ میں مسلمانوں کو ترک مال اور زہد کی تعلیم دینا خودکشی کے مترادف ہے

حافظ رح ؎ ز زرت کنند زیور بزرت کشند در بر ۔ من بینوا ے مضطر چکنم کہ زر ندارم

غرض ہمارے علماء و واعظین اور صوفیہ و مشائخ کا فرض ہے۔ کہ وہ اہل ملت کو اپنے زور بیان اور قوت تصرف سے پکے دیندار، متقی، خدا ترس، عبادت گذار۔ اور امور دین میں غیرتمند بنانے کی پوری کوشش فرمائیں۔ اور ساتھ ہی یسر و غنا کے حصول کی بھی ان کو ترغیب دیں۔ تاکہ افلاس و احتیاج کی وجہ سے ان کا سر دشمنان دین کے آگے جھکنے نہ پائے۔ اور وہ انفرادی و اجتماعی زندگی کے تمام میدانوں میں کفار کی ہر مزاحمت کا دفاع کر سکیں۔ اَللّٰھُمَّ اَیِّدِ الْاِسْلَامَ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَاخْذُلِ الْکَفَرَۃَ وَالْمُشْرِکِیْنَ۔ اٰمِیْنَ ۔

تفسیر رَجَعْنَا مِنَ الْجِھَادِ الْاَصْغَرِ اِلَی الْجِھَادِ الْاَکْبَرِ

اس قول کی تفسیر کہ ہم چھوٹے جہاد سے بڑے جہاد کی طرف رجوع کرتے ہیں

مطلب اس قصے میں ایک دشمن ظاہری کے ساتھ مقابلہ کرنے کا ذکر تھا۔ اب اس سے دشمن باطنی یعنی نفس کے ساتھ نبرد آزما ہونے کی طرف انتقال کرتے ہیں۔ ظاہری دشمن کے ساتھ جنگ کرنا جہاد اصغر کے نام سے موسوم کیا گیا ہے اور اس باطنی دشمن سے لڑنے کو جہاد اکبر کہا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے۔ کہ ظاہری دشمن تو کھلے میدان میں برسر پیکار ہوتا ہے اس لئے اس کو زیر کرنا سہل ہے۔ بخلاف باطنی دشمن کے کہ وہ خود انسان کے مکامن وجود میں حتی کہ رگ رگ کی کمینگاہ میں مخفی ہے۔ جس کا تعاقب کرنا اور اس کو گرفت میں لانا دشوار ہے۔ دوسرے انسان کے جس قدر قوے و حواس دشمن ظاہری کو شکست دینے میں مدد دیتے ہیں۔ وہ سب اس دشمن باطنی کا حکم مانتے ہیں۔ اس لئے نفس کا مقابلہ نہایت مشکل اور خطرناک ہے۔

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی قدس اللہ سرہٗ کے فتاوی میں لکھا ہے۔ کہ یہ کلام (رجعنا من الجہاد الاصغر الخ) صوفیہ کی کتابوں میں بہت مستعمل ہے۔ اور انکے نزدیک حدیث نبوی ہے۔ بلکہ بعض علماء محدثین کے کلام میں بھی یہ عبارت جہاد نفس کی فضیلت کے استشہاد میں دیکھی گئی ہے۔ لیکن مجھے یاد نہیں۔ کہ یہ حدیث کی کسی کتاب میں دیکھی ہو۔ بہرتقدیر جہاد اکبر سے مراد نفس و شیطان کا جہاد ہے نہ کہ مراجعت اور یہی تفسیر صوفیہ کے فہم کے مطابق ہے۔ اور اس کلام کی شاہد یہ حدیث متفق علیہ ہے۔ المجاھد من جاھد نفسہ فی طاعۃ اللہ چنانچہ ظاہر ہے۔ کہ ایسے مقامات میں مسند الیہ کو معرف باللام لانا حصر کمال کے لئے ہوتا ہے۔ کما فی نظائرہ مثل المسلم من سلم المسلمون من یدہ الخ والمھاجر من ھاجر ما نھی اللہ عنہ انتھیٰ۔ اس لحاظ سے اس حدیث کے معنی یوں ہونگے۔ کہ بڑا مجاہد وہ شخص ہے۔ جو اپنے نفس سے جہاد کرے۔ جب ایسا مجاہد بڑا ہے۔ تو ضرور اس کا جہاد بھی بڑا ہوگا۔ اور یہی مدلول ہے جہاد اکبر کا۔ حضرت ملا علی القاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ حدیث رَجَعْنَا مِنَ الْجِھَادِ الْاَصْغَرِ الخ کے بارے میں عسقلانی نے تسویدالقوس میں کہا ہے۔ کہ یہ قول عام زبانوں پر چڑھا ہوا ہے۔ اور وہ بقول نسائی ابراہیم بن عیلہ کا کلام ہے۔ میں کہتا ہوں کہ یہ حدیث احیاء العلوم میں مذکور ہے اور اس کو عراقی نے بروایت جابر بیہقی سے منسوب کیا ہے۔ ہاں اس کے اسناد میں ضعف تسلیم کیا ہے۔ حضرت سیوطی رح کہتے ہیں۔ کہ خطیب نے اپنی تاریخ میں جابر رض سے روایت کیا ہے۔ کہ نبی علیہ السلام کسی غزوہ سے واپس آئے۔ تو فرمایا۔ قدمتم خیر مقدم و قدمتم من الجہاد الاصغر الی الجہاد الاکبر لوگوں نے سوال کیا۔ جہاد اکبر کیا ہے تو فرمایا۔ مُجَاھَدَۃُ الْعَبْدِ ھَوَاہُ یعنی بندے کا اپنے خواہشات سے جنگ کرنا۔ انتھیٰ۔

سر نفس کا جہاد اکبر ہونا اور اس کی وجہ

اَے شہاں کشتیم ما خصمِ بروں ماند خصمے زاں بتر در اندروں

ترجمہ اے بزرگو! ہم نے ظاہری دشمن کو تو مار لیا (مگر) ایک اس سے بھی زیادہ بڑا دشمن باطن میں رہ گیا ہے۔ سعدی ع ؎

سخن در صلاح ست و تدبیر و خوے نہ در اسپ و میدان و چوگان و گوے
چو با دشمنِ نفس ہمخانۂ چہ در بندِ پیکار بیگانۂ
عناں باز پیچانِ نفس از حرام بمردی زر ستم گذشتند و سام

کشتنِ ایں کارِ عقل و ہوش نیست شیرِ باطن سُخرۂ خرگوش نیست

لغات سخرہ سین کے ضمہ سے بیگار ایں کا مشار الیہ یعنی دشمن محذوف ہے۔

ترجمہ اس (دشمن) کو ہلاک کرنا عقل و ہوش کا کام نہیں۔ باطن کا شیر خرگوش (عقل) کے بس کا نہیں۔

مطلب مذکورہ قصے میں خرگوش نے مکر و فریب سے شیر کو ہلاک کر دیا تھا۔ مگر نفس کا شیر باطن ایسا نہیں کہ خرگوش عقل کے آگے مغلوب ہو جائے۔ کیونکہ عقل استدلالی اوّل تو خود سہو و خطا سے مامون نہیں۔ دوسرے وہ ایک علمی طاقت ہے۔ نہ کہ عملی کہ نفس کو ضبط میں رکھ سکے۔ بلکہ وہ بیچاری خود نفس کے آگے مغلوب ہو جاتی ہے۔ صائبؒ ؎

چراغ عقل را خاموش سازد نفس ظلمانی گہ اے پیش بیں فرزند خود را کورے سازد

دوزخ ست ایں نفس و دوزخ اژدہاست کو بدریاہا نگردد کم و کاست

ترجمہ یہ نفس (مثل) دوزخ ہے اور دوزخ گویا اژدہا ہے۔ کہ (اس کی پیاس) دریاؤں (کے پی جانے) سے بھی کم نہ ہو۔ ؎

اژدہائے شود ایں نفس زہلت صائبؔ رحم بر نفس نمودن ز مسلمانی نیست

ہفت دریا را در آشامد ہنوز کم نہ گردد سوزشِ آں خلق سوز

لغات ہفت دریا سات سمندر مراد کل مخلوق بلحاظ کثرت سات سمندر کہدیا۔ آشامیدن پی جانا۔ خلق سوز مخلوق کو جلا دینے والا۔

ترجمہ (دوزخ) سات سمندروں کو چڑھا جائے۔ اور ابھی اس جہان سوز کی سوزش (اشتہا) کم نہ ہو

مطلب دوزخ جس کے ساتھ نفس کو تشبیہ دی جا سکتی ہے۔ وہ بلائے عظیم ہے۔ کہ ساری مخلوق کو لقمہ بنا لینے پر بھی اس کا پیٹ نہیں بھرتا۔

سنگہا و کافرانِ سنگدل اندر آیند اندرو خوار و خجل

ترجمہ پتھر اور سنگدل کافر (سب کے سب) اس میں بری حالت اور خجالت کے ساتھ داخل ہونگے۔

ہم نگردد ساکن از چندیں غذا تا زحق آید مر اورا ایں ندا

سیر گشتی سیر؟ گوید نے ہنوز اینت آتش! اینت تابش! اینت سوز!

ترجمہ وہ اس قدر غذائے (کثیر) سے بھی تسکین نہ پائیگا۔ یہانتک کہ اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے یوں خطاب ہوگا (کہ) کیا تیرا پیٹ بھر گیا۔ وہ کہے گا۔ ابھی نہیں بھرا۔ یہ دیکھ وہی آگ یہ دیکھ وہی تپش یہ دیکھ وہی جلن۔

عالمے را لقمہ کردو در کشید معدہ اش نعرہ زناں ھَلْ مِنْ مَّزِیْد

لغات عالمے میں یائے تفخیم ہے۔ درکشیدن پی جانا۔ چڑھا جانا۔

ترجمہ وہ جہان بھر کو لقمہ بنا کر نگل گیا۔ ابھی اس کا معدہ ھَلْ مِنْ مَّزِیْد کی صدا لگا رہا ہے +

مطلب ان اشعار میں اس آیت قرآنیہ کے مضمون کی طرف تلمیح ہے۔ یَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ فَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِیْدٍ۔ یعنی جس روز ہم جہنم سے پوچھینگے۔ کہ کیا تو بھر گیا؟ تو وہ کہیگا۔ کیا کچھ اور بھی ہے؟

حق قدم بر وَے نہد از لامکاں آنگہ او ساکن شود از کُن فَکاں

لغات لامکان نفیض ہے مکان کی۔ چونکہ اللہ تعالیٰ کی ذات پاک مکان و محل سے منزہ ہے۔ لہذا اس کے لئے کلمہ لامکان بولا جاتا ہے یعنی وہ مکانی نہیں لامکان کے لفظ میں اہل حق کے اس عقیدے کی طرف اشارہ ہے۔ کہ حضتعالیٰ نہ جسم ہے نہ جسمانی پس اسکے لئے قدم کے لفظ کا اطلاق جو ایک حدیث نبوی کی بنا پر ہے تاویل طلب ہے۔ وجہ اشارہ یہ کہ ذات حق لامکانی ہے جس کا جسم و جسمانیت سے منزہ ہونا لازم ہے کیونکہ جو چیز متمکن بمکان ہو۔ وہی جسم یا جسمانی ہوسکتی ہے اور قدم دوجہ دست و پا کا ثبوت اسی کیلئے متصور ہوسکتا ہے۔ کن فکان کن کے معنی ہوجانا۔ فَکَانَ پس ہوجاتا ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے حکم کا نافذ ہونا اور اس کے مطابق کام ہوجانا۔ اور یہ کلمات اس آیت سے ماخوذ ہیں۔ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ یعنی اسکی شان تو یہ ہے کہ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے۔ تو اسکو کہہ دیتا ہے کہ ہوجا۔ پس وہ ہوجاتی ہے (سورۂ یٰسین ع ۵)

ترجمہ (آخر) حق جل و علا لامکان سے اپنا قدم اس پر رکھدیگا۔ تب (حکم ہوگا) کُنْ (ساکناً یعنی ساکن ہوجا) فَکَانَ (ساکناً۔ پس وہ سکون پائیگا) کے مطابق وہ ساکن ہوجائیگا۔

مطلب صحیحین میں ایک حدیث حضرت ابوہریرۃ رضؓ سے مروی ہے۔ جو مشکوٰۃ شریف میں درج ہے۔ اس میں یہ کلمات ہیں۔ اَمَّا النَّارُ فَلَا تَمْتَلِئُ حَتّٰی یَضَعَ اللّٰهُ رِجْلَهٗ تَقُوْلُ قَطْ قَطْ فَهُنَالِكَ تَمْتَلِئُ یعنی دوزخ پُر نہ ہوگا یہانتک کہ اللہ تعالیٰ اپنا قدم رکھدیگا کہے گا۔ کافی ہے کافی ہے۔ پھر وہ بھر جائیگا۔

واضح ہو کہ اس قسم کی احادیث جن سے اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات کے متعلق شکوک و شبہات ناشی ہوں۔ متشابہات کی قسم سے ہیں۔ ان میں تفتیش کرنا محل خطر ہے۔ کیونکہ یہ امر انسانی استطاعت سے باہر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات کے متعلق بحث و تمحیص کی اجازت نہیں دیتے حضرت شاہ ولی اللہ قدس اللہ سرہ حجۃ اللہ البالغۃ میں فرماتے ہیں۔ واعلم ان من سیرۃ الانبیاء علیہم السلام ان لا یامروا بالتفکر فی ذات اللہ

وصفاته فان ذلك لا يستطيعه جمهور الناس وهو قوله صلى الله عليه وسلم تفكروا في خلق الله ولا تتفكروا في الله یعنی واضح ہو کہ انبیاء علیہم السلام کی سیرت میں یہ بات بھی داخل ہے۔ کہ وہ اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات میں غور و فکر کرنے کا حکم نہیں دیتے۔ کیونکہ جمہور کو اس کی قدرت نہیں۔ اور یہی مطلب ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس حکم کا کہ اللہ تم کی مخلوق میں غور و فکر کرو۔ اللہ کی ذات میں غور نہ کرو۔ سعدی رح ؎

جہاں متفق بر الہیتش — فرو ماندہ در کنہ ماہیتش
بشر ماوراے جلالش نیافت — بصر منتہاے جمالش نیافت
نہ بر اوج ذاتش پرد مرغ وہم — نہ در ذیل وصفش رسد دست فہم

چونکہ جزو دوزخ ست ایں نفس ما — طبع کل دارد ہمیشہ جزوہا

ترجمہ چونکہ ہمارا یہ نفس دوزخ کا ایک جزء ہے (اور) اجزاء ہمیشہ کل کی طبیعت رکھتے ہیں (لہذا اس کی پیاس بھی بمشکل بجھنے والی ہے)

مطلب اوپر نفس کو دوزخ سے تشبیہ دی تھی۔ اور مشبہ بہ یعنی دوزخ کا حال بیان کیا تھا۔ اب مشبہ یعنی نفس کا حال بیان کرتے ہیں۔ کہ ہمارا نفس بھی دوزخ کا ایک جزء ہے۔ اور جزء میں کل کے خواص ہوتے ہیں اور چونکہ دوزخ نفس ذمیمہ کا مرجع ہے اس لئے مرجع ہونے کے لحاظ سے دوزخ کو کل کہدیا۔ اور کل اپنے جز کا اور اصل اپنے فرع کا مرجع ہوتا ہے۔ ؎

ہر کجا فرع ست آرد رو بصل خود غنی — سر بپاے نخل آخر میگذارد برگ و بار

اسی مرجعیت کے لحاظ سے قرآن مجید میں دوزخ کو اُمّ فرمایا ہے۔ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَاهِيَهْ ۝ نَارٌ حَامِيَةٌ ۝ اور جس کے نیک اعمال تول میں کم ٹھہریں گے۔ تو اس کا ٹھکانا ہاویہ ہوگا۔ اور تم کیا سمجھے کہ وہ کیا ہے۔ دھکتی ہوئی آگ ہے (سورۂ تکاثر)

ایں قدم حق رابود کو را کشد — غیر حق خود کہ کمان اُو کشد

لغات را علامت اضافت قائمقام کسرۂ اضافت کورا کہ او را کہ کدامیہ۔

ترجمہ (لہذا) یہ خداوند تعالیٰ ہی کا قدم ہو۔ تو اس (کی پیاس) کو بجھاے۔ خدا کے سوا اس (نفس) کی کمان کو کون کھینچے۔

مطلب نفس کو بھی دوزخ کی مناسبت سے کسی حد تک سیری حاصل نہیں ہوتی۔ اور جس طرح دوزخ کو قدم حق سے سکون حاصل ہوگا۔ اسی طرح نفس کو بھی جذبۂ عشق الٰہی سے تسکین اور قناعت میسّر ہو سکتی ہے۔ وہ نفس سرکش جسکو اوپر خصم اندروں اور شیر کہا تھا۔ عشق کے ذریعہ سے زیر ہو سکتا ہے۔ حافظ رح ؎

عجائب رہ عشق اے رفیق بسیار ست — زپیش آہوے ایں دشت شیر نر برمید

در کمان نہند الّا تیر راست — ایں کماں را باز گوں کز تیر ماست

لغات راست سیدھا باز گوں یا واژگوں الٹا کر۔ ٹیڑھا۔ ان دونوں کلموں میں ترکیب عطفی ہے۔ بحذف عاطف

ترجمہ کمان میں سیدھا تیر ہی رکھا جاتا ہے۔ (مگر) اس کمان (نفس میں جو خواہشات) کے تیر (ہیں) اُلٹے ٹیڑھے ہیں۔

راست شو چوں تیر وارہ از کماں کز کماں ہر راست بجہد بیگماں

ترجمہ (اے طالب) تیر کی طرح سیدھا ہو جا اور کمان سے چھوٹ جا۔ کیونکہ اس میں شک نہیں کہ کماں سے ہر سیدھا (تیر صاف) چھوٹتا ہے۔

مطلب کمان میں تین باتیں ہوتی ہیں۔ ایک تو اس کی سختی۔ جس کی وجہ سے اس کو کھینچنے کے لئے کافی طاقت ضروری ہے۔ دوسرے اس میں جو تیر رکھا جاتا ہے۔ اس کا سیدھا ہونا لازم ہے۔ تیسرے تیر کا کمان سے چھوٹنا اور نکلنا۔ ان تینوں باتوں کے لحاظ سے ان تین شعروں میں نفس کو کمان سے تشبیہ دی ہے۔ فرماتے ہیں۔ کہ نفس کی کمان اس قدر کڑی ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے قابو میں آئے تو آئے۔ ورنہ یہ کسی کے بس کی نہیں۔ پھر فرمایا کمان میں سیدھا تیر رکھنے کا قاعدہ ہے۔ مگر یہاں کمان نفس کے تیر سب ٹیڑھے ہیں۔ پھر ارشاد ہوتا ہے۔ کہ تم خود راستی و استقامت اختیار کر لو۔ تو اس کمان سے چھوٹ جاؤ۔ صائب رح ؎

سبک سیرے کہ چوں تیرش زبان دل یکے باشد بہر جانب کہ رو آرد کشادش در قدم باشد

چونکہ واگشتم ز پیکار بروں روے آوردم بہ پیکار درُوں

ترجمہ چونکہ میں ظاہری جنگ سے فارغ ہو گیا ہوں۔ اب (نفس کے ساتھ) باطنی جنگ کی طرف متوجہ ہوتا ہوں۔

قد رجعنا من جہاد الاصغریم بانی اندر جہاد اکبریم

لغات بانی میں با توسل یا معیت کے لئے ہے۔ بعض نسخوں میں با تے ہے اس صورت میں با مقابلے کے ہے۔

ترجمہ ہم اس حدیث کے مصداق ہیں کہ ہم جہاد اصغر سے فارغ ہوئے۔ اب (اتباع) رسول ؐ کی بدولت (یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں) جہاد اکبر میں مصروف ہیں (یا ایک بت نفس کے ساتھ مصروف پیکار ہیں)

مطلب پہلے نسخے کی تقدیر میں اس خاص نکتے کا افادہ مقصود ہے۔ کہ تزکیہ نفس اور تصفیہ باطن کے لئے طریقہ نبویہ کا اتباع ضروری ہے۔ ورنہ کفار و مشرکین میں سے جوگی اور سادھو لوگ بھی تصفیہ باطن کے مدعی ہیں۔ مگر وہ طریقہ موصل الی الحق نہیں ہو سکتا ؎

محال است سعدی کہ راہ صفا تواں رفت جز در پئے مصطفے
خلاف پیمبر کسے رہ گزید کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید

قوتے خواہم ز حق در پاشگاف تا بسوزن برکنم ایں کوہ قاف

لغات پاشگافتن پھاڑنا۔ چیرنا۔ برکندن کھودنا سے برزائد ہے۔ کوہ قاف فارسی ادبیات میں بلحاظ بلندی و عظمت کے یہ پہاڑ ضرب المثل ہے۔ کیونکہ قدیم اہل فارس کی نظروں میں یہی پہاڑ سب سے بڑا تھا۔

ترجمہ میں دریا کو چیر دینے والی طاقت خدا سے مانگتا ہوں۔ تاکہ اس کوہ قاف کو سوئی سے اکھیڑ ڈالوں

مطلب ۔ اوپر ذکر تھا کہ شیر یا من یا خصم اندروں یعنی نفس کا مقابلہ نہایت جانبازانہ کام ہے۔ اس لئے اس مقابلے کے لئے اللہ تعالیٰ سے قوتِ غیبی چاہیئے۔ دریا شگاف کے لفظ سے حضرت موسیٰ ؑ کے قصے کی طرف تلمیح ہے یعنی جس طرح غیبی تائید نے حضرت موسیٰ ؑ کو بے سروسامانی کے باوجود دریائے نیل کو چیر کر نکل جانے اور اپنی قوم کو ظالم فرعون کے پنجے سے صاف بچالے جانے کی قدرت بخشی۔ اسی طرح میں بھی اپنے آپ کو نفس کے پنجے سے رستگاری دلا سکوں اور چونکہ میرا ضعف قوت کے باوجود نفس پر غالب آجانا عجائبات سے ہے۔ اس لئے وہ سوئی کے ساتھ پہاڑ کھود ڈالنے کا مصداق ہوگا ؎

ہر کہ صاحب نفس را در حلقۂ فرماں کشید　　گردنِ شیر ژیاں را در سلاسل مے کشد

سہل شیرے داں کہ صفہا بشکند　　شیر آنست آنکہ خود را بشکند

لغات شیرے میں یاے مجہول موصولہ ہے یا یاے معروف مصدری۔ دونوں طرح درست ہے۔

ترجمہ ایسے شیر کو سہل سمجھو (یا ایسا شیر بنجانا آسان ہے) جو صفوں کو درہم برہم کردے (بہادر) شیر وہ ہے۔ جو اپنی خودی کو مغلوب کرے۔

مطلب ۔ یہ مضمون اس حدیث سے ماخوذ ہے۔ عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس الشدید بالصرعۃ انما الشدید الذی یملک نفسہ عند الغضب متفق علیہ۔ یعنی حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے۔ کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ طاقتور کشتی لڑنے سے نہیں۔ طاقتور تو وہ ہے۔ جو غضب کے وقت اپنے آپ کو ضبط میں رکھے یہ حدیث بخاری و مسلم میں ہے (مشکوٰۃ) و نعم ما قیل ؎

کمالِ مردی و مردانگی ست خود شکنی　　بموس دست کسے را کہ ایں صنم شکند

ایرخسرو رح ؎ نیست آں مردانگی کار نعرا کافرکشی　　در صفِ عشاق خود را کش کہ ایں مردانگی ست

تا شود شیرِ خدا از عونِ او　　وارہد از نفس و از فرعونِ او

لغات عون مدد۔ تا تعلیلیہ توکیب یہ جملہ علت ہے اور شعر سابق میں خود را بشکند جملہ فعلیہ اس کا معلول

صنائع عون اور فرعون میں جناس ناقص اوپر کے ایک شعر میں دریا شگاف کے لفظ سے حضرت موسیٰ کے بنی اسرائیل کو ساتھ لیکر دریائے نیل سے عبور کرنے کی طرف تلمیح تھی۔ اس شعر میں فرعون کا لفظ اس کے مناسبات سے ہے۔

ترجمہ تاکہ وہ خدا کی مدد سے اس کا شیر بنجائے۔ نفس اور اس کے فرعون (کی سرکشی) سے نجات پاجائے

ایرخسرو رح ؎ شیر شو و صید را در تہ چنگال کش　　مرد شو و خصم را بر سرِ میدان طلب

الخلاف یہ شعر بعض نسخوں میں نہیں ہے۔

آمدن رسول قیصر روم نزد عمر رضی اللہ عنہ برسالت

قیصر روم کے سفیر کا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس سفارت لانا

دربیانِ ایں شنو یک قصّہ تا بری از سرِ گفتم حصّہ

ترکیب ایں کا مشارٌ الیہ خودشکنی کا مضمون ہے۔ گفتم میں گفت حاصل مصدر ہے۔ اور یم ضمیر متکلم مضاف الیہ یعنی گفتارِ من۔

ترجمہ اس (مضمون خودشکنی) کے بیان میں ایک قصّہ سنو۔ تاکہ میرے کلام کے بھید سے تم کچھ حصہ حاصل کرسکو

بر عُمرؓ آمد ز قیصر یک رسُول در مدینہ از بیابانِ نغُول

لغات قیصر شاہانِ روم کا لقب نغول عمیق دراز۔

ترجمہ حضرت عمرؓ کے پاس قیصر (روم) کی طرف سے مدینے میں ایک قاصد کالے کوسوں سے آیا۔

گفت کو قصرِ خلیفہ اَے حشم تا من اسپ و رخت را آنجا کشم

لغات قصر محل۔ ایوان حشم نوکر چاکر۔ مراد عوام۔ رخت سامان و اسباب۔ کشم۔ برم

ترجمہ پوچھنے لگا لوگو! خلیفہ کا ایوان خاص کہاں ہے۔ تاکہ میں (اپنا) گھوڑا اور اسباب وہاں لے جاؤں۔

قوم گفتندش کہ اُورا قصر نیست مر عُمر را قصرِ جانِ روشنے ست

ترکیب دوسرے مصرعہ میں قصرِ جان مرکب اضافی موصوف اور روشن صفت ملکر مبتدا ہوا اور ثابت خبر محذوف اگر قصر کو مبتدا اور جان روشن کو خبر قرار دیں۔ جیسے کہ بادی النظر میں متخیل ہوتا ہے۔ تو معنی درست نہیں نکلتے

ترجمہ لوگوں نے کہا ان کا (کوئی ظاہری) محل نہیں ہے حضرت عمرؓ کا قصر پرنور تو روحانی ہے۔

گرچہ از میری و را آوازہ ایست ہمچو درویشاں مرو را کازہ ایست

لغات میری سرداری ورا اورا کا مخفف۔ آوازہ شہرت کازہ چھپر۔

ترجمہ اگرچہ امیری میں ان کی شہرت ہے (مگر رہنے کے لئے) ان کے پاس فقیروں کا سا چھپر ہے۔

اَے برادر چوں بہ بینی قصرِ اُو چونکہ در چشمِ دلت رُستست مُو

ترجمہ اے بھائی تو ان کا روحانی قصر کیونکر دیکھ سکے۔ جبکہ تیری آنکھ میں (تعصب اور حقیقت ناشناسی کے) بال پیدا ہو رہے ہیں۔

مطلب آنکھ میں بال پیدا ہونے کا ایک مرض ہے جسیں کو عربی میں شعر زائد اور ہندی میں پربال کہتے ہیں۔ اس سے بصارت رفتہ رفتہ ضعیف ہو جاتی ہے۔ اور روز افزوں ضعفِ بصر کے علاوہ جب تک تیسرے چوتھے روز ہمیشہ اس بال کو نکالا نہ جائے۔ آنکھ کے ڈھیلے پر اس کی ایسی کھٹک رہتی ہے کہ کسی چیز پر نظر جمنے نہیں دیتے۔ اس لحاظ سے آگے فرماتے ہیں :-

چشمِ دِل از مُوئے علّت پاک دار وانگہاں دیدارِ قصرش چشم دار

لغات ۔ علت مرض ۔ چشم داشتن ۔ امید رکھنا ۔ چشمِ دل اور چشم دار میں مناسبت لفظی ہے ۔

ترجمہ پہلے دل کی آنکھ کو (تعصب و ناحق شناسی کی) بیماری کے پر بال سے صاف کر پھر اس کے محل کے دیدار کی امید رکھ ۔ غنی رح ؎

چشمِ ہر کس کہ شد از سرمۂ عرفاں روشن آنش طور زِ ہر سنگ تواند دیدن

ہر کرا ہمّت از ہوسہا جانِ پاک زُود بیند حضرت و ایوانِ پاک

ترجمہ جس شخص کی جان (دنیوی) حرص و ہوا سے پاک ہے ۔ وہ عنقریب (اس) کچہری اور ایوان کو دیکھے گا ۔ ؎

ذرہ را تا نبود ہمّتِ عالی حافظ طالبِ چشمۂ خورشید درخشاں نشود

چُوں محمّدؐ پاک شد از نار و دُود ہر کجا رُو کرد وجہُ اللہ بُود

ترجمہ جب سرورِ کائنات حضرت محمّد صلے اللہ علیہ وسلم آتش (ہوس) اور (اس کے) دھوئیں (یعنی آثار ہوس) سے پاک ہو گئے ۔ تو جدھر رُخ فرماتے تھے ۔ ذاتِ خدا (کی دولتِ دیدار حاصل) تھی ۔

مطلب ۔ یہاں سے انتقال ہے اس بیان کی طرف کہ پاک نظر لوگوں کو متعینات میں علی الاطلاق مشاہدہ حق ہوتا ہے ۔ اور اس کی سب سے بڑی مثال حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارک ہے ۔ جو اصل خلقت سے پاک و اطہر تھے ۔ اس لئے جدھر توجہ فرماتے ذاتِ حق کا مشاہدہ کرتے اور کوئی امر اس میں مانع نہ تھا ۔

جامی رح ؎ پاکی تو زپردۂ عزت ترا ندید جز دیدہائے پاک خوشا دیدہائے پاک

چُوں رفیقی وسوسہ بدخواہ را کے بہ بینی ثُمّ وجہُ اللہ را

ترجمہ جب تم اپنے دشمن وسوسہ کے رفیق بن رہے ہو ۔ تو ثم وجہ اللہ کا دیدار کیونکر کر سکو ؟

مطلب نفسانی وسوسے ۔ دولتِ شہود کے حاصل ہونے میں مانع ہوتے ہیں ۔ حافظ رح ؎

اگر از وسوسۂ نفس و ہوا دُور شوی بے شکے راہ بری در حرم دیدارش

وسوسے کی رفاقت جو محلِ معرفت اور موجب گمراہی ہے ۔ وہ اس صورت میں ہے کہ اس وسوسے کے قائل ہوں یا اُس پر عامل ہوں ۔ صرف اس کا دل میں ناشی ہونا مضر نہیں ۔ حدیث قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ تجاوز عن امتی ما وسوست بہ صدورھا ما لم تعمل بہ او تتکلم متفق علیہ (مشکوۃ) یعنی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے میری امت کیلئے وسوسہ معاف کر دیا ۔ جو دل سے اُٹھے ۔ جبتک اسپر عمل نہ کریں ۔ یا اس کے قائل نہ ہوں اسکو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے ۔ اس شعر میں اس آیت کا اقتباس ہے ۔ و للہ المشرق و المغرب فاینما تولوا فثم وجہ اللہ یعنی مشرق و مغرب اللہ کی ہے ۔ پس تم جدھر رخ کرو ۔ ادھر ہی اللہ کی ذات ہے ۔ مگر یہاں اس کا ایراد محض لفظی مناسبت سے ہوا ہے ۔ کیونکہ یہ آیت استقبال قبلہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے ۔ یہی وجہ ہے ۔ کہ

دور سے کس طرح موجب افزودہ ہے

اس میں عامہ مومنین سے خطاب ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے۔ کہ قبلے کی سمت معلوم نہ ہونے کی صورت میں تحرّی کرکے نماز ادا کی جائے۔ اگر نماز سے فارغ ہوکر معلوم ہوا۔ کہ رُخ قبلہ کی طرف نہیں تھا۔ بلکہ کسی دوسری سمت کو تھا۔ تو کوئی حرج نہیں۔ تمام سمتیں اللہ کی ہیں۔ جدھر رُخ ہو چکا۔ وہی قبلہ ہو گیا۔ اور نماز درست ہو گئی۔ لیکن یہاں استقبال قبلہ کا ذکر نہیں۔ بلکہ مشاہدہ ذاتِ حق کا بیان ہے۔ جس کا روئے سخن خاص اہل صلاحیت کی طرف ہے۔ نہ کہ عوام مومنین کی طرف۔ اور مطلب یہ ہے۔ کہ مشاہدہ ذات کے لئے پہلے صفائی نظر پیدا کرو۔ حافظ رح ؎

چشمِ آلودہ نظر از رُخِ جاناں دور است　　بر رُخِ او نظر از آئینۂ پاک انداز

ہر کرا باشد ز سینہ فتح باب　　اُو ز ہر ذرّہ ببیند آفتاب

لغات فتح کشایش۔ باب دروازہ

ترجمہ جس شخص کے سینے کا دروازہ کھل جائے (یعنی شرح صدر ہو جائے) وہ ہر ذرّہ میں آفتاب (حق) کا مشاہدہ کرتا ہے۔

مطلب جس شخص کے قلب میں صلاحیت و استعداد پیدا ہو جاتی ہے وہ ہر چیز سے ذوقاً و وجداناً اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کرتا ہے۔ ؎

چو آفتاب بہر ذرّہ مینمائی رُخ　　ولیک چشمِ عراقی نمیکند ادراک

صائبؒ ؎ گرچہ حُسنِ اُو نگنجد در زمین و آسماں　　دیدۂ ہر ذرّہ آئینہ دارِ حُسنِ اوست

حق پدید ست از میانِ دیگراں　　ہمچو ماہ اندر میانِ اختراں

ترجمہ اللہ تعالیٰ دوسری موجودات کے درمیان اس طرح عیاں ہے۔ جیسے ستاروں میں چاند۔

مطلب جس طرح ماہ کامل اپنی روشنی سے ستاروں کو ماند کر دیتا ہے۔ عارفوں کی نظر میں حق کا مشاہدہ جمال دوسری موجودات کو ہیچ بنا دیتا ہے۔ حافظ رح ؎

دست ماہ و مہر بربندد بحسن　　ماہ یا مہرم چو بکشاید نقاب

دو سرِ انگشت بر دو چشم نہ　　ہیچ بینی از جہاں انصاف دہ

ترجمہ دو انگلیوں کے سرے دونوں آنکھوں پر رکھو (اور) انصاف سے کہو کہ تمہیں جہاں سے کچھ نظر آتا ہے۔؟

مطلب خداوند تعالیٰ کی ذات کا جلوہ نامحجوب و غیر مستور ہے۔ لیکن جب اپنی چشمِ بصیرت خود بند کر رکھی ہو۔ تو کیا نظر آئے۔ صائب رح ؎

جمالِ شاہدِ مقصود را نقابے نیست　　ہمیں تو سعی کن آئینہ را صفاے ساز

ورنہ بینی ایں جہاں معدوم نیست　　عیب جز انگشتِ نفسِ شوم نیست

لغات معدوم ناپید۔ جس کا وجود نہ ہو۔ شوم منحوس۔

ترجمہ (اب) اگر تم کو کچھ نظر نہیں آتا۔ تو آخر جہاں تو معدوم نہیں ہو گیا۔ یہ (نابینائی کی) خرابی منحوس نفس کی انگلی کے سوا اور کچھ نہیں۔

مطلب۔ انگشت سے مراد مانع بصیرت ہے۔ اور انگشتِ نفس سے وہ حجابات قلب اور اغشیہ بصیرت مراد ہیں۔ جو شر و نفس سے پیدا ہوں۔ فرماتے ہیں۔ اگر آنکھیں بند ہونے کی صورت میں تمکو دنیا کی کوئی چیز نظر نہیں آتی۔ تو وہ چیزیں معدوم تھوڑا ہی ہیں۔ قصور تمہاری آنکھ کا ہے۔ یا تمہاری آنکھ کو بند کرنیوالے کا نہ کہ موجودات کا۔ سعدی رح ؎

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم　　چشمۂ آفتاب را چہ گناہ

تو ز چشم انگشت را بردار ہیں　　وانگہانی ہر چہ میخواہی ببیں

ترجمہ خبردار! تم (دل) کی آنکھ سے (غفلت کی) انگلی اٹھالو۔ پھر جو چاہو دیکھ لو۔ حافظ رح ؎

جمالِ یار ندارد نقاب و پردہ ولے　　غبارِ رہ بنشاں تا نظر توانی کرد

نوح را گفتند اُمّت کو ثواب　　گفت اوزانسوئے و اسْتَغْشَوْا ثِیَاب

لغات نوح ایک پیغمبر کا نام ہے۔ جو حضرت آدم ع کی وفات سے ایک سو چھبیس سال بعد پیدا ہوئے۔ نو سو پچاس برس تک اپنی قوم کو ہدایت کی۔ مگر بہت کم لوگ ایمان لائے۔ آخر ناراض ہو کر خدا سے دعا کی۔ رَبِّ اِنِّیْ دَعَوْتُ قَوْمِیْ لَیْلًا وَّنَهَارًا ۙ فَلَمْ یَزِدْهُمْ دُعَآءِیْٓ اِلَّا فِرَارًا ۝ وَاِنِّیْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوْٓا اَصَابِعَهُمْ فِیْٓ اٰذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا ثِیَابَهُمْ وَاَصَرُّوْا وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ۝ اے میرے پروردگار جب میں نے اپنی قوم کو رات کے وقت بھی بلایا۔ دن کے وقت بھی بلایا۔ تو میرے بلانے کا ان پر یہ اثر ہوا۔ کہ وہ اور بھی زیادہ بھاگے۔ اور جب میں نے ان کو بلایا۔ کہ تو اُن کے گناہ معاف کرے تو انہوں نے اپنے کانوں میں اپنی انگلیاں ٹھونس لیں۔ اور اپنے کپڑے اوڑھ لئے تاکہ میری صورت نہ دکھائی دے) اور ضد اور شیخی میں آکر اکڑ بیٹھے (سورہ نوح ع) آخر خدا تعالیٰ کے حکم سے حضرت نوح کی قوم پر طوفان کا عذاب نازل ہوا۔ پہلے ایک تنور سے پانی فوارے کی طرح نکلنے لگا۔ پھر تمام چشموں اور جھیلوں سے بکثرت پانی نکلنا شروع ہوا۔ اوپر سے زور کی بارش ہونے لگی۔ حضرت نوح ع اپنے رفقا سمیت ایک بہت بڑی کشتی میں سوار ہو گئے۔ جو خدا کے حکم اور حضرت جبرئیل کی رہنمائی سے پہلے تیار کر رکھی تھی۔ چالیس روز تک پانی کا زور رہا۔ جو پہاڑوں کی چوٹیوں سے بھی بلند تھا۔ تمام کافر ہلاک ہو گئے۔ بلکہ خود حضرت نوح ع کا ایک بیٹا بھی جو آپ کا منکر تھا۔ غرق ہو گیا آخر پانی اترنے لگا اور کشتی کوہ جودی پر ٹھیری۔ اہلِ کشتی نے نیچے اتر کر ایک بستی آباد کی کچھ عرصہ حضرت نوح کے تمام ہمراہی جو چالیس نفر تھے۔ وبا سے وفات پا گئے۔ صرف آپ کی اولاد باقی رہی۔ جن سے انسانی نسل پھیلی اور دنیا کی تمام موجودہ آبادی انہی کی اولاد ہے۔ اسی لئے حضرت نوح کو آدم ثانی کہتے ہیں۔ آپ نے ایک ہزار چار سو تریسٹھ سال عمر پائی۔ امت قوم۔ یہ کلمہ لفظاً واحد ہے۔ لیکن مجموعۂ افراد ہونے کے لحاظ سے کبھی کبھی اس کے لئے فعل جمع لایا جاتا ہے۔ اس لئے فرمایا امت گفتند وَاسْتَغْشَوْا ثِیَاب آیت سمنہ رجہ بالا سے اقتباس ہے جس کے معنی ہیں۔ انہوں نے کپڑے اوڑھ لئے۔ منہ ڈھانک لیا۔ روپوش ہو گئے۔

ترجمہ (حضرت) نوح ع سے ان کی امت نے کہا (تمہارا موعودہ) ثواب کہاں ہے؟

حضرت نوح علیہ السلام

انہوں نے فرمایا (تمہارے) واستغشوا ثیاب (کے حجاب) سے اس طرف ہے۔

مطلب ۔ حضرت نوح ؑ کے جواب کا مطلب یہ ہے۔ کہ تمہارا اپنے مونہہ پر کپڑا ڈال لینا تمہارے تنفر اور عدم قبول کی علامت ہے۔ ایسی حالت میں ثواب کہاں۔ اس اعراض وانکار کو چھوڑ دو۔ تو ثواب واجر پا سکتے ہو۔ اگلے شعر سے حضرت نوح کے جواب کو اپنے مدعا پر چسپاں فرماتے ہیں:۔

رُو و سر در جامہا پیچیدہ اند لاجرم با دیدہ و نادیدہ اند

ترجمہ (غافل اور نفس پرست لوگوں نے) منہ اور سر کپڑوں میں چھپا رکھا ہے۔ اسی لئے آنکھوں والے ہو کر اندھے بن رہے ہیں۔

مطلب ۔ جس طرح قوم نوح کے لوگوں نے اپنا مُونہ سر کپڑے میں چھپا کر اپنے آپ کو مشاہدہ ثواب سے محجوب کر لیا تھا۔ اسی طرح جو لوگ ہوائے نفسانی میں مبتلا ہیں۔ وہ اپنی آنکھوں کی سلامتی کے باوجود مشاہدہ حق سے محروم ہیں۔ کما قال اللہ تعالی وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا۔ انکی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھنے کا کام نہیں لیتے

نظمہ روشن چشم پاک تواں دید چوں ہلال ہر دیدہ جائے جلوۂ آں ماہ پارہ نیست

آدمی دیدست باقی پوست ست دید آنست آنکہ دید دوست ست

ترجمہ آدمی (تو ادراک حقیقت کی) بینائی ہے۔ باقی (سب گوشت) پوست ہے (اور) بینائی (بھی) وہی (بینائی) ہے۔ جو دوست کو دیکھے۔

مطلب یہ بیان سابق کا ماحصل ہے یعنی اگر انسان میں ادراک حقیقت نہیں۔ تو وہ انسان کہلانے کا ہی مستحق نہیں۔ انسان کی تعریف ہے حیوان ناطق گویا نطق یعنی ادراک کلیات وعلم حقائق ہی نے اسکو حیوان کے درجے سے اٹھا کر انسانیت پر فائز کیا ہے۔ اگر یہ نہیں تو پھر نرا حیوان کا حیوان ہے۔ چونکہ وہ نطق و ادراک جو حقیقت انسانی کا جزو ہے عام تھا۔ اس لئے مولانا رحمۃ اللہ علیہ اس کی تخصیص فرماتے ہیں کہ ادراکات میں سے وہی علم وادراک ہمارے نزدیک معتبر ہے جس کا تعلق محبوب حقیقی کے ساتھ ہو۔ امیر خسرو رح ؎

یار مہمانِ تست اے دیدہ مردماں را بگو بروں باشند

چونکہ دید دوست نبود کور بہ دوست کو باقی نباشد دور بہ

ترجمہ جب دوست کا دیدار نہ ہو اس سے اندھا اچھا۔ جو دوست سدا سلامت نہ ہو۔ اس کو دور سے سلام اچھا۔ کما قیل ؎

کور باد آں چشم کو مشتاق دیدارے نشد قطع باد آں دست کو در گردن یارے نشد

غنی رح ؎ نیست حسن بے بقا شایستہ دلبستگی با چراغ برق یک پروانہ ہمراہی نکرد

چوں رسولِ روم ایں الفاظ تر در سماع آورد شد مشتاق تر

لغات پہلا تر یعنی پر مغز و تازہ اسم ہے۔ دوسرا تر علامت تفضیل حرف ہے۔ اس لئے قافیہ مکرر نہیں

ترجمہ جب روم کے سفیر نے یہ تر و تازہ الفاظ (جن میں حضرت عمر رضہ کے کمالات باطن کا ذکر تھا) سنے تو (آپ کی زیارت کا) اور بھی مشتاق ہو گیا۔

دیدہ را بر جستنِ عمر گماشت رخت را و اشتر را ضایع گذاشت

لغات عمر رضہ کا صحیح تلفظ عین کے ضمہ اور میم کے فتحہ سے ہے۔ مگر ضرورت شعری کے لئے میم کو مشدد کیا گیا ہے۔ ضائع گم مگر یہاں مجازاً ایسی چیز کے معنی میں ہے جس کی پروا اور حفاظت نہ کیجائے۔ بطور تسمیۃ السبب باسم المسبب۔

ترجمہ (اور) حضرت عمر رضہ کی تلاش پر آنکھیں لگا دیں (اپنے) اسباب اور گھوڑے کو بے پروائی سے (یونہی) چھوڑ دیا۔

ہر طرف اندر پئے آں مردِ کار میشُد ے پُرسان او دیوانہ وار

ترجمہ اس کام کے آدمی (یعنی حضرت عمر رضہ) کی تلاش میں وہ پاگلوں کی طرح ہر طرف پوچھتا پھرتا تھا +

کانچنیں مردے بود اندر جہاں وز جہاں مانندِ جاں باشد نہاں

ترجمہ کہ کہیں ایسا آدمی بھی دنیا میں (دیکھا گیا) ہے۔ جو جہان (میں رہ کر اس) سے جان کی طرح پوشیدہ ہو۔

مطلب یعنی اس کے فضائل جو سننے میں آئے ہیں۔ وہ رُوح کے فضائل کی طرح معنوی اور غیر مرئی اور عوام کی چشم ادراک سے بالا ہونگے۔ یہ ترجمہ اس لحاظ سے ہے کہ شعر سابق کے لفظ پرساں کے ساتھ اس شعر کا تعلق ہو۔ یعنی وہ سفیر ان کلمات کے ساتھ پوچھتا پھرتا تھا لیکن بتکلف یہ بھی ہو سکتا ہے۔ کہ اس شعر کو اس سفیر کے دل کا مکالمہ قرار دیا جائے۔ جس کو ماقبل سے ترکیبی تعلق نہ ہو۔ اور اس سے پہلے دیدل مے گفت مقدر ہو۔ پھر ترجمہ یوں ہوگا کہ (اور دل میں کہتا تھا) کہ (حیرت ہے) دنیا میں ایسا شخص موجود ہو۔ اور (پھر اس کا حال) مخلوق سے روح کیطرح مخفی ہو۔ سعدی رح ؎

بسر وقت شاں خلق کے رہ برند کہ چوں آبِ حیواں بظلمت درند

جُستہ او را تا شَ چُوں بُنْدہ بُود لاجَرم جوینده یابنده بود

لغات تاش تاکہ اورا۔ تا تعلیلیہ اور شین ضمیر مفعول۔

ترجمہ (وہ سفیر برابر) ان کو تلاش کرتا تھا۔ تاکہ غلاموں کی طرح ان کی خدمت کرے۔ آخر تلاش کرنیوالا (مطلوب کو) پا ہی لیتا ہے۔

یافتن رسُول قیصر روم عمر رضہ را خُفتہ در زیر خرما بن

قیصر روم کے وزیر کا حضرت عمر رضہ کو ایک درخت خرما کے نیچے سوتے پانا

دید اعرابی زنے اورا دخیل گفت عمر نک بزیر آن نخیل

لغات - اعرابی الف کے فتحہ سے عرب کا بادیہ نشیں - بدوی - دخیل جو شخص کسی کی پناہ میں آئے - وہ دخیل کہلاتا ہے - مراد نووارد و مسافر - نمان - عمر بضرورت شعری میم کی تشدید روا رکھی گئی ہے - نخیل کھجور کا درخت - کھجوروں کا جھنڈ اسم جمع ہے - جس کا اطلاق واحد اور جمع دونوں پر ہوتا ہے - نک مخفف اینک -

ترجمہ (چنانچہ) ایک اعرابی عورت نے اس کو نووارد دیکھ کر بتایا کہ وہ دیکھ حضرت عمر رضؓ اس کھجور کے درخت کے نیچے (لیٹے پڑے) ہیں -

زیر خرما بن ز خلقاں او جدا زیر سایہ خفتہ بیں سایہ خدا

لغات خرما بن کھجور کا درخت - بن بمعنی درخت یا پیڑ جیسے نار بن سرو بن خلقاں خلق کی جمع - سایہ خدا میں نک اضافت ہے - صنائع دوسرے مصرعہ کے لفظ سایہ میں صنعت مشاکلہ ہے -

ترجمہ وہ دیکھ (خلیفہ) ظل اللہ لوگوں سے علیحدہ کھجور کے درخت کے سایے میں سو رہے ہیں -

آمد آنجا و از و دور ایستاد مر عمر را دید و در لرزہ فتاد

ترجمہ وہ (سفیر) وہاں آیا - اور آپ سے دور ہی کھڑا ہو گیا - حضرت عمر رضؓ کو دیکھتے ہی کانپنے لگا -

ہیبتے زاں خفتہ آمد بر رسول حالتے خوش کرد بر جانش نزول

ترجمہ قاصد پر اس سونے والے کی ہیبت (بھی) چھائی (اور) ایک (دل) خوش (کن) حالت (بھی) اس کے دل پر طاری ہوئی -

مہر و ہیبت ہست ضد یک دگر ایں دو ضد را دید جمع اندر جگر

ترجمہ (اگرچہ) محبت اور ہیبت ایک دوسرے کی ضد ہیں - (مگر) اُس نے ان دونوں ضدوں کو (اپنے) باطن میں جمع پایا -

مطلب محبت قرب کی متقاضی ہے - اور ہیبت بُعد چاہتی ہے - اس اعتبار سے بظاہر محبت اور ہیبت ایک دوسری کے ضد ہیں - اور دو ضدیں جمع نہیں ہو سکتیں - مگر چونکہ وہ ہیبت خوف ضرر کی وجہ سے نہ تھی - جس کا محبت کے ساتھ جمع ہونا مستبعد ہو - بلکہ عظمت اور علو شان کی ہیبت تھی - جو محبت کی ضد ہونے کی بجائے اور بھی مقتضی میلان ہوتی ہے - غرض اس کے یہ دونوں جذبات اگرچہ صورۃً متضاد تھے - مگر معنیً متوافق و متلازم ہونے کی وجہ سے جمع ہو گئے - جیسے کہ عاشق اپنے محبوب کے رعب حسن سے یہ دونوں کیفیات اپنے باطن میں محسوس کرتا ہے - کما قیل ؎

نمیدانم کدامیں نو بہار جلوہ مے آید کہ در پرواز آمد رنگ رو گلہائے بستانرا

امیر خسروؒ ؎ نظارۂ تو ہست کشندہ تر از فراق جانے کہ مانذہ بود زہجراں کنوں رود

گفت با خود من شہا نرا دیدہ ام پیشِ سُلطانان خوش و بگزیدہ ام

لغات باخود اپنے دل میں بگزیدہ برگزیدہ - اسم مفعول - پسندیدہ - مقبول -

ترجمہ اپنے دل میں کہنے لگا - میں نے بادشاہوں کو دیکھا ہے - میں سلاطین کے حضور میں دلجمع اور برگزیدہ رہتا ہوں -

الخلاف بعض نسخوں میں پیشِ سلطانان مدرج ہے - یعنی بڑے بڑے سلاطین کے آگے - مگر مر کی صفت کوئی معنی خاص کا افادہ نہیں کرتی - بخلاف اس کے ہمارے نسخے کے لفظ خوش میں یہ نکتہ خاص مرکوز ہے - کہ دیگر سلاطین کے آگے تو میں شاد و خرم اور دلجمع رہتا ہوں - یہاں رعب سے دل سہما جاتا ہے - جس کی توضیح اگلے شعر میں ہے -

از شہا نم ہیبت و ترسے نبود ہیبتِ ایں مرد ہوشم در رُبود

ترجمہ مجھ پر (دیگر) بادشاہوں سے (کبھی) ہیبت اور خوف (طاری) نہیں ہوا - (مگر) اس آدمی کی ہیبت نے میرے ہوش گم کر دئے -

رفتہ ام در بیشۂ شیر و پلنگ رُوے من زیشاں نگردانید رنگ

ترجمہ میں (اکثر) شیر اور چیتے کے جنگل میں (بھی) گیا ہوں - (اور) ان (کے خوف) سے میرے چہرے نے رنگ نہیں بدلا -

بس شُدستم در مَصاف و کارزار ہمچو شیر آنَدم کہ باشد کارزار

لغات مصاف اسم ظرف جائے بستن صف - میدانِ جنگ - کارزار - بالکسرہ را بمعنی کثرت کار کی جگہ مراد میدان جنگ - کیونکہ زار جگہ کے معنی میں ہے - جیسے لالہ زار - مرغزار - وغیرہ دوسرے مصرعہ میں زار بمعنی خراب کارزار کارخراب حال تباہ

ترکیب ہمچو شیر متعلق ہے شدستم کے - اور آندم الخ ظرف ہے شدستم کا - بعض مترجموں نے آندم الخ کو شیر کی صفت قرار دیکر مصرعہ ثانیہ کو الگ جملہ بنایا ہے - وہذا لیس بمرضی عندنا **صنائع** لفظ کارزار میں جناس

ترجمہ میں معرکہ اور لڑائی میں بہت مرتبہ شیر کی طرح (دلیر ہوکر) گیا ہوں جبکہ جان جوکھوں کا کام آپڑا ہو

بس کہ خوردم بس زدم زخمِ گراں دل قوی تر بودہ ام از دیگراں

ترجمہ میں نے کثرت سے زخم کھائے بھی اور خطرناک زخم لگائے بھی (مگر) میں دوسروں کی بہ نسبت قوی دل رہا ہوں

بے سِلاح ایں مرد خفتہ برزمیں من بہفت اندام لرزان چیستم ایں؟

لغات سلاح بکسر سین ہتھیار - ہفت اندام سات اعضا - اعضائے ظاہری میں سے اس سے سر، سینہ، پشت - دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں مقصود ہیں - اور اعضائے باطنی میں سے دماغ، دل، جگر، تلی، پھیپھڑا، پتا معدہ -

مراد ہوتے ہیں۔ مگر یہاں بدن کا ہر جوڑ مراد ہے۔

ترجمہ یہ شخص تو ہتھیار کے بغیر زمین پر سو رہا ہے۔ (مگر) میرا جوڑ جوڑ (اس کے رعب سے) کانپ رہا ہے۔ یہ کیا (بات) ہے؟۔

ہیبتِ حق ست ایں از خلق نیست ہیبتِ ایں مرد صاحب دلق نیست

لغات دلق گدڑی۔ صاحب دلق گدڑی والا۔ فقیر۔ مراد سادہ زندگی بسر کرنے والا۔

ترجمہ (ہاں یہ) خدا کی ہیبت ہے۔ مخلوق کی (ہیبت) نہیں ہے (یہ) اس (سونے والے) خرقہ پوش (آدمی) کی ہیبت نہیں ہے۔

ہر کہ ترسید از حق و تقوٰی گزید ترسد از وے جن و انس و ہر کہ دید

ترجمہ جو شخص خدا سے ڈرا اور اس نے پرہیزگاری اختیار کی۔ تو اس سے جن اور انسان اور جو (اس کو) دیکھتا ہے۔ ڈرتا ہے۔ سعدی رح ؎ تو ہم گردن از حکم داور مپیچ ۔ کہ گردن نہ پیچد ز حکم تو ہیچ

اندریں فکرت بحرمت دست بست بعد یک ساعت عمر از جائے جست

ترجمہ اسی خیال میں وہ ادب سے ہاتھ باندھے (کھڑا) رہا۔ ایک گھنٹے کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ (اپنی) جگہ سے اُٹھے۔

کرد خدمت مر عمر را و سلام گفت پیغمبر سلام انگہ کلام

لغات خدمت۔ ادب و تعظیم۔

ترجمہ وہ حضرت عمر رضؓ کی تعظیم بجالایا۔ اور سلام کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ کہ اول سلام اور پھر کلام۔

مطلب مصرعہ ثانیہ اس حدیث کا ترجمہ ہے۔ جو حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے ترمذی شریف میں مروی ہے۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلسَّلَامُ قَبْلَ الْکَلَامِ یعنی سلام کلام سے پہلے مناسب ہے۔

پس علیکش گفت و او را پیش خواند ایمنش کرد و بنزدِ خود نشاند

لغات علیکش علیک سے وعلیکم السلام مراد ہے۔ ش ضمیر مفعول یعنی اورا ہے۔

ترجمہ پس (حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے) اس کو (سلام کے جواب میں) وعلیک السلام کہا۔ اور اس کو پاس بلایا۔ اس کو مطمئن کیا۔ اور اپنے قریب بٹھایا۔

ہر کہ ترسد مر ورا ایمن کنند مرد دل ترسندہ را ساکن کنند

ترجمہ جو شخص ڈرتا ہے۔ اسکو اطمینان دلاتے ہیں جس شخص کا دل خوف کھائے۔ اسکو تسکین دیتے ہیں۔

مطلب اس شعر میں اشارۃً اور مابعد کے شعر میں صراحۃً یہ بتایا گیا ہے۔ کہ خوف حق سے طمانیت و تسکین حاصل ہوتی ہے۔ پھر کسی چیز کا خوف و خطر نہیں رہتا۔ سعدی رح ؎

نکو نام را کس نگیرد اسیر ترس از خدا و مترس از امیر

لَا تَخَافُوا ہست نُزُلِ خائفاں ہست درخور از برائے خائف آں

لغات نزل نون کے ضمہ سے سامانِ ضیافت درخور لائق صنائع خائفاں اور خائف آں میں تجنیس مرکب۔

ترجمہ لا تخافوا (کی تسلی بھری آیت) اہلِ خوف کے لئے سامانِ مہمانی ہے۔ (اور) وہ ڈرنے والوں ہی کے لائق ہے۔

مطلب ۔ یہ اس آیت کی طرف اشارہ ہے۔ اَلَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰہُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَیْہِمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّۃِ الَّتِیْ کُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝ یعنی جن لوگوں نے کہا۔ کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے۔ پھر انہوں نے اس پر استقامت اختیار کی ان پر فرشتے اتریں گے اور بشارت دینگے۔ کہ خوف نہ کرو۔ اور نہ غمگین ہو۔ اور بشارت پاؤ اس جنت کے ساتھ جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔

آنکہ خوفش نیست چوں گوئی مترس؟ درس چہ دہی نیست او محتاج درس

ترجمہ جس کو (پہلے ہی) ڈر نہیں اس کو یہ کیونکر کہہ سکتے ہو۔ کہ مت ڈر۔ اس کو درس (طمانیت) کیا دیتے ہو۔ وہ (اس) درس کا محتاج ہی نہیں ؎

مطلب ۔ سکون و طمانیت کا محتاج وہ ہے۔ جو خوفِ حق سے لرزہ براندام ہو۔ لیکن جو شخص پہلے دنیائے فانی کی دلچسپیوں میں شاد و خرم اور خدا سے غافل ہے۔ اس کو تسکین و تسلی کی کیا حاجت ؟

خاطرِ ویرانش را آباد کرد آں دلِ از جا رفتہ را دلشاد کرد

لغات خاطر ویراں دل شکستہ دل از جا رفتہ گھبرایا ہوا۔

ترجمہ (غرض حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے) اس (سفیر کے) شکستہ دل کی ہمت بندھائی۔ اور اس گھبرائے ہوئے کو خوش دل کر دیا

سخن گفتن عمرؓ با رسولِ قیصرِ روم و سوال رسول قیصرِ روم با عمرؓ

حضرت عمرؓ کی قیصر روم کے سفیر سے گفتگو اور سفیر کا آپ سے سوال کرنا

بعد ازاں گفتش سخنہائے دقیق در صفاتِ پاکِ حق نعم الرفیق

لغات دقیق باریک نعم الرفیق نون کے کسرہ اور میم کے فتح سے اچھا رفیق

ترجمہ اس کے بعد (حضرت عمرؓ نے) خداوند نعم الرفیق کی صفات پاک کے متعلق اس (سفیر) سے باریک نکتے بیان کئے۔

وز نوازِ شہلے حق ابدال را تا بداند او مقام و حال را

لغات ابدال۔ اولیاء اللہ کی ایک خاص جماعت جن کا ذکر حصہ اوّل میں گزر چکا ہے۔ مگر یہاں مطلق اولیاء مراد ہیں۔ مقام وہ صفت باطنی جو امور مرسومہ شرع کو بوجہ کمال عمل میں لانے سے حاصل ہوتی ہے۔ اور اس کے لئے قصد و کسب اور ریاضت شرط ہے۔ اس صفت کی مثال توکل۔ تواضع۔ صبر وغیرہ ہے۔ حال وہ وارد قلبی جو بلا اختیار پیدا ہو گیا ہو۔ اس کو کسب و عمل سے تعلق نہیں۔ جیسے شوق وجد استغراق وغیرہ۔ چنانچہ مشہور ہے۔ اَلْمَقَامَاتُ مَکَاسِبُ وَالْاَحْوَالُ مَوَاهِبُ۔ یعنی مقامات سعی و اکتساب سے حاصل کئے جاتے ہیں اور احوال عطیات ہیں۔

ترجمہ اور ان عنایات کے متعلق (نکتے بیان کئے) جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اولیاء اللہ پر ہوتی ہیں۔ تاکہ وہ مقام و حال (کے مراتب) کو سمجھ جائے۔

مطلب تعلیم سلوک کی دو صورتیں ہیں۔ یا تو تقریر و بیان سے تعلیم دی جاتی ہے۔ یا افاضہ باطنی کے ذریعہ سے جس میں زبان معروف تکلم نہیں ہونے پاتی۔ بلکہ مرشد کے فیضان باطن ہی سے توسط صورت و لفظ کے بغیر ایک مخفی طریق سے اسرار و رموز مرید کے دل پر منکشف ہو جاتے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے جو سفیر مذکور کو یہ اسرار معرفت بتائے تو بقیاس غالب مؤخر الذکر طریقے سے بتائے ہونگے۔ کیونکہ اگر لفظی و قولی طریق سے بتائے ہوتے تو آپ کے اقوال و الفاظ کتب احادیث و آثار میں فروز منقول ہوتے۔ اس لئے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کے اقوال و ارشادات شاذ و نادر ہی دائرہ روایت سے باہر رہے ہیں۔ اب مولانا حال اور مقام کا فرق اور اہل حال و اہل مقام کے مدارج میں امتیاز دکھاتے ہیں۔

حال چوں جلوہ ست زاں زیبا عروس ویں مقام آں خلوت آمد با عروس

لغات جلوہ نمایش حسن۔ اپنی چھب دکھانا۔ اپنا انداز خاص اور ناز و کرشمہ دکھانا۔ زیبا خوبصورت۔ عروس عین کے فتحہ سے دلہن۔ دلہا دونوں کے لئے صحیح ہے۔ مگر دلہن کے لئے کثیر الاستعمال ہے۔ عین کا ضمہ غلط مشہور ہے۔

ترجمہ حال گویا خوبصورت دلہن کا جلوہ ہے اور یہ دوسری صفت باطنی جس کا نام مقام ہے) وہ (خاص) خلوت ہے۔ (جو عروس کے ساتھ (کیجائے)

مطلب چونکہ حال غیر مستمر اور زوال پذیر ہوتا ہے۔ اور مقام میں ثبات و استمرار ہوتا ہے۔ اس لئے مقدم الذکر کو جلوہ عروس سے اور مؤخر الذکر کو خلوت عروس سے تشبیہ دی ہے۔ حال کی کیفیت کا نقشہ حضرات صوفیہ شعراء یوں کھینچتے ہیں۔

سعدی رح دیدار مے نمائی و پرہیز مے کنی بازار خویش و آتش ما تیز میکنی

عراقی رح روے بنمودہ جمالت باز پنہاں کردہ رُخ
در دل بیچارگاں شور و فغاں انداختہ

مقام اور حال

تعلیم کے دو طریقے تعلیم سلوک

مقام کا منظر حضرت حافظ رح یوں دکھاتے ہیں ؎

در بزم دل از روئے تو صد شمع برافروخت — ویں طرفہ کہ بر روے تو صد گونہ حجاب ست

جلوہ بیند شاہ و غیر شاہ نیز — وقت خلوت نیست جز شاہ عزیز

ترجمہ جلوہ تو بادشاہ اور بادشاہ کے سوا باقی لوگ بھی دیکھتے ہیں (مگر) خلوت کے وقت صاحب عزت بادشاہ کے سوا اور کوئی نہیں۔

مطلب جلوہ یعنی حال جس طرح ایک مرتاض و مکتسب کو میسر ہوتا ہے۔ ایک غیر مرتاض کو بھی خوبی قسمت سے وہبی طور پر حاصل ہو سکتا ہے۔ مگر خلوت یعنی مقام خاص اس شخص کا حصہ ہے۔ جو برسوں ریاضت شاقہ اختیار کرنے اور شرائط اکتساب بجالانے کے بعد قلمروے سلوک کا تخت نشیں بنا ہو۔ دوسرے طریق سے یوں مطلب بھی ہو سکتا ہے۔ کہ اہل حال کے آثار ہر کس و ناکس پر ظاہر ہو جاتے ہیں۔ مگر صاحب مقام کے مراتب کی کیفیت عوام سے مخفی رہتی ہے۔ کیونکہ اس کا معاملہ محض اللہ تعالیٰ سے ہوتا ہے غنی رح ؎

از سلوک صاحب باطن کسے آگاہ نیست — ہیچ رو بر آب و نقش پاے او در راہ نیست

جلوہ کردہ عام و خاصاں را عروس — خلوت اندر شاہ باشد با عروس

ترجمہ عروس جلوہ تو عام و خاص سب کو دکھاتی ہے (مگر) خلوت میں عروس کے ساتھ صرف بادشاہ ہوتا ہے۔

ہشت بسیار اہل حال از صوفیاں — نادرست اہل مقام اندر میاں

ترجمہ (غرض) صوفیوں میں اہل حال تو بہت ہیں۔ (مگر) ان میں اہل مقام شاذ و نادر ہیں۔

مطلب اوپر اہل حال کے مقابلے میں اہل مقام کا علو شان اور قرب الی الحق اور ساتھ ہی ان کی قلت و کمیابی جو بیان ہوئی ہے۔ اس سے مقصود یہ ہے۔ کہ طالب کو اہل مقام کے ساتھ توسل کرنا چاہئے۔ اہل حال کامل نہیں ہوتے۔ اس لئے ان کی پیروی اختیار کرنا مفید نہیں۔ مگر عوام کا یہ حال ہے۔ کہ وہ اہل حال کے دلاویز اقوال اور حیرت انگیز افعال سے متاثر ہو کر زیادہ تر انہی کے گرویدہ ہوتے ہیں۔ اہل مقام اول تو خود ہی کمیاب ہیں۔ اگر کہیں موجود ہیں تو وہ متادب بآداب اور ضابط جذبات ہونے کی وجہ سے ایسے احوال و افعال کے صدور سے مجتنب رہتے ہیں جن سے لوگوں میں ان کا چرچا پھیلے اس لئے لوگ ان کے کمال سے بیخبر اور ان کے فیض سے محروم رہتے ہیں۔ صائب رح ؎

بر زمیں از سالکان گرم رو جستن نشاں — نقش پاے موج را در بحر پیدا کردن ست

تاہم طلب و تلاش شرط ہے۔ جوینده یابنده۔ مولانا رح ؎

در طلب زن دائما تو ہر دو دست — کیں طلب در راہ نیکو رہبرست

جامی رح ؎

بے طلب نتواں وصالت یافت آرے کے رسد
دولت کعبہ بجز رنج بیاباں بردہ را

از منازلہائے جانش یاد داد واز سفرہائے روانش یاد داد

ترجمہ اس کو رُوح کی منزلیں بتائیں اور اس کو روح کے سفروں سے مطلع کیا۔

مطلب روح کی منزلیں یہی ہیں۔ کہ وہ پہلے مجرّد محض تھی۔ پھر عالمِ مثال سے متعلق ہوئی۔ پھر عالمِ خلق یعنی ناسوت میں آئی۔ اس کے بعد جسم سے جُدا ہو کر عالمِ برزخ میں جائے گی۔ اور پھر حشر میں دوبارہ اسی جسم سے متعلق ہو جائے گی۔ حافظ رح ؎

مرغِ دلم طائر لیست قدسی عرش آشیاں از قفسِ تن ملول سیر شدہ از جہاں
از در ایں خاکداں چوں بپرد مُرغِ ما باز نشیمن کند بر سرِ آں آشیاں
چوں بپروزیں جہاں سدرہ بود جائے او بگزیدہ گہِ باز ما کنگرۂ عرش داں

وز زمانے کز زماں خالی بُدست وز مقامِ قدس کاجلالی شُدست

لغات مقام قدس عالمِ جبروت۔ یعنی مرتبہ صفات الٰہیہ بدُ مخفف ہے بود کا۔ کا جلالی کہ اجلالی۔ کاف بیانیہ ہے۔

ترجمہ اور اس عالم سے (مطلع کیا) جو زمانے سے خالی تھا۔ اور مقام قدس سے (باخبر کیا) جو پر جلال ہے۔

مطلب چونکہ زمانہ مخلوق اور حادث ہے۔ اس لئے اس سے پہلے ایک ایسی حالت تھی۔ جو زمانے سے خالی تھی اس کو مجازاً زمانہ کہدیا۔ اوپر کے شعر میں اسرار روح بیان کرنے کا ذکر تھا۔ اس شعر میں یہ بتایا ہے۔ کہ حضرت عمرؓ نے سفیر سے صفات الٰہیہ بیان فرمائے۔

وز ہوائے کاندرو سیمرغِ رُوح پیش ازیں دیدست پروازِ فتوح

لغات سیمرغِ روح میں اضافت تشبیہی ہے۔ فتوح فا کے ضمہ سے کشایش دل۔ امنگ۔ شوق۔ راحت و مسرت

ترجمہ اور اس ہوا سے (مطلع کیا) جس میں روح کے سیمرغ نے اس (ہستی) سے پہلے شوق و مسرت کی پرواز (کر) دیکھی تھی۔

مطلب اس سے مراد روح کا مرتبہ تجرد ہے۔ جبکہ وہ کثافت جسم سے مجرد ہونے کے باعث عروج و ترقی کی حالت میں تھی۔

ہر یکے پروازش از آفاق بیش واز اُمید و تُہمتِ مُشتاق بیش

لغات آفاق جمع افق کنارہ آسماں۔ مراد اطراف عالم۔ تہمت نون کے ضمہ سے حرص۔ خواہش۔

ترجمہ اسکی پرواز عالم بھر سے زیادہ تھی۔ اور مشتاق کی امید اور قصد سے بڑھ کر تھی۔

چُوں عُمر اَغیار رُو را یار یافت جانِ اُو را طالبِ اَسرار یافت

ترکیب ۔ چوں عمر الخ شرط جس کی جزا تیسرے شعر کا دوسرا مصرعہ ہے۔ یعنی تخم پاک الخ اور درمیانی جملے جملات معترضہ یا معطوفات ہیں +

ترجمہ چونکہ حضرت عمر رضؓ نے (اس) بیگانہ صورت کو یار (ہمخیال) پایا۔ اور اس کی طبیعت کو اسرار کی شائق دیکھا۔

شیخ کامل بود و طالب مشتہی مرد چابک بود و مرکب درگہی

لغات مشتہی شائق چابک باکے ضمہ سے چالاک درگہی حاضر درگاہ۔ وہ اسپ خاصہ جو ہر وقت تیار رہے مراد مستعد۔ ترکیب۔ شیخ کامل مبتدا و خبر ہیں۔ نہ کہ مرکب توصیفی کما یتبادر اسی طرح مرد چابک۔

ترجمہ (ادھر) پیر (یعنی حضرت عمر رضؓ) کامل تھے (ادھر) مرید (یعنی سفیر) ہمہ تن شوق تھا مرد (شہسوار) چالاک تھا۔ اور سواری تیار۔

دید آں مرشد کہ او ارشاد داشت تخم پاک اندر زمین پاک کاشت

لغات ارشاد رشد۔ کارگاری۔ صلاحیت۔ استعداد۔

ترجمہ (نیز) مرشد (یعنی حضرت عمر رضؓ) نے دیکھا کہ وہ استعداد رکھتا ہے (اس لئے اس کے) پاک دل کی) زمین میں (اسرار معرفت کا) پاک بیج بو دیا۔ قال بعضہم ؎

صحبت اندر جوہر قابل کند تاثیر ولیں ورنہ شاخ گل زبوے گل چرا محروم شد

فاطمہ ؎ گوہر پاک باید کہ شود قابل فیض ورنہ ہر سنگ و گلے لولو و مرجاں نشود

مرد گفتش کاے امیر المومنیں جاں زبالا چوں درآمد در زریں

ترجمہ۔ اس شخص نے آپ سے سوال کیا۔ کہ اے امیر المومنین روح عالم بالا (یعنی عالم امر) سے زمین (یعنی عالم خلق) میں کیونکر آگئی؟۔

مطلب روح مجرد کو جسم مادی سے بلحاظ اصل کوئی نسبت نہیں۔ پھر ان دونوں میں ارتباط کیونکر ہوگیا۔ صائب رح ؎

میان نور و ظلمت التیاے نیست حیرانم کہ چوں پیوست روح آسمانی با زمینہا

مرغ بے اندازہ چوں شد در قفس؟ گفت حق بر جاں فسون خواند و قصص

لغات بے اندازہ۔ بے مقدار۔ چونکہ روح عالم امر سے ہے۔ اور عالم امر مقدار و مادہ سے منزہ ہے۔ اس لئے روح کو مرغ بے اندازہ کہا ہے۔ قفص پنجرا۔ افسوں و قصص افسون و افسانہ مراد امر کن۔

ترجمہ (سفیر نے پوچھا یہ روح کا) طائر غیر مقداری (جسم کے) پنجرے میں (جو مادی و مقداری ہے) کیونکر داخل ہوا۔ (حضرت عمر رضؓ نے) فرمایا۔ کہ اللہ تعالیٰ نے روح پر (کن کا) افسوں و افسانہ پڑھ دیا (اس لئے جسم میں داخل ہوگئی)۔

مطلب۔ حاصل جواب یہ ہے۔ کہ جان کا تعلق ان دونوں کی باہمی مناسبت کی وجہ سے نہیں۔ کہ قصدی و اختیاری ہو۔ بلکہ تکوینی و اضطراری ہے۔

سوال اوپر کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے۔ کہ انسان کی پیدائش امر کن کے ماتحت ہے۔ مگر حضرت جابرؓ سے ایک حدیث روایت ہے۔ جو بیہقی رح نے شعب الایمان میں نقل کی ہے۔ اور مشکوٰۃ شریف میں درج ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے لَا اَجْعَلُ مَنْ خَلَقْتُهٗ بِيَدِيْ وَ نَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ كَمَنْ قُلْتُ لَهٗ كُنْ فَكَانَ۔ یعنی انسان کو جس کو میں نے اپنے ہاتھ سے پیدا کیا۔ اور اپنی روح اس میں ڈالی۔ اس مخلوق (یعنی ملائکہ) کے برابر نہیں رکھ سکتا جو صرف امر کن کے ساتھ پیدا ہو گئی ہے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے۔ کہ انسان کی آفرینش امر کن سے نہیں ہے۔

جواب اس حدیث سے انسان کے لئے امر کن کی نفی جو مفہوم ہوتی ہے۔ وہ اس لحاظ سے ہے۔ کہ وہ امر کن سے یکبارگی عدم سے وجود میں نہیں آیا۔ بلکہ اس کے لئے جمع تراب تخمیر طین اور تصویر مجسمہ تدریجاً ہوئی ہے۔ اور فرشتوں کی تخلیق تمامہ یکبارگی امر کن سے ہوئی ہے۔ اور یہ اس کے منافی نہیں۔ کہ انسان کے مجسمے میں نفخ روح امر کن سے ہو گیا ہو۔ اور شعر کا مقصود بھی یہی ہے کہ جسم عنصری کے ساتھ روح کا تعلق بحکم کن ہوا۔ اور آیہ اِنَّمَا اَمْرُهٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ میں ہر شے کے لئے امر کن کی تعمیم اسکی مؤید ہے۔

بر عدمہا کاں ندارد چشم و گوش چوں فسوں خواند ہمے آید بجوش

لغات عدم بمعنی معدوم۔ جیسے قبول بمعنی مقبول از قبیل مصدر بمعنی اسم مفعول۔

ترجمہ جب وہ معدوم اشیا پر (کن کا) افسون پڑھتا ہے۔ جو آنکھ کان بھی نہیں رکھتیں (جنکو ہم آلات احساس سمجھتے ہیں۔ تاہم) وہ (اس افسون کو محسوس کر لیتی ہیں اور) جوش میں آجاتی ہیں۔

از فسونِ اُو عدمہا زود زود خوش معلق میزند سوئے وجود

لغات معلق زدن۔ قلابازی کھانا۔ اچھلنا کودنا۔

ترجمہ اس کے افسون سے معدوم اشیا جلدی جلدی وجود کی طرف عجیب قلابازیاں کھاتی جاتی ہیں۔

باز بر موجود افسونے چو خواند زود اُو را در عدم دو اسپہ راند

لغات دو اسپہ تیز رفتار۔ دو گھوڑوں پر نوبت بنوبت سوار ہو کر جانے والا جو یقیناً تیز جاتا ہے۔

ترجمہ پھر جب وہ (کسی) موجود پر افسون پڑھتا ہے۔ تو اس کو فوراً تیزی رفتار سے عدم کو روانہ کر دیتا ہے۔

گفت با جسم آیتے تا جاں شد اُو گفت با خورشید تا رخشاں شد اُو

ترجمہ (اسی طرح جب اس نے) جسم سے کوئی بات کہدی تو وہ جان بنگیا۔ آفتاب سے کہدی تو وہ چمکنے لگا۔

مطلب اوپر ان عام تصرفات کا ذکر تھا۔ جو حیات و ممات کی صورت میں سب کائنات پر حاوی ہیں۔ اس شعر سے بعض خاص تصرفات کا ذکر فرماتے ہیں۔ جن کا ہر شے سے جداگانہ تعلق ہے۔

بازدر گوشش دمد نکتہ مخوف در رخِ خورشید افتد صد کسوف

ترجمہ پھر اس کے (یعنی آفتاب کے) کان میں کوئی خوفناک نکتہ سنا دیتا ہے۔ تو سورج کے چہرے پر سینکڑوں گہن لگ جاتے ہیں۔

گفت در گوشِ گل و خندانش کرد گفت با لعلِ خوش و تابانش کرد

ترجمہ پھول کے کان میں کچھ کہا تو اس کو کھلا دیا۔ خوبصورت لعل کو کچھ کہا۔ تو اس کو چمکا دیا۔

تا بگوشِ خاک حق چہ خواندہ است؟ کو مراقب گشت و خامش ماندہ است

لغات مراقب مراقبہ کرنے والا۔ امیدوار۔ منتظر۔ گردن جھکانے والا۔ اصطلاح تصوف میں مراقبے کے معنی خداوند تعالیٰ کے ساتھ دل کی حضوری۔ اور ماسوا سے غیبت۔

ترجمہ (معلوم نہیں) کہ خداوند تعالیٰ نے زمین کے کان میں کیا کہہ دیا کہ وہ چپ چاپ اور منتظر ہو رہی ہے۔

تا بگوشِ ابر آں گویا چہ خواند؟ کو چو مشک از دیدۂ خود آب راند

لغات گویا اسم فاعل ہے گفتن سے الف علامت فاعلیت ہے بمتکلم۔ مشک چمڑے کا ظرفِ آب میم کے فتحہ سے فارسی کلمہ ہے۔

ترجمہ (معلوم نہیں) کہ اس متکلم (جل شانہٗ) نے ابر کے کان میں کیا کہہ دیا۔ کہ اس نے مشک کی طرح اپنی آنکھ سے پانی بہا دیا۔

در تردّد ہر کہ او آشفتہ است حق بگوشش او معمّا گفتہ است

لغات تردد آمد و رفت کرنا مجازاً بمعنی فکر و حیرانی آشفتہ پریشان۔ معمّا بضم میم اول و فتح عین و تشدید میم دوم مفتوح چھپایا ہوا۔ اندھا بنایا ہوا اصطلاحاً وہ کلام جو اشارۃ کسی نام پر دلالت کرے۔ یہاں ایسی بات مراد ہے۔ جو بادی النظر میں سمجھ میں آنیوالی نہ ہو۔

ترجمہ جو شخص کسی تردد میں پریشان ہو رہا ہے۔ خداوند تعالیٰ نے اس کے کان میں کوئی سمجھ میں نہ آنیوالی بات کہدی ہے۔

مطلب۔ جس طرح معما سننے والا پریشان ہوتا ہے۔ کہ شاید اس معمّے کے یہ معنی ہونگے یا یہ ہونگے۔ اس طرح متردد آدمی کے دل میں قدرۃً کسی امر کے متعلق نفی و اثبات کے دونوں پہلو یکساں طور پر متصور ہو جاتے ہیں۔ وہ کسی کو ترجیح نہیں دے سکتا۔ نظامی رح ؎

دو رنگی در اندیشہ تاب آورد سر جادہ گر زیرِ خواب آورد

تا کند مجبوش اندر دو گماں آں کُنم کو گفت یا خود ضدِّ آں

ترکیب بعض شراح نے لکھا ہے۔ کہ اس شعر میں القاء معما کی حکمت بیان کی گئی ہے۔ گویا ان کے نزدیک یہ تاء تعلیلہ ہے۔ اور کند کا فاعل حق ہے۔ مگر ہمارے نزدیک صورت اولیٰ یہ ہے۔ کہ یہ تا بیانیہ ہو۔ سارا شعر بیان اور شعر سابق میں معما اس کا مبین۔ کند کی ضمیر فاعلی راجع بہ معما ہے۔

ترجمہ (اس کے دل میں ایسا معما القا کر دیتا ہے) جو اس کو دو گمانوں میں مبتلا کر دیتا ہے۔ (کہ) میں اس طرح کروں۔ جو فلاں نے کیا ہے یا اس کے خلاف کروں) کما قیل ؎

شرکت زمرۂ میخوار کنم یا نکنم　　نو بہار ست من ایں کار کنم یا نکنم

ہم زحق ترجیح یا بد یک طرف　　زاں دو یک را برگزیند زاں کنف

لغات ترجیح۔ دو شقوں میں سے ایک کو مقدم رکھنا یا افضل قرار دینا۔ طرف۔ شق۔ فریق۔ جانب۔ کنف۔ کنارہ۔ جہت۔ طرف۔

ترجمہ (آخر) خداوند تعالیٰ ہی کی توفیق سے ایک شق ترجیح پاتی ہے۔ اور وہ اس جہت سے ان دونوں میں سے ایک کو اختیار کر لیتا ہے۔

گر نخواہی در تردد ہوش جاں　　کم فشار ایں پنبہ اندر گوش جاں

لغات ہوش جاں۔ نور باطن۔ حیات روحانی۔ فشار۔ صیغہ امر ہے۔ فشاردن سے۔

ترجمہ اگر تم اپنی عقل کو تردد (کے حجاب) میں (ڈالنا) نہ چاہو۔ تو گوش جان میں یہ (التفات بماسوی اللہ) کی روئی نہ ٹھونسو۔

مطلب بیان تردد کی مناسبت سے مولانا رح اب اس مضمون کی طرف انتقال فرماتے ہیں۔ کہ اگر اپنے دل سے شکوک وشبہات کے حجاب اٹھانا چاہتے ہو تو مطلوب حقیقی کیطرف دل لگاؤ۔ اور باقی تمام مخلوق سے اپنی توجہ ہٹا لو۔

سعدی رح ؎　نشاید گم کرد و از خلائق بنا فت　　کہ گم کردۂ خویش را باز یافت

پنبۂ وسواس بیروں کن ز گوش　　تا بگوشت آید از گردوں خروش

ترجمہ وسواس کی روئی (دل کے) کان سے نکال ڈالو۔ تاکہ آسمانوں کا شور تم کو سنائی دے۔

مطلب امور دنیا کے اس قدر انہماک کو جو مشاغل دین اور رجوع الی اللہ سے غافل کر دے۔ پنبہ وسواس سے تعبیر کیا ہے۔ جس شخص کے قلب سے اس قسم کے حجابات اٹھ جاتے ہیں۔ اس کو ملاء اعلیٰ سے ایک خاص مناسبت ہو جاتی ہے۔ پھر وہ اس عالم کے متعلق ایسے امور احساس کرتا ہے۔ جو بشری عادت سے بالا ہوتے ہیں۔ خروش گردوں سے تسبیحات ملائکہ مراد ہیں۔ حجۃ اللہ البالغۃ میں یہ روایت منقول ہے۔ کہ جب اللہ تعالیٰ کوئی حکم فرماتا ہے۔ تو حملۃ العرش تسبیح پڑھتے ہیں۔ پھر ان کے متصل آسمان کے فرشتے تسبیح پڑھتے ہیں۔ یہاں تک کہ اس آسمان زیریں کے فرشتوں تک تسبیح پہنچ جاتی ہے۔

الخلاف یہ شعر بھی بعض نسخوں میں درج نہیں ہے۔

تا کُنی فہم آں مُعمّاہاش را تا کُنی ادراک رمز فاش را

ترجمہ تاکہ تم اس کے (یعنی حق تعالیٰ کے) اسرار کو سمجھنے لگو۔ تاکہ تم اس کے (سب) جلی (وخفی) رمز کو ادراک کر لو۔

پس محلِّ وحی گردد گوشِ جاں وحی چہ بود؟ گفتنِ از حسِّ نہاں

ترجمہ روحانی کان نزول وحی کی جگہ بن جاتے ہیں۔ وحی کیا ہوتی ہے؟ باطنی حس سے بات کرنا

مطلب اوپر فرمایا تھا۔ کہ گوش روح سے پنبہ وسواس نکال ڈالو۔ تو غیبی معمّوں کو حل کرنے لگو۔ اب پنبۂ وسواس کے دور کرنے کا دوسرا فائدہ یہ بتاتے ہیں۔ کہ دل مہبط وحی ہو جاتا ہے۔ مگر اس سے یہ شبہ عارض ہوتا تھا۔ کہ مہبط وحی ہونا تو شانِ نبوّت ہے۔ یہ ہر شخص کے لئے کیونکر ممکن ہے۔ اگلے مصرعہ میں اس شبہ کا ازالہ فرماتے ہیں کہ یہاں وحی سے مراد نبوت کی وحی نہیں۔ بلکہ حواس باطنی سے کلام کرنا اور سننا مراد ہے جسکو الہام بھی کہتے ہیں۔ اور یہ صرف انبیاء سے مخصوص نہیں۔ بلکہ اولیاء و صلحا بھی اس سے بہرہ ور ہو سکتے ہیں۔

گوشِ جاں و چشمِ جاں حُزِ ایں حسِّ ست گوشِ عقل و چشمِ ظن از اں مُفلسِ ست

ترجمہ روح کے کان اور آنکھیں اس حس (ظاہری) سے بالا ہیں۔ عقل کے کان اور ظن کی آنکھ (بھی) اس (حس باطنی) سے بے بہرہ ہیں۔

مطلب گویا مطلق احساس وادراک کے وسائل تین طرح کے ہیں۔ ایک تو حواس ظاہر یعنی باصرہ سامعہ شامہ وغیرہ دوسرے مشاعر باطن ذہن۔ ذکا۔ فہم۔ تعقل وغیرہ۔ تیسری وہ قوت مدرکہ جو خاص روحانی ہے۔ اور قوائے دماغیہ سے اس کو کوئی لگاؤ نہیں۔ مولانا فرماتے ہیں۔ کہ یہ آخری قوت احساس باقی تمام قوائے سے عالی رتبہ ہے۔

لفظِ جبر مِ عشق را بے صبر کرد وآنکہ عاشق نیست حبسِ جبر کرد

لغات حبس یعنی محبوس۔ مقید از قبیل مصدر بمعنی اسم موصول **ترکیب** کرد کا فاعل دونوں جگہ لفظ جبر ہے۔ عشق مضاف میم متکلم مضاف الیہ جو جبر کے ساتھ متصل ہے اور بضرورت مقدم آیا ہے۔

ترجمہ جبر کے لفظ نے (یہ) ثابت کر کے کہ خدا کے سوائے کوئی فاعل نہیں) میرے عشق کو اور بھی تیز کر دیا۔ اور (بخلاف اس کے) جو عاشق نہیں اس کو (اس لفظ نے بجائے لذت ایمانی کے) جبر معتارف کے غلط مسئلے کا قیدی بنا دیا۔

مطلب اوپر یہ ذکر تھا۔ کہ اجسام ارض اور اجرام فلک کی تمام حرکات وافعال اسی ذات حق کے امر والہام کے تابع ہیں۔ جس سے مخلوقات کا بے اختیار ہونا ثابت ہوتا ہے۔ اسی بے اختیاری کو یہاں لفظ جبر سے تعبیر کیا ہے اور فرمایا کہ اس بے اختیاری کے مضمون نے جس سے مخلوق کا عجز اور خالق کا اختیار مطلق ثابت ہوتا ہے۔ میری کیفیت عشقیہ کو جو شحنہ کر دیا۔ اور جو شخص صاحب عشق نہیں۔ وہ بجائے اس کے کہ حق تعالیٰ کے اختیار علی الاطلاق سے سبق ہدایت پاکر ادھر بھی آمادہ طاعت و عبادت ہو۔ وہ اپنے آپ کو جہلا کے خیال کے مطابق

مجبور محض قرار دیکر طاعت و بندگی سے گریز کرتا ہے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ کے مختار مطلق ہونے سے بندہ کے اختیار کی مطلقاً نفی لازم نہیں آتی۔ بلکہ اختیارِ تام اور قدرت مستقلہ کی نفی لازم آتی ہے۔ اور توجہ احکام کے لئے ادنی سے ادنی اختیار بھی کافی ہے۔

ایں معیّت یا حق ست و جبر نیست ایں تجلّی مہ ست ایں ابر نیست

لغات معیت ہمراہ ہونا۔ مع اللہ ہونا۔ خدا کے ساتھ ہونا۔ تجلّی جلوہ دکھانا۔ اپنا نورِ جمال دکھانا۔

ترجمہ یہ (مذکورہ بے اختیاری) معیت بحق (کا اعتقاد) ہے۔ جبر (مذموم) نہیں (اور) یہ اعتقاد (اپنی نورانیت میں گویا) چاند کی تجلّی ہے۔ یہ ابر (کی طرح تاریک و باطل) نہیں۔

مطلب اللہ تعالیٰ کی قدرت تامہ اور اختیار مستقل کا اعتقاد رکھنے والے کے دل میں اس کا عموم تصرف اس قدر مستحضر رہتا ہے۔ کہ وہ ذرّے ذرّے کی حرکت اور پتّے پتّے کے اہتزاز میں اسی کے دست قدرت کو فاعل دیکھتا ہے۔ اور یہی معیت بحق ہے ؎

چو آفتاب بہر ذرّہ مے نمائی رُخ دلیک چشم عراقی نمے کند ادراک

فطرہ ؎ کے عطارسائے محفل روحانیاں شدے گل را اگر نہ بوے تو کردے رعایتے
جامی ؎ در باغ اگر نہ بوے تو یابم بہر گلے آہے بر آرم از دل و آتش زنم بباغ
صائب ؎ در دیدہ روشن گہراں ہر ورقِ گل از نور تجلّی بد بیضائے کلیم ست

ور بود ایں جبر جبرِ عامہ نیست جبرِ آں امّارۂ خود کامہ نیست

لغات عامہ عوام الناس امّارہ بار بار بری فرمائشات کرنے والا۔ نفس امّارہ تیسری قسم کے سب سے بُرے نفس کا نام ہے۔ خود کامہ خود غرض۔ خود کام فارسی لفظ ہے۔ امّارہ کی صفت واقع ہونے کے لحاظ سے اس کے آخر میں تائے تانیث بقاعدۂ عربیت لگائی گئی۔ اور کبھی کبھی بعض ماہرانِ عربیت فارسی الفاظ میں عربی قواعد کے مطابق تصرفات کر لیتے ہیں۔ جیسے کہ رند کی جمع بقاعدۂ عربی رنود لکھ دیتے ہیں۔ مجرّب۔ اور سترش وغیرہ کلمات بھی اسی قسم کے ہیں۔

ترجمہ اور اگر (بالفرض) یہ جبر ہی ہے۔ تو بھی یہ عوام کا جبر نہیں (اور) اس (نفس) امّارہ خود غرض کا جبر نہیں۔

مطلب یعنی اگر اللہ تعالیٰ کے کامل و مطلق اختیار کے آگے اپنے ناقص اختیار کو جبر کے لفظ سے تعبیر کیا جائے تو خیر کوئی مضایقہ نہیں۔ مگر یہ جبر محمود ہے۔ جو فی الواقع جبر نہیں۔ بلکہ مجازاً اس پر جبر کا اطلاق کیا جاتا ہے اور وہ جبر مذموم سے جداگانہ ہے۔ جس کو عوام جہلا نے ترک طاعت اور اختیار معصیت کے لئے ایک حیلہ بنا رکھا ہے۔ جبر محمود اور جبر مذموم کی تفصیل کے لئے دیکھو اس شرح کی جلد اول۔

جبر را ایشاں شناسند اے پسر کہ خدا بکشاد شاں در دل بصر

ترجمہ بیٹا (اس) جبر (محمود) کو وہی لوگ پہچانتے ہیں۔ جن کے دل کی آنکھ خدا نے کھول دی ہے

غنی ہر سہ چشم ہر کس کہ شد از سرمہ عرفاں روشن آتش طور زہر سنگ تواند دیدن

غیب و آیندہ بر ایشاں گشت فاش ذکر ماضی پیش ایشاں گشت لاش

لغات آیندہ مستقبل فاش ظاہر لاش لاشے نابود یائے آخر محذوف ہے۔

ترجمہ (علم) غیب اور (واقعات) مستقبل تک ان پر ظاہر ہوگئے۔ ایام ماضی کے حالات کا یاد کرنا تو ان کے آگے کچھ بھی نہیں۔

مطلب۔ ان حضرات کا واقعات مستقبل سے آگاہ ہونا کئی وجوہ سے ہے۔ اور وہ سب وجوہ متعارف و معتبر ہیں۔ ایک تو ان لوگوں کو ذوق صحیح اور وجدان سلیم کا باطنی نور حاصل ہوتا ہے۔ جس کے ذریعہ سے وہ امر مطلوب کا حال جس کا ان پر ظاہر کرنا خدا کو منظور ہوتا ہے۔ معلوم کر لیتے ہیں۔ جیسے کہ حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی قدس سرہ کے متعلق منقول ہے۔ کہ ایک شریف زادے نے ان سے تنگی روزگار کی شکایت کی تو آپ نے کچھ دیر تک سر جھکا کر فرمایا۔ تم جنوب کی طرف سفر کرو۔ مسلمانوں کا جو شہر آئیگا۔ وہاں داخل ہو جاؤ۔ مسجد میں نماز پڑھو۔ جو شخص تم کو بلانے آئے۔ اس کے ساتھ جاؤ۔ اور تماشائے تقدیر دیکھو۔ وہ آپ کے فرمان کے مطابق روانہ ہوا۔ تونک کی اسلامی ریاست میں جا پہنچا۔ اور جس طرح آپ نے فرمایا تھا۔ اس پر عمل کیا۔ اور جو واقعات آپ نے ذکر فرمائے تھے۔ اسی طرح پیش آئے۔ آخر ریاست میں ایک بڑے عہدے پر سرفراز ہوا۔ اور حضرت شاہ صاحب کی خدمت میں حاضر ہو کر اس نے عرض کیا۔ آپ پر یہ حالات مستقبلہ کیونکر عیاں ہوئے۔ فرمایا قرآن شریف کے سیاق پر توجہ کرنے سے۔ دوسرے الہام اور رویا کے ذریعے سے بھی احوال مستقبلہ کے متعلق اشارات معلوم ہو جاتے ہیں۔ تیسرے بہت سے حوادث کلیہ جو قرب قیامت میں اور حشر و نشر کے وقت ظہور پذیر ہونگے ان کے حالات قرآن و حدیث سے معلوم ہو سکتے ہیں۔ چوتھے کشف سے بھی بعض احوال معلوم ہو جاتے ہیں۔ باقی رمل و نجوم و جفر و کہانت وغیرہ کے ذریعہ سے احوال غیب کا تجسس کرنا غیر معتبر اور شرعاً شرک اور معصیت ہے۔

اس شعر کے مصرعہ ثانیہ یعنی ذکر ماضی الخ میں ماضی کے معنی اگر گزر جانے والی چیز اور فانی کے لئے جائیں۔ تو شعر کے معنی یوں بھی ہو سکتے ہیں۔ کہ احوال مستقبلہ ان پر منکشف ہو گئے۔ اور گذر جانے والی یعنی فانی اشیاء کا ذکر ان کے نزدیک محض لاشے یعنی ناقابل التفات ہے۔ صائب ؎

دنیا نیاید شش بنظر از شکوہ دیں سجادہ مسند شش بود و سبحہ دستیار

اختیار و جبر ایشاں دیگر ست قطرہا اندر صدف ہا گوہر ست

ترجمہ ان حضرات کا اختیار و جبر کچھ اور ہی ہے (ان کے اختیار و جبر کی پہلی مثال یہ ہے۔ کہ) سیپ کے اندر (پانی کے) قطرے موتی (کی صورت میں) ہیں۔

مطلب ان کا اختیار و جبر عوام کا سا نہیں ہے۔ کیونکہ عوام کا اختیار انکار تقدیر کا باعث ہو جاتا ہے۔ اور ان کا جبر تعطیل شرائع و ابطال تکالیف کا موجب بنجاتا ہے۔ پس ایسے جبر و اختیار کا مذموم و مستنکر ہونا ظاہر ہے۔ مگر اہل حق اور عارفین کا اعتقاد ان نقائص سے پاک ہے۔ چونکہ جبر و اختیار کے ایک ہی عقیدہ کا ان حضرات سے متعلق ہو کر مستحسن صورت اختیار کر لینا اور عوام سے متعلق ہو کر مذموم بن جانا قابل توجہ امر ہے۔ اس لئے اس امر کی تائید میں کہ ایک ہی شے ایک محل میں

ایک صفت پر اور دوسرے محل میں دوسری صفت پر ہو سکتی ہے۔ چند مثالیں بیان فرماتے ہیں۔ جن میں سے پہلی مثال قطرے کی ہے۔ کہ سیپ سے باہر تو وہ محض پانی کا قطرہ ہوتا ہے۔ پھر سیپ کے اندر جاکر وہی قطرہ (دیکھو مفتاح العلوم جلد اول) موتی بنجاتا ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں۔

ہست بیروں قطرہ خرد و بزرگ در صدف آں دُرِّ خُرد ست و سُتُرگ

ترجمہ (سیپ سے) باہر تو چھوٹا یا بڑا قطرہ (محض پانی) ہوتا ہے سیپ میں (جاکر) وہ (قطرہ) چھوٹا یا بڑا موتی (بن جاتا) ہے

طبعِ نافِ آہُو است آں قوم را از بروں خوں واز دروں شاں مُشکہا

ترجمہ (دوسری مثال یہ کہ) ان (عارف) لوگوں کی طبیعت آہوئے مشک کی ناف کی سی ہے۔ کہ (ناف سے) باہر (رگوں میں) تو خون ہوتا ہے اور ان کی (ناف کے) اندر (جاکر) مشک (ہو جاتا ہے)

تو مگو کیں نافہ بیروں خُوں بُود چُوں بود در نافِ مُشکے چُوں شود؟

لغات بیروں۔ بظاہر۔ چوں پہلے ظرفیت کے لئے دوسرا چوں استفہامیہ ہے۔

ترجمہ تم یہ نہ کہو۔ کہ یہ نافہ تو بظاہر خون ہوتا ہے۔ جب ناف کے اندر جاتا ہے۔ تو مشک کیونکر بنجاتا ہے۔

مطلب یعنی جس طرح نافہ کے متعلق تمہارا یہ اعتراض فضول ہے۔ کہ ایک خون کی ناپاک و مکروہ چیز مشک کیونکر ہو سکتی ہے۔ اسیطرح تمہاری یہ حجت بھی لغو ہے۔ کہ جبر کا ضلالت آمیز عقیدہ اہل عرفان کے لئے مستحسن کیونکر ہو سکتا ہے گویا ادعائے عقیدۃً جبر کو عین مشک فرض کر لیا۔ کہ اس پر معترض ہونا عین مشک پر اعتراض کرنا ہے۔

تو مگو کایں مس بروں بُد مُحتقر در دلِ اکسیر چُوں گشت ست زر؟

ترجمہ (تیسری مثال یہ کہ تم یہ (بھی) نہ کہنا کہ تانبا تو بظاہر بے قدر (چیز) تھا۔ پھر اکسیر کے اندر (جاکر) سونا کیونکر بن گیا؟

اختیار و جبر در تو بُد خیال چُوں در ایشاں رفت شُد نورِ جلال

ترجمہ اختیار و جبر تم میں (تو محض ایک خیال تھا۔ جب ان (عارفین) میں گیا۔ تو جلال کا نور بن گیا۔

مطلب۔ عوام کے نزدیک اختیار و جبر محض ایک خیال ہے۔ یا تو خیال باطل جو منجر بہ انکار تقدیر یا ابطال احکام ہوتا ہے اور وہ مبتدعین داخل ہوا کا عقیدہ ہے۔ یا خیال صحیح ہے۔ جو عوام خوش اعتقاد لوگوں کا مسلک ہے۔ اور وہ محض مرتبہ علم میں ہے۔ اس کے ساتھ حال و وجدان شامل نہیں۔ لیکن جب وہ عقیدہ حضرات عارفین کے دل میں سماتا ہے تو ان کے علم و اعتقاد کے ساتھ ذوق و وجدان کے مقرون ہونے سے اپنے عجز اور اللہ تعالیٰ کی قدرت کا ان کے دل پر اس قدر استحضار رہتا ہے۔ کہ یہ عقیدہ ان کے لئے سراسر نور جلال بن جاتا ہے۔

صائبؔ در تہ توده خاکستر ہستی چوں برق گرم روشنگر آئینۂ جانانِ خود اند

ناں چو در سفرہ ست او باشد جماد در تنِ مردم شود اورُوحِ شاد

لغات سفرہ سین کے فتحہ و ضمہ سے خوان جماد ٹھوس چیز۔ بے جان چیز۔
ترجمہ (چوتھی مثال) روٹی جب دسترخوان میں ہوتی ہے۔ تو محض ایک ٹھوس چیز ہے۔ (کہ اس میں مادہ حیات نہیں ہوتا) اور آدمی کے بدن میں پہنچکر وہ ایک بشاش رُوح بنجاتی ہے۔

در دلِ سفرہ نگردد مُستحیل مُستحیلش جاں کند از سلسبیل

لغات مستحیل۔ متغیر ہو جانیوالا۔ ایک شکل سے دوسری شکل اختیار کرنیوالا سلسبیل۔ بہشت کے ایک چشمے کا نام ہے۔
ترجمہ وہ (روٹی) خوان کے اندر اپنی حالت نہیں بدلتی۔ (بلکہ) روح (حیوانی) سلسبیل سے (یعنی اپنی قوت سے جو حیات بخشی میں چشمہ مذکورہ سے مماثل ہے) اس کی حالت بدل دیتی ہے۔
مطلب روح حیوانی مدبّر بدن ہے۔ جس کی تدبیر و تصرف سے تمام اعضائے باطن کے افعال اضطراری وقوع پاتے ہیں۔ منجملہ ان کے یہ افعال بھی ہیں۔ کہ غذا معدے میں پہنچتی ہے۔ کیلوس و کیموس بن کر جگر میں جاتی ہے۔ وہاں سے خون بن کر دل میں پہنچتی ہے۔ پھر وہ خون دل سے پھیپھڑے کی طرف جاکر صاف ہوکر واپس دل میں آتا ہے اور اس سے بخار لطیف پیدا ہوکر شرائین میں تقسیم ہو جاتا ہے۔ یہی بخار لطیف جسم کا مادہ ہے۔

قوتِ جانست ایں اے استخواں! تا چہ باشد قوتِ آں جانِ جاں!

لغات جان رُوح حیوانی جانِ جاں روح انسانی۔ اس کو جانجاں اس لحاظ سے کہا ہے۔ کہ وہ روح حیوانی سے متعلق ہوتی ہے۔ اور رُوح حیوانی جسم سے۔ حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ حجۃ اللہ البالغہ میں فرماتے ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ نے جو فرمایا ہے۔ یسئلونک عن الروح قل الروح من امر ربی وما اوتیتم من العلم الا قلیلا (اے پیغمبر) لوگ آپ سے روح کے بارے میں سوال کرتے ہیں۔ کہدو کہ رُوح میرے پروردگار کا امر ہے۔ اور تم کو تھوڑا علم دیا گیا ہے) یہ آیت اس امر کے لئے نص نہیں ہے۔ کہ امت مرحومہ میں کوئی بھی رُوح کی حقیقت نہیں جانتا۔ جیسا کہ خیال کیا جاتا ہے۔ اور یہ ضروری نہیں کہ جس امر کے بیان سے شرع ساکت رہے۔ اس کا علم قطعاً ناممکن ہو۔ بعض اوقات ساکت رہنے کی وجہ یہ بھی ہوتی ہے۔ کہ عوام امت اس کی تعلیم کے اہل نہیں ہوتے۔ اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ خواص میں بھی اس کے علم کی صلاحیت نہ ہو۔ آگے فرماتے ہیں:۔
واضح ہو۔ کہ بظاہر روح کے متعلق صرف اتنا معلوم ہے کہ وہ ہر جاندار کا مبدء حیات ہے۔ اور ہر جاندار نفخ روح کی بدولت ہی زندہ ہوتا ہے۔ اور اس کی مفارقت سے مرجاتا ہے۔ لیکن انسان تامل سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ بدن میں ایک لطیف بخار ہے۔ جو قلب کے اندر خلاصہ اخلاط سے پیدا ہوتا ہے۔ یہ بخار لطیف ان قوتوں کا حامل ہے۔ جو مختلف احساسات اور تحریکات کا کام کرتی ہیں اور غذا کی تدبیر عمل میں لاتی ہیں۔ اس میں طب کا حکم جاری ہوتا ہے اور تجربہ شہادت دیتا ہے۔ کہ اس بخار کی رقت و غلظت اور صفار و کدورت کا ان قویٰ اور ان کے افعال پر خاص اثر پڑتا ہے اور اگر کسی عضو پر کوئی ایسی آفت آپڑے۔ جو اس کے مناسب بخار کی تولید میں حارج ہو تو وہ اس بخار

سدِ کی بابت

کو فاسد اور اس عضو کے افعال کو مشوش کر دیتی ہے۔ اس بخار لطیف کا پیدا ہونا زندگی کو اور اس کا تحلیل ہو جانا موت کو مستلزم ہے۔ بادی النظر میں یہی روح ہے۔ لیکن نظر غائر سے کام لینے والے کے نزدیک وہ روح کا طبقہ سفلے ہے۔ اس کی مثال بدن میں ایسی ہے۔ جیسے گل سرخ میں عرق گلاب۔ یا جیسے دہکتے ہوئے کوئلے میں آگ لیکن یہ روح روح حقیقی کے لئے ایک سواری اور اس کے تعلق کے لئے ایک مادہ ہے۔ اور یہ اس لئے کہ ایک بچے پر شباب، شیخوخت کے تغیرات آتے ہیں۔ اس کے اخلاط بدن متغیر ہوتے ہیں۔ اور جو روح ان اخلاط سے پیدا ہوتی ہے۔ اس میں ہزار سے بھی زیادہ تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ صغر و کبر، سواد و بیاض جہل و علم وغیرہ بے شمار انقلابات اس پر طاری ہوتے ہیں۔ لیکن وہ شخص وہی کا وہی ہے۔ اور ظاہر ہے۔ کہ بدن اور اس کے قوی اور مذکورہ بخار لطیف جسکو روح حیوانی کہتے ہیں۔ وہ نہیں ہیں جو پہلے تھے۔ آخر وہ کیا چیز ہے۔ جس کے لحاظ سے وہ وہی شخص ہے۔ وہ روح حقیقی ہے۔ جس کا وجود ان تغیرات سے برتر ہے۔ اور وہ بچے کے بچپن سے لیکر بڑھاپے تک وہی ہے۔ اور اس کا تعلق روح ہوائی کے ساتھ خاص اور اولاً ہے۔ اور بدن کے ساتھ ثانیاً۔ اس لحاظ سے کہ بدن روح ہوائی کا حامل ہے۔ اور وجدان صحیح سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ موت نسمہ (روح ہوائی) کے بدن سے جدا ہونے کا نام ہے۔ کیونکہ اس وقت بدن میں اس روح کی تولید کی استعداد نہیں رہتی۔ نہ کہ روح قدس کا نسمہ سے جدا ہونا۔ انتہے ملخصاً شعر مذکور کے کلمہ جانجان کی تشریح کے لئے یہ طول بیانی اختیار کرنی پڑی۔ نیز حقیقت روح کا ذکر لطف اور فائدے سے خالی نہیں۔

ترجمہ اے سچ بات کہنے والے (غور کر کہ) یہ (روٹی کا مستحیل کر دینا) روح حیوانی کی طاقت ہے۔ تو روح الروح (یعنی روح انسانی) کی قوت کیا کچھ نہ ہوگی۔

مطلب روح حیوانی کا کرشمہ تو معلوم ہو چکا۔ اس سے قیاس کر سکتے ہیں۔ کہ روح انسانی میں جو اس سے افضل و ارفع ہے۔ کیا کچھ عجائبات مضمر نہ ہونگے حضرت شاہ ولی اللہ رح فرماتے ہیں۔ هِيَ كُوَّةٌ مِّنْ عَالَمِ الْقُدْسِ يَنْزِلُ مِنْهَا عَلَى النَّسَمَةِ كُلَّمَا اسْتَعَدَّتْ لَهُ۔ روح انسانی عالم قدس کی طرف سے ایک دریچہ ہے۔ جس کے ذریعہ سے روح حیوانی پر وہ تمام امور نازل ہوتے ہیں۔ جن کی اس میں استعداد ہے۔ پس عوام کے علوم و اعمال جب عارفین میں جاتے ہیں۔ تو کیا تعجب ہے۔ کہ وہ کمال کا رنگ پیدا کر لیں۔

ناں ست قوتِ تن و لیکن در نگر تا چہ قوتِ جانش باشد؟ اے پسر!

لغات قوت بواد معروف غذا۔ خوراک۔ روزی۔ تا بیانیہ چہ حرف تعجب۔ یا حرف استفہام۔

ترجمہ بیٹا! روٹی بدن کی غذا ہے۔ (جس کا مایہ حیات روح حیوانی ہے) لیکن یہ دیکھو۔ کہ اس کی روح (یعنی روح انسان) کی غذا کیا ہوگی۔ (یا کیسی اعلیٰ ہوگی)

مطلب۔ اس شعر میں روح حیوانی اور روح انسانی کی قوت کے تفاوت کی ایک وجہ بیان فرمائی ہے۔ روح حیوانی کی غذا اناج اور روح انسانی کی غذا علوم و معارف ہیں۔ جب دونوں کی غذاؤں میں فرق ہے۔ اور غذا ہی سے قوت پیدا ہوتی ہے۔ تو دونوں کی قوتوں میں بھی تفاوت ہونا لازم ہے۔ چنانچہ روح حیوانی کا تصرف اپنی غذا میں ہوتا ہے۔ کہ جماد کو بخار لطیف میں مستحیل کر دیتی ہے۔ اور روح انسانی کا تصرف کمالات علمیہ و عملیہ میں ہوتا ہے۔ کہ ناقص کو کامل بنا دیتی ہے۔

گوشت پارہ آدمی از زور جاں ۔۔۔ مے شگافد کوہ را با بحر و کاں

ترجمہ آدمی جو گوشت کا ایک ٹکڑا ہے۔ روح (حیوانی) کے زور سے پہاڑ کو دریا و کان سمیت چیر ڈالتا ہے۔

مطلب پہاڑوں کو توڑ پھوڑ کر راستے بنانا خطرناک دریاؤں سے موتی اور گہری کانوں سے جواہرات نکالنا انسانی ہمت کے کام ہیں۔ مگر یہ تمام مہمات روح حیوانی اور اس کی قوتوں کے مشاغل ہیں۔ روح انسانی کا منصب اس سے برتر ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں۔

زورِ جانِ کوہکن شق الحجر ۔۔۔ زورِ جانِ جاں درِ انشق القمر

لغات کوہکن۔ پہاڑ کو کھودنے والا۔ فرہاد کا لقب ہے۔ جو خسرو پرویز شاہ ایران کی محبوبہ ملکہ شیریں پر عاشق تھا۔ اس کے عشق کا چرچا پھیلنے لگا۔ تو ملکہ کی بدنامی کے خیال سے اس کو ٹالنے کے لئے کہا گیا۔ کہ اگر تم فلاں پہاڑ کو کھود کر اس میں سے نہر نکال لاؤ۔ تو شیریں کا وصل حاصل کر سکتے ہو۔ چنانچہ اس نے اس ارشاد کی تعمیل کی پہاڑ کھود ڈالا۔ نہر بھی نکال لی۔ مگر آخر ناکام مرا۔ شق پھاڑ دینا۔ حجر پتھر۔ انشق القمر قرآن مجید کی ایک آیت کا اقتباس اور معجزہ شق القمر کی طرف اشارہ ہے۔ جس کا مفصل ذکر پیچھے گذر چکا۔

ترجمہ پہاڑ کو کھود ڈالنے والے کی روح (حیوانی) کا زور تو پتھر کو چیر ڈالنا ہے۔ اور روح انسانی کا زور اِنشقّ القمر (کی روایت) میں ہے۔

مطلب روح حیوانی کا تصرف صرف امور سفلی میں ہوتا ہے۔ اور روح انسانی عالم علوی پر بھی موثر ہو سکتی ہے جو روح حیوانی کی قدرت سے برتر ہے۔ اور اس سے روح انسانی کا زیادہ قوی ہونا ثابت ہے۔

گر کشاید دل سرِ انبانِ راز ۔۔۔ جاں بسوئے عرش سازد ترکتاز

لغات انبان تھیلہ ترکتاز لوٹ مار۔ یہاں تگ و دو مراد ہے۔


ترجمہ اگر (کسی کا) دل بھید کے تھیلے کا منہ کھول دے۔ تو جان عرش کی طرف دوڑ جائے۔

گر زبان گوید ز اسرارِ نہاں ۔۔۔ آتش افروزد بسوزد ایں جہاں

ترجمہ اگر زبان مخفی اسرار کو ظاہر کرنے لگے۔ تو (غلط فہمی کی) آگ بھڑک اٹھے۔ اور اس جہان کو جلا ڈالے

مطلب کاملین کے تصرفات کا راز دل ہی دل سے سمجھنے کا ہے۔ زبان پر لانے کے قابل نہیں۔ جو شخص اپنے ذوق و کشف سے اس پر مطلع ہو جائے۔ اس کو معرفت و بصیرت حاصل ہوتی ہے۔ لیکن جو شخص اس کے ذکر و بیان سے زبان کو مصروف تکلم کرے۔ وہ شر و فتن کی آگ مشتعل کر دیتا ہے۔ جامی رح ؎

پیشِ ارباب خرد شرح مکن مشکل عشق
نکتۂ خاص مگو محفلِ عام است اینجا



اضافت کردن آدم علیہ السلام زلّت خود را بخویش کہ رَبَّنَا ظَلَمْنَا

حضرت آدم علیہ السلام کا اپنی لغزش کو یہ کہکر کہ اے ہمارے پروردگار ہمنے اپنے آپ پر ظلم کیا اپنے

واضافت کردن ابلیس بحق تعالیٰ کہ رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ

ساتھ منسوب کرنا اور ابلیس کا یہ کہکر کہ اے میرے پروردگار اس بات کے عوض کہ تو نے مجھے گمراہ کیا ہے خداوند تعالیٰ سے منسوب کرنا

فِعْلِ حق و فِعْلِ ما ہر دو ببیں فِعْلِ ما را ہست داں پیدا است این

لغات ہست موجود متحقق۔ ثابت۔ پیدا ظاہر۔ بدیہی۔

ترجمہ خداوند تعالیٰ کے فعل اور ہمارے فعل دونوں کو دیکھو۔ اور ہمارے فعل کو متحقق سمجھو (اور) یہ (بات صاف) ظاہر ہے۔

مطلب اس مضمون کا تعلق مسئلہ جبر و اختیار کی مذکورہ بحث سے ہے۔ یعنی اگر بندہ خاص اپنے آپ کو خالق افعال سمجھے۔ تو اس سے فرقہ قدریہ کا اعتقاد پیدا ہو جاتا ہے۔ اور اگر وقوع فعل محض خدا کی طرف سے سمجھے۔ تو یہ فرقۂ جبریہ کا عقیدہ ہے۔ جیسے کہ ابلیس نے اپنے اغوا کی نسبت اللہ تعالیٰ کے ساتھ کی۔ اور آپ بری الذمہ بن گیا۔ وکلاہما باطلان۔ پس ان دونوں عقیدوں میں توسط کا درجہ حق مذہب ہے۔ یعنی تمام افعال کا خالق اللہ تعالیٰ ہے۔ اور بندہ ان کے ارتکاب کا مختار ہے۔ مولانا اس قصے کی تمہید میں اسی توسط کا ذکر فرماتے ہیں۔

گر نباشد فِعْلِ خلق اندر میاں پس مگو کس را چرا کردی چُناں

ترجمہ اگر (وقوع افعال میں) مخلوق کے فعل کا کوئی دخل نہ ہو۔ تو تمہیں کسی (مرتکب گناہ) کو یہ کہنے کا حق نہیں۔ کہ تم نے ایسا (کام) کیوں کیا (کیونکہ تمہارے عقیدے کے موافق خود اس نے یہ کام نہیں کیا)

خَلْقِ حق افعالِ ما را مُوجِد ست فِعْلِ ما آثارِ خَلْقِ ایزد ست

لغات خلق شعر بالا میں از قبیل مصدر بمعنی اسم مفعول تھا۔ یعنی مخلوق۔ یہاں بمعنی مصدری ہے۔ یعنی پیدایش آفرینش۔

ترجمہ (ہاں) خدا کی آفرینش ہمارے افعال کی موجد ہے (اور) ہمارے فعل خدا کی آفرینش کے نتائج ہیں۔

لیک ہست این فِعْلِ ما مُختارِ ما زو جزا گہ مارِ ما گہ یارِ ما

لغات مختار اسم فاعل اور اسم مفعول دونوں صیغے اسی وزن پر آتے ہیں۔ یعنی جس کو اختیار حاصل ہو۔ اور جسپر اختیار ہو۔ یہاں معنی ثانی مراد ہیں۔ مار سانپ۔ یہاں کنایہ ہے۔ امر مخالف سے۔

ترجمہ لیکن ہمارا فعل ہمارے اختیار میں ہے (اس لئے) کبھی اس کی (بُری) جزا ہمارے مخالف کبھی (نیک جزا) ہمارے موافق ہے۔

مطلب انسان کو اپنے فعل کا اختیار حاصل ہونا ایک دعوے ہے جس کے ثبوت میں یہ دلیل پیش کی ہے۔ کہ اس کو جبھی تو اپنے اچھے بُرے کام کی جزا و سزا ملتی ہے۔

زانکہ ناطق حرف بیند یا غرض — کے شود یکدم محیط دو عرض؟

لغات ناطق بولنے والا غرض مطلب یعنی مفہوم یکدم ایک آن میں محیط حاوی۔ احاطہ کرنے والا۔ عرض حالت

ترجمہ کیونکہ بولنے والا یا تو حرف کو دیکھتا ہے۔ یا مطلب یعنی کو۔ ایک ہی آن میں دو حالتوں پر کیونکر حاوی ہو سکتا ہے؟

مطلب ۔ یہاں سے یہ بیان شروع ہوتا ہے۔ کہ بندہ افعال کا خالق نہیں۔ اور یہ امر دو مقدموں پر مبنی ہے مقدمہ اولی یہ ہے۔ کہ بندہ اپنے افعال پر علماً محیط نہیں۔ اور مقدمہ ثانیہ یہ ہے۔ کہ خالق اپنے مخلوق پر علماً محیط ہوتا ہے۔ نتیجہ یہ کہ بندہ افعال کا خالق نہیں۔ یہ شعر اور نیچے کے دو شعر پہلے مقدمے کے مضمون پر مشتمل ہیں ؎

گر بمعنی رفت شد غافل زحرف — پیش و پس یکدم نہ بیند ہیچ طرف

لغات بمعنی میں یا بمعنی جانب ہے۔ طرف آنکھ۔ چشم۔

ترجمہ (چنانچہ) اگر معنی پر متوجہ ہوگا۔ تو حرف سے غافل ہو جائیگا (اس کی بدیہی مثال یہ ہے کہ) کوئی آنکھ ایک ہی آن میں آگے اور پیچھے نہیں دیکھ سکتی۔

آں زماں کہ پیش بینی آں زماں — تو پس خود کے بہ بینی ایں بداں

ترجمہ اتنا تو خیال کرو۔ کہ جب تم آگے کی طرف دیکھو گے تو اسوقت پیچھے کی طرف کیونکر نظر کرو گے۔

چوں محیط حرف و معنی نیست جاں — چوں بود جاں خالق ایں ہر دو داں

ترجمہ جب (مخلوق کی) جان حرف اور معنی پر (ایک حالت میں) حاوی نہیں ہو سکتی۔ تو وہ ان دونوں کی خالق کیونکر ہوگی

مطلب ۔ اس شعر میں دلیل مذکور کا نتیجہ ظاہر کیا ہے۔ اور مقدمہ اولی کی طرف اشارہ بھی کر دیا ہے۔ توضیح اشارہ یہ کہ کسی فعل کو خلق کرنا اس امر پر موقوف ہے۔ کہ فاعل کو پہلے اس کی ماہیت اس کی غرض و غایت اس کے نفع و ضرر کے متعلق علم تام حاصل ہو۔ اور علم محیط سے یہی مراد ہے۔ اور ایسا علم بندے سے منتفی ہے۔ لامحالہ اس کا خالق افعال ہونا بھی منتفی ہوا۔

حق محیط جملہ آمد اے پسر — واندارد کارش از کار دگر

لغات جملہ سے جملہ عالم یا جملہ امور مراد ہے۔ مضاف الیہ مقدر ہے۔ وداشتن۔ رکھنا۔ باز رکھنا

ترجمہ بیٹا! (البتہ) حق تعالیٰ تمام امور پر محیط ہے۔ اسکو کوئی کام دوسرے کام سے روک نہیں سکتا۔

مطلب چونکہ اللہ تعالیٰ کو تمام اشیاء کا علم دفعۃً ہوتا ہے۔ ایک امر کیطرف التفات فرمانے سے دوسرے امر کی طرف سے اس کی بے توجہی لازم نہیں آتی۔ کما قیل لَا یَشْغَلُہٗ شَأْنٌ عَنْ شَأْنٍ۔ پس تمام امور کا خالق وہی ہے۔ نظامی رح ؎

ہمہ آفریدست بالا و پست　　توئی آفریندۂ ہر چہ ہست

گفت ایزد جانِ ما را مست کرد　　چوں نداند آنکہ را خود ہست کرد

لغات گفت حاصل مصدر۔ قول۔ سخن۔

ترجمہ اللہ تعالیٰ کے قول (کن) نے ہماری جان کو مست (یعنی مسخر قدرت) کر دیا۔ (حتی کہ ہم بلا اختیار پیدا ہو گئے۔ پھر) بھلا جس چیز کو اس نے خود پیدا کیا ہو۔ اس کا علم اُسے کیوں نہو۔

مطلب یہ شعر اس آیت کے مضمون پر مشتمل ہے۔ اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ (سورہ ملک) بھلا جو پیدا کرے وہی ناواقف ہو حالانکہ وہ بڑا باریک بین اور صاحب خبر ہے۔ سعدی رح ؎

بر و علم یک ذرّہ پوشیدہ نیست　　کہ پیدا و پنہاں بنزدش یکے است

مولانا رح عقیدہ حق کی توضیح کے بعد جبر و قدر کے تفریطی و افراطی عقیدوں میں متوسط ہے۔ قصہ موعود شروع فرماتے ہیں۔

گفت شیطاں کہ بِمَا اَغْوَیْتَنِیْ　　کرد فعل خود نہاں دیو دنی

لغات دیو شیطان دنی بروزن فعیل کمینہ۔ خسیس۔

ترجمہ ابلیس نے بِمَا اَغْوَیْتَنِیْ کہا۔ یہ کمینہ شیطان اپنے فعل (یعنے کسب غوایت) کو چھپا کر اور اغوا کو خداوند تعالےٰ سے منسوب کر کے جبر کے عقیدۂ باطل کا اظہار کر گیا۔

گفت آدم کہ ظَلَمْنَا نَفْسَنَا　　اوز فعل حق نبُد غافل چو ما

ترجمہ (مگر) حضرت آدم علیہ السلام نے کہا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا (اور ظلم کو اپنے نفس سے منسوب کیا) وہ کوئی ہماری طرح حق تعالیٰ کے فعل سے (جو مرتبہ خلق میں ہے) غافل تھوڑا ہی تھے۔

مطلب حضرت آدم علیہ السلام نے جو اس دعا میں اکل شجرہ کی تقصیر کو اپنے نفس سے منسوب کیا ہے۔ اس کا یہ معنی نہیں ہو سکتا۔ کہ انہوں نے اپنے آپ کو اس تقصیر کا خالق قرار دیا ہے۔ کیونکہ یہ غفلت و نادانی تو ہمارا شیوہ ہے۔ کہ عام طور پر ایسے کلمات کہہ بیٹھتے ہیں۔ جن سے پایا جاتا ہے۔ کہ گویا ہم بندوں کو خالق افعال مانتے ہیں۔ لیکن ایک پیغمبر کی شان اس سے ارفع ہے۔ پس انہوں نے مرتبہ کسب میں اس فعل کو اپنے نفس سے منسوب کیا ہے۔ اور اس کا خالق خداوند تعالیٰ کو مانا ہے۔

در گنہ اُو از ادب پنہانش کرد　　زاں گنہ بر خود زدن او بر بخورد

لغات برخود زدن اپنے آپ پر لگا لینا۔ برخوردن پھل پانا۔ نتیجہ حاصل کرنا۔

ترجمہ (مگر) انہوں نے گناہ (کے معاملے) میں بلحاظ ادب اس کو (یعنی خداوند تعالیٰ کے فعل کو) مخفی رکھا اور اس وجہ سے کہ گناہ کو اپنے نفس سے منسوب کر لیا۔ ان کو (بہت ہی اچھا) پھل ملا (کہ عفو تقصیر و رفع درجات سے مشرف اور خلافت الٰہی سے ممتاز ہوئے۔

بعد توبہ گفتش اے آدم نہ من آفریدم در تو آں حشم و محن؟

لغات آفریدن پیدا کرنا۔ محن میم کے کسرہ اور حاء کے فتحہ سے محنت کی جمع۔ شعر میں استفہام اقراری ہے۔

ترجمہ توبہ (قبول کرنے) کے بعد (خداوند تعالیٰ نے) اُن کو فرمایا اے آدم کیا وہ تقصیر (تناول گندم) اور (مختلف) تکالیف خود میں نے تم میں پیدا نہیں کیں تھیں؟ (پھر تم نے اس معاملے کو محض اپنے ساتھ منسوب کیوں کیا؟)

مطلب ۔ تکالیف سے حضرت آدم علیہ السلام کا بہشت سے نکلنا۔ زمین کی طرف اترنے پر مجبور رہنا۔ مدت مدید تک اپنے اہل سے مہجور رہنا۔ اور سالہا سال خشیت الٰہی سے گریہ وزاری کرنا مراد ہے۔

نے کہ تقدیر و قضائے من بدیں؟ چوں بوقت عذر کردی آں نہاں؟

ترجمہ (اور) کیا وہ (واقعہ) میری ہی تقدیر و قضا نہیں تھا؟ (پھر) تو یہ کرتے وقت تم نے اُس کو مخفی کیوں رکھا؟

مطلب ۔ عقائد صحیحہ کی رُو سے ظاہر ہے۔ کہ حضرت آدم ع کا تناول گندم کا فعل قضائے الٰہی سے مخلوق ہو چکا تھا۔ حضرت آدم نے صرف اس کو کسب کیا۔ گویا اس کا انتساب مطلقاً ان کی طرف نہ تھا۔ لیکن انہوں نے بتقاضائے ادب اپنے کلمات توبہ میں دو رعایتیں رکھیں۔ ایک تو اس فعل کو مطلقاً اپنے ساتھ منسوب کیا۔ جس کا ذکر اوپر کے شعر میں ہے۔ دوسرے اللہ تعالیٰ کے ساتھ جو بلحاظ خلق اس کی نسبت تھی اس کو مخفی رکھا۔ اس کا ذکر اس شعر میں ہے۔ ان دونوں باتوں کے متعلق اللہ تعالیٰ نے سوال یہ خطاب فرمایا ہے۔ مگر یہ ذکر۔ کہ اللہ تعالیٰ نے یوں فرمایا۔ اور آدم ع نے یوں جواب دیا۔ کسی مشہور و متداول کتاب میں نہیں ملتا۔ شاید مولانا کی نظر سے کہیں گذرا ہو۔ یا بذریعہ کشف معلوم ہوا ہو۔

گفت ترسیدم ادب بگذاشتم گفت من ہم پاس آنت داشتم

ترکیب پاس آنت آں اسم اشارہ کا مشارٌ الیہ ادب ہے۔ اور حرف تاء بمعنی برائے تو ہے۔

ترجمہ (حضرت آدم ع نے) عرض کیا۔ میں (سوء ادب سے) ڈر گیا (اور دامن) ادب چھوڑا۔ فرمایا (تو پھر) میں نے بھی تمہاری خاطر اس (ادب) کا لحاظ رکھا۔ ؎

گناہ اگرچہ نبود اختیار ما حافظ تو در طریق ادب کوش و گو گناہ منست

ہر کہ آرد حرمت او حرمت برد ہر کہ آرد قند لوزینہ خورد

لغات حرمت۔ عزت۔ تعظیم۔ لوزینہ حلوائے بادام۔

ترجمہ ۔ جو کوئی کسی کی تعظیم کرتا ہے (اپنی بھی) تعظیم کراتا ہے۔ جو کوئی (کسی کے پاس) قند لاتا ہے

وہ (اس سے) حلوائے بادام کھاتا ہے۔ صائب رح ؎

با ادب باش دریں باغ کہ ہر کس اینجا — مے نہد بر سر ہم دست ثمر مے چیند

غنی رح ؎ سر پیش فگندن ز گنہ دادنجا تم — صد طاعت ناکردہ بیک سجدہ اداشد

طَیِّبَات از بہر کہ لِلطَّیِّبِیْنَ — یار را خوش کُن مرنجاں و ببیں

لغات طیبات پاک عورتیں یا پاک چیزیں طیبین پاک لوگ۔ **صنائع** قرآن مجید کی ایک آیت کی طرف تلمیح ہے

ترجمہ پاک حالتیں کن کے لئے ہیں؟ پاک لوگوں کے لئے۔ یار کو (ادب کے ساتھ) خوش رکھو (بے ادبی سے) اس کو رنجیدہ نہ کرو۔ اور (پھر لطف) دیکھو۔

مطلب اَلْخَبِیْثٰتُ لِلْخَبِیْثِیْنَ وَ الْخَبِیْثُوْنَ لِلْخَبِیْثٰتِ وَالطَّیِّبٰتُ لِلطَّیِّبِیْنَ وَ الطَّیِّبُوْنَ لِلطَّیِّبٰتِ اُولٰٓئِکَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا یَقُوْلُوْنَ لَھُمْ مَّغْفِرَۃٌ وَّرِزْقٌ کَرِیْمٌ۔ گندی عورتیں گندے مردوں کے لئے ہوتی ہیں۔ اور گندے مرد گندی عورتوں کے لئے۔ اور پاک عورتیں پاک مردوں کے لئے ہوتی ہیں اور پاک مرد پاک عورتوں کے لئے۔ بہتان باندھنے والے جو کہتے پھرتے ہیں۔ یہ ان سے بالکل بری ہیں۔ ان کے لئے بخشش ہے اور عزت کی روزی (نور ۴) غرض وہی لوگ مرادات حقیقی سے بہرہ اندوز ہوتے ہیں۔ جو اپنے اندر ادب و اطاعت کی پاکیزہ کیفیات پیدا کر لیتے ہیں "ببیں" کے کلمے میں یہ عجیب و غریب اشارہ ہے کہ مقام عشق میں ادب کے شرائط کما حقہا بجا لاؤ۔ پھر دیکھو۔ کہ کیا درجہ حاصل ہوتا ہے۔ اور کس طرح محب سے محبوب یا عاشق سے معشوق بن جاتے ہو۔ فیضی عفر لہ ؎

جائیکہ زعشق جز ادب نیست — معشوقی عاشقاں عجب نیست

تمثیل

یک مثال اَیدل پے فرقے بیاں — تا بدانی جبر را از اختیاں

ترجمہ اے دل ایک مثال فرق (ظاہر کرنے) کے لئے پیش کر۔ تاکہ جبر کو اختیار سے (الگ) شناخت کر سکے

دست کو لرزاں بود از ارتعاش — وآنکہ دستے را نو لرزانی زجاش

لغات ارتعاش لرزہ۔ رعشہ کا مرض زجاش از جائے او۔

ترجمہ (ایک تو ایسا) ہاتھ جو مرض رعشہ سے کانپ رہا ہے۔ اور ایک وہ ہاتھ جسے تم (خود) اس کی جگہ سے حرکت دیتے ہو۔

ہر دو جنبش آفریدہ حق شناس — لیک نتواں کرد ایں را آں قیاس

ترجمہ دونوں (ہاتھوں کی) حرکتوں کو خداوند تعالیٰ کی پیدا کردہ (ہونے میں مشترک) سمجھو۔ لیکن اس (حرکت) کو (جو تم از خود کر رہے ہو) اس (حرکت) پر (جو رعشہ سے ہے) قیاس نہیں کر سکتے۔

مطلب دونوں حرکتیں باوجودیکہ آفرینِ حق تعالیٰ ہیں من کل الوجوہ مساوی نہیں ہیں۔ بلکہ ان میں یہ بیّن فرق ہے کہ حرکت ارادیہ اختیاری۔ اور حرکتِ ارتعاشیہ اضطراری ہے۔ جس کو جبر محض کہتے ہیں۔ اب اس فرق کے بیّن و بدیہی ہونے کی دلیل بیان فرماتے ہیں:۔

زاں پشیمانی کہ لرزانیدیش چوں پشیماں نیست مردِ مرتعش

لغات پشیمانی میں یاے خطاب ہے۔ چوں وقتیہ ہے۔ یعنی وقتیکہ مرتعش مریضِ رعشہ۔

ترجمہ اس سے تو (بصورت نقصان) تم پشیمان ہو۔ کہ (خود) تم نے اس کو لرزایا ہے۔ جبکہ رعشہ کا مریض (اپنے لرزے سے) پشیمان نہیں۔

مرتعش را کے پشیماں دیدہ بر چنیں جبرے چہ بر چسپیدۂ

ترجمہ رعشے کے مریض کو تم نے کب پشیماں دیکھا ہے؟۔ (یہ تو البتہ جبر ہے) تو ایسے (حقیقی) جبر (کو اپنے فرضی و مزعوم جبر کی دلیل بنانے کے لئے اس) کے پیچھے کیوں پڑے ہو؟ (کیونکہ یہ قیاس مع الفارق کی قبیل سے ہے)

الخلاف یہ دو شعر بعض نسخوں میں یوں درج ہیں۔ ؎ زاں پشیمانی کہ لرزانیدیش۔ مرتعش را کے پشیماں دیدیش و زیں پشیمانی کہ وادی لرزہ اش۔ چوں پشیماں نیست مرد مرتعش۔ جن کا مطلب وہی ہے۔ جو نسخہ ہذا کا ہے۔

بحثِ عقل ست ایں چہ عقلِ آں حیلہ گر تا ضعیفے رہ بردا نجا مگر

ترجمہ یہ (مذکورہ دلیل ایک) عقلی بحث ہے۔ (اور) عقل بچاری ہے کیا چیز؟ وہ صرف ایک حیلہ گر ہے۔ تاکہ شاید کوئی ضعیف (علوم وہبیہ کی طاقت سے بے بہرہ استدلال عقلی کے ذریعہ سے) اس مقام (تحقیق) تک پہنچ جائے۔

مطلب یہاں سے بمناسبت مقام دلائل عقلیہ کا علم وہبی کے مقابلہ میں کمزور ہونا بیان فرماتے ہیں۔ پہلے یہ ذکر کیا ہے کہ بعض افعال عباد کا اختیار کے ماتحت سرزد ہونا جو اوپر ثابت کیا ہے۔ اس کا ثبوت عقلی دلیل پر مبنی تھا۔ عقلی دلیل اس کو کہتے ہیں۔ کہ معلومات سابقہ کو باہم اس طرح ترتیب دی جائے۔ کہ اس سے کوئی غیر معلوم بات معلوم ہو سکے چنانچہ اوپر افعال عباد کا باختیار وقوع پانا اس دلیل سے ثابت کیا ہے۔ کہ فعل اضطراری کو عدم ندامت لازم ہے۔ مگر بعض افعال ایسے بھی ہیں۔ جن کو عدم ندامت لازم نہیں۔ بلکہ ندامت لازم ہے۔ تو لازم کے انتفا سے ملزوم کا منتفی ہونا ثابت ہوتا ہے۔ یعنی وہ افعال اضطراری نہیں۔ بلکہ اختیاری ہیں۔ پس اختیار کا وجود ثابت ہو گیا وہو المطلوب۔

بحثِ عقلی گرچہ دُرِ دَرمرجاں بود آں دگر باشد کہ بحثِ جاں بود

ترجمہ عقلی بحث اگرچہ (اپنی نفاست کے لحاظ سے) درو مرجان (کی مثل) ہو۔ (پھر بھی) جو کچھ روحانی بحث (یعنی علم وہبی ہے) وہ اور ہی (بات) ہے۔

مطلب اگرچہ مباحث عقلیہ اپنے نفاست استدلال اور صفائی تقریر کے لحاظ سے دلنشیں ہوں۔ مگر ان سے عین الیقین اور حق الیقین کا استفادہ نہیں ہو سکتا۔ یہ حصہ علم وہبی کا ہی ہے۔ عراقی رح ؎

زصرّافان یونانی وغل ستاں کہ قلا بشد ندارد قلب شاں سکہ زدار الضرب ایمانی

صائب رحمۃ اللہ ؎ بکجا رسیدہ باشد تگ وپوے عقل ناقص
چو بکنہ راے کورے زعصا رسیدہ باشد

بحثِ جاں اندر مقامے دیگرست بادۂ جاں را قوامے دیگرست

ترجمہ روحانی (علوم کے) مباحث اور ہی مقام میں ہیں (جو وحی والہام کا مقام ہے) شرابِ روحانی (جس سے روح کو نشاط و فرحت حاصل ہوتی ہے۔ اس) کا قوام اور ہی ہے۔

مطلب۔ روحانی علوم کا درجہ جن میں علم قرآن وحدیث اور الہامات اولیاء اللہ داخل ہیں۔ اس قدر بلند ہے۔ کہ عقلی علوم جن میں منطق اور فلسفہ وحکمت شامل ہیں۔ ان کا مقابلہ نہیں کرسکتے۔ کیونکہ ان علوم میں کوئی نورانیت نہیں

جامی رح ؎ نورِ دل از سینہ سینا مجوے روشنی از چشمِ نہ بینا مجوے
جانبِ کفرست اشاراتِ او باعثِ خوف ست بشاراتِ او
فکرِ شفایش ہمہ بیماری ست میلِ نجاتش زگرفتاری ست

روحانی علوم کی دو قسمیں ہیں۔ ایک قطعی جس میں علوم منقولہ شرعیہ یعنی قرآن مجید اور احادیث صحیحہ اور فقہ داخل ہیں۔ دوسری قسم ظنی جس سے اولیاء کاملین کے الہامات اور کشف مراد ہیں عقلی علوم بشرطیکہ احقاقِ حق اور اثباتِ شرعیات کے لئے ہوں (کیونکہ جو فلسفہ وحکمت انکارِ حق کے لئے ہو۔ اس سے یہاں سروکار نہیں) اس کی بھی دو قسمیں ہیں۔ ایک علوم قطعی۔ دوسرے علوم ظنی۔ پس علوم وہبیہ قطعیہ یعنی علوم منقولہ شرعیہ علم عقلی قطعی سے افضل ہیں۔ اور علم وہبی ظنی یعنی کشف والہام خود صاحبِ علم کے لئے اور اس کے متبعین کے لئے بھی عقلی ظنی سے افضل ہے۔ لیکن عقلی قطعی جو کسی اصولِ شرعی کے مخالف نہ ہو۔ وہبی ظنی پر ترجیح رکھتا ہے۔ کیونکہ عقل کی قطعی شہادت کو اثباتِ حق میں جو قوت حاصل ہے۔ وہ الہام ورویا کو حاصل نہیں۔ کیوں نہ ہو آخر عقل بھی ایک جوہر عالی اور جواد مطلق کا عطیہ کبرٰے ہے۔ نظامی رح ؎

جاں چراغے ست وعقل روغنِ اُو عقل جانے ست وجانِ ماتنِ اُو
جان با عقل زندۂ ابدی ست عقل با جاں عطیہ احدی ست

آں زماں کہ بحثِ عقلی ساز بود ایں عمر بابُوالحکم ہمراز بود

لغات سازبودن سامان ہونا ایں عمر میں اسم اشارہ قریب اس وجہ سے ہے۔ کہ حضرت عمرؓ کا ذکر پہلے سے چلا آرہا ہے۔ اس لئے وہ ذہن میں اس وقت اقرب ہیں۔ ابوالحکم عمر ابن ہشام یعنی ابوجہل کی پہلی کنیت ہے۔ جو مشرکین مکہ کا ایک بارسوخ سردار اور اسلام اور پیغمبر اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کا جانی دشمن تھا۔ اور کئی مرتبہ اسنے اسلام کو مٹانے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو (خاکم بدہن) رسوا کرنے کی کوششیں کیں۔ دولت ایمانی سے محروم رہنے کے باعث اسکی کنیت بجائے ابوالحکم کے ابوجہل قرار پائی۔ غزوہ بدر میں قتل ہوا۔

ترجمہ جس زمانے میں (جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے اسلام کی روحانی تعلیم

نہیں پھیلی تھی۔ بلکہ صرف عقلی بحث کا سامان (اور صرف رائے اور تجزیہ پر سب کا مدار) تھا۔ (اس وقت) بھی حضرت عمر رضؓ ابوالحکم کے ساتھ ہمخیال تھے۔

چوں عمر از عقل آمد سوئے جاں بوالحکم تو جہل شد در بحث آں

ترجمہ پھر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ عقلیات سے (لوٹ کر) روحانی علوم کی طرف آگئے (یعنی مشرف باسلام ہو کر علوم روحانیہ سے بہرہ اندوز ہو گئے) تو ابوالحکم اس (عقل) کی بحث میں (پڑا رہنے سے) ابوجہل بن گیا۔ (اور اپنے علوم عقلیہ سے حضرت عمر رضؓ کا مقابلہ نہ کر سکا)

سوئے عقل و سوئے حس او کامل ست گرچہ خود نسبت بجاں او جاہل ست

ترجمہ (بیشک) وہ (یعنی ابوجہل) علوم حسیہ اور علوم عقلیہ کے پہلو سے کامل ہے۔ اگرچہ علوم روحانیہ کے لحاظ سے جاہل (محض) ہے۔

بحث عقل و حس اثرداں یا سبب بحث جانی یا عجیب یا بوالعجب

لغات اثر معلول سبب علت۔ جانی روحانی۔ بوالعجب عجیب کا باپ یعنی بہت ہی عجیب۔

ترجمہ عقل اور حس کی بحث معلول و علت (پر موقوف) سمجھو (جس کو دلیل لمّی اور انّی کہتے ہیں۔ اور) روحانی بحث یا عجیب ہے۔ یا عجیب سے بھی بڑھ کر ہے۔

مطلب بحث عقلی کی کئی صورتوں میں سے ایک صورت یہ ہے۔ کہ علت سے معلول پر استدلال ہو۔ جس کو اصطلاح منطق میں دلیل لمی کہتے ہیں۔ اور کبھی معلول سے علت پر استدلال ہوتا ہے۔ اس کو دلیل انی کہتے ہیں بحث روحانی عجیب سے مراد الہام ہے۔ اس کے عجیب ہونے کی وجہ یہ کہ اس کا حصول اسباب ظاہری کے توسط پر موقوف نہیں۔ اور (زیادہ عجیب سے مراد وحی ہے۔ کہ اس میں وہ اسباب بھی نہیں، جو الہام میں ہوتے ہیں۔

ضوءِ جاں آمد نماند اے مستضی لازم و ملزوم و نافی مقتضی

لغات ضوء روشنی۔ مستضی روشنی کا طالب۔

ترجمہ اے نور کے طالب! (جونہی) روحانی نور آیا۔ تو لازم و ملزوم اور نافی و مقتضی (وغیرہ اصطلاحات منطق و فلسفہ کی ضرورت) نہ رہی۔

مطلب مذکورہ اصطلاحات استدلال عقلی سے تعلق رکھتی ہیں۔ چنانچہ ملزوم کے وجود سے لازم کے وجود پر۔ لازم کے عدم سے ملزوم کے عدم پر۔ اسیطرح نافی کے وجود سے منفی کے عدم پر اور مقتضی کے وجود سے مقتضا کے وجود پر استدلال کیا جاتا ہے۔ اب آگے نور روحانی کے سامنے ان سب عقلی وجوہ استدلال کے غیر ضروری بن جانے کی وجہ بیان فرماتے ہیں۔

زانکہ بینا را کہ نورش یار غ ست از عصا و از عصا کش فارغ ست

رحمانی اسلامی لائبریری

لغات باغ چکنے والا عصا لاٹھی عصاکش نابینا کی لاٹھی پکڑ کر اس کو ساتھ لیجانیوالا۔ **ترکیب تقریر کلام یوں ہے۔** بینا نیکہ نور چشمش باغ ست۔ یں حرف را افادہ اضافت کرتا ہے بینا مضاف ایہ ہے۔ اور نور مضاف شین بھی اس اضافت کا مظہر ہے۔ **ترجمہ** کیونکہ جس آنکھ والے (کی بینائی) کا نور چمک رہا ہے۔ وہ لکڑی اور لکڑی پکڑ کر لے جانیوالے کا غیر محتاج ہے۔

مطلب۔ استدلال عقلی کی مثال ایک عصاکش کی سی ہے۔ جو نابینا کو ٹھیک راستے پر لے جاتا ہے۔ لیکن جس شخص کی آنکھیں روشن ہیں۔ اس کو عصاکش کی کیا ضرورت ہے۔ اسی طرح جو شخص روحانی نور کی مدد سے مطلوب کو دیکھ سکتا ہے۔ اس کو مطلوب تک پہنچنے کے لئے استدلال عقلی کی کیا حاجت؟

تفسیر آیہ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ وبیان آں

آیت وہو معکم اینما کنتم کی تفسیر اور اس کا بیان

بار دیگر ما بقصہ آمدیم ماز ریں قصہ بروں خود کے شدیم

صنائع دوسرا مصرعہ صنعت رجوع پر مشتمل ہے۔

ترجمہ ہم پھر قصے کی طرف مائل ہوتے ہیں (مگر) ہم اس قصے سے نکلے ہی کب تھے؟ (جو کچھ جبر و اختیار کے متعلق بیان ہوا وہ بھی مضمون معیت کا حاشیہ تھا)

گر بجہل آئیم آں زندان اوست ور بعلم آئیم آں ایوان اوست

ترجمہ (لو اب سنو کہ) اگر ہم جہل میں مبتلا ہوں۔ تو وہ اُس (قادر مطلق) کا قید خانہ ہے اور اگر علم سے بہرہ ور ہوں۔ تو یہ بھی اسی کا ایوان ہے۔

مطلب ہمارا مبتلائے جہل ہونا اسی کا تصرف ہے۔ يُضِلُّ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ (گمراہ کرتا ہے۔ اس کے ساتھ جس کو چاہتا ہے) اور ہمارا زیور علم پر فائز ہونا اسی کے عطیات سے ہے۔ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ (جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے) حافظ رح ؎

کمن دریں چمن سرزنش بخود روئی چنانکہ پرورشم میدہند مے رویم

گر بخواب آئیم مستان ویم ور بہ بیداری بدستان ویم

لغات دستان مخفف داستان۔ حکایت۔

ترجمہ اگر ہم سو جائیں۔ تو اسی کے مست ہیں۔ اور اگر جاگتے ہیں۔ تو اسی کی داستان (گوئی) میں (مصروف) ہیں۔ امیر خسرو رح ؎

دل من مست بود و قصۂ دوست گہے انجام و گہ آغازے گفت

مطلب پہلے مصرعہ میں اس آیت کی طرف تلمیح ہے۔ اللہ یتوفی الانفس حین موتہا والتی لم تمت فی منامہا (جس کی تفسیر بشرح و بسط حصہ اول میں گزر چکی ہے)

دوسرے مصرعہ میں اس آیت کے مضمون کی طرف اشارہ ہے۔ خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ (سورہ الرحمٰن)

وَر بگریم ابر پُر زرق وَیم ور بخندیم آں زماں برق وَیم

لغات - ابر بادل۔ استعارہ بالتصریح ہے۔ زاری و اشکباری کرنے والے کے لئے۔ زرق آب صافی۔

ترجمہ اگر ہم روئیں۔ تو اسی کے ابر (گریاں) ہیں۔ جو آب صافی سے پر ہو۔ اور اگر ہنسیں۔ تو اس وقت اسی کی برق (خنداں) ہیں۔

مطلب ہمارا رونا اور ہنسنا اس قادر مطلق کے تصرف سے ہے۔ کما قال تعالیٰ وَاَنَّهُ هُوَ اَضْحَكَ وَاَبْكٰى۔ اور بیشک وہی ہنساتا اور رلاتا ہے۔

ور بخشم و جنگ عکسِ قہر اوست ور بصُلح و عُذر عکسِ مہر اوست

ترجمہ اور اگر غضب اور جنگ میں (مصروف ہوں) تو یہ اسی کے قہر کا عکس ہے۔ اور اگر صلح اور عذر پر (آئیں) تو یہ اس کی محبت کا عکس ہے۔

مطلب رمز شناسانِ وحدت کے نزدیک یہ بات مسلمہ ہے۔ کہ انسان کے تمام اخلاق حسنہ اسماء الٰہیہ کے مظاہر ہیں۔ اس لحاظ سے بندگان خدا کا قہر و انتقام اور رحمت و رافت بھی اللہ تعالیٰ کے اسماء قہار، منتقم، رحیم، رؤف کے عکس ہیں سعدی رح ؎

گر گزندت رسد ز خلق مرنج — کہ نہ راحت رسد ز خلق نہ رنج
از خداداں خلافِ دشمن و دوست — کہ دلِ ہر دو در تصرفِ اوست

ابو ذر رض سے روایت ہے۔ کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اِنَّ اَحَبَّ الْاَعْمَالِ اِلَى اللّٰهِ تَعَالَى اَلْحُبُّ فِى اللّٰهِ وَالْبُغْضُ فِى اللّٰهِ یعنی اللہ کے نزدیک تمام اعمال سے پسندیدہ عمل یہ ہے۔ کہ لوگوں سے محبت ہو تو اللہ کے لئے ہو۔ اور بغض ہو تو اللہ کے لئے ہو (مشکوٰۃ)

روایت ہے۔ کہ ایک مرتبہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ ایک کافر کے ساتھ مصروف پیکار تھے۔ حتی کہ آپ نے اس کو زمین پر گرا لیا۔ اور اس کی چھاتی پر چڑھ کر خنجر سے اس کا کام تمام کرنا چاہا۔ اس وقت اس کافر نے آپ پر تھوک دیا۔ تو آپ فوراً اس کو چھوڑ کر الگ ہو گئے۔ کسی نے اس کا سبب پوچھا۔ تو فرمایا میں نے محض اللہ کے دین کی حمایت اور اللہ کی رضامندی کے لئے اس کو مغلوب کیا تھا۔ لیکن جب اس نے مجھ پر تھوک دیا۔ تو غیرت نفس کے تقاضے سے مجھے غصہ آگیا۔ اور اس وقت اس کو ہلاک کرتا گویا اپنے نفس کے لئے اس سے انتقام لینا تھا۔ اس لئے میں نے نفس کا اتباع پسند نہ کیا۔ اور اس کو چھوڑ دیا۔ اس قصے کو خود مولانا رح نہایت شرح و بسط کے ساتھ اس دفتر کے خاتمے پر بیان فرمائینگے۔

ما کہ ایم اندر جہانِ ہیچ ہیچ چُوں الف او خود کدارد ہیچ ہیچ

لغات ما کہ ایم میں کاف استفہامیہ ہے۔ مصرعہ ثانیہ میں جواب استفہام ہے۔ یہ کاف موصولہ بھی ہو سکتا ہے۔ مگر بتکلف۔

ترجمہ (۱) ہم اس ہیچ در ہیچ دنیا میں کیا ہیں؟ صرف الف کے مشابہ ہیں۔ اس کے پاس کیا ہے؟ کچھ

بھی نہیں (نہ سکون نہ تشدید نہ حرکت نہ نقطہ)

(۲) کاف موصولہ کی صورت میں ترجمہ یوں ہوگا:۔

ہم جو اس تہ بہ تہ درہم برہم دنیا میں (پڑے) ہیں۔ تو ہماری مثال (حرف) الف کی سی ہے۔ اس کے پاس کیا ہے؟ کچھ بھی نہیں الخ

مطلب اوپر فرمایا تھا۔ کہ ہمارے تمام افعال و اعمال اور اوضاع و اطوار قدرت الٰہیہ کے زیر تصرف ہیں اور یہی مطلب ہے معیت حق کا۔ یہ شعر اس مضمون کی تتمیم کرتا ہے۔ یعنی ہماری مثال الف کی سی ہے۔ جو دوسرے حرف کی معیت کے بغیر کسی مصرف کا نہیں۔ تاہم وہ معدوم محض نہیں۔ بلکہ ایک ہستی رکھتا ہے۔ اگرچہ وہ ہستی استقلال سے معرّی اور کمال سے خالی ہے۔ اسی طرح ہم لوگ بھی ایک ضعیف ہستی رکھتے ہیں۔ جو کسی صفت میں کامل اور مستقل نہیں نہ علم میں نہ قدرت میں۔ بلکہ ہر امر میں تکوین الٰہی کی محتاج ہے۔ حافظ رح ؎

من اگر خارم و گر گل چمن آرائے ہست — کہ ازاں دست کہ مے پرورد مے رویم

چُوں اِلف گر تو مجرّد مے شوی — اندریں رہ مَرد مُفرد مے شوی

لغات مجرد تنہا۔ اکیلا۔ تعلقات سے یکسو۔ ساز و سامان سے خالی۔ مفرد یکتا۔ بے نظیر۔ یگانہ۔

ترجمہ اگر تم الف کی طرح مجرد ہو جاؤ۔ تو اس راستے میں مرد یگانہ بن جاؤ۔

مطلب جب الف نقاط و حرکات کے ساز و سامان سے دست بردار ہو گیا۔ تو حروف میں سب سے مقدم درجہ پا گیا۔ اور تمام حروف اسکی معیت کے مشتاق ہو گئے۔ اسی طرح تم بھی شرائط تجرید بجا لاؤ۔ تو اس راہ طریقت میں یکتا بن جاؤ۔ اور معیت حق سے بہرہ ور ہو جاؤ۔ جامی رح ؎

شنیدستی ز دایں ترانہ یا واز چنگ و دف — یا طالب الوصول تجرّد لکے تصل

صائب ؎ ما را رساند بے پر و بالی بکوے دوست — پروانہ را بشمع اگر بال و پر رساند

جَہد کن تا ترکِ غیرِ حق کُنی — دِل ازیں دنیائے فانی بر کنی

لغات۔ جَہد بفتح و بضم بمعنی طاقت و کوشش کنی پہلے مصرعہ میں کردن سے اور دوسرے مصرعہ میں کندن سے مشتق ہے

ترجمہ کوشش کرو کہ تم ماسوا اللہ کو ترک کر دو (اور) اس دنیائے فانی سے دل اٹھا لو۔

مطلب اوپر تجرد کی تلقین کی تھی۔ اب ترک ماسوا اللہ اور ترک دنیا کی ترغیب دیتے ہیں۔ اور ان تینوں کا مطلب تقریباً یکساں ہے۔ حافظ رح ؎

با تو پیوستم و از غیر تو دل بر بدم — آشنائے تو ندارد سر بیگانہ و خویش

جامی ؎ از ہر چہ رسید پیش رُو تافتہ ایم — تا رہ بحریم وصل تو یافتہ ایم

سعدی ؎ نشنگم کہ رُو از خلائق بتافت — کہ گم کردہ خویش را باز یافت

صائب ؎ وضوئے عشق ہمیں دست شستن از دُنیا — ہمیشہ پاک بود ہر کہ ایں وضو دارد

ایں سُخن را نیست پایاں اے پسر — از رسولِ رُوم بر گو ز عمر رض

ترجمہ اے بیٹا اس بات کا خاتمہ نہیں ہے۔ اب سفیر روم اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قصہ چھیڑ دو۔

سوال کردن رسول روم از عمر رضی اللہ عنہ سبب ابتلائے ارواح بایں آب و گل جسم

سفیر روم کا حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے جسمانی آب و گل میں ارواح کے مبتلا کئے جانے کا سبب پوچھنا

از عمرؓ چوں آں رسول ایں راشنید　　روشنے در دلش آمد پدید

ترجمہ اس سفیر نے جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے یہ (معارف سے پُر مضمون) سُنا۔ تو اس کے دل میں ایک روشنی پیدا ہوگئی۔ نظامی رح ؎

پذیرا سخن بود شد چارے گیر　　سخن کز دل آید بود دلپذیر

مثنوی ؎ سخن رنگ اثر از سینہ افگار میگیرد　　نسیم سادہ دل بوے گل از گلزار میگیرد

مطلب۔ شعر میں ایں راشنید سے اس بیان کی طرف اشارہ ہے۔ جو اوپر گذر چکا ہے کہ گفت حق بر جان فسوں خواند و قصص یعنی روح بدن کے ساتھ امر کن سے متعلق ہوئی ہے۔

محو شد پیش سوال وہم جواب　　گشت فارغ از خطا و از صواب

ترجمہ (جس کی وجہ سے) اس کو کسی سوال و جواب کی ضرورت نہ رہی۔ وہ (اس خیال کے) خطا و صواب (ہونے کی تحقیق) سے فارغ ہوگیا۔

مطلب۔ سفیر کو اپنے اس سوال کے متعلق کہ روح کا تعلق بدن کے ساتھ کیونکر ہوا۔ اس قدر اطمینان ہوگیا۔ کہ اب اس کو اس تعلق کے اسباب جزئیہ کے بارے میں جو خیالات پیدا ہو رہے تھے۔ سب محو ہوگئے۔

اصل را دریافت بگذشت از فروع　　بہر حکمت کرد در پرسش شروع

ترجمہ (وہ اس خیال کے خطا و صواب ہونے کی تحقیق سے فارغ ہوگیا۔ کیونکہ) اُس نے اصل سبب (امر کن) کو دریافت کر لیا۔ اور فروعات (اسباب جزئیہ کے دریافت) سے دست بردار ہوگیا۔ اب وہ (اس تعلق کی) حکمت کے متعلق سوال کرنے لگا۔

مطلب پہلے یہ سوال تھا۔ کہ بدن کے ساتھ روح کا تعلق کیونکر ہوا۔ اس کا جواب شافی پانے کے بعد اب پوچھتا ہے۔ کہ اس تعلق میں حکمت کیا ہے؟

یا عمر گفت او چہ حکمت بود و سر؟　　حبس ایں صافی دریں خاک کدر

لغات حبس قید۔ صافی صاف و پاک کدر مکدر گدلا۔ میلا۔

ترجمہ اسنے حضرت عمرؓ سے سوال کیا۔ کہ اس (روح) صاف کو (جسم کی) مکدر مٹی میں مقید کرنے میں کیا حکمت تھی

الخلاف ؎ شعر اکثر نسخوں میں نہیں ہے۔

آب صافی در گلے پنہاں شدہ جانِ صافی بستۂ ایذاں شدہ

ترجمہ (کیا وجہ ہے کہ) یہ صاف پانی مٹی میں چھپ گیا (اور) نورانی جان جسموں میں مقید ہو گئی

فائدہ فرما کہ ایں حکمت چہ بود؟ مرغ را اندر قفس کردن چہ سود؟

ترجمہ (اس بات کا) افادہ فرمائیے۔ کہ یہ کیا حکمت تھی؟ طائر (روح کو جسم کے) پنجرے میں قید کرنے سے کیا فائدہ (مقصود) تھا۔؟ حافظ رح ؎

عیاں نشد کہ چرا آمدم کجا بودم در ایں ورد کہ غافل ز کار خویشتنم

گفت تو بحثے شگرفے میکنی معنیٔ را بند حرفے میکنی

لغات۔ شگرف۔ شین کے کسرہ اور کاف فارسی کے فتحہ سے عجیب و غریب عظیم۔ بند۔ قید۔ پا بند۔ شگرفے میں یائے تنکیر کے لئے ہے۔

ترجمہ (حضرت عمرؓ نے) فرمایا۔ تم ایک بہت بڑی بات کے متعلق بحث کرتے ہو۔ (اتنا تو) سوچو کہ تم (خود بھی تو) ایک معنی کو حرف میں مقید کرتے ہو (یہی مثال روح اور جسم کی سمجھ لو)

مطلب اللہ تعالیٰ نے جو جو اسرار اور مصالح اپنی مخلوق میں مرعی رکھے ہیں وہ انسان کی تحقیق و احصا سے برتر ہیں۔ قُلْ لَوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمَاتِ رَبِّي لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ أَنْ تَنفَدَ كَلِمَاتُ رَبِّي وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهِ مَدَدًا (اے پیغمبر) کہدو کہ اگر میرے پروردگار کی باتوں کے لکھنے کے لئے سمندر کا پانی سیاہی ہو۔ تو قبل اس کے کہ میرے پروردگار کی باتیں تمام ہوں۔ سمندر ختم ہو جائیگا اگرچہ ہم ویسا ہی (اور سمندر) مدد کے لئے لائیں۔ (کہف ع ۱۲) اس لئے ان اسرار و حکم کا بیان کرنا کوئی معمولی کام نہیں۔ نظامی رح ؎

زگویا و خاموش و ہشیار و مست کسے را بر اسرار او نیست دست

مولانا بحر العلوم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ حاصل جواب یہ ہے۔ کہ اس حکمت کی تعیین و تفصیل اسرار الٰہیہ سے ہے جس کا کشف اچھا نہیں۔ اور اس کو اجمالاً بیان کرنا ہی مستحسن ہے۔ چنانچہ اسیقدر سمجھ لینا چاہیئے۔ کہ روح کے جسم میں مقید ہونے کا فائدہ ایسا ہی ہے۔ جیسے معنی کا الفاظ کے لباس میں مستور ہونا۔ اور وہ فائدہ یہ ہے کہ معانی مقصودہ مطلوبہ انداز کے ساتھ دائرہ بیان میں آسکیں۔ اسی طرح روح کے جسم میں مقید ہونے سے مقصود یہ ہے۔ کہ روح جسم کے لباس میں اپنا جلوہ دکھائے۔ اور خفا سے ظہور میں آجائے۔ اور اس پر ایسے فوائد کثیرہ متفرع ہیں جو حصر و احصا میں نہیں آسکتے انتہی۔ یہی وجہ ہے۔ کہ حضرت عمرؓ اس سفیر کو صرف لفظ و معنی کی تمثیل کی طرف توجہ دلانے پر اکتفا کرتے ہیں ؎

حبس کردی معنیٔ آزاد را بند حرفے کردۂ تو باد را

ترجمہ تم نے بھی تو آزاد معنی کو (لفظ میں) قید کر دیا ہے۔ ساتھ ہی آواز کو (بھی) لفظ میں قید کر دیا ہے۔

(اسی طرح جسم میں روح کے مقید ہونے کا راز سمجھ لو)

از برائے فائدہ ایں کردۂ تو کہ خود از فائدہ در بردۂ

ترجمہ تم نے بھی تو کسی نہ کسی فائدے کے لئے ایسا کیا ہے (اگرچہ) اس فائدے (کے ہاتھ آنے یا نہ آنے) سے تم ابھی (لاعلمی کے) حجاب میں ہو (اسی پر قیاس کر لو۔ کہ جسم میں روح کے مقید ہونے میں بھی ضرور کوئی مصلحت ہوگی)

آنکہ از وے فائدہ زائیدہ شُد چُوں نہ بیند آنچہ مارا دیدہ شُد

لغات زائیدہ جنا ہوا۔ مجازاً بمعنی مخلوق **ترکیب** آنکہ اسم موصول ازوے الخ اپنے صلہ کے ساتھ ملکر مبتدا ہوا۔ چوں نہ بیند الخ جملہ انشائیہ اس کی خبر جس میں آنچہ مارا مفعول بہ ہے۔

ترجمہ (معنی کو لفظ میں مقید کرنے کا) جو (فائدہ) ہم کو نظر آگیا ہے (وہی فائدہ جسم کے اندر جان کو مقید کرنے میں) اس (قادر مطلق) کو کیوں نہ سوجھے۔ جو فائدے کا خالق ہے۔

صد ہزاراں فائدہ ست و ہر یکے صد ہزاراں پیش آں یک اندکے

ترکیب ۔ ہر یکے مبتدا۔ پھر صد ہزاراں مبتدا اندکے اس کی خبر۔ پیش آں یک مرکب اضافی ظرف متعلق خبر مبتدا و خبر ملکر جملہ اسمیہ ہوکر خبر ہوئی۔ پہلے مبتدا کی۔

ترجمہ (اس کے علم میں تو) لاکھوں فائدے ہیں۔ اور (ان میں سے) ہر ایک فائدہ (اس قدر عظیم الشان ہے کہ) لاکھوں فوائد بھی اس ایک فائدے کے آگے قلیل ہیں۔

آں دمِ نطقش کہ جانِ جانہاست چوں بود خالی ز معنی؛ گوے راست!

ترجمہ اس کے نطق کا افسون (کلمہ کن) جو تمام جانوں کی جان ہے (یعنی جس کی بدولت ساری مخلوق نے زندگی پائی ہے) معنی سے کب خالی ہوسکتا ہے؟ سچ کہنا!

آں دمِ نطقت کہ جزو و جزوہاست فائدہ شُد کُل کُل خالی چراست

ترجمہ وہ تمہارا بولا ہوا کلام جو جزؤں کا جز (یعنی بمقابلہ کلام قدیم کے ادنیٰ سے ادنیٰ) ہے۔ فائدہ (دیتا) ہے۔ تو (وہ کلام جو) کل الکل (ہے) خالی (از فائدہ) کیوں ہو۔

تو کہ جزوی کار تو با فائدہ ست پس چرا در طعنِ کل آری تو دست

ترجمہ تو جو ایک جز (یعنی ناقص و حادث) ہے (جب) تیرا کام فائدے پر مشتمل ہے۔ تو کُل (یعنی حق تعالیٰ) کے کام پر (یہ اعتراض بصورت) طعن کرنے پر آمادہ کیوں ہوتا ہے (کہ اس میں کیا فائدہ مرکوز ہے)

گفت راگر فائدہ نبود مگو ور بود ہل اعتراض و شکر جو

لغات ۔ گفت قول۔ بات ۔ ہل صیغہ امر ہلیدن چھوڑنا سے۔

ترجمہ (سوالیہ) بات میں اگر کچھ فائدہ نہ ہو۔ تو نہ کہو۔ اگر فائدہ ہو تو رجم جم سوال کرو مگر (اعتراض کا لہجہ) چھوڑ دو۔ اور (جو جواب ملے اس کے لئے) شکریہ ادا کرو۔

مطلب فضول سوال خصوصاً اعتراض اور حجت بازی کے لہجے میں سوال کرنے کی نہی فرمائی ہیں۔ حجۃ اللہ البالغہ میں لکھا ہے۔ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم فضول سوالات کو ناپسند فرماتے تھے۔ اور فرمایا کرتے۔ انما ھلک من قبلکم بکثرۃ سوالھم واختلافھم علی انبیائھم۔ یعنی تم سے پہلے لوگ اپنی کثرت سوال اور اپنے انبیا کے ساتھ اختلاف کرنے کی وجہ سے ہلاک ہوئے ہیں۔ اور فرمایا۔ ان اعظم المسلمین جرما من سأل شیئا فحرم لاجل مسئلتہ یعنی مسلمانوں میں سے بڑا مجرم وہ ہے۔ جو کسی بات کا سوال کرے پھر وہ چیز اس کے سوال کی وجہ سے حرام قرار پائے۔ اور حدیث شریف میں آیا ہے۔ کہ اگر بنی اسرائیل جس گائے کو چاہتے۔ ذبح کر لیتے۔ تو ان کے لئے کافی تھا۔ مگر انہوں نے سوال میں تکرار کیا۔ تو (اللہ تعالےٰ نے بھی) ان پر (پابندی شرائط کی) سختی کی انتہا۔ جب غیر ضروری سوالات سیدھے سبھاؤ کرنا مستنکر ہے۔ تو اعتراض و حجت کے انداز سے بحث و تکرار کرنا کیوں نہ ممنوع ہوگا۔ صائب رح ؎

گرچہ جاں بخش بود ہمچو مسیحا نفست پیش آں آینہ رخسار نباید دمید

الخلاف ۔ بعض نسخوں میں شکر جو کی جگہ شکر گو درج ہے۔ اگرچہ اس لفظ کی روسے معنی میں کوئی تفاوت نہیں آتا۔ مگر قافیہ قابل اعتراض ہو جاتا ہے۔

شکر حق چوں طوق ہر گردن بود نے جدال و روترش کردن بود

ترجمہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہر گردن کا طوق ہونا چاہیئے۔ جھگڑنا اور چین بجبیں ہونا۔ (شکر کے لئے شایاں) نہیں۔

مطلب ۔ نبی کی ہدایات۔ مرشد کی تلقین اور استاد کی تعلیم سے شرائط ادب کے ساتھ مستفید ہونا۔ اور شکریہ بجالانا بھی ایک طرح اللہ تعالیٰ کا شکر ہے۔ من لم یشکر الناس لم یشکر اللہ اور شکر اس طرح ہونا چاہیئے۔ کہ حسن قبول کے ساتھ تواضع و انکسار کی گردن جھکی رہے۔ اگر کوئی شبہ ہو۔ تو اسکو ادب اور رعایت مراتب کے ساتھ ظاہر کرے۔ پھر بھی وہ شبہ حل نہ ہو۔ تو اپنا قصور فہم سمجھنا چاہیئے۔ حافظ رح ؎

چو بشنوی سخن اہل حق مگو کہ خطاست سخن شناس نہ دلبرا خطا ایں جاست

اس طرح کا استفادہ مفید و ثمر ہوتا ہے۔ بعض لوگ مرشد و استاد سے جو بات سنتے ہیں۔ اس پر اعتراض کرتے ہیں۔ جھگڑتے ہیں۔ بحث میں پڑتے ہیں۔ اس کا نتیجہ خیبت و خسران کے سوا کچھ نہیں۔ سعدی رح ؎

چوں در آمد سر از توے سخن گرچہ بہ دانی اعتراض مکن

صائب ؎ بر خاطر لطیف بزرگاں مشو غبار
لنگر دریں محیط بقدر حباب کن

فضول سوالات کی ممانعت

گر ترشرو بودن آمد شکر بس ہمچو سرکہ شکر گوے نیست کس

ترجمہ اگر صرف ترشرو ہونا ہی شکر ہے۔ تو سرکے کا سا شکر گزار کوئی نہیں۔

سرکہ را گر راہ یابد در جگر گوید شو سرکنگبیں اُو از شکر

ترجمہ (پس اگر) سرکے کو (ہر دلعزیز بننے کے لئے لوگوں کے) جگر میں پہنچنا مطلوب ہے۔ تو (اُسے) کہدو کہ وہ شکر میں ملکر سکنجبین بن جائے۔

مطلب ۔ سرکہ اور شکر یا شہد مل کر سکنجبین بنتی ہے۔ سرکہ نہایت ترش و ناگوار ہوتا ہے اور سکنجبین خوشگوار اور مفرح طبع ہوتی ہے۔ فرماتے ہیں ۔ کہ استاد یا مرشد کے ساتھ آزادی سے شبہات بیان کرنا اور جھگڑنا اور ادب و تعظیم کی رعایت نہ رکھنا مناسب نہیں ۔ اس سے اس بزرگ کے دل میں طالب کی طرف سے نفرت پیدا ہونے کا احتمال ہے۔ جو طالب کے لئے حرمان کی موجب ہے۔ اگر اس بزرگ کے دل میں گھر کرنے اور اس سے فیض حاصل کرنے کی خواہش ہے۔ تو اپنے اظہار شبہات اور استفسارات کے ترش سرکے میں ادب و انکسار کی حلاوت بقدر مناسب ملا دو ؎

خسروا گر انگبیں میخواہی از شکر لباں اول اندر کام شیریں کن زبان خویش را

وقال بعضہم ؎ روشن گہراں را بنود جز سخن مہر از خط شعاعی ست زبان در دہن صبح

معنی اندر شعر جز با خبط نیست چوں فلاسنگ ست آں را ضبط نیست

لغات خبط عقل و جنون کی آمیزش۔ گڈ مڈ ہونا۔ فلا جنگل ۔ صحرا۔ فلاسنگ اضافت مقلوب ہے۔

ترجمہ یہ مضمون (بڑا وسیع ہے جسکو) شعر (کے تنگ دائرہ) میں توڑ مروڑ کر لانے کے سوا چارہ نہیں چونکہ (معانی اپنی کثرت کے لحاظ سے گویا) جنگل کے پتھر ہیں (اس لئے) ان کا ضبط (ممکن) نہیں

صائب ؎ حباب از عہدۂ تسخیر دریا برنے آید مسخر چوں کند الفاظ اسرار معانی را

در بیان حدیث مَنْ اَرَادَ اَنْ یَّجْلِسَ مَعَ اللّٰہِ فَلْیَجْلِسْ مَعَ اَھْلِ التَّصَوُّفِ

اس حدیث کے ذکر میں کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی ہمنشینی چاہے۔ اس کو اہل تصوف کے پاس بیٹھنا چاہیے۔

رفع اشتباہ حدیث کے کلمہ سے یہ نہ سمجھ لیا جائے کہ یہ کلام حدیث نبوی ہے۔ بلکہ یہاں حدیث سے بمعنی لغوی قول مراد ہے۔ اور یہ قول صوفیہ کا ہے۔

آں رسول اینجا رسید و شاہ شد والہ اندر قدرت اللہ شد

ترجمہ وہ سفیر یہاں تک پہنچکر (بجائے شاہی سفیر کے) شاہ (یعنی عارف باللہ اور دنیا سے مستغنی) بنگیا

(اور) قدرت خداوندی (کے مشاہدے) میں دیوانہ ہوگیا۔ حافظ رح ؎

ازاں زماں کہ بریں آستاں نہادم روے — فراز مسند خورشید تکیہ گاہ من ست

آں رسول از خود بشد زیں یک دو جام — نے رسالت یاد ماندش نے پیام

ترجمہ وہ سفیر (حضرت عمرؓ کے) ان ایک دو (تقریروں کے) جام سے از خود رفتہ ہوگیا۔ نہ اس کو سفارت یاد رہی نہ پیغام۔ حافظ رح ؎

صوفی سرخوش ازیں ست کہ کج کرد کلاہ — بدو جام دگر آشفتہ شود دستارش

سیل چوں آمد بدریا بحر گشت — دانہ چوں آمد بمزرع گشت کشت

ترجمہ سیلاب جب دریا میں شامل ہوا تو سمندر بن گیا (یہ فیض صحبت کی ایک مثال ہے۔ دوسری مثال یہ کہ) دانہ جب کھیت میں پڑا۔ تو کھیتی بن گیا۔

سیل چوں آمد بدریا مخ گشت — میغ پیش تیغ شمسی ضخ گشت

لغات مخ۔ ابر شمسی سورج کا۔ یائے نسبت ہے۔ مخو۔ چاشتگاہ۔ مجازاً دھوپ۔

ترجمہ سیلاب جب دریا میں آیا۔ تو (اس میں) گھل مل گیا۔ ابر سورج کی تلوار کے آگے (تحلیل ہوکر) دھوپ بن گیا۔ (یہ تیسری مثال ہے)

الخلاف۔ یہ شعر بعض نسخوں میں ہے ہمارے نسخے میں نہیں مگر قابل وثوق بھی نہیں ہے کیونکہ مصرعہ اولی کا مضمون مکرر ہے

چوں تعلق یافت ناں با بوالبشر — نانِ مردہ زندہ گشت و باخبر

ترجمہ (چوتھی مثال) جب روٹی نے حضرت آدم علیہ السلام کے ساتھ تعلق پایا۔ تو بے جان روٹی (جزو بدن بنکر) زندہ اور باخبر ہوگئی۔

مطلب۔ جزو انسان بھی انسان ہی ہوتا ہے۔ اور جب انسان زندہ اور باخبر ہے۔ تو اس کا جزو بھی زندہ اور باخبر ہوگا۔ نتیجہ یہ کہ روٹی جو انسان کے بدن کی جزو بن چکی ہے۔ وہ زندہ اور باخبر ہے (کذا فی المکاشفات)

موم و ہیزم چوں فدائے نار شد — ذات ظلمانی او انوار شد

ترجمہ موم اور جلانے کی لکڑی جب آگ پر فدا ہوگئی۔ تو اس کی تاریک ذات (سراپائے) انوار بن گئی۔

سنگ سرمہ چونکہ شد در دیدگاں — سنگ بینائی شد اینجا دیدہ باں

ترجمہ سرمہ کا پتھر جب (پس کر) آنکھوں میں پڑا۔ تو یہاں (آکر) پتھر بینائی بن گیا (اور) آنکھوں کا محافظ۔ مطلب کامل کی صحبت سے ناقص بھی کامل بن جاتا ہے۔ حافظ رح ؎

کیمیائیست عجب بندگی پیر مغاں — خاک او گشتم و چندیں در جامم دادند

اَے خُنک آں مرد کز خود رَشتہ شد در وُجودِ زندۂ پیوستہ شد

لغات خنک اچھا۔ خوشحال۔ خوش نصیب از خود رستن اپنے آپ سے آزاد ہو جانا۔ قید خودی سے چھوٹ جانا زندہ زندہ دل۔ مرشد کامل۔ در وجود کسے پیوستن کسی کے ساتھ گھل مل جانا۔ اس کی صحبت میں رہنا۔

ترجمہ اے (مخاطب) مزے میں ہے وہ آدمی جو اپنے آپ سے رستگار ہو گیا (اور) کسی زندہ (دل یعنی مرشد کامل) کا شریک صحبت ہو گیا۔

مطلب طالب وصل اپنی ہستی سے ہاتھ دھو کر ہی دولت وصل حاصل کر سکتا ہے ؎

خیز دلا وصل جو ترک عراقی بگو دوست مدارش کہ او دشمن پنہانی است

وائے آں زندہ کہ با مردہ نشست مُردہ گشت و زندگی از وے بجَست

لغات وائے کلمہ افسوس۔ زندہ سے مراد وہ شخص جس میں قبول فیض کی صلاحیت و استعداد ہو۔ مردہ مردہ دل مراد پیر ناقص۔ جست۔ دور شد۔ فرار کرد۔

ترجمہ۔ افسوس ہے اس صلاحیت والے شخص پر جو کسی پیر ناقص کا ہم نشیں ہو گیا۔ وہ بھی مردہ بن گیا۔ اور اس کی صلاحیت اس سے جاتی رہی۔

مطلب۔ بُرے شخص کی صحبت میں اچھا آدمی بھی برا بن جاتا ہے۔ سعدی رح ؎

گر نشیند فرشتۂ با دیو وحشت آموزد و خیانت و ریو

کما قیل ؎ اہل را صحبت نا اہل زیانہا دارد آب در کوزۂ نا پختہ گل آلودہ شود

وقال البعضہم ؎ مے فزاید ظلمتِ دل صحبتِ افسردگاں چوں زمستاں بیشتر گردد شبہا دراز

سوال اوپر ارشاد تھا۔ کہ کسی زندہ دل کامل کی صحبت میں رہنا اختیار کرو۔ اور ظاہر ہے۔ کہ کسی کامل کی صحبت کا محتاج وہی ہے۔ جو خود کامل نہ ہو۔ بلکہ ناقص یا مردہ دل ہو۔ مگر یہاں فرمایا ہے۔ کہ مردہ دل کی صحبت سے بچو گویا وہاں مردہ دل کو حکم ہے کہ کسی زندہ دل کے پاس بیٹھے۔ اور یہاں زندہ دل کو حکم ہے کہ کسی مردہ دل کو اپنے پاس بیٹھنے نہ دے۔ وبینہما منافاۃ۔

جواب۔ یہاں یہ ہدایت کی ہے۔ کہ کسی ناقص کے معتقد و مرید نہ بنو۔ چونکہ اعتقاد و ارادت جالب اثر ہے۔ اس لئے اندیشہ ہے۔ کہ پیر کی ظلمت نفس مرید پر اثر کر جائے۔ اور اوپر یہ ارشاد تھا۔ کہ پیر کامل کے پاس جاؤ۔ چونکہ جلب اثر مرید کرتا ہے۔ نہ کہ پیر۔ اس لئے مرید پر ہی پیر کا نیک اثر پڑے گا۔ پیر پر مرید کا برا اثر نہیں پڑتا۔ اسلئے کہ پیر میں مرید کے لئے نہ طلب و قصد ہے نہ ارادت و اعتقاد۔ فلا منافاۃ صائب رح ؎

زائیرش کجاں نشود طبع راست کج
از اتصال حرفِ الف کج نے شود

چُوں تو در قرآنِ حق بگریختی با رواں انبیا آمیختی

لغات قرآن حق۔ مرکب توصیفی ہے۔ یعنی قرآن برحق۔ یا مرکب اضافی ہے۔ یعنی قرآن خدا۔ گریختن بھاگنا۔ در کسے گریختن کسی کی پناہ میں جانا۔ آمیختن مل جانا۔ صحبت اختیار کرنا۔

ترجمہ اگر تم سچے قرآن (یا کتاب اللہ) کی طرف رجوع کرو۔ تو انبیاء علیہم السلام کی ارواح پاک سے مل جاؤ۔

مطلب اوپر اہل کمال کی صحبت اختیار کرنے کا ارشاد تھا۔ اس پر یہ عذر پیش ہو سکتا ہے۔ کہ آجکل اہل کمال نایاب ہیں۔ مولانا فرماتے ہیں۔ کہ ایسی صورت میں قرآن مجید ہی کافی ہادی و رہنما ہے۔ اقبال سلمہ ؎

آں کتاب زندہ قرآن حکیم — حکمت او لایزال ست و قدیم
نسخہ اسرار تکوین حیات — بے ثبات از قوتش گیرد ثبات

قرآن مجید کا ہادی و پیش رو ہونا اس حدیث سے ثابت ہے۔ عَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ رض قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ یُؤْتٰی یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ بِالْقُرْاٰنِ وَاَھْلِہِ الَّذِیْنَ کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ بِہٖ فِی الدُّنْیَا تَقْدُمُہٗ سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ وَاٰلُ عِمْرَانَ تُحَاجَّانِ عَنْ صَاحِبِھِمَا رواہ مسلم یعنی نواس بن سمعان کہتے ہیں۔ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے۔ کہ قیامت کے روز قرآن اور قرآن والوں کو جو اس پر عمل کرتے تھے لایا جائیگا۔ سورہ بقر اور سورہ آل عمران آگے آگے ہونگی۔ اور اپنے عمل کرنے والوں کی طرف سے بحث کرینگی۔ (ریاض الصالحین)

مولانا فرماتے ہیں کہ قرآن مجید کو پڑھنے اور اسپر عمل کرنے والا انبیاء میں جا ملتا ہے۔ یعنی اُن کے کمالات و فضائل میں سے کچھ نہ کچھ حصہ اس کو مل جاتا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَہٗ یعنی تم میں سے بہتر وہ ہے۔ جو قرآن مجید کو پڑھے اور پڑھائے (بخاری) حضرت مجدد صاحب قدس سرہٗ کے نزدیک تمام اذکار و اوراد سے قرآن مجید کی تلاوت زیادہ پسندیدہ ہے۔ کیونکہ ایک تو اس کی فضیلت سب سے زیادہ ہے۔ دوسرے قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی صفت حقیقیہ ہے۔ بلا واسطہ۔ گویا وہ معبود اور عبد کے مابین تعلق کی ایک رسی ہے۔ جس کا ایک سرا اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔ دوسرا ہمارے پاس (تفسیر مظہری)

ہشت قرآں حالہائے انبیا — ماہیان بحر پاک کبریا

ترجمہ قرآن مجید انبیاء علیہم السلام کے احوال پر مشتمل ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کے پاکیزہ دریائے (معرفت) کی مچھلیاں ہیں۔

مطلب قرآن مجید کو تدبر و استبصار کے ساتھ پڑھنا۔ انسان کو وہ روحانی فوائد بخشتا ہے۔ جو ایک مرشد کی صحبت سے متوقع ہیں۔ کیونکہ قرآن مجید میں انبیاء کے قصص درج ہیں۔ اور ایسے عالی منزلت اور ستودہ صفات ہستیوں کے حالات کا پڑھنے اور سننے والوں کے لئے مایہ عبرت اور گنجینہ بصیرت ہونا ظاہر ہے۔ خصوصاً جبکہ ان کا بیان کرنیوالا معبود خداوند جل و علا ہو۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ لَقَدْ کَانَ فِیْ قَصَصِھِمْ عِبْرَۃٌ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ مَا کَانَ حَدِیْثًا یُّفْتَرٰی وَلٰکِنْ تَصْدِیْقَ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْہِ وَتَفْصِیْلَ کُلِّ شَیْءٍ وَّھُدًی وَّرَحْمَۃً لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ۔ بیشک عقل والوں کے لئے ان کے قصوں میں عبرت ہے۔ یہ (قرآن) کوئی بنائی ہوئی بات تو ہو نہیں۔ بلکہ سابقہ کتابوں کی تصدیق اور ایمان والوں کے لئے ہر چیز کی تفصیل اور رحمت ہے (یوسف ع ۱۲) دیباچہ مثنوی میں مولانا نے اہل توحید کے تین گروہوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا تھا۔ ہر کہ جز ماہی ز آبش سیر شد — ہر کہ بے روزی است روزش دیر شد یعنی ایک تو عاشق لوگ جو تجلی و شہود کی دولت سے بہرہ ور ہیں۔ ان کو بحر کبریا کی مچھلیاں قرار دیا ہے۔ کہ پانی میں رہنے کے باوجود اس سے سیر نہیں ہوتیں۔ یعنی وہ تقرب کے کسی درجے پر قانع نہیں۔ ہر دم ترقی

کے جو یا ہیں۔ اس زمرے میں انبیاء اولیاء داخل ہیں۔ مولانا نے ان کو کئی جگہ ماہیان دریا سے تشبیہ دی ہے۔ ایک اور جگہ فرمایا ہے۔ ؎

ماہیان قعر دریائے جلال　　بحر شاں آموختہ سحر حلال

دوسرے عامۂ مسلمین جو بلا مشاہدہ روحانیہ اور بلا استدلال عقل ایمان مجمل رکھتے ہیں۔ تیسرے عقلیات کے مقلد جو استدلال عقل سے ذات حق کو مانتے ہیں۔ اس شعر میں پہلے زمرے کا ذکر ہے۔ اور ان کو اس لحاظ سے ماہیان بحر کبریا کہا ہے۔ کہ وہ فضائل وکمالات کے کسی درجہ پر بس نہیں کرتے۔ غنی ؎

عاشق یفنا سیر ز معشوق نہ گردد　　ماہی طلب آب کند گرچہ غذا شد

وربخوانی ونہ قرآں پذیر　　انبیا و اولیا را دیدہ گیر

ترجمہ اور اگر تم پڑھتے ہو۔ اور قرآن پر عمل نہیں کرتے (تو بھی کم از کم اتنا فائدہ ضرور ہے۔ کہ) گویا انبیا علیہم السلام اور اولیاء قدس اسرارہم کی زیارت میسر ہو گئی۔

مطلب اس سے ثابت ہوا۔ کہ قرآن مجید کی محض قرأت بھی موجب اجر ہے۔ کیونکہ اس سے کم از کم انبیاء علیہم السلام اور دیگر خاصان حق کا نام زبان پر آتا ہے۔ تو گویا ایک طرح سے ان کی زیارت ہو جاتی ہے۔ اور خاصان خدا کی زیارت کی فضیلت عیاں ہے۔ کہ اِذَا رُؤُوا ذُکِرَ اللّٰہُ۔ ان کے دیدار سے خدا یاد آتا ہے۔ امیر خسرو ؒ ؎

کسے کہ دید ترا گرچہ دوزخی ست بحکم　　بساط آتش سوزانش لالہ زار بود

ور پذیرائی چو برخوانی قصص　　مرغ جانت تنگ آید در قفص

لغات پذیرائی میں الف فاعلیت کا اور یا خطاب کی ہے۔ یعنی پذیرا ہستی۔ تم قبول کرنے والے ہو۔ ماننے والے ہو۔ عمل میں لاتے ہو۔ مرغ کا مشبہ جان مذکور ہے۔ اور قصص کا مشبہ علائق دنیویہ مقدر ہے۔ قفص پنجرا صاد اور سین دونوں سے درست ہے۔

ترجمہ اور اگر تم قصص (انبیاء) کو پڑھکر (اُن پر) عمل کرو۔ تو تمہاری جان کا پرندہ (علائق ماسوی اللہ کے) پنجرے میں تنگ آجائیگا (اور نکلنے کی خواہش کریگا)

مطلب انبیا علیہم السلام کے حالات سے عبرت وبصیرت حاصل کرنے والے کی نظر میں دنیا کا جاہ و مال ہیچ ہو جاتا ہے۔ اس لئے اس کے دل سے دنیا کی محبت زائل ہو کر اللہ تعالیٰ کی محبت مستولی ہو جاتی ہے۔

حافظ ؒ ؎　　جاں پرور ست قصۂ ارباب معرفت　　رمزے بروبپرس وحدیثے بیا بگو

جامی ؒ ؎　　ہجوم نفس وہوا کز سپاہ شیطانند　　چو زور بر دل مرد خدا پرست آرد

بجز جنود حکایات رہنمایاں را　　چہ تاب آنکہ بران رہزناں شکست آرد

مرغ کو اندر قفس زندانی ست　　مے نجوید رستن از نادانی ست

ترجمہ (اور) جو پرندہ پنجرے میں بند ہے۔ (اگر) اس سے نکلنے کی کوشش نہ کرے تو یہ (اُس کی) نادانی ہے

مطلب قرآن مجید کی تلاوت میں سستی کرنا بڑی بدقسمتی ہے۔ کیونکہ اس کی بدولت دارین میں نجات حاصل ہو سکتی ہے

اور حصول نجات کی کوشش نہ کرنا جہالت و نادانی ہے۔ صائب رح ؎

ہر کہ چوں سرو دریں باغ نگردید آزاد — نفسے راست نکرد و دمِ آبے نکشید

جامی رح ؎ جمع خواہی دلت اسباب جہاں تفرقہ کن — تخم جمعیت دل تفرقہ اسباب ست

رُوحہائے کز قفسہا رستہ اند — انبیا و رہبرِ شایستہ اند

ترجمہ جو روحیں (ان) پنجروں سے چھوٹ گئی ہیں۔ (وہ) انبیاء اور شایستہ مرشد ہیں۔

مطلب علائق ماسوی اللہ سے رستگاری پانے والوں۔ اور حبِ دنیا کی قیود سے آزادی حاصل کرنے والوں کی اعلیٰ مثال انبیاء و اولیا ہیں۔ صائب رح ؎

پائے رغبت نگذارند بدامانِ بہشت — ہمہ در سیرِ گلستانِ گریبانِ خود اند

جگر تشنہ بدرویزۂ کوثر نزنند — ایں سکندر منشاں چشمۂ حیواں خود اند

از بروں آوازِ شاں آید بریں — کہ رہِ رستن ترا ایں ست ایں

لغات بروں باہر۔ فوق الدنیا۔ بریں کا مشار الیہ طریق مقدر ہے۔ ایں ثانی برائے تاکید۔

ترجمہ عالمِ بالا سے ان کی آواز اس طرح آرہی ہے۔ کہ تیری نجات کا راستہ یہی ہے یہی۔

مطلب انبیاء علیہم السلام اور ان کے اتباع میں اولیاء کرام قدس اسرارہم نہ صرف خود حبِ دنیا اور علائق ماسوی اللہ کی قید سے نجات پا گئے۔ بلکہ ان کی زندگی کے حالات پیچھے آنیوالی نسلوں کے لئے بھی صحیفہ ہدایت ہیں جن سے دارین میں نجات و رستگاری حاصل کرنے کا سبق حاصل ہوتا ہے۔ یہ حالات زبانِ حال سے جو درس عبرت دے رہے ہیں۔ مولانا نے اس کو عالمِ بالا کی آواز سے تعبیر کیا ہے۔ اقبال سلمہ ؎

ہیست تاریخ اے زخود بیگانۂ — داستانے؟ قصۂ؟ افسانۂ؟

ایں ترا از خویشتن آگہ کند — آشنائے کار و مردِ رہ کند

رُوح را سرمایہ تاب ست ایں — جسمِ ملت را چو اعصاب است ایں

از بروں آواز سے وفوق ذلک داع یدعو کی طرف تلمیح بھی ہو سکتی ہے۔ جو ایک حدیث کے کلمات ہیں۔ یہ حدیث ابھی آتی ہے۔

ما بدیں رستیم زیں تنگیں قفص — غیر ایں رہ نیست چارہ ایں قفص

ترجمہ (ان کی آواز آتی ہے کہ) ہم اس (راستے) سے (ہو کر جسم کے) اس تنگ پنجرے سے چھوٹ گئے اس راہ کے سوا اس پنجرے (سے نکلنے) کی اور کوئی تدبیر نہیں۔

مطلب "ایں راہ" سے ہر پیغمبر کی سنت مراد ہے۔ جس پر خود پیغمبر بھی چلتا ہے۔ اور امت کو بھی اس پر چلنے کی ہدایت کرتا ہے۔ اور دنیا کے تمام راستوں سے صرف وہی ایک راستہ ہوتا ہے۔ جس کے ذریعہ سے منزل نجات تک پہنچ سکتے ہیں۔ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ ضَرَبَ اللّٰہُ مَثَلًا صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا وَعَنْ جَنْبَتَیِ الصِّرَاطِ سُوْرَانِ فِیْہِمَا اَبْوَابٌ مُّفَتَّحَۃٌ وَعَلَی الْاَبْوَابِ سُتُوْرٌ

سنت پیغمبر کی اتباع کا راستہ

مُرْخَاةٌ وَعِنْدَ رَأْسِ الصِّرَاطِ دَاعٍ يَقُوْلُ اسْتَقِيْمُوْا عَلَى الصِّرَاطِ وَلَا تَعْوَجُّوْا وَفَوْقَ ذٰلِكَ دَاعٍ يَدْعُوْا كُلَّمَا هَمَّ عَبْدٌ اَنْ يَّفْتَحَ شَيْئًا مِّنْ تِلْكَ الْاَبْوَابِ قَالَ وَيْحَكَ لَا تَفْتَحْهُ فَاِنَّكَ اِنْ تَفْتَحْهُ تَلِجْهُ ثُمَّ فَسَّرَهُ فَاَخْبَرَ اَنَّ الصِّرَاطَ هُوَ الْاِسْلَامُ وَاَنَّ الْاَبْوَابَ الْمُفَتَّحَةَ مَحَارِمُ اللّٰهِ وَاَنَّ السُّتُوْرَ الْمُرْخَاةَ حُدُوْدُ اللّٰهِ وَاَنَّ الدَّاعِيَ عَلٰى رَأْسِ الصِّرَاطِ هُوَ الْقُرْاٰنُ وَاَنَّ الدَّاعِيَ مِنْ فَوْقِهٖ هُوَ وَاعِظُ اللّٰهِ فِيْ قَلْبِ كُلِّ مُؤْمِنٍ رواہ رزین واحمد والبیہقی حضرت ابن مسعود رض سے روایت ہے۔ کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ نے سیدھے راستے کا بطور مثال ذکر کیا ہے۔ اور اس راستے کے دونوں پہلوؤں میں دو دیواریں ہیں۔ جن میں کھلے دروازے ہیں۔ اور ان دروازوں پر پردے لٹک رہے ہیں۔ اور راستے کے سرے پر ایک نقیب پکارتا ہے۔ کہ راستے پر سیدھے چلے جاؤ۔ اور ادھر ادھر نہ ہونا۔ اور اس کے علاوہ ایک نقیب ہے۔ کہ جب کوئی بندہ ان دروازوں میں سے کسی دروازے کو کھولنے کا قصد کرتا ہے۔ تو کہتا ہے بھلے مانس! اس کو مت کھول۔ کیونکہ اگر تو اس کو کھولے گا۔ تو اس میں جا گھسے گا۔ پھر اس کی تفسیر کرتے ہوئے بیان کیا کہ راستہ تو اسلام ہے۔ اور کھلے دروازے اللہ تعالیٰ کی حرام کی ہوئی چیزیں ہیں۔ اور لٹکے ہوئے پردے اللہ تعالیٰ کی حدود ہیں۔ اور راستے کے سرے پر نقیب قرآن مجید ہے۔ اور اس کے علاوہ نقیب اللہ تعالیٰ کی طرف سے وہ واعظ (ضمیر کی آواز) ہے۔ جو ہر مومن کے دل میں ہوتا ہے۔ (مشکوٰۃ) وَعَنْ مَالِكِ ابْنِ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مُرْسَلًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرَكْتُ فِيْكُمْ اَمْرَيْنِ لَنْ تَضِلُّوْا مَا تَمَسَّكْتُمْ بِهِمَا كِتَابَ اللّٰهِ وَسُنَّةَ رَسُوْلِهٖ رواہ فی الموطا۔ یعنی امام مالک ابن انس رضی اللہ عنہ سے مرسلاً روایت ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ میں تم میں دو چیزیں چھوڑ چلا ہوں۔ جب تک تم ان کو اپنا دستور العمل بنائے رکھو گے۔ تم گمراہ نہ ہوگے۔ یعنی قرآن مجید اور اس کے رسول کی سنت (مشکوٰۃ) نظامی رح ؎

اے خاکِ تو طویلۂ بینش — روشن بتو چشمِ آفرینش
شمعے کہ نہ از تو نور گیرد — از باد بروتِ خود بمیرد

خویش را رنجور ساز و زار زار — تا ترا پیروں کنند از اشتہار

ترجمہ اپنے آپ کو (انکسار و تواضع سے) رنجور اور زار و نزار بنا لو۔ تاکہ تم کو (جاہ و مال کی) شہرت سے برطرف رکھیں۔

مطلب۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قائم کی ہوئی راہ نجات کے ارکان میں سے ایک بڑا رکن یہ ہے۔ کہ آدمی مال و جاہ کی شہرت سے مغرور نہ ہو۔ کیونکہ یہ غرور اس کو غفلت، غصب حقوق، ترک فرائض اور ظلم و جور وغیرہ معاصی میں مبتلا کر دیتا ہے۔ اور اس سے بچنے کی بہترین تدبیر یہ ہے۔ کہ وہ اپنے علو منصب کے باوجود منکسر مزاج اور متواضع رہے۔ چنانچہ خود سرور کونین محبوب رب العلمین صلی اللہ علیہ وسلم باوجود اپنے اس اعلیٰ پایہ کے کہ جس سے اوپر برتری کا کوئی درجہ انسان کے لیے ممکن نہیں۔ نہایت متواضع رہتے تھے۔ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں۔ وَكَانَ يَخْصِفُ النَّعْلَ وَيَرْقَعُ الثَّوْبَ وَكَانَ يَصْنَعُ فِيْ بَيْتِهٖ مَعَ اَهْلِهٖ فِيْ حَاجَتِهِمْ وَكَانَ اَصْحَابُهٗ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تواضع

لایقومون لہ لما عرفوا من کراھتہ لذلک وکان یمر علی الصبیان فیسلم علیھم۔ اور آپ جوتا گانٹھ لیتے کپڑے کو پیوند لگا لیتے۔ اپنے گھر والوں کے ساتھ ملکر گھر کا کام کاج کر لیتے۔ اور آپ کے اصحاب جو آپ کی تعظیم کے لئے کھڑے نہیں ہوتے تھے۔ تو ان کو معلوم تھا۔ کہ آپ اس کو پسند نہیں کرتے۔ اور آپ لڑکوں کے پاس سے گذرتے تو ان کو سلام کرتے۔ ایک مرتبہ کوئی اجنبی آدمی حضور میں آیا۔ اور آپ کے رُعب منزلت سے کانپنے لگا۔ تو فرمایا۔ ھون علیک فلست بملک انما انا ابن امرأۃ من قریش کانت تأکل القدید۔ کچھ پروا نہ کرو۔ میں کوئی بادشاہ نہیں ہوں۔ میں تو قریش کی ایک عورت کا بیٹا ہوں۔ جو موٹا جھوٹا گوشت کھا لیتی تھی۔ (احیاء العلوم) صائب رح ؎

نطفۂ آیے کہ دارد در نظر گوہر شدن — از کنارِ ایرتا دریا تنزل باید ش

والہ ؎ تا نیفتادم ندیدم کعبۂ مقصود را — درمیانِ ما ہمیں اِستادگی دیوار بود

کاشتہار خلق بند محکم ست — در رہِ ایں از بند آہن کے کم ست

لغات کاشتہار میں کاف تعلیلہ ہے۔ اور یہ شعر علت ہے۔ گذشتہ شعر کی۔ رہ طریقہ سلوک یا سنت مذہبی۔ یا روش زندگی۔

ترجمہ کیونکہ (مال و جاہ کی) شہرت (کا غرور) ایک مضبوط قید ہے۔ راہ (سلوک) میں یہ (قید) آہنی بیڑی سے کیا کم ہے۔

مطلب تعلیمات شرع میں طلب شہرت کی نہی بڑی سختی کے ساتھ آئی ہے۔ کیونکہ وہ آدمی کے لئے حجاب غفلت بخاتی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مَنْ لَبِسَ ثَوْبَ شُھْرَۃٍ فِی الدُّنْیَا اَلْبَسَہُ اللّٰہُ ثَوْبَ مَذَلَّۃٍ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ۔ یعنی جو شخص دنیا میں شہرت کا لباس پہنے۔ اللہ قیامت کے روز اس کو ذلت کا لباس پہنائیگا۔ (مشکوۃ) غنی رح ؎

گر کسے را ہست پشمے در کلاہِ معرفت — جامۂ شہرت نسازد خرقۂ پشمینہ را

صائب ؎ ہر کہ از روزِ سیاہ نامداراں غافل است — مے پذیرد چوں عقیق از سادہ لوحی نام را

یک حکایت بشنو اے زیبا رفیق — تا بدانی شرطِ ایں بحرِ عمیق

لغات زیبا خوبصورت۔ قابل و لائق۔ شرط شین کے ضمہ سے باد موافق۔ جو جہاز کے سلامتی کے ساتھ رواں ہونے اور سمندر میں تلاطم و طوفان کے نہ آنے کی علامت ہو۔ بعض شارحین نے اس کلمہ کو بفتحہ شین لکھا ہے۔ انہوں نے خیال نہ فرمایا۔ کہ اس شرط کو بحر سے کیا مناسبت؟

ترجمہ اے لائق رفیق ایک کہانی سن لو۔ تاکہ تم کو (دنیا کے) اس گہرے سمندر کی باد موافق کا پتہ لگ جائے (جو جہاز زندگی کے سلامت گزر جانے کی علامت ہے)

مطلب ذیل میں طوطے کی ایک حکایت درج ہے۔ جس نے اپنے آپ کو مردہ ظاہر کرکے پنجرے سے نجات پائی تھی۔ فرماتے ہیں۔ کہ اس حکایت سے تم کو معلوم ہو جائیگا۔ کہ اپنے آپ کو نیست و نابود کرکے موتوا قبل ان تموتوا کا مصداق بن جانا قلزم علائق سے نجات پانے کی علامت ہے۔ صائب رح ؎

شہرت بھی کاوبال

در چنیں بحرے کہ موج اوست تیغ آبدار — خویش را فانی ندانستن فنائے دیگرست

دلا تو سعی کن کہ دریں بحر ناپدیدہ شوی — وگرنہ ہر خس و خارے شناوری داند

بشنو اکنوں داستانے در مثال — تا شوی واقف بر اسرار مقال

ترجمہ اب بطور مثال ایک قصہ سنو۔ تاکہ (ہماری) بات کے اسرار پر واقف ہو جاؤ۔

الخلاف یہ شعر ہمارے نسخے میں نہیں ہے۔

قصہ بازرگاں کہ بہ ہندوستاں بتجارت میرفت و پیغام دادن

ایک سوداگر کا قصہ جو ہندوستان کو بغرض تجارت جا رہا تھا اور ایک

طوطی محبوس بطوطیان ہندوستان

پنجرے کے طوطے کا ہندوستان کے طوطوں کو پیغام دینا

بود بازرگانے او را طوطیے — در قفس محبوس زیبا طوطیے

ترجمہ کسی سوداگر کے پاس ایک طوطا تھا۔ (یہ) خوبصورت طوطا پنجرے میں بند تھا

چونکہ بازرگاں سفر را ساز کرد — سوئے ہندوستاں شدن آغاز کرد

ترجمہ جب سوداگر نے (تجارت کیلئے) سفر کا سامان کیا۔ (اور) ہندوستان جانے کی تیاری کی

ہر غلام و ہر کنیزک را ز جود — گفت بہر تو چہ آرم؟ گوے زود

ترجمہ تو ہر غلام اور کنیزک کو از راہِ کرم کہنے لگا۔ جلدی بتا تیرے لئے کیا (تحفہ) لاؤں۔

ہر یکے از وے مرادے خواست کرد — جملہ را وعدہ بداد آں نیک مرد

ترجمہ ہر ایک نے اس سے اپنی اپنی مراد کی درخواست کی۔ (اور) سب کے ساتھ اس نیک مرد نے وعدہ کیا

گفت طوطی را چہ خواہی ارمغاں؟ — کارمت از خطّۂ ہندوستاں

لغات ارمغاں بفتح الف تحفہ کارمت میں کاف بیانیہ جس کا مبین ارمغان ہے یا تعلیلیہ جس کا معلول بگو محذوف ہے۔ اور تا بمعنے برائے تو خطّہ ملک۔ علاقہ۔

ترجمہ پھر طوطے سے پوچھا۔ تجھے کیا سوغات چاہیئے۔ جو تیرے لئے ہندوستان سے لیتا آؤں۔

گفتش آں طوطی کہ آنجا طوطیاں چوں بہ بینی کُن زحال من بیاں

ترجمہ طوطے نے کہا جب تم وہاں طوطوں (کے جھلڑ) کو دیکھو۔ تو (ان کو) میرا حال سنا دو۔

کہ فلاں طوطی کہ مُشتاقِ شماست از قضائے آسماں در حبسِ ماست

ترجمہ کہ فلاں طوطا جو تمہارا مشتاق ہے (اور) قضائے آسمانی سے ہماری قید میں ہے۔

رفع اشتباہ ۔ قضائے آسماں میں قضا کی اضافت بطور اضافۂ شئے الی فاعلہ نہیں ہے۔ جیسے کہ متبادر ہوتا ہے۔ بلکہ یہ اضافت ظرفی ہے۔ قضا کے معنی ہیں حکم الٰہی۔ حجۃ اللہ البالغہ میں ایک روایت درج ہے۔ کہ جب اللہ تعالیٰ کوئی حکم دیتا ہے۔ تو عرش کے اٹھانے والے فرشتے تسبیح پڑھتے ہیں۔ پھر اُن کے متصلہ آسمان کے فرشتے تسبیح پڑھتے ہیں۔ یہانتک کہ وہ تسبیح اس نیچے کے آسمان والوں تک پہنچ جاتی ہے۔ الخ اسی کتاب میں ایک اور جگہ بھی لکھا ہے۔ یخلق اللہ تعالیٰ البلاء خلقا ما فیلزز لہ علی المبتلی ویصعد الدعاء فیردّہٗ۔ یعنی اللہ تعالیٰ بلا کو کسی طرح کی پیدائش کے ساتھ پیدا کرکے مبتلا پر نازل کرتا ہے اور دعا اوپر صعود کرتی ہے۔ تو اس کو لوٹا دیتی ہے۔ چونکہ اہل ارض کے محاورے میں نزول وصعود کا اطلاق آسمان کے ساتھ مختص ہے۔ اس لئے قضا کو آسمان کے ساتھ مضاف کیا جاتا ہے۔

قضائے آسمانی کی تشریح

بر شما کرد او سلام و داد خواست وز شما چارہ رہ و ارشاد خواست

ترجمہ اس نے تم کو سلام کہا ہے۔ اور انصاف کی درخواست کی ہے۔ اور تم سے طریق (نجات) کی تدبیر اور ہدایت کی خواہش کی ہے۔ حافظ رح ؎

اے نسیم سحری بندگی ما برساں کہ فراموش مکن وقت دعائے سحرم

مطلب ۔ ناظرین دوسرے مصرعہ کو خوب ذہن نشین رکھیں جس میں وہ طوطا اپنے بنی نوع سے التجا کرتا ہے۔ کہ مجھے قید قفس سے نجات پانے کی کوئی تدبیر بتائیں۔ کیونکہ آگے چل کر اس کا ایک پُر لطف نتیجہ نکلے گا۔ مگر تاجر نے طوطے کی اس بات پر جو دوسرے مصرعہ میں ہے چنداں توجہ نہیں کی اسلئے وہ اس کے نتیجے سے بیخبر رہا۔ اور اس نے دھوکا کھایا۔

گفت میشاید؟ کہ من در اشتیاق جاں دہم اینجا بمیرم در فراق

ترجمہ (انصاف کی درخواست یہ کہ) وہ کہتا ہے۔ کیا یہ مناسب ہے۔ کہ میں اشتیاق کا مارا یہاں جان دیدوں اور فراق میں گھل گھل کر مر جاوں۔ کما قیل ؎

فراق دوستاں دیدن نشانے یا شد از دوزخ معاذ اللہ غلط کردم کہ دوزخ زاں نشاں باشد

ایں روا باشد؟ کہ من در بندِ سخت گہ شما بر سبزہ گاہے بر درخت

ترجمہ کیا یہ جائز ہے؟ کہ میں تو سخت قید میں (رہوں) اور تم کبھی سبزے پر کبھی درخت پر (خوشیاں مناتے پھرو) ایضرح ؎

غم و دردِ غریبی از کسے پرس کہ او از خانماں دور ماندست

اینچنیں باشد وفا اے دوستاں　　من دریں حبس و شما در بوستاں

ترجمہ کیا دوستوں کی وفا اسی قسم کی ہوتی ہے۔ کہ میں اس پنجرے میں (رہوں) اور تم باغ میں۔

یاد آرید اے مہاں زیں مرغزار　　یک صبوحے در میانِ مرغزار

لغات مہاں جمع مہ سردار۔ معزز۔ صبوح صبح کی شراب۔ یہاں پرندوں کا صبح کے وقت خوشیاں منانا۔ اور چہکنا مراد ہے۔ ایک شارح نے صبوح کا ترجمہ صبح کیا ہے۔ وہذا غلط۔ مرغ میم کے فتح سے ایک قسم کی گھاس کا نام ہے۔ زار کلمہ ظرفیت مرغزار یعنی چراگاہ۔ مرغ زار اور مرغزار میں صنعت تجنیس ہے۔

ترجمہ اے معزز دوستو! سبزہ زار میں کسی صبح کی شرابنوشی کے وقت اس تباہ حال پرندے کو بھی یاد کر لیا کرو۔

حافظ ؎ مگر نسیم محبت دیرین من از یاد برفت　　اے نسیم سحری یاد دہش عہد قدیم

یاد آرید از محبتہائے ما　　حق مجلسہا و صحبتہائے ما

ترجمہ ہماری محبتوں کو یاد کرو۔ (ہماری) ہم نشینی کے حقوق کو اور ہماری صحبتوں کو یاد کرو۔

خاطر ؎ زواپس ماندگاں یادے کن آخر　　چہ رانی تند یارا محمل خویش

الخلاف یہ شعر بعض نسخوں میں آگے دس ابیات کے بعد درج ہے جہاں یہ طوطی کا مقولہ نہیں رہتا۔ بلکہ بطور انتقال مولانا رومؒ کا مقولہ بنجاتا ہے اسلئے ان نسخوں میں یاد آرید کی بجائے یاد آور کا لفظ ہے۔

یادِ یاراں یار را میمون بود　　خاصہ کاں لیلی وایں مجنوں بود

ترجمہ یاروں کا یاد کرنا مبارک ہوتا ہے خصوصاً جبکہ (آپسمیں میں اس قدر محبت ہو کہ گویا) وہ لیلی ہو اور یہ مجنوں۔

صائب ؎ بمن کفر ست در شرع محبت تہمت نسیاں　　کہ ذکر خیر احباب است اوراد یکہ من دارم

اے حریفاں یا بتِ موزونِ خود　　من قدحہا میخورم از خونِ خود

ترجمہ اے یارو جو اپنے خوش لقا محبوب کے ساتھ (جام شراب نوش کر رہے ہو) میں تو اپنے خونِ (جگر) کے پیالے (بھر بھر کر) پیتا ہوں۔

مطلب ہائے! عیش میں محو ہونیوالا گرفتاران بلا کی مصیبت کو کیا جانے۔ کما قیل ؎

تو اے کبوتر بام حرم چہ میدانی　　طپیدن دلِ مرغانِ رشتہ بر پارا

سعدی ؎ مرغانِ قفس را لگے باشد دشوقے　　کاں مرغ نداند کہ گرفتار نباشد

خاطر ؎ خفتہ بر سنجابِ شاہی ناز نینے را چہ غم　　گر زخار و خارہ سازد بستر و بالین غریب

جامی ؎ با میانِ بار اندوہ و تو با آسودگاں　　کوہکن در کوہ و شیریں گشتہ ہا موں میرود

یک قدح مینوش کن بر یادِ من　　گر ہمے خواہی کہ بدہی دادِ من

لغات قدح سے جام شراب۔ اگر قدح سے کو مرکب اضافی قرار دیا جائے کما یتبادر۔ تو فک اضافت لازم آتا ہے وہو مستنکر فی فن الشعر۔ لہذا بہتر یہ ہے۔ کہ اس کو ممیز و تمییز مان لیا جائے۔

ترجمہ میری یاد پر بھی ایک پیالہ بھر شراب نوش کرو۔ اگر تم میرے حق میں انصاف کرنا چاہتے ہو۔

مطلب اپنی عیش و عشرت میں کبھی مجھ دور افتادہ و غریب الوطن کو بھی یاد کر لیا کرو۔ غنی رح ؎

گر شوی واصل بمنزل مگسل از پس ماندگاں — در طریق ہمرہی پہلو نشین جادہ باش

حافظ رح ؎ چو با حریف نشینی و باده پیمائی — بیاد آر حریفان باد پیمارا

یا بیادِ ایں فتادہ خاک بیز — چونکہ خوردی جرعہ بر خاک ریز

ترجمہ یا (اور نہیں تو) جب تم شراب) نوش کرو۔ تو اس عاجز کی یاد پر جو کہ (مصیبت میں) خاک چھان رہا ہے۔ ایک گھونٹ زمین پر گرا دو۔

مطلب یہ بھی یاد احباب کی ایک رسم ہے۔ کہ جب دور شراب چل رہا ہو۔ اور کوئی خاص پیارا دوست پاس نہ ہو جو شریک بزم ہو کر جام نوش کرتا تو اس کی یاد میں چند جرعہ شراب زمین پر گرا دیتے ہیں۔ گویا اس کا حصہ تلف نہیں کرتے۔ بلکہ زمین کو پلا دیتے ہیں۔ کما قیل ع وَ لِلْاَرْضِ مِنْ کَاْسِ الْکِرَامِ نَصِیْبُ۔

اے عجب آں عہد و آں سوگند کو؟ — وعدہ ہائے آں لبِ چوں قند کو؟

ترجمہ تعجب ہے (تمہارے) وہ عہد اور وہ سوگندیں کہاں گئیں؟ (اور) اس قند کے سے شیریں لبوں کے وعدے کیا ہوئے؟ کہ لغم کا قبیل ؎

چہ اعتماد کند کس بوعدہ ات اے گل — کہ ہمچو غنچہ زباں در تنِ زباں داری

گر فراقِ بندہ از بد بندگی ست — چوں تو با بد بدکنی پس فرق چیست؟

ترجمہ اگر بندے کا فراق اس کی بندگی کے قصور کا نتیجہ ہے۔ تو جب تو بد کے ساتھ برا سلوک کرے تو اس میں اور تجھ میں) فرق کیا ہے؟

مطلب یہاں سے بطور انتقال بجوب حقیقی کی طرف خطاب ہے۔ جس میں پہلے تو فراق کی شکایت کرتے ہیں پھر [illegible] مگر غلبۂ حال کی وجہ سے خطاب کا لہجہ کسی قدر ترک ادب کا انداز رکھتا ہے۔ کہتے ہیں کہ اگر میں برا اور برائی کا مرتکب ہوں۔ تو تیری شان اس سے ارفع ہے۔ کہ برائی کا بدلہ برائی سے دے۔ یہ بات محض غلبہ حال میں مولانا کے منہ سے نکل گئی۔ ورنہ گنہگار اور گناہ کی سزا دینے والا۔ یا مجرم اور عادل یا محکوم اور حاکم کب برابر ہو سکتے ہیں جسطرح مولانا نے یہ محبت غلبہ حال میں پیش کی ہے۔ اسیطرح عمر خیام غفرلہ اپنی مشہور بیباکی کے لہجہ میں کہتا ہے۔ ؎

ناکردہ گناہ در جہاں کیست؟ بگو — آنکس کہ گنہ نکرد چوں زیست؟ بگو

من بد کنم و تو بد مکافات دہی — پس فرق میانِ ما و تو چیست؟ بگو

اے بدی کہ تو کنی در خشم و جنگ — با طرب تر از سماع بانگِ چنگ

ترجمہ اے (محبوب حقیقی) خفگی اور لڑائی میں تو مجھ پر جو سختی کرتا ہے۔ وہ سارنگی کی (سریلی) آواز کے سننے سے بھی زیادہ خوشگوار ہے۔

مطلب اوپر عرض محبت میں جو سوء ادب واقع ہو گیا تھا۔ اب اس سے متنبہ ہو کر فرماتے ہیں۔ کہ میں نے غلطی کی کہ نزول مصائب کا شکوے کرنے لگا۔ تیری نازل کی ہوئی تکالیف اور مصیبتیں تو عین رحمت ہیں۔

حافظ رح ؎ من نہ آنم کہ بجور از تو بنالم حاشا — چاکر دمعتقد و بندہ دولت خواہم
جامی رح ؎ نیاید از تو ستم ور ستم کنی بمثل — ز رحمت دگراں خوشتر آید ہم ستمت

احادیث سے ثابت ہے کہ نزول مصائب میں اللہ تعالیٰ کی کوئی نہ کوئی حکمت اور بندے کے لئے بہتری ہوتی ہے۔ آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے۔ مَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْرًا یُّصِبْ مِنْہُ یعنی اللہ تعالیٰ جسکے حق میں بھلائی چاہتا ہے اسکو اللہ کی طرف سے مصیبت پہنچائی جاتی ہے۔ نیز فرمایا مَا یُصِیْبُ الْمُسْلِمَ مِنْ نَّصَبٍ وَّلَا وَصَبٍ وَّلَا ھَمٍّ وَّلَا حَزَنٍ وَّلَا اَذًی وَّلَا غَمٍّ حَتَّی الشَّوْکَۃَ یُشَاکُھَا اِلَّا کَفَّرَ اللّٰہُ بِھَا مِنْ خَطَایَاہُ یعنی مسلمان کو جو کوئی مرض اور درماندگی اور فکر اور اندوہ اور ایذا اور غم پیش آتا ہے۔ حتی کہ جو کانٹا بھی چبھتا ہے۔ اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کا کفارہ کر دیتا ہے۔ اور فرمایا۔ عَجَبًا لِاَمْرِ الْمُؤْمِنِ اِنَّ اَمْرَہٗ کُلَّہٗ لَہٗ خَیْرٌ وَلَیْسَ ذٰلِکَ لِاَحَدٍ اِلَّا لِلْمُؤْمِنِ اِنْ اَصَابَتْہُ سَرَّاءُ شَکَرَ فَکَانَ خَیْرًا لَّہٗ وَاِنْ اَصَابَتْہُ ضَرَّاءُ صَبَرَ فَکَانَ خَیْرًا لَّہٗ۔ یعنی مسلمان کا معاملہ عجیب ہے۔ اس کا معاملہ اس کے لئے سب کا سب اچھا ہے۔ اور یہ بات مومن کے سوا اور کسی کے لئے نہیں۔ اگر وہ خوشی کے حاصل ہونے پر شکر کرتا ہے۔ تو اس کے حق میں بہتر ہے۔ اور اگر وہ مصیبت کے پیش آنے پر صبر کرتا ہے۔ تو (یہ بھی) اس کے حق میں بہتر ہے۔ یہ تینوں حدیثیں ریاض الصالحین میں صحیحین سے منقول ہیں۔

اے جفائے تو ز دولت خوبتر — وانتقام تو ز جان محبوب تر

ترجمہ اے (محبوب حقیقی) تیری نازل کردہ مصائب کو اگر فرضاً ظلم ہی کہا جائے تو) تیرا یہ ظلم (دنیوی) دولت سے زیادہ اچھا ہے۔ اور تیرا انتقام جان سے زیادہ پیارا ہے۔ حافظ رح ؎

وگر تو زخم دہی بر کہ دیگرے مرہم — وگر تو زہر دہی بر کہ دیگرے تریاک

نار تو ایں ست نور چوں بود — ماتم ایں تا خود کہ سور چوں بود

لغات نار آگ۔ چوں استفہام تعظیم کے لئے۔ سور محفل مسرت۔ جشن عروسی۔

ترجمہ جب تیری (جدائی و فراق کی) آگ ایسی (لطف انگیز) ہے۔ تو تیرا نور (وصال) کیا (ہی عالم افروز) ہوگا جب (ناکامی کا) ماتم اسقدر (پرمزہ) ہے تو (کامرانی کا) جشن شادی کس قدر (بہجت خیز) ہوگا (رح ؎ رومی رح قال)

؎ وگہ من بعاد کان قربا حقیقۃً — وگہ من فراق کان للوصل جالبا

یعنی بسا اوقات، دوری فی الحقیقت قرب ہوتی ہے۔ اور فراق وصل کا باعث بن جاتا ہے۔

از حلاوتہا کہ دارد جور تو — وز لطافت کس نیابد غور تو

لغات ۔ لطافت۔ باریکی۔ نزاکت۔ غور گہرائی۔ قعر۔

ترجمہ ۔ تیرے فراق کے جور میں جو مٹھاس اور لطافت ہے۔ کوئی شخص (اس میں) تیری (حکمت کی) گہرائی کو نہیں پا سکتا۔

مطلب ۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو تکلیف و زحمت نازل ہو۔ اس میں کوئی نہ کوئی بندے کے لئے بہتری مضمر ہوتی ہے۔ گما مرّ انفا اگر بندہ اپنی کوتاہی نظر سے اس کو ناگوار سمجھنے لگتا ہے۔ کما قال اللہ تعالیٰ وَعَسٰی اَنْ تَکْرَهُوْا شَیْئًا وَّهُوَ خَیْرٌ لَّکُمْ وَعَسٰی اَنْ تُحِبُّوْا شَیْئًا وَّهُوَ شَرٌّ لَّکُمْ وَاللّٰهُ یَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ اور عجب نہیں کہ ایک چیز تم کو بری لگے اور وہ تمہارے حق میں بہتر ہو۔ اور عجب نہیں۔ کہ ایک چیز تم کو بھلی لگے اور وہ تمہارے حق میں بُری ہو۔ اور اللہ زیادہ جانتا ہے تم نہیں جانتے (بقرہ ۲۶) یہی حال محبوب حقیقی کے فراق کا ہے جس سے واردات کا انقطاع اور حالات کا انقباض مراد ہے۔ اور اس کو قبض بھی کہتے ہیں۔ اس میں بھی اس کی بہت سی حکمتیں مضمر ہوتی ہیں۔ عاشق صادق کو اس پر راضی رہنا چاہیے۔ جامی رح ؎

خوش آں عاشق کہ بر فرمانِ معشوق — بود خوش بر دلش ہجران معشوق
چو خواہد خاطرِ معشوق دُوری — کند بر محنتِ ہجراں صبوری
جو نبود وصلِ دلبر راے دلبر — بود صد بار ہجراز وصل خوشتر

فی المثل جَورت اگر عُریاں شَود — عالَم اَر گریاں بُود خنداں شَود

لغات فی المثل مثلاً ۔ بالفرض ۔ عریاں برہنہ ۔ ظاہر ۔ منکشف ۔ عالَم سے اہل عالم مراد ہیں۔

ترجمہ بالفرض اگر تیرا (یہی) جور منکشف ہو جائے۔ تو عالم اگر (جور کی ظاہری اذیت سے) رو رہا تھا (اس کی حقیقی راحت سے) ہنسنے لگے۔

مطلب لوگ تیرے جور کی صرف ظاہری حیثیت کو محسوس کرتے ہیں۔ اور اس کی باطنی کیفیت کو ادراک نہیں کرتے۔ اس لئے روتے رہتے ہیں۔ لیکن اگر اس کی باطنی کیفیت ان پر منکشف ہو جائے۔ تو ان کی گریہ وزاری خندۂ مسرت سے بدل جائے۔ وبشبہ یہ ماقیل ؎

ستم ظاہر او لُطفِ نہانی دارد — صید رامے کشد آں شوخ کہ لاغر نشود

الخلاف یہ شعر اکثر نسخوں میں نہیں ہے۔

نالم و ترسم کہ او باور کند — وز ترحّم جور را کمتر کُند

ترجمہ میں (جور کی ظاہری اذیت سے) روتا بھی ہوں (اور) ڈرتا (بھی) ہوں۔ کہ (مبادا) وہ (میرے بتاذی ہونے کا) یقین کر بیٹھے۔ اور از راہِ ترحم جور کو کم کر دے۔ اور (میں اس کے باطنی لطف سے محروم ہو جاؤں)

مطلب ۔ یہ بات غلبہ حال میں کہی گئی ہے۔ ورنہ محبوب حقیقی دلوں کی باتوں کو بخوبی جانتا ہے۔ محال ہے۔ کہ وہ کسی کی باطنی مسرت کو نہ جانے۔ اور اس کی ظاہری تاذی کو باور کرے۔ مطلب یہ ہے کہ اس کے جور کی لذت مجھے اس اس قدر مرغوب ہے۔ کہ میں اس کا زوال نہیں چاہتا۔ صائب رح ؎

میکند با من عداوت در لباس دوستی — بر سرِ رحم آورد ہر کس کہ محبوب مرا

عاشقم بر قہر و بر لطفش بجد ۔۔۔ اے عجب من عاشق ایں ہر دو ضد

لغات جدّ جیم کے کسرہ سے کسی کام کی درستی اور کوشش۔ ضد مخالف۔ مبایین۔ متغائر۔

ترجمہ میں اس کے قہر اور لطف (دونوں) کا پورا عاشق ہوں۔ اے (مخاطب) تعجب ہے۔ کہ میں ان دو متبائن صفتوں کا عاشق ہوں۔

مطلب قہر و لطف اللہ تعالیٰ کی صفات ہیں۔ جن کے لحاظ سے قہاد اور لطیف اس کے اسما ہیں۔ ان کو مجازاً ایک دوسرے کی ضد کہدیا ہے۔ ورنہ منطقی ضد دوسری ضد کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتی۔ ان الضدین لا یجتمعان۔ اور متبائن و متغائر چیزیں جمع ہو سکتی ہیں۔ مگر دو نقیضین مثلاً انسان اور لا انسان نہ جمع ہو سکتی ہیں۔ نہ دونوں مرتفع ہو سکتی ہے۔ جیسے ہر چیز یا تو انسان ہوگی۔ اگر انسان نہیں۔ تو لا انسان ضرور ہوگی۔ تیسری صورت ممکن نہیں۔ غرض مولانا کہتے ہیں۔ میں اس کے لطف و قہر دونوں کا دلدادہ ہوں۔ صائب رح ؎

لطف و قہر تو بچشم من غمناک یکے ست ۔۔۔ نظر مرحمت و حلقۂ فتراک یکے است

عشق من بر مصدر ایں ہر دو شد ۔۔۔ چوں نباشد عشق کز وے نیست بد

ترجمہ میرا عشق اس ذات پاک کے ساتھ ہے جن سے ان دونوں (صفتوں یعنی قہر و مہر) کا صدور ہوتا ہے۔ (اور اس کا عشق) کیوں نہ ہو جبکہ اس کے بغیر چارہ نہیں۔ بالخلاف یہ شعر ہمارے نسخے میں نہیں ہے۔

واللہ ازیں خار در بستاں شوم ۔۔۔ ہمچو بلبل زیں سبب نالاں شوم

ترجمہ واللہ اگر مجھے (محبوب کے قہر کا) یہ کانٹا چھوڑ کر باغ میں جانا پڑے۔ تو اس سبب سے میں بلبل کی طرح آہ و فغاں کروں۔ حافظ رح ؎

لذتِ داغ غمت بر دل ما باد حرام ۔۔۔ اگر از جورِ غمِ عشق تو دادے طلبیم

ایں عجب بلبل کہ بکشاید دہاں ۔۔۔ تا خورد او خار را با گلستاں

ترجمہ یہ بلبل (یعنی محبوب حقیقی کا عاشق بھی) عجیب ہے۔ کہ (جب) منہ کھولتا ہے۔ تو کانٹے کو گلستاں سمیت نگل جاتا ہے (یعنی قہر و مہر سب گوارا کر لیتا ہے) سعدی رح ؎

حکایت از لب شیریں دہان سیم اندام ۔۔۔ تفاوتے نہ کند گر دعاست یا دشنام

ایں نہ بلبل ایں نہنگ آتش ست ۔۔۔ جملہ ناخوش ہا ز عشق اورا خوش ست

ترجمہ یہ بلبل نہیں (بلکہ) یہ تو آگ کا مگرمچھ ہے (کہ) سب ناگوار چیزیں عشق کے سبب سے اس کو گوارا ہیں۔ صائب رح ؎

نیست دیگر ہیزمی زکوہ بے ستوں فرہاد را ۔۔۔ عشق چوں مشاطہ گردد سنگ خارا ہم خوش ست

عاشق کل ست و خود کل ست او ۔۔۔ عاشق خویش ست و عشق خویش جو

ترجمہ (یہ بلبل یا ننگ آتش) ذات جامع الصفات کا عاشق ہے۔ اور خود ہی (ایک اعتبار سے) حقیقت جامعہ ہے (اس لحاظ سے گویا وہ خود) اپنے آپ کا عاشق ہے۔ اور اپنے ہی عاشق کا طالب ہذا ما قال بحر العلوم و ہُوَ اَوْضح مما قال غیرہٗ۔

مطلب ۔جب عشق الٰہی کے غلبے سے عاشق کی ہستی اور اسکی صفات مضمحل ہو جاتی ہیں۔ اور صفات الٰہیہ کا مشاہدہ اور غلبہ کا استحضار رہنے لگتا ہے۔ اس وقت وہ اپنی صفات کو کمالات الٰہیہ کے مطالعہ کا آئینہ دیکھتا ہے۔ اور چونکہ مطلوب بالذات کمالات الٰہیہ کا مطالعہ ہے۔ اور اپنی ذات و صفات کو وہ اس مطالعہ و مشاہدہ کا آلہ دیکھتا ہے۔ اس حیثیت سے خود اپنی ذات و صفات بھی اس کے مطلوب بالعرض ہو جاتے ہیں۔ پس عشق سے اضمحلال و فنا ہوا۔ اور اس سے صفات الٰہیہ کے مشاہدہ کا غلبہ ہوا۔ پھر عاشق اپنے آپ کو آئینہ مشاہدہ دیکھ کر اپنے آپ کا طالب و جویاں ہوا (کذا فی کلید مثنوی)

حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب المقصد الاسنے فی شرح اسماء الحسنےٰ میں لکھتے ہیں فرض کرو ایک شخص دنیا میں صرف سورج کو اور اسکے نور کو جو دنیا بھر میں پھیل رہا ہے۔ دیکھتا ہے۔ تو اس کا یہ کہنا صحیح ہوگا۔ کہ میں سورج کے سوا اور کسی چیز کو نہیں دیکھتا۔ کیونکہ نور جو اس سے پھیلتا ہے وہ بھی اس میں سے ہے۔ اس سے خارج نہیں۔ پس تمام موجودات قدرت ازلی کے انوار میں سے ایک نور ہیں۔ جس طرح سورج تمام عالم میں پھیلنے والے نور کا سرچشمہ ہے۔ انتہیٰ۔

اس تقریر سے یہ بھی ثابت ہوا کہ اپنے وجود کو دیکھنا ایک اعتبار سے مبدء وجود کا مشاہدہ ہے

عراقی رحمہ ؎ ظاہر و باطن توئی و طالب و مطلوب تو ۔۔۔ وائی دگر نامے ست اندر ہر زباں انداختہ

صفت اُولی اَجنحہ طُیورِ عُقولِ الٰہی

عقول الٰہی کے پردار پرندوں کا ذکر

لغات اجنحہ جناح کی جمع۔ انسان اور پرندوں کے بازو طیور طائر کی جمع پرندے۔ عقول سے یہاں مراد ارواح مجردہ ہیں۔ حکما عقول کو ایسی ہستیوں کی صورت میں تسلیم کرتے ہیں۔ جن کو شریعت اسلام کی زبان میں ملائکہ اور ہنود کی اصطلاح میں دیوتا کہا جاتا ہے۔ مگر حکماء کی عقول ان کے اختیار فعل اور استقلال قدرت کے عقیدہ فاسدہ کے اعتبار سے ہندوؤں کے دیوتاؤں سے زیادہ ملتی جلتی ہیں۔ چنانچہ وہ کہتے ہیں۔ کہ خداوند تعالیٰ ایک عقل کو پیدا کرکے (نعوذ باللہ) معطل و فارغ ہوگیا۔ پھر پہلی عقل نے دوسری عقل اور پہلا آسمان بنایا۔ دوسری عقل نے تیسری عقل اور دوسرا آسمان۔ تیسری نے چوتھی عقل اور تیسرا آسمان علی ہذا۔ نویں عقل نے دسویں عقل اور نوواں آسمان پیدا کیا۔ پھر دسویں عقل نے کل عالم پیدا کیا۔ اس عقل کو عقل کل یا عقل فعّال کہتے ہیں وھذا ظن فاسد وزعم کاسد فارسی زبان کے مسلمان شعرائے جہاں کہیں حکماء کی اصطلاح قدیم کے رواج پر عقل کل کا لفظ استعمال کیا ہے۔ وہاں اُن کے مذہبی عقیدہ کے اعتبار پر اس سے جبرئیل علیہ السلام مراد لیا جاتا ہے۔ اسی طرح مولانا رومؒ نے قدیمی انداز کلام پر ارواح مجردہ کو عقول سے تعبیر کیا ہے۔

قصۂ طوطیِ جاں زینساں بود ۔۔۔ کو کسے کو محرمِ مرغاں بود

عقول عشرہ کا خیال باطل

لغات کو بمعنی کجا۔ نایابی کے اظہار کے لئے۔ محرم واقف۔ باخبر رازدار۔ ہمراز۔

ترجمہ جان کے طوطے (یعنی روح) کا حال اسی قسم کا ہے۔ (کہ وہ عشق الٰہی میں محو ہے) کہاں ہے وہ جو (ان روحانی) پرندوں کا رازدار ہو۔

مطلب بستانِ محبت کے طیور کا ہمراز وہی شخص ہو سکتا ہے۔ جو خود اہل محبت میں سے ہو۔ اور محبت کی قدر و قیمت کو جانتا ہو۔ حافظ رح ؎

ہشیار ازاں نیم کہ مے نیست مرا ۔۔۔ مے ہست ولے حریفِ مے نایاب ست

کو یکے مُرغے ضعیفے بے گناہ ۔۔۔ واندرُون اُو سلیماں با سپاہ

لغات کو کہ او کا مخفف۔ سلیمانؑ ایک پیغمبر کا نام جو جن و انس کے پادشاہ اور روئے زمین کے حکمران تھے۔ یہاں یہ لفظ استعارہ ہے۔ روح سے۔ اور سپاہ استعارہ ہے قوائے روحانیہ سے۔

ترکیب کو میں کاف بیانیہ ہے آو مبتدا یکے مرغے ضعیفے بیگناہ خبر۔ حرف ربط محذوف۔ یہ جملہ بن کر بیان ہوا طوطی جان کا جو شعر سابق میں مبین ہے۔

ترجمہ جو ایک پرندہ ہے۔ (جس کا جسم عنصری) کمزور (مگر اصل فطرت پاک اور) بیگناہ (ہے)۔ اور اس کے اندر (روح کا شاہ) سلیمان ہے (جو بہت سی طاقتوں کی) سپاہ رکھتا ہے۔

مطلب اس ترجمے کا منشا یہ ہے۔ کہ مرغے ضعیفے سے انسان کامل (بمعیت جسم و روح) مراد ہو ایک اور طرح بھی مطلب ہو سکتا ہے۔ کہ مرغے سے صرف طائر روح مراد ہو۔ اور اس کو ضعیف باعتبار تعلق جسد عنصری کے کہا ہو۔ سلیمان مجازًا بادشاہ حقیقی کو کہا ہو۔ اور سپاہ سے اس کی صفات حقیقی مراد ہوں۔ اب یہ مطلب ہوگا۔ کہ وہ طائر رُوح باوجود ناچیز ہونے کے ذات و صفات حق کا مظہر ہے۔

چُوں بنالد زار بے شکر و گِلہ ۔۔۔ افتد اندر ہفت گردُوں غُلغُلہ

لغات زار بہت۔ بکثرت۔ غلغلہ فارسی کلمہ ہے۔ ہر دو غین کے ضمہ سے بمعنی شور و غوغا۔

ترجمہ جب وہ بغیر کسی شکر و شکایت کے (خالص درد سے) خوب روتا ہے۔ تو ساتوں آسمانوں میں ایک شور برپا ہو جاتا ہے۔ کما قیل ؎

آلِ نبی چو دستِ تظلم برآورند ۔۔۔ ارکانِ عرش را بتزلزل درآورند

مطلب خاصانِ حق کے جذبات سے ملائکہ متاثر ہو جاتے ہیں مختلف احادیث سے ثابت ہے۔ کہ بندوں کے اعمال و افعال کا ملائکہ پر اثر ہوتا ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب حجۃ اللہ البالغۃ میں فرماتے ہیں۔ فکلما فعل فرد من افراد الانسان فعلا منجیا خرجت من تلك الملئكة اشعة بهجة وسرور وكلما فعل فعلا مهلكا خرجت منهم شعلة نفرة و بغض الخ یعنی جب ایک آدمی کوئی نیک کام کرتا ہے۔ تو ان فرشتوں سے خوشی اور مسرت کی شعاعیں نکلتی ہیں۔ اور جب کوئی برا کام کرتا ہے۔ تو ان سے نفرت اور بغض کی شعاعیں نکلتی ہیں۔

اعمال بندہ سے ملائکہ متاثر ہوتے ہیں۔

ہر دمش صد نامہ صد پیک از خدا یا بہ زو شصت لبیک از خدا

لغات ۔ ہر دمش میں ہر دم ظرف ہے شین بمعنی اور ا پیک قاصد۔ یا بہ میں یا رب بمعنی اللھم مراد نعرہ دعا اور یا وحدت کے لئے۔ شصت ساٹھ لبیک کے معنی میں حاضر ہوں۔ جب یہ کلمہ خدا سے منسوب ہو۔ تو اس کے معنی توجہ اور اجابت دعا کے ہونگے۔

ترجمہ اس کو ہر لحظہ سینکڑوں نامہ و پیام خدا کی طرف سے (پہنچتے) ہیں۔ اس کا ایک (نعرہ) یا رب (اور) خدا کی طرف سے ساٹھ مرتبہ قبولیت (ہوتی) ہے۔

مطلب عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ علیہ وسلم یَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَۃِ فَلَہٗ عَشْرُ اَمْثَالِھَا وَ اَزِیْدُ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّیِّئَۃِ فَجَزَآءُ سَیِّئَۃٍ مِّثْلُھَا اَوْ اَغْفِرُ وَمَنْ تَقَرَّبَ مِنِّیْ شِبْرًا تَقَرَّبْتُ مِنْہُ ذِرَاعًا وَمَنْ تَقَرَّبَ مِنِّیْ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ مِنْہُ بَاعًا وَمَنْ اَتَانِیْ یَمْشِیْ اَتَیْتُہٗ ھَرْوَلَۃً وَّ مَنْ لَقِیَنِیْ بِقُرَابِ الْاَرْضِ خَطِیْئَۃً لَّا یُشْرِکُ بِیْ شَیْئًا لَقِیْتُہٗ بِمِثْلِھَا مَغْفِرَۃً رَوَاہُ مُسْلِم۔ یعنی ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں۔ کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالیٰ کہتا ہے۔ جو شخص ایک نیکی کرے۔ اس کے لئے دس گنا ثواب ہے۔ اور زیادہ بھی + اور جو شخص ایک بدی کرے۔ تو بدی کا بدلہ اس کے برابر ہے یا میں بخش دیتا ہوں۔ اور جو شخص مجھ سے ایک بالشت بھر تقرب چاہتا ہے۔ میں اس سے ایک گز نزدیک ہو جاتا ہوں۔ اور جس نے میری طرف ایک گز بھر نزدیکی چاہی۔ میں اس سے دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ برابر قریب ہو جاتا ہوں۔ اور جو شخص میری طرف چل کر آتا ہے۔ میں اس کی طرف دوڑ کر آتا ہوں۔ اور جو شخص میرے پاس دنیا بھر کے برابر گناہ لے کر آئے بشرطیکہ کسی چیز کو میرا شریک نہ بناتا ہو۔ میں اس کے برابر مغفرت کے ساتھ اس سے پیش آتا ہوں۔ اس حدیث کو مسلم نے روایت کیا ہے۔ (مشکوۃ)

زلّت او بہ زطاعت پیش حق نزد کفرش جملہ ایمانہا خلق

لغات زلّۃ زاے معجمہ کے کسرہ اور لام کی تشدید سے لغزش کتب لغت میں بفتح نا بھی لکھا ہے۔ خلق خاء اور لام کے فتحہ سے بوسیدہ کہنہ۔

ترجمہ اس کی لغزش خدا کے نزدیک (دوسرے لوگوں کی) طاعت سے بڑھکر ہے۔ اس کے کفر کے مقابلے میں تمام (لوگوں کے) ایمان بوسیدہ ہیں۔

مطلب چونکہ خاصانِ حق سے معصیت ظہور نہیں پا سکتی۔ اس لئے ان سے جو لغزش بھی سرزد ہوتی ہے۔ وہ خلوص و نیک نیتی پر مبنی ہوتی ہے جس کو خطاء اجتہادی کہنا چاہیئے۔ اور چونکہ اللہ تعالیٰ نیتوں کو دیکھتا ہے۔ اس لئے یہ لغزش بھی اس کے نزدیک ان غیر مخلص لوگوں کے اعمال حسنہ سے بہتر ہے۔ جو عبادت برسبیل عادت بجالاتے ہیں۔ مولانا بحر العلوم رحمۃ اللہ علیہ انسان کامل کی لغزش کے عوام کی طاعت سے بہتر ہونے کی ایک اور توجیہ فرماتے ہیں۔ یعنی وہ استغفار پر متوجہ ہو کر ایسے مرتبہ عظمیٰ پر فائز ہو جاتا ہے۔ جو عوام کو طاعات و عبادات کے ذریعہ سے بھی میسر نہیں ہو سکتا۔ اسی لئے حضرت آدم علیہ السلام

خاصان حق کی خطا عوام کی طاعت سے افضل ہے

کا نزول اکل حنطہ کے بعد سزا کی جہت سے نہ تھا۔ بلکہ انعام کی قبیل سے تھا۔ پھر فرمایا کہ اہل اللہ کو جب کسی لغزش کی وجہ سے انحطاط پیش آتا ہے۔ تو اس سے انکو وہ خاکساری اور حیا اور کسر نفسی عارض ہو جاتی ہے۔ جو ان کو اس درجے سے بلند کر دیتی ہے۔ جو لغزش سے پہلے حاصل تھا۔ اس لئے یہ انحطاط ان کے لئے عین معراج ہوتا ہے۔ دوسرے مصرعہ کی تشریح یوں فرماتے ہیں۔ کہ انسان کامل کا کفر عامۃ الناس کے کفر ایمان سے اس لئے بہتر ہے۔ کہ اس کا کفر مثلاً یہ ہے۔ کہ وہ فنا کے وقت ربوبیت کا دعوے کرتا ہے۔ اور کہتا ہے۔ سُبْحَانِیْ مَا اَعْظَمَ شَانِیْ اور یہ قول اگرچہ فضائے قاضی میں کفر ہے۔ مگر اس میں شک نہیں۔ کہ عین ایمان بلکہ عامۃ الناس کے ایمان سے بہتر ہے۔ جو محض تقلید پر مبنی ہے۔ حافظ رح ؎

ترسم آں قوم کہ بر دُرد کشاں میخندند بر سر کارِ خرابات کنند ایماں را

ہر دمے اُورا یکے معراجِ خاص بر سرِ تاجش نہد حق تاجِ خاص

ترجمہ اس کو ہر لحظہ ایک خاص معراج (یعنے ترقی مراتب حاصل ہوتی رہتی) ہے۔ اس کے (منعمی) تاج پر خداوند (انعام واعزاز کا) خاص تاج رکھ دیتا ہے۔

مطلب معراج سے مراد مرتبہ قرب ہے۔ چونکہ مراتب قرب کی کوئی انتہا نہیں۔ اس لئے خاصانِ خدا کو یہ ترقی لحظہ بلحظہ علی الدوام ہوتی ہے۔ اور اس کا حصول اولیا و انبیا سب کے لئے عام ہے۔ تاج خاص سے مراد خلافت الٰہی کا اعزاز ہے۔

صورتش بر خاک و جاں در لامکاں لامکانے فوق وہم سالکاں

لغات صورت ظاہری وجود۔ جسم۔ کالبد عنصری۔ لامکان اللہ تعالیٰ کی ایک صفت ہے۔ یعنی وہ کسی مکان میں متمکن نہیں ہے۔ فوق بالاتر۔ اعلیٰ۔ سالکان سے یہاں علمائے رسوم مراد ہیں۔

ترجمہ اس کا ظاہری وجود زمین پر ہے اور روح لامکان میں ہے۔ وہ لامکان جو سالکوں کے وہم سے بھی برتر ہے۔

مطلب شرح عقائد نسفی میں لکھا ہے۔ التمکن عبارۃ عن نفوذ بُعد فی بُعد اٰخر متوھم او متحقق یسمّی ذالک المکان یعنی کسی چیز کے مکان میں متمکن ہونے سے مراد یہ ہے۔ کہ ایک ممتد شے ایک اور وہمی یا تحقیقی امتداد کے اندر سمائی ہو۔ اور اس امتداد کو مکان کہتے ہیں۔" یہ تمکن یا مکانی ہونا اجسام سے خاص ہے۔ ارواح چونکہ جواہر مجردہ سے ہیں۔ اس لئے وہ متمکن نہیں ہیں یعنی لامکان ہیں۔ اس پر یہ سوال پیش ہو سکتا ہے۔ کہ اس معنی میں تو ہر ایک روح لامکان ہے۔ خاصانِ خدا کی ارواح کی کیا خصوصیت ہے۔ دوسرا مصرعہ اور نیچے کے اشعار اس سوال کے جواب پر مشتمل ہیں۔ یعنی علمائے رسوم کے نزدیک جو لامکان سے عالم مجردات مراد ہے۔ مذکورہ لامکان اس سے اعلیٰ وارفع ہے۔ اور چونکہ وہ ذاتِ حق کی ایک صفت ہے۔ اور اس کی صفات قدیم ہیں۔ اور قدیم کی کنہ کوئی دریافت نہیں کر سکتا۔ اس لئے یہ لامکان علمائے رسوم کے وہم و فکر سے بعید ہے۔ اور اس کو عالم امکان اور مکانیات یعنی عالم اجسام کے ساتھ اور علمائے مذکورین کے مزعومہ لامکان یعنی عالم مجردات کے ساتھ یکساں معیت ہے۔ چونکہ انسان کامل کو حق تعالیٰ سے قرب حاصل ہے۔ لہذا اس کی صفت

لامکانیت سے وہ بھی تعلق رکھتا ہے۔

لامکانے نے کہ در وہم آیدت ہر دمے در وے خیالے زایدت

ترجمہ وہ ایسا لامکان نہیں کہ تیرے وہم میں آسکے۔ اور اس کے متعلق تیرے دل میں دمبدم ایک خیال پیدا ہو۔

بل مکان و لامکاں در حکم او ہمچو در حکم بہشتی چار جو

لغات چار جو بہشت کی چار نہریں پانی۔ دودھ۔ شراب اور شہد کی۔

ترجمہ بلکہ مکان اور لامکان اس کے حکم میں ہیں جیسطرح اہل جنت کے حکم میں چار نہریں ہونگی۔

مطلب وہ اعلیٰ لامکان جو حق تعالےٰ کی صفت ہے۔ اور اسی لئے قدامت کے ساتھ متصف ہے۔ عالم مادیات اور عالم مجردات دونوں پر حاوی ہے۔ کما مرّ آنفا۔ لہٰذا اس لامکان سے تعلق رکھنے والا بھی جو خلیفۃ اللہ ہے۔ صرف علمائے رسوم کے مزعومہ لامکان ممکن ہی سے تعلق نہیں رکھتا۔ بلکہ وہ مکان و لامکان سب پر حکمران ہے۔ اور اس کا فیض کل عالم کو پہنچتا ہے۔ صائب رح ؎

میرسد فیض سبک روحاں باطراف جہاں مے شود آفاق روشن صبح چوں خنداں شود

شرح ایں کوتہ کن و رخ زیں بتاب دم مزن واللہ اعلم بالصواب

ترجمہ اس (بیان) کی تفصیل کو یہیں رہنے دو۔ اور اس ذکر کو چھوڑو۔ خاموش ہو رہو۔ اللہ بہتر جانتا ہے۔

باز میگردیم ازیں اے دوستاں سوئے مرغ و تاجر ہندوستاں

ترجمہ اے دوستو ہم اس (بحث) سے پرندے اور تاجر ہندوستان (کے قصے) کیطرف لوٹتے ہیں۔

دیدن خواجہ در دشت طوطیاں را و پیغام رسانیدن

سوداگر کا جنگل میں طوطوں کو دیکھنا اور پیغام پہچانا۔

مرد بازرگاں پذیرفت ایں پیام کو رساند سوئے جنس از وے سلام

ترجمہ سوداگر نے اس پیغام کا ذمہ اٹھا لیا۔ کہ (اس کے) ہمجنسوں کو اس کا سلام (و پیام) پہنچا دے گا۔

چونکہ تا اقصائے ہندوستاں رسید در بیاباں طوطیے چندے بدید

ترجمہ جب ہندوستان کی حدود میں پہنچا۔ تو جنگل میں کچھ طوطے دیکھے۔

مرکب استانید و پس آواز داد　　آں سلام و آں امانت باز داد

ترجمہ سواری ٹھہرائی۔ اور پھر آواز دی (اور) وہ سلام و پیغام پہنچا دیا۔

طوطیے از طوطیاں لرزید و پس　　او فتاد و زود بگسستش نفس

ترجمہ (بس) ان طوطوں میں سے ایک طوطا کانپنے لگا۔ اور اُس کے بعد گر پڑا۔ اور (گرتے ہی) فوراً اس کا دم ٹوٹ گیا۔

شد پشیماں خواجہ از گفتِ خیر　　گفت رفتم در ہلاکِ جانور

ترجمہ شریف آدمی اس خبر کے بیان کرنے سے پشیماں ہوا۔ (اور) کہنے لگا۔ میں (ایک) جاندار کے مار ڈالنے کا مرتکب ہوا۔

ایں مگر خویش ست با آں طوطیک　　ایں مگر دو جسم بود و روح یک

ترجمہ شاید یہ (طوطا) اس غریب طوطے کا عزیز ہے۔ شاید یہ (طوطا اس طوطے کے ساتھ) بمنزلہ دو قالب و یکجان تھا۔

ایں چرا کردم چرا دادم پیام　　سوختم بیچارہ را زیں گفتِ خام

ترجمہ (افسوس) میں نے کیوں (ایسا کام) کیا کیوں پیغام دیا۔ اس فضول بات نے (ناحق) بیچارے (طوطے) کو (سوزِ غم میں) جلا دیا۔

ایں زبان چوں سنگ و فم آہن وش ست　　آنچہ بجہد از زبان چوں آتش ست

لغات سنگ پتھر۔ یہاں چقماق مراد ہے جس کو لوہے پر مارنے سے آگ نکلتی ہے۔ فم منہ۔ دہاں۔

ترجمہ یہ زبان گویا (چقماق کا) پتھر ہے۔ اور منہ لوہے کی مثل ہے۔ زبان سے جو (کلمہ) نکلتا ہے۔ وہ گویا (اس چقماق کی) آگ ہے۔

مطلب اوپر ایک پیام خاص کی مضرت کا ذکر تھا۔ اب بمناسبت مقام آفات لسان کے متعلق فرماتے ہیں۔ کہ انسان کی زبان میں آگ لگا دینے کی خاصیت ہے۔ مشکوٰۃ شریف میں ایک حدیث ہے۔ کہ کسی صحابی نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ آپ کے خیال مبارک میں کونسی چیز میرے لئے سب سے زیادہ خطرناک ہے۔ تو آپ ﷺ نے اپنی زبان مبارک کو پکڑ کر فرمایا۔ یہ۔ احیاء العلوم میں امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ اعلم ان خطر اللسان عظیم و لا نجاۃ من خطرہ الا بالصمت فذلک مدح الشرع الصمت یعنی واضح ہو۔ کہ زبان کا خطرہ بڑا ہے اور اس کے خطر سے صرف خاموشی کی بدولت محفوظ رہ سکتے ہیں۔ اسی لئے شرع نے خاموشی کی تعریف کی ہے۔ کما قیل ؎

بہ بند لب کہ زبانِ تو خصمِ جان تو ہست
بر نگ پستہ شکستِ تو از زبان تو ہست

آفات زبان

سنگ و آہن را مزن بر ہم گزاف گہ ز روئے نقل و گہ از روئے لاف

لغات گزاف کاف فارسی کے کسرہ سے بیہودہ اور لغو بات لاف۔ بکواس۔ شیخی کی فضول باتیں۔

ترجمہ (اس) چقماق اور لوہے کو بیفائدہ ایک دوسرے پر نہ مارو۔ کبھی نقل کے طور پر اور کبھی شیخی سے

مطلب ضرورت اور فائدہ دیکھو۔ تو زبان کو حرکت میں لاؤ۔ ورنہ خاموش رہو۔ نظامی رح ؎

بہنگام خود گفت باید سخن کہ بے وقت بر ناورد نار بُن
خرد سے کہ بے گہ نوا بر کشید سرش را بگہ باز باید بُرید
سر بے زباں کو بخوں تر بود بہ است از زبانے کہ بے سر بود
زباں را نگہدار در کام خویش نفس بر مزن جز بہنگام خویش

زانکہ تاریکی ست ہر سو پنبہ زار در میان پنبہ چوں باشد شرار

ترجمہ کیونکہ (ایک تو) تاریکی چھا رہی ہے (جس سے قابل و ناقابل طبائع کی شناخت مشکل ہے۔ دوسرے) ہر طرف روئی پھیلی پڑی ہے۔ (یعنی فی الفور سلگ اٹھنے والا سامان جمع ہے) پس روئی میں چنگاری (آگ لگائے بغیر) کیونکر رہ سکتی ہے۔

مطلب ایسی بات منہ سے نکالنی نہیں چاہیئے جس سے فتنہ و فساد پھیلنے کا اندیشہ ہو۔ کیا معلوم سننے والا کس طبیعت کا آدمی ہے۔ اور کس رنگ میں آگے نقل کرے۔ حتی کہ بات کا تبنگڑ بن جائے۔ اس میں یہ بھی اشارہ ہے۔ کہ اسرار توحید عوام کے سامنے بیان کرنے میں کمال احتیاط لازم ہے۔ ورنہ دین میں فتنہ پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔ جامی رح ؎

پیش ارباب خرد شرح مکن مشکل عشق نکتۂ خاص مگو محفل عام ست اینجا
حافظ ؎ گفت آں یار کزو گشت سر دار بلند جرمش آں بود کہ اسرار ہویدا میکرد

ظالم آں قومیکہ چشماں دوختند وز سخنہا عالمے را سوختند

ترجمہ ظالم ہیں وہ (ظاہر پرست و حقیقت ناشناس) لوگ جنہوں نے (اپنی) آنکھوں پر پٹی باندھ کر (توحید کی باریک) باتوں سے ایک جہان میں (فتنے کی) آگ لگا دی۔

مطلب اس سے وہ مدعیان فقر مراد ہیں۔ جو آداب شرع سے عاری اور مصالح دین سے نابلد ہیں۔ طریقت کے سربستہ اسرار کو جن کا تعلق صرف ذوق و وجدان کے ساتھ ہے۔ ایسے الفاظ میں بیان کرنے کا ارتکاب کرتے ہیں۔ جو عقائد شرعیہ کے خلاف ہیں۔ اور وہ اس طرز عمل سے اسلام میں فتنہ و فساد اور اسلامی جماعتوں میں نزاع و عناد پیدا کر دیتے ہیں۔ حافظ رح ؎

اگرچہ بادہ فرح بخش و باد گلریز ست بہانگ چنگ مخورئے کہ محتسب تیز ست
در آستین مرقع پیالہ پنہاں کن کہ ہمچو چشم صراحی زمانہ خونریز است
سعدی ؎ ایں مدعیاں در طلبش بیخبر انند کاں را کہ خبر شد خبرش باز نیامد

اس سے وہ عالم لوگ بھی مراد ہو سکتے ہیں جو علمی اسرار کے بیان کرنے میں سامعین کی صلاحیت اور مقدار فہم کا لحاظ نہیں رکھتے جس سے ان لوگوں کو طرح طرح کے شکوک و شبہات اور خطرات پیدا ہو کر الٹا نقصان پہنچتا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ واضع العلم عند غیر اھلہ کمقلد الخنا زیر الجوھر و اللؤلؤ والذھب یعنی ناقابل لوگوں کو علم کی دولت دینے والا ایسا ہے۔ جیسے خنزیروں کے گلے میں جواہر اور موتی اور سونے کے ہار ڈالنے والا (مشکوۃ) اور جواہر علم اس طرح علم کے ساتھ بد سلوکی روا رکھے اس کے ظالم ہونے میں کیا شک ہے۔ نیز احادیث سے ثابت ہے۔ کہ علماء خداوند تعالیٰ کے رازدار ہیں۔ یعنی علوم الٰہیہ کے ناگفتنی اسرار کو محفوظ رکھنا ان کا فرض ہے۔ پس جو عالم مصلحت شناسی کی آنکھ بند کر کے اسرار الٰہیہ کو بے محل افشا کرتا پھرے۔ جس سے مصالح دین کو ضرر پہنچتا ہو۔ اس کا ظالم ہونا بھی عیان ہے۔ کما قیل ؎

اسرار خدا بروں مفگن کہ زغیب — یک نقطہ اگر بروں فتد عیب بود

عالمے را یک سخن ویراں کند — رُوبہانِ مُردہ را شیراں کُند

ترجمہ ایک بات (ایسی ہوتی ہے۔ کہ) دنیا بھر کو (گمراہی سے) ویران کر دیتی ہے۔ (اور) لومڑیوں (کے سے فرومایہ لوگوں) کو جو مردہ (وار چپ چاپ پڑے) ہوں۔ (دین پر معترض ہونے کے لئے) شیر بنا دیتی ہے۔

مطلب زیاد ابن ابیہ کہتے ہیں۔ کہ حضرت عمرؓ نے مجھ سے پوچھا۔ ھَلْ تَعْرِفُ مَا یَھْدِمُ الْاِسْلَامَ کیا تم جانتے ہو۔ کہ اسلام کی عمارت کو کونسی چیز گراتی ہے۔ میں نے عرض کیا معلوم نہیں۔ تو فرمایا۔ یَھْدِمُہٗ زَلَّۃُ الْعَالِمِ وَجِدَالُ الْمُنَافِقِ بِالْکِتَابِ وَحُکْمُ الْاَئِمَّۃِ الْمُضِلِّیْنَ۔ گراتی ہے اس کو عالم کی لغزش اور منافق کا کتاب اللہ کے ساتھ بحث کرنا اور گمراہ سرداروں کا حکم چلانا (مشکوۃ)

جانہا در اصل خود عیسےٰ دم اند — یکزماں زخم اند و دیگر مرہم اند

لغات ۔ اصل فطرت۔ آفرینش۔ عیسیٰ دم مرکب غیر استزاجی۔ یعنی وہ شخص جس کا دم اپنے اثر کے لحاظ سے حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے دم کا سا ہو۔ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے دم میں یہ تاثیر تھی۔ کہ جس مریض پر پھونک مارتے۔ وہ فوراً تندرست ہو جاتا۔ دیکھو اس شرح کا حصہ اول

ترجمہ روحیں اپنی اصل (فطرت) میں حضرت عیسےٰ کا سا دم رکھتی ہیں۔ ایک وقت میں (بعض لوگوں کے لئے) مہلک) زخم (بنجاتی) ہیں اور دوسرے وقت (بعض اور لوگوں کے زخم کے لئے) مرہم (ثابت ہوتی) ہیں۔

مطلب ۔ اوپر جو بیان کیا تھا۔ کہ بعض باتوں کا اظہار باعث ضرر ہوتا ہے۔ اس کی تائید میں فرماتے ہیں۔ کہ اس بات سے تعجب نہ کرنا چاہیئے۔ کیونکہ ایک پاک و کامل روح کا خاصہ ہے۔ کہ اس کی باتیں اہل صلاحیت کو فائدہ بخشیں۔ اور فاسد الاستعداد لوگوں کو ضرر پہنچائیں۔ جیسے کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے دم کا خاصہ ہے۔ کہ وہ مومنین اور اہل ارادت کے لئے شفائے امراض تھا۔ اور قرب قیامت میں جب

وہ دجال کا مقابلہ کرینگے۔ تو ان کا سانس کافروں کے لئے پیام موت ثابت ہوگا۔ احادیث میں مروی ہے۔ کہ فلا یحل لکافر یجد من ریح نفسہ الا مات ونفسہ ینتہی حیث ینتہی طرفہ۔ پس کسی کافر کے لئے ممکن نہیں۔ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے سانس کی بو پائے۔ مگر وہ مر جائیگا۔ اور ان کا سانس جہانتک ان کی نگاہ کام کرے گی۔ پہنچیگا۔ (مشکوٰۃ)

گر حجاب از جانہا بر خاستے گفت ہر جانے مسیحا آستے

لغات حجاب پردہ۔ کثافت جسمانی مراد ہے۔ گفت حاصل مصدر بمعنی گفتار آستے بمعنی شل ستے بمعنی ست حرف ربط۔

ترجمہ۔ اگر روح سے کثافت جسمانی کا حجاب اُٹھ جاتا۔ تو ہر روح کی بات (اپنے اثر کی رو سے) مسیح (کے سانس) کی سی ہوتی۔

مطلب بے شک ہر روح اپنے اصل فطرت میں دم عیسےٰ کی طرح مردوں کے لئے موجب حیات اور زندوں کے لئے پیام اجل ہے۔ مگر چونکہ تعلقات جسمانیہ سے عالم ارواح پر شہوت وغضب اور جہل وغیرہ صفات ذمیمہ کا حجاب پڑ گیا ہے۔ اس لئے وہ اپنی فطرت اصلیہ پر نہیں رہیں۔ اگر یہ حجاب دُور ہو جائے۔ تو ہر شخص کے کلام سے دم عیسوی کی سی تاثیر ظاہر ہو سکتی ہے۔ صائب رح ؎

باحجاب تن خاکی نتواں واصل شد — کوزۂ خود بشکن لب بلب جو بگذار

دلہ ؎ حال جانِ پاک را در قید تن، داند کہ چیست — ہر کہ ماہِ مصر را در چاہِ زنداں دیدہ است

گر سخن خواہی کہ گوئی چوں شکر صبر کن ایں حرص و ایں حلوا مخور

ترجمہ اگر تم چاہو۔ کہ شکر کی سی (شیریں ومفید) باتیں کرنے لگو۔ تو اس (کثرت طعام اور فضول کلام کی) حرص سے صبر کرو۔ اور یہ حلوے مت کھاؤ۔

مطلب۔ چونکہ لذائذ جسمانیہ روح کے لئے حجاب بن جاتی ہیں۔ اس لئے اس حجاب کے اٹھانے کی یہ تدبیر بتاتے ہیں۔ کہ لذائذ جسمانیہ کم کر دو۔ تھوڑا کھاؤ۔ تھوڑا بولو۔ سعدی رح ؎

ترا تا دہن باشد از حرص باز — نیاید بگوشِ دل از غیب راز

حقیقت سرائے ست آراستہ — ہوا و ہوس گرد بر خاستہ

نہ بینی کہ جائیکہ برخاست گرد — نہ بیند نظر ورچہ بیناست مرد

عمر خیام غفر اللہ لہٗ ؎

در کامِ تو گر زانہ لوزینہ نہد — زنہار فرو مبر کہ زہر آلود ست

احادیث سے ثابت ہے کہ کثرت طعام اور فضول کلام سے روح محجوب ہوتی ہے۔ اور دل پر قساوت چھا جاتی ہے۔ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا یدخل ملکوت السماء من ملا بطنہ۔ یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص اپنا پیٹ بھرے۔ وہ اعلیٰ روحانی مراتب حاصل نہیں کر سکتا (احیاء العلوم) قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا تکثروا الکلام بغیر ذکر اللہ فان کثرۃ

الکلام بغیر ذکر اللہ قسوۃ القلب یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ کے ذکر کے سوا زیادہ نہ بولو۔ کیونکہ اللہ کے ذکر کے سوا زیادہ بولنا دل کی سختی (کا باعث) ہے (ریاض الصالحین)

ع عمرِ خود کوتاہ کرد و نامۂ خود را سیاہ ہر کہ صائب چوں قلم سرور سرِ گفتار کرد

وقیل ع ہر زہ گویاں بر سرِ خود صد بلائے آورند خندۂ کبکانِ دیدل راہِ شاہیں میشوند

صبر باشد مشتہائے زیرکاں ہست حلوا آرزوئے کودکاں

لغات۔ صبر صاد کے فتحہ سے بمعنی ضبطِ نفس و کسرِ خواہش اور کسرہ سے بمعنی ایلوا۔ جو ایک مشہور تلخ دوا ہے۔ اور بہت سے امراض میں مفید ہے۔ مشتہی مرغوب۔ مطلوب جس کو جی چاہے۔ اشتہا کا اسم مفعول ہے۔

ترجمہ صبر (یا تلخ دوا بغرض شفا) دانا لوگوں کو مرغوب ہے اور حلوا بچوں کو بھاتا ہے۔

مطلب۔ لہٰذا نفسانیہ کی خواہش کرنا نفس پرستوں کا شیوہ ہے۔ صائب رح ع

طفل را از میوۂ نارس نمے باشد شکیب ہست دائم کام خلق از آرزوئے خام تلخ

ہر کہ صبر آورد گردوں بر رود ہر کہ حلوی خورد واپس ترشود

ترجمہ جو شخص صبر بجا لاتا ہے (وہ علو مراتب سے) سر بفلک ہو جاتا ہے۔ جو شخص (نفسانی لذتوں کا) حلوا کھاتا ہے۔ وہ تنزل کر جاتا ہے۔

مطلب نفس پرست اور شکم پرور روحانی ترقی نہیں کر سکتا۔ جیسے کہ اوپر احیاء العلوم سے یہ حدیث نقل کی گئی ہے۔ کہ لا یدخل ملکوت السماء من ملأ بطنہ۔ لیکن جو مردِ خدا مجاہدات و ریاضات اختیار کرتا ہے وہ ترقی کرتا کرتا فرشتوں میں جا ملتا ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہٗ ملائکہ کے ذکر میں لکھتے ہیں۔ وَاِنَّ لِاَزْوَاجِ اَفَاضِلِ الْاٰدَمِیِّیْنَ دُخُوْلًا فِیْهِمْ وَلُحُوْقًا بِهِمْ کَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی یٰاَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِیْ اِلٰی رَبِّكِ رَاضِیَةً مَّرْضِیَّةً فَادْخُلِیْ فِیْ عِبَادِیْ وَادْخُلِیْ جَنَّتِیْ۔ یعنی عالی رتبہ انسان فرشتوں میں داخل ہو جاتے ہیں۔ اور ان میں جا ملتے ہیں۔ جیسے کہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے۔ اے نفسِ مطمئنہ اپنے پروردگار کی طرف جا۔ بحالیکہ تو خوشنود ہو۔ اور تجھ کو اس سے خوشنودی ہو۔ اور میرے بندوں میں اور میرے بہشت میں داخل ہو (حجۃ اللہ البالغہ)

صائب ع چوں شبنمِ پاکیزہ گہر جسم گدازاں ور دامنِ گلزار بخورشید سوارند

تفسیر قول شیخ فریدالدین عطار قدس سرہٗ

تو صاحبِ نفسی اے عاقل میان خاک خوں مخور کہ صاحبدل اگر زہرے خورد آں انگبیں باشد

ترجمہ شیخ فریدالدین عطار قدس سرہ کے اس قول کی تفسیر کہ اے عاقل تو صاحبِ دل ہے

(بلا تامل) مٹی میں خون پی جا۔ کیونکہ صاحبدل اگر زہر بھی کھالے۔ تو وہ شہد بنجاتا ہے۔

مطلب اوپر مبتدی و ناقص کو دو باتوں کی ہدایت کی تھی۔ ایک تو یہ کہ افشائے راز نہ کرے۔ دوسرے لذات سے پرہیز رکھے۔ اس میں احتمال تھا کہ اگر یہ لوگ کسی کامل کو اظہار راز اور حصول لذات کرتے دیکھیں گے۔ تو معترض ہونگے۔ کہ اگر یہ کام ناجائز ہیں۔ تو یہ بزرگ اس سے پرہیز کیوں نہیں کرتے۔ اور اگر جائز ہیں تو ہم کو اس سے کیوں منع کیا گیا۔ مولانا فرماتے ہیں۔ کہ یہ کام ناقص کے لئے مضر ہیں۔ کامل کو مضر نہیں لہذا ان کے لئے یہ کام جائز ہیں۔ اور دوسرے لوگوں کے لئے ناجائز۔ کہ **یجوز لھم مالا یجوز لغیرھم** مسلمہ اصول ہے۔ جامی رح ؎

مکن مزاحمت اہل دل کہ محفوظ است ۔۔۔ زسنگ بے خرداں شیشہ خانہ افلاک

وله ۔۔۔ زد طعنہ شیخ شہر بر اسرار اہل دل ۔۔۔ الماء لا یزال عدوا لماجھل

صاحب دل را نزارد آں زیاں ۔۔۔ گر خورد او زہر قاتل را عیاں

لغات آں اسم اشارہ کا مشار الیہ زہر مقدر ہے یا یہ اسم اشارہ بطور ضمیر استعمال کیا گیا ہے۔ اس صورت میں یہاں اضمار قبل الذکر ہے۔ عیاں ظاہرًا۔ برملا۔ صاف طور سے۔

ترجمہ صاحبدل اگر صاف طور پر زہر قاتل بھی پی جائے۔ تو اُسے وُہ کچھ ضرر نہیں کرتا۔

زانکہ صحت یافت و زپرہیز رست ۔۔۔ طالب مسکیں میان تب درست

لغات در حرف ظرفیت دوسرے مصرعہ میں زائد ہے۔ **ترکیب** یافت کی ضمیر فاعلی مستتر صاحبدل کی طرف راجع ہے۔

ترجمہ کیونکہ وہ (کامل تو) صحتیاب ہو چکا۔ اور پرہیز سے چھوٹ گیا (اسکو پرہیز کی ضرورت نہیں) مبتدی بیچارہ (ابھی غلبہ جسمانیت کے) بخار میں مبتلا ہے (وہ پرہیز کیوں نہ کرے)

رفع اشتباہ بعض ملحد و بے دین فقرا اس قسم کے اشعار کو سند پیش کر کے اپنے لئے ترک فرائض اور ارتکاب حرام کے جواز کا دعوای کیا کرتے ہیں۔ نعوذ باللہ منہم۔ سو واضح ہو کہ یہاں بیان اسرار اور حصول لذات سے امور مباح مراد ہیں۔ جن سے پرہیز کرنا داخل ادب اور شان طریقت ہے۔ خصوصًا طالب مبتدی کے لئے شرط طلب و ارادت ہے۔ ورنہ محرمات و منہیات سے پرہیز کرنا۔ اور فرائض دین کا بجالانا تو کامل و غیر کامل سب کے لئے فرض عین ہے۔ جو شخص محرمات شرعیہ سے پرہیز نہ کرے اور ان کو جائز کہے۔ اور فرائض کو غیر ضروری سمجھے۔ وہ کافر و زندیق اور دشمن دین ہے۔ چہ جائیکہ پیر کامل اور صاحبدل ہو اگرچہ اس سے خوارق عادات کا ظہور ہو۔ یہ شیطانی عجائبات اس کے کمال روحانیت کی سند نہیں ہو سکتے۔ حتی کہ اگر کوئی مدعی اظہار کمال کے لئے ہوا میں پرواز کرنے لگے۔ مگر وہ احکام شرع پر عمل نہ کرتا ہو۔ تو اس کا بھی اتباع نہ کرنا چاہیے۔ **کما قیل** ؎

مخور فریب کرامات زیں تہی مغزاں ۔۔۔ کہ گر بر آب روند از ہوا ست ہمچوں حباب

غنی رح ؎ خرق عادت کے بکار آید دل افسردہ را ۔۔۔ گر رود بر آب نتواں معتقد شد مردہ را

کیا کسی کامل کو ارتکاب حرام اور ترک فرائض جائز ہے۔

تحقیق اہم ۔ ہر مسلمان کو لازم ہے کہ کامل و ناقص کے امتیاز کے لئے اتباعِ شریعت کا معیار سامنے رکھے ۔ جو شخص متبع شرع ہے ۔ وہی ولی اہل اللہ ہو سکتا ہے ۔ اور جس کے اعمال و اقوال خلاف شرع ہیں ۔ وہ مقبول خدا اور ولی ہرگز نہیں ہو سکتا ۔ نہ اسکے خوارق عادت کو کرامت کے نام سے موسوم کر سکتے ہیں بعض اوقات عوام کی عقل پر عجیب پردہ پڑ جاتا ہے ۔ ہر چند کہ وہ دنیوی معاملات میں بڑے چالاک و ہوشیار اور تمدنی و معاشرتی مہمات میں نہایت زیرک و بیدار مغز کہلاتے ہیں ۔ مگر ایک گندہ حال و گبر صورت اور بیدین فقیر ایک آدھ حیرت انگیز بات کہہ کر یا کوئی عجیب کرتب دکھا کر ان کو فریفتہ کر لیتا ہے ۔ خیر ان ٹھگوں مکاروں کا تو ذکر ہی کیا ہے ۔ ہم نے بعض ایسے عجیب الحال فقیروں کو بھی دیکھا ہے ۔ جن پر مکر و فریب اور کید و دسیسہ کا شبہ نہیں ہو سکتا ۔ حاضرین کو غیب کی باتیں بتانا ۔ مرادمندوں کو اُن کی کامیابی یا ناکامیابی کی خبر دینا ان کا مشغلہ ہے ۔ قمار باز اپنی چالیں پوچھنے آتے ہیں ۔ تو کامیاب جاتے ہیں ۔ سٹے والے اپنی مطلب کی بات دریافت کرتے ہیں ۔ تو اُن کی مشکل بھی حل ہو جاتی ہے ۔ فاسق و بدکار اپنی ہوس پرستی کی آرزو لے کر آتے ہیں ۔ تو وہ بھی خالی نہیں جاتے بے غسل و بے طہارت اور گندہ و غلیظ رہنا داخل عادت ہے ۔ پھر تماشا یہ کہ عوام کا رجوع عام ہے ۔ امراء و رؤسا آکر دست بستہ سامنے کھڑے ہوتے ہیں ۔ جن میں بعض لوگ مسلمان دیندار پابند صوم و صلوٰۃ حاجی و حافظ بھی ہوتے ہیں ۔ جامی رح ؎

فغاں زابلہی ایں خرانِ بے دُم و گوش ۔۔۔ کہ جملہ شیخ تراش آمدند و پیر فروش
شوند بر دو سہ روزے مریدِ نادانے ۔۔۔ تہی ز دین و خرد خالی از بصیرت و ہوش
نہ بر برونِ وے از لمعۂ ہدایت نور ۔۔۔ نہ در درونِ وے از شعلۂ محبت جوش

ناظرین کتاب معاف فرمائیں ۔ کہ بات طول پکڑتی جاتی ہے ۔ جو شرح ثنوی کے سلسلے سے غیر متعلق ہے ۔ مگر میں اس وبائے عام اور مرض متعدی کے متعلق کچھ قطعی باتیں لکھنی چاہتا ہوں ۔ جن کا بتانا میرے لئے اور اُن پر غور کرنا ناظرین کے لئے فرض ہے ۔ **واضح ہو** ۔ کہ جو شخص متبع شریعت اور پابند احکام طہارت و ادائے فرائض نہیں اس کے حیرت انگیز اقوال و اعمال کرامت نہیں ہو سکتے ۔ ایسے شخص کا معتقد ہونا پرلے درجے کی حماقت و جہالت ہے ۔ مجالس الابرار میں لکھا ہے ۔ الکرامۃ الحقیقیۃ التی تظھر من اولیاء اللہ تعالیٰ اذ غایۃ الکرامۃ حصول الاستقامۃ والوصول الی کمالھا واللہ تعالیٰ لم یعط العبد من الکرامۃ مثل ان یعینہ علی ما یحب و یرضاہ من التقوی والاستقامۃ اما الکرامۃ بمعنی ظھور امر خارق فلا عبرۃ بہ عند المحققین من اولیاء اللہ تعالیٰ لظھورہ من الکفرۃ الممتاضین وغیرھم من اھل الریاضۃ مع فقدھا العمل والاعتقاد وسبب ذلک علی ما ذکرہ بعض المدققین انہ تعالیٰ قد وضع اسبابًا و اناط بھا مسبباتھا واجری عادتہ ان لا یتخلف مسبب عن سببہ کالاحتراق عند النار ومن جملۃ ذلک الریاضۃ فانہ تعالیٰ جعلھا سببا لتصفیۃ القلوب و اناطھا بھا بحیث یوصل بھا الی الکشف ونحوہ من الخوارق ولا یدل ذلک علی رضا ئہ تعالیٰ ۔ یعنی سچی کرامت وہ ہے ۔ جو اولیاء اللہ سے ظاہر ہوتی ہے ۔ کیونکہ کرامت کی غایت استقامت اور اس کے کمال کا حصول ہے ۔ اور اللہ تعالیٰ کی اس کرامت کے برابر جو وہ اپنے بندے کو بخشتا ہے ۔ کوئی کرامت نہیں ۔ کہ اس کو اپنی محبت اور رضا کی باتوں یعنی تقوی اور استقامت کی توفیق دے ۔ لیکن کرامت بمعنی خارق عادت ۔ سو محقق اولیاء اللہ

کے نزدیک اس کا کوئی اعتبار نہیں۔ کیونکہ اس کا ظہور ریاضت کرنے والے کافر سادھوؤں سے بھی ممکن ہے باوجودیکہ ان کا اعتقاد اور عمل خراب ہوتا ہے۔ اور اس کا سبب جو بعض نکتہ شناس حضرات نے بیان کیا ہے یہ ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے بعض اسباب پیدا کئے ہیں۔ اور ان کے ساتھ ان کے مسببات کو متعلق کیا ہے اور اپنی یہ سنت جاری فرمائی ہے۔ کہ کوئی مسبب اپنے سبب سے متخلف نہ ہو۔ جیسے جلانا آگ کے ساتھ لازم ہے۔ اور ریاضت اسی قبیل سے ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو تصفیہ قلب کا سبب بنایا ہے۔ اور اس کو اس سے اس طرح متعلق کیا ہے کہ اس سے کشف وغیرہ خوارق تک رسائی ہو سکتی ہے۔ مگر پھر کشف وغیرہ کے حصول سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ یہ ریاضت اللہ تعالیٰ کی رضا کی موجب بھی ہے۔" جو لوگ ایسے ملحد و گمراہ لوگوں کو ولی سمجھ لیتے ہیں۔ ان کے بارے میں یہ لکھا ہے۔ کل من خالف شیئا مما جاء بہ الرسول مقتدا فی ذلک لمن یظن انہ ولی وان الولی لا یخالف فی شئ مما یصدر عنہ من الاقوال والافعال فھو ضال وعدو ھؤلاء فی ذلک انھم یرون قد یقع من شخص مکاشفۃ فی بعض الحالات او شئ من الخوارق العادات مثل ان یطیر فی الھواء او یمشی علی الماء و یخبرھم بحال غائبھم او بما سرق لھم او غیر ذلک و یستدلون بھذہ الامور علی ولایتہ ولا یجوزون مخالفۃ مع ان تلک الامور وامثالھا قد ترجد فی شخص لا یطہر الطھارۃ الشرعیۃ ولا ینطف النظافۃ الدینیۃ وقد روی انہ علیہ السلام قال ان اللہ نظیف یحب النظافۃ وفی حدیث اخر انہ علیہ السلام قال ان اللہ طیب لا یقبل الا طیبا وذلک الشخص لا یغتسل ولا یتوضأ ولا یصلی الصلوۃ المکتوبۃ بل یکون ملابسا للنجاسات ومعاشرا للکلاب ویاوی المزابل والمواضع النجسۃ التی یحبھا الجن والشیاطین فکیف یکون ولیا۔ یعنی جو شخص کسی ایسے شخص کی پیروی میں جس کی ولایت کا وہ معتقد ہو۔ اور سمجھتا ہو۔ کہ ولی کے کسی قول و فعل کی مخالفت نہ کرنی چاہیئے۔ شرع پیغمبری کے ذرا خلاف چلے وہ گمراہ ہے۔ اور اس بارے میں ان لوگوں کا اعتقاد اس بات پر ہوتا ہے۔ کہ وہ کسی شخص سے بعض حالات میں مکاشفے یا اور کسی خارق عادت مثلاً ہوا میں اڑنے یا پانی پر چلنے۔ یا کسی غائب کی خبر دینے یا چرائے ہوئے مال کا پتہ بتلانے کا وقوع دیکھ لیتے ہیں۔ اور ان باتوں کو اس کی ولایت کی دلیل قرار دیتے ہیں۔ اور اس کی مخالفت جائز نہیں سمجھتے۔ باوجودیکہ اس قسم کی باتیں ایسے شخص سے بھی ظہور پذیر ہو جاتی ہیں۔ جو شرعی طہارت اور دینی صفائی کا پابند نہیں۔ حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ پاکیزہ ہے اور پاکیزگی کو دوست رکھتا ہے۔ ایک اور حدیث میں مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کہ اللہ تو پاک ہے۔ اور پاک ہی کو قبول کرتا ہے۔ اور وہ شخص (نام نہاد ولی) غسل کرتا ہے نہ وضو کرتا ہے۔ نہ فرض نمازیں پڑھتا ہے۔ بلکہ نجاستوں میں لت پت اور کتوں سے ملا جلا رہتا ہے۔ اور کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہوں اور نجس مکانوں میں ٹھکانا بناتا ہے۔ جن کو جنات و شیاطین پسند کرتے ہیں۔ بھلا وہ کیونکر ولی ہو سکتا ہے۔

اسی کتاب میں لکھا ہے۔ قال ابو یزید البسطامی رضی اللہ عنہ لو ان رجلا مشی علی الماء او یربع فی الھواء فلا تغتروا بہ حتی تنظروا کیف تجدونہ فی الامر والنھی ومراعات الشریعۃ وقیل لہ فلان یمر فی لیلۃ الی مکۃ فقال الشیطان یمر فی لحظۃ من المشرق الی المغرب وھو فی لعنۃ اللہ تعالیٰ۔ یعنی حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی شخص پانی کی سطح پر چلنے لگے۔ یا ہوا میں چار زانو ہو کر

یعنی اگر کوئی شخص ہوا میں اڑنے سے کچھ زیادہ ہی کر دکھائے تو بھی اس کی ولایت ثابت نہیں ہو سکتی ہے۔

ہو کر بیٹھ جائے۔ تو اس کے فریب میں نہ آؤ۔ حتی کہ دیکھنا چاہیے۔ کہ تم اس کو احکام اور ممنوعات اور رعایت شرعی میں کیسا پاتے ہو۔ اور ان سے عرض کیا گیا۔ کہ فلاں شخص ایک رات کے اندر مکے میں چلا جاتا ہے۔ تو فرمایا۔ شیطان ایک لمحہ میں مشرق سے مغرب میں چلا جاتا ہے۔ حالانکہ اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔ ؎

عجب ہیں سادہ طبیعت عوام کالانعام — کہ ٹوٹ پڑتے ہیں جب سبز باغ دیکھتے ہیں
ہوا فتاب حقیقت نگاہ سے اوجھل — جونہی وہ مکر کا روشن چراغ دیکھتے ہیں
ہزار حیف سمجھ بوجھ پر ہے ان کے جو — ہما سمجھتے ہیں جب پر زاغ دیکھتے ہیں
طریق زیست میں جن کی خرد نہیں رہبر — وہ دل پہ سوزِ ندامت کا داغ دیکھتے ہیں

گفت پیغمبر کہ اے طالب جری — ہاں مکن با ہیچ مطلوبے مری

لغات جری مہ بروزن فعیل ہمزہ آخر محذوف ہے۔ صاحب جرأت۔ دلیر گستاخ۔ مری بیائے مجہول بروزن دلے۔ برابری۔ مقابلہ۔ بحث۔ و تکرار۔ ضرورت وزن کے لئے جری کو بھی بیائے مجہول پڑھنا چاہیئے۔

ترجمہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اے گستاخ مرید خبردار! کسی مرشد کی برابری نہ کرنا۔

مطلب کوئی خاص حدیث ان کلمات پر مشتمل نظر سے نہیں گذری۔ البتہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال طیبہ اور افعال مبارکہ سے یہ بات ثابت ہے۔ کہ پیغمبر کی ذات دوسرے لوگوں سے ممتاز ہوتی ہے۔ طاعات و عبادات کی بجاآوری اور اشیاء مباح کے اخذ و ترک میں کوئی شخص ان کی ریس اور برابری نہیں کرسکتا۔ غالباً اسی سے یہ مضمون مستنبط کرکے "گفت پیغمبر" سے تعبیر کیا گیا ہے۔ ایک مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کسی شخص نے عرض کیا کَیْفَ تَصُوْمُ یعنی آپ کس طرح روزے رکھتے ہیں۔ گویا وہ آپ کے روزے کی کیفیت اور ترتیب معلوم کرکے اس کی تقلید کرنی چاہتا تھا۔ تو اس سوال سے آپ کا چہرہ مبارک متغیر ہوگیا کیونکہ اس کو یہ پوچھنا مناسب تھا۔ کہ میں کس طرح روزے رکھوں یا کتنے رکھوں۔ تاکہ اس کے حسب حال جواب دیا جاتا۔ پیغمبر کے ذاتی فعل کے متعلق سوال کرنا ایک تو سوء ادب تھا۔ دوسرے غیر ضروری بھی تھا۔ کیونکہ آپ کے اعمال و افعال ایسے مخصوص مصالح پر مشتمل ہوسکتے ہیں۔ جو کسی دوسرے کے لئے لازم اور مناسب نہیں (مشکوۃ مع حاشیہ) ایک مرتبہ آپ نے مسلسل نفلی روزے رکھنے سے منع فرمایا۔ کسی نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ آپ تو رکھتے ہیں۔ تو فرمایا۔ وَاَیْکُمْ مِّثْلِیْ اور تم میں سے کون میرے برابر ہوسکتا ہے۔ (مشکوۃ)۔ حافظ رح ؎

گفتن بر خورشید کہ من چشمۂ نورم — دانند بزرگاں کہ سزاوار سہا نیست

گفت احمد گر نمے خواہی زلل — ہیں مکن با ہیچ مطلوبے جدل

لغات زلل لغزش جدل جھگڑا۔ لڑائی۔ بحث و تکرار۔

ترجمہ حضرت احمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ اگر تم لغزش میں مبتلا ہونا نہیں چاہتے۔ تو کسی مطلوب (مرشد) کے ساتھ لڑائی جھگڑا نہ کرو۔ جامی رح ؎

خار ستیز در قدم اہل دل مریز — بر طالبان وصل رہ جستجو مبند

الخلاف یہ شعر بعض نسخوں میں نہیں ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام اور نمرود کا حال

در تو نمرودی ست آتش در مرو رفت خواہی اوّل ابراہیم شو

لغات نمرود ایک سرکش و مغرور کافر بادشاہ کا نام ہے۔ جس کے زمانے میں بُت پرستی عام تھی۔ وُہ خود بھی خدائی کا مدعی تھا۔ اور اہل دربار سے اپنے آپ کو سجدہ کراتا تھا۔ حضرت ابراہیم ؑ اس کے زمانے میں مبعوث ہوئے۔ نمرود آپ کی توحید اور ترک شرک کی تعلیم سے سخت برہم ہوا۔ ان کو دربار میں بلایا۔ جب وہ تشریف لائے۔ تو نمرود نے پوچھا تم نے مجھ کو سجدہ کیوں نہیں کیا۔ فرمایا میں خدا کے سوا کسی کو سجدہ نہیں کرتا۔ پھر چند باتیں اور ہوئیں۔ جن میں حضرت ابراہیم ؑ کی حسن تقریر اور زور استدلال نے نمرود کو لاجواب کر دیا۔ یہ دیکھ کر بہت سے لوگ ایمان لے آئے۔ علاوہ اس کے حضرت ابراہیم ؑ ایک مرتبہ موقع پاکر شہر کے بُت خانے میں گئے۔ اور سب بُت توڑ ڈالے۔ ان تمام باتوں سے نمرود نے غضبناک ہو کر حضرت ابراہیم ؑ کو قید کر لیا۔ اور اس پیغمبر حق پر سخت ظلم کرنا شروع کیا۔ پھر ان کو آگ میں ڈلوا دیا۔ مگر خدا کی قدرت سے وہ آگ گلزار ہو گئی۔ اور فرشتوں نے حضرت ابراہیم کا بازو پکڑ کر نہایت آرام سے اُن کو گلزار آتش نُما کے اندر بٹھا دیا۔

ترجمہ تم میں (ابھی) نمرودی اوصاف (موجود) ہیں (اس لئے) آگ میں نہ جاؤ (اگر) جانا ہی چاہو۔ تو پہلے ابراہیم بن جاؤ۔ امیر خسرو رح ؎

گام زدہ بر حریر کے سپر ایں رہ آنکہ دیدہ قدم ساختہ بر سر پیکاں نرفت

مطلب نمرودیت سے صفات نفسانیہ۔ آتش سے لذات اور ابراہیم سے صاحب قلب سلیم مراد ہے۔ مطلب یہ ہوا۔ کہ تم پر صفات نفسانیہ غالب ہیں۔ لہذا حصول لذات سے نقصان اٹھاؤ گے۔ اگر حصول لذات کا قصد ہی ہے۔ تو پہلے قلب سلیم پیدا کرو۔

چوں نئی سبّاح نے دریائیے در مَیفگن خویش از خود رائیے

لغات سبّاح تیراک یہاں وہ کامل مراد ہے۔ جس کے کمالات کسبی ہوں۔ دریائی دریا کا رہنے والا۔ جیسے مچھلی۔ یہاں وہ کامل مراد ہے۔ جس کے کمالات وہبی ہوں۔ خویش کے بعد را علامت مفعولیت مقدر ہے

ترجمہ جب تو نہ تیراک ہے۔ نہ دریائی ہے۔ تو اپنے آپ کو خود رائی سے (دریا میں) نہ ڈال (ورنہ ہلاک ہو جائیگا) فنی رح ؎

بذوی از بلا پہلو اگر آسودگی خواہی کہ در سیلاب کشتی ایمن و پل در خطر باشد

اُو ز قعر بحر گوہر آورد از زیانہا سُود بر سر آورد

ترجمہ وہ (تیراک یعنی کامل) تو دریا کی گہرائی سے (فوائد کے) موتی نکالتا ہے (اور) نقصانوں سے فائدہ اٹھاتا ہے۔ (بھلا تم کیا کر سکو گے)

مطلب - جو امور عوام کے لئے ظاہراً باعث ضرر نظر آتے ہیں۔ کامل کو ان سے ضرر نہیں ہوتا۔ بلکہ کچھ نہ کچھ فائدہ ہوتا ہے۔ مثلاً مباحات کے ساتھ متلذذ ہونے سے اس کا یہ مقصد ہوتا ہے۔ کہ اپنے ضعف و عجز کا اظہار کرے یا نعمائے آخرت کا مشاہدہ کرے۔ وغیرہ

کاملے گر خاک گیرد زر شود ناقص ار زر بُرد خاکستر شود

ترجمہ ایک (مرد) کامل اگر مٹی ہاتھ میں لے لے تو وہ سونا بن جائے۔ (برخلاف اس کے) اگر ایک ناقص آدمی سونا لے لے۔ تو وہ بھی راکھ ہو جائے۔

مطلب۔ کامل اگر کوئی ایسا کام کرے۔ جو بظاہر مکروہ ہو۔ تو وہ اس کے لئے مستحسن بلکہ دوسروں کے لئے بھی ایک اچھی نظیر بن جاتا ہے۔ جیسے کتب احادیث میں مروی ہے۔ کہ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو جو ایک جلیل القدر صحابی ہیں کفار نے پکڑ کر کلمہ کفر کہنے پر مجبور کیا۔ انہوں نے اپنا پیچھا چھڑانے کے لئے وہ کلمہ کہہ دیا جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے یہ واقعہ عرض کیا۔ تو آپ نے پوچھا۔ اے عمار اس وقت تمہارے دل کی کیفیت کیا تھی۔ انہوں نے عرض کیا۔ میں نے اپنے دل کو ایمان پر مطمئن پایا۔ تو ارشاد فرمایا ان عادوا فعد یعنی اگر کفار لوگ پھر کبھی کلمہ کفر کہنے پر مجبور کریں۔ تو اسی طرح دل کو مطمئن رکھ کر ظاہراً زبان سے کلمہ کفر کہہ سکتے ہیں۔ غرض عمار کا ایک ایسا فعل جو بظاہر عیب معلوم ہوتا ہے۔ ایک قانون شرعی بن گیا۔ اور بحالت اکراہ کلمہ کفر کہنے کی اجازت ہوگئی۔ (کذا فی بحر العلوم) سعدی ؎

گر خود ہمہ عیبہا بدیں بندہ درست ہر عیب کہ سلطاں بہ پسندد ہنرست

دستِ ناقص دستِ شیطان ست و دیو زانکہ اندر دامِ تلبیس ست و ریو

لغات دیو شیطان۔ جن۔ تلبیس دھوکا دینا۔ دغا دینا۔ ریو مکر و فریب۔

ترجمہ ناقص (آدمی) کا ہاتھ شیطان اور جن کا ہاتھ ہے۔ کیونکہ وہ (خود) دھوکے اور مکر کے جال میں گرفتار ہے۔

مطلب۔ جو ناقص ہے نااہل شیطان کا متبع ہے۔ اس کا اتباع کرنا شیطان ہی کا اتباع ہے۔ پس کسی کا اس کی متابعت سے ہدایت پانا محال ہے۔ کما قیل ؎

جاہل بر د زمرشد بے معرفت چہ فیض کورے کجا عصا کش کورے دگر شود

سعدی ؎ روے اگر چند چو پھرہ و زیبا باشد نتواں دید در آئینہ کہ نورانی نیست

چُوں قبولِ حق بُود آں مردِ راست دستِ او در کارہا دستِ خداست

لغات قبول بمعنی مقبول۔ راست مستقیم۔ راستباز۔

ترجمہ چونکہ وہ راستباز آدمی خدا کا مقبول ہوتا ہے۔ اس لئے سب کاموں میں اس کا ہاتھ گویا خداوند تعالیٰ کا ہاتھ ہے۔

مطلب۔ وہ مقبول خدا خلیفۃ اللہ ہے اس سے بیعت کرنا خدا سے بیعت کرنا ہے۔ اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَكَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰهَ یَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَیْدِیْهِمْ ۚ وَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا یَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَیْهُ اللّٰهَ فَسَیُؤْتِیْهِ اَجْرًا عَظِیْمًا ۝ (فتح ع ۱) اے پیغمبر جو لوگ تمہارے ہاتھ پر بیعت کر رہے ہیں۔ وہ خدا ہی سے بیعت کر رہے ہیں۔ خدا کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر ہے۔ جو کوئی (عہد بیعت کو) توڑے گا۔

حضرت عمار بن یاسر کا کفر موجب رخصت ہوگیا

تو توڑنے کا وبال اس کی جان پر پڑے گا۔ اور جو اس کو پورا کریگا۔ جس کا خدا سے عہد کیا ہے۔ تو عنقریب خدا اس کو بڑا اجر دیگا۔

جہل آید پیش او دانش شود جہل شد علمیکہ در ناقص رود

ترجمہ اس کے آگے تو جہل بھی آتے ہی عقل بن جاتا ہے (بخلاف اس کے) ناقص میں جو علم داخل ہوتا ہے۔ وہ جہل بن جاتا ہے

مطلب ۔کامل آدمی جب ایسے مسائل کو قول و عمل میں لاتا ہے۔ جو کم فہم لوگوں کی نظر میں جہل یعنی خلاف شرع معلوم ہوتے ہیں۔ جیسے مسئلہ وحدت الوجود۔ تو اس کا پیرایۂ قول اور طریق عمل ایسا محتاط اور مؤدب ہوگا۔ کہ کسی قاعدہ شرعیہ کی خلاف ورزی لازم نہ آئیگی بلکہ اس سے معرفت اور قوت ایمان کی تکمیل ہوگی۔ بخلاف اس کے ناقص آدمی شرع کے صاف و نمایاں مسائل میں بھی اپنی کج فہمی سے گمراہی اختیار کرتا ہے۔ اور آخر ٹھوکریں کھاتا ہے۔ جیسا کہ نصوص میں مبتدعین اور اہل اہوا فاسد تاویلیں کرتے ہیں۔ اور مثلاً لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ جو کلمہ توحید اور اصل ایمان و وسیلہ نجات ہے۔ جب منافقین کی زبان پر چڑھتا ہے۔ تو اُن کو دوزخ کے درک اسفل کے مستوجب بنا دیتا ہے۔ (کلید مثنوی)

ہر چہ گیرد علتی علت شود کفر گیرد کاملے ملت شود

لغات عِلّتی مریض۔ یہاں مریض ضلالت مراد ہے۔ عِلّت مرض گمراہی مراد ہے۔ مِلّت شریعت دین۔ اس قوم یا جماعت کو بھی ملت کہتے ہیں۔ جو ایک شریعت کی تابع ہو۔ پس قوم اور ملت میں عموم و خصوص مطلق کی نسبت ہے۔

ترجمہ بداعتقاد آدمی جس (بات) کو لیتا ہے۔ وہ بھی بُری بن جاتی ہے۔ بخلاف اس کے کامل آدمی اگر ایسا کام اختیار کرتا ہے۔ جو (بظاہر) کفر (نظر آتا) ہو۔ تو وہ (عین) دین بن جاتا ہے

اے مرے کردہ پیادہ باسوار سر نخواہی بُرد اکنوں پائے دار

لغات پیادہ مراد ناقص و مقلد۔ سوار مراد کامل و محقق۔ سربردن سلامت رہنا۔ پایدار شتن ثابت قدم رہنا

ترجمہ اے پیادہ (مقلد!) تو جو سوار (محقق) کا مقابلہ کر رہا ہے۔ اب تو اپنا سر سلامت نہ لے جائیگا۔ ذرا سنبھل۔

مطلب ۔کاملین کے ساتھ مقابلہ و معارضہ خیبت و خسران کا موجب ہے۔ جس کا ادنی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ طالب آئندہ کے لئے فیوض سے محروم رہتا ہے۔ اور حاصل شدہ فیوض مسلوب ہو جاتے ہیں۔ اور انتہا یہ کہ ایمان کے سلب ہونے کا بھی اندیشہ ہے۔ نعوذ باللہ منہ جامی رح ؎

ہر کہ بینی کہ پس از پرورش فقر اورا در صف زندہ دلاں نام بر نشاد رود
پائے دعوی بسر او مبر اے خواجہ میاد کہ ازیں بے ادبی دین تو برباد رود

تعظیم کردنِ ساحران موسیٰ را کہ اوّل تو عصا بیندار

جادوگروں کا حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بلحاظ ادب یہ کہنا کہ پہلے آپ عصا ڈالئے

ساحراں در عہدِ فرعونِ لعین چوں مرے کردند با موسیٰ زکین

لیک موسیٰ را مقدم داشتند ساحراں اُو را مکرّم داشتند

لغات فرعون اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کا حال دیکھو شرح کے پہلے حصے میں ۔۔۔ چوتھے پہلے شعر میں اگرچہ کے معنی میں ہے ۔ ساحران جادوگر ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جب اژدہائے عصا اور ید بیضا سے فرعون کے دربار کو حیران و ششدر کر دیا ۔ تو ان لوگوں نے کہا ۔ یہ تو جادوگر ہے ۔ اس کے مقابلے کے لئے جادوگروں کو بلانا چاہیئے اطراف مصر سے بڑے بڑے ساحر جمع کئے گئے ۔ سر دربار حضرت موسےٰ کے ساتھ ان کا مقابلہ قرار پایا ۔ یہ لوگ بہت سے رسّے رسّیاں لیکر آئے ۔ جن کو بزورِ سحر سانپ بنانا مقصود تھا ۔ تاکہ اُن سے حضرت موسےٰ علیہ السلام کے اژدہائے عصا کا مقابلہ کریں ۔ ساحروں نے حضرت موسیٰ ء سے کہا پہلے آپ اپنا عصا ڈال کر اژدہا بنائیں ۔ انہوں نے کہا نہیں تم پہلے اپنا کرتب دکھاؤ ۔

ترجمہ فرعونِ لعین کے زمانے میں جادوگروں نے کینہ وری سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مقابلہ تو کیا مگر انہوں نے (مقابلے کے وقت) حضرت موسیٰ کو مقدم رکھا (اور وہ) جادوگر (ہوکر بھی) ان کے ساتھ تعظیم سے پیش آئے (جس کی ان سے توقع نہ ہوسکتی تھی)

زانکہ گفتندش کہ فرماں آنِ تُست گر تو میخواہی عصا بفگن نخُست

لغات زانکہ بمعنی چنانچہ یعنی علّت بھی درست ہوسکتا ہے ۔ آن حق ۔ ملکیت ۔

ترجمہ ۔ چنانچہ وہ اُن سے کہنے لگے ۔ کہ آپ حکم کے مالک ہیں ۔ اگر منظور ہو ۔ تو پہلے آپ ہی عصا ڈال لیجئے ۔

گفت نے اوّل شما اے ساحراں افگنید آں مکر ہا را درمیاں

ترجمہ (حضرت موسیٰ نے) کہا نہیں نہیں جادوگرو پہلے تم ہی وہ (اپنے) شعبدے دکھاؤ ۔

ایں قدر تعظیمِ دیں شاں را خرید وز مرے آں دست و پا ہاشاں برید

ترجمہ دین کی اتنی ہی تعظیم نے ان کو اپنا بنا لیا ۔ اور (اس) مقابلے (کی شامت) سے (جو انہوں نے حضرت موسےٰ علیہ السلام کے ساتھ کیا تھا) ان کے ہاتھ پاؤں کٹوا دیئے ۔

مطلب قرآن مجید میں مذکور ہے ۔ کہ جب ساحر حضرت موسیٰ ء کے مقابلے سے عاجز آکر اُن کی حقانیت کے

معترف ہوئے گئے۔ تو فرعون نے ان کو دھمکایا۔ کہ خبردار اگر تم نے موسوی دین اختیار کر لیا۔ تو میں تمہارے ہاتھ پاؤں کاٹ ڈالوں گا۔ غرض یہ ہے۔ کہ اہل اللہ کی تعظیم موجب برکت اور اُن کے ساتھ مقابلہ کرنا باعث حرماں ہے قال بعضہم

بر میندان سخن بسوے خودست ۔۔۔ تف بروے فلک بروے خودست

ساحراں چوں قدرِ اُو بشناختند ۔۔۔ دست و پا در جرم آں در باختند

ترجمہ ساحروں نے جب اُن کی قدر معلوم کی۔ تو (اپنے) اس جرم (مقابلہ) میں (بخوشی) ہاتھ پاؤں کا کٹوانا منظور کر لیا۔

مطلب ۔ ساحروں کے تعظیم بجالانے کی ایک اور برکت بیان فرماتے ہیں۔ کہ مومن ہونے کے بعد جب ان پر حضرت موسیٰؑ کی قدر و منزلت منکشف ہو گئی۔ تو ان کی قوت ایمانی منتقاضی ہوئی۔ کہ حضرت موسیٰ کے ساتھ مقابلہ کرنے کا جو جرم ہم سے سرزد ہو گیا۔ اس کی پاداش میں ہاتھ پاؤں ضرور کٹ جانے چاہئیں۔ اور اس مصیبت سے بچنے کا نام نہیں لیا۔ ورنہ اگر چاہتے۔ تو کسی حیلے سے بچ سکتے تھے۔ حافظ رح ؎

ما در درونِ سینہ ہوائے نہفتہ ایم ۔۔۔ بر باد گر رود سرِ ما زاں ہوا رود

بعض نسخوں میں بشناختند صیغۂ مثبت کی بجائے نشناختند صیغہ منفی ہے۔ اس صورت میں مطلب یہ ہو گا۔ کہ ساحروں نے جو حضرت موسیٰ کی قدر نہ پہچانی اور مقابلے پر آمادہ ہو گئے۔ اس جرم میں ہاتھ پاؤں سے ہاتھ دھو بیٹھے۔

لقمہ و نکتہ ست کامل را حلال ۔۔۔ تو نہ کامل مخور مے باش لال

ترجمہ (طعام لذیذ کا) لقمہ (گو بظاہر غذائے نفس ہو) اور (تصوف کا) نکتہ (اگرچہ اس کا بیان بظاہر خلافِ شرع ہو) کامل کے لئے (دونوں) حلال ہیں۔ تم کامل نہیں ہو۔ (اس لئے اس لقمے کو) مت کھاؤ۔ (اور نہ وہ نکتہ منہ سے نکالو) گونگے بن کر رہو۔

مطلب ان اشعار میں عود ہے مضمونِ سابق "صاحب دل را ندارد آں زیاں" کی طرف یعنی بعض امور اہل کمال کے لئے غیر مضر ہیں۔ اور غیر کامل کے لئے مضر کما قیل ؎

زندہ دلاں مردہ تناں را رواست ۔۔۔ مردہ دلاں زندہ تناں را خطاست

تو چو گوشی او زباں نے جنسِ تو ۔۔۔ گوشہا را حق بفرمود انصتوا

ترجمہ تم گویا کان ہو (اور) وہ بمنزلہ زبان کے ہے (اس لئے) وہ تمہارا ہم جنس نہیں (کہ تم اپنے آپ کو اس پر قیاس کرنے لگو اور) کانوں کو حق تعالیٰ کا حکم ہے۔ کہ خاموش ہو (کر سنو)

مطلب ۔ مرشد کامل کا کام ہے بولنا اور بتانا اور طالب کا فرض ہے۔ چپ چاپ ہو کر توجہ سے سننا حق جل مجدہ سے اس آیت کی طرف اشارہ ہے۔ وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَأَنْصِتُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ یعنی اور جب قرآن مجید پڑھا جائے۔ تو اس کو سنو۔ اور خاموش رہو۔ تاکہ تم مستحق رحمت بن جاؤ۔ صائب رح ؎

شنیدن پردہ پوشِ دو حرف گفتن پردہ دریدن ۔۔۔ ازاں عاقل بہ از گفتارے داند شنیدن را

کودک اوّل چوں بزاید شیر نوش مدّتے خامش بود او جملہ گوش

ترکیب کودک موصوف شیر نوش اس کی صفت۔ اور یہ صفت اتفاقی ہے۔ کسی معنی زائد کا افادہ نہیں کرتی ہر کودک نوزائیدہ کا شیر نوش ہونا لازم ہے۔ اوّل ظرف ہے خامش بود کی نہ کہ بزاید کی۔

ترجمہ شیر خوار بچہ جب پیدا ہوتا ہے۔ تو پہلے پہلے مدت تک خاموش ہمہ تن گوش بنا رہتا ہے۔

مطلب ۔ مبتدی کو خود بیان اسرار کی جرأت نہ کرنی چاہیئے۔ بلکہ پہلے کسی سے مستفید ہوتے رہنا لازم ہے۔ پھر جب حصول کمال کے بعد اس میں بیانِ اسرار کی اہلیت پیدا ہو جائے۔ تو اس کو بولنے کا حق ہے۔ اس کی مثال اس نوزائیدہ بچے کی سی ہے۔ جو پہلے مدت تک خاموش رہ کر بولی سنتا ہے۔ جب سیکھ جاتا ہے۔ تو پھر بولتا ہے اگر وہ پہلے نہ سنے یعنی اس کے کان کام نہ کریں۔ تو مدت العمر گونگا رہتا ہے۔

مدّتے مے باید ش لب دوختن از سخن گویاں سخن آموختن

ترجمہ اس کو مدت تک لب بند رکھنے چاہئیں (اور) بولنے والوں سے بولی سیکھنی (چاہیئے)

تا نیاموزد نگوید صد یکے ور بگوید حشو گوید بیشکے

ترجمہ جب تک وہ (بولی) سیکھ نہ لے سَو میں سے ایک بات بھی نہیں کر سکتا۔ اگر بولتا بھی ہے۔ تو بے شک اناپ شناپ بولتا ہے۔

ور نباشد گوش قی قی میکند خویشتن را گنگ گیتی میکند

لغات قی قی۔ اسم صوت۔ گونگے کی آواز۔ گیتی (زمانہ۔ یہاں مدت العمر مراد ہے۔

ترجمہ اگر (اس) کان وغیرہ کی بولی سننے کے لئے) کان (یعنی سننے کی طاقت) نہ ہو۔ تو وہ غائیں غائیں کرتا رہتا ہے۔ اور اپنے آپ کو عمر بھر کے لئے گونگا بنا لیتا ہے۔

کر اصلی کش نبود آغاز گوش لال باشد کے کند در نطق جوش

ترجمہ پیدائشی بہرا جس کو شروع ہی سے سننے کی طاقت نہ ہو۔ وہ گونگا ہے۔ وہ بھلا بولنے کی کیا ہمت کریگا۔

زانکہ اوّل سمع باید نطق را سوئے منطق از رہِ سمع اندر آ

لغات سمع شنوائی۔ نطق گویائی۔ منطق بولی۔

ترجمہ کیونکہ بولنے کی طاقت کیلئے پہلے سننے کی طاقت ضروری ہے شنوائی کی راہ سے گویائی میں داخل ہو۔

اُدْخُلُوا الْاَبْيَاتَ مِنْ اَبْوَابِهَا وَاطْلُبُوا الْاَرْزَاقَ مِنْ اَسْبَابِهَا

ترجمہ گھروں میں (جاؤ۔ تو) اُن کے دروازوں سے داخل ہو۔ اور رزق کو اس کے اسباب سے تلاش کرو۔
مطلب ۔ اگر کمال مطلوب ہے۔ تو اس کا صحیح راستہ اطاعت مرشد اور حسن استماع ہے۔ لہذا اس مقصد کی طرف اس راستے سے آنا چاہیئے۔ پہلا مصرعہ قرآن مجید کی اس آیت سے مقتبس ہے۔ وَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا اور دوسرا مصرعہ اس آیت کے مفہوم پر مشتمل ہے۔ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا وَكُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ ۔ وہی خدا جس نے زمین کو تمہارے لئے نرم و ہموار کردیا ہے۔ تو اس کے اطراف وجوانب میں چلو پھرو۔ اور خدا کی دی ہوئی روزی کھاؤ۔ (سورۂ ملک ۲۴)

نطق کاں موقوفِ راہِ سمع نیست جز کہ نطقِ خالقِ بے طمع نیست

ترجمہ وہ تکلم جو سماعت کے طریق پر موقوف نہیں۔ وہ خالق بے نیاز کے تکلم کے سوا اور کوئی نہیں
مطلب ۔ اوپر یہ اصول بیان ہوا ہے کہ ہر تکلم سماعت پر موقوف ہے۔ اب اس اصول کی تعمیم و کلیت میں سے اللہ تعالیٰ کے کلام کو مستثنےٰ کرتے ہیں۔ اور اس استثناء سے مذکورہ اصول کی شدت ضرورت کا اظہار مقصود ہے یعنی کوئی شخص ہرگز کلام کرنے کا مستحق نہیں تاوقتیکہ فرض سماعت ادا نہ کرے۔ ہاں اللہ تعالیٰ کا کلام اس شرط سے مستثنےٰ ہے۔ اور اس کی وجہ خود بیان فرماتے ہیں۔ کہ وہ حرص واحتیاج سے پاک ہے۔ اور تکلم کا موقوف سماعت ہونا مستلزم احتیاج ہے۔ وھو متکلم بکلام ھو صفۃ ازلیۃ لیس من جنس الحروف والاصوات وھو صفۃ منافیۃ للسکوت والآفۃ (عقائد نسفی) یعنی باری تعالیٰ کلام کرتا ہے اس کا کلام صفت ازلی ہے۔ جو حروف وآواز کی جنس سے نہیں اور وہ صفت (ایسے) سکوت کے منافی ہے۔ (جو گونگے پن یا استماع کلام غیر کو لازم ہے) اور کسی آفت کو بھی منافی ہے۔ (جو مانع تکلم ہو)

مُبدع ست و تابعِ استادنہ مُسندِ جملہ ورا اسنادنہ

لغات مبدع موجد۔ تابع پیروی کرنے والا۔ مقلد۔ مسند پناہ اور جس پر سہارا ہو۔ اسناد سہارا
ترجمہ وہ خود ایجاد کرنیوالا ہے (کسی) استاد کا تابع نہیں۔ سب کو اس پر بھروسہ ہے اس کو کسی کا سہارا (مطلوب) نہیں۔

باقیاں ہم در حِرَف ہم در مقال تابعِ اُستاد و مُحتاجِ مثال

لغات حِرَف بکسر حا و فتح را جمع حرفہ۔ صنعت۔ پیشہ۔ مقال گفتگو۔ بولی۔ زبان۔
ترجمہ باقی تمام (موجودات) اعمال اور اقوال میں استاد کے تابع اور نمونے کے محتاج ہیں (کہ اس کو سُنکر یا دیکھ کر کام کریں یا بات کہیں)۔

زیں سخن گر نیستی بیگانۂ دلق واشکے گیر در ویرانۂ

ترجمہ اگر تم اس معنی سے ناآشنا نہیں ہو۔ (کہ ہر مقصد اپنے طریقے سے حاصل ہوتا ہے) اور حصول

کلام باری تعالیٰ

کمال کا طریقہ ریاضت ہے) تو خرقۂ فقر اور اشکباری اختیار کرو (اور کسی جنگل میں (جا رہو) عراقی ؒ

ے خیز بد عاشقاں نفسے شور و شر کنیم ودہا و ہو جہاں ہمہ زیر و زبر کنیم

زانکہ آدم زاں عتاب آلودہ است اشک تر باشد دمِ توبہ پرست

لغات دم حیلہ و افسوس اور سخن و کلام ۔ شعر میں دونوں معنی چسپاں ہو سکتے ہیں۔

ترجمہ کیونکہ حضرت آدم علیہ السلام نے (بھی) اس عتاب (الٰہی) سے (جو شجرہ ممنوعہ کے کھانے پر ہوا تھا) اشکباری کی بدولت نجات پائی تھی۔ ڈیڈباتے آنسو توتائب کا حیلہ (نجات) ہیں (یا بمعنی دیگر تائب کی بات چیت ہیں) قال الصمائب بالمعنی الاول ے

میتوانی دوزنخ خود را بہشتے ساختن کوثرِ نقدے ز چشم اشکبار آوردہ اند

والامیر خسرو بالمعنی الثانی ے

قصۂ من مگر کنوں آب دو چشم گوئدت زانکہ بہ بست حیرتت حقۂ گفت و گوے را

بہر گریہ آدمؑ آمد بر زمیں تا بود گریاں و نالاں و حزیں

صنائع آدم اور آمد میں تجنیس قلب اور دوسرے مصرعہ میں صنعت جمع ہے۔

ترجمہ حضرت آدم علیہ السلام زاری کے لئے زمین پر آئے۔ تاکہ (یہاں آکر) روئیں چلائیں اور غمناک صورت بنائیں۔

مطلب احادیث میں گریہ وزاری کی بڑی فضیلت آئی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ کو دو قطرے بڑے محبوب ہیں۔ قطرة دموع من خشیة الله وقطرة دم تهراق فی سبیل الله یعنی ایک تو آنسوؤں کا قطرہ جو اللہ کے خوف سے ہو۔ دوسرا خون کا قطرہ جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں گرایا جائے۔ (ریاض الصالحین)

آدم از فردوس و از بالائے ہفت پائے ماچاں از پئے عذر رفت

لغات ہفت اسم عدد کا معدود آسمان مقدر ہے۔ پائے ماچاں درویشوں کی ایک رسم ہے۔ جس کے ساتھ کسی سے تحقیر و تذلیل کے ساتھ توبہ کرانا مقصود ہوتا ہے۔ اور اس کی صورت یہ ہے۔ کہ جب کسی سے کوئی ناز بیجا حرکت ہو جاتی ہے۔ تو اس کو کچھ دیر تک جوتیوں کی جگہ ایک پاؤں کے بل کھڑا کر دیتے ہیں۔ اس طرح کہ وہ اپنا کان بھی پکڑ کر رہے۔ حضرت آدم کے نزول علی الارض کو اس سے تشبیہ دی ہے۔

ترجمہ حضرت آدم علیہ السلام فردوس (بریں) اور ساتوں (آسمانوں) سے (اتر کر) عذر (و توبہ) کے لئے نزول کر کے زمین پر چلے (آئے)

مطلب دنیا چونکہ دار المحن ہے۔ اس لئے اس کو پائے ماچاں سے تشبیہ دی ہے۔ مگر یہ خیال رہے۔ کہ حضرت آدم کے نزول علی الارض سے ان کا تنزل مراتب لازم نہیں آتا۔ بلکہ یہ اُن کے لئے موجب ترقی مدارج تھا۔ جیسے کہ ہم اوپر چوبیسویں شعر ے زلت او بہ ز طاعت پیش حق الخ کی شرح میں بیان کر چکے ہیں۔ فتدبر۔

گر ز پشتِ آدمی و ز صُلبِ اُو در طلب مے باش ہم در تَلبِ اُو

لغات آدمی میں یا خطاب کے لئے ہے یعنی آدم ہستی صلب پشت تلب تار کے ضمہ سے گروہ۔

ترجمہ اگر تم (حضرت آدم ع) کی اولاد اور ان کی نسل سے ہو۔ تو (اسی طریق کو) طلب کرتے رہو۔ اور انہی کے گروہ میں (شامل) رہو۔

زاتشِ دل واب دیدہ نقل ساز بُوستاں از ابر و خورشید ست تاز

لغات نقل وہ تھوڑی سی نمکین و ترش خوراک جو شراب پی کر کھاتے ہیں بعض کہتے ہیں نون کا ضمہ غلط ہے صحیح فتح کے ساتھ ہے تاز مخفف تازہ

ترجمہ دل کی آگ اور آنکھوں کے پانی سے نقل تیار کرو (چنانچہ) یہ باغ بھی بادل (کے پانی) اور سورج کی گرمی سے تازہ ہے۔

از دلِ پُر خون و آہِ آتشین و اشکِ گرم آنچہ مے باید مرا صاحب بسامان داده اند

ولہ ؎ خاک در چشمش اگر نعمتِ الوان خواہد ہر کرا لخت دلے بر سرِ مژگاں باشد

تو چہ دانی ذوقِ آبِ اے شیشہ دل زانکہ ہمچوں خر شدی تو پا بہ گل

ترجمہ اے نازک دل تم (ریاضت گریہ کے) اشک کا لطف کیا جانو۔ کیونکہ تم (راحت دنیا کے) دلدل میں گدھے کی طرح دھنس رہے ہو۔ صائب رح ؎

کسے کہ تخمِ محبت بدل نکشتہ چہ داند کہ آبِ دیدۂ گریان ما چہ فائدہ دارد

اختلاف ہمارے نسخے میں یہ شعر نہیں ہے۔

تو چہ دانی ذوقِ آبِ دیدگاں عاشقِ نانی تو چوں نادیدگاں

ترجمہ بھلا تم آنکھوں کے پانی کا لطف کیا جانو۔ تم تو بھوکوں کی طرح روٹی کے دلدادہ ہو۔ صائب رح ؎

؎ کسے ست صاحبِ خرمن دریں تماشا گاہ کہ غیر اشک دگر دانۂ نے کارد

گر تو ایں انباں زناں خالی کنی پُر ز گوہرہائے اجلالی کنی

لغات ۔ انبان تھیلا۔ مراد پیٹ۔ گوہرہائے اجلالی انوارِ معرفت۔

ترجمہ اگر تم یہ (پیٹ کا) تھیلا روٹی سے خالی رکھو۔ تو انوارِ معرفت کے موتیوں سے مالا مال کر لو۔

سعدی رح ؎ اندروں از طعام خالی دار تا درو نورِ معرفت بینی

تہی از حکمتی بعلت آں کہ پُری از طعام تا بینی

طفلِ جاں از شیرِ شیطاں باز کن بعد ازاں شش با ملک انباز کن

ترجمہ (اپنے) طفلِ روح کو شیطان کے دودھ سے باز رکھو۔ اس کے بعد اس کو فرشتوں کا ہمرتبہ بنا لو

مطلب حرص لذائذ شیر شیطان ہے۔ یعنی لذات و شہوات کے خیالات شیطان کی تحریک سے دل میں آتے ہیں ان خیالات کو دور کردو۔ تو فرشتوں کے ساتھ مناسبت پیدا ہو جائے۔ عن ابن مسعودؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان للشیطان لمۃ بابن ادم وللملک لمۃ فاما لمۃ الشیطان ایعاد بالشر وتکذیب بالحق واما لمۃ الملک ایعاد بالخیر وتصدیق بالحق فمن وجد ذلک فلیعلم انہ من اللہ فلیحمد اللہ ومن وجد الاخری فلیتعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ثم قرء الشیطان یعدکم الفقر ویامرکم بالفحشاء رواہ الترمذی ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہر فرزند آدم پر ایک تصرف شیطان کا اور ایک تصرف فرشتے کا ہے۔ شیطان کا تصرف بری بات کا وعدہ دینا اور حق کی تکذیب ہے اور فرشتے کا تصرف نیکی کا وعدہ دینا اور حق کی تصدیق ہے۔ پس جو شخص یہ تصرف محسوس کرے۔ تو سمجھ لے کہ وہ اللہ کی طرف سے ہے پھر اللہ تعالیٰ کا شکر کرے اور جو شخص دوسرا تصرف محسوس کرے وہ شیطان سے خدا کی پناہ مانگے یعنی اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھے۔ پھر آپ نے یہ آیت پڑھی کہ شیطان تم کو محتاجی کا وعدہ دیتا ہے۔ اور برائی پر مامور کرتا ہے۔ (مشکوٰۃ) سعدیؒ ؎

پئے نیک مردان بباید شتافت — کہ ہر کہ ایں سعادت طلب کرد یافت
ولیکن تو دنبال دیو خسی — ندانم کہ در صالحاں چوں رسی

تا تو تاریک و ملول و تیرہ — داں کہ یا دیو لعیں ہمشیرہ

لغات ہمشیرہ۔ ہم شیر۔ دودھ بھائی۔ آخر کی ہا زائد ہے۔ جیسے ہمخوابہ میں۔

ترجمہ جب تک تم تاریک (خاطر) اور (عبادت سے) دل برداشتہ اور سیاہ (باطن) رہو گے تو سمجھ لو شیطان کے دودھ بھائی ہو۔

مطلب تکثیر مباحات اور شوق لذائذ نے تمہارے دل کو تاریک و بے نور بنا رکھا ہے۔ اور یہ حالت شیطان کے تصرف کے لئے اسباب مستعدہ سے ہے۔ ایسی حالت میں اپنے آپ کو شیطان کا بھائی سمجھو۔ صائبؒ ؎

دراز دستی شیطاں زدل سیاہی ہست — چراغ دزد بشب خواب پاسباں باشد

چونکہ اس شخص کا ہمشیر شیطان ہونا باعتبار اس کے اسراف و تبذیر کے ہے۔ جو وہ حصول لذائذ میں کرتا ہے۔ اس لئے یہ شعر قرآن مجید کی اس آیت کا ہم معنی ہے۔ اِنَّ الْمُبَذِّرِیْنَ کَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّیٰطِیْنِ یعنی مسرف لوگ شیطانوں کے بھائی ہیں۔ اس شعر کا مطلب ایک اور طرح بھی ہو سکتا ہے۔ یعنی اوپر کہا تھا۔ کہ شیطانی خیالات ترک کر دو۔ تو فرشتوں میں شامل ہو سکتے ہو۔ اب اس ترقی و عروج کی حالت کو پہچاننے کا ایک معیار بتلاتے ہیں کہ جب تمہارے دل پر ایک طرح کی تاریکی و انقباض مسلط ہو تو سمجھو کہ شیطان کے ساتھ نسبت قائم ہے۔ اسی لئے انوار غیب کا پرتو اس پر نہیں پڑتا۔ عراقیؒ ؎

منہ گر آئنہ تو چرا نمے تابد — درو رخ تو ہمانا کہ نیست آئینہ پاک

لقمہ کاں نور افزود و کمال — آں بود آوردہ از کسب حلال

ترجمہ جس لقمے نے (دل میں) نور اور کمال کو ترقی دی ہے وہ کسب حلال سے پیدا کیا ہوا (لقمہ ہوتا ہے)

مطلب ۔ اوپر تک تکثیر مباحات سے منع فرمایا تھا۔ اب لقمۂ حرام سے بچنے کی تاکید فرماتے ہیں۔ کیونکہ جب مباحات کا استعمال بعض صورتوں میں شیطانی تصرفات کے تحت میں آسکتا ہے۔ تو لقمہ حرام تو بطریق اولیٰ آئیگا۔ حدیث شریف میں آیا ہے۔ طلب کسب الحلال فریضۃ بعد الفریضۃ یعنی حلال روزی کی تلاش دیگر فریضوں کے بعد فرض ہے۔ (مشکوٰۃ) صائب رح ؎

لقمہ ہائے پاک دنداں را کند انجم فروغ ۔۔۔ مے شود از دانۂ خورشید زریں آسیا

روغنے کاید چراغ ما کشد ۔۔۔ آب خوانش چوں چراغے را کشد

ترجمہ جو تیل آتے ہی ہمارا دیا گل کردے۔ چونکہ وہ دیے کو گل کرتا ہے۔ اس لئے اس کو پانی کہو۔

مطلب حرام لقمہ انوار قلب پر وہی اثر رکھتا ہے۔ جو چراغ کے لئے پانی۔ پس جو روزی موت قلب کا باعث ہو۔ وہ روزی نہیں زہر ہے۔ عن جابر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یدخل الجنۃ لحم نبت من السحت وکل لحم نبت من السحت کانت النار اولی بہ (رواہ احمد و دارمی) جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ وہ جسم بہشت میں داخل نہیں ہوسکتا جس نے حرام غذا سے نشو و نما پائی ہو۔ اور جس جسم نے حرام غذا سے نشو و نما پائی ہو۔ اس کے لئے دوزخ بہتر ہے۔ (مشکوٰۃ)

علم و حکمت زاید از لقمہ حلال ۔۔۔ عشق و رقت زاید از لقمہ حلال

ترجمہ علم و حکمت حلال لقمے سے پیدا ہوتے ہیں۔ عشق اور رقت حلال لقمے سے پیدا ہوتے ہیں۔

صائب رح ؎

شد مخزن گوہر صدف از پاک دہانی
یک چند دریں بحر تو ہم پاک دہاں باش

چوں ز لقمہ تو حسد بینی و دام ۔۔۔ جہل و غفلت زاید آنرا داں حرام

لغات دام سے مجازاً مکر و دغا مراد ہے۔

ترجمہ جس لقمے سے تم حسد فریب جہل اور غفلت پیدا ہوتی دیکھو۔ تو اس کو حرام سمجھو۔

مطلب حرام لقمہ کھانا انسان کو دیگر معاصی پر آمادہ کرتا ہے۔ سہل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ من اکل الحرام عصت جوارحہ شاء ام ابی علم او لم یعلم و من کانت طعمتہ حلالا اطاعت جوارحہ ووفقت للخیرات۔ جو شخص حرام کھاتا ہے۔ اس کے اعضا آمادہ عصیاں ہوجاتے ہیں خواہ وہ خود چاہے یا نہ چاہے۔ خواہ اس کو معلوم ہو یا نہ ہو۔ اور جس شخص کی غذا حلال ہے۔ اس کے اعضا طاعت کرتے ہیں۔ اور ان کو نیکی کی توفیق دی جاتی ہے۔ (احیاء العلوم)

ہیچ گندم کاری و جو بر دہد؟ ۔۔۔ دیدۂ اسپے کہ کرّہ خر دہد؟

لغات کاری صیغۂ واحد مخاطب مضارع از کاشتن بونا۔ برچیں کرّہ کاف کے ضمہ سے گھوڑے یا گدھے کا بچہ۔

ترجمہ کبھی ایسا ہوسکتا ہے کہ تم گیہوں بوؤ اور جو پیدا ہوں۔ بھلا تم نے کبھی ایسی گھوڑی دیکھی؟ جو

گدھے کا بچہ دے۔

مطلب حلال یا حرام جیسا کھاؤ گے۔ ویسا ہی اثر پاؤ گے۔ پاک وطیب خوراک کا ثمرہ اچھا ملیگا۔ اور حرام و ناپاک غذا کا نتیجہ خراب۔ نہ عبادت کام آئے نہ دعا قبول ہو۔ حدیث شریف میں آیا ہے۔ مَنِ اشْتَرَى ثَوْبًا بِعَشَرَةِ دَرَاهِمَ وَفِيهِ دِرْهَمٌ حَرَامٌ لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ تَعَالٰى لَهُ صَلٰوةً مَا دَامَ عَلَيْهِ یعنی جو شخص ایک کپڑا دس درم کو خریدے اور اس میں ایک درم حرام (شامل) ہو۔ تو اللہ تعالیٰ اس کی کوئی نماز قبول نہیں کریگا۔ جب تک وہ اس کپڑے کو پہنے ہوگا (مشکوٰۃ) صحیح مسلم شریف کی روایت ہے۔ کہ ذَكَرَ الرَّجُلَ يُطِيلُ السَّفَرَ اَشْعَثَ اَغْبَرَ يَمُدُّ يَدَيْهِ اِلَى السَّمَاءِ يَا رَبِّ يَا رَبِّ وَمَطْعَمُهُ حَرَامٌ وَمَشْرَبُهُ حَرَامٌ وَمَلْبَسُهُ حَرَامٌ وَغُذِيَ بِالْحَرَامِ فَاَنّٰى يُسْتَجَابُ لِذٰلِكَ یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکر فرمایا۔ کہ ایک آدمی لمبا سفر کرتا ہے پراگندہ مو اور غبار آلودہ ہے۔ اپنے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف اٹھا کر کہتا ہے۔ اے میرے پروردگار۔ اے میرے پروردگار حالانکہ اس کا کھانا حرام پینا حرام پوشاک حرام ہے۔ اور حرام مال سے پرورش پائی ہے۔ تو اس کی دعا کہاں قبول ہو۔ (مشکوٰۃ)

لقمہ تخم ست و برش اندیشہا　　لقمہ بحر و گوہرش اندیشہا

ترجمہ کھانے کا لقمہ تخم ہے۔ اور اس کا پھل خیالات ہیں۔ لقمہ دریا ہے۔ اور اس کے موتی خیالات ہیں (جیسا لقمہ ویسے خیالات)

زاید از لقمہ حلال اندر دہاں　　میل خدمت عزم رفتن آں جہاں

ترجمہ (اس) حلال لقمے سے (جو) منہ میں (پڑے) شوق عبادت اور سفر آخرت کا قصد پیدا ہوتا ہے

زاید از لقمہ حلال اے مہ حضور　　در دل پاک تو و در دیدہ نور

لغات مہ سردار۔ بڑا آدمی حضور توجہ تام۔ دل کا حاضر ہونا۔ محویت۔

ترجمہ حضرت! حلال لقمے سے تمہارے پاک دل میں حضوری اور تمہاری (باطنی) آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

مطلب حلال روزی کے کھانے سے قوائے مدرکہ باطنی میں ادراک صحیح اور نور معرفت پیدا ہوتا ہے۔ روی ان بعض السائحین دفع طعاما الی بعض الابدال فلم یاکل فسالہ عن ذلک فقال نحن لا ناکل الا حلالا فلذلک تستقیم قلوبنا ویدوم حالنا ونکاشف بالملکوت ونشاھد الاخرۃ ولو اکلنا ما تاکلون ثلاثۃ ایام لما رجعنا الی شیٔ من علم الیقین ولذھب الخوف والمشاھدۃ من قلوبنا روایت ہے۔ کہ کسی سیاح نے ایک ابدال کے آگے کچھ کھانا پیش کیا۔ تو اس کے کھانے سے انکار کر دیا۔ اس کا سبب پوچھا۔ تو کہا ہم لوگ صرف حلال کھاتے ہیں۔ اسی لئے ہمارے دل مستقیم رہتے ہیں۔ اور ہماری حالت میں دوام رہتا ہے۔ اور ہم کو عالم بالا کا کشف اور آخرت کا مشاہدہ میسر ہوتا ہے۔ اور اگر ہم وہی طعام جو تم کھاتے ہو۔ تین دن تک کھاتے رہیں۔ تو ہم کو علم یقین کی کسی بات تک رسائی نہ ہو۔ اور ہمارے دل سے خوف اور مشاہدہ زائل ہو جائے (احیاء العلوم)

وَيُقَالُ مَنْ اَكَلَ الشُّبْهَةَ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا اَظْلَمَ قَلْبُهٗ وَهُوَ تَاوِيْلُ قَوْلِهٖ تَعَالٰى كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ اور کہا گیا ہے کہ جو شخص چالیس روز تک مشتبہ چیز کھاتا رہے اس کا دل تاریک ہو جاتا ہے۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کے قول پاک کلا بل الخ کی تاویل ہے یعنی ہرگز نہیں۔ بلکہ اُن کی کمائی نے ان کے دلوں کو میلا کر دیا ہے۔ (ایضاً)

ایں سخن پایاں ندارد آے کیا　　بحثِ بازرگان و طوطی کن بپا

لغات ۔ کیا بزرگ۔ بپا پاؤں پر کھڑا ہونیوالا۔ قائم۔ تازہ۔

ترجمہ صاحب! اس بات کی تو کوئی انتہا نہیں (اب پھر) سوداگر اور طوطے کی بحث کو تازہ کیجئے۔

باز گفتن بازرگاں با طوطی آنچہ در ہندوستاں دید بود

سوداگر کا طوطے کے سامنے سب حال جو ہندوستان میں دیکھا تھا۔ بیان کر دینا

کرد بازرگاں تجارت را تمام　　باز آمد سوے منزل شاد کام

ترجمہ سوداگر تجارت کا کام ختم کر کے خوش خوش اپنے گھر کو واپس آیا۔

ہر غلامے را بیاورد ارمغاں　　ہر کنیزک را بہ بخشید او نشاں

ترجمہ ہر غلام کے لئے سوغات لایا ہر کنیزک کو (کوئی نہ کوئی) نشانی عطا کی

گفت طوطی ارمغانِ بندہ کو　　آنچہ دیدی آنچہ گفتی باز گو

ترجمہ طوطے نے بھی پوچھا بندے کا تحفہ کہاں ہے (لائے) جو کچھ آپ نے کہا سنا ہو۔ سب سنائیے

گفت نے من خود پشیمانم ازاں　　دستِ خود خایاں و انگشتاں گزاں

کہ چرا پیغام خامے از گزاف　　بردم از بیدانشی و از نشاف

لغات خایاں چباتا ہوا۔ گزاں کاٹتا ہوا دونوں اسم حالیہ ہیں۔ خائیدن اور گزیدن سے۔ نشاف بیعقلی۔ غلطی۔

ترجمہ (سوداگر) بولا (میں سنانا) نہیں (چاہتا) میں خود اس بات سے پشیماں ہوں۔ ہاتھ کو کاٹتا اور انگلیاں چبا رہا ہوں۔ کہ میں کیوں بے عقلی اور حماقت سے ایسا لغو پیغام جو بیہودہ باتوں کی قسم سے تھا۔ لے گیا۔

گفت اَیخواجہ پشیمانی زچیست　　چیست ایں کیں خشم وغم را مقتضی ست

لغات ۔ کیں کہ ایں مقتضی باعث ۔ موجب۔

ترجمہ (طوطا) بولا اے آقا کس بات کی پشیمانی ہے ۔ یہ کونسی بات ہے ۔ جو غصے اور غم کی مقتضی ہے ۔

گفت گفتم آں شکایتہائے تو　　باگروہِ طوطیاں ہمتائے تو

لغات ہمتا ۔ برابر ۔ مثل ۔ مانند ۔ ہم جنس ۔

ترجمہ (سوداگر نے) بتایا کہ میں نے تیرے ہم قوم طوطوں کے ایک گروہ کو وہ تیری شکائتیں سنائیں

آں یکے طوطی زدرد تت بوے برد　　زہرہ اش بدرید ولرزید وبمرد

لغات بوے بردن معلوم کرنا ۔ محسوس کرنا ۔ پتہ لگانا ۔ زہرہ زار کے فتحہ سے پتہ مراد جگر ۔

ترجمہ ان میں سے ایک طوطے نے تیرا درد محسوس کیا ۔ (جس سے) اس کا کلیجہ پھٹ گیا ۔ اور وہ تھرتھرا کر مرگیا ۔

من پشیماں گشتم ایں گفتن چہ بود؟　　لیک چوں گفتم پشیمانی چہ سود؟

ترجمہ میں پچھتایا کہ (میں) کیا بک گیا ہوں ۔ مگر جب کہہ چکا تو پچھتانے سے کیا فائدہ ؟

نکتہ کاں جستہ ناگہ از زباں　　ہمچو تیرے داں کہ جستہ آں زکماں

ترجمہ جو بات اچانک زبان سے نکل جائے ۔ اس کو تیر کی مانند سمجھو ۔ جو کمان سے چھوٹ نکلے ۔ صائبؒ

تا نسازی راست در دل حرف را بر لب مسیار　　تیر تا بیروں نرفت ست از کماں غافل مباش

وانگردد از رہ آں تیر اے پسر　　بند باید کرد سیلے را ز سر

ترجمہ بیٹا ! وہ تیر اپنی راہ سے پھر واپس نہیں آتا ۔ (پس) سیلاب کو شروع ہی سے بند کرنا چاہئے ۔

خامشی بہ کہ ضمیرِ دلِ خویش　　باکسے گفتن وگفتن کہ مگوے

اے سلیم آب سرِ چشمہ ببند　　کہ چو پر شد نتواں بستن جوے

چوں گذشت از سر جہاں ویراں کند　　گرچہ آں ویراں کند نبود شگفت

ترجمہ (ورنہ) جب (سیلاب) سر سے گزر گیا ۔ تو جہان کو ڈالے گا (پھر) اگر جہان کو ویران کردے کوئی تعجب کی بات نہیں ۔

فعل را در غیب اثر ہا زادنی ست　　واں مَوالیدش بحکمِ خلق نیست

لغات زادگی میں یا لیاقت کی ہے۔ یعنی لائق زادن موالید جمع مولود۔ نتائج۔

ترجمہ (قول کے نتائج کی طرح) ہر فعل کے آثار (و نتائج) بھی غیب سے پیدا ہونے والے ہیں۔ اور اس کے وہ پیدا شدہ (آثار خدا کے حکم سے ہیں) مخلوق کے حکم سے نہیں۔

مطلب آثار و نتائج کا پیدا ہونا کوئی کلام سے ہی مخصوص نہیں۔ بلکہ دیگر افعال کا بھی یہی حال ہے۔ کہ ان سے خاص خاص نتائج ظہور پاتے ہیں۔ اور گو ان افعال کا سرزد کرنا بندے کے اختیار میں ہے۔ مگر ان پر آثار و نتائج کا مترتب ہونا خاص خدا کے قبضہ قدرت میں ہے۔ حافظ رح ؎

ما ملکِ حافیت نہ بلشکر گرفتہ ایم ۔۔۔ ما تختِ سلطنت نہ بباز و نہادہ ایم

یہاں سے مسئلہ جبر و اختیار کی تحقیق شروع فرماتے ہیں۔

بے شریکے جملہ مخلوقِ خداست ۔۔۔ آں موالید ار چہ نسبت شاں بماست

ترکیب جملہ آں موالید مبتدا مخلوق خدا خبر بے شریکے خدا کی صفت مقدر کے متعلق ہے۔

ترجمہ وہ (آثار و نتائج) سب کے سب بلا شرکت غیرے خاص خداوند تعالیٰ کے پیدا کئے ہوئے ہیں۔ اگرچہ (مجازاً) اُن کی نسبت ہمارے ساتھ (کی جاتی) ہے۔ کما قال عمر خیام غفرلہ ؎

گر کارِ تو نیک ست بہ تدبیرِ تو نیست ۔۔۔ ور ریز بدست ہم بتقصیر تو نیست

زید پرّانید تیرے سوئے عمرو ۔۔۔ عمرو را بگرفت تیرش ہمچو نمر

لغات عمرو بفتح عین نام ہے۔ اس کے آخر میں واو زائد غیر ملفوظ اس غرض سے لکھی جاتی ہے۔ کہ یہ نام عمر بضم عین و فتح میم کے نام سے ملتبس نہ ہو۔ نمر پلنگ۔ تیندوا۔ اس کو چیتا کہنا غلطی ہے۔ چیتے کے لئے عربی لفظ فہد اور فارسی یوز ہے۔ ہمچو نمر میں نمر کو تیر کے ساتھ تشبیہ دی ہے۔ کہ اس کے تیر کی گرفت نمر کی سی تھی۔ جس میں وجہ شبہ گرفت ہے۔ اور عمرو کے ساتھ تشبیہ نہیں ہے۔ کہ کہا جائے عمرو کو یوں تیر لگا جس طرح نمر کے لگتا ہے۔ کیونکہ اس میں کوئی معقول و متعارف وجہ شبہ نہیں ہے۔

ترجمہ (مثلاً) زید نے عمرو کی طرف تیر چلایا (اور) اس کے تیر نے تیندوے کی طرح اس کو آن لیا۔

مدتِ سالے ہمے زاید درد ۔۔۔ دردہا را آفریند حق نہ مرد

ترجمہ ایک سال بھر اسی طرح درد ہوتا رہا (اب) ان دردوں کو خداوند تعالیٰ پیدا کرتا ہے۔ نہ کہ بندہ۔

مطلب ان دو شعروں میں اللہ تعالیٰ کے افعال کو بندوں کے ساتھ مجازاً منسوب کئے جانے کی مثال بیان فرمائی ہے۔ کہ دیکھو کہا جاتا ہے۔ کہ زید نے عمرو کو درد میں مبتلا کر دیا۔ حالانکہ زید کا کام صرف تیر چلانا تھا۔ نہ کہ درد کو پیدا کرنا درد کو پیدا کرنا تو خاص اللہ تعالیٰ کا فعل ہے۔ آگے اس دعوٰی کی دلیل پیش کرتے ہیں

زید رامی آمدم ار مُرد از وجل ۔۔۔ دردہا مے زاید آنجا تا اجل

لغات رامی تیر انداز وجل خوف۔ خوفناک آفت۔ اجل موت۔

ترجمہ اگر تیر انداز زید (بالفرض) کسی خوفناک آفت سے مر جائے تو پھر بھی ادھر (عمرو کے) درد ہوتے رہینگے۔

مطلب اگر اس درد کا خالق و موجد زید ہوتا۔ تو یہ بات لازمی تھی۔ کہ اس کے مرنے سے عمرو کا درد بھی موقوف ہو جاتا۔ کیونکہ اس صورت میں اس کا فعل ایجاد اس درد کی علت تامہ ہوتا۔ پھر جب وہ مر گیا۔ تو اس کے تمام افعال و اوصاف بھی جو اسکے ساتھ قائم تھے۔ نابود ہو گئے۔ اور علت تامہ کے ارتفاع سے معلول کا ارتفاع واجب ہے۔ مگر جب زید کے مرنے سے عمرو کا درد موقوف نہیں ہوتا۔ تو معلوم ہوا۔ کہ وہ اس کا فاعل نہیں۔

اختلاف بعض نسخوں میں پہلا مصرعہ یوں ہے۔ عمرو دائم ماند در درد و دجل۔ مگر یہ الفاظ فضول و غیر مفید ہیں۔ اور کاتبوں کے تصرفات کا نتیجہ معلوم ہوتے ہیں۔

زاں مَوالیدِ وجع چوں مُرد اُو　　زید را زاوّل سبب قتّال گو

ترجمہ جب ان پیدا شدہ دردوں کی وجہ سے وہ (یعنی عمرو) مر گیا۔ تو زید کو (اس کے فعل تیر اندازی کے لحاظ سے قتل عمرو کا) سبب اول (ہونے) کی وجہ سے قاتل کہو گے۔

آں وجعہا را بدو مَنسُوب دار　　گرچہ ہستند آں جملہ صنعِ کردگار

ترجمہ ان سارے دردوں کو اس سے منسوب کرو گے۔ اگرچہ وہ سب خداوند تعالیٰ کے پیدا کرنے کے ہیں۔

ہمچنیں کسب و دم و دام و جماع　　آں مَوالیدست حق را مُستطاع

لغات دم مکر و حیلہ۔ مستطاع مقدور جس کی قدرت و طاقت ہو۔

ترجمہ اسی طرح کمانا، حیلہ و تدبیر کرنا۔ جال بچھانا اور جماع کرنا۔ یہ (سب کے سب کام) اللہ تعالےٰ کے مخلوق و مقدور ہیں۔

مطلب غرض تمام افعال عباد کے آثار اور نتائج کا پیدا کرنیوالا۔ اللہ تعالےٰ ہے۔ نہ کہ بندہ اس تقریر سے یہ ثابت کیا ہے۔ کہ افعال عباد کے نتائج اللہ تعالیٰ پیدا کرتا ہے۔ باقی رہے خود افعال جو بندوں سے سرزد ہوتے ہیں۔ اُن کا خالق بھی خدا ہے۔ یا انکو بندے پیدا کرتے ہیں۔ اس کا ذکر یہاں نہیں کیا۔ اگرچہ شرح کے پچھلے صفحات میں ایک دو جگہ ضمناً اس سوال کا جواب گذر چکا ہے۔ واضح ہو۔ کہ معتزلہ کے نزدیک افعال کا خالق خود بندہ ہے۔ مگر اہل حق کا عقیدہ یہ ہے۔ کہ بندوں کے تمام نیک و بد افعال کا خالق اللہ تعالیٰ ہے۔ ہاں بندہ ان افعال کا کاسب ہے۔ جیسے کہ شرح عقائد نسفی میں ہے۔ واللہ تعالیٰ خالق لافعال العباد من الکفر والایمان والطاعۃ والعصیان لا کما زعمت المعتزلۃ ان العبد خالق لافعالہ۔ غرض افعال مرتبہ خلق میں اللہ تعالیٰ سے اور مرتبہ کسب میں بندے سے منسوب ہیں۔

بستہ دَرہائے مَوالید از سَبَب　　چوں پشیماں شد ولی از دستِ ربّ

ترکیب چوں پشیماں شد شرط مؤخر۔ بستہ درہائے۔ موالید جزائے مقدم۔ از سبب متعلق موالید کے از دست رب متعلق بستہ کے۔

افعال عباد کا خالق اللہ ہے اور کاسب بندہ

ترجمہ ماں ولی جب (کسی سبب کے سرزد ہونے سے) پشیماں ہوتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ کی قدرت سے اس سبب پر نتائج (و آثار) کا دروازہ بند کر دیتا ہے۔ (یعنی اس فعل پر اس کا اثر مترتب ہونے نہیں دیتا)۔

مطلب اوپر جو فرمایا تھا کہ افعال پر آثار کا مترتب ہونا بندے کے اختیار کی بات نہیں۔ اس سے یہ بھی لازم آیا کہ جب ایک فعل پر اس کا اثر و نتیجہ مترتب ہونے لگتا ہے۔ تو اس کو روکنا بھی بندے کے قبضۂ قدرت میں نہیں یعنی جب اس کے لئے ترتب آثار مقدور نہیں تو عدم ترتب بھی مقدور نہیں۔ بلکہ اوپر اس کی تصریح فرمائی ہے کہ ؎ وا نہ گردد از رہ آں تیر اے پسر۔ اب فرماتے ہیں۔ کہ یہ حالت عوام کی ہے۔ جو خوارق عادت کے اہل نہیں ہیں۔ اہل اللہ جن کو خوارق عادت کا رتبہ حاصل ہے۔ اس سے مستثنیٰ ہیں۔ وہ باذنِ الٰہی قادر ہیں۔ کہ اسباب پر آثار کو مترتب نہ ہونے دیں۔ آگے اس کی مزید تاکید فرماتے ہیں۔

اَولیارا ہست قُدرت از اِلٰہ تیر جستہ باز آرندش زراہ

ترجمہ (چنانچہ بعض) اولیا کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ قدرت (حاصل) ہے۔ کہ چھوٹے ہوئے تیر کو راہ سے واپس لائیں

مطلب جو نکہ خرق عادت ولایت کی شرط نہیں ہے۔ اور یہ ضرور نہیں کہ ہر ولی سے خرق عادت کا ظہور ہو۔ اسلئے اولیاء سے یہاں بعض اولیا مراد ہیں۔ ولی کے اوصاف و شرائط جو کتب کلامیہ میں مذکور ہیں۔ صرف یہ ہیں۔ کہ وہ اللہ کی ذات و صفات کا عارف ہو۔ ہمیشہ طاعات بجالائے۔ اور معاصی و محرمات سے پرہیز کرے۔ لذات و شہوات میں غرق ہونے سے بچے پاک و صاف رہے۔ یہ نہ ہو کہ نجاست سے آلودہ اور کتوں سے ملا جلا رہتا ہو۔ وہ نماز و دیگر عبادات کو ترک نہ کرے۔ مجنوں اور فاتر العقل نہ ہو۔ شرمگاہ کو ننگا نہ کرے۔ باقی بدن کو برہنہ رکھنے کا بھی عادی نہ ہو (مجالس الابرار)

گفتۂ ناگفتہ کند از فتح باب تا ازاں نے سیخ سوزد نے کباب

ترجمہ (ولی اپنے آپ پر قرب حق کا) دروازہ کھلا ہونے کے سبب سے منہ سے نکلی ہوئی (نازیبا) بات کو محو کرا سکتا ہے۔ تاکہ نہ (اس کی شامت سے) سیخ جلے نہ کباب۔

مطلب کباب مقصود ہوتا ہے اور سیخ ذریعہ اگر سیخ جل جائے۔ تو گویا ذریعہ جاتا رہا۔ اور کباب بھی جل جائے تو مقصود ہی فوت ہو گیا۔ یہ کنایہ ہے اس سے کہ اولیاء اللہ کا اپنی زبان سے نکلی ہوئی نازیبا بات کو محو عفو کرنے سے مقصد یہ ہوتا ہے کہ ان کے حصول قرب کے ذرائع بھی قائم رہیں۔ اور قرب بھی متوقع رہے۔

از ہمہ دلہا کہ آں نکتہ شنید آں سخن را کرد محو و ناپدید

ترجمہ (ولی کو یہ طاقت ہے کہ) تمام دلوں سے جنہوں نے وہ نکتہ سنا ہو اس بات کو محو و نابود کر دے

گرت بُرہاں باید و حُجّت مہا از نُنسِہا خواں آیۂ اَوْ نُنسِہَا

لغات گرت اگر تجھ کو۔ مہا اے بہ اے سردار بزرگوار۔ نُنسِہَا نون کے ضمہ اور یائے مجہول سے قرآن مجید۔

ترجمہ۔ حضرت اگر آپ کو ثبوت و دلیل درکار ہے۔ تو قرآن مجید سے او ننسہا کی آیت پڑھئے۔

مطلب اس آیت کی طرف اشارہ ہے۔ مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰیَۃٍ اَوْ نُنْسِہَا نَاْتِ بِخَیْرٍ مِّنْہَا یعنی نہیں منسوخ کرتے

ولی کے اوصاف و شرائط

ہم کسی آیت کو یا بھلاتے اس کو مگر یہ کہ لاتے ہیں بہتر اس سے۔ مفسرین نے اس آیت میں ننسہا کے چند معنے بیان کئے ہیں۔ جن میں سے ایک معنی بھلانے کا بھی ہے مراد یہ ہے۔ کہ ہم آپ کے قلب سے کسی آیت کو محو کر دیتے ہیں۔ ابوامامہ ابن سہیل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ چند صحابہ ایک شب نماز کے لئے کھڑے ہوئے۔ اور ایک سورت پڑھنی چاہی۔ تو وہ سورت بالکل یاد نہ آئی۔ صرف بسم اللہ یاد رہ گئی۔ صبح کے وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں یہ واقعہ عرض کیا۔ تو آپ نے فرمایا اس سورت کی تلاوت اور حکم دونوں اٹھا لئے گئے۔ (تفسیر مظہری)

آیہ اَنْسُوْکُمْ ذِکْرِیْ بخواں قوتِ نسیاں نہادن شاں بداں

ترجمہ (ساتھ ہی) آیہ انسوکم ذکری پڑھو۔ اور ان (اولیاء اللہ) میں بھلا دینے کی قوت ودیعت کئے جانے کا خیال کرو۔

مطلب یہ سورۂ مومنون کی اس آیت کی طرف اشارہ ہے۔ اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ۔ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰٓى اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ۔ یعنی میرے بندوں میں سے کچھ لوگ تھے۔ جو کہتے تھے۔ اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لائے۔ پس ہم کو بخش دے۔ اور ہم پر رحم کر۔ اور تو سب سے اچھا رحم کرنیوالا ہے۔ تو تم نے ان کا مذاق بنا رکھا تھا یہانتک کہ انہوں نے تمہارے دل سے میری یاد بھلا دی اور تم ان سے ہنستے تھے۔ انتہیٰ۔ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے قیامت کے دن ان کافروں کو خطاب ہوگا۔ جو اہل اللہ سے تمسخر کرتے تھے۔ بھلا دینے کا فعل جس کو اللہ تعالیٰ نے پہلی آیت میں اپنے ساتھ منسوب فرمایا ہے۔ دوسری آیت میں اس کو اپنے بندوں سے منسوب کیا ہے۔ یعنی وہ لوگ اپنے تمسخر کرنیوالوں کو ان کے اس فعل کی یہ سزا دیتے ہیں۔ کہ ان کے دل سے خدا کی یاد محو کرا دیتے ہیں۔ جو ایک نعمت کبریٰ اور عطیہ عظمیٰ ہے۔ مگر فی الواقع یہ فعل بھی اللہ تعالیٰ ہی کا ہے۔ اور وہ باذنِ خداوندی ایسا کرتے ہیں۔ اب اس استدلال کا یہ نتیجہ نکلا کہ:-

چوں بہ تذکیر و بہ نسیاں قادرند برہمہ دلہائے خلقاں قاہرند

لغات تذکیر یاد دلانا امورِ دین پر متوجہ کرنا۔ خلقاں جمع خلق قاہر غالب حکمران۔

ترجمہ جب (اولیاء اللہ) یاد دلانے اور بھلا دینے پر قادر ہیں۔ تو گویا تمام مخلوق کے دلوں پر حکمراں ہیں

چوں بہ نسیاں بستہ اورا نظر کارِ نتواں کرد ور باشد ہنر

ترجمہ جب اس نے نسیان سے غور و فکر کی راہ بند کر دی۔ تو اگرچہ (بڑے سے بڑا) ہنر (آتا) ہو کچھ کام نہیں دیتا۔

خذتموہ سخریۃ اھل السمو ازنبے خوانید تا انسوکم

نسخ آیات

دنیا میں کسی سے علوم و معارف سلب کرنے کی طاقت فقط خدا

لغات ۔ اہل السمو اہل مراتب ۔ ذی شان ۔

ترجمہ قرآن مجید سے فاتخذ تموھم سخریا سے لیکر انسو کھ تک پڑھ جاؤ

مطلب آیہ کریمہ کے کلمات فاتخذ تموھم میں جو ضمیر جمع غائب یعنی "ھم" اہل اللہ کے لئے آئی ہے ۔ اس کو یہاں اھل السمو سے تعبیر کیا ہے ۔ اور یہ کمی بیشی بغرض وزن شعر ہوئی ہے ۔ آیت کا ترجمہ اوپر گذر چکا ہے واضح ہو کہ اس آیت میں بھلا دینے کی اسناد مومنین کی طرف باجماع مفسرین مجازاً ہے ۔ اور مطلب اس کا یہ ہے ۔ کہ مومنین کی مسکنت وخستہ حالی کفار کے لئے دل لگی کا ایسا مشغلہ بن گئی ۔ کہ ان کو یاد خدا کی بھی پروا نہ رہی ۔ گویا انہی مومنوں نے ان لوگوں کو خدا سے غافل کر دیا ۔ مگر مولانا رحمۃ اللہ علیہ نے اس فعل کا اہل اللہ کے ساتھ حقیقۃً اسناد تسلیم کر کے اپنے دعوی پر استدلال کیا ہے ۔ یعنی اہل اللہ ہی نے عمداً ان کو ذکر خدا سے غافل کیا ہے ۔ چونکہ کلمۂ اَنسَوا فی نفسہ اسناد حقیقی کو محتمل ہو سکتا ہے ۔ ساتھ ہی خوارق عادت قواعد شرعیہ کے خلاف نہیں ۔ یعنی از روے شرع یہ بعید نہیں کہ اہل اللہ اپنی کرامت سے ایسا تصرف کر دیں اسلئے اس آیت کے معنی میں اسناد حقیقی مان لینا غلط اور باطل نہیں ہو سکتا ۔ البتہ مرجوح ضرور ہے ۔

صاحب دہ بادشاہ جسمہاست صاحبدل شاہ دلہا شماست

ترجمہ شہر کا حاکم تو تمہارے اجسام پر حکمران ہے ۔ صاحبدل (ولی) تمہارے قلوب پر فرمانروا ہے ۔

مطلب کیونکہ وہ صاحب تصرف ہے ۔ کہ اپنی تاثیر سے طالبوں کو مستفید کر سکتا ہے ۔ اور اگر کسی کو حصول کمال کا اہل نہیں پاتا ۔ تو اس سے سب فیوض سلب بھی کر سکتا ہے ۔ حتی کہ حاصل شدہ برکات اس سے زائل اور یاد کی ہوئی باتیں اس کے ذہن سے محو ہو جاتی ہیں ۔ اب صاحب تصرف ہونے کے ساتھ اس کا صاحب کشف ہونا بیان فرماتے ہیں ۔

فرع دید آمد عمل بے ہیچ شک پس نباشد مردم الا مردمک

لغات فرع شاخ ۔ دید بصیرت ۔ علم مردمک آنکھ کی پتلی ۔

ترجمہ بیشک عمل علم کی شاخ ہے ۔ پس آدمی (میں سب سے افضل چیز) آنکھ کی پتلی ہی ہے ۔

مطلب ۔ تصرفات جن کا ذکر اوپر گزرا ہے ۔ سب علم یعنی کشف کی فرع ہیں ۔ یعنی پہلے کشف کا درجہ حاصل ہوتا ہے تو پھر تصرفات کی قابلیت پیدا ہوتی ہے ۔ جس سے کشف یعنی علم کا اصل ہونا ثابت ہوا ۔ پھر دوسرے مصرعہ میں علم اور صاحب علم کی فضیلت کی طرف اشارہ فرماتے ہیں ۔ کہ انسان میں سب سے بڑی چیز آنکھ کی پتلی ہے ۔ جو کاشف اشیاء ہے ۔ اسی طرح انسانوں کی جماعت میں ولی اللہ بمنزلہ مردمک کے ہے ۔ کہ بظاہر حقیر و کمتر ہے ۔ مگر فی الحقیقت سب سے افضل و برتر ۔

مردمش چوں مردمک دید ند خرد در بزرگی مردمک کس پے نبرد

ترجمہ (مگر لوگوں نے (اس ولی کو) پتلی کی طرح حقیر سمجھ رکھا ہے ۔ مگر اس پتلی کی بزرگی کا کسی نے پتہ نہ لگایا (کہ اس میں کیا کیا عالم سما رہے ہیں) خواجوئی کرمانی ؒ

خوشا سرفرازانِ کوتاہ دست — بزرگانِ خرد و بلندانِ پست
سلاطین نشانانِ خلوت نشین — اقالیم گیرانِ عزلت گزیں
ہمہ نامداران گم کردہ نام — ہمہ کامگاران نادیدہ کام

یہاں سے یہ ہدایت مستفاد ہوتی ہے۔ کہ مستور الحال درویشوں اور فقیروں کی تحقیر و دل آزاری سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ مبادا اس کا کوئی بُرا نتیجہ پیش آجائے۔ امیر خسرو رح ؎

وقتے زبان طعن کشودم بہ بیدلے — دائم دلِ خراب مراحق او گرفت

من تمام ایں را نیارم گفت زاں — منع مے آید ز صاحب مرکزاں

لغات صاحب مرکز۔ ایک بڑے درجے کے اولیا مراد ہیں۔ اہل تمکین۔ قطب ارشاد۔
ترجمہ میں (ان بزرگوں کے) اس (تصرف و کمال کی تفصیل) کو پوری طرح بیان نہیں کرسکتا کیونکہ اہل مرکز (یعنی مقام ارشاد کے قطبوں) کی طرف سے (اس کی) ممانعت ہے۔
مطلب ان اسرار کا اظہار ممنوع ہونے کی وجہ یہ ہے کہ ان مضامین کے بیان میں اگر کچھ فائدہ متصور ہے۔ تو اس کے مقابلے میں خطر اور خوف ضرر زیادہ ہے۔ اور کم فہم لوگوں کے غلطی میں پڑ جانے کا قوی احتمال ہے۔ عراقی رح ؎

میخواستم از اسرار اظہار کنم حرفے — زاغیار بتر سیدم گفتم سخن سر بست

چوں فراموشیِ خلق و یادِ شاں — باوے ست و میرسد فریادِ شاں
صد ہزاراں نیک و بد را آں یہی — میکند ہر دم زدِلہا شاں تہی

لغات یہی با، کے فتحہ سے بروزن فعیل از ہما، یعنی باکمال بارونق یا فروغ۔
ترجمہ چونکہ لوگوں کی فراموشی اور ان کی یادداشت اس (ولی) سے وابستہ ہے۔ اور وہ ان کا فریادرس ہے (اس لئے) وہ باکمال لاکھوں اچھے بُرے خیالات کو (رات کے وقت) ہمیشہ ان کے دل سے نکالتا رہتا ہے۔

روز دِلہا را ازاں پُر میکند — آں صد فہا را پُر از دُر میکند

ترجمہ (پھر) دن کے وقت ان خیالات کے ساتھ قلوب کو پُر کر دیتا ہے۔ (گویا) ان (دلوں کے) سیپوں کو (اخلاق کے) موتیوں سے بھر دیتا ہے۔
مطلب ان لوگوں کو جب رات کے وقت نیند آجاتی ہے۔ تو انکے قلوب سب خیالات سے خالی ہو جاتے ہیں پھر دن کو بیدار ہوتے ہی وہ خیالات، پھر دلوں میں آجاتے ہیں۔ یہ خیالات کی آمد و رفت بھی یا ذنِ الٰہی انہی اولیا کے تصرف سے وقوع پاتی ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہٗ لکھتے ہیں کہ فرشتوں کی ایک عظیم جماعت دنیا میں اس خدمت پر مامور ہے۔ کہ ان کو عالم بالا سے جیسا الہام ہوتا ہے۔ اس کے مطابق انسان اور دیگر حیوانات کے دلوں میں اپنی تاثیر سے مختلف ارادے اور خیالات پیدا کرتے رہتے ہیں۔ جو مقصود قدرت

کے مناسب ہوتے ہیں (حجۃ اللہ البالغہ) اسی طرح بعید نہیں۔ کہ فرشتوں کی طرح اولیاء کو بھی قدرت الٰہیہ نے ایسی خدمت پر مامور فرمایا ہو۔ ؎

صائب جماعتے کہ بمعنی رسیدہ اند — تسخیر دل بیک نگہ آشنا کنند

ولہ — چوں آفتاب گرچہ نداریم لشکرے — تسخیر عالم از نگہ پاک کردہ ایم

یہاں اولیاء اہل تکوین کے فضائل و کمالات کا ذکر ہے۔ کلید مثنوی میں لکھا ہے کہ اولیاء اللہ کی دو جماعتیں ہیں۔ ایک وہ ہیں جن کے سپرد خلق اللہ کی ہدایت و ارشاد، قلوب کی اصلاح، نفوس کی تربیت اور قرب حق حاصل کرنے کی تعلیم ہے۔ یہ اہل ارشاد کہلاتے ہیں۔ اور ان میں جو بزرگ اپنے اپنے عہد میں سب سے افضل و اکمل ہوں۔ اور ان کا فیض اتم و اعم ہو۔ ان کو قطب ارشاد کہتے ہیں۔ یہ حضرات انبیاء علیہم السلام کے نائب حقیقی ہوتے ہیں۔ اور ان کا طرز عمل طرز نبوت ہوتا ہے۔ دوسرے وہ حضرات جن کے متعلق معاش خلق کی اصلاح اور امور دنیا کا انتظام اور دفع بلیات ہے۔ کہ اپنی ہمت باطنی سے باذن الٰہی ان امور میں تصرف کرتے رہتے ہیں۔ ان کو اہل تکوین کہتے ہیں۔ ان میں سے جو بزرگ سب سے اعلیٰ اور اقویٰ اور دوسروں پر حاکم ہوتے ہیں۔ انکو قطب التکوین کہا جاتا ہے۔ ان کے کاروبار ان ملائکہ کی طرح ہوتے ہیں جنکو مدبرات امرا فرمایا گیا ہے حضرت خضرؑ بھی اسی شان کے معلوم ہوتے ہیں مولانا اس مقام میں جن اولیاء اللہ کے تصرفات کا ذکر فرما رہے ہیں وہ اہل تکوین ہیں۔ ان کے مقام و منصب کے لئے ایسے تصرفات و خوارق کا ہونا لازم ہے بخلاف اہل ارشاد کے۔ کہ ان کا صاحب خوارق ہونا لازم نہیں۔ البتہ ان کی کرامات ذوقی و وجدانی ہوتی ہیں۔ کہ ان کا ادراک عوام کو نہیں ہوتا جو شخص ان کی صحبت سے مستفید ہوتا ہے۔ وہ معلوم کر سکتا ہے۔

اولیاء اللہ دو جماعتیں (۱) ارشاد (۲) اہل تکوین

آں ہمہ اندیشہ پیشانہا — میشناسد از ہدایت جانہا

لغات پیشاں بمعنی پیشیں **ترکیب** جانہا فاعل ہے شناسد کا۔ اندیشہ مفعول بہ۔

ترجمہ (ان اولیاء کی) ارواح (لوگوں کے) ان تمام سابقہ خیالات کو تعلیم حق (کی روشنی) سے (بخوبی) پہچانتی ہیں۔

پیشۂ و فرہنگ تو آید بتو — تا در اسباب بکشاید بتو

ترجمہ (اور ان کے تصرف سے) تمہارا پیشہ اور دانائی (جاگتے وقت) تمہاری ہی طرف رجوع کرتا ہے۔ تاکہ اس ہنر کے ذریعہ سے تم پر اسباب (معاش اور تدابیر حوائج) کا دروازہ کھل جائے۔

مطلب ان اولیاء کو زمانہ حال کی طرح زمانہ ماضی کے متعلق بھی علمی تصرف یعنی کشف حاصل ہوتا ہے۔ اور ان کے اس تصرف کی وجہ سے ہر شخص کا پیشہ بیداری کے وقت خاص اسی کے پاس چلا جاتا ہے۔ یہ نہیں کہ ایک کا پیشہ دوسرے کے پاس اور دوسرے کا پیشہ تیسرے کے پاس پہنچ جائے اور اصل پیشہ ور اپنے پیشے کو بھول جائے۔

پیشۂ زرگر بآہنگر نشد — خوے ایں خوشخویداں منکر نشد

ترجمہ سنار کا پیشہ لوہار کی طرف رجوع نہیں کرتا۔ اس خوشخو کی خصلت اس بدخو کی طرف نہیں جاتی۔

پیشہا و خلقہا ہمچوں جہیز سوئے خصم آیند روز رستخیز

لغات خلقہا اخلاق خصم مالک رستخیز را کے ضمہ سے یعنی اُگنا اور اُٹھنا یا را کے فتحہ سے پھر اس کے معنی چھوٹنا اور اُٹھنا ہونگے۔ مراد دونوں سے حشر و نشر ہے۔

ترجمہ تمام پیشے اور اخلاق جہیز کی طرح (جو جہیز کے مستحق کی طرف آتا ہے) قیامت کے روز اپنے) مالک کی طرف آئینگے۔

مطلب - اوپر ذکر تھا کہ صبح کے وقت ہر پیشہ ور کا پیشہ اس کے پاس آجاتا ہے۔ اب اس کی مناسبت سے فرماتے ہیں۔ کہ صبح قیامت کو ہر شخص کے اعمال اس کے پاس آجائینگے۔ صائب رح ؎

خانۂ دنیا بعینہ خانۂ آئینہ است ہر چہ کس آورد با خود ہم ہماں رامے برد

عن عدی ابن حاتم قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما منکم من احد الا سیکلمہ ربہ لیس بینہ وبینہ ترجمان ولا حجاب یحجبہ فینظر ایمن منہ فلا یری الا ما قدم من عملہ وینظر اشأم منہ فلا یری الا ما قدم وینظر بین یدیہ فلا یری الا النار تلقاء وجھہ فاتقوا النار ولو بشق تمرۃ متفق علیہ یعنی عدی ابن حاتم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے ہر شخص کے ساتھ اس کا پروردگار کلام کریگا۔ اس کے اور اس کے درمیان کوئی ترجمان یا پردہ نہ ہوگا۔ جو اس کے آگے آڑ ہو۔ پھر وہ اپنے دائیں طرف نظر کریگا۔ تو اس کو اپنے اعمال ہی اعمال دکھائی دینگے۔ جو وہ پہلے کر چکا ہے اور اپنے بائیں طرف دیکھے گا۔ تو اسکو (ادھر بھی) اپنے عمل ہی عمل نظر آئینگے۔ جو کر چکا ہے۔ اور اپنے سامنے دیکھے گا۔ تو اس کو دوزخ اپنے منہ کے سامنے دکھائی دیگا۔ پس بچو دوزخ سے اگرچہ کھجور کے ایک ٹکڑے کے ساتھ اس حدیث کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے۔ (مشکوۃ) سعدی رح ؎

قیامت کہ بازار مینو نہند منازل باعمال نیکو دہند
بضاعت بچند انکہ آری بری وگر مفلسی شرمساری بری
برفتند و ہر کس درود آنچہ کشت نماند بجز نام نیکو و زشت

صورتے کان بر نہاد تو غالب ست ہم براں تصویر حشرت واجب ست

ترجمہ دنیا میں جو صورت تمہارے وجود پر غالب ہے۔ اس صورت پر (قیامت کو) تمہارا حشر ہونا واجب ہے۔

مطلب - یعنی ایک شخص کی زندگی جن اخلاق و اطوار اور جن حالات و مشاغل میں بسر ہوئی ہے۔ انہی کی مناسب صورت میں وہ اُٹھے گا۔ شرح بحر العلوم میں لکھا ہے۔ کہ شعر کا معنی اس قول سے ماخوذ ہے جو مروی ہے۔ کَمَا تَعِیْشُوْنَ تَمُوْتُوْنَ وَکَمَا تَمُوْتُوْنَ تُبْعَثُوْنَ یعنی جس حالت پر تم نے زندگی بسر کی ہے۔ اسی پر مروگے۔ اور جس حالت پر مروگے۔ اسی پر اٹھائے جاؤگے۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہٗ فرماتے ہیں۔ عالم مثال میں بعض ایسی مناسبات ہیں جن پر احکام مبنی ہوتے ہیں۔ چنانچہ حضرت جبرئیل کا خاص دحیہ کلبی کی صورت میں متشکل ہونا

ہر شخص کا حشر اس کے اعمال کے مناسب حال ہوگا

روز قیامت ہر شخص اپنے اپنے اعمال سامنے پائیگا

کسی خاص معنی پر مبنی تھا۔ اور ان مناسبات کا عارف جان لیتا ہے۔ کہ فلاں عمل کی جزا کس صورت میں ہوگی۔ جیسے تعبیر خواب کا عارف جانتا ہے۔ کہ خواب میں دیکھی ہوئی صورت سے کونسا معنی مراد ہے۔ غرض اسی طریقے سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ کہ جو شخص علم کو چھپائے۔ اور تعلیم کی ضرورت کے وقت اس سے جی چرائے اس کو آگ کے لگام سے عذاب دیا جائیگا۔ اور جو شخص مال کو نہایت عزیز رکھے۔ اور ہمیشہ اسیکی محبت میں مگن رہے اس کے گلے میں گنجا سانپ ہار بنا کر ڈالا جائیگا۔ اور جو شخص درہم و دینار کی حفاظت جان کے برابر کرے اور خدا کی راہ میں ان کو خرچ نہ کرے۔ اس کو انہی چیزوں سے داغ دے دے کر عذاب کیا جائے گا۔ اور جو شخص اپنے آپ کو دنیا میں کسی تیز چیز یا زہر وغیرہ سے عذاب دے۔ قیامت میں اس کو اسی چیز سے عذاب دیا جائیگا۔ جو شخص محتاج کو کپڑا پہنائے۔ قیامت میں اس کو جنت کی اعلیٰ پوشاک دی جائے گی۔ جو کسی بردے کو آزاد کرے۔ اس کا ایک ایک عضو آگ سے آزاد رہیگا۔ (حجۃ اللہ البالغۃ)

اختلاف ۔ مولانا بحر العلوم رح بعض شارحین سے نقل کرتے ہیں۔ کہ یہ شعر قدیم نسخوں میں نہیں ہے۔

پیشہا و خلقہا از بعدِ خواب　　واپس آید ہم بخصمِ خود شتاب

ترجمہ (مضمون سابق کا اعادہ ہے) سو چکنے کے بعد پیشے اور خصلتیں فوراً اپنے اپنے مالک کے پاس واپس آجاتی ہیں (چنانچہ سوتار لوہار وغیرہ سویرے اٹھتے ہی اپنے اپنے کام میں لگ جاتے ہیں)

پیشہا و اندیشہا در وقتِ صبح　　ہم بدانجا شد کہ بود آں حسن و قبح

ترجمہ پیشے اور اندیشے سویرے ہوتے ہی اسی جگہ جاتے ہیں۔ جہاں پہلے وہ خوبی یا برائی (موجود) تھی۔

چوں کبوترہائے پیک از شہرہا　　سوئے شہر خویش آرد بہرہا

ترجمہ جیسے کہ نامہ بر کبوتر دوسرے شہروں سے اپنے شہر کی طرف (اپنے اپنے مکتوب الیہم کے لئے نامہ و پیام کے) قصے لاتے ہیں۔

مطلب کبوتروں کی یاد مشہور ہے۔ یہ اپنے گھروں کو خوب پہچانتے ہیں۔ منزلوں سے بھاگ کر آتے ہیں اور برسوں نہیں بھولتے۔ پرانے زمانے میں جب ڈاک تار کے سامان نہ تھے۔ تو بعض دور دراز سفر پر جانے والے لوگ دو ایک بھروسے کے کبوتر ساتھ لے جاتے۔ جب ضرورت پڑتی۔ تو کاغذ پر مطلب لکھ کر ایک کے گلے میں باندھ دیتے وہ لیکر سیدھا گھر پر آجاتا۔ نامہ بر کبوتر اسی قسم کے کبوتر سے مراد ہے۔ کما قیل ؎

نہ فاصدے نہ صبائے نہ مرغ نامہ بہ　　کسے ز بیکسیِ ما نمے برد خبرے

وقیل ؎ چو بستم نامہ بر بالِ کبوتر　　بستہ شد پایش　　تو گوئی حلقۂ دام ست نقشِ مہر مکتوبم

ہر چہ بینی سوئے اصلِ خود رود　　جزو سوئے کلِّ خود راجع شود

ترجمہ (اسی طرح) جو چیز تم دیکھتے ہو۔ اپنے اپنے اصل کیطرف جاتی ہے۔ جزو اپنے کل کی طرف راجع ہے

؎ ہر کجا فرع ست آرد سوئے اصلِ خود غنی　　سر بپائے نخل آخر مے گزارد برگ و بار

شنیدن آں طوطی حرکت آں طوطی را و مُردن و نوحہ خواجہ بر و

طوطے کا اس طوطے کی حرکت سُنکر مرجانا اور مالک کا اس پر نوحہ کرنا

چُوں شنید آں مُرغ کاں طوطی چہ کرد ہم بلرزید و فتاد و گشت سرد

ترجمہ جب اس پرندے نے سُنا کہ اس طوطے نے کیا کیا۔ تو وہ بھی تھرتھرا کر گر پڑا اور مرگیا۔

خواجہ چُوں دیدش فتادہ اینچنیں بر جہید و زد کُلہ را بر زمیں

ترجمہ مالک نے جب اُسکو یوں گرا ہوا پایا۔ تو (بیقراری سے تڑپ) اٹھا اور (اپنی) ٹوپی زمین پر دے ماری

چُوں بدیں رنگ و بدیں حالش بدید خواجہ بر جست و گریباں را درید

ترجمہ جب اس (طوطے) کو اس رنگ اور حالت میں دیکھا۔ تو خواجہ تڑپ اٹھا اور (اپنا) گریبان چاک کیا۔

گُفت اَے طوطیِ خُوبِ خوشِ جبیں ہے چہ بُودت ایں چرا گشتی چنیں

ترجمہ (رو کر) کہنے لگا اے خوبصورت پیشانی والے طوطے ہائے تجھے کیا ہوگیا۔ تیری کیوں یہ حالت ہوگئی۔

اَے دریغا مُرغِ خوش آوازِ من اَے دریغا ہمدم و ہمرازِ من

ترجمہ ہائے ارے میرے خوش آواز پرندے! ہائے رے! میرے ساتھی اور بھیدی۔

اَے دریغا مُرغِ خوش اَلحانِ من راحِ رُوح و رَوضۂ رضوانِ من

ترجمہ ہائے رے! میرے خوش الحان پرندے! میرے آرام جان اور باغ بہشت

گر سُلیماں را چُنیں مُرغے بدے کے دگر مشغُولِ آں مُرغاں شُدے

ترجمہ اگر حضرت سلیمانؑ کے پاس ایسا پرندہ ہوتا تو پھر کب دوسرے پرندوں میں جی لگاتے

مطلب حضرت سلیمانؑ منطق الطیر (پرندوں کی بولی) سمجھتے تھے۔ اسلئے آپ ان کے احوال و اقوال سے دلچسپی رکھتے تھے جس کا ذکر آگے گزر چکا ہے

اَے دریغا مُرغ کاَزراں یافتم زُود رُو از رُوے او برتافتم

ترجمہ ہائے رے (میرے) پرندے جسکو میں نے سستے داموں پایا تھا۔ جلد ہی اس کے دیدار سے مُنہ موڑنا پڑا

اَے زباں تو بس زیانی مَر مرا چُوں توئی گویا چہ گویم مَر ترا

ترجمہ اے میری زبان (جس نے اس پیغام کو ادا کرکے طوطے کو مار ڈالا) تو میرے لئے بڑی ضرر رساں ہے

(تجھے ملامت تو کروں مگر) چونکہ (اسمیں بھی میری طرف سے) تو ہی بولتی ہے۔ اب تجھے کیا کہوں۔

اَے زُباں ہم آتش و ہم خرمنی　　چند ایں آتش دریں خرمن زنی

ترجمہ اے زبان تو آگ بھی ہے۔ خرمن بھی ہے۔ اس خرمن میں کب تک یہ آگ لگاتی رہیگی

مطلب زبان کو آگ اس لحاظ سے کہا کہ کلمات قبیحہ بول کر موجب فتنہ و فساد ہوتی ہے۔ اور خرمن اس اعتبار سے کہ وعظ و نصیحت اذکار و اوراد وغیرہ کلمات حسنہ اس سے ادا ہوتے ہیں۔ جو توشہ عقبےٰ ہیں۔ امام غزالی رح فرماتے ہیں ان اللسان من نعم اللہ العظیمۃ و لطائف صنعہ الغریبۃ فانہ صغیر جرمہ عظیم طاعتہ وجرمہ اذا لا یستبین الکفر والایمان الا بشہادۃ اللسان۔ یعنی زبان اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمتوں اور اس کی بنائی ہوئی نادر چیزوں سے ہے۔ کیونکہ اس کا وجود تو چھوٹا ہے۔ مگر اس کی طاعت اور گناہ بڑا ہے۔ اس لئے کہ کفر اور ایمان صرف زبان کی شہادت سے ظاہر ہو سکتا ہے (احیاء العلوم) دوسرے مصرعہ کا مطلب یہ ہے۔ کہ اے زبان تو اپنے کلمات قبیحہ سے کلمات حسنہ کا اثر و برکت تک ضائع کرتی رہیگی۔ ایک حدیث کے یہ کلمات ہیں۔ ان الرجل لیتکلم بالکلمۃ من الشر لا یعلم مبلغہا یکتب اللہ بہا علیہ سخطہ الی یوم یلقاہ یعنی آدمی کوئی برا کلمہ بول اٹھتا ہے۔ جس کو نہیں جانتا۔ کہ وہ کہاں تک پہنچتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے قیامت تک اسپر اپنی ناراضگی لکھ لیتا ہے (مشکوۃ)

درنہاں جاں از تو افغاں میکند　　گرچہ ہر چہ گوئیش آں میکند

ترجمہ باطن میں جان تجھ سے نالہ و فریاد کرتی ہے۔ اگرچہ وہ کرتی وہی ہے۔ جو کچھ تو اس کو کہتی ہے۔

مطلب انسان اپنی زبان کے خطر و ضرر سے پوری طرح واقف ہے۔ اور اس کے کرتوتوں سے نالاں ہے۔ مگر پھر بھی خواہ مخواہ اس کا اتباع کرتا رہتا ہے۔ ؎

ہر کس از دست غیر نالہ کند　　سعدی از دست خویشتن فریاد

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ رَفَعَہٗ قَالَ اِذَا اَصْبَحَ ابْنُ اٰدَمَ فَاِنَّ الْاَعْضَاءَ کُلَّہَا تُکَفِّرُ اللِّسَانَ فَتَقُوْلُ اتَّقِ اللّٰہَ فِیْنَا فَاِنَّمَا نَحْنُ بِکَ فَاِنِ اسْتَقَمْتَ اسْتَقَمْنَا وَاِنِ اعْوَجَجْتَ اعْوَجَجْنَا (رواہ الترمذی)

ابو سعید سے مرفوعاً ہے جو اس روایت کا سلسلہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچاتے ہیں۔ کہ ہر صبح کو فرزند آدم کے تمام اعضاء زبان کے آگے منت کہتے ہیں۔ کہ تو ہمارے بارے میں خدا سے ڈر۔ کیونکہ ہماری ہستی تیرے ساتھ ہے اگر تو راست رو ہے۔ تو ہماری حالت بھی راستی پر ہے۔ اگر تو کجروی اختیار کرے۔ تو ہم بھی کجرو ہو جاتے ہیں (مشکوۃ)

غنی رح ؎　　من نہ از زخم زبان دگراں دل ریشم　　در فغاں چوں قلم از زخم زبان خویشم

اَے زُباں ہم گنج بے پایاں توئی　　اَے زُباں ہم رنج بے درماں توئی

ترجمہ اے زبان تو (محل کلمات خیر ہونے کے لحاظ سے) بے انتہا خزانہ بھی ہے۔ اے زبان تو (محل کلمات فسق و کفر ہونے کے اعتبار سے) مرض لاعلاج بھی ہے۔

ہم صفیر و خدعۂ مرغاں توئی　　ہم انیس و وحشت ہجراں توئی

ترجمہ تو پرندوں کو جال میں (گرفتار کرنیوالی) سیٹی اور دھوکا بھی ہے۔ تو ہی وحشتِ ہجراں میں (تسلی دینے والا) رفیق بھی ہے۔

ہم خفیر[1] و رہبرِ یاراں توئی ہم بلیس[2] و ظلمتِ کفراں[3] توئی

ترجمہ تو ہی (وعظ و نصیحت کے ذریعہ سے) یاروں کا بدرقہ اور رہبر بھی ہے (اور اغواء و اضلال کی وجہ سے) تو ابلیس اور کفران کی تاریکی بھی ہے۔

چند امانم میدہی اے بے اماں اے تو زہ کردہ بکین من کماں

ترجمہ اے بے امان تو مجھ کو کب امن دیگی۔ اے (زبان) تو نے میری دشمنی پر کمان کو چلّہ چڑھا رکھا ہے۔

نک بپرّانیدۂ مرغِ مرا در چراگاہِ ستم کم کن چرا

ترجمہ (اے زبان) دیکھ تو نے میری (سونے کی) چڑیا کو اڑا دیا (خدا کے لئے) ظلم کے چراگاہ میں چرنا چگنا کم کر

یا جوابِ من بگو یا داد دہ یا مرا اسبابِ شادی یاد دہ

ترجمہ یا تو میرا جواب دہ۔ یا میرے ساتھ انصاف کر۔ یا مجھے خوشی کا سامان (یعنی ذکر خدا) یاد دلا

مطلب جواب سے مراد یہ ہے کہ اس بات کی دلیل پیش کرے۔ کہ میرا رونا چلانا بیہودہ ہے۔ جو کچھ زبان نے کیا وہ بالکل درست تھا۔ اور داد سے مراد یہ ہے۔ کہ زبان اپنے قصور کا اعتراف کرے۔ لیکن اگر وہ نہ تردید کرے۔ نہ اعتراف کرے۔ تو پھر اسباب شادی کی یاد آوری کرے۔ اور اسباب شادی کی یاد آوری سے یہ مقصود ہے کہ میں ذکر خدا میں مشغول ہو کر غیر حق کو فراموش کردوں اور اس دردِ الم سے چھوٹ جاؤں۔ جو طوطے کے مرنے پر محسوس ہو رہا ہے۔ حافظ رح

ز فیضِ بیخودی ہر دو کون آزادم خط پیالہ ز تمنا خطِ امانِ من ست

اے دریغا نورِ ظلمت سوزِ من اے دریغا صبحِ روزافروزِ من

ترجمہ ہائے رے میرا اندھیرے کو دور کرنیوالا نور۔ ہائے رے میری دن کو روشن کرنیوالی صبح۔

اے دریغا مرغِ خوش پروازِ من زانتہا پرّید تا آغازِ من

ترکیب پرّید بمعنی تلف شد۔ زائل گردید۔ اس کا فاعل لطف وعیش مقدر ہے۔

ترجمہ ہائے میرا پیاری اڑان والا پرندہ (جس کے مرنے سے) مجھے اس وقت سے لیکر آغاز عمر تک کے سارے مزے بھول گئے۔

عاشقِ رنج ست ناداں تا ابد خیز و لا اقسم بخواں تا فی کبد

[1] فریادرس۔ نگہبان۔ رہبر۔ قاصد۔ [2] ابلیس کا مخفف۔ [3] ناشکری (کاتب)

ترجمہ (اس تاجر کی طرح) ناداں (آدمی) ہمیشہ رنج کا دلدادہ ہے (اگر ثبوت مطلوب ہے۔ تو) اٹھو سورہ لا اقسم کو فی کبد تک پڑھو۔

مطلب ۔ اوپر تک تاجر کا نالہ وفغاں تھا۔ اب یہاں سے مولانا رح کا مقولہ شروع ہوتا ہے۔ فرماتے ہیں۔ کہ آدمی عموماً مصائب وبلیات میں مبتلا رہتا ہے۔ اس کے کثرت ابتلا کو بلا پر عاشق ہونے سے تعبیر کیا ہے۔ جس طرح کوئی مسلسل بیمار رہے۔ تو کہہ دیتے ہیں۔ تم نے تو بیماری کے ساتھ دوستی پیدا کرلی ؎

ہر بلائے کز آسماں آید گرچہ بر دیگرے قضا باشد
بر زمیں نارسیدہ مے پرسد خانہ انوری کجا باشد

یا اس لحاظ سے اس کو عاشق بلا کہا ہے۔ کہ اکثر دکھ اور تکالیف کو وہ خود اپنے ہاتھوں پیدا کرتا ہے۔ اور لفظ ناداں بھی اسی مفہوم کی تائید کرتا ہے۔ شیخ ابو سعید ابوالخیر رح ؎

آتش بر دودستِ خویش در خرمنِ خویش چوں خود زدہ ام چہ نالم از دشمنِ خویش
کس دشمنِ من نیست منم دشمنِ خویش اے وائے من و دستِ من و دامنِ خویش

فی کبد سے اس آیت کی طرف اشارہ ہے۔ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْ کَبَدٍ یعنی ہم نے انسان کو رنج وسختی میں پیدا کیا ہے۔ عمر خیام غفرلہ ؎

از آبِ عدم تخمِ مرا کاشتہ اند از آتشِ غم رُوحِ من افراشتہ اند
سرگشتہ چو بادے دوم گردِ جہاں تا خاکِ من از چہ جلے برداشتہ اند

از کبد فارغ شدم یارُوئے تو وز زید صافی بدم درجُوئے تو

ترجمہ (اے محبوب حقیقی) میں (عالم ارواح میں) تیرے دیدار کی بدولت غم سے سبکدوش تھا۔ اور تیری (محبوبیت کی) نہر میں (غم کی) جھاگ سے پاک تھا۔

مطلب ۔ یہاں سے انتقال ہے رُوح کی ان سعادت کے بیان کی طرف جو اس کو دنیا میں آنے سے پہلے عالم ملکوت میں حاصل تھیں۔ اور مثنوی شریف کے پہلے شعر میں رُوح کی حکایت وشکایت کے عنوان سے ان کا ذکر کیا ہے (دیکھو شرح شعر مذکور) اہل دنیا کے مبتلائے محن ومصائب ہونے کا ذکر فرمانے کے بعد اب کہتے ہیں۔ کہ ہماری ارواح عالم ملکوت میں یادِ حق میں محو ومستغرق رہتی تھیں۔ وہاں غم والم کا نام ونشان نہ تھا۔ اور یادِ حق میں غیر حق کا کام ہی کیا ہے؟ جامی رح ؎

دارم دلکے کہ باہر اندیشہ کہ داشت جز یاد تو بر صفحۂ خاطر ننگاشت
یادِ تو چناں فرد گرفتش کہ درو گنجائی ہیچ چیز دیگر نگذاشت

اے دریغا ہا خیالِ دیدن ست وز وجودِ نقدِ خود ببریدن ست

ترجمہ (مگر) ہائے افسوس (اب) خیال دیدار (دل ہی دل میں) ہے۔ اور اپنے ذاتی وجود سے قطع تعلق کرنا (ابھی باقی) ہے۔ (کہ پھر وہی مقام حاصل ہوجائے) ؎

میانِ عاشق ومعشوق ہیچ حائل نیست تو خود حجابِ خودی حافظ از میاں برخیز

غیرتِ حق بود و باحق چارہ نیست کو دلے کز حکم حق صد پارہ نیست

ترجمہ (دنیا کے دار المحن میں ہمارے آنے کی مقتضی) غیرت حق تھی اور حق کے آگے کیا پیش جاتی ہے وہ دل بھی کیا ہے۔ جو حکم حق سے صد چاک نہیں ہے۔

مطلب کنت کنزاً مخفیاً الخ جو حدیث قدسی کے نام سے مشہور ہے اور جس کے متعلق شرح ہذا کے حصہ اول میں بحث ہو چکی ہے۔ اس کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو یہ بات پسند آئی۔ کہ مجھ کو پہچانا جائے۔ اور اس کی صورت یہی ہو سکتی تھی۔ کہ اس کے پہچاننے والے موجود ہوں۔ اس لئے اس نے اپنی قدرت سے جن وانس کو پیدا کیا۔ تاکہ وہ اس کے آگے اعتراف جلال۔ اور اقرار ربوبیت میں گردنیں جھکا دیں۔ مولانا رحمۃ اللہ تعالیٰ کی اس مشیت کو غیرت سے تعبیر کیا ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے یہ بات پسند نہ کی۔ کہ وہ جمال کل اور حسن حقیقی ستر و خفا کے حجاب میں رہے۔ اور کوئی نگاہ شوق موجود نہ ہو۔ جو اس کی ممنون شہود اور محظوظ دیدار ہو۔ لہذا اس کی غیرت نے عالم ملکوت کو پیدا کیا۔ اور پھر دائرہ تخلیق کو عالم ناسوت تک وسعت دی۔ تاکہ اس کی طلب و جستجو کا عالم وسیع اور اس کے عرفان و شناسائی کا سلسلہ غیر محدود ہو جائے۔ فرماتے ہیں۔ کہ اس کی غیرت ہی کے تقاضے سے ہماری ارواح کو عالم ملکوت سے ناسوت میں آنا پڑا۔ اور اس کے حکم کے پورا ہونے میں جو کچھ بھی ہم کو جھیلنا پڑا سب گوارا ہے۔ سعدی رح ؎

اگر عاشقی دامن او بگیر وگر گویدت جاں بدہ گو بگیر
بہشتِ تن آسائی آنگہ خوری کہ بر دوزخِ نیستی بگذری

غیرت آں باشد کہ اُو غیر ہمہ است آنکہ افسوں و بیاں از دمدمہ است

ترجمہ غیرتِ (حق) یہ ہے۔ کہ وہ سب سے غیر ہے۔ جو کہ افسون و بیان سے بالاتر ہے۔

مطلب اوپر جو کہا تھا۔ کہ غیرت حق ہمارے دنیا میں آنے کی مقتضی ہوئی۔ اب اس غیرت کی تفسیر فرماتے ہیں کہ غیرت کے معنی ہیں کسی امر کو اپنی عزت و حرمت کے لئے نامناسب سمجھنا حق تعالیٰ کی غیرت یہ کب گوارا کرتی تھی کہ وہ جمال کل وہ حسن محیط نمایاں اور ممتاز نہ ہو۔ اس کا اقرار و اعتراف نہ کیا جائے۔ اس کی برتری و عظمت کو نہ مانا جائے۔ لہذا اس کی غیرت متقاضی ہوئی۔ کہ اس کو سب سے برتر سب سے نرالا سب سے الگ تھلگ تسلیم کیا جائے۔ اقرار کی زبانیں اور یقین کے قلوب سب کے سب اس کی معرفتِ ذات اور ستایش صفات پر متفق ہو جائیں اور پکار اٹھیں۔ کہ وہ اَحَد ہے۔ وہ لَمْ یَلِدْ اور لَمْ یُوْلَدْ ہے۔ اور مختصر یہ کہ وہ لَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَد ہے۔ یعنی "اُو غیر ہمہ است" جس کی تفصیل ناممکن ہے۔ اور اس کے بیان کرنے کی کوشش بے سود! یہ دوسرے مصرعہ کا مطلب ہے۔ چنانچہ کل عالم (کچھ اشقیا کی جماعت کے سوا) اس کو جانتا اور مانتا ہے۔ اگرچہ اس کی کنہ کے ادراک سے عاجز ہے۔ جب کل عالم اس کو مانتا ہے۔ تو اس کی ذات پاک کسی کے بیان کی محتاج نہیں۔ سعدی رح ؎

جہاں متفق بر الہیتش فرو ماندہ در کنہ ماہیتش
بشر ماورائے جلالش نیافت بصر منتہائے جمالش نیافت

یہ بات قابل توجہ ہے۔ کہ مولانا قدس سرہٗ یہاں نصریحاً حق اور خلق میں غیریت کا اثبات فرما رہے ہیں جس سے معلوم ہوا کہ جہاں کہیں ان کے کلام سے اثبات عینیت کا دعوے مفہوم ہوتا ہے۔ وہاں عینیت اصطلاحی مراد ہے نہ کہ لغوی ورنہ ان کے کلام میں تعارض لازم آئیگا۔

اَے دُریغا اشکِ من دُرِیا بُدے تا نثارِ دلبرِ زیبا بُدے

ترجمہ ہائے افسوس میرے آنسو دریا (کی طرح موجزن ہوتے تاکہ دلبر نازنیں پر سے نثار (ہونے کے لائق) ہوتے۔

مطلب مولانا کا منقولہ اوپر تک تھا۔ اس شعر سے اب پھر ہجر کی گریہ وزاری کا قصہ شروع ہوتا ہے۔ (کذا فی شرح بحر العلوم)

طوطیِ من مُرغِ زیرک سارِ من ترجمانِ فکرت و اَسرارِ من

لغات سار ایک سیاہ رنگ وخوش آواز پرندے کا نام ہے۔ سار یعنی مثل بھی ہو سکتا ہے۔ اس صورت میں معنی مثل زیرک ہونگے (بحر العلوم)

ترجمہ (ہائے) میرے طوطے (اور) میرے بیدار مغز خوبصورت وخوش آواز پرندے میرے خیالات اور اسرار کے ترجمان!

ہر چہ روزی داد و ناداد آمدم او ز اوّل گفت تا یاد آمدم

لغات ناداد ناانصاف یا ناداد یعنی جس کو کچھ نہ ملا ہو۔ پہلی صورت میں داد بمعنی عدل اور دوسری صورت میں دادن سے مشتق ہے۔ بہر دو تقدیر ترجمہ یہ طرح ہوگا **ترکیب** داد کا فاعل ضمیر ہے راجع بخداوند تعالیٰ۔ اور ضمیر متکلم مفعول بہ محذوف ہے دوسرے مصرعہ میں ضمیر او کا مرجع طوطی ہے۔ یاد آمدم میں آمد کا فاعل کلمہ شکر مقدر ہے میم ضمیر متکلم مفعول بہ ہے۔ ان محذوفات و مقدرات نے ایک آسان و صاف شعر کو پیچیدہ بنا رکھا ہے۔

ترجمہ ۱۔ (خداوند تعالیٰ نے) جو روزی (مجھ کو) عطا فرمائی اور میں نے (بوجہ غفلت اس کا شکر) ادا نہ کیا۔ وہ (طوطا مجھ سے) پہلے (حق اللہ پاک ذات اللہ) کہنے لگتا۔ یہاں تک کہ مجھ کو (اپنا فریضہ شکر) یاد آجاتا

۲۔ (خداوند تعالیٰ نے) جو روزی (مجھ کو) عطا فرمائی۔ اور (میں نے بوجہ غفلت اس کے شکر سے اس طرح سکوت رکھا گویا) مجھے (وہ روزی) ملی ہی نہیں۔ تو وہ (طوطا الخ

طوطیے کاید ز روحے آوازِ او پیش زآغازِ وجود آغازِ او

ترجمہ وہ (روح کا) طوطا جس کی آواز وحی (والہام) سے آتی ہے۔ اس کا آغاز وجود (ظاہری یعنی اجسام) کے آغاز سے پہلے کا ہے۔

مطلب یہاں سے بطور انتقال روح کے حالات وخصوصیات کا ذکر فرماتے ہیں۔ اور طوطی کے قصے کی مناسبت سے اس کو طوطے سے تشبیہ دیتے ہیں۔ روح کا مورد الہام ہونا تو ثابت ہے۔ اس کا اجسام سے پہلے وجود میں آنا بھی ظاہر و مشہور ہے۔ کیونکہ جسم اس کا آلہ ہے۔ اور وہ تبعاً پیدا ہوا ہے۔ صائب رح ؎

ایجاد تن برائے سپہ داری دل ست　　خاکستر فسردہ نگہبانِ آتش ست

اندرُونِ تست آں طوطی نہاں　　عکسِ اُو را دیدہ تو بر ایں و آں

ترجمہ وہ (روح کا) طوطا تم میں پنہاں ہے۔ (مگر) تم (اس کی بجائے) اس کے عکس کو دیکھتے ہو (جو) ادھر ادھر کی اشیا (یعنی جسم و اعضا) پر (پڑتا ہے)

مطلب فرماتے ہیں۔ کہ جسم کے اندر تمہاری روح مخفی ہے۔ کیونکہ روح کا وجود فی الواقع اور اکات ظاہری سے پنہاں ہے۔ غنی رح ؎

درغبارِ تن نیابد کس نشاں از جانِ پاک　　آب تا بیروں نیاید از میاں بردار خاک

پھر ارشاد ہے۔ کہ تم صرف اس کے آثار اپنے جسم عنصری اور اعضا میں دیکھ رہے ہو۔ کیونکہ جس قدر افعال جسم اور اعضائے جسم سے سرزد ہوتے ہیں۔ وہ رُوح ہی کے تصرف سے ہیں۔ ورنہ جسم تو محض ایک جماد ہے۔ چنانچہ وہ رُوح کی مفارقت کے بعد جماد کا جماد رہ جاتا ہے۔ اور ایک جماد کا احساس و شعور بنا رہا ہے۔ کہ ع کوئی معشوق ہے اس پردہ زنگاری میں۔

صائبؒ ؎　ہاں ہیچ عضوے بے بصیرت نیست در ملکِ وجود　　ورنہ چوں پہلو شناسد بستر بیگانہ را

میبرد شادیت را تو شاد ازو　　مے پذیری ظلم را چوں داد ازو

ترجمہ (یہ عکس) تمہاری (سچی روحانی) مسرت کو زائل کر رہا ہے۔ اور تم اس سے خوش ہو۔ تم اس کے ظلم کو انصاف کی طرح (خوشی سے) قبول کر رہے ہو۔

مطلب عکس سے جسمانی احساس مراد ہے۔ جو رُوح کے آثار سے ہے۔ چونکہ جسمانی احساس جسمانی لذات کا منشا ہے اس لئے اس کو روحانی مسرت کے لئے آفت قرار دیا ہے۔ یعنی تم لذات جسمانیہ میں مستغرق رہ کر روح کی معرفت اور اس کے طریق تربیت سے غافل ہو رہے ہو۔ اور اس خسیس و خسران کو منفعت بیکراں سمجھے بیٹھے ہو۔ حافظ رح ؎　تو کز سرائے طبیعت نمے روی بیروں　　کجا بکوے حقیقت گذر توانی کرد

ایکہ جاں از بہرِ تن مے سوختی　　سوختی جاں را و تن افروختی

ترجمہ اے (عکس روح کے شیدائی) جس نے بدن کی خاطر رُوح کو برباد کر دیا ہے۔ تم نے جان کو تو پھونک ڈالا اور بدن کو روشن کر لیا۔ سعدی رح ؎　ہمے میرد ت عیسی از لاغری　　تو در بندِ آنی کہ خر پروری

مطلب لذات جسمانیہ میں منہمک ہونے والے لوگ روح کو کثیف و ناپاک اور بدن کو بارونق بنا لیتے ہیں۔ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰہَا اور جس نے اس کو (یعنی اپنی روح کو) تباہ کر لیا۔ وہ گھاٹے میں رہا۔ صائبؒ ؎

خاکیانے کہ بمعماری تن کوشیدند　　در رہِ آب بقا سدِّ سکندر بستند

سوختم من سوختہ خواہد کسے　　تا ز من آتش زند اندر خسے

لغات سوختہ روئی یا دھجی وغیرہ وہ چیز جس میں پہلے آگ لگا لیتے ہیں۔ پھر اس سے لکڑیوں کو سلگاتے ہیں۔ خس فارسی میں بمعنی گھاس پھونس اور ایک خوشبو دار گھاس کا نام ہے۔ عربی میں بمعنی کمینہ و فرومایہ۔ ذلیل و خوار۔

عربی میں (اصل سین کی تشدید کے ساتھ ہے۔

ترکیب تقدیر عبارت یوں ہے۔ اگر کسے سوختہ میخواہد او را باید کہ از من درخس آتش زند۔ لہٰذا اگر حرف شرط مقدر ہے۔ اور تا بیانیہ ہے۔

ترجمہ میں (عشق الٰہی کی آگ میں جسمانی حیثیات سے) جل چکا ہوں۔ اگر کسی کو (میری طرح اپنا خرمن جسمانیت پھونک ڈالنے کے لئے) سوختہ کی خواہش ہے۔ (تو اس کو چاہیے) کہ (اپنے) خاشاک (ہستی) میں مجھ سے آگ لگا لے۔

مطلب اوپر سوختگی مذموم کا ذکر تھا۔ اب سوختگی محمود کی طرف انتقال فرماتے ہیں۔ یعنی غافل لوگ تن پروری میں روح کو تباہ و برباد کر لیتے ہیں۔ حالانکہ روح کے تزکیہ و تصفیہ کے لئے جسم کی پروا نہ کرنی چاہیئے۔ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَکّٰھَا نجات پائی اس نے جس نے اپنی روح کو پاکیزہ بنا لیا۔ پھر تمثیلاً اپنا حال بیان فرماتے ہیں۔ کہ دیکھو ہم نے رُوح کی تہذیب و تزکیہ کے لئے جسم کو آتش عشق میں پھونک لیا ہے۔ اگر کسی ناقص کو اپنے اندر یہ اعلیٰ حالت پیدا کرنی منظور ہے۔ تو وہ ہم ایسے سوختگانِ عشق کی صحبت میں رہے۔ کہ ایک چراغ سے کئی چراغ روشن ہو جاتے ہیں۔ جامی ؒ

ہر کہ اول سوختی تہبا نہ اور اسوختی　　بلکہ از سوزِ دلش صد بیدل دیگر بسوخت

سوختہ چُوں قابلِ آتش بُود　　سوختہ بستاں کہ آتش کش بُود

لغات سوختہ۔ یہاں اسم مفعول از سوختن جلا ہوا مراد ہے۔ چوں حرف استفہام انکاری۔ بعض شارحین نے یہاں سوختہ بمثل سابق یعنی آتشگیر اور چوں حرف شرط قرار دیا ہے۔ و ہٰذا لا یجدی نفعًا کما تری۔

ترجمہ (اگر ہر) جلا ہوا (جو اپنی روحانیت کو بھی جلا چکا ہو) کیونکر (اس) آگ کے قابل ہو سکتا ہے۔ ایسا جلا ہوا (اپنی صحبت کے لئے) اختیار کرو جو (عشق کی) آگ کو قبول کرنے والا ہو۔

مطلب اوپر سوختہ عشق کی صحبت اختیار کرنے کی ہدایت فرمائی تھی۔ اب کہتے ہیں۔ کہ اتنی احتیاط رکھو کہ ہر سوختہ قابل صحبت نہیں ہو سکتا اور اس سے سوختہ آتش ہوس مراد ہے۔ جس کا پہلے یوں ذکر تھا۔ ایکہ جاں از بہر تن مے سوختی۔ کیونکہ اس کی صحبت بجائے مفید ہونے کے مضر ہوتی ہے۔ بلکہ وہ سوختہ چاہیے۔ جو خود عشق الٰہی سے جاذبِ آتش ہو کر دوسروں کے دل میں آتش عشق لگا دے۔ صائبؒ

وے کہ سوخت بداغ خلیل مے داند　　کہ آتش دگران ست عشق و باغ من ست

اے دُریغا اے دُریغا اے دُریغ　　کاچناں ماہے نہاں شد زیرِ میغ

ترجمہ ہائے افسوس! ہائے افسوس!! ہائے افسوس!!! کہ (روح کا) ایسا چاند (علائق جسمانیہ کے) ابر کے نیچے چھپ گیا۔

مطلب اوپر روح کے تزکیہ و تصفیہ کا ذکر چلا آتا تھا۔ اب افسوس فرماتے ہیں۔ کہ علائق جسمانیہ نے رُوح کی شناخت اور اس کی تربیت و اصلاح سے سب کو غافل کر رکھا ہے۔ اس سے رُوح و جسم کے تعلق پر افسوس کرنا مقصود نہیں کیونکہ وہ تو مقتضائے حکمت ربانی ہے۔ بلکہ لذائذ جسمانیہ میں غرق ہو کر رُوح کے حقوق سے غافل

ہونے پر اظہار تاسف فرماتے ہیں۔ صائب رح ؎

از چہ زنداں برآمد ہر کہ جاں از تن شناخت　　شد عزیز آنکس کہ یوسف راز پیراہن شناخت

مولانا بحر العلوم کی تفسیر کے مطابق اس شعر کا ترجمہ یوں ہوگا۔ ہائے افسوس کہ ذات احدیت کا ایسا چاند تعینات کی گھٹا میں چھپ گیا۔ اور لوگ اس کو شناخت نہیں کر سکتے۔ سعدی رح

گر کسے وصفِ او زمن پرسد　　بیدل از بے نشاں چہ گوید باز

حافظ رح ؎　　با کہ یکس نشانے زاں دلستاں ندیدم　　یا من خبر ندارم یا او نشاں ندارد

چوں زنم دم کاتشِ دل تیز شد　　شیرِ ہجرش آشفتہ و خونریز شد

ترجمہ میں (اس بات کو تفصیل کے ساتھ) کیونکر بیان کروں۔ کہ دل کی آتش (عشق) تیز ہوگئی۔ ہجر کا شیر اور بھی تند اور خونریز ہوگیا۔

مطلب اوپر اقتضائے مقام یہ تھا۔ کہ معرفت روح یا عرفانِ حق کے متعلق کچھ تفصیلی گفتگو فرماتے۔ مگر صرف اجمال پر اکتفا کیا۔ اس کا عذر فرماتے ہیں۔ کہ میں اب آتش عشق سے بیتاب ہو رہا ہوں۔ میری حالت خود میرے بس میں نہیں۔ کہ کچھ اور کہوں۔ کما قیل ؎

نمے دانم کدامیں نو بہارِ جلوہ از آید　　کہ در پرواز آمد رنگِ رو گلہائے بستاں را

دوسرے مصرعہ میں حالت ہجر کے زیادہ سخت ہو جانے سے مراد یہ ہے کہ عاشق باوجود واصل ہونے کے ہمیشہ ہجر میں رہتا ہے کیونکہ تجلیات حق کی کوئی انتہا نہیں۔ اور جب ایک تجلی کا مشاہدہ کرتا ہے۔ تو دوسری تجلی کے مشاہدہ کے لئے شوق کی اور آگ بھڑک اٹھتی ہے۔ امیر خسرو رح ؎

یار چوں با ماست بہر دیدنش تعجیل چیست　　یوسف اندر مصر دل در دیدہ رو دنیل چیست

آنکہ او ہشیار خود تندست و مست　　چوں بود چوں او قدح گیرد بدست

ترجمہ جو شخص ہوشیار رہنے کی حالت میں بھی تند اور مست ہے۔ وہ جب ہاتھ میں جام (شراب) لے لے تو کیا ٹھکانا۔

مطلب یہ تائید عذر ہے۔ کہ جو شخص ہماری طرح بصورت صحو بھی اپنی حالت پر قادر نہیں ہوتا۔ جیسے کہ بعض اہل اللہ پر ہر وقت غلبہ حال رہتا ہے۔ تو بحالت سکر وہ کیا گفتگو کر سکتا ہے۔ امیر خسرو رح ؎

ہر زماں گوئی کہ حال دل بگوے　　ایں کسے را گوے کو را دل بجاست

شیرِ مستے کز صفت بیروں بود　　از بسیطِ مرغزارا فزوں بود

لغات ۔ بسیط فضا۔ میدان۔ مرغزار میم کے فتحہ سے سبزہ زار۔ چراگاہ۔ جنگل۔

ترجمہ۔ وہ مست شیر جو (اپنی سابقہ) حالت سے باہر ہو (جائے) وہ جنگل بھر میں نہیں سما سکتا۔

مطلب صفت سے مراد خصلت و عادت ہے۔ اوپر کا شعر جو تائید عذر تھا۔ اس کے بعد یہ شعر تائید مزید ہے یعنی شیر اپنی عام و مستمرہ حالت میں ہی ایک خطرناک چیز ہے۔ لیکن جب وہ مستی کے ایسے درجے پر پہنچ جائے

جو اس کی عام عادت سے بڑھکر ہو۔ تو پھر ہمیشہ بھر میں اس کی سمائی کہاں۔ بعض شارحین نے شیر مست کے معنی نیم مست لکھے ہیں۔ خدا جانے ان کو یہ محاورہ کہاں سے مل گیا۔ شیر مست تو بکری کے اس بچے کو کہتے ہیں۔ جو اپنی ماں کا دودھ پی پی کر موٹا تازہ ہو رہا ہو۔ چنانچہ کتب طب میں مارالحم کی ترکیبوں میں یہ لفظ عام استعمال ہوتا ہے۔ البتہ شیر گیر کے معنی نیم مست ہوتے ہیں۔

قافیہ اندیشم و دلدار من گویدم مندیش جز دیدار من

ترجمہ میں تو قافیے کی فکر میں ہوں۔ اور میرا دلدار مجھے کہتا ہے۔ کہ میرے دیدار کے سوا دوسرا خیال دل میں نہ لاؤ۔

مطلب اوپر تو غلبۂ عشق کی وجہ سے لب کشائی سے عذر کیا تھا۔ اب ترقی کر کے فرماتے ہیں۔ کہ اس حالت میں نہ صرف تکلم ہی مشکل ہے بلکہ دیگر امور کا تخیل بھی متعسر ہو رہا ہے۔ چنانچہ میں اس مثنوی کے لکھنے میں جب قافیہ سوچنا چاہتا ہوں۔ جو نظم نویسی کے شرائط میں سے ایک ضروری شرط ہے۔ تو محبوب حقیقی کا خیال یہاں بھی کوئی پیش نہیں چلنے دیتا۔ امیر خسرو رح ؎

خصم بسے طعنہ زد، دوست بسے پند داد چشم دلم در تو بود، گوش بر ایشاں نرفت

خوش نشیں اے قافیہ اندیش من قافیہ دولت توئی در پیش من

لغات قافیہ پیچھے آنیوالا مترادف دولت اقبال و خوش نصیبی۔

ترجمہ (محبوب حقیقی کہتا ہے) اے میرے قافیہ سوچنے والے۔ مزے سے بیٹھے رہو (جب) تم اقبال کے مترادف میرے سامنے بیٹھے ہو۔ (تو قافیے کی کیا حاجت ؟)

مطلب شر سابق کے مصرعہ ثانیہ سے محبوب کا مقولہ شروع ہوتا ہے یعنی وہ کہتا ہے۔ کہ تم کو میرے دیدار یعنی توحید ذاتی و صفاتی کے سوا اور کچھ نہ سوچنا چاہیئے۔ قافیے کو رہنے دو۔ بس اسی توحید میں مشغول رہنا بہتر ہے۔ عراقی رح ؎

امروز مرا در دل جز یار نے گنجد وز یار چناں پُر شد کاغیار نے گنجد

حرف چہ بود تا تو اندیشی ازاں صوت چہ بود خار دیوار رزاں

لغات چہ۔ استفہام تحقیر کے لئے ہے۔ صوت۔ آواز رزاں جمع رز بمعنی انگور۔ دیوار رزاں۔ مٹی جسپر انگور کی بیل چڑھتی ہے۔

ترجمہ حرف کی کیا حقیقت ہے کہ تم اسپر غور کر رہے ہو۔ آواز کیا چیز ہے۔ بس انگوروں کی ٹٹی کا کانٹا

مطلب چونکہ حرف و صوت معانی و مطالب کے حامل و متضمن ہوتے ہیں۔ اس لئے آواز کو دیوار رزاں سے تشبیہ دی ہے۔ جو انگوروں کو اپنے اندر الجھا کر قائم و کشادہ کرتی ہے۔

حرف و صوت و گفت را برہم زنم تا کہ بے ایں ہر سہ با تو دم زنم

لغات گفت حاصل مصدر گفتن سے۔ گفتگو بات چیت۔ برہم زدن درہم برہم کردینا۔ تہ وبالا کردینا۔ دمزدن بات چیت کرنا

ترجمہ میں حرف اور آواز اور بولی کو ملیامیٹ کردیتا ہوں۔ تاکہ ان تینوں کے بغیر تم سے ہمکلام ہوں۔

مطلب کلام لفظی کو چھوڑ کر کلام نفسی سے ہمکلام ہوتا ہوں۔ عجائب ۱۲ سہ

چو شمع چند من زباں گفتگو کنم　　روشن دلے کجا ست تا جاں گفتگو کنم

آں دمے کز آدمش کردم نہاں　　با تو گویم اے تو اسرار جہاں

ترجمہ اے اسرار جہاں جو بات میں نے حضرت آدم ع سے بھی چھپا رکھی تھی (اب) تم سے میں بیان کروں گا

آں دمے را کہ نگفتم با خلیل　　واں دمے را کہ نداند جبرئیل

ترجمہ وہ بات جو میں نے حضرت خلیل علیہ السلام سے بھی نہیں کہی۔ وہ بات جس کو جبرئیل علیہ السلام بھی نہیں جانتے۔

مطلب اوپر دلدار حقیقی کا یہ مقولہ گذر چکا ہے۔ کہ "با تو دم زنم" یہ دونوں شعر اس دم زدن کی تفسیر ہیں یعنی وہ بات ایسی اسراری ہے کہ جبرئیل علیہ السلام کی وساطت کے بغیر حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر القا ہوئی ہے کما قال اللہ تعالیٰ فَاَوْحٰی اِلٰی عَبْدِہٖ مَا اَوْحٰی اور وہ بات حضرت آدم حضرت ابراہیم وغیرہما و دیگر انبیا علیہم السلام میں سے کسی پر القا نہیں کی گئی۔ کیونکہ وہ بات ان اسرار میں سے ہے۔ جو طریقہ محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام سے مختص ہیں۔ لہذا دیگر انبیا سے ان کا کوئی تعلق نہیں۔ اور دلدار حقیقی کہتا ہے۔ کہ میں وہ بات تم سے کہونگا۔ کیونکہ تم طریقہ محمدیہ کے تابع اور امت محمدیہ میں شامل ہو۔ اس تقریر سے یہ شبہ رفع ہوگیا۔ جو ان اشعار پر وارد ہو سکتا ہے۔ کہ اس بیان سے ایک ولی کی نبی پر فضیلت ثابت ہوتی ہے۔ (بحر العلوم ملخصا)

کلید مثنوی میں لکھا ہے۔ کہ انبیاء علیہم السلام کو اولاً اور اولیاء کرام کو تبعاً دو قسم کے علوم عطا ہوئے ہیں۔ ایک علوم نبوت یعنی شرائع اور احکام ظاہرہ و باطنہ دوسرے علوم ولایت یعنی وجدانیات و ذوقیات یہاں جن علوم کا ذکر ہے۔ کہ وہ نہ حضرت آدم ع کو بتائے گئے ہیں۔ نہ حضرت خلیل ع کو نہ جبرئیل ع کو آتے ہیں۔ ان سے علوم نبوت مراد نہیں۔ کیونکہ اول تو حضرت جبرئیل ع ان علوم کے لئے واسطہ ہیں۔ اور واسطہ کو ان کے معلوم نہ ہونے کی کوئی وجہ نہیں۔ دوسرے ان کے حصول کے لئے مقام فنا شرط نہیں۔ بلکہ وہ عوام و خواص سب کے لئے عام ہیں۔ ورنہ اگلے شعر میں یہ کہنا بے معنی ہوگا۔ کہ غیرت حق نیز بے ما ہم نزد۔ یعنی غیرت حق اس کو نفی و فنا کے بغیر ظاہر نہیں کرتی۔ نیز وہ علوم محل غیرت بھی نہیں ہیں۔ کیونکہ ان کا اظہار و اشاعت مقصود ہے۔ بلکہ اس سے مراد علوم ولایت ہیں۔ اور چونکہ ہر ولی کا علم ولایت مختلف ہوتا ہے۔ جیسے کہ ہر نبی کی شریعت فروعات میں جداگانہ ہوتی ہے۔ لہذا کہا جا سکتا ہے۔ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو ایسا ذوقی و وجدانی علم عطا ہوا ہے۔ جو کسی دوسرے نبی کو نہیں ملا۔ اور تبعاً آپ کے اولیائے اُمت کو بھی حاصل ہوا ہے۔

آں دمے کز وے مسیحا دم نزد　　حق ز غیرت نیز بے ما ہم نزد

ترجمہ وہ بات جسکو حضرت مسیح علیہ السلام نے (بھی سرّ الٰہی سمجھ کر) ظاہر نہیں کیا۔ حق تعالےٰ نے بھی بتقاضائے غیرت (کسی پر اس کے مقام) فنا (حاصل کرنے) کے بغیر ظاہر نہیں کیا۔

مطلب اوپر کے اشعار کا مضمون دلدار حقیقی کا منقولہ تھا۔ یہ شعر مولانا کا مقولہ ہے۔ اس لئے یہ شعر اشعار سابقہ سے منفصل ہے جس میں آمذے اپنے بیان سمیت مبتدا ہے۔ اور مصرعہ ثانیہ اس کی خبر۔ حضرت آدم و خلیل علیہما السلام کے متعلق تو اوپر یہ ظاہر کیا گیا تھا۔ کہ وہ راز ان کو معلوم ہی نہیں۔ مگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق یہ کہا ہے۔ کہ انہوں نے وہ راز کسی پر ظاہر نہیں کیا۔ گویا ان کو معلوم ہے۔ مگر چونکہ وہ کمالات رسالت کی اشاعت پر مامور ہیں نہ کہ ولایت کے اظہار پر۔ اس لئے اس کو کسی پر افشا نہیں کرینگے۔ اور حضرت عیسیٰ ع کو اس کے معلوم ہونے اور دیگر انبیا کو معلوم نہ ہونے میں یہ نکتہ مضمر ہے۔ کہ وہ راز ان علوم ولایت میں سے ہے۔ جو کمالات محمدیہ علی صاحبہا السلام والتحیۃ سے متعلق ہیں۔ اور امت محمدیہ کے افراد خاص کے حصے میں آئے ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام چونکہ قرب قیامت میں نزول فرما کر امت محمدیہ میں شامل اور شریعت محمدیہ پر عامل ہونگے اس لئے وہ اس راز کو معلوم کرنے کے لئے مستحق ٹھہرے۔ "بے ما ہم نزد" کے جملے میں بھی ایک عجیب نکتہ ہے۔ یعنی اوپر دلدار حقیقی کا یہ قول چلا آرہا تھا۔ کہ جو بات میں نے بڑے بڑے انبیا کو نہیں بتائی وہ تم کو بتاتا ہوں۔ اس کے اس عطیہ کبریٰ پر یہ کہنا کہ بے ما ہم نزد اعتراف احسان کا آئینہ ہے۔ بایں معنی کہ حق تعالیٰ نے بھی اس غیرت سے کہ یہ راز اسی امت کے اکابر کا حق ہے۔ ہمارے بغیر کسی دوسری امت کے نبی یا امتی کو نہیں بتایا اور اس صورت میں کلمہ ما کا حرف فارسی ضمیر متکلم ہونا ظاہر ہے۔ مگر مولانا اس کلمے سے یہ مزید فائدہ اٹھاتے ہیں۔ کہ اس کو لغت عرب یعنی نفی قرار دیکر اپنے فنا و لاشیئت کا اظہار فرماتے ہیں۔ اور ہم نے شعر کا ترجمہ بھی اس لحاظ سے کیا ہے۔ اور خود مولانا اگلے شعر میں اس کی تصریح کرتے ہیں۔

ماچہ باشد در لغت اثبات و نفی — من نہ اثباتم منم بے ذات و نفی

ترجمہ (لفظ) ما لغت (عربیہ) میں کیا ہے؟ (ما موصولہ) اثبات (کے لئے) اور (ما نافیہ) نفی کے لئے (مگر یہاں نفی مراد ہے۔ کیونکہ) میں صاحب اثبات نہیں ہوں۔ بلکہ معدوم الذات اور منفی محض ہوں۔

ایر خسرو ؎ اے صبا آنانکہ دلتنگ اند بہر ما بگوے — ما ز غم مردیم دل از سوے ما یے غم کنند

من کسی در ناکسی دریافتم — پس کسی در ناکسی در تافتم

لغات ۔کسی ہستی۔ یقا ناکسی۔ نیستی فنا۔ دریافتن پانا تافتن ۔ پھیرنا۔ ٹپنا۔ مروڑنا۔

ترجمہ میں نے (حقیقی) ہستی فنا میں پائی۔ اس لئے ہستی کو نیستی میں کھپا دیا۔ حافظ رح ؎

دست از مس وجود چو مردان رہ بشوے — تا کیمیاے عشق بیابی و زر شوی
از پاے تا سرت ہمہ نور خدا شود — در راہ ذوالجلال چو بے پا و سر شوی

جملہ شاہاں پست پشت خویش را — جملہ مستاں مست مشت خویش را

لغات پست جھکنے والا۔ سر تسلیم خم کرنیوالا۔ مست ولی اللہ۔ عاشق۔ محب۔

ترجمہ (چنانچہ) سب بادشاہ (اپنے آگے تعظیما) جھکنے والے (کی بات) کے آگے سر جھکا دیا کرتے ہیں (اور) سب اولیاء اللہ اپنے عاشق کے محب ہوتے ہیں۔

جُملہ شاہاں بَرْدہ بَرْدہ خوداند جُملہ خلقاں مُردہ مُردہ خوداند

لغات ۔ بردہ غلام ۔ مراد گرویدہ ۔ مسخر ۔ تابع ۔ مردہ بے جان ۔ مراد وہ شخص جو دم نہ مارے ۔ سر نہ اٹھائے

ترجمہ تمام بادشاہ اس شخص کی بات مانا کرتے ہیں ۔ جو دل سے ان کا تابع ہو (یہی حال) عام خلقت (کا ہے ۔ کہ وہ) اس شخص کے آگے دم نہیں مارتے جو ان کے سامنے سر نہ اٹھائے ۔

مطلب ۔ اوپر یہ ذکر تھا ۔ کہ محبوب حقیقی نے ہم کو ان اسرار عظیمہ کے بتانے کا شرف بخشا ہے ۔ جو دیگر بڑے بڑے لوگوں کو نہیں بخشا ۔ پھر کہا تھا ۔ کہ ہم کو فنا و پستی کے مقام پر فائز ہو کر یہ شرف ملا ہے ۔ اب ان شعروں میں چند تمثیلوں سے پھر اس عطائے عظیم کی وجہ بیان فرماتے ہیں ۔ جن کا خلاصہ بقول بیدل عرفیہ ہے ؎

منزلت خواہی مدارا کن کہ در فوارہ آب اوج گیرد آں قدر کز خود تنزل میکند

شرح بحر العلوم میں فتوحات مکیہ سے منقول ہے ۔ کہ حضرت بایزید بسطامی رح پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے الہام ہوا تَقَرَّبْ اِلَیَّ بِمَا لَیْسَ عِنْدِیْ یعنی اے بایزید میری درگاہ میں اس چیز کے ذریعہ سے تقرب حاصل کرو ۔ جو میرے پاس نہیں ہے ۔ بایزید رح نے عرض کیا یا الٰہی وہ کیا چیز ہے ۔ جو تیرے پاس نہیں ۔ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا ۔ تَقَرَّبْ اِلَیَّ بِالذُّلِّ وَ الْاِفْتِقَارِ (یعنی میری درگاہ میں ذلت و محتاجی کے ساتھ قرب حاصل کرو ۔ انتہی ۔ شیخ سعدی رح فرماتے ہیں ۔ ایک قطرہ ابر سے ٹپکتا ہے ۔ اور سمندر کے مقابلے میں اپنے آپ کو ناچیز دیکھتا ہے ۔ تو اس خاکساری کی برکت سے سیپ کی آغوش میں جگہ پاتا ہے ۔ اور در شہوار بنجاتا ہے ۔

؎ چو خود را بچشم حقارت بدید صدف در کنارش بجاں پرورید
سپہرش بجاے رسانید کار کہ شد نامور لولوے شاہوار

وکما قیل ؎ خاکساراں را دراں درگاہ قرب دیگرست سجدہ گاہ خلق شد سجادہ از افتادگی

میشود صیّاد مُرغاں را شکار تا کُند ناگاہ ایشاں را شکار

ترجمہ شکاری پہلے خود پرندوں (کے شوق) کا شکار ہو جاتا ہے ۔ یہاں تک کہ اچانک ان کو شکار کر لیتا ہے ۔

مطلب ۔ شکاری شکار کا دلدادہ ہو کر اس کو مسخر کر لیتا ہے ۔ پس کسی کا دلدادہ ہو جانا اس کو تسخیر کرنے کی بہترین تدبیر ہے ۔

دِلبراں بر بیدلاں فتنہ بجاں جُملہ مَعشوقاں شکارِ عاشقاں

لغات بیدل عاشق فتنہ بجاں مفتوں شیفتہ ۔ کسی پر مرنے والا ۔

ترجمہ دلبر (خود) اپنے دلدادوں کے مفتوں ہوتے ہیں ۔ تمام معشوق (خود اپنے) عاشقوں پر جان دیتے ہیں ۔

مطلب - عاشق تو اپنے معشوق پر فریفتہ ہوتا ہی ہے - خود معشوق بھی اپنے عاشق کا دلدادہ ہوتا ہے - کیونکہ وہ اس کے کمال حسن کے اظہار کا ذریعہ ہے - ولنعم ما قال میرزا جانجاناں مظہر الشہید قدس سرہ العزیز ؎

زتاثیر محبت در دلش کردیم جا مظہر — بجا باشد اگر خوانند یاران جانجاں مارا

ہر کہ عاشق دید پیش معشوق داں — کو بہ نسبت ہست ہم ایں وہم آں

ترجمہ جس شخص کو تم نے عاشق پایا ہے (اس کو بلحاظ جذب معشوق خود) معشوق سمجھو - کیونکہ نسبت کی رو سے وہ یہ بھی ہے - وہ بھی - کما قال فیضی غفرلہ ؎

چوں جذبہ عشق صادق افتد — معشوق سزد کہ عاشق افتد
جائیکہ ز عشق جز ادب نیست — معشوقی عاشقاں عجب نیست

تشنگاں گر آب جویند از جہاں — آب ہم جوید بعالم تشنگاں

ترجمہ اگرچہ (بظاہر) پیاسے (ہی) پانی کی تلاش کرتے ہیں (مگر) پانی بھی (دریا بن کر) پیاسوں کو ملک بملک ڈھونڈھتا پھرتا ہے -

مطلب پانی کا پیاسوں کو ڈھونڈھنا یا تو اس لحاظ سے ہے کہ اس کا نہروں - ندی نالوں اور دریاؤں کی راہ سے دنیا بھر میں تگ و دو کرتے پھرنا طلب تجسس کا ہم شکل ہے - یا اس اعتبار سے - کہ پانی پیاسوں کے لئے ہی پیدا کیا گیا ہے - اس لئے وہ تکویناً اس کا مقتضی ہے - کہ پیاسے اس کو ملیں - اور پئیں - عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ الرِّزْقَ لَیَطْلُبُ الْعَبْدَ کَمَا یَطْلُبُہٗ اَجَلُہٗ - حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ رزق بندے کو اس طرح ڈھونڈھتا ہے جس طرح اس کی موت اس کو ڈھونڈھتی ہے - (مشکوۃ) کما قیل ؎

رزق گر بر آدمی عاشق نباشد ہیں ہیں — از زمیں گندم گریباں چاک مے آید چرا

چونکہ عاشق اوست تو خاموش باش — او چو گوشت میدہد تو گوش باش

ترجمہ جب وہ (محبوب حقیقی خود تیرا) محب ہے - تو تو چپ رہ - جب اس نے تجھ کو کان دیئے ہیں (اور یہ اسکی طرف سے اس بات کا اشارہ ہے - کہ جو کچھ کہا جائے اس کو سنو) تو تو ہمہ تن گوش بنجا -

مطلب - جب معلوم ہوا کہ خداوند تعالیٰ خود رؤف و رحیم ہے اور اس کے فضل و احسان کی گھٹائیں ہمارے سر پر ہمیشہ آمادۂ باریدگی ہیں - تو ہم کو متوقعانہ سکوت اختیار کرنا لازم ہے - اور مفارقت و ہجراں پر بایوسانہ اضطراب کرنا زیبا نہیں جیسے کہ اس شعر سے مترشح ہوتا تھا - کہ ؎

چوں زنم دم کاتش دل تیز شد — شیر ہجر آشفتہ و خونریز شد

بند کن چوں سیل سیلانی کند — ورنہ رسوائی و ویرانی کند

لغات سیلانی - پانی کی طغیانی - ویرانی - بربادی -

ترجمہ جب (طلب رویت کا) سیلاب طغیانی پر آئے۔ تو اس کو بند کر دو۔ ورنہ خرابی و بربادی برپا کرے گا۔

مطلب مولانا اپنے آپ سے مخاطب ہو کر فرماتے ہیں۔ کہ محبوب کی رویت بے حجاب کے خیال سے باز آؤ۔ کیونکہ تجلی بے حجاب قیامت کے بعد مومنوں کے لئے موعود و منصوص ہے۔ دنیا میں ناممکن ہے جس کی وجہ یہ کہ قوائے مدرکہ جو اس عالم میں بندوں کو عطا ہوئے ہیں۔ وہ اس کے متحمل نہیں۔ چنانچہ کوہ طور تک اس کا متحمل نہ ہو سکا۔ اور پاش پاش ہو گیا۔ اسی طرح اگر تم پر تجلی بے حجاب ہو جائے تو تمہاری ہستی معدوم ہو جائے۔ پس دنیا میں اس کی طلب کرنا گویا موت مانگنا یا دوسرے لفظوں میں خودکشی ہے۔ اور یہی مراد ہے رسوائی و ویرانی سے۔ عراقی رح ؎

ہر دم ز خطہ کہ نمایند میساں خود عجیب تر جوا — کہ از حیرت سر انگشت تعجب در دہاں میری

من چہ غم دارم کہ ویرانی بود — زیر ویراں گنج سلطانی بود

ترجمہ میں (اس بات کی) کیا پرواہ کرتا ہوں کہ ویرانی ہو جائے۔ کیونکہ شاہی خزانہ ویرانہ ہی میں ہوتا ہے

مطلب چونکہ شوق رویت اس قدر غالب ہے۔ اس لئے جواب دیتے ہیں۔ کہ طلب رویت سے باز نہیں رہ سکتا خواہ کچھ ہی ہو جائے۔ ویرانی و بربادی کی کوئی پروا نہیں۔ حافظ رح ؎

دست از طلب ندارم تا کام من برآید — یا تن رسد بجاناں یا جان زتن برآید

پھر فرماتے ہیں۔ کہ اگر اس طلب و تجسس میں ہماری ہستی نہ مندم و ستہلک ہو گئی۔ تو اور بھی بہتر ہے کیونکہ اس صورت میں تجلی بے حجاب میسر ہوا کرتی ہے۔ سعدی رح ؎

ترا یا حق آں آشنائی دہد — کہ از دست خویشت رہائی دہد
کرتا با خودی در خدا راہ نیست — وزیں نکتہ جز بیخود آگاہ نیست

غرق حق خواہد کہ باشد غرق تر — ہمچو موج بحر جاں زیر و زبر

ترجمہ (عشق) خدا (کے دریا) کا غریق تو یہی چاہتا ہے کہ اور بھی نیچے ڈوب جائے (اور) دریا کی موج کی طرح (اس کی) جان زیر و زبر ہو جائے۔

مطلب جو شخص اپنے عشق صادق کی بدولت مقام شہود تک پہنچ گیا ہو۔ وہ تو اور بھی قرب و وصل کا خواہاں ہوگا اور متمنی ہوگا۔ کہ یہ حجاب جسمانی بھی اٹھ جائے۔ اس کو اپنی جان کے نکل جانے اور حالات مابعد الموت کی رویں بہ جانے کا اندیشہ نہیں۔ جس طرح موج کو دریا میں زیر و زبر ہونا کچھ بھی ناگوار نہیں ہوتا۔ صائب رح ؎

دل چوں رسد بجاناں بیزار جسم گردد — تا پیش شمع سوزد پروانہ بال و پر را

زیر دریا خوشتر آید یا زیر؟ — تہ براید دلکش تر آید یا سپر؟

ترجمہ (سچ کہنا بحر عشق کے غریق کو) زیر دریا پسند ہوگا۔ یا بالائے دریا (بحر درج عشق کو) اس کا تہ مرغوب ہوگا یا ڈھال؟

مطلب ۔ مصائب عشق کا طلبگار اور مرغوب ہونا بطور استفہام ثابت کرتے ہیں۔ جو ثبوت دعوی کیلئے ایک طریقہ ہے۔ گویا وہ مصائب عشق حقیقیات کی قبیل سے ہیں۔ کہ مخاطب ان سے انکار نہیں کر سکتا۔ اور نہ

زخونِ دل وضو سازم کنم سجدہ بسوئے او — بود عشاق را آرے بسے زینگونہ مذہبہا

صائبؒ ؎ نظر بشاخ بلند ست لنج وحشی را — تلاش وارکند ہر سرے کہ سودائی ست

ورلہ ؎ آنچہ ہیبت زور خشت وادی ایمن کلیم — ہمت منصور بے زحمت زچوبہ وار یافت

بیں زبونِ وسوسہ باشی دلا — گر طرب را باز دانی از بلا

ترجمہ اے دل اگر تو نے (محبوب حقیقی کی پسندیدہ) خوشی اور بلا میں فرق کیا۔ تو (عاشق صادق نہیں بلکہ) وسوسے کا مارا ہوا ہے۔ صائبؒ ؎

عاشق حیراں چہ میداند عنایت یا عتاب — میخورد چوں آب شیریں ریگ آب تلخ را

گر مرادت را مذاقِ شکر ست — بیمرادی نے مرادِ دلبر ست؟

ترجمہ اگر تیری مراد (یعنی طرب) شیرینی کا ذائقہ رکھتی ہے۔ (اور نامرادی یعنی بلا تلخ و ناگوار ہے) تو کیا نامرادی (تیرے لئے) دلبر کی تجویز کی ہوئی نہیں ہے؟ (پھر اس سے کیوں گریز کرتا ہے) سعدیؒ ؎

یاری آنست کز تو تلخی نوش کنی — نہ چو رنجے رسدت یار فراموش کنی

کلیمؒ ؎ مردِ حق ہیں کہ بلا راز خدا مے بینند — تیغ را بر سر خود بال ہما مے بینند

ہر ستارہ اش خونبہا صد ہلال — خونِ عالم ریختن اورا حلال

صنعتِ ہلال اور حلال میں تجنیس ہے۔

ترجمہ اس (کی تجلی جمال) کا ایک ایک ستارہ (یعنی ٹکڑوں ہلال (کے سے خم کمر عشاق) کا خوں بہا ہے۔ (اس لئے) دنیا بھر کو کشتۂ (عشق) بنانے کا اس کو حق ہے۔

مطلب جب عاشق لوگ وفات کے بعد رویت ہلال حجاب کی دولت سے محظوظ ہو جائیں۔ تو یہ شرف انکی موت کا بہترین عوض ہے۔ اسلئے محبوب حقیقی اگر عاشق کی جان لے لے تو محل شکایت نہیں بلکہ مقام شکر ہے۔ فغانیؒ ؎

بتیغم گر زند دستش نگیرم — وگر تیرم زند منتت پذیرم

امیر خسروؒ ؎ عشق کشتہ مصر جانِ تو برنتابد — کیں مژدہ از دولتِ ہجرانِ تو یابند

ما بدا دخونبہا را یافتیم — جانب جاں باختن بشتافتیم

ترجمہ ہم (نے بھی محبوب حقیقی کے ہاتھ بکر قیمت اور (مقتول ہو کر) خونبہا پا چکے ہیں (اور) جانبازی کی طرف مائل ہو گئے ہیں۔ قال بعضہم ؎

یک جان چہ بود پیش تو کہ سازیم فدایت — الا چہ تواں کرد کہ موجود نہیں ست

اے حیاتِ عاشقاں در مردگی — دل نیابی جز کہ در دلبردگی

ترجمہ اے طالب! عاشقوں کی حقیقی زندگی مرجانے میں ہے۔ (دل کو اس (حالت) کے سوا دل تپاؤ گے

کہ (وہ دلبر حقیقی کی) دلبری میں (فدا ہو جائے)

مطلب دل کی زندگی یہی ہے کہ وہ دلبر کے کام آئے۔ اگر ایسا ہے تو دل ہے۔ ورنہ مشتِ گل ایں خمہ و ایں رشتہ

اندرو شیدا زندہ دلاں زندہ کسے نیست — ہر کشتہ خوباں کہ دراں مردہ دراں زایست

جامی رح ؎ از لذتِ نیفت چہ خبر مردہ دلاں را — چوں زخم تو ہم تو جز بر دل آگاہ نیاید

من دلش جستہ بصد ناز و دلال — او بہانہ کردہ با من از ملال

لغات دل جستن دلجوئی یا رضاجوئی کرنا۔ ناز و دلال ناز و انداز یہاں انبساط و بے تکلفی مراد ہے۔ اگلے شعر میں اس کے معنی کبر و استغنا کے ہونگے۔ بہانہ کردن ٹالنا ملال ناراضگی۔

ترجمہ میں نے (طلب رویت کے لئے) اس (محبوب حقیقی) کی سو انس و بے تکلفی سے دلجوئی کی۔ (مگر) اس نے ناپسندیدگی کے ساتھ (فردائے قیامت پر) ٹال دیا۔ عراقی رح ؎

بحرگاہاں ہوے او بے رفتم بکوے او — بے گفتم قبولم کن نکرد آں یار چیہ تواں کرد

منش جستہ بانیاز و بے ملال — او بہانہ کردہ از ناز و دلال

ترجمہ (بخلاف اس کے پھر) میں نے عجز و الحاح کے ساتھ اس کی دلجوئی کی۔ (پھر بھی) اس نے کبر و استغنا سے ٹال دیا۔

حافظ رح ؎ رہ بر رہش نہادم و بر من گذر نکرد — صد لطف چشم داشتم و یک نظر نکرد

مطلب ان دو شعروں میں دعا و مناجات کے دو مختلف طریقوں کی طرف اشارہ ہے۔ پہلا طریقہ جس کا منشا انبساط و انس ہوتا ہے یہ ہے کہ بندہ اللہ تعالیٰ کے لطف و کرم پر اعتماد کر کے اپنے تعلق و خصوصیت بلکہ ایک قسم کے استحقاق کو پیش رکھ کر بے تکلفی کے ساتھ حاجت مانگے۔ دوسرا طریقہ جو زیادہ ماثور و متعارف ہے یہ ہے کہ عجز و انکسار اور تضرع و ابتہال سے مدعا طلب کرے وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا کے خلاف۔ یہ شعر ہمارے نسخے میں درج نہیں ہے۔

گفتم آخر غرقِ تستم ایں عقل و جاں — گفت رو رو بر زن ایں افسوں مخواں

ترجمہ میں نے عرض کیا آخر یہ عقل و جان تمہاری معرفت (کے شوق) میں غرق ہے فرمایا چلو چلو۔ مجھے یہ دم نہ دو

مطلب میں نے شوق رویت میں اپنی عقل و جان کی حالت زار کو پیش کیا تو فرمایا۔ جب تک تم کو عقل و جان کا احساس ہے۔ التجائے رویت فضول ہے۔ حافظ رح ؎

گفتم کہ کے بہ بخشی بر جان ناتوانم — گفت آں زماں کہ نبود جاں در میانہ حائل

من ندانم آنچہ اندیشید ہ — اے دو دیدہ دوست را چوں دید؟

ترجمہ مجھے معلوم نہیں تم نے کیا سوچ رکھا ہے۔ (کہ یوں) بے دھڑک طالب رویت ہو) اے دو آنکھوں والے (تم یک بیں نہیں ہو سکتے) تم نے محبوب (حقیقی) کو کیا سمجھا ہے؟

مطلب عاشق کو دو دیدہ اس لئے کہا ہے۔ کہ اوپر جو اس نے اپنی عقل و جان کی حالت زار پر توجہ دلائی تھی۔ تو گویا ایک نظر سے اس کو اپنی عقل و جان کی معرفت توجہ ہے۔ اور دوسری نظر سے رویت بلا حجاب کا بھی استشنا ہے۔

یہ حالت طلب کامل اور جذبہ صادق سے منافی ہے ۔ کما قیل ؎

زخود شو بیخبر گر وصل جانا آرزو داری
بود از خود بریدن اندریں رہ قطع منزلہا

اے گرانجاں خوار دیدستی مرا ۔۔۔ زانکہ بس ارزاں خریدستی مرا

لغات گرانجاں کاہل ۔ پست ہمت خوار بیقدر ۔ ایسا ویسا ۔

ترجمہ اے پست ہمت تم نے مجھ کو ایسا ویسا سمجھ رکھا ہے ۔ (کہ مفت رویت کے طالب ہو) اس لئے کہ تم نے مجھ کو نہایت ارزاں پالیا ہے ۔

مطلب ارزاں پانے کا مطلب ظاہر ہے ۔ کہ اللہ تعالیٰ کی رضا و معیت اور فضل و رافت بالکل مفت بندوں کے شامل حال ہے ۔ اسکے دریائے کرم سے دوست دشمن مومن و کافر سعید و شقی سب سیراب ہوتے ہیں ۔ سعدی رح ؎

ادیم زمین سفرۂ عام اوست ۔۔۔ بریں خوان یغما چہ دشمن چہ دوست

ہر کہ او ارزاں خرد ارزاں دہد ۔۔۔ گوہرے طفلے بقرص ناں دہد

ترجمہ جو شخص کسی چیز کو سستے داموں خریدتا ہے ۔ وہ سستی دے ڈالتا ہے (چنانچہ) ایک بچہ ایک (قیمتی) موتی روٹی کے عوض دیدیتا ہے ۔

مطلب جو چیز بلا مشقت حاصل ہوئی ہو ۔ اگرچہ کتنی ہی گرانمایہ و نایاب ہو ۔ اس کی چنداں قدر نہیں ہوتی ۔ اور ناداں آدمی اس کو نہایت ارزاں نرخ پر دے ڈالتا ہے ۔ جامی رح ؎

دہد گنج سعادت ناخردمند ۔۔۔ ستاند زو کشیدہ در ہمے چند

مندرجہ بالا معانی و مطالب کے لحاظ سے یہاں تک محبوب کا مقولہ ہے ۔ مگر مولانا بحر العلوم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک آخری دو شعروں میں عاشق کی طرف سے معشوق کو خطاب ہے ۔ اور وہ گراں جاں کے معنی گرامی جان کرتے ہیں ۔ مطلب دونوں ہے کہ اے محبوب گرامی جان تو نے مجھ کو خوار و ذلیل دیکھا ہے ۔ چنانچہ میں اپنی فطرت میں ذلیل بندہ ہوں ۔ اور اس کا سبب یہ ہے ۔ کہ تو نے مجھے ارزاں پایا ہے ۔ کیونکہ تیری قدرت کامل ہے ۔ اگر چاہے تو مجھ ایسے لاکھوں کروڑوں بندے پیدا کرے ۔ اور اگرچہ میں تیری صورت پر ہونے کی وجہ سے مثل گوہر ہوں (خلق اللہ آدم علی صورتہ) ۔ مگر میری ارزانی کے سبب سے تو مجھے ذلیل سمجھتا ہے ۔ مولانا بحر العلوم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ۔ کہ یہ معنی اقرب بذوق ہیں ۔

غرق عشقے شو کہ غرق ستاندیں ۔۔۔ عشقہائے اولین و آخریں

ترجمہ اس عشق میں غرق ہو جاؤ جس میں سب اولین و آخرین کے عشق غرق ہیں ۔

مطلب مولانا رح اپنے سامعین کو ترغیب دیتے ہیں ۔ کہ تم بھی محبوب حقیقی کے عشق میں مستغرق ہو جاؤ جس میں تمام سلف و خلف کے عشق شامل ہیں ۔ یعنی وہ بھی اس دولت سے بہرہ ور ہیں ۔ جامی رح ؎

ع ناہید از سوز غیرت لب خشک و صوفی دیدہ تر ۔۔۔ آہ ازیں آتش کہ چوں زد شعلہ خشک و تر بسوخت

مجملش گفتم نکردم من بیاں ۔۔۔ ورنہ ہم افہام سوزد ہم زباں

لغات مجمل مختصر افہام فہم کی جمع ۔

ترجمہ میں نے اس (مکالمہ محبوب) کا مختصر ذکر کیا ہے۔ ورنہ اگر تفصیل سے بیان کرتا تو (سامعین کے) فہم و ادراک اور تکلم کی زبان جل جاتی۔ نعمت خان عالی غفر اللہ لہ ؎

نعمت مباد چہ مے پرسی از حکایت من — دلِ تو طاقت ایں گفتگو نمے دارد
سعدی ؎ حدیث عشق بطومار در نمے گنجد — بیان شوق بگفتار در نمے گنجد

من چو لب گویم لب دریا بود — من چو لا گویم مُراد اِلّا بُود

لغات لا حرف نفی۔ یہاں اس سے مخلوقات مراد ہے۔ جو حادث اور قابل انعدام ہے الّا حرف استثناء ہے جو نفی کے بعد اثبات کے لئے لاتے ہیں۔ یہاں اس سے مراد قدیم ہے۔ جس کا وجود اصلی ہے۔

ترجمہ میں جب لب (کا لفظ) کہتا ہوں تو (مراد) لبِ دریا ہوتا ہے۔ میں جب (حرف) لا بولتا ہوں تو مراد اس سے) اِلّا ہوتی ہے۔

مطلب اوپر کہا تھا۔ کہ میں نے اسرار کے بیان کرنے میں اجمال و اختصار کا پیرایہ اختیار کیا ہے۔ اب فرماتے ہیں کہ میں اس میں بھی اشارات و کنایات استعمال کرتا ہوں۔ اور خاموشی کی مثال میں قدیم کا راز بیان کرتا ہوں۔

جامی رح ؎ پردہ از تشبیہ و مجازش کنم — تحفۂ ہر مجلسی رازش کنم
عراقی رح ؎ میخواستم از اسرار اظہار کنم حرفے — زاغیار بترسیدم گفتم سخنِ سر بست

من ز شیرینی نشینم روترش — من ز بیشماری گفتارم خمش

ترجمہ میں شیرینی (معرفت) سے (شیریں کام ہونے کے باوجود) ترش رو (ہو کر) بیٹھ جاتا ہوں۔ میں اپنی کثرت مضامین سے خاموش (ہو رہتا) ہوں۔

مطلب اوپر اخفائے اسرار کا تو ایک طریقہ بیان کیا تھا۔ اب فرماتے ہیں کہ میں عموماً بھی اسرار کے اظہار سے مجتنب رہتا ہوں یعنی باوجود ہمہ دانی کے اس طرح خاموش ہو بیٹھتا ہوں۔ کہ کوئی سمجھے اس کو کچھ نہیں آتا۔ ترش کا کلمہ شیرینی دہنی کے مقابلے میں استعمال ہوا ہے۔ اور ان دو لفظوں سے حقیقی معنی مقصود نہیں ہیں۔ بلکہ یہ دونوں استعارے ہیں۔ اسرار کی واقفیت اور عدم واقفیت یا خاموشی سے ورنہ روترش ہو کر بیٹھنا بزرگوں کی شان سے بعید ہے۔ حدیث میں آیا ہے۔ اکمل المؤمنین ایمانا احسنہم اخلاقا مسلمانوں میں سے زیادہ کامل الایمان وہ ہے جس کے اخلاق زیادہ اچھے ہوں (مشکوٰۃ) صائب رح ؎

تنگ خوئی را بخوشخوئی مبدل ساختن — چشم تنگ مور را ملکِ سلیماں کردن ست
غنی رح ؎ چوں قفل اگر گرفتگی گیری پیش — آخر دلت از تیغ جفا کرد دریش
دادند جو صورتِ کلید ابرو را — پیوستہ کشادہ دار پیشانی خویش

تا کہ شیرینی ما از دو جہاں — در چہا بد روترش باشد نہاں

ترکیب یہ شعر علت ہے اور شعر سابق کا مضمون روترش نشینم و خاموش باشم اس کا معلول ہے۔

ترجمہ تاکہ ہماری شیرینی (یعنی ذوقِ اسرار) دونوں جہان (والوں یعنی جن و انس) سے [illegible] (یعنی

خانوشی) کے حجاب میں پوشیدہ رہے ہے

راز دل ما تا نکند فاش عراقی — اینک ذہن از گفت بہ بستیم دگر بار

تا کہ در ہر گوش ناید ایں سخن — یک ہمے گویم ز صد سر لدن

لغات در گوش آمدن سننا۔ کان تک بات کا پہنچنا۔ سر لدن علم لدنی کی بات دیکھو اس شرح کا خاتمہ اول

ترکیب مصرعہ اولیٰ علت ہے دوسرے مصرعہ کے مضمون کی۔ اوپر کے معلول سے اس کو تعلق نہیں۔

ترجمہ تاکہ یہ (اسراری) بات ہر (کس و ناکس کے) کان میں نہ پڑے۔ علم لدنی کے سینکڑوں بھیدوں میں سے ایک بھید بیان کرتا ہوں۔

تفسیر قول حکیم سنائی رَوَّحَ اللّٰہُ رُوحَہٗ

حکیم سنائی (اللہ ان کے روح کو راحت دے) کے اس قول کی شرح

بہر چہ از راہ وامانی چہ کفر آں حرف و چہ ایماں

جس (بات) کے سبب سے تم راہ (ہدایت) سے بھٹک جاؤ وہ کلمہ کفر ہوا تو کیا۔ اور ایمان ہوا تو کیا

بہر چہ از دوست دُور افتی چہ زشت آں نقش و چہ زیبا

جس امر کی وجہ سے تم دوست سے جدا ہو جاؤ۔ وہ نقش بدنما ہوا تو کیا۔ اور خوشنما ہوا تو کیا

وَفِی مَعْنٰی قَوْلِ النَّبِیِّ عَلَیْہِ السَّلَامُ اِنَّ سَعْدًا لَغَیُوْرٌ وَّ اَنَا اَغْیَرُ مِنْہُ

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول مبارک کا مطلب کہ بیشک سعد بڑا غیرتمند ہے۔ اور میں اس سے زیادہ غیرتمند ہوں

وَاللّٰہُ اَغْیَرُ مِنِّیْ وَمِنْ غَیْرَتِہٖ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَہَرَ مِنْہَا وَمَا بَطَنَ

اور اللہ مجھ سے زیادہ غیرتمند ہے۔ اور اس کی غیرت کی وجہ ہے کہ اس نے تمام کھلی اور چھپی بدکاریوں کو حرام کر دیا۔

لغات حکیم سنائی رحمۃ اللہ علیہ اکابر شعراء میں سے ہیں۔ نیز ان کا شمار مشہور اہل اللہ میں ہوتا ہے۔ وطن غزنین تھا۔ بہرام شاہ غزنوی کے غزنین کی مدح میں بہت سے قصائد لکھے۔ پھر توفیق غیب رفیق حال ہوئی۔ تو اس پیشے سے توبہ کی۔ اور گوشہ نشین ہو کر فقر و تجرید اختیار کی امراء و سلاطین مشتاق زیارت رہتے تھے۔ مگر انہوں نے اہل دولت سے تعلقات رکھنا کلیۃً ترک کر دیا۔ ان کی تصانیف میں سے حدیقۃ الحقیقۃ تصوف کی شاندار کتاب ہے۔ جو حدیقہ سنائی کے نام سے مشہور ہے اور مولانا روم نے اپنی مثنوی میں کئی جگہ اس سے اقتباس کیا ہے۔ حکیم سنائی علیہ الرحمۃ نے ۵۴۶ھ میں وفات پائی۔ وامانند چل نہ سکنا۔ ٹھہر جانا۔ سعد سے سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ مراد ہیں۔ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک جلیل القدر و جاں نثار صحابی قبیلہ بنی خزرج میں سے انصار کے ایک سردار تھے۔ بہت سے راویوں نے ان سے حدیث

روایت کی مشہور غزوات میں داد شجاعت دی۔ آخر حضرت عمرؓ کے ایام خلافت میں ۱۵ھ ہجری میں وفات پائی۔
غیر صیغہ اسم تفضیل ہے غیرت سے۔

مطلب سورہ نور کی آیت ہے۔ کہ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ یعنی اور جو لوگ منکوحہ عورتوں کو زنا کی تہمت لگاتے ہیں پھر چار گواہ نہ لاسکیں۔ تو ان کے اسّی کوڑے مارو۔ اور پھر کبھی ان کی شہادت قبول نہ کرو۔ اور وہی لوگ بدکار ہیں۔

اس آیت کے نزول پر سعد بن عبادہ رضؓ نے کچھ گفتگو کی تھی۔ جس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مندرجہ عنوان کلمات فرمائے۔ جس کا ذکر متعدد روایات میں ہے۔ عن المغیرۃ قال قال سعد بن عبادۃ لو رایت رجلا مع امراتی لضربتہ بالسیف غیر مصفح فبلغ ذلک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال اتعجبون من غیرۃ سعد واللہ لانا اغیر منہ واللہ اغیر منی ومن اجل غیرۃ اللہ حرم اللہ الفواحش ما ظہر منہا وما بطن ولا احد احب الیہ العذر من اللہ ومن اجل ذلک بعث المنذرین والمبشرین ولا احد احب الیہ المدح من اللہ ومن اجل ذلک وعد اللہ الجنۃ متفق علیہ یعنی مغیرہ رضؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ سعد بن عبادہ رضؓ نے کہا اگر میں کسی آدمی کو اپنی بیوی کے ساتھ دیکھ لوں۔ تو میں اس کے تلوار ماروں (جس کی ضرب) چوڑائی کے رخ سے نہیں بلکہ دھار کے رخ سے پڑے۔ یعنی اس آیت کے حکم کے مطابق، چار گواہ لانے کی تاب مجھ میں نہ رہیگی اور فوراً فیصلہ کر ڈالوں گا یہ بات جناب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچی۔ تو آپ نے فرمایا کیا تم سعد کی غیرت سے تعجب کرتے ہو۔ واللہ میں اس سے زیادہ غیرت مند ہوں۔ اور اللہ تعالیٰ مجھ سے زیادہ غیرتمند ہے۔ اور اللہ کی غیرت ہی اس کا سبب ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے کھلی چھپی سب بدکاریاں حرام کردیں۔ اور اللہ سے زیادہ کسی کو عذر مرغوب نہیں ہے۔ اسی لئے اس نے ڈرانے والے اور بشارت دینے والے (پیغمبر) بھیجے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ سے کسی کو مدح و ثنا مرغوب نہیں ہے۔ اور اسی لئے اُس نے جنت کا وعدہ کیا ہے۔ (مشکوۃ)

مولانا رح اوپر کتمان اسرار اور اخفائے حقائق کا ذکر فرما رہے تھے۔ اور ظاہر ہے کہ اسرار حقیقت کا اخفا بتقاضائے غیرت ہوتا ہے۔ سعدی رح سے

نہ ہر سخن کہ بر آید بگوید اہل سخن — بسر شاہ سر خویشتن بباید باخت

سے ورعراقی نیز خواہد گفت انا الحق آنزماں — بر سر دارش ز غیرت ناگہاں خواہم کرد

اس مناسبت سے اب عنوان بالا کے ماتحت غیرت کے متعلق فرماتے ہیں۔ کہ بیشک بندے غیور ہوتے ہیں مگر اللہ کی غیرت کہیں بڑھ کر ہے۔ بندوں کی غیرت اللہ کی غیرت کا محض ایک پرتو ہے۔ یہ مضمون حدیث مندرجہ بالا کا مفہوم ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی غیرت یہاں تک ہے۔ کہ کوئی امر اگرچہ بظاہر مستحسن ہو۔ مگر جب اس کے بجالانے سے کسی دوسرے امر حسن واہم کا ترک لازم آئے۔ تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ غیر مستحسن اور قبیح قرار پاتا ہے۔ اس کی مثال یہ ہے۔ کہ ایک شخص جس کے ذمے حج فرض نہیں ہے۔ اور بندگان خدا کی تربیت نفس اور اصلاح اخلاق کی خدمت اس سے انجام پا رہی ہے۔ اگر وہ اس عظیم الشان کام کو چھوڑ کر سفر حج اختیار کرے۔ تو ہر چند کہ حج شعائر دین میں سے ہے مگر چونکہ اس سے ایک زیادہ بڑے مامور بہ کا ترک لازم آتا ہے۔ اس وجہ سے وہ حج بعد عذر الحق کا موجب اور

غیر مستحسن و قبیح ہے۔ یہ حکیم سنائی رح کے شعر مندرجہ عنوان کا مطلب تھا۔

جملہ عالم زاں غیور آمد کہ حق　　بُرد در غیرت بریں عالم سبق

ترجمہ تمام جہان اس لیے غیرتمند ہے کہ اللہ تعالیٰ کی غیرت اس جہان (کی غیرت) سے (مقدم و) سابق ہے

مطلب جب اللہ تعالیٰ کی غیرت سابق ہے تو جہان جو مظاہر اسماء کے مجموعہ کا نام ہے۔ اس پر غیرت حق کا پرتو پڑنا یعنی اس کا غیرتمند ہونا لازم ہے۔

اُو چو جان ست و جہاں چوں کالبد　　کالبد از جاں پذیرد نیک و بد

ترجمہ وہ (یعنی حق تعالیٰ) گویا جان ہے۔ اور جہاں بمثل جسم ہے۔ اور جسم جان ہی سے کمال و نقص قبول کرتا ہے۔

مطلب جس طرح جسم اور اعضائے جسم کے افعال روح کے قصد و ارادہ کے تابع ہیں۔ اسی طرح مخلوق کے سب اخلاق و افعال اس فیاض مطلق کی طرف سے مترشح ہوتے ہیں۔ نیک و بد سے تمام خیر و شر۔ طاعت و معصیت اور ایمان و کفر مراد ہے۔ جن کا موجد اور خالق اللہ تعالیٰ ہے۔ مے پذیرد کا مطلب یہ ہے۔ کہ بندہ اپنے اختیار اور قصد سے خود ان افعال کو قبول کر لیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو ان افعال کے کرنے پر مجبور نہیں کرتا خصوصاً صفات قبیحہ کو بندہ خود اختیار کرتا ہے۔ اب یہ اعتراض وارد نہیں ہو سکتا۔ کہ اس شعر کا مضمون فرقہ جبریہ کے عقیدے کے مطابق ہے۔ کہ تمام نیک و بد افعال اللہ تعالیٰ کے کرانے سے بندہ کرتا ہے۔ وہو باطل البتہ بعض افعال حسنہ میں اتفاقاً اس کی ایجاد کا طریقہ یہ ہے۔ کہ وہ اپنی صفات کا فیض بندوں پر نازل فرماتا ہے۔ جیسے کہ مولانا کے قول جملہ عالم زاں غیور آمد الخ کے مطابق غیرت حق کا فیض بندوں پر نازل ہو کر ان کو غیور بناتا ہے اب آگے غیرت کی چند مثالیں بیان فرماتے ہیں۔ جو گویا حکیم سنائی رح کے قول مندرجہ بالا کی تفصیل ہیں

ہر کہ محراب نمازش گشت عین　　سوئے ایمان رفتنش میدان توشین

لغات محراب نماز مراد قبلہ توجہ عین بالکل وہی۔ ہو بہو۔ مراد ذات حق۔ میدان صیغہ امر دانستن سے شین عیب۔ امر قبیح۔

ترجمہ جس شخص کا قبلہ توجہ خاص ذات (حق) ہو۔ اس کا (استدلالی و تقلیدی) ایمان کی طرف جانا عیب سمجھو۔

مطلب غیرت کی پہلی مثال یہ ہے۔ کہ جس شخص کو مشاہدہ و معائنہ کا درجہ حاصل ہو جس سے التفات الی الذات المحضہ مراد ہے۔ اس کا طریق استدلال معرفت حق کی کوشش کرنا بیہودہ کام ہے۔ کیونکہ استدلال کا رتبہ معائنہ سے نہایت کم ہے اور اعلیٰ چیز کو چھوڑ کر ادنیٰ کو اختیار کرنا صاف نزول ہے۔ لہٰذا غیرت کے خلاف ہے۔

ہر کہ شد مر شاہ را او جامہ دار　　ہست خسران بر شاہش اتجار

لغات جامہ دار۔ بادشاہ کے لباس و پوشش کا مہتمم۔ توشہ خانہ کا منتظم اتجار تجارت۔ سوداگری

ترجمہ جو شخص خاص بادشاہ کے لباس و پوشش کا انتظام ہاتھ میں رکھتا ہو۔ اس کا بادشاہ کے لئے تجارت (پارچات) کرنا مضر ہے۔

مطلب یہ غیرت کی دوسری مثال ہے۔ بادشاہ کا جامہ دار ہونا دو طرح ممکن ہے۔ ایک تو یوں کہ کسی کو شاہی دربار میں یہاں تک باریابی میسر ہو۔ کہ خود شاہانہ لباس تیار کرکے بادشاہ کے حضور میں پیش کر سکے۔ تو اس کا تاجرانہ نرخ پر اس کی قیمت کا خواہشمند ہونا بلحاظ مقتضائے خست ہونے کے غیرت کے خلاف بھی ہے۔ اور شاہی انعامات سے محروم رہنے کی وجہ سے موجب خسران بھی۔ بخلاف اس کے اگر وہ اس پوشاک کو بطور نذر پیش کش کرتا۔ تو اعزاز و اکرام کا مستحق بھی ہوتا۔ اور انعام سے بھی مالا مال ہو جاتا۔ دوسری صورت یہ ہے۔ کہ وہ شاہی ملبوسات کے اہتمام و انصرام پر مامور و ملازم ہو چونکہ ایسی حالت میں اس کے خود تجارت پارچات کرنے سے یہ احتمال پیدا ہوتا ہے۔ کہ وہ اپنے مال میں سے گراں نرخ پر شاہی لباس تیار کرتا ہوگا۔ اس لئے اس کی یہ تجارت باہم فہمین و خیانت خلاف غیرت بھی ہے۔ اور عتاب شاہی کے امکان سے موجب خسران بھی۔

ہر کہ با سلطاں شود او ہم نشیں بر درش شستن بود خیف و غبیں

لغات شستن بفتح سین مخفف نشستن حیف ظلم۔ یہاں بمعنی متعارف افسوس مراد ہے۔ غبین ضعیف رائے۔ زیاں کار

ترجمہ جو شخص بادشاہ کا ہمنشیں بن گیا۔ اس کو (پھر) دروازے پر (فقیروں کی طرح) بیٹھنا (موجب) افسوس اور نقصان رسیدہ (بناتا) ہے۔

مطلب یہ غیرت کی تیسری مثال ہے۔ جو شخص اہل رتبہ ہو کر اپنے آپ کو محض بزدلی و دوں ہمتی کے باعث بیتے سے گرائے وہ بے غیرت ہے۔ نہ کہ متواضع و انعم ماقیل ؎

پایۂ تمکیں زکف مگذار تا گردی عزیز سنگ را سنجیدگی باذر برابر میکند

دست بوسش چوں رسید از پادشاہ گر گزیند بوس پا یا شد گناہ

ترجمہ جب اسکو بادشاہ کا ہاتھ چومنے کا شرف حاصل ہو گیا۔ تو پھر اگر پا بوسی اختیار کرے تو (اخلاقی) گناہ ہے

مطلب غیرت کی چوتھی مثال بادشاہ کا مقرب خاص اگر کم رتبہ لوگوں کی طرح اس کے پاؤں پڑنے لگے۔ تو وہ صرف اپنی ہی نہیں بلکہ منصب تقرب کی توہین بالذات اور بادشاہ کی توہین بالعرض کر رہا ہے۔ اس لئے آداب سلاطین کی شریعت میں یہ ایک گناہ ہے۔

چوں بیابی دست گرد پا مگرد ہست سر بازی نشان مرد مرد

ترجمہ جب تم کو ہاتھ چومنا میسر ہو تو پاؤں کے پاس بھی نہ پھٹکو (ہاں راہ وفا میں) سر دے دینا کمال مردی کا نشان ہے۔ **بخلاف** یہ شعر ہمارے نسخے میں نہ تھا۔

گرچہ سر بر پا نہادن خدمت ست پیش آں خدمت خطا و زلت ست

ترجمہ اگرچہ (عوام کے لئے بادشاہ کے) پاؤں پر سر رکھ دینا (بڑی) خدمت ہے۔ مگر (مقرب خاص کے

لیئے اس (کے تقرب) کے مقابلے میں (یہ خدمت) غلطی اور لغزش ہے۔

شاہ را غیرت بود بر ہر کہ او — بوگزیند بعد ازاں کہ دید رو

ترجمہ بادشاہ کو اس شخص پر غیرت آتی ہے۔ جو بعد اس کے کہ (برافگندہ نقاب) چہرہ دیکھ چکا ہو۔ پھر خوشبو کے

مطلب غیرت کی مثالیں بیان کرنے کے بعد اب محل غیرت کا ذکر فرماتے ہیں یعنی بادشاہ حقیقی کو اس شخص پر غیرت آتی ہے۔ جو کشف حقیقت کے بعد صرف اس کے ذکر و حکایت پر اکتفا کرتا ہے۔ یا یوں کہو۔ کہ وہ حال کو چھوڑ کر قال کو اختیار کرتا ہے۔ صائب رح ؎

در کاروان ما جرس قال فضیل نیست — در عالم مشاہدہ راہ دلیل نیست

غیرت حق بر مثل گندم بود — کاہ خرمن غیرت مردم بود

ترجمہ مثال کے طور پر (غیرت کو ایک خرمن فرض کر لو تو) خدا کی غیرت گویا گیہوں ہیں (اور) لوگوں کی غیرت کھلیان کا بھوسہ ہوتا ہے۔

اصل غیرتہا بداند از الٰہ — آن خلقاں فرع حق بے اشتباہ

ترجمہ یاد رکھو تمام غیرتوں کی جڑ خدا ہے مخلوقات کی (غیرت) بیشک (اس غیرت) خدا کی شاخ (ہے)

شرح ایں بگذارم و گیرم گلہ — از جفاے آں نگار دہ دلہ

لغات نگار معشوق مراد محبوب حقیقی۔ دہ دلہ متلون مزاج۔

ترجمہ میں اس (مضمون غیرت) کی تفصیل کو چھوڑ کر اس محبوب (حقیقی) کی جفاے (استغنا) کی شکایت کرتا ہوں۔ جو صاحب تجلیات ہے۔

مطلب یہاں سے پھر اشتیاق رویت اور شکوے سے جو شروع ہوتا ہے۔ محبوب حقیقی کو دہ دلہ اس کی تجلیات کثیرہ اور شیون مختلفہ کے لحاظ سے کہا ہے۔ امیر خسرو رح ؎

گہ عشوہ گہ کرشمہ گہے خشم و گاہ ناز — مسکین کسیکہ شیفتہ و مبتلاے تست

نالم ایرا نالہا خوش آیدش — از دو عالم نالہ و غم بایدش

لغات ایرا یعنی زیرا کہ۔ یا مخفف ایں را جس میں ایں کا مشار الیہ شکوی ہے۔ یعنی برائے ایں شکوی مے نالم۔

ترجمہ میں اس لئے روتا ہوں کہ اس کو رونا اچھا لگتا ہے۔ اس کو دو جہاں سے نالہ و غم بھاتا ہے۔

مطلب اللہ تعالیٰ کو گریہ و زاری پسند ہونے کے متعلق ایک حدیث یا یں کلمات پیچھے گزر چکی ہے۔ لیس شیء احب الی اللہ تعالیٰ من قطرتین الخ دیکھو بیان تعظیم ساحران موسیٰ را کہ اول توعصا بیندازد۔ عراقی رح ؎

ازاں خوش ست پیمے نالہ ام بگوش جہاں — کہ ہیچ دم نزنم تا تو ام نہ بنوازی

چوں نالم تلخ از دستان او — چوں نیم در حلقہ مستان او

لغات تنخ نالیدن نہایت درد سے رونا۔ دستان مکر و فریب۔ مستان عشاق۔

ترجمہ میں اس کے ناز و کرشمہ سے کیوں کر روے آنسو نہ بہاؤں۔ میں اس کے عاشقوں کے حلقوں میں کیوں (داخل) نہیں ہوں۔

مطلب دستان یعنی ناز و کرشمہ سے دیدار کے لئے ترسانا اور تجلی دکھا کر رویت سے محروم رکھنا مراد ہے۔ یہ کیفیت معشوقان مجازی میں ایک خاص ناز و ادا سمجھی جاتی ہے۔ جو ولولہ شوق کو برانگیختہ کرتی ہے۔ سعدی رح ؎

دیدارے نمائی و پرہیز مے کنی — بازار خویش و آتش ما تیز میکنی

جامی رح ؎ سوے خود مے خوانیم چوں آمدم مے رانیم — مے ندانم چوں کنم در ماندۂ خویشتوام

ونیز ؎ گفتنش قتل من خستہ چساں خواہی کرد — گفت گاہے تبغافل بنگاہے گاہے

چُوں نیاشم ہمچُو شب بے رُوزِ اُو — بے وصالِ رُوے رُوز افروزِ اُو

ترجمہ میں اس کے دن (کے سے روشن چہرے) کے بغیر (اور) اس کے دن کو روشنی بخشنے والے چہرے کو دیکھے بغیر کیوں نہ رات کی طرح (سیہ بخت) ہو جاؤں۔ جامی رح ؎

بعرصۂ چمن و صحنِ باغ نخشاید — دلے کہ غنچہ وشش از ہجر گلرخے تنگ ست

ناخوش اُو خوش بُود در جانِ من — جاں فدائے یارِ دل رنجانِ من

ترجمہ اس کی کج ادائیاں میری جان کو گوارا ہیں میرے دل کو ستانے والے یار پر جان قربان جائے۔

عرفی رح ؎ خواہ با من لطف کن خواہی جفا — من نخواہم آں کنی و ایں مکن

جامی رح ؎ خوش آں بیدل کہ دولت یار گردد — بگرد خاطر دلدار گردد

چو خواہد جاں، روانے بر لب آرد — بموسد خاک اورا جاں سپارد

چو جوید دل کند دل را زغم خوں — دہد در دم ز راہ دیدہ بیروں

عاشقم بر رنج خویش و دردِ خویش — بہرِ خوشنودیِ شاہِ فردِ خویش

ترجمہ میں اپنے آقائے واحد کی خوشی کے لئے اپنے رنج اور اپنے درد کو دل سے چاہتا ہوں۔

مطلب محبوب حقیقی اپنے عشاق کے درد سے اس لئے خوش ہے۔ کہ وہ اس کے عشق و محبت کے مقتضیات سے ہے۔ اور درد ہر چند عشاق کے لئے تکلیف دہ ہے۔ مگر چونکہ وہ رضائے محبوب کا باعث ہے۔ اور محبوب کا مرغوب بھی محبوب ہوتا ہے۔ اس لئے درد اُن کو محبوب ہے۔ جامی رح ؎

خوشم با محنتِ درد تو آرے — بود رنج محبت راحت آمیز

خاکِ غم را سرمہ سازم بہرِ چشم — تا گوہر پر شود دو بحرِ چشم

ترجمہ میں غم کی مٹی کو آنکھوں کا سرمہ بناتا ہوں۔ تاکہ دونوں آنکھوں کے دریا (اشک کے) موتیوں سے بھر جائیں۔ امیر خسرو رح ؎

بجاں دعائے غمت مے کنم کہ دیر زیاد — کز و فزایش ایں درد بے دوائے من است
حکمۃ ؎ غمے خور کو بشادیہائے بے اندازہ انجام — چو بعقلاں مرو دنیاں آں شادی کہ غم گردد

اشک کاں از بہر او یارند خلق — گوہرست و اشک پندارند خلق

ترجمہ (لوگ جو آنسو اس کے لئے برساتے ہیں (فی الحقیقت) وہ موتی ہیں۔ اور لوگ (غلطی) سے اُن کو آنسو سمجھتے ہیں۔ حافظ رح ؎

گر طمع داری ازاں جام مرصع مے لعل — در و یاقوت بنوک مژہ ات یابد سُفت
صائبؒ ؎ بحر و کاں در نظرش چشم تر است و لب خشک — حُسنِ او را بچہ سرمایہ خریدار شویم

من زجانِ جاں شکایت میکنم — من نیم شاکی روایت میکنم

ترجمہ میں (گو زبان سے) جانجاں (یعنی محبوب حقیقی) کی شکایت کر رہا ہوں۔ (مگر دل سے) اس کا شاکی نہیں ہوں۔ (بلکہ اپنے عشق کا) حال سُنا رہا ہوں۔

مطلب میں جو رویت سے محروم رہنے پر محبوب حقیقی کی شکایت کر رہا ہوں۔ یہ فی الواقع شکایت نہیں ہے۔ حافظ رح ؎

آشنایانِ رہِ عشق گرم خوں بخورند — کاندرم گر بشکایت بر بیگانہ روم

بلکہ یہ اپنی حکایت ہے۔ کیونکہ شکایت تو ناراضگی سے ہوا کرتی ہے۔ اور نعوذ باللہ اس محبوب سے ناراضگی کیسی؟ حافظ رح ؎

زاں یار دلنوازم شکرے ست یا شکایت — گر نکتہ داں عشقی خوش بشنو ایں حکایت

دل ہمیگوید از و رنجیدہ ام — وز نفاق سُست میخندیدہ ام

ترکیب از و رنجیدہ ام مقولہ ہے دل کا۔ دوسرا مصرعہ مخاطب دل ہونے کی حیثیت سے خود مولانا کا قول ہے۔ بعض شارحین نے دوسرے مصرعہ کو بھی دل کا مقولہ قرار دیا ہے۔ جس کی غلطی آگے بتائی جائے گی۔

ترجمہ دل کہتا ہے کہ (درخواست رویت منظور نہ ہونے کی وجہ سے) میں اس (محبوب) سے رنجیدہ ہوں۔ (حالانکہ وہ اندر ہی اندر اس سے مسرور و راضی ہے) اور (اسی لئے اس کی اس اظہار رنج کی) کمزور بناوٹ پر مجھے ہنسی آتی ہے۔

مطلب بیرا دل بظاہر محبوب سے اظہار رنج کر رہا ہے۔ اور اندر سے اسکے چاؤ اور محبت میں کھلا جا رہا ہے۔ اس کی بناوٹی رنجیدگی میرے نزدیک قابل مضحکہ ہے۔ اگر آخر شعر تک دل کا مقولہ قرار دیا جائے۔ جیسے کہ بعض شارحین نے سمجھا ہے۔ تو یہ سخت غلطی ہوگی۔ کیونکہ اس صورت میں ترجمہ یوں ہوگا کہ دل کہتا ہے۔ کہ میں محبوب حقیقی سے رنجیدہ ہوں۔ اور محض جھوٹے طریق سے براہ نفاق یوں ہی ہنس دیتا ہوں۔ اس سے ایک تو اپنے نفاق حقیقی کا اعتراف لازم آتا ہے۔ کہ کرنا کچھ اور دکھانا کچھ۔ جو معاذ اللہ حق سبحانہ تعالیٰ کے ساتھ عمل میں لانا کفر ہے۔ بخلاف اس کے پہلے معنی کے لحاظ سے وہ نفاق نہیں ہے۔ بلکہ دل کی خوشی کو مستور رکھ کر محبوب کی رضا کے لئے اظہار شوق کے طور پر گریہ و زاری اور نالہ و فغاں کرے تو یہ عین طاعت ہے۔ دوسرے معنی اوپر کے مضمون "من نیم شاکی" کے خلاف ہیں۔ وہاں اقرار کیا تھا۔ کہ مجھے شکایت نہیں۔ صرف اظہار حال منظور ہے۔ مگر یہاں اس کے برعکس

ایک گہری شکایت کا اعتراف کیا ہے جو قلب پر مستولی ہے۔

راستی کن اے تو فخر راستاں اے تو صدر و من درت را آستاں

لغات راستی سچائی۔ صدق۔ راست روی یہاں سیدھا سادہ برتاؤ مراد ہے۔ جو بمقابلہ دستاں یعنی ناز و کرشمہ کے ہے۔ جس کا ذکر شعر چوں ننالم تلخ از دستان او میں ہے۔ فخر راستاں راست رو لوگوں کا فخر۔

ترجمہ اے فخر راستاں (میرے معاملے میں ناز و کرشمہ چھوڑ کر) سیدھا سادہ برتاؤ اختیار کر تو صدر ہے میں تیرے دروازے کی دہلیز ہوں۔

مطلب فخر راستاں سے اس آیت کی طرف تلمیح ہے۔ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا یعنی اللہ سے زیادہ راستگو کون ہو سکتا ہے۔ راستی کن سے یہ استدعا ہے۔ کہ ناز و کرشمہ سے عاشق و محب کو آزمانا مقصود ہوتا ہے۔ میں جب محو شوق ہو کر خاک آستانہ بن چکا ہوں۔ تو میرے لئے اس ابتلا و امتحان کی ضرورت نہیں۔ مجھ سے سیدھا سادہ سلوک کرنا کافی ہے۔

آستان و صدر در معنی کجاست؟ ما و من کو آں طرف کو یار ماست؟

ترجمہ (یہ میری غلطی تھی) حقیقت میں آستان و صدر کہاں ہیں؟ جہاں ہمارا محبوب ہے۔ وہاں ما و من کا کیا کام؟

مطلب چونکہ اوپر کے شعر میں اپنے آپ کو خاک آستانہ کہا تھا۔ جو اپنی ہستی کے دعوے پر مشتمل ہے اور استقلالاً اپنی ہستی خلاف واقع ہے۔ اور التفاتاً ذوق فنا کے منافی ہے۔ لہٰذا اس سے اضراب کرتے ہیں کہ جہاں محبوب ہو۔ وہاں ہماری ہستی کا کیا ذکر و لنعم ما قال مولانا اسمٰعیل میرٹھی رح ؎

کیسی طلب؟ کہاں کی طلب؟ کس لئے طلب؟ ہم ہیں تو وہ نہیں ہے جو وہ ہے تو ہم نہیں

اے رہیدہ جان تو از ما و من اے لطیفہ روح اندر مرد و زن

ترجمہ اے وہ ذات پاک جس کی حقیقت ما و من (کی قید) سے آزاد ہے۔ اے (وہ جو) مثل لطیفہ روح ہے۔ کہ سب مرد و زن میں ہوتا ہے۔

مطلب جس طرح اجسام کی مایہ حیات روح ہے۔ اسی طرح عالم کا قیام تیری ذات کے ساتھ ہے۔ کیونکہ تو قیوم عالم ہے۔ قائم بالذات تیرے سوا کوئی نہیں۔ نظامی رح ؎

پناہ بلندی و پستی توئی ہمہ نیستند آنچہ ہستی توئی

جامی رح ؎ تعالی اللہ زہے قیوم و دانا توانائی دہ ہر ناتواں را

مرد و زن چوں یک شوند آں یک توئی چونکہ یکہا محو شد آں نیک توئی

لغات نیک مخفف۔ ایںک کا دیکھ۔

ترجمہ مرد و زن جب ایک ہو جائیں۔ تو وہ ایک تو ہی ہے۔ جب سارے واحد محو ہو جائیں۔ تو (ان کے محو ہونے کے بعد جو شے باقی رہیگی) دیکھ لے وہ تو ہی ہے۔ نظامی رح ؎

قرار ہمہ ہست بر نیستی توئی آنکہ بر یک قرار ایستی

مطلب موجودات کثیرہ میں ایک تمایز عرضی ہوتا ہے۔ جیسے کہ طفل و جواں اور مرد و زن اور زنگی و رومی میں اور ایک تمایز ذاتی ہوتا ہے جیسے انسان و بہائم اور شجر و حجر میں۔ پس عرضی اختلاف اُٹھ جانے سے ان اشیاء میں ذاتیات کا اشتراک باقی رہتا ہے اور اگر ذاتی اختلاف مرتفع ہو جائے تو موجودات کثیرہ بھی باقی نہیں رہتیں کیونکہ کثرت و انثینیت کو تمائز لازم ہے اور تمائز عرضی و ذاتی میں منحصر ہے جب دونوں قسمیں مرتفع ہوگئیں۔ تو تمائز بھی نہ رہا اور جب تمائز نہ رہا تو کثرت بھی نہ رہی یعنی کثرت متحد بھی نہ رہا۔ پس مصرعہ اولیٰ میں اختلاف عرضی کے مرتفع ہونے کا بیان ہے جس کو مرد و زن کے ایک ہو جانے سے تعبیر کیا ہے۔ یعنی اختلاف عرضی کے ارتفاع سے نوع واحد رہ جائیگی۔ اور مصرعہ ثانیہ میں اختلاف ذاتی کے ارتفاع کا ذکر ہے یعنی جب وہ سب انواع جن کو یکجا کہا ہے مرتفع ہو جائیں۔ تو کثرت ہی مرتفع ہو جائے۔ اور چونکہ ایک ممکن کے موجود رہنے سے اس کے لئے واجب سے تمایز ضروری ہے۔ اور تمائز کو مرتفع تسلیم کیا ہے۔ اس لئے لازم آیا۔ کہ باقی صرف موجود حقیقی ہی رہجائے گا۔ اور مصرعہ اولیٰ میں آں یک توئی مجاز ہے جس میں وحدت اصطلاحیہ یعنی انحلال وجود ممکن کو اتحاد سے تعبیر فرمایا ہے۔ مطلب یہ کہ واقع میں یا التفات میں کثرت کا مرتفع ہونا بقائے وحدت کو مستلزم ہے (کذا فی کلید مثنوی)

ایں من و ما بہر آں برساختی تا تو با خود نرد خدمت باختی

ترجمہ یہ من و ما (یعنی مخلوق) تو نے اس لئے پیدا کی ہے۔ کہ اپنے ساتھ آپ ہی خدمت کی نرد بازی کرے (یعنی خود ہی خادم خود ہی مخدوم ہو)۔

مطلب خدمت سے مراد دنیا کے کاروبار و اتفاقات ہیں۔ چونکہ ممکنات کا استقلال وجود باطل ہے۔ موجود حقیقی واحد اور وہ صرف وہی سبحانہ وتعالیٰ ہے۔ اور اُس نے موجودات عارضیہ کو محض اس لئے پیدا کیا ہے۔ کہ ان سے اپنی حکمت کے مطابق کام لے۔ اس لئے اس اتحاد اصطلاحی کی بنا پر واحد حقیقی کو مجازاً خادم و مخدوم کہدیا ہے۔ وکلا مشاحۃ فی الاصطلاح عراقی رح ؎

ظاہر و باطن توئی و طالب و مطلوب تو واں دگر نامے ست اندر ہر زباں انداختہ

تا تو با ما و تو یک جوہر شوی عاقبت محض چناں دلبر شوی

ترجمہ یہانتک کہ جب تو ما و تو (موجودات متکثرہ) کے ساتھ ایک ذات ہو جائیگا۔ تو آخر صرف تو وہی (اکیلے کا اکیلا) محبوب (جو پہلے تھا موجود) رہیگا۔

تا من و تو ہا ہمہ یک جاں شوند عاقبت مستغرق جاناں شوند

لغات یک جاں یکذات۔ متحد مستغرق۔ غرق۔ محو۔ فنا۔

ترجمہ یہاں تک کہ من و تو سب یک جاں ہو جائیں گے (اور) انجام کار محبوب حقیقی (کے انوار جلال میں) فنا ہو جائینگے۔

مطلب جس طرح ازل میں صرف تیری ذات واحد موجود تھی۔ اور کوئی دوسری شے نہیں تھی اسی

طح ایک وقت آئیگا۔ کہ صرف تیری ہی ذات ہوگی اور کچھ نہ ہوگا۔ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔ یعنی جو چیز زمین پر ہے۔ سب فنا ہونیوالی ہے۔ اور تیرے عزت و بزرگی والے پروردگار کی ذات پاک باقی رہجائیگی (رحمن ع ۱) عمران ابن حصین کی روایت میں یہ کلمات ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ كَانَ اللّٰهُ وَلَمْ يَكُنْ شَيْءٌ قَبْلَهٗ یعنی پہلے خداوند تعالیٰ ہی تھا اور کوئی شئے اس سے پہلے نہ تھی (مشکوۃ) مستغرق جاناں ہونے سے یا تو یہ مراد ہے۔ کہ کوئی موجود سوائے ذات حق کے باقی نہ رہیگا جیسے کہ نفخ صور کے وقت ہوگا۔ یہاں فنا و محویت یعنی اضمحلال وجود مراد ہے۔ کہ سالک مقام فنا پر فائز ہوکر غیر اللہ کو معدوم پاتا ہے۔ اور اس کی نظر میں تمام موجودات متحد ہوکر ذات حق میں فنا ہو جاتی ہے۔ عراقی رح ؎

عجب تر آنکہ مے بینم جہاں تو ہمہ ہستی توئی فی الجملہ ایں وآں نمیدانم

حضرت ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ حدیث كان الله ولا شئی معه اور ایک روایت میں ولم یکن شئ قبله ثابت ہے۔ لیکن اس کے ساتھ کچھ اور کلمات بھی روایت کئے جاتے ہیں۔ وہ یہ ہیں۔ وَهُوَ الْاٰنَ عَلٰى مَا عَلَيْهِ كَانَ یعنی وہ اب بھی ویسا ہے جیسے پہلے تھا۔ یہ حدیث نہیں۔ صوفیہ کا کلام ہے۔ اور یہ بھی احتمال ہوسکتا ہے کہ یہ کلمات فرقہ وجودیہ کے مفتریات سے ہوں جو عینیت کا قائل ہے۔ اور مرتبہ شہود میں جو معیت منصوص ہے۔ اس کی مخالفت کرتا ہے۔ اگر ان کلمات کو صوفیہ کرام علیہم الرحمۃ کا قول اور اس کے معنی کو صحیح تسلیم کرلیا جائے۔ تو پھر اس کی تاویل یہ ہوگی کہ اللہ تعالیٰ کی ذات کمال اور صفات جلال جو پہلے تھیں مخلوق کو پیدا کرنے کے بعد ان میں کوئی کمی واقع نہیں ہوئی۔ جیسے کہ اللہ تعالیٰ کے اس کلام پاک سے مفہوم ہوتا ہے۔ کہ وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ یعنی ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور ان تمام چیزوں کو جو ان کے درمیان ہیں چھ دن میں بنا دیا۔ اور ہم کو تھکان چھو بھی نہیں سکی (ق ع ۳)

یا ان کلمات کے یہ معنی ہونگے کہ ماسوی اللہ بمنزلہ سراب بے حقیقت و بیکار منشور کے ہے۔ پس عارف کی نظر میں کسی موجود حادث کی بمقابلہ وجود قدیم کے کچھ حقیقت نہیں رہتی۔ کیونکہ مخلوقات کا وجود ذاتاً اور صفۃً مستقل نہیں ہے۔ اسی لئے کسی بزرگ نے فرمایا ہے۔ سِوَى اللّٰهِ وَاللّٰهِ مَا فِي الْوُجُوْدِ اور کہا گیا ہے۔ لَيْسَ فِي الدَّارِ غَيْرُ دَيَّارٍ یعنی بجز خدا کے سوا کوئی موجود نہیں۔ اور گھر میں گھر کے مالک کے سوا اور کوئی نہیں اور یہ حالت مقام جمع میں ہے۔ جس کی طرف یہ قول باری تعالیٰ اشارہ کرتا ہے۔ کہ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول میں بھی اسی کی طرف اشارہ ہے۔ کہ اَصْدَقُ كَلِمَةٍ قَالَهَا الْعَرَبُ قَوْلُ لَبِيْدٍ اَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللّٰهَ بَاطِلٌ یعنی عرب کے اشعار میں سب سے زیادہ سچا شعر یہ ہے۔ کہ اللہ کے سوا ہر چیز باطل ہے۔ لیکن جو شخص جمع الجمع کے مقام پر واصل ہوگیا۔ اس کو کثرت وحدت سے یا وحدت کثرت سے محجوب نہیں کرسکتی۔ جس کی طرف یہ قول باری تعالیٰ اشارہ کرتا ہے۔ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى (موضوعات کبیر)

ایں ہمہ ہشت و بیا اے امرکن　　اے منزہ از بیان و از سخن

لغات امرکن اگر با ضافت ہو۔ تو اس سے مراد حکم الٰہی ہے۔ جو باعث خلق ہے۔ اور اس آیت میں اس کا ذکر ہے کہ انما امرہ اذا اراد شیئا ان یقول لہ کن فیکون (دیکھو حصہ ہذا کا صفحہ ۱۸۰ و ۱۹۱) اگر امر کن بلا اضافت ہو۔ تو کن بمعنی کنندہ کلمہ فارسی ہے۔ اور امر کن سے امر حاکم و آمر ہے۔ ان دونوں احتمالوں کی بنا پر شارحین نے اس شعر کے معنی بیان کرنے میں اختلاف کیا ہے۔

ترجمہ (۱) یہ تمام (اسرار وحدت ثابت) ہیں۔ اے (حق تعالیٰ کے) امر کن جو (کلام نفسی کی قبیل سے ہے اور اس لئے) بیان و سخن سے منزہ ہے۔ تو وقوع پاکر ان اسرار کو درجہ مشاہدہ میں لائے)

(۲) یہ سب (اشارات تو) درست ہیں (مگر) اے حاکم (حقیقی) تو برافگندہ نقاب جلوہ دکھا) اور چلا (تاکہ اشارات کی ضرورت نہ رہے) تو بیان و سخن سے پاک ہے (اس لئے طالب رویت صرف بیان صفات سے تسلی نہیں پاتا)

مطلب ترجمے کی دونوں تقدیروں پر مطلب ظاہر ہے پہلے معنی بلحاظ لفظ و معنا اور دوسرے معنی باعتبار قرینہ و سیاق و سباق انسب معلوم ہوتے ہیں۔

چشم جسمانہ تواند دیدنت؟ درخیال آرد غم و خندیدنت؟

ترجمہ (نہیں نہیں ایسی درخواست کرنا میری غلطی تھی) بھلا جسمانی آنکھ تجھ کو دیکھ سکتی ہے؟ (اور) غم و خندہ (کا پابند) تجھ کو خیال میں لا سکتا ہے؟

مطلب پہلے غلبہ حال میں شدت شوق کی وجہ سے رویت کی درخواست کی تھی۔ اب افاقہ پاکر مقتضیات احکام کا احساس ہوا۔ تو اس درخواست کے بے سود ہونے کا اعتراف کرتے ہیں۔ عراقی رح ؎

ہم دیدۂ او باید تا حسن رخش بیند کانجا کہ جمال اوست ابصار نے گنجد

دل کہ او بستہ غم و خندیدن ست تو بگو کے لائق ایں دیدن ست

ترجمہ جو دل غم اور ہنسی (کے خیالات) کا مقید ہے تمہیں بتاؤ کہ وہ اس دیدار الٰہی کے لائق کہاں ہے؟

مطلب غم و خندہ سے مراد کیفیات طبیعیہ ہیں۔ یعنی کیفیات طبیعیہ کا مقید رویت الٰہی کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ خصوصاً اس جہان میں البتہ عقبےٰ میں متحمل رویت ہو سکے گا۔ حافظ رح ؎

دیدۂ روے ترا دیدۂ جاں مے باید وین کجا مرتبۂ چشم جہاں بین من ست

آنکہ او بستہ غم و خندہ بود او بدیں دو عاریت زندہ بود

ترکیب اگرچہ عاریت کا دو اسم عدد کے لئے معدود ہونا بھی صحیح ہے۔ کما یقتضیہ در مگر اولیٰ یہ ہے۔ کہ عاریت حال ہو زندہ کے لئے اور دو بمعنی ہر دو ہو۔

ترجمہ جو کوئی غم و خندہ (وغیرہ کیفیات طبیعیہ) کا مقید ہو۔ وہ ان ہر دو (قسم کی کیفیات طبیعیہ جسمانیہ کے بقا) تک چند روزہ زندگی پاتا ہے۔

مطلب یہ کیفیات حیات دنیویہ فانیہ کے لوازم سے ہیں۔ اور حیات فانی میں جمال باقی کا مشاہدہ ناممکن ہے۔ مما رح ؎

از دیدنِ رویت دل آئینہ فرو ریخت
ہر شیشہ دلے طاقتِ دیدار نداشت

**باغ سبزِ عشق کو بے منتہاست
جز غم و شادی در و بس میوہا ست**

ترجمہ عشق کا ہرا بھرا باغ جس کی انتہا نہیں۔ اس میں غم و شادی سے جداگانہ بے شمار میوے ہیں۔

مطلب اوپر شکایت کیا تھا۔ کہ دنیا میں دیدارِ الٰہی ناممکن ہے۔ اب فرماتے ہیں۔ کہ آخرت کے باغ بہشت میں جہاں کیفیات طبیعیہ کا کوئی کام نہیں ہے۔ بلکہ وہاں بجائے ان کے دوسرے کمالات حاصل ہونگے۔ جن کی بدولت نعمتِ لقاء دیدار کی طاقت پیدا ہو جائیگی۔ پس وہاں ہمیشہ حق کو دولتِ دیدار میسر ہوگی۔ اور یہ لذت و سرور تمام نعمتوں سے اعلیٰ و ارفع ہے۔ فیرفع الحجاب فینظرون الی وجہ اللہ فما اعطو شیئاً احب الیھم من النظر الی ربھم ثم یحجب پھر حجاب اٹھا دیا جائیگا۔ تو مومن اللہ کا جلوہ دیکھینگے۔ پس ان کو جس قدر نعمتیں دی جائینگی۔ ان میں سے ان کو اپنے پروردگار کے دیدار سے بڑھکر کوئی چیز زیادہ مرغوب نہیں ہوگی (مشکوٰۃ)

بہشت کو باغ عشق کہنا تسمیۃ المسبب باسم السبب کی قبیل سے ہے۔ کیونکہ عشق الٰہی اور محبتِ حق بہشت میں داخل ہونے کا سبب ہوگی۔ فاضل ؎

گر صاحبِ عشق دوزخی خواہد بود
فردا بینی بہشت چیچو کفِ دست

**عاشقی زیں ہر دو حالت برتر ست
بے بہار و بے خزاں سبز و تر ست**

ترجمہ (کیونکہ) عاشقی ان دونوں حالتوں سے اعلیٰ ہے۔ وہ بہار و خزاں کے تعلق کے بغیر ہی سبز و شاداب ہے

مطلب عاشقی کا باغ یا بہشت جو عاشقانِ الٰہی کا مسکن ہوگا۔ سدا بہار ہے۔ جس میں خزاں و بہار کا تعاقب و تتابع ممکن نہیں۔ حافظ رح ؎

از دمِ صبح ازل تا آخر شام ابد
دوستی و مہر بر یک عہد و بر یک اتفاق بود

**دہ زکوٰۃِ روئے خود اے خوبرو
شرح جانِ شرحہ شرحہ باز گو**

ترجمہ اے (محبوب) خوبرو اپنے (پیارے) مکھڑے کی زکوٰۃ (کے طور پر جلوہ دکھا) دے۔ اور میری پارہ پارہ جان کے متعلق مفصل طور سے بیان کر (کہ کب اپنی مراد کو پہنچیگی)

مطلب اب پھر دریائے شوق متلاطم ہوتا ہے۔ اور غلبہ حال میں محبوبِ حقیقی کے دیدار کی ولولہ خیز خواہشات ظاہر فرماتے ہیں۔ کما قیل ؎ بر چہرۂ تو نقاب تا کے — بر چشمۂ خور سحاب تا کے

عراقی — در پردہ چند باشی بردار برقع از رُخ — تا روے تو نہ بینند یکدم امیدوارے

**کز کرشمہ غمزۂ غمّازۂ
بر دلم بنہاد داغِ تازۂ**

لغات غمزہ معشوق کا آنکھ سے اشارہ کرنا۔ غمّازہ سخن چین۔ چونکہ غمزہ معشوق کے حالت قلب کا پتہ دیتا اس لئے اس کو غماز یا غمازہ یعنی اس کے دل کی کیفیت کو ظاہر کرنیوالا کہتے ہیں۔ **ترکیب** آغاز شعر کا کاف یا تو بیانیہ ہے۔ جس کا مبیّن شعر سابق میں خوبرو ہے۔ یا تعلیلیہ ہے۔ اس لحاظ سے ترجمہ کا فرق ملاحظہ ہو:۔

ترجمہ (۱) (اے وہ محبوب) جس نے اپنے اشارہ چشم کے کرشمے سے جو دل کا حال ظاہر کر دیتا ہے۔ میرے دل پر تازہ داغ لگا دیا

(۲) (میں محبوب سے دیدار کی خواہش اس لئے کرتا ہوں) کہ اس نے اپنے غمزے کے کرشمے سے الخ **مطلب** حالت محویت میں جو کوئی تجلی ہوئی۔ تو اس سے آتش اشتیاق اور مشتعل ہو گئی۔ وہ تجلی کرشمہ ہے۔ اور زیادت شوق تازہ داغ ہے۔ عراقی رح ؎

تا سیر نیارد دید انظار کے رویش　　بگماشتہ از غمزہ بر گوشہ نگہانے

من حلالش کردم ار خونم بریخت　　من ہمے گفتم حلال او میگریخت

ترجمہ اگر وہ (محبوب) میرا خون بھی کر دے۔ تو میں اسے اس کی اجازت دیتا ہوں۔ مگر میں تو اجازت سے اجازت ہے۔ پکار تارہ گیا (اور) وہ چل دیا۔

مطلب اس کے دیدار کی تمنا ہے۔ اگرچہ اس کی تجلی کو برداشت کرنے کی تاب نہ ہو۔ اور جان جاتی رہے۔ کچھ پروا نہیں

امیر خسرو ؎ ایکہ بے خاک درت در دیدۂ من نور نیست　　گر مثل جاں میرود ترک تو ام مقدور نیست

عراقی ؎ چو با تو شاد نشیند زہست و نیست برخیزی　　چو از رخ پردہ برگیرد بہ پیشش شادماں میری

چوں گریزانی ز نالہ خاکیاں　　غم چہ ریزی بر دل غمناکیاں

ترجمہ (اے دلدار حقیقی) تو خاکساروں کی زاری سے گریز کیوں کرتا ہے۔ جو پہلے ہی غمناک ہیں۔ ان کے دل پر (حرمان دیدار کا) غم (مزید) کیوں ڈالتا ہے۔ حافظ رح ؎

اے خسرو خوباں نظرے سوے گدا کن　　رحمے بمن سوختۂ بے سروپا کن

ایکہ ہر صبحیکہ از مشرق بتافت　　ہمچو چشمہ مشرقت در جوش یافت

چہ بہانہ میدہی شیدات را　　اے بہانہ شکر لبہات را

لغات چشمہ مشرق مراد آفتاب۔ بہانہ مصرعہ ثانیہ میں نون نافیہ ہے۔ ترکیب پہلا شعر اور دوسرے شعر کا مصرعہ دوم ندا اور دوسرے شعر کا پہلا مصرعہ جواب ندا ہے۔ در جوش یافت کی ضمیر فاعلی صبح کی طرف عائد ہے۔

صنائع بہانہ بمعنی حیلہ و حجت اور بہانہ بمعنی بہائے نیست میں تجنیس تام مرکب۔

ترجمہ اے وہ کہ تجھے مشرق سے طلوع کرنیوالی ہر صبح نے (بھی) آفتاب کی طرح تاباں و درخشاں پایا اے وہ کہ جس کے لبوں کی شیرینی بے بہا ہے۔ تو اپنے عاشق کو ٹالتا کیوں ہے؟

اے جہان کہنہ را تو جان نو　　از تن بیجان و دل افغاں شنو

صنائع کہنہ و نو میں طباق ہے۔ جہان و جان میں تجنیس ناقص۔ تن۔ جان۔ دل۔ متناسبات ہیں۔

ترجمہ اے وہ کہ پرانے جہان کے لئے بمنزلہ نئی روح کے ہے۔ اس بیجان و دل جسم کی فریاد سن لے

مطلب جہاں کو کہنہ بلحاظ بوسیدہ و فرسودہ ہونے کے کہا ہے۔ کیونکہ وہ متغیر ہوتا رہتا ہے۔ جو اس کے حدوث کی دلیل ہے۔ کہنہ کے ایک معنی قدیم کے ہیں۔ وہ یہاں مراد نہیں۔ محبوب حقیقی کو جان تو اس لحاظ سے کہا ہے۔ کہ وہ الآن کما کان ہے۔ اور جہان کے لئے اس کا بمنزلہ جان ہونا اس اعتبار سے ہے۔ کہ وہ قیوم عالم ہے۔

شرح گل بگذار از بہر خدا شرح بلبل گو کہ شد از گل جدا

ترجمہ (اے دل) پھول کا حال تو رہنے دے۔ خدا کے لئے بلبل کا حال بیان کر۔ جو پھول سے جدا ہو گیا ہے۔

مطلب التماس طویل کے بعد حبیب رویت محبوب سے مایوسی ہوئی۔ تو اپنے آپ سے مخاطب ہو کر کہتے ہیں۔ کہ محبوب کے دیدار کے لئے انتہا شوق اور تکرار تمنا کا سلسلہ تو موقوف کرو۔ اب ذرا عاشق کی حالت کا نقشہ کھینچ کر دکھاؤ۔ صائب رح ؎

ماجرائے من و معشوق مرا پایاں نیست ہر چہ آغاز ندارد نپذیرد انجام

از غم و شادی نباشد جوش ما با خیال و وہم نبود ہوش ما

ترجمہ (چنانچہ ہم عاشق لوگوں کا حال یہ ہے کہ) غم و خوشی (کی تاثیر) سے ہمارا جوش نہیں ہے۔ ہمارا ہوش خیال و وہم (وغیرہ احساسات) کے ساتھ (وابستہ) نہیں ہے۔

مطلب ہوش سے علم اور جوش سے حال مراد ہے۔ مطلب یہ ہے۔ کہ ہمارے علم و حال کو عوام کے علم و حال پر قیاس نہ کرو۔ کیونکہ عوام کے اسباب علم تو صرف ذہن و ذکا (در منقولات) ہوتے ہیں۔ ہمارا علم جو ذات و صفات سے متعلق ہے اس کا سبب ایک اور قوت باطنہ ہے۔ جس کو عقل عالی یا قوت قدسیہ کہتے ہیں۔ اسی طرح عوام کی کیفیات قلبیہ کے اسباب زمانہ کے واقعات غم و شادی ہیں۔ اور ہماری کیفیات و حالات کے اسباب واردات غیبیہ ہیں۔ جو نسبت باطنی اور معیت حق کی بدولت قلب پر نازل ہوتے ہیں (کلیہ مثنوی)

حالت دیگر بود کاں نادرست تو مشو منکر کہ حق بس قادرست

ترکیب آں جوش و ہوش ما مبتدا مقدر ہے۔ حالت دیگر الخ اس کی خبر ہے۔

ترجمہ (وہ ہمارا جوش و ہوش) ایک اور ہی حالت ہے۔ جو (کسی کو شاذ و) نادر (ہی میسر ہوتی) ہے تم اس کے منکر نہ ہو۔ کیونکہ خداوند تعالیٰ بڑا قادر ہے۔

مطلب بزرگوں کے حالات و واردات کا منکر وہی ہوتا ہے۔ جو خود اس دولت سے بہرہ یاب نہ ہو۔ لقول القائل ؎ اَعْدَاءُ آلِ نَبِیَّا جَهَلُوْا۔ اس لئے فرماتے ہیں۔ کہ چونکہ وہ حالت نادر الوجود ہے۔ اس لئے بعید نہیں کہ ایک کو حاصل ہو۔ اور دوسرے کو نہ ہو۔ کیونکہ خداوند تعالیٰ ایسا کرنے پر قادر ہے۔ اسلام کے فرق ظاہر پر خصوصاً ہمارے ملک کے غیر مقلدین کا مقامات طریقت سے منکر ہونا اور بزرگان دین کے حق میں بدگمانی سے کام لینا اسی قسم کی جہالت پر مبنی ہے۔ کما قیل ؎

لطف ہے تجھ سے کیا کہوں زاہد ہائے کم بخت تو نے پی ہی نہیں۔

مثنوی ہے عشق حق را ہوس شناسد زاہد تاق شناس چوں رسد در دیگرے ہر کس کہ از خود وا ماند

تو قیاس از حالتِ انساں مکن منزل اندر جور و در احساں مکن

ترجمہ تم (عاشق حق کی حالت کو) انسان (یعنی شاہد مجازی کے عاشق) کی حالت پر قیاس نہ کرو۔ (اور ظلم واحسان پر (جو انسانی بغض ومحبت کے اسباب ہیں قیاس کئے ہوئے) نہ بیٹھے رہو۔

مطلب عشق مجازی صرف شاہدانِ مجاز کے زلف و رخسار کے دیکھنے اور ان کے بوس وکنار وغیرہ امور حسیہ سے متعلق ہوتا ہے۔ اور اس عشق کی لذت والم ان کے قہر وغضب پر موقوف ہے۔ بخلاف اس کے عشق حقیقی اور اس کے تاثرات کی بنا محض ذوق ووجدان پر ہے۔ لہذا اس کو اس پر قیاس نہیں کر سکتے۔ اس کو اس سے کیا نسبت۔ جامی رح ؎

چہ باشد بر حقیقت چشم بازم بہ افتد ترک سودائے مجازم

جور و احساں رنج و شادی حادث است حادثاں میرند و حق شاں وارث است

ترجمہ (محبوب مجازی کا ظلم واحسان اور (عاشق مجازی کا) رنج وراحت (سب) حادث (یعنی غیر قدیم) ہیں۔ حادث اشیا فنا ہو جاتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کا وارث ہے۔

مطلب یہ اس امر کی دلیل ہے۔ کہ عشق حقیقی کو عشق مجازی پر قیاس نہیں کر سکتے۔ کیونکہ عشق حقیقی قدیم ہے۔ اس لئے وہ ظلم واحسان وغیرہ اسباب حادثہ سے معلل نہیں ہو سکتا۔ تجلیات عشق مجازی (یعنی عشق انسان کے کہ انسان خود بھی حادث ہے اور اس کی محبت بھی حادث ہے۔ اور وہ اسباب حادثہ سے معلل بھی ہے (مکاشفات) دوسرے مصرعہ میں اس آیت کی طرف تلمیح ہے۔ اِنَّا نَحْنُ نُحْیٖ وَ نُمِیْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ۝ ہم ہی زندہ کرتے اور مارتے ہیں۔ اور ہم ہی وارث ہیں۔ مطلب یہ کہ تمام مخلوق کے فنا ہو جانے کے بعد حق تعالیٰ ہی موجود ہوگا۔

صبح شد اے صبح را پشت و پناہ عذر مخدومی حسام الدین بخواہ

ترجمہ اے (عشق) جو (ظہور تجلیات کی) صبح کی پشت پناہ ہے۔ مشاہد انوار میں سحر ہو گئی۔ (اور مثنوی کے لکھنے کا کام بند رہا۔ اس تاخیر کا رکے لئے میرے مخدوم حسام الدین سے عذر خواہی کرو۔

مطلب حضرت حسام الدین مولانا رح کے مرید خاص اور مثنوی شریف کی تصنیف کے محرک اول اور اس کے لکھنے پر متعین تھے۔ مگر مولانا رح غایت محبت اور کمال الفت کی وجہ سے ان کا ذکر ایسے موقع الفاظ سے کیا کرتے ہیں جس سے ایک ناواقف کو شبہ ہوتا ہے۔ کہ وہ مولانا سے برتر درجہ رکھتے ہوں گے (دیکھو دیباچہ میں ذکر حضرت حسام الدین چلپی) شاید مشاہد انوار میں استغراق وبیخودی کی وجہ سے مثنوی شریف کے لکھنے میں تاخیر واقع ہوئی ہوگی۔ تو ضروری ہوگا۔ کہ حضرت حسام الدین سے اس تاخیر کے متعلق عذر خواہی کی جائے۔ مگر ان کی تعظیم کے لحاظ سے مولانا یہ فرض حضرت عشق کے سپرد فرماتے ہیں۔ پہلے کلمہ صبح سے یعنی تمہارا مرجع یعنی سحر یگاہ مراد ہیں۔ دوسرے کلمہ صبح سے ظہور تجلیات اور رفع ظلمت شبہات مقصود ہے۔ جس کی تصریح آگے تیسرے شعر میں آئیگی۔ اور عشق کو اس کی پشت وپناہ اس اعتبار سے کہا ہے۔ کہ اس کی بدولت تجلیات کا ظہور اور شبہات کا ازالہ

ہوتا ہے۔ یہ توجیہ صاحب کشاف کی تصریحات سے اخذ کی گئی ہے۔ بعض شارحین نے "اے صبح را پشت و پناہ" میں حق سبحانہ سے خطاب قرار دیا ہے۔ مگر اس میں ان کو یہ مشکل پیش آئی۔ کہ پھر حضرت حسام الدین سے عذر خواہی کرنے کے کیا معنی ہیں۔ کیا معاذ اللہ حق تعالیٰ حسام الدین سے عذر خواہی کرے تو یہ تو یہ! لہٰذا انہوں نے دوسرے مصرعہ کا ترجمہ یوں کیا ہے "مخدومی حسام الدین کا عذر قبول فرمایئے" اس توجیہ میں تین نقص ہیں۔ ایک تو یہ کہ تحریر مثنوی میں تاخیر تو ہوئی مولانا سے۔ اور عذر کریں حسام الدین۔ اس کے کیا معنی؟ دوسرے عذر اس کے سامنے پیش کیا جاتا ہے جس کی طرف سے تقاضا ہو۔ اور ظاہر ہے کہ تحریر مثنوی کا تقاضا حضرت حسام الدین کی طرف سے تھا (دیکھو دیباچہ) نہ کہ حق سبحانہ کی طرف سے۔ پھر اس سے عذر کرنے کی کیا وجہ؟ تیسرے عذر خواستن کے معنی عذر خواہی کرنا یا عذر پیش کرنا متعارف ہیں۔ مگر اس توجیہ کے لحاظ سے اس کے معنی عذر پذیرفتن یا عذر قبول فرمانا تسلیم کرنے پڑتے ہیں۔ جو محاورہ و لغت کے خلاف ہیں۔

عُذر خواہِ عقلِ کُل و جانِ تُوئی جانِ جان و تابشِ مرجانِ تُوئی

ترجمہ (کیونکہ اس) عقل کل اور جان سے عذر خواہی کرنے والا تو ہی ہے۔ (اس) جان کی جان اور (اس) مرجان کی چمک تو ہی ہے۔

مطلب عشق سے خطاب چلا آرہا ہے۔ عقل کل اور جان اور مرجان سے مراد حسام الدین ہیں۔ یعنی اے عشق تو ہی ان کی روح و رواں ہے۔ اور ان کی ساری باطنی نورانیت تیری ہی بدولت ہے۔ تجھی کو لازم ہے۔ کہ ان سے عذر خواہی کرے۔

تافت نورِ صُبحِ ما از نُورِ تو در صَبُوحی بادۂ مَنصُورِ تو

لغات صبح ما ظہور تجلیات اور کشف اسرار کے لئے استعارہ ہے۔ جس کے لئے اضافت کی تخصیص قرینہ ہے۔ صبوحی صبح کی مے نوشی۔ منصور جسکو مدد و نصرت حاصل ہو۔

ترجمہ (اے عشق) تیری صبح کی شراب پیتے پیتے جس کو (روحانی نشہ و سرور کی) مدد حاصل ہے تیرے نور سے ہماری (ظہور تجلیات کی) صبح روشن ہوگئی۔

مطلب یہ شعر تفسیر ہے اوپر کے تیسرے شعر کے اس لفظ کی کہ "اے صبح را پشت و پناہ" وہاں عشق کو صبح تجلیات کی پشت پناہ کہا تھا۔ یہاں اس کا ظہور تجلیات کے لئے خاص محرک ہونا بطور واقعہ بیان فرماتے ہیں۔

دادۂ حق چُوں حُمَیّیں دارد مرا بادہ کہ بود تا طرب آرد مرا

ترجمہ جب (یہ) خدا داد (نشہ) مجھے ایسا (مست و مسرور) رکھتا ہے۔ تو (انگور کشمش کی شراب کی کیا حقیقت ہے۔ جو مجھے سرور بخشے۔

مطلب اوپر صبوحی یعنی صبح کی مے نوشی کا ارادہ مستی عشق کے لئے بطور استعارہ ہوا تھا۔ اب بطور رفع اشتباہ یا بطریق تحدیث نعمت ظاہری شراب کی تحقیر اور مستی عشق کی تعریف فرماتے ہیں۔ جو صبوحی سے مراد

تھی ۔ نظامی رح ؎

مرا ساقی از وعدۂ ایزدی ست — صبوح از خرابی مے از بیخودی ست
مئے کو چو آبِ زلال آمدہ است — بہر چار مذہب حلال آمدہ است
مئے کاصلِ مذہب بدوشد تمام — نہ آں مئے کہ آمد بمذہب حرام

بادہ در جوشش گدای جوشِ ماست — چرخ در گردش گدای ہوشِ ماست

لغات ۔ گدا دریوزہ گر۔ محتاج ۔ جوش مستی ۔ ہوش سے وجد و حال ۔ اور لذت روحانی کا احساس مراد ہے

ترجمہ (ظاہری) شراب نشے میں ہمارے نشہ روحانی کے آگے مائد ہے۔ آسمان گردش کرنے میں ہمارے وجد و حال کے آگے ہیچ ہے ۔

مطلب ۔ کسی چیز کا سائل و گدا ہونا اس چیز سے تہی دست ہونا ظاہر کرتا ہے۔ لہذا یہاں گدا سے ناقص و نہیدست مراد ہے ۔ یعنی شراب کا نشہ اور فلک کی گردش فانی چیزیں ہیں ۔ اس لئے ہمارے نشے اور وجد کے آگے ناقص و ناچیز ہیں ۔ چو باقی و ابدی ہے ۔ حافظ رح ؎

سرِ مستی بر نگیرد تا بصبح روزِ حشر — ہر کہ چوں من در ازل یک جرعۂ زد جام دوست

بادہ از ما مست شد نے ما ازو — عالم از ما ہست شد نے ما ازو

لغات عالم سے مراد کائنات و دنیا از یہاں سببیت کے لئے آیا ہے ۔

ترجمہ شراب (ظاہری) ہم سے مست ہے ۔ نہ کہ ہم اس سے مست ہیں اور) کائنات (ماورائے انسان) ہماری وجہ سے پیدا کی گئی ہے ۔ نہ کہ ہم اس کی وجہ سے (پیدا ہوئے ہیں)

مطلب ۔ اوپر اپنے عشق کو نشہ شراب سے برتر فرمایا تھا ۔ اب اس تعریف سے کہتے ہیں ۔ کہ ایک شراب کیا ۔ بلکہ ہم تمام کائنات سے افضل ہیں ۔ شراب کا مسکر و مسرت بخش ہونا انسان کا محتاج ہے ۔ ورنہ گدھے کتے اونٹ بیل اس کی کیا قدر کرتے ۔ اور تجرد مجرد پر اس کا کیا اثر ہوتا ۔ بخلاف اس کے انسان شراب کا محتاج نہیں ہے ۔ اسیطرح انسان کے سوا باقی تمام مخلوقات انسان کے فائدے کے لئے پیدا کی گئی ہے ۔ نہ کہ انسان کو اس کے فائدے کے لئے بنایا گیا ہے ۔ سعدی رح ؎

ابر و باد و مہ و خورشید و فلک در کارند — تا تو نانے بکف آری و بغفلت نخوری

ما چو زنبوریم و قالب ہا چو موم — خانہ خانہ کردہ قالب را چو موم

لغات زنبور شہد کی مکھی ۔ قالب ۔ اجسام ۔ ادات ۔ قالب بفتح لام ہے ۔

ترجمہ ہماری مثال شہد کی مکھی کی سی ہے ۔ اور اجسام بمنزلہ موم کے ہیں (ہماری روح) جسم (یعنی اپنا تصرف اس طرح کرتی ہے ۔ گویا اس) کو موم کی طرح خانہ خانہ بنا رکھا ہے ۔

مطلب یا تو قالبہائے ماورائے انسان دیگر حیوانات و نباتات و جمادات مراد ہیں ۔ اور خانہ خانہ کردن سے یہ مقصود ہے ۔ کہ انسان ان اشیاء پر اپنے انتفاع کے لئے پورا تصرف رکھتا ہے ۔ اور یہ شعر سابقہ مضمون کی تائید ہے ۔

یا یہ مطلب ہے کہ اوپر انسان کی فضیلت ماورائے انسان پر ثابت فرمائی تھی۔ اب خود انسان کے اندر اس کی روح کو جسم پر تفضیل دیتے ہیں۔ یعنی روح بمنزلہ شہد کی مکھی کے ہے۔ اور اس کا جسم بمنزلہ موم کے ہے۔ جو اس کے تابع اور زیر تصرف ہے۔ حتی کہ جسم کا ایک ایک رونگٹا اور ایک ایک مسام تک روح کی تسخیر و تسلط میں ہے۔

سوال ایک ہندو کہہ سکتا ہے۔ کہ مثنوی کے اس شعر سے تناسخ کا ثبوت ہو سکتا ہے یعنی ہماری ارواح کی مثال شہد کی مکھی کی سی ہے۔ اور اجسام بمنزلہ خانہائے موم کے ہیں۔ جس طرح ایک مکھی ایک خانہ سے نکلتی اور دوسرے میں داخل ہوتی ہے۔ اسیطرح روح ایک جسم کو چھوڑتی اور دوسرے میں حلول کرتی رہتی ہے۔ اس کا کیا جواب؟

جواب اول تو شعر کا تمثیلی مضمون ہی تناسخ پر صادق نہیں آتا۔ تناسخ میں ایک روح کے لئے بہت سے جداگانہ اجسام درکار ہیں۔ بخلاف اس کے یہاں مثال کا صرف ایک چھتہ ہے۔ جس میں بہت سی مکھیاں متعاقب آتی جاتی رہتی ہیں۔ اگرچہ چھتے میں بہت سے خانے ہیں۔ مگر وہ ایک دوسرے سے اس طرح منفک و متمیز نہیں ہیں۔ جیسے مختلف اجسام ہونے چاہئیں۔ لہذا اس مثال سے تناسخ ثابت نہیں ہو سکتا۔ دوسرے شعر کے الفاظ بھی صریح طور پر تو جیہہ کی تائید نہیں کرتے۔ تناسخ چاہتے ہیں۔ کہ ایک روح کا تصرف بہت سے قالبوں پر ہو۔ مگر یہاں مصرعہ ثانی میں صرف ایک قالب ہے۔ جس کا صرف یہی مطلب ہو سکتا ہے کہ ایک روح نے ایک ہی قالب کو خانہ خانہ بنا رکھا ہے۔ یعنی اس کے مسام مسام پر اپنا قبضہ جما رکھا ہے۔ تیسرے یہ توجیہہ بمنزلہ توجیہ القول بما لا یرضی بہ قائلہ کے ہے۔ یعنی کسی قول سے ایسے معنی اخذ کرنا جو خود صاحب قول کے نزدیک قابل تسلیم ہوں۔ اگر بفرض محال اس شعر کے معنی توڑ مروڑ کر تناسخ کے ڈھانچے پر ٹھیک لے بھی آئیں۔ تو تاوقتیکہ دوسرے قرائن بینہ سے یہ ثابت نہ ہو جائے۔ کہ مولانا رح (معاذ اللہ) اس عقیدہ باطلہ کے قائل تھے تو ایسی توجیہ سے صرف ایک فضول دل لگی کے سوا اور کیا فائدہ ہے۔

ایسی توجیہات سخیفہ اور تاویلات رکیکہ کی وہی مثال ہے۔ جیسے کوئی عجیب الدماغ پنجابی استاد اپنے شاگرد کو بوستان پڑھاتا تھا۔ جب یہ شعر آیا۔ کہ:-

سکندر بدیوار روئین و سنگ بگذار جہاں راہ یاجوج تنگ[1]

تو اس نے روئیں کے نون کو سنگ سے وصل کر کے اس کا ترجمہ یوں کیا۔ کہ "سکندر اوپر دیوار کے روتا تھا سنگ" سنگ بمعنی بے تحاشا پنجابی لفظ ہے۔ یا جیسے ایک استاد نے جب یہ شعر اپنے شاگرد کو پڑھایا کہ:-

یکے آہنیں پنجہ در اردہیل ہمے بگذارانید بیلک ز بیل[2]

تو اس کا ترجمہ یوں کیا ایک آہنیں پنجے والا اردہیل ہیں چھوٹے بیل کو بڑے بیل میں سے گزار دیتا تھا۔

مثنوی کے مذکورہ بالا شعر سے تو تناسخ کی توجیہ ایک نہایت خام و مستبعد احتمال پر ہوتی ہے۔ اگر بالفرض کسی عبارت سے کوئی ایسا مطلب بلا تکلف و تکشم بھی نکلتا ہو۔ جو مولانا رح کے مسلمہ عوام و مقبول خواص مسلک مذہب کے خلاف ہو۔ تو اس عبارت کو حقیقی معنی پر محمول کرنے کی بجائے اس کی تاویل کرنی اقرب الی الصواب بلکہ واجب ہوگی۔ کیونکہ ممکن ہے کہ قائل نے اپنے کلام میں مجاز یا استعارہ یا رمز و کنایہ سے کام لیا ہو۔ اور ان الفاظ کے ظاہری معنی اس کی مراد نہ ہوں۔ یا اتفاقاً اس کا کلام ایسے انداز پر واقع ہو گیا ہو جس سے ایک معنی غیر مراد مترشح ہو سکتے ہوں۔ جو ہر کتاب کی ہر عبارت میں ممکن ہے۔ لیکن یہ بات عادۃً محال ہے۔ کہ کوئی مقبول انام اور محترم خلائق بزرگ اپنی تصنیف

[1] سکندر نے کانسی اور پتھر کی دیوار بنا کر یاجوج ماجوج کا راستہ دنیا سے بند کر دیا [2] ایک شہزور جوارد بیل کے علاقہ میں تھا۔ جب زور چلاتا تو لوہے کے پھاوڑے سے پار نکال دیتا۔

میں کسی ایسی بات کا قائل ہو جائے۔ جو صریحاً اس کے مذہب و مشرب کے خلاف اور اس کے اصول دین کو درہم برہم کر دینے والی ہو۔ اس کی ایک مثال یہ ہے۔ کہ حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمۃ نے اپنی کتاب بوستان کے قصہ سومنات میں ایک شعر لکھا ہے۔

عبادت بتقلید گمراہی است　　خنک رہروے را کہ آگاہی ست

اور تقلید کے کلمے سے عموماً اصطلاحی تقلید یعنی مسائل دین میں صرف ایک امام مجتہد مطلق کا اتباع کرنا مفہوم ہوتا ہے اب اگر کوئی غیر مقلد اپنے مذہب کی تائید میں اس شعر کو پیش کر کے کہے کہ دیکھو شیخ سعدی رح بھی تقلید امام کو موجب ضلالت قرار دیتے ہیں۔ تو کیا اس کا یہ قول قابل تسلیم ہوگا؟ ہرگز نہیں۔ اگرچہ خود سومنات کا قصہ ایک زبردست قرینہ[1] اس بات کا ہے۔ کہ یہاں تقلید امام کا ذکر نہیں۔ بلکہ بت پرستی کی کھیڑ چال مراد ہے۔ جس میں بت پرست کفار عقل سلیم اور فطرت مستقیم کے خلاف مبتلا ہیں۔ مگر سب سے زیادہ اہم یہ امر ہے۔ کہ ہم کو شیخ سعدی کے مذہب و مسلک کو دیکھنا چاہیئے۔ جب ان کا مقلد و صوفی ہونا صاف ظاہر و ثابت و مبرہن ہے۔ تو پھر اس شعر کو تقلید امام کی مخالفت پر محمول کرنا کمال نادانی ہوگی۔

غرض جب ایک شہرہ آفاق مصنف کا قول اس کے صریح مذہب کے خلاف واقع ہو۔ تو اس کے متعلق دو ہی احتمال ہو سکتے ہیں۔ یا تو یہ کہ اس کے کلام کا مطلب کچھ اور ہے۔ یا یہ کہ اس نے عمداً اپنے مذہب کے خلاف روش اختیار کی ہے۔ تو ایسی صورت میں پہلا احتمال اقرب الی الصواب ہوتا ہے۔ اور دوسرا نہایت بعید۔

بعض شیعی مناظرین اور ہندو مصنفین کو ہم جانتے ہیں۔ جو اپنے اپنے مذہب کی تائید میں مثنوی کے بعض اشعار سے استشہاد کیا کرتے ہیں۔ مگر افسوس کہ ان کو اتنی عقل نہیں۔ کہ جب حضرت مولانا روم قدس سرہ کا حقیقی معنی میں ملت اسلام کا ایک فرد فرید اور مذہباً سنی اور مقلد و حنفی اور مشرباً عارف و صوفی ہونا کالشمس فی النہار ثابت ہے۔ اور ان کا تمام آخر عمر اس مسلک پر قائم و مستقیم رہنا کافہ خلق کے نزدیک مشہور و متعارف ہے۔ تو پھر کسی ہندو، یہودی، عیسائی۔ رافضی و خارجی، وہابی، ظاہری، قادیانی، چکڑالوی وغیرہ کا یہ دعویٰ کرنا کہ مولانا اپنے فلاں شعر میں ہمارے مذہب کی تائید کرتے ہیں۔ ایک طرح کی دل لگی یا سخن نافہمی کے سوا اور کچھ نہیں۔ یہی جواب مثنوی شریف کے ان تمام اشعار کے متعلق کافی ہے۔ جن پر اس قسم کے سوالات عائد ہو سکتے ہیں۔ فتبصر و استفہم۔

بس دراز ست ایں حدیث ایخواجہ گو　　تا چہ شد احوال آں مرد نکو

ترجمہ حضرت! یہ بحث تو بڑی طویل ہے (اب یہ) بیان کرو۔ کہ اس مرد نیک (یعنی سوداگر) کا کیا حال ہوا

رجوع بحکایت خواجہ تاجر

خواجہ تاجر کی حکایت کی طرف رجوع

---

[1] ایک قرینہ اس حکایت کا یہ ہے۔ کہ جب شیخ سعدی رح نے بتخانہ کا راز معلوم کرنے کی غرض سے برہمنی بھیس بدلا۔ تو اپنے اس سوانگ اور بناوٹ اور نقل و محاکات کو تقلید کے لفظ سے تعبیر کیا ہے۔

بہ تقلید کافر شدم روز چند　　برہمن شدم در مقالات چند

جس سے ظاہر ہے۔ کہ تقلید کا لفظ اس حکایت میں کن معنوں میں استعمال ہو رہا ہے۔

خواجہ اندر آتش و دردِ حنیں صد پراگندہ ہمیگفت ایں چنیں

لغات حنیں حا کے فتحہ اور نون کے کسرہ سے گریہ وزاری پراگندہ پریشاں باتیں صفت ہے جس کا موصوف مقدر ہے **ترجمہ** (وہ) سودا گر اس طرح (غم کی) آگ اور درد و نالہ میں سینکڑوں بے سروپا باتیں کہہ رہا تھا۔

گہ تناقض گاہ ناز و گہ نیاز گاہ سودائے حقیقت گہ مجاز

لغات ۔ سودا ۔ جنون ۔ دیوانگی ۔ عشق ۔ **ترجمہ** (اسکی پراگندہ گوئی کا یہ عالم تھا ۔ کہ) کبھی متناقض باتیں (کرتا تھا) کبھی ناز (دکھاتا تھا) کبھی نیاز (سے سر جھکاتا تھا) کبھی سچ مچ کی دیوانگی (ظاہر کرتا تھا) کبھی بہ تکلف ۔

مطلب اگر سودا سے عشق مراد ہو ۔ تو دوسرے مصرعہ کا ترجمہ یوں ہوگا ۔ کہ کبھی عشق حقیقی (سے مناسب باتیں کرتا تھا) کبھی عشق مجازی (کی باتیں)

مردِ غرقہ گشتہ جانے میکند دست را در ہر گیاہے میزند

ترجمہ (خواجہ کا حال یہ تھا ۔ گویا) ڈوبتا آدمی (جان توڑتا ہے (اور بچنے کے لئے) ہر گھاس پر ہاتھ مارتا ہے ۔

مطلب یہ شعر (۱) عربی مقولہ کا ترجمہ ہے کہ الغریق یتشبث بالحشیش جیسے کہ اردو میں کہتے ہیں کہ ڈوبتے کو تنکے کا سہارا

تا کدامیں دست گیرد در خطر دست و پائے میزند از بیم سر

لغات کدامین کوئی شخص بیم سر جان کا خوف ۔ چونکہ انسان کا قتل عموماً قطع سر کے ساتھ متعارف ہے ۔ اس لئے مطلق خوفِ جان کو بیم سر کہدیا جیسے کہ جدید عربی زبان میں خودکشی کے لئے لفظ انتحار بولا جاتا ہے ۔ حالانکہ اس کے لغوی معنی اپنے بالائے سینہ میں کوئی حربہ مارنے کے ہیں ۔ مگر چونکہ اکثر خودکشی کرنے والے چھری ۔ خنجر ۔ چاقو ۔ استرہ وغیرہ ۔ سے اسی طرح اپنا کام تمام کرتے ہیں ۔ اس لئے ہر خودکشی کرنے والے کا فعل انتحار سے تعبیر کیا جاتا ہے ۔ خواہ وہ زہر کھا کر مرے یا پستول کے فیر سے یا ڈوب کر ۔ **ترکیب** تا کدامین الخ علت مقدم اور دست و پائے الخ معلول مؤخر ہے ۔

ترجمہ وہ جان کے خوف سے ہاتھ پاؤں مارتا ہے ۔ تاکہ کوئی (راہ گیر) اس خطرے میں اس کی دستگیری کرے ۔

دوست دارد دوست ایں آشفتگی کوشش بیہودہ بہ از خفتگی

ترجمہ (اگرچہ اس) مہربان (حقیقی کے حکم پر ثمرہ کوشش موقوف ہے تاہم وہ) اس (قسم کی متردد انہ) پریشانی کو پسند کرتا ہے ۔ (کیونکہ) خوابِ غفلت (سے سعی بے ثمر ہی بھلی ۔

مطلب اس میں انتقال ہے ۔ آشفتگی ظاہری سے آشفتگی باطنی کی طرف جو مطلوب حقیقی کی طلب میں ہو فرماتے ہیں کہ اگر سعی سے کوئی ثمرہ و فائدہ حاصل نہ ہو ۔ تو کم از کم جفاکشی ۔ ہمت و عزم صبر و استقلال وغیرہ روحانی طاقتوں کو ترقی اور جسمانی سعی میں ورزش جسم تو ہوتی ہے یہ فوائد تو ثمرات عاجلہ ہیں ۔ اور اگر فرد کو منظور ہوا ۔ تو شاید اصل مقصود بھی کبھی اجلا میسر ہو جائے ۔ سعدیؒ ؎

طلبگار باید صبور و حمول کہ نشنیدہ ام کیمیا گر ملول

چہ زر ہا بخاکِ سیہ در کند کہ باشد کہ روزے بمسے زر کند

آنکہ او شاہست او بیکار نیست ۔۔۔ نالہ از وے طرفہ کو بیمار نیست

ترجمہ (دیکھو) وہ (ذات پاک) جو شہنشاہ (حقیقی) ہے۔ وہ (بھی) بیکار نہیں۔ اس شخص کی زاری بھی عجیب بات ہے جو بیمار نہیں ہے۔

مطلب بادشاہ جو تمام حاجات وضروریات سے مستغنی اور مختار کل ہوتا ہے۔ وہ بڑی حد تک اپنے خدم وحشم کے سپرد سعی ومحنت سے فارغ ہوتا ہے۔ پھر وہ شہنشاہ حقیقی تو سب سے زیادہ مستغنی ہے۔ مگر عمل وشغل کی فضیلت دیکھو کہ وہ بھی اپنے مخصص افعال خلق ورزق احیاء وامانت وغیرہ دھندوں میں لگا ہی رہتا ہے۔ دوسرا مصرعہ اس مضمون کی تمثیل میں ہے یعنی جو شخص محنت کا محتاج نہیں اور اس پر مجبور نہیں۔ پھر اس کا مصروف محنت رہنا محل تعجب ہے۔

بہر ایں فرمود رحمٰن اے پسر ۔۔۔ کُلَّ یَوْمٍ ھُوَ فِیْ شَانٍ اے پسر

صنائع رحمٰن اللہ تعالیٰ کا اسم ہے۔ مگر اس میں سورۂ رحمٰن کی طرف بھی اشارہ ہے جس میں یہ آیت ہے۔

ترجمہ بیٹا! اسی لئے (اس) مہربان حقیقی نے (سورہ رحمٰن میں) آیہ کل یوم الخ فرمائی ہے۔ یعنی وہ ہر وقت کسی نہ کسی کام میں ہے۔

مطلب یوم سے عام ظرف زمان یعنی وقت وحین مراد ہے۔ یعنی وہ ہر وقت مختلف امور کا احداث اور احوال کی تجدید کرتا رہتا ہے۔ روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی تو کسی نے عرض کیا۔ شان سے کیا مراد ہے۔ آپ نے فرمایا اس کی شان یہ ہے کہ کسی گناہ کو معاف کرتا ہے۔ کسی مشکل کو دور کر دیتا ہے۔ کسی قوم کو عروج بخشتا ہے۔ کسی کو نزول میں گراتا ہے۔ کہتے ہیں۔ کہ یہ آیت یہود کی تردید میں نازل ہوئی ہے۔ جو کہتے تھے۔ کہ یوم السبت (ہفتہ کے روز) اللہ تعالیٰ کوئی کام نہیں کرتا۔ عبداللہ ابن طاہر نے حسین ابن فضل کو بلا کر پوچھا۔ تین آیات کے مطلب میں مجھے شبہ ہے (جن میں سے ایک یہ آیت تھی کہ) کل یوم ھو فی شان حالانکہ ان القلم جف بما ھو کائن الی یوم القیٰمۃ بھی صحیح ہے یعنی قیامت تک جو کچھ ہونا ہے۔ وہ لکھا جا چکا ہے۔ پھر ہر روز نئی سے نئی شان یا نئے سے نئے کام کے کیا معنی ہونگے۔ حسین ابن فضل نے کہا فانہا شؤن یبدیہا لا شؤن یبتدیہا یعنی وہ کام ایسے ہیں۔ جن کو اللہ تعالیٰ ظہور میں لاتا ہے۔ نہ یہ کہ ان کو از سر نو بناتا ہے۔ (مدارک التنزیل)

اندریں رہ مے تراش ومے خراش ۔۔۔ تادمِ آخر دمے فارغ مباش

لغات مے تراش ومے خراش امر کے صیغے ہیں۔ تراشیدن وخراشیدن سے مراد سعی وکوشش۔ محنت ومشقت۔ کانٹ چھانٹ۔ ہاتھ پاؤں ہلانا۔

ترجمہ (پس تم بھی) اس راہ طریقت میں کانٹ چھانٹ کرتے رہو۔ آخری دم تک دم بھر کیلئے بھی بیکار نہ رہو۔ حافظ ؎

در مذہب طریقت خای نشان کفرست ۔۔۔ اے طریق رندان چالاکی ست وچستی

تادمِ آخر دمے آخر بود ۔۔۔ کہ عنایت با تو صاحب سر بود

لغات آخر خا کے کسرہ سے پہلا آخر یعنی پچھلا مراد وقت موت دوسرا آخر بمعنی لامحالہ۔ یقیناً۔ بہرکیف۔

ترکیب تا حرف جار دم آخر کو جر دیتا ہے۔ اور دم آخر کی غایت کے لئے ہے۔ تعلیل نہیں کما یتبادر دمے مبہم۔ دوسرا مصرعہ بیان جس میں دیو مقدر ہے۔

ترجمہ (امید ہے کہ) آخری دم تک کوئی نہ کوئی ساعت ایسی ضرور میسر ہو گی کہ (جس میں) عنایت (خداوندی) تمہاری ہمراز (اور رفیق حال) بن جائے گی۔ صائب رح ؎

عرق سعی محال ست کہ گوہر نشود　　میرسد ذرہ بخورشید بلند آخر کار

ہر کہ میکوشید گر مرد و زن ست　　گوش و چشم شاہ جاں بر روزن ست

ترجمہ مرد ہو یا عورت، (غرض) کوئی ہو۔ جو کوئی کوشش کرتا ہے۔ (اس) مالک جان کے کان اور آنکھیں (اس کے) جھروکے پر لگی ہیں (کبھی نہ کبھی وہ محنت کا صلہ ضرور دیتا ہے)

مطلب یہ مضمون اس آیت سے مقتبس ہے۔ انی لا اضیع عمل عامل منکم من ذکر او انثی یعنی تم میں سے کسی مرد یا عورت کے عمل کو میں ضائع نہیں کرتا۔ غرض سعی و کوشش رائگاں نہیں جاتی۔ کما قیل

ہر چیز کہ دل بداں گراید　　گر جملہ کنی بدست آید

؎ چوں باد صبحگاہی منشیں زپائے صائب　　باشد کہ برگ سبزے زیں بوستاں بیابی

ایں سخن پایاں ندارد اے عمو　　قصۂ طوطی و خواجہ باز گو

ترجمہ میاں! اس بات کا کہیں خاتمہ نہیں۔ تم طوطی و تاجر کا قصہ بیان کرو۔

الخلاف یہ شعر ہمارے نسخے میں درج نہیں۔

بیروں انداختن مرد تاجر طوطی را از قفس و پریدن آں

تاجر کا طوطے کو مردہ سمجھ کر پنجرے سے باہر پھینکنا۔ اور اس کا پھر سے اڑ جانا۔

بعد از انش از قفس بیروں فگند　　طوطیک پرید تا شاخ بلند

ترجمہ اس کے بعد تاجر نے اس کو پنجرے سے نکال پھینکا۔ غریب طوطا (پنجرے سے نجات پاتے ہی) اڑ کر ایک اونچی ٹہنی پر جا بیٹھا۔

طوطی مردہ چناں پرواز کرد　　کافتاب از شرق ترکی تاز کرد

لغات ترکی تاز اصل میں ترکتاز ہے۔ ترکوں کی طرح لوٹ مار کرنا۔ چونکہ ترکان قدیم اور موجودہ زمانے کے بعض غیر متمدن ترک قبائل اس وصف میں شہرۂ آفاق ہیں۔ اس لئے سخت لوٹ مار کو ترکتاز کہتے ہیں۔ ترک کو یائے نسبت کے اضافہ سے ترکی بھی کہہ سکتے ہیں۔ نیز بتقاضائے وزن شعر ترک سے ترکی کہہ دیا۔

ترجمہ وہ مردہ (نما) طوطا اس طرح (پھرتی سے) اڑا جیسے آفتاب مشرق سے لاکھوں میل کی دوری طے کر جاتا ہے۔

خواجہ حیراں گشت اندر کارِ مرغ بیخبر ناگہ بدید اسرارِ مرغ

ترجمہ تاجر پرندے کی اس حرکت سے ہکا بکا رہ گیا (جب) اس نے اچانک بیخبری میں پرندے کے اسرار (مکر و فریب) معلوم کئے۔

روے بالا کرد و گفت آغاز لیب از بیانِ حالِ خود ماں دہ نصیب

ترجمہ (شاخ درخت کی طرف) منہ اوپر اٹھا کر کہنے لگا۔ اے بلبل (کے سے خوشنما پرندے) ہم کو اپنے حال کے اظہار سے بہرہ یاب کر۔

اُو چہ کرد آنجا کہ تو آموختی چشم ما از مکر خود بر دوختی

ترجمہ (کہ) اس (طوطے) نے وہاں (ہندوستان میں) کیا کارروائی کی تھی۔ جو تو نے بھی اس سے سیکھ لی۔ اور ہماری آنکھ مکر کے ساتھ بند کر دی۔

ساختی مکرے و ما را سوختی سوختی ما را و خود افروختی

ترجمہ تو نے یہ فریب کر کے ہم کو (اپنے فراق میں) تباہ کر دیا۔ ہم کو جلا دیا۔ اور اپنے آپ کو (نجات کی مسرت سے) درخشاں و روشن کر لیا۔

گفت طوطی کو بفعلم پند داد کہ رہا کن نطق و آواز و کشاد

لغات پند دادن علی تعلیم دینا۔ نصیحت دکھا کر تعلیم دینا۔ رہا کردن چھوڑنا ترک کرنا۔ نطق گویائی تکلم۔ کشاد بضم کاف فارسی و تازی دونوں طرح درست ہے۔ فتح۔ خوشی۔

ترجمہ طوطا بولا کہ اس (طوطے) نے فعلاً مجھ کو نصیحت کی کہ (اگر تو نجات چاہتا ہے تو) بولنا چالنا اور مسرت و نشاط (ظاہر کرنا) چھوڑ دے۔

زانکہ آوازت ترا در بند کرد خویش او مردہ پئے ایں پند کرد

ترجمہ کیونکہ تیری آواز ہی نے تجھ کو پنجرے میں ڈالا ہے (غرض) اس (طوطے) نے اسی نصیحت کے لئے اپنے آپ کو مردہ بنا لیا تھا۔

مطلب آغاز قصہ میں طوطے کی زبان سے یہ پیغام درج ہو چکا ہے کہ ع وا رشما چارہ رہ وارشا دخواست۔ یعنی اے آزاد طوطو وہ بیچارہ محبوس قفس طوطا تم سے تدبیر نجات پوچھتا ہے اور ہم نے وہاں لکھا تھا۔ کہ ناظرین اس مصرعہ کو ذہن نشین رکھیں۔ اب وہ طوطا تاجر کو بتاتا ہے۔ اس جنگلی طوطے نے میری درخواست منظور کی اور عملاً مجھے وہ طریقہ بتا دیا جس سے میں نجات پا سکتا ہوں۔ ماشیہ ہے۔ کہ طوطی محبوس نے ایک پیغام دیا۔ طوطی بادیہ نے اس کے پیغام کو سمجھا اور عملاً جواب دیا۔ تاجر نے دونوں کے پیغام دونوں کو پہنچائے۔ مگر خود ان کا مطلب نہ سمجھا۔ جانوروں

نے سینکڑوں میل کی مسافت سے باہم گفت و شنید کی مگر اس گفت و شنید کا ذریعہ بننے والے انسان نے اسکو نہ سمجھا۔ دونوں نے ایک خفیہ تدبیر تاجر کے خلاف کی اور طرفہ یہ کہ خود تاجر کو اس میں اپنا آلہ کار بنایا۔ اور وہ سادگی سے اپنے مقصد کے خلاف خود ان کا ذریعہ مراد بن گیا۔

یعنی اے مُطرب شدہ باعام و خاص مُردہ شو چوں من کہ تا یابی خلاص

ترجمہ یعنی اے خاص و عام کو (اپنی خوش کلامی سے) خوش کرنے والے میری طرح مردہ بن جا۔ تاکہ تو نجات پائے۔

دانہ باشی مُرغکانت برچنند غنچہ باشی کودکانت برکنند

ترجمہ اگر تو دانہ بن جائے۔ تو تجھ کو چھوٹے موٹے پرندے چگ لینگے۔ اور اگر غنچہ بن جائے۔ تو بچے توڑ لینگے

مطلب۔ یہاں سے مولانا رح کا مقولہ شروع ہوتا ہے۔ جس۔ سے شہرت کی آفت اور گمنامی کی منفعت کا اظہار مقصود ہے۔ دانہ و غنچہ بننے سے مقبول عام اور مشہور انام ہونا مراد ہے جس کا نتیجہ تضیع اوقات اور مختلف طرح کی نرول مشکلات کے سوا اور کچھ نہیں۔ عمر خیام غفرلہ ؎

خرم دل آنکسے کہ ز موزہ نشد در جبّہ و دراعہ و در صوف نشد
سیمرغ صفت بعرش پرواز کرد در کنج خرابۂ جہاں بوف نشد

دانہ پنہاں کُن بکلّی دام شو غنچہ پنہاں کن گیاہِ بام شو

ترجمہ اپنے دانے کو چھپا کر سر بسر جال بن جا۔ غنچے کو پوشیدہ رکھ کر محل کا سبزہ ہو جا۔

مطلب اگر تم جال کی طرح کسی منزلت زیریں پر ہو۔ یا سبزہ بام کی طرح کسی رتبہ عالی پر فائز ہو۔ بہرحال اپنے آپ کو جال کی طرح خاکنشیں اور سبزہ بام کی طرح بے حقیقت ظاہر کرو۔ اپنی صفات محمودہ کے اظہار کی کوشش نہ کرو۔ تاکہ صدہا فوائد سے محظوظ اور تمام آفات سے محفوظ رہو۔ صائب رح ؎

خط پاکی ست گمنامی ز کلفت گوشہ گیراں را سیاہی در نگینِ نامداراں خانہ ے سازد

وکذا قیل ؎ شہرت و نام آوری سرمایۂ آرام نیست جز خراش دل نگین را حاصلے از نام نیست

ہر کہ داد او حُسنِ خود را برمزاد صد قضائے بد سوئے او رُو نہاد

لغات مزاد زیادتی۔ قضا۔ آفت۔ مصیبت۔ رو نہادن متوجہ ہونا۔

ترجمہ جس شخص نے اپنی خوبی کو زیادتی پر (مشہور) کیا۔ سینکڑوں آفتیں اس پر ٹوٹ پڑیں۔ صائب رح ؎

ہر کہ از روزِ سیاہ نامداراں غافل ست بے پذیرد چوں عقیق از سادہ لوحی نام را

چشمہا و خشمہا و رشکہا بر سرش بارد چو آب از مشکہا

ترجمہ (نکتہ چین) آنکھیں اور (دشمنوں کے) غصے اور (حاسدوں کے) جلاپے اس کے سر پر اس طرح برس پڑیں گے جیسے مشکوں سے پانی۔

مطلب ایک نام آور و عالی جاہ اور منصبدار کا مورد حسد و رشک ہونا تو ظاہر ہے۔ اس کا ہدف انظار ہونا اس لحاظ سے ہے۔ کہ عیب گیر اس کو اپنی نکتہ چینی کا تختہ مشق بنا لیتے ہیں۔ یا اس کو چشم زخم سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ رہتا ہے۔ اور وہ نشانہ غضب و غصہ اس طرح ہوتا ہے۔ کہ ہمعصر لوگ جو میدانِ ترقی کے حریف اور بزم کامرانی کے رقیب ہوتے ہیں۔ اپنے مقابل کی کامیابی دیکھ کر غصے سے آگ بگولا ہو جاتے ہیں۔ یا اہل حقوق اور متوسلین جو اس کے ساتھ طرح طرح کے تقاضے اور دعوے وابستہ رکھتے ہیں۔ جب اس میں امیرانہ استغنا دیکھ کر مایوس ہو جاتے ہیں۔ یا اپنی عجلت طلب میں قبل از وقت اپنے آپ کو ناکام سمجھ لیتے ہیں۔ تو اس کے خلاف اُن کی آتش غضب مشتعل ہو جاتی ہے۔ غرض جاہ و امارت کا درجہ مورد آفات اور ہدف بلیات ہے۔ حافظ رح ؎

در شاہراہ جاہ و بزرگی خطر بسے ست　　آں بہ کزیں کہ یوہ سبکسار بگذری

دشمناں اور از غیرت میدرند　　دوستاں ہم روزگارش میبرند

ترجمہ دشمن (جب موقعہ پاتے ہیں تو) اس کو رشک سے قتل کر دیتے ہیں۔ اور دوست بھی (فضول صحبت و اختلاط سے) اس کا وقت ضائع کر (کے سخت نقصان پہنچاتے ہیں۔

مطلب جاہ و مرتبہ میں دشمنوں کے خطرات کا ذکر تو اوپر آ ہی چکا ہے۔ عروج و ترقی کو کثرت احباب بھی لازم ہے جو اضاعت وقت اتلاف مال اور ارتکاب یاوہ گوئی وغیرہ صدہا معائب کی باعث ہے۔ عمر خیام غفرلہ ؎

شد دعوی دوستی دریں دیر حرام　　الفت زکہ؟ مردمی کجا؟ دوست کدام؟
دامن زہمہ کشیدن اولیٰ باشد　　از دور بہ یکے سلام ست سلام

آنکہ غافل بود از کشت بہار　　او چہ داند قیمت ایں روزگار

لغات کشت کھیتی۔ بونا۔ دوسرے معنی میں حاصل مصدر ہے کشتن سے۔ بہار کے بہت سے معنی ہیں۔ یہاں موسم مراد ہے۔

ترجمہ جو شخص (عین) موسم پر (زمیں) بونے سے غافل ہے۔ وہ اس وقت کی قدر کیا جانے۔

مطلب کاشتکار لوگ جانتے ہیں۔ کہ بیج بونے کے ایام کس قدر مغتنم ہوتے ہیں۔ جبکہ چند دنوں کی محنت و ہوشیاری کے ساتھ تخم ریزی کی ہوئی سال بھر رزق کے لئے اطمینان دلا دیتی ہے۔ اگر وہ ایام غفلت سے بیکاری میں گزر جائیں۔ تو پھر سال بھر تک فقر و فاقہ برداشت کرنا پڑتا ہے۔ بقول الدنیا مزرعۃ الآخرۃ دنیوی زندگی گویا اعمال کی تخم ریزی کا موسم ہے جس کی پیداوار آخرت میں کام آئیگی۔ لیکن جو کثیر الاحباب، مجالس و محافل کا پروانہ سیر سپاٹے کا دلدادہ آدمی فضول ملاقاتوں اور بیہودہ گوئیوں میں وقت برباد کر رہا ہے۔ اس کو نہ اپنے مزرعہ عمر کی قدر ہے نہ اس کے موسم تخم ریزی کی طرف التفات ؎

جو صحت و فراغ میں غافل عمل سے ہے　　سرمایہ اس نے بحر زیاں میں ڈبو دیا
موسم بھی پایا تخم بھی دامن میں تھا مگر
بونے کا وقت خواب تغافل میں کھو دیا

در پناہِ لطفِ حق باید گریخت کو ہزاراں لطف بر اَرواحِ ریخت

ترجمہ (مخلوق کی دوستی کو چھوڑ کر) خداوند تعالیٰ کی مہربانی کی پناہ میں آجانا چاہیئے۔ جس نے (اپنے بندوں کی ارواح پر ہزاروں مہربانیاں مبذول فرمائی ہیں۔

مطلب اوپر عوام الناس کی دوستی کی مضرت کا ذکر تھا۔ اب فرماتے ہیں۔ کہ ان کی دوستی کو چھوڑ کر خداوند تعالےٰ کی دوستی اختیار کرنی چاہیئے۔ حافظ رح ؎

ہر کس کہ نکرد بجہاں مہر تو در دل حقا کہ بود طاعت او ضائع و باطل

تا پناہے یابی آنگہ چہ پناہ آب و آتش مر ترا گردد سپاہ

ترجمہ تاکہ اس وقت تم کو (پوری اور حقیقی) پناہ حاصل ہو جائے۔ پناہ بھی کیسی کہ آب و آتش (وغیرہ عناصر تک) تمہاری (فرمانبردار) سپاہ بنجائیں۔

مطلب مخلوق کی دوستی کا نتیجہ تو اوپر بیان ہو چکا۔ کہ آدمی کے سب دشمن بن جاتے ہیں۔ مگر اللہ تعالےٰ کی دوستی عناصر تک کو اس کا دوست بنا دیتی ہے۔ سعدی رح ؎

تو ہم گردن از حکم داور مپیچ کہ گردن نہ پیچد ز حکم تو ہیچ
محال ست چوں دوست دارد ترا کہ در دستِ دشمن گزارد ترا

نوحؑ و موسیٰؑ را نہ دریا یار شد؟ نے بر اَعداشاں بکیں قہّار شد؟

ترجمہ کیا دریا حضرت نوح اور حضرت موسیٰ علیہما السلام کا معاون نہیں ہوا؟ کیا اس نے ان دونوں کے دشمنوں پر از راہ انتقام قہر نہیں ڈھایا؟

مطلب اوپر کہا تھا کہ خدا کے دوست کے لئے پانی اور آگ تک آمادہ مدد ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ پانی کے آمادہ مدد ہونے کی مثال میں حضرت نوح اور حضرت موسےٰ علیہما السلام کے قصّے پیش کئے۔ حضرت نوح علیہ السلام نے مدت مدید تک لوگوں کو دین حق کی دعوت دی۔ مگر اسّی آدمیوں کے سوا کوئی ایمان نہ لایا۔ بلکہ کافر لوگ ان کے ساتھ نفرت و حقارت سے پیش آتے تھے۔ آخر حضرت نوح نے تنگ آکر ان کے حق میں بد دعا کی۔ تو قہر الٰہی طوفانِ آب کی صورت میں نمودار ہو کر دشمنان پیغمبر اور اعدائے دین کی بربادی کا باعث ہوا۔ جس کا قصہ اس شرح میں رسول قیصر روم کے آغاز میں (صفحہ ۱۸۷ پر) گزر چکا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السّلام نے فرعون اور اس کی قوم کو ہر چند دین حق کی طرف رہنمائی کی۔ مگر ان کے صفحۂ دل سے کفر و انکار کا نقش باطل نہ مٹ سکا۔ بلکہ وہ لوگ حضرت موسیٰ اور ان کی قوم کے درپے ایذا ہو گئے۔ آخر خداوند تعالیٰ کے حکم سے دریائے نیل نے فرعون کو اس کی فوج سمیت غرق کر لیا۔ اور حضرت موسےٰ اور ان کی قوم میں سے کسی شخص کا دامن تک تر نہ ہونے دیا۔ جس کا قصہ اس شرح کے پہلے حصے میں صفحہ ۳۰۸ پر گذر چکا ہے۔ شیخ عطار رح ؎

آنکہ در آدم دمیدہ رُوح را داد از طوفاں نجات او نوح را
آنکہ اَعدا را بدریا در کشید ناقہ را از سنگِ خارا بر کشید

آتش ابراہیم را نے قلعہ بود تا برا ورد از دلِ نمرود دود

لغات قلعہ مراد پناہ کی جگہ۔ دود از دل برا ورد ن حسرت زدہ بنا دینا۔ مبتلائے حرماں کر دینا۔

صنائع آتش و دود میں مناسبت ہے۔

ترجمہ کیا آگ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لئے (حفاظت) کا قلعہ نہیں (بن گئی) تھی؟ یہاں تک کہ اس نے نمرود کو حسرت زدہ بنا دیا۔

مطلب۔ یہاں اللہ تعالیٰ کے دوستوں کے لئے آگ کے آمادہ مدد ہونے کی مثال پیش کی ہے۔ جس کا قصہ پیچھے گزر چکا ہے۔

کوہ یحییٰ را نہ سوئے خویش خواند قاصد انش را بزخم سنگ راند

ترجمہ کیا حضرت یحییٰ علیہ السلام کو پہاڑ نے پناہ نہیں دی (اور) ان کی ایذا کا قصد کرنے والوں کو پتھر مار کر (نہیں) بھگایا؟

گفت اے یحییٰ بیا در من گریز تا پناہت باشم از شمشیر تیز

ترجمہ (چنانچہ اس پہاڑ نے) کہا اے یحییٰ دوڑ کر میرے اندر چلے آؤ۔ تاکہ میں تیغ براں سے (بچانے کے لئے) تمہاری پناہ بن جاؤں۔

مطلب آپ آتش کے بعد پتھروں کے خاصاں حق کے لئے مدد معاون ہونے کی مثال پیش فرماتے ہیں۔ حضرت یحییٰ ؑ حضرت زکریا ؑ کے فرزند۔ اور چھوٹی عمر میں منصب نبوت پر ممتاز ہو گئے تھے۔ بچپن کے زمانے سے بیت المقدس میں جا کر عبادات و ریاضات میں مشغول رہتے اور خوف خدا سے اس قدر گریہ وزاری کرتے کہ ان کے رخسار متواتر اشکباری سے داغدار رہتے تھے۔ بہت سے لوگوں کو دین حق کی ہدایت کر کے زمرۂ مومنین میں شامل کیا انکے زمانے میں یہودیوں کے حاکم کے محلات میں جسکا نام ہردوس تھا۔ ایک عورت تھی جسکو انبیاء و صلحاء کے ساتھ خصوصیت سے بغض و عناد تھا۔ اس عورت کی ایک لڑکی دوسرے شوہر سے تھی۔ جب لڑکی جوان ہو گئی۔ تو اس عورت نے چاہا۔ کہ بادشاہ اس سے نکاح کرلے۔ تاکہ کسی غیر کے نکاح میں جا کر مجھ سے دور و مہجور نہ ہو۔ بادشاہ نے جواز نکاح کے لئے حضرت یحییٰ سے استفسار کیا۔ تو انہوں نے فرمایا یہ نکاح درست نہیں۔ اسپر وہ عورت کچھ تو پہلے ہی حضرت یحییٰ سے بغض رکھتی تھی۔ اب اور بھی آمادہ ایذا ہو گئی۔ اور ہردوس کو بہکا کر حضرت یحییٰ کے قتل پر آمادہ کرتی رہی۔ آخر اس نے ایک دن بدمستی میں اس لڑکی کے کہنے پر ان کو قتل کرا دیا۔ مولانا احمد حسن کانپوری ؒ اپنے حاشیہ میں یہ روایت نقل کرتے ہیں کہ جب یہود حضرت یحییٰ ؑ کے درپے ایذا ہوئے تو آپ بھاگ کر جانے لگے۔ اسوقت ایک پہاڑ نے آپکو ندا کی۔ کہ یہاں تشریف لے آئیے پھر اس پہاڑ پر سے تعاقب کرنے والے دشمنوں پر پتھر برسنے لگے۔

حضرت یحییٰ علیہ السلام

وداع کردن طوطی خواجہ را و پند دادن و پریدن

طوطے کا تاجر کو وداع کرنا اور نصیحت کر کے اڑ جانا

یک دو پندش داد طوطی بے نفاق بعد ازاں گفتش سلام الفراق

ترجمہ طوطے نے اس کو ایک دو نصیحتیں بالتصنع (خلوص کے ساتھ) کیں۔ پھر کہا لو ہمارا سلام ہے! بس رخصت!

اَلْوِداع ایں خواجہ کردی مرحمت　　کردی آزادم ز قید و مظلمت

ترجمہ اے آقا (میں) رخصت (ہوتا ہوں) تو نے بڑی مہربانی کی کہ مجھے قید اور تاریکی سے نجات بخشی۔

اَلْوِداع اے خواجہ رفتم تا وطن　　ہم شوی آزاد روزے ہمچو من

ترجمہ اے آقا (میں) رخصت (ہوتا ہوں) اب وطن کو سدھارتا ہوں (خدا کرے) تو بھی میری طرح ایک دن (علائق دنیویہ کے) پنجرے سے چھوٹ جائے۔

خواجہ گفتش فی اَمَان اللہ برو　　مر مرا اکنوں نمودی راہِ نو

ترجمہ خواجہ نے کہا اچھا جاؤ۔ فی امان اللہ (خدا حافظ) تو نے مجھے اب نئی راہ دکھا دی۔

مطلب راہِ نو سے مراد ترکِ دنیا اور تخفیف بار علائق ہے۔ اس کو نئی راہ اس لئے کہا ہے۔ کہ اسے پہلے اس کا خیال نہ تھا۔ حافظ رح ؎

امروز قدرِ پند عزیزاں شناختم　　یارب روانِ ناصح ما از تو شاد باد

سُوئے ہندوستانِ اصلی رُو نہاد　　بعدِ شدّت از فرح دل گشت شاد

ترکیب ہندوستان مبدل منہ وطن موصوف مقدر اور اصلی اس کی صفت مل کر بدل ہوا۔

ترجمہ (اپنے) اصلی (وطن) ہندوستان کی طرف رُخ کیا۔ سختی (برداشت کرنے) کے بعد مسرت سے (اس کا) دل شادماں ہوگیا۔

خواجہ با خود گفت ایں پندِ من ست　　راہِ او گیرم کہ ایں رہ روشن ست

ترجمہ تاجر نے اپنے دل میں کہا یہ میرے لئے ایک نصیحت ہے۔ میں آئندہ اس کی راہ اختیار کرونگا کہ یہ راستہ صاف ہے۔

مطلب وہ راستہ یہ ہے کہ موتوا قبل ان تموتوا پر عمل کرے یعنی جس طرح مردہ اپنے ارادہ اور اپنی شہوت وغضب سے خالی ہوجاتا ہے۔ اسی طرح حق تعالیٰ کے ارادہ و رضا کے سامنے اپنی خواہش اور رائے ہیچ سمجھے نظامی ؎

با ہست تو بہ کہ ہستِ من نیست　　کایں دستِ ترا ست دستِ من نیست
من خود کیم و مرا چہ خوانند　　جز سایہ تو مرا چہ دانند
خود را بشمار ہیچ دانم + کز ہیچ کسے ہیچ مانم + از تو اثرے نشست بر من + زاں نیز ندانم کہ ہست یا نہ

جانِ من کمتر ز طوطی کے بُود　　جاں چنیں باید کہ نیکو پے بُود

ترجمہ۔ میری جان ایک طوطے سے تو گئی گذری نہیں (کہ وہ اس طریق سے اپنے مقصود کے ساتھ واصل ہو جائے۔ اور میں نہ ہو سکوں) جان تو ایسی چاہیئے جو (راہ حق میں تگ و دو کرنے کے لئے) نیک قدم ہو۔ سعدی رح ؎

دانی چہ گفت مرا آں بُلبلِ سحری — تو خود چہ آدمی کز عشق بے خبری
اشتر بشعرِ عرب در حالت ست طرب — گر ذوق نیست ترا کژ طبع جانوری

مَضَرّتِ تعظیم خلق و انگشت نما شُدن

لوگوں سے تعظیم کرانے اور مشہور ہونے کی خرابیاں

تن قفس شکل ست و زاں شد خار جاں — از فریبِ داخلان و خارجاں

لغات داخلان و خارجاں۔ آنے جانے والے۔ ملاقاتی۔ مصاحب۔ احباب۔ صنائع خارجاں کے کلمے میں صنعتِ تجنیس ہے۔

ترجمہ (یہ) بدن آنے جانے والے (خوشامدی) لوگوں کے فریب سے (طائر روح کے لئے) گویا پنجرا ثابت ہو رہا ہے۔ اور اس لئے وہ جان (کے طریق وصول) کے لئے کانٹا ہے۔

مطلب ایک شخص کو خوشامدی لوگ فریب دا غوا سے ادھر ادھر کی باتیں بنا کر مبتلائے غرور اور گرفتار لذائذ جسمانیہ بنا دیتے ہیں۔ آخر یہ جسمانی لذات اس کے عالم قدس تک پہنچنے میں مانع ہو جاتی ہیں۔ حافظ رح ؎

چگونہ طوف کنم در سرائے عالم قدس — چو در سراچۂ ترکیب تختہ بند تنم
صائب ؎ نیست آسان در بدن جان را مصفا داشتن — زنگ از آئینہ بیرون ورتہ گل مشکل ست

اب خوشامدی لوگوں کی باتیں نقل کرتے ہیں

اینش گوید من شوم ہمراز تو — وانش گوید نے منم انباز تو

ترجمہ ایک ادھر سے اس کو کہتا ہے۔ میں تمہارا ہمراز ہوں۔ اور دوسرا ادھر سے اس کو کہتا ہے۔ نہیں میں ہی تمہارا رفیق ہوں۔

اینش گوید نیست چون تو در وجود — در کمال فضل و در احسان وجود

ترجمہ یہ اس کو کہتا ہے کمال فضل اور احسان و کرم میں تم سا کوئی شخص پیدا نہیں ہوا

آنش گوید ہر دو عالم آنِ تُست — جملہ جانہا ما طفیلِ جانِ تُست

ترجمہ وہ اسکو کہتا ہے۔ دونوں جہان آپ کی ملک ہیں۔ ہم سب کی جانیں آپ کی بدولت (سلامت) ہیں

اینش گوید گاہِ عیش و خرمی — آنش گوید گاہِ نوش و ہمدمی

ترجمہ یہ تو اس کو (ترغیباً) کہتا ہے کہ (آپ کی عمر) عیش و نشاط کی عمر ہے۔ وہ اس کو (تحریضاً) کہتا ہے۔ (آپ کا زمانہ) شراب نوشی اور صحبتِ احباب کا زمانہ ہے۔

مطلب ایک شارح نے داخلان و خارجان سے داخلی و خارجی بہکانے والے سمجھے ہیں۔ یعنی ایک نفس امارہ اور شیطان جو اندر سے برائیوں پر مائل کرتے رہتے ہیں۔ دوسرے خوشامدی لوگ جو باہر سے بُرے کاموں کی ترغیب دیتے ہیں۔ مگر یہ تفسیر درست نہیں۔ فصل کا عنوان ظاہر کرتا ہے۔ کہ یہاں مقصود بیان صرف شہرت و مقبولیت کی بُرائی ہے جس کے باعث خوشامدی لوگ ہیں۔ اور انہی کے حلقے میں تعظیم و شہرت ہوتی ہے۔ نفس کی باتیں نہ باعث شہرت ہیں نہ نفس کے سامنے شہرت ہونے کا کوئی معنی۔ البتہ حصول شہرت و مقبولیت کے بعد نفس سے وساوس پیدا ہوتے ہیں۔ جن کا ذکر آگے آتا ہے۔ غرض خوشامدی لوگ اس کو بہکا کر مست و مغرور بنا دیتے ہیں۔ اور فسق و فجور پر آمادہ کر دیتے ہیں۔ اکبر الہ آبادی رح ؎

مل کے یاروں سے ہوا شوق گناہ آدمی کا آدمی شیطان ہے

او چو بیند خلق را سرمست خویش — از تکبر میرود از دست خویش

ترجمہ وہ (بیوقوف) جب لوگوں کو اپنا دلدادہ سمجھ لیتا ہے۔ تو تکبر سے اپنے آپے سے باہر ہو جاتا ہے

مطلب خوشامدیوں کی خوشامد آدمی کو مست غرور اور طلب کمال سے دور کر دیتی ہے۔ سعدی رح ؎

کسانیکہ با من بخلوت دراند مرا عیب پوشند و ہنر گسترند
چو پوشیدہ دارندم اخلاق دوں کنند ہستیم زیر نخوت زبوں

او نداند کہ ہزاراں را چو او — دیو افگندست اندر آب جو

ترجمہ (مگر) اس کو یہ معلوم نہیں۔ کہ اس طرح مجھ سے ہزاروں (بیوقوفوں) کو شیطان نے (مست غرور بنا کر گمراہی کی) نہر میں گرا دیا ہے۔

مطلب خوشامدی لوگ اپنی محبت و اعتقاد جتانے کے لئے حد سے زیادہ تعریف کرتے ہیں۔ تو اس کو اپنے متعلق غلط فہمی ہو جاتی ہے۔ اور شیطان کو اس کے گمراہ کرنے کا موقع مل جاتا ہے۔ اسی لئے حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ کہ مجھے اپنے مخالف کی طرف سے اس قدر اندیشہ نہیں۔ جس قدر مرید و معتقد کی طرف سے خطرہ ہے۔ سعدی رح ؎

بیازی نگفت ایں سخن بایزید کہ از مستکبرانم ترم کز مرید

لطف و ساوس جہان خوش لقمہ ایست — کمترش خور کو پر آتش لقمہ ایست

لغات ساوس مکر و فریب۔ چکنی چپڑی باتیں۔ خوشامدانہ باتیں۔

ترجمہ اہل جہان کی مہربانی اور چکنی چپڑی باتیں (گویا ایک) لذیذ لقمہ ہے۔ مگر اس کو کم کھاؤ۔ کیونکہ یہ لقمہ آتش (ضرر) سے پُر ہے۔

مطلب۔ چونکہ خوشامد یعنی اپنی مدح کو سننا موجب خطر ہے۔ اس لئے شریعت میں اس کی سختی سے ممانعت

آئی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ اذا رایتم المدلحین فاحثوا فی وجوھھم التراب یعنی جب تم لوگوں کو خوشامدانہ مدح کرتے دیکھو تو ان کے منہ میں خاک ڈالدو (مشکوٰۃ)

بحیل ستایش فرا چہ مشو ۔ چو حاتم اصم باش و غیبت شنو

آتشش پنہاں و ذوقش آشکار ۔ دُودِ او ظاہر شود پایانِ کار

ترجمہ اس (خوشامدانہ مدح) کی آتش (ضرر) پنہاں ہے اور (مزیدار) ذائقہ ظاہر ہے۔ بنجام پر اس (کے بُرے نتیجے) کا دھواں نکلتا ہے۔

تو مگو کاں مدح را من کے خرم ۔ از طمع میگوید او من پے برم

لغات خرم فعل مضارع واحد متکلم خریدن سے پے بردن پتہ لگانا معلوم کرلینا۔ صنائع شعر ذوالقافیتین ہے

ترجمہ یہ کہنا کہ میں اس (خوشامدانہ) مدح کا کب خریدار ہوں۔ وہ (مدح سرا جو کچھ کہتا ہے اپنی غرض و) طمع سے کہتا ہے۔ میں خوب جانتا ہوں۔

مطلب بیشک سب جانتے ہیں کہ خوشامدی کی مدح کسی نہ کسی غرض پر مبنی ہوتی ہے چنانچہ اگر اس کی غرض پوری نہ ہو۔ تو وہ مدح کی بجائے ہجو کرنے کو تیار ہے۔ سعدی رح ؎

الا تا نشنوی مدح سخنگو ۔ کہ اندک مایہ نفعے از تو دارد

اگر روزے مرادش بر نیاری ۔ دو صد چندان عیوبت بر شمارد

مگر مولانا فرماتے ہیں کہ تم اس زعم کے بھروسے پر نہ رہو۔ کہ تم پر خوشامدی کی باتیں اثر نہیں کرسکتیں۔ بیشک تم اسکو غرضمند، اور مطلب کا یار چپڑ قناتیا لتو پتو سمجھتے ہو۔ مگر یاد رکھو۔ یہ زہر تم پر اثر کئے بدوں نہ رہیگا۔ مولانا اس کا ایک معیار بیان فرماتے ہیں:۔

مادحت گر ہجو گوید بر ملا ۔ روزہا سوزد دلت زاں سوزہا

ترجمہ (دیکھو) اگر تمہارا مدح گو (بجائے مدح کے) علانیہ تمہاری ہجو کرے۔ تو کئی دنوں تک تمہارا دل اِن سوزشوں سے جلتا رہیگا۔

گرچہ دانی کو ز حرماں گفت آں ۔ کاں طمع کہ داشت از تو شد زیاں

ترجمہ اگرچہ تم جانتے ہو کہ اس نے (انعام یا اپنی غرض سے) محروم رہنے کی وجہ سے ایسا کہا ہے۔ کیونکہ اس کو جو مطلب تم سے تھا وہ حاصل نہ ہوا (اس لئے اس کی بدگوئی قابل توجہ نہیں)

آں اثر میماندت در اندروں ۔ در مدیح ایں حالتے ہست آزموں

لغات۔ اندروں قلب۔ باطن۔ مدیح مدح وثنا۔ ستایش آزموں امتحان۔ معیار شناخت۔

ترجمہ (تاہم) وہ (ہجو کا) اثر تمہارے دل میں رہتا ہے۔ (پس) مدح میں بھی یہی حالت معیار ہے:۔

آں اثر ہم روزہا باقی بود مایۂ کبر و خداع جاں شود

لغات ۔ خِداع خاء کے کسرہ سے مکر و فریب۔

ترجمہ کہ وہ (مدح کا) اثر بھی کئی دن تک باقی رہتا ہے۔ جو تکبر اور جان کو دھوکے میں ڈالنے کا موجب بنجاتا ہے۔

مطلب غرضکہ جو شخص یہ کہے کہ میں اپنی مدح سے خوش نہیں ہوتا۔ اس کا یہ کہنا جب درست ہو سکتا ہے کہ اس کو اپنی ہجو بھی ناگوار نہ گزرے۔ لیکن جب ہجو کا اثر اس کے دل پر مدتوں رہتا ہے۔ تو مدح کا اثر کیوں نہ ہو جبکہ اس کو اپنی مدح مرغوب ہے۔

نیک بنماید چو شیریں ست مدح بد نماید زانکہ تلخ افتاد قدح

لغات ۔ قدح قاف کے فتحہ سے اعتراض۔ نکتہ چینی۔ عیب گیری۔ طعنہ مہنا۔

ترجمہ مدح چونکہ شیریں ہے اسلئے اچھی لگتی ہے۔ طعنہ برا لگتا ہے۔ اس لئے کہ تلخ ہے۔

ہمچو مطبوخ ست و حب کآں زاخوری تا بدیرے شورش و رنج اندری

لغات مطبوخ جوشاندہ حب گولی مطبوخ و حب سے مطلق کوئی ناگوار دوا مسہل وغیرہ مراد ہے۔

ترجمہ (مگر یہ خیال رہے کہ) وہ (تلخ بات یا طعنہ) جوشاندہ یا حب کی مثل ہے۔ جس کو تم کھاتے ہو۔ حتی کہ دیر تک اس کی وجہ سے بے چینی اور تکلیف محسوس کرتے رہتے ہو۔

ور خوری حلوا بود ذوقش دمے ایں اثر چوں آں نمے پاید ہمے

ترجمہ اور اگر تم حلوی کھاؤ۔ تو اس کا ذائقہ دم بھر کے لئے ہوتا ہے۔ یہ اثر اس (دوا) کی طرح دیر پا نہیں ہوتا۔

مطلب دوائے تلخ کی مثال جرح و قدح کے لئے اور حلوائے شیریں کی نظیر مدح و ستایش کے لئے پیش کی ہے جس طرح دوائے تلخ مثلاً مسہل وغیرہ سے دماغ چکرا جاتا ہے۔ اور معدے میں کھبلی سی پڑ جاتی ہے۔ اسی طرح ہجو و مذمت بھی جان و تن میں آگ لگا دیتی ہے۔ اور جس طرح حلوا کام و دہاں کو شیریں کر دیتا ہے۔ مدح بھی کام دل کو لذت گیر بنا دیتی ہے۔ اب بطور دفع دخل مقدر فرماتے ہیں۔ کہ ہاں یہ فرق ہے۔ کہ حلوے کی مٹھاس تھوڑی دیر تک اور دوا کی تاثیرات زیادہ دیر تک محسوس ہوتی رہتی ہیں۔ جس سے کوئی کہہ سکتا ہے۔ کہ حلوے کی مثال مدح پر کیونکر صادق آسکتی ہے۔ جبکہ مدح کے بارے میں آپ نے کہا ہے۔ کہ آں اثر ہم روزہا باقی بود۔ مایۂ کبر و خداع جاں شود۔ بخلاف اس کے حلوے کا ذوق چند لمحہ کا ہے۔ اس کا جواب آگے فرماتے ہیں۔

چوں نمے پاید ہمے ماند نہاں ہر ضدے را تو بضدِ آں بداں

ترجمہ جب وہ (حلوے کا اثر شیرینی زبان پر) دیر تک نہیں رہتا۔ تو باطن میں (معدہ و جگر وغیرہ پر اس کا خاص اثر) ضرور رہتا ہے۔ ہم ایک ضد کی حالت کو اس کی ضد کی حالت سے قیاس کر لو۔

مطلب جب تم دیکھتے ہو کہ تلخ دوا کا اثر دیر تک رہتا ہے۔ تو اس کی ضد یعنی حلوے کا مخالف اثر دیر تک کیوں نہ رہے غایۃ مافی الباب یہ کہ اگر ظاہر میں انہیں۔ تو باطن میں اس کا اثر ہوگا۔ یا یہ مطلب ہے۔ کہ جب ظاہر میں اثر نہیں ہے۔ تو ظاہر کی ضد یعنی باطن میں اثر ہونا چاہیے۔ بہرحال حلوے کا باطن میں اثر یہ ہے۔ کہ وہ معدے میں گرانی جگر میں سدے پیدا کرتا ہے پھر سوء ہضم غلظت خون سمن مفرط وغیرہ عوارض بہت سے امراض کے باعث ہوتے ہیں۔ چنانچہ فرماتے ہیں۔

چوں شکر ماند نہاں تاثیر او بعد چندے دُمّل آرد نیش جو

لغات چوں یا تو حرف تشبیہ ہے۔ یا حرف شرط۔ دونوں طرح معنی درست ہیں۔ پہلی صورت میں او ضمیر مجرور کا مرجع حلوے ہے۔ اور دوسری صورت میں شکر۔ دُمّل دال کے ضمہ اور میم مشدد کے فتحہ سے پھوڑا پھنسی نیش جو قابل جراحی۔

ترجمہ (۱) شکر کی طرح (جو نیشکر کے اندر نہاں ہوتی ہے) اس (حلوے) کی تاثیر (جسم میں) مخفی رہتی ہے (اس لئے) کچھ مدت کے بعد قابل جراحی پھوڑے پیدا ہو جاتے ہیں۔

(۲) چونکہ شکر کی تاثیر جسم میں پنہاں رہتی ہے (اس لئے) کچھ مدت کے بعد الخ

مطلب کسی کی خوشامد و چاپلوسی کرنے والے لوگ اس کو گمراہی میں مبتلا کر کے ایسے اعمال و افعال کا مرتکب بنا سکتے ہیں جو دنیا میں صدہا مصائب و نوائب اور آخرت میں عذاب و عقاب کا باعث ہونگے۔ سعدی رح ؎

از صحبتِ دوستے بر نجم کاخلاق بدم حسن نماید
عیبم ہنر و کمال بیند خارم گل و یاسمن نماید
کو دشمنِ شوخ چشم و بیباک تا عیبِ مرا بمن نماید

ور رحب و مطبوخ خوردی اے ظریف اندروں شد پاک ز اخلاطِ کثیف

لغات ظریف خوش مزاج سنجھی ہوئی طبیعت کا آدمی ظیلق۔ اخلاط جسم کے مادے۔ کثیف گندا۔

ترجمہ اے خوش مزاج آدمی اگر تم حب (تنقیہ بدن) اور جوشاندہ (مصفی خون) استعمال کرو۔ تو تمہارا (جسم) اندر (سے) گندے مواد سے پاک و صاف ہو جائے۔

مطلب اپنے بارے میں کسی نکتہ چین کی تنقیص و اور معترض کا اعتراض حتے کہ بدگوئی اور حاسد کی غیبت سننا اخلاق کے لئے ایسا اچھا اثر رکھتا ہے جیسے صحت جسم کے لئے کسی ۔۔۔ مصفی خون کا استعمال۔ لہذا اس کو توجہ سے سننا۔ اس پر غور کرنا اس کے مطابق اپنی اصلاح کرنا اور بدگو کا ممنون ہونا لازم ہے۔ کیونکہ اصلی خیر خواہ وہ ہے۔ جو تم کو تمہاری غلطی پر متنبہ کرے۔ سعدی رح ؎

بنزدِ من آنکس نکوخواہ تست کہ گوید فلاں خار در راہِ تست
بگمراہ گفتن نکوئے روی چغلے تمام ست و جورِ قوی
ہرانگہ کہ عیبت نگوید پیش ہنر دانی از جاہلی عیبِ خویش
نگوشد شیریں شکر فائق ست کسے را کہ سقونیا لائق ست

ولہ ؎ ستایش سرایاں نہ یارِ تو اند ملامت کناں مددگارِ تو اند

؎ ناصح مشفق کہے جو تلخ بات اس کو پی جاؤ کہ ہے آبِ حیات

تلخ باتیں دینگی پھر آخر مزا — تلخ دارد کا نتیجہ ہے شفا
ولنعم ماقیل ؎ حرفِ بدگو باز میدارد ز بدکردن مرا — میکند ہموار سوہاں گرچہ خود ہموار نیست
؎ بدگوئی سے پیش آئے اگر کوئی خسیس — اس پر ناراضگی سے تو دانت نہ پیس
جھوٹا ہے تو جھوٹ کا ہے خود اس پہ وبال — سچا ہے تو تشخیص مرض کی ہے فیس

نفس از بس مدحہا فرعون شد — کُن ذلیلَ النفسِ ھوناً لا تسُد

لغات ذلیل النفس منکسر مزاج۔ خاکسار ہون خاکساری لا تسد فعل نہی سیادت سے۔

ترجمہ نفس (اپنی) زیادہ تعریفوں (کے سننے) سے فرعون (کی طرح سرکش و مغرور) بن گیا۔ (اے مخاطب) تم خاکساری سے منکسر مزاج بن جاؤ اور سرداری (یعنی جاہ و منزلت) کی خواہش نہ کرو۔

مطلب کثرت مدح سے ممدوح کے نفس میں عُجب و غرور پیدا ہو جاتا ہے۔ حتی کہ وہ اپنی تعریف و توصیف کا اس قدر خوگر ہو جاتا ہے۔ کہ ہر شخص کے ذمے یہ فرض سمجھتا ہے۔ کہ وہ اس کی تعریف کرے۔ وہ اپنے آپ کو دنیا بھر کی ستایشوں کا مستحق سمجھتا ہے۔ اور اپنے سے برتر کسی طاقت کا خیال دل میں نہیں لاتا۔ اور یہی مفہوم ہے فرعونیت کا۔ جیسے کہ بعض بادشاہ اپنے اہل دربار کی گوناگوں خوشامدوں اور شاعروں کے غلو آمیز مدحیہ قصیدوں کو سُن سُن کر کبر و غرور سے سرمست ہو جاتے ہیں۔ لا تسُد کا یہ مطلب نہیں۔ کہ اگر قدرت ربانی تم کو کسی جماعت کی اصلاح حال و تدبیر سیاسیون کے لئے زمام حکومت دیتی ہے۔ تو اس سے پہلو تہی کرو۔ نہیں بلکہ مطلب یہ ہے۔ کہ تم اپنی دوران حکومت میں اپنی شان و منزلت کی نمایش کے لئے کسروی و قیصریت اختیار نہ کرو۔ جیسے کہ ایک مرتبہ حضرت امیر معاویہؓ جب وہ حاکم شام تھے۔ بارگاہ خلافت میں شاہانہ شان و شوکت کے ساتھ حاضر ہوئے۔ تو خلیفۂ وقت حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ اَکِسْرَوِیَّۃٌ یَا مُعَاوِیَۃ ؟ یعنی اے معاویہ کیا تم نے یہ شاہانِ ایران کی سی شان و شوکت اختیار کی ہے ؟

سوال یہاں اپنی مدح سننے اس کی خواہش رکھنے کو بُرا کہا گیا ہے۔ اور اوپر ایک حدیث میں بھی اپنے مداحین کی تردید کر دینے کا حکم بیان ہو چکا ہے۔ مگر خود جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حسان وغیرہ شعراء دربار رسالت سے اپنی مدح سماعت فرماتے تھے۔ اس میں کیا حکمت ہے ؟

جواب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح مبارک کو جو عرفاً نعت کہلاتی ہے۔ سلاطین و حکام کی مدح پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے۔ چونکہ حبِّ رسول لازمہ ایمان ہے۔ اس لئے نعت رسول جو بتقاضائے حبِّ رسول ہوتی ہے عین اطاعت اور موجب ثواب ہے۔ بخلاف اس کے سلاطین کی مدح محض دنیوی اغراض حاصل کرنے کا ایک حیلہ ہے۔ اور وہ اسی لئے معیوب و منکر ہے۔ کہ اس سے مادح تو کذب و غلو کا مرتکب ہوتا ہے۔ اور ممدوح عجب و غرور میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ مگر نعتِ رسول (بشرطیکہ اس کے کلمات آداب اور دائرہ مشروعیت سے باہر نہ ہوں)۔ مادح کے لئے ازدیادِ ایمان کی موجب ہے۔ اور اس سے ممدوح علیہ السلام کے متعلق (معاذ اللہ) کسی برے اثر کا احتمال نہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا شعراء دربار رسالت کے قصائد سننے بلکہ ان کو موقع بموقع انشاء و انشاد کا حکم دینے سے مقصد یہ تھا۔ ایک طرف عرب کے کافر شعرا جو شان نبوی میں گستاخانہ خیالات اپنے اشعار میں موزون کر کے اطراف ملک میں مشہور کرتے اور دین الٰہی کو ضعف پہنچانے کی ناپاک کوشش کرتے رہتے تھے۔ ان کو جواب دیا جائے

اور ان کی شیطانی کوششوں کو بے اثر کیا جائے۔ دوسری طرف فضائل نبوی کی اشاعت سے عام لوگ متاثر ہو کر دائرہ اسلام میں داخل ہوں۔ اور نو مسلم لوگوں کو ثبات قلب اور قوت اعتقاد حاصل ہو۔ اور یہ سب امور مصالح دین میں سے ہیں۔ اور مصالح دین میں سعی و اعانت کرنا داخل دین ہے۔ ان باتوں سے پیغمبر ؐ کا اپنی ذات و شخصیت کو نمایاں کرنا مقصود نہ تھا کیونکہ باایں ہمہ جلالتِ شان و علو منزلت آپ کے انکسارِ مزاج اور آپ کی تواضع و فروتنی پر صدہا احادیث ناطق ہیں آپ کا سب کے ساتھ برادرانہ برتاؤ۔ صحابہ میں بلا امتیاز بیٹھنا۔ سب کے ساتھ مل کر کام کرنا۔ غربا کے ساتھ مل کر کھانا کھالینا۔ عیادت مرضی کے لئے جانا جنازوں میں شامل ہونا۔ کتب احادیث و سیر میں بہ تفصیل مذکور ہے۔ ولنعم ماقال النظامی رح ؎

تہیدست سلطانِ پشمینہ پوش　　گدائی خرد یا دشاہی فروش

عن انس قال لم یکن شخص احب الیہم من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکانوا اذا راوہ لم یقوموا لما یعلمون من کراھیتہ لذلک یعنی حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ صحابہ کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر کوئی محبوب و معزز نہ تھا اور وہ جب آپ کو تشریف لاتے دیکھتے۔ تو آپ کے لئے (تعظیماً) کھڑے نہ ہوتے تھے۔ کیونکہ وہ جانتے تھے کہ آپ کو یہ بات ناپسند ہے۔

وعن معاویۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من سرہ ان یتمثل لہ الرجال قیاما فلیتبوأ مقعدہ من النار یعنی معاویہ رض کہتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جس شخص کو یہ بات مرغوب ہو۔ کہ لوگ اس کی خدمت میں کھڑے رہیں۔ تو اس کو اپنا ٹھکانا جہنم میں سمجھنا چاہیئے (مشکوۃ)

تا توانی بندہ شو سلطاں مباش　　زخم کش چوں گوے شو چوگاں مباش

ترجمہ تم حتی الوسع بندہ (خاکسار) بنکر رہو (مغرور و سرکش) بادشاہ نہ بنو۔ گیند کی طرح (جفاکشی کی) ضربیں کھاؤ۔ چوگاں (کی طرح ضرب لگانے والے ظالم) نہ بنو:۔

مطلب یہاں امارت و حکومت سے کنارہ کش رہنے کی تعلیم دیتے ہیں۔ جو بایں غرور اور مورد آفات و شرور ہے۔ اور ممکن ہے۔ کہ یہاں بھی بطریق بالا مطلق حکومت و سلطنت کی نہی نہ ہو۔ بلکہ ظلم و تعدی سے منع کیا ہو۔ اور حلم و جفاکشی کی ترغیب دی ہو۔ اور یہ باتیں سلطنت کی منافی نہیں۔ کما قلت فی مدح سلطان عالمگیر رحمۃ اللہ علیہ ؎

کس نے کھائی نانِ جو اور ہو وہ شاہِ بحر و بر　　کی ریاضت کس نے تختِ سلطنت پر بیٹھکر
کونسا تسبیح گرداں صاحبِ شمشیر تھا　　ہم بتاتے ہیں وہ شاہنشاہ عالمگیر تھا

نظامی رح ؎ چو خاک از سکونت کمر بستہ باش　　شتاب از فلک شد تو آہستہ باش
تو شاہی چو شاہیں مشو تیز پر　　بآہستگی کوش چوں شیرِ نر

ورنہ چوں لطفت نماند دیں جمال　　از تو آید آں حریفاں را ملال

ترجمہ ورنہ جب تم میں وہ خوبی اور جمال نہ رہیگا۔ تو تم سے انہی (مدح گو) دوستوں کے دل سیر ہو جائینگے

آں جماعت کت ہمے دادند ریو　　چوں بہ بینندت بگویندت کہ دیو

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تواضع و فروتنی

لغات کت کہ ترا۔ یو فریب۔ دھوکا۔ دیو شیطان۔ عفریت

ترجمہ وہی لوگ جو (پہلے تمہاری خوشامد کرکے) تمہیں دھوکا دیتے تھے۔ جب تم کو (اس حال زوال میں) دیکھینگے۔ تو کہیں گے۔ یہ تو کوئی شیطان ہے ؎

بخت چوں برگشت برگردند یاراں سر بسر — تا کہ صائب خبر پرسی کہ یاراں را چہ شد

جملہ گویندت چو بینندت بدر — مردہ از گور خود برکردہ سر

لغات بدر بردر۔ دروازے پر۔ مثنوی شریف کے ایک مترجم اردو نے اس کو بدر بمعنی ماہ تمام سمجھنے میں غلطی کی ہے۔ بدر بمعنی ماہ تمام بسکون دال ہے۔

ترجمہ جب وہ لوگ تم کو دروازے پر (کھڑے محتاجانہ سوال کرتے) دیکھیں گے۔ تو سب کے سب (تحقیر سے) بولیں گے۔ یہ تو کوئی مردہ قبر سے نکل آیا۔ غنی رح ؎

گرد کیں شد دوستانرا سد راہ التفات — سینہ صافی کہ کزو درد دلے بینیم ما۔

ہیچ وا مرد کہ خود ناموش کنند — تا بداں سالوس دردامش کنند

ترکیب ناموش جس کی ضمیر امرد کی طرف راجع ہے مفعول بہ اول ہے کسند کا خدا مفعول بہ ثانی۔

ترجمہ جیسے کوئی بے ریش و خوبصورت لڑکا کہ (پہلے تو از راہ چاپلوسی) اس کو اپنا (دل و جان کا) مالک کہتے ہیں۔ تاکہ اس مکر سے اس کو (اپنے) دام (تسخیر) میں ڈال لیں۔

چوں بہ بدنامی برآید ریش او — دیو را ننگ آید از نفتیش او

ترجمہ (پھر) جب (صحبت عشاق کی) بدنامی (کی حالت) میں اس کی ڈاڑھی نکل آتی ہے۔ تو (عاشق لوگ اس کا ساتھ چھوڑ جاتے ہیں حتی کہ) شیطان کو بھی اس کے دریافت احوال سے شرم آتی ہے۔ کما قیل ؎

خطت دمید و مطلب عاشق تمام شد — اے ترک من مناز کہ ترکی تمام شد

دیو سوئے آدمی شد بہر شر — سوئے تو ناید کہ از دیوی بتر

ترجمہ شیطان آدمی کی طرف برائی کے لئے جاتا ہے۔ (مگر) تیری طرف نہیں آتا۔ کیوں کہ تو شیطان سے بھی بدتر ہے۔ سعدی رح ؎

بس آدمی کہ دیو بزشتی غلام اوست
در صورتش نماید زیبا تر از پری

تا تو بودی آدمی دیو از پیت — میدوید و میچشانید از میت

لغات از پیت از پے تو میت ترا مے چشانید۔

ترجمہ جبتک تو آدمی تھا۔ شیطان تیرے پیچھے پیچھے لگا پھرتا تھا۔ اور تجھ کو (غفلت و ضلالت) کی شراب پلاتا تھا۔

چوں شدی در خوے دیوی استوار میگریزد از تو دیو اے نابکار

ترجمہ (مگر) اے نابکار جب تو شیطانی خصلت میں پختہ کار ہوگیا۔ تو تجھ سے شیطان بھی گریز کرنے لگا۔

مطلب اس میں اللہ تعالیٰ کے اس قول کی طرف اشارہ ہے۔ کَمَثَلِ الشَّیْطَانِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ اکْفُرْ فَلَمَّا کَفَرَ قَالَ اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّنْکَ اِنِّیْٓ اَخَافُ اللّٰہَ رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ یعنی ان منافقوں کی مثال جو یہودیوں کو تشفی دیتے ہیں۔ اور ان سے وعدے کرتے ہیں۔ شیطان کی سی ہے۔ جو انسان کو کفر پر آمادہ کرتا ہے۔ پھر جب وہ کافر ہوجاتا ہے۔ تو کہتا ہے۔ میں تجھ سے بری ہوں۔ میں اللہ سے ڈرتا ہوں۔ جو جہان کا پروردگار ہے۔

آنکہ اندر دامنت آویخت او چوں چنیں گشتی ز تو بگریخت او

ترجمہ (غرض) جو (احباب و رفقا) تیرا دامن پکڑے رہتے تھے۔ جب (انہوں نے دیکھا کہ) تیری حالت اس طرح ہوگئی۔ تو تجھ کو چھوڑ کر بھاگ گئے۔

مطلب صحبت و رفاقت کا باعث حصول فوائد تھا۔ مگر جب ایک شخص کو ادبار و نحوست گھیرے اور شر و فتن اور معائب و مفاسد کے سوا اس میں کچھ نظر نہ آئے۔ تو لوگ اس کو شیطان سے بھی بدتر سمجھتے ہیں۔ سعدی رح ؎

دیو با مردم نیامیزد بترس یل بترس از مردمانِ دیو سار

تفسیر مَا شَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَأْ لَمْ یَکُنْ

اس عقیدے کی تشریح کہ اللہ جو چاہتا ہے وہی ہوتا ہے۔ اور جو نہیں چاہتا نہیں ہوتا

مطلب۔ اہل حق کا عقیدہ یہ ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ کا ارادہ و مشیت اس کی مراد سے متخلف نہیں ہوتا۔ کیونکہ یہ محال ہے کہ اس کا ارادہ غیر جازم ہو یعنی یہ ممکن نہیں کہ وہ جو کچھ چاہے۔ اور اس کا ارادہ کرے۔ وہ پورا نہ ہو۔ بخلاف اس کے معتزلہ کہتے ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے۔ اس کا پورا ہونا یا نہ ہونا دونوں طرح ممکن ہے۔ جیسے کہ اللہ تعالےٰ چاہتا ہے کہ لوگ ایمان لائیں۔ نماز پڑھیں۔ روزے رکھیں۔ مگر کروڑوں مخلوق اس پر عمل نہیں کرتی۔ گویا اس کا ارادہ پورا نہیں ہوتا۔ مگر حقیقت یہ ہے۔ کہ معتزلہ نے ارادہ اور امر کو متحد سمجھ لیا ہے۔ اسی لئے وہ کہتے ہیں۔ کہ معنی اَرَادَتہ فِعْلَ غَیْرِہٖ اَتَاہُ اَمْرٌ بِہٖ۔ یعنی اس کا مخلوق سے کوئی فعل چاہنا یہ معنی رکھتا ہے۔ کہ وہ اس کا امر کرتا ہے۔ اور اسی لئے انہوں نے ارادہ الٰہی کے غیر جازم ہونے کی دلیل میں احکام الٰہی پر عمل نہ کئے جانے کی مثال پیش کی ہے۔ حالانکہ ارادہ الٰہی یا مشیت الٰہی الگ چیز اور امر الٰہی جداگانہ شے ہے۔ ارادہ الٰہیہ سے مراد کا تخلف ممکن نہیں۔ امر الٰہی سے امتثال کا تخلف ممکن ہے۔ ہاں جو امر الٰہی بالمشافہ ہو اور اس کے ارادہ و مشیت سے مقارن ہو۔ جیسے امر کن میں تو اس سے بھی امتثال کا تخلف محال ہے۔ مگر جو امر بواسطہ انبیاء و مرسلین صادر ہوا ہو۔ جیسے عمل بالاحکام کے اوامر چونکہ ان کے ساتھ ارادہ الٰہیہ کا مقارن ہونا ضروری نہیں۔ اس لئے ان سے امتثال کا تخلف ممکن ہے (بحر العلوم شرح عقائد وغیرہ)

ایں ہمہ گفتیم لیک اندر یسیچ بے عنایاتِ خدا ہیچیم ہیچ

لغات ہیچ یائے موحدہ کا فتحہ۔ یائے مجہول اور جیم فارسی بروزن سرکیش قصد۔ ارادہ۔ تیاری۔ آمادگی۔ ہیچ ناچیز بے حقیقت۔ لاشے۔

ترجمہ یہ سب کچھ تو ہم نے کہا۔ مگر خدا کی عنایت کے بغیر ہم اپنے ارادے میں ناچیز ہیں۔

مطلب اوپر کی تقریر میں شہرت و ناموری سے بچنے غرور و نخوت سے پرہیز کرنے۔ اہل خوشامد کے خدع و فریب سے محتاط رہنے کی ہدایت فرمائی تھی۔ اب کہتے ہیں۔ ان تمام آفات و شرور سے بچنا عنایت الٰہی و تائید غیبی کے بغیر ناممکن ہے۔ حافظ رح ؎

مددے گر بچراغے نکند آتش طور ۔ چارۂ تیرہ شب وادی ایمن چکنم
شاہ ترکاں چو پسندید بچا ہم انداخت ۔ دستگیر ار نشود لطف تہمتن چکنم

بے عنایاتِ حق و خاصانِ حق ۔ گر ملک باشد ہستیش ورق

ترجمہ اگر فرشتہ بھی ہو تو خداوند تعالیٰ اور خاصانِ خدا کی عنایت کے بغیر اس کا نامہ (اعمال) سیاہ ہے۔

مطلب کسی کا بلند پایہ و عالی منزلت ہونا اس کے لئے سعادت ابدی کے حصول کا مستلزم نہیں۔ بلکہ اس وقت توفیق الٰہی اور تائید حق کی ضرورت ہے۔ حافظ رح ؎

اے سکندر منشین و غم بیہودہ مخور ۔ کہ نہ بخشند تر آ آبحیات از شاہی
جامی رح ؎ سالکاں بے کشش دوست بجائے نرسند ۔ سالہا گرچہ دریں راہ تگ و پوے کنند

خاصانِ حق سے مراد انبیاء و مرسلین ہیں۔ جو خالق و مخلوق کے مابین برزخ و واسطہ ہیں۔ تائید الٰہی جب کسی مقبول بندے کی نجات کے لئے اس کے شامل حال ہوتی ہے۔ تو پیغمبر کی دستگیری اس کا واسطہ بنتی ہے۔ ورنہ خود اس کی اپنی عقل و دانش اور بصیرت و فراست اس کوچہ میں کور بے عصا ہے۔ نظامی رح ؎

عقل ارچہ خلیفۂ شگرف ست ۔ بر لوح سخن تمام حرف ست
ہم مہر مؤیدی ندارد ۔ تا دین محمدی ندارد
؎ محال ست سعدی کہ راہ صفا ۔ تواں رفت جز در پئے مصطفٰے
خلافِ پیمبر کسے رہ گزید ۔ کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید

اس میں یہ بھی اشارہ ہے۔ کہ اگر کوئی شخص شیخ کی تربیت و صحبت کے بغیر محض کثرت عبادت سے کمالات باطنی حاصل کرنا چاہے۔ تو اس مقصد میں کامیاب ہونا مشکل ہے۔ سعدی رح ؎

بہ تنہا نداند شدن طفلِ خرد ۔ کہ مشکل بود راہِ نادیدہ بُرد
تو ہم طفل راہی بسعی اے فقیر ۔ برو دامنِ نیکمرداں بگیر
مریداں بقوت ز طفلاں کم اند ۔ مشائخ چو دیوارِ مستحکم اند
بیاموز رفتار زاں طفلِ خرد ۔ کہ چوں استعانت بدیوار بُرد
جامی رح ؎ تا نکنی روے بدریا دلے ۔ نبودت از گوہر دل حاصلے
تا نزنی خیمہ بہ پہلوے پیر ۔ ہیچ وے از دل نشوی بہرہ گیر

حصول کمال کے لئے شیخ مرشد کی ضرورت

حافظ ؎ بگوئے عشق منہ بے دلیل راہ قدم — کہ من بخویش نمودم صد اہتمام و نشد

اے خدا اے قادرِ بیچون و چند — از تو پیدا شد چنیں قصرِ بلند

لغات چوں کیف۔ یہ کلمہ دریافتِ حال کے لئے موضوع ہے۔ بیچوں وہ ذات پاک جس کی کنہ و حقیقت کا استفسار نہیں کیا جا سکتا۔ چند۔ کم۔ یہ کلمہ دریافت مقدار کے لئے موضوع ہے۔ بیچند وہ ذاتِ پاک جو اس قسم کے سوال سے منزہ ہے۔

ترجمہ اے خدا! اے صاحبِ قدرت جو کم و کیف سے منزہ ہے۔ تیری ہی ایجاد سے ایسا بلند قصر یعنی (آسمان) بنا ہے۔

واقفی برحالِ پیروں و درروں — بے کم و بے بیش و بے چندی و چوں

ترجمہ تو (تمام) ظاہر و باطن حال سے آگاہ ہے۔ نہ تجھ میں نقصان و زیادتی ہے۔ نہ کم و کیف۔

اختلاف بعض نسخوں میں ان دو شعروں کی بجائے دونوں کا جامع یہ شعر درج ہے۔ ؎ اے خدا اے قادر بیچند وچوں۔ واقفی برحال بیروں و دروں۔ اگرچہ یہ نسخہ بلحاظ رزانت ترتیب و جیادت اسلوب ارجح معلوم ہوتا ہے۔ مگر جو نسخہ مشتمل بزیادت ہے۔ اس کو اختیار کرنا احوط سمجھا گیا۔

ایخدا اے فضلِ تو حاجت روا — با تو یاد ہیچ کس نبود روا

صنائع۔ روا بمعنی برلانے والا اور روا بمعنی جائز و مباح میں صنعت جناس تام۔

ترجمہ اے خدا اے (صاحبِ فضل و عطا جب) تیرا فضل ہمارا حاجت روا ہے (تو طلب حاجت کے لئے) تیرے سامنے کسی کی یاد درست نہیں۔ صائب رح ؎

ازاں بدامنِ مقصود کوتہ افتاد دست — کہ پیشِ خلق دراز ست دستِ حاجتِ ما

ایں قدر از شاد تو بخشیدن — تا بدیں بس عیبہا پوشیدن

ترجمہ اس قدر ہدایت (رجوع الی اللہ اور ترک ماسوی اللہ کی) تو نے ہی بخشی ہے۔ جس سے ہمارے بہت سے عیوب ڈھک دیئے۔

مطلب۔ خدا سے طلب حاجات کرنے میں عیوب ڈھکے جانے کا مطلب یہ ہے۔ کہ مخلوق کے سامنے دست سوال پھیلانا جن سے بہت سے معائب مثلاً آبروریزی۔ ذلت و خواری۔ عدم توکل شرک خفی پر مشتمل تھا۔ ان سے امن ہو گیا۔ صائب رح ؎

میکند دستِ دعا ہے برگی ما را علاج — دست پیشِ مردمِ عالم چرا داریم ما

یا یہ مطلب ہے کہ دعا سے اللہ تعالیٰ کی رحمت شامل حال ہو جاتی ہے۔ اور وہ ستار عیوب تمام گناہ معاف کر دیتا ہے۔ جو انسان کے بدترین معائب ہیں۔ صائب رح ؎

فرصت فیمت ست بدستِ دعا بشو — داغ سیہ گلیمیِ خود را بآبِ صبح

قطرۂ دانش کہ بخشیدی زپیش متصل گرداں بدریاہائے خویش

ترجمہ اس سے پہلے جو علم کا قطرہ تونے (مجھ کو) بخش رکھا ہے۔ اس کو اپنے (علم کے) دریاؤں سے متصل کردے۔

مطلب یعنی میرے ناقص ومحدود علم کو اپنے علم قدیم سے نسبت عطا فرما تاکہ جس طرح علم قدیم مطابق واقع ہے اسی طرح میرا علم بھی حقائق شناسی میں خطاء سے مصئون رہے۔ جیسے کہ دعا آئی ہے۔ کہ اَللّٰھُمَّ اَرِنَا الْحَقَائِقَ اَلْاَشْیَاءِ کَمَا ھِیَ "الٰہی ہم کو چیزوں کی حقیقتیں ٹھیک ٹھیک بتا دے۔ نظامی رح ؎

وے دہ کو یقینت را بشاید زبانے کافرینت را سزاید
درونم را بنورِ خود بیفروز زبانم را ثنائے خود بیاموز

صائبؒ ؎ یارب از عرفاں مرا پیمانۂ سرشار دہ چشمِ بینا جانِ آگاہ و دلِ بیدار دہ

قطرۂ علم ست اندر جانِ من وارہانش از ہوا و از خاکِ تن

ترجمہ میری روح میں علم کا ایک قطرہ موجود ہے۔ اس کو ہوائے (نفس) اور خاک جسم سے بچالے

مطلب ہوا وہوس کے اتباع یعنی ارتکاب معاصی سے نور علم کو نقصان پہنچتا ہے۔ حضرت امام شافعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ ؎

شکوت الی وکیعٍ سوءَ حفظی فاوصانی الی ترک المعاصی
فانّ العلم نورٌ من اِلٰہٍ ونورُ اللہ لا یعطٰی لعاصی

یعنی میں نے اپنے استاد وکیع رح سے اپنے ضعف حافظہ کی شکایت کی۔ تو انہوں نے مجھے ترک معاصی کی ہدایت فرمائی کیونکہ علم اللہ تعالیٰ کا نور ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کا نور عاصی کو نہیں دیا جاتا۔

اسی طرح خاک جسم یعنی لذات جسمانیہ بھی چراغ علم کے لئے بمنزلہ بادصرصر ہیں۔ صائب رح ؎

مگذار رنگِ جسم پذیرد روانِ پاک ایں مغز را بنرمی ازیں استخواں برار

واضح رہے کہ ہوائے نفس کا اتباع اور لذات جسمانیہ کا حصول ایک ہی بات ہے۔ فرق صرف اعتباری ہے۔

پیش ازیں کیں خاکہا خسفش کند پیش ازاں کیں بادہا نشفش کند

لغات خسف زمین کا کسی کو اپنے اندر سمیٹ لینا۔ زمین کا کسیکو نگل لینا۔ نشف خشک کرنا۔ یہ کلمہ بعض نسخوں میں بسین مہملہ بمعنی بیخ کنی و بربادی درج ہے۔ اور قافیہ بھی اسیکی تائید کرتا ہے۔ مگر پہلا نسخہ بشین معجمہ قطرہ کے لئے زیادہ مناسب ہے۔ اس لئے یہ ارجح معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ معنوی رعایت لفظی رعایت سے مقدم ہے۔ علاوہ ازیں خسف و نشف کا قافیہ یہاں چنداں مورد اعتراض بھی نہ ہونا چاہیئے۔ کیونکہ اس قسم کی مسامحات مثنوی کی مباحات میں سے ہیں۔

ترکیب۔ یہ شعر ظرف یا مفعول فیہ ہے۔ شعر سابق کے فعل "وارہاں" کا

ترجمہ (میرے قطرۂ علم کو خاک وباد سے محفوظ رکھ) قبل اس کے کہ یہ (لذات جسمانیہ کی) گوناگوں خاک اسکو

جذب کرلے (اور) پیشتر اس کے کہ یہ (خواہشات نفس اور وساوس شیطان کی) ہوائیں اسکو خشک کردیں

گرچہ چوں نشفش کند تو قادری　　کش ازیشاں واستانی واخری

لغات کش کر اور واستاندن۔ واپس لے لینا۔ واخریدن بائع کا اپنی چیز کو دوبارہ خرید لینا۔

ترجمہ اگرچہ تو (اسپر) قادر ہے کہ جب (خاکی یا ہوا میرے) اس (قطرہ علم) کو خشک کرلیں۔ تو تو اس کو ان سے واپس لے لے۔ اور واگزار کرالے۔

قطرۂ کو در ہوا شد یا کہ ریخت　　از خزینہ قدرت تو کے گریخت

ترجمہ (اس میں شک نہیں کہ) جو قطرہ ہوا میں (مل) گیا۔ یا (خاک میں) گر گیا۔ وہ تیری قدرت کے خزانے سے کب بھاگ سکتا ہے۔

گر درآید در عدم یا صد عدم　　چوں بخوانیش او کند از سر قدم

ترجمہ اگر وہ عدم میں یا (یوں کہو کہ) سینکڑوں عدموں میں بھی در آئے تو جب تو اس کو بلاتا ہے۔ تو (کمال اطاعت سے) سر کے بل آتا ہے۔

صد ہزاراں ضد ضد را میکشد　　باز شاں فضل تو بیروں میکشد

لغات پہلا ے کشد کاف کے ضمہ سے دوسرا کاف کے فتحہ سے ہے۔

ترجمہ لاکھوں ضدیں اپنی ضدوں کو فنا کرتی رہتی ہیں پھر تیرا فضل ان کو (عدم سے) باہر نکال لاتا ہے۔

از عدمہا سوئے ہستی ہر زماں　　ہشت یارب کاروان در کاروان

ترجمہ اے پروردگار (تیری قدرت سے معدوم اشیاء کا) قافلے پر قافلہ (صفحہ وجود پر نمودار ہونے کے لئے) عدم (کے مدارج مختلفہ) سے ہستی کی طرف (آرہا) ہے۔

مطلب عدمہا کے صیغہ جمع میں یہ اشارہ ہے۔ کہ یہ کلمہ عدم محض اور عدم اضافی کے معنوں پر مشتمل ہے۔ عدم محض عدم جیسے تمام کائنات امر کن سے پہلے معدوم تھی اور اس کا کوئی مادہ بھی موجود نہ تھا۔ اور عدم اضافی جیسے ہر چیز فنا ہو جاتی ہے۔ اور اس کا مادہ موجود رہتا ہے۔ جیسے پانی فنا ہوتا ہے۔ تو اس کا مادہ ہوا کی صورت میں قائم رہتا ہے۔ پھر قدرت حق سے معدوم اشیاء کا وجود میں آنا بھی کئی طرح سے ہے۔ ایک تو عدم محض سے نکل کر موجود ہو جانا جیسے امر کن سے ہوا۔ دوسرے کسی چیز کا عدم اضافی سے وجود میں آنا۔ جیسے پانی پہلے معدوم۔ مگر ہوا کی صورت میں موجود ہوتا ہے۔ پھر پانی بنکر بادل سے مترشح ہونے لگتا ہے۔ تیسرے ایک چیز معدوم ہو جاتی ہے۔ جیسے درختوں کے پتے جھڑ کر خاک میں مل جانے کے بعد پھر دوبارہ نکل آتے ہیں۔ اب اس کی مثالیں بیان فرماتے ہیں۔

خاصہ ہر شب جملہ افکار و عقول — نیست گردد غرق در بحر نعول

ترجمہ خصوصاً تمام افکار و عقول ہر شب (خواب کے) گہرے دریا میں غرق (ہو کر) نیست و نابود ہو جاتی ہیں۔

باز وقت صبح چوں اللہیاں — برزنند از بحر سر چوں ماہیاں

ترجمہ پھر صبح کے وقت (وہ افکار و عقول) خدا پرست لوگوں کی طرح دریائے (خواب) سے سر نکالتی ہیں جیسے مچھلیاں (پانی سے سر نکالتی ہیں)

در خزاں بیں صد ہزاراں شاخ و برگ — از ہزیمت رفتہ در دریائے مرگ

ترجمہ خزاں (کے موسم) میں لاکھوں ٹہنیوں اور پتوں کو (باد خزاں سے) شکست پا کر موت کے سمندر میں غرق پاؤ گے۔

زاغ پوشیدہ سیہ چوں نوحہ گر — در گلستاں نوحہ کردہ بر خضر

لغات خضر خاد کے فتحہ اور ضاد کے کسرہ سے بمعنی شاخ سبز و کشت و سبزہ اور دونوں کے فتحہ سے بمعنی تازگی و سبزی ترکیب سیہ صفت جس کا موصوف لباس مقدر ہے۔ اور خضر کا موصوف نباتات محذوف ہے۔

ترجمہ (اس وقت) کوّے نے ماتم کرنے والوں کی طرح سیاہ (لباس) پہن رکھا ہے۔ (اور) باغ میں ہرے بھرے (درختوں اور پودوں کے بے برگ و بار ہونے) پر نوحہ کر رہا ہے۔

نوٹ۔ یہ شاعرانہ ادعا و تخیل ہے۔ ورنہ حقیقۃً زاغ ماتم و نوحہ نہیں کیا کرتا۔

باز فرماں آید از سالار دہ — مر عدم را کانچہ خوردی باز دہ

ترجمہ (جب خزاں گزر گئی تو) پھر ربّ العالمین کی طرف سے عدم کو حکم ہوتا ہے۔ کہ جو کچھ تو نے ہضم کیا ہے۔ واپس دیدے۔

آنچہ خوردی وادہ اے مرگ سیاہ — از نباتات و ورد و از برگ و گیاہ

ترجمہ اے کالی موت جس قدر ہریاول۔ گلاب کے پھول اور پتے اور گھاس تو نے کھائے ہیں سب واپس دیدے (چنانچہ سب بہار رفتہ کے واپس آنے سے باغ کا باغ سرسبز و شاداب ہو جاتا ہے)۔

سوال اس سے تو یہ مفہوم ہوتا ہے۔ کہ کسی درخت کے جو پتے خشک ہو کر جھڑ جاتے اور خاک میں مل جاتے ہیں اگلی موسم میں پھر وہی پتے بعینہا نکلتے ہیں۔ حالانکہ ظاہر یہ ہے۔ کہ وہ پتے تو مٹی کے اجزا بن چکے۔ اور ان کی رطوبت ہوا میں مل چکی۔ اب یہ پتے جو نئے نکلے ہیں اور ہیں۔ اور جداگانہ مادہ سے بنے ہیں۔ فکیف الامر؟

جواب بیشک یہ ضروری نہیں کہ تازہ پتے فنا شدہ پتوں کے مادے سے بنے ہوں۔ بلکہ یہ جداگانہ مادے سے پیدا ہو سکتے ہیں۔ باقی رہا یہ سوال۔ کہ پھر یہ کیوں کہا جو پتے عدم میں گئے تھے۔ وہی واپس آئے ہیں۔ سو ہم پیچھے بتا چکے

ہیں کہ کسی چیز کے دم سے وجود میں آنے کی ایک صورت یہ بھی ہے۔ کہ اس کی مثل دم اضافی سے موجود ہو جائے جیسے درختوں کے پتے جھڑ کر خاک میں مل جانے کے بعد پھر دوبارہ نکل آتے ہیں۔ تو یہ بعینہٖ وہ پتے نہیں ہوتے۔ جو فنا ہوئے ہیں۔ بلکہ ان کی مثل ہوتے ہیں۔ اور احکام عرفیہ میں مثل شے بمنزلہ شے سمجھی جاتی ہے۔ چنانچہ ایک قرضخواہ اپنے مقروض سے کہتا ہے۔ تم نے مجھ سے جو دس روپے لئے تھے۔ ابھی دیدو۔ اور مقروض جو روپے اس کو دیتا ہے۔ وہ بعینہٖ وہی دس روپے نہیں ہیں۔ جو اس نے قرضدار سے لئے تھے بلکہ وہ ان کی مثل ہیں۔ تاہم یہ ادائیگی قرضخواہ کے تقاضے کی پوری تعمیل سمجھی جاتی ہے۔ اسی طرح کہا جا سکتا ہے کہ درخت کے جو پتے معدوم ہوئے تھے۔ اب وہ موجود ہو گئے۔

اے برادر عقل یک دم با خود آر　　دمبدم در تو خزان ست و بہار

ترجمہ اے بھائی تھوڑی دیر کے لئے اپنی عقل کو ٹھکانے پر لاؤ (تو معلوم ہوگا) کہ تم میں (بھی) دمبدم خزاں و بہار (کی آمد و رفت کا سلسلہ بندھا ہوا) ہے

مطلب اوپر خداوند تعالیٰ کی قدرت پر آفاقی خزاں و بہار سے استدلال کیا تھا۔ اب بمناسبت مقابلہ انفسی خزاں و بہار کا ذکر فرماتے ہیں۔ خزاں سے مراد تعلقات کونیہ مادصاف نفسانیہ ہیں۔ اور بہار سے مراد معارف و علوم ہیں کہ انسان میں کم و بیش علی سبیل التعاقب ان کا ورود ہوتا رہتا ہے۔ یہاں ان کے دیکھنے کی ترغیب اس لئے دی ہے۔ کہ گلستان باطن کی سیر سے اس کے ثمرات یعنی وصول الی اللہ کا قرب میسر ہو سکے (کلید مثنوی)

اے برادر یک دم از خود دور شو　　با خود آ و غرق بحر نور شو

ترجمہ اے بھائی لمحہ کے لئے تم اپنی خودی سے دور ہو کر ہوش میں آؤ۔ اور دریائے نور میں غرق ہو جاؤ۔

مطلب اوپر گلستان باطن کی سیر کو نفس کی خزاں و بہار کا دیکھنا قرار دیا تھا۔ اب اس کو با خود آمدن یعنی اپنے آپ کی شناخت سے تعبیر کرتے ہیں۔ اور غرق نور ہونے سے معرفت حق تعالیٰ مراد ہے۔ مدعا یہ ہے کہ پہلے اپنی معرفت حاصل کرو۔ پھر حق تعالیٰ کی معرفت حاصل کر سکو گے۔ بقول من عرف نفسہ فقد عرف ربہ جس نے اپنے آپ کو پہچانا اس نے اپنے پروردگار کو پہچان لیا۔ نظامی ؎

خدا بیں شو کہ پیش اہل بینش　　تنک باشد حساب آفرینش
بداں خود را کہ از راہ معانی　　خدا را دانی از خود را بدانی

باغ دل را سبز و تر و تازہ بیں　　پر ز غنچہ و ورد و سرو و یاسمیں

لغات تر و تازہ میں راء کی تشدید شاذ اور بتقاضائے ضرورت ہے

ترجمہ (اپنے) دل کے باغ کو سبز و شاداب اور (واردات قلبیہ کے) غنچہ و گلاب اور سرو اور چنبیلی سے معمور دیکھ لو

زانبہی برگ پنہاں گشتہ شاخ　　زانبہی گل نہاں صحرا و کاخ

ترجمہ (اس باغ کی سرسبزی کا یہ عالم ہے۔ کہ ہر درخت کی) شاخ پتوں کی کثرت سے چھپ رہی ہے۔ پھولوں کی بہتات سے جنگل اور محلات ڈھکے ہوئے (ہیں)

ایں سخنہائیکہ از عقلِ کُل ست بُوئے آں گلزارِ سرو و سنبل ست

ترجمہ یہ (حقائق معرفت کی) باتیں جو عقل کل (کے الہامات) سے ہیں۔ اس سرو سنبل کے گلزار (باطنی) کی خوشبو ہیں۔

مطلب اوپر گلزار باطن کا ذکر کیا تھا جس سے عجائبات باطن مراد ہیں۔ اور اس سے بعض محجوب ومحروم لوگوں کے انکار کا احتمال ہے۔ جیسے کہ آجکل فرقہ وہابیہ اور ان کی ہم نوا جماعتوں کا حال ہے۔ لہٰذا اس کے اثبات میں یہ دلیل پیش فرمائے ہیں۔ کہ یہ مضامین عجیبہ جو ہماری زبان وقلم سے مترشح ہوتے ہیں۔ انہی واردات قلب کا اثر ہیں۔ اور اپنے مؤثر کے وجود کی دلیل ہوتا ہے۔ صائب رح ؎

فغاں کہ دیدہ رہبر شناس نیست ترا وگرنہ ذرہ بخورشید رہنموں باشد

بُوئے گل دیدی؟ کہ آنجا گل نبود جوشِ مُل دیدی؟ کہ آنجا مُل نبود

لغات مُل شراب۔ جوش مل۔ مستی۔ نشہ۔ سکر یا وہ جوش مراد ہے۔ جو شراب میں اس کے تیار ہونے کے وقت ہوتا ہے۔

ترجمہ بھلا تم نے (کبھی کسی ایسی جگہ) پھول کی خوشبو سونگھی ہے۔ جہاں پھول نہ تھا۔ بھلا تم نے (کبھی کسی ایسی جگہ) شراب کا جوش دیکھا ہے۔ جہاں شراب نہ تھی۔

بُو قلاوز ست و رہبر مر ترا مے برد تا خُلد و کوثر مر ترا

لغات قلاوز بدرقہ۔ رہنما۔ خلد وکوثر سے یہاں گلزار باطن مراد ہے۔

ترجمہ یہ (خوشبو) تمہاری بدرقہ اور رہبر ہے۔ جو (حقائق ودقائق کے باغ) خلد اور (چشمہ) کوثر کی طرف تم کو لے جاتی ہے۔ صائب رح ؎

زہر نسیم بگلزارے نواں رہ بُرد چہ لازم ست مفید برہنموں باشید

بُود وائے چشم باشد نور ساز شد ز بُوئے دیدۂ یعقوب باز

ترجمہ (ایسی) بُو آنکھ کے لئے داروئے نور افزا ہوتی ہے۔ (چنانچہ حضرت یوسف علیہ السلام کی) بو سے حضرت یعقوب علیہ السلام کی آنکھیں روشن ہوگئیں۔

مطلب اوپر گلزار باطن کی خوشبو یعنی کاملین کے ملفوظات کو باغ باطن کے اثبات کے لئے بطور دلیل پیش کیا تھا۔ ملفوظات کاملین کا ذکر جو اتفاقاً آپڑا۔ تو یہاں اُن کی فضیلت بیان فرماتے ہیں۔

بُوئے یدمر دیدہ را تاری کند بُوئے یوسف دیدہ را یاری کند

لغات تاری مخفف تاریک یاری مدد اعانت۔

ترجمہ بری بو آنکھوں کو تاریک کر دیتی ہے (مگر حضرت یوسف علیہ السلام کی خوشبو آنکھوں کو مدد دیتی ہے۔

مطلب کاملین کا کلام بصیرت قلب کو روشن اور ناقص لوگوں کی باتیں دل کو تاریک کرتی ہیں۔

تو کہ یوسف نیستی یعقوب باش ہمچو او با گریہ و آشوب باش

ترجمہ (جب تم (کمال باطن میں) یوسف نہیں ہو تو (کم از کم طلب و اشتیاق میں) یعقوب ہی بن جاؤ اور ان کی طرح (فرط شوق میں) زاری و فریاد کیا کرو۔

مطلب ۔ اگر کمالات کا درجہ میسر نہیں۔ تو طلب و تجسس لازم ہے۔ حافظ رح

غبار راہ طلب کیمیاے بہرہ وری ست غلام دولت ایں خاک عنبریں بویم

چوں تو شیریں نیستی فرہاد باش چوں نہ لیلیٰ تو مجنوں گرد فاش

ترجمہ جب تم شیریں نہیں ہو تو فرہاد ہی رہو۔ جب تم لیلیٰ نہیں ہو تو مجنوں کی طرح بدنام ہی ہو جاؤ

تفسیر قول حکیم سنائی قدس سرہٗ

حکیم سنائی قدس سرہ کے اس قول کی تفسیر

ناز را روے باید ہمچو ورد چوں نداری گرد بدخوئی مگرد

ناز دکھانے کے لئے منہ بھی پھول کا سا چاہیئے۔ جب تیرا (منہ ایسا) نہیں تو (ایسی) بری عادت کے پاس بھی نہ پھٹک

عیب باشد چشم نابینا و باز زشت باشد روے ناز یباوناز

(کیونکہ) یہ عیب (کی بات) ہے کہ آنکھ اندھی ہو اور (پھر غمزوں کے لئے) کھلی رہے (اور) یہ بری بات ہے کہ صورت بھونڈی ہو اور پھر نخرے (سوجھیں)

بشنو ایں پند از حکیم غزنوی تا بیابی در تن کہنہ نوی

لغات حکیم غزنوی حکیم سنائی رحمۃ اللہ مراد ہیں (جن کا ذکر پیچھے صفحہ ۹۴ پر گزر چکا ہے۔

ترجمہ (اے مخاطب اس بارے میں) حکیم (سنائی) غزنوی کی یہ نصیحت سن لو تاکہ تم اپنے تن کہنہ میں تازگی پاؤ (جس کو روح بے معرفت نے فرسودہ حال کر رکھا ہے)

ایں رباعی را بشنو از جان و دل تا بکل بیروں شوی از آب و گل

لغات رباعی ایک خاص قسم کی دو بیتی نظم جس میں چوتھا مصرعہ پہلے دو مصرعہ کا ہم قافیہ ہوتا ہے۔ رُباعی بحر

ہزج ثمن اخرب واخرم سے آتی ہے اگر کسی اور بحر سے ہو تو اسے رباعی نہیں کہتے۔ بلکہ وہ قطعہ ہے حکیم سنائی رح کے مذکورہ بالا دو شعر رباعی کی قسم سے نہیں ہیں۔ بلکہ یہ مثنوی ہیں۔ لہذا ان پر رُباعی کا اطلاق معنی لغوی کے لحاظ سے کیا ہے۔ نہ کہ اصطلاحاً۔

ترجمہ اس رباعی کو جان و دل سے سنو۔ تاکہ تم بالکلیہ آب و گل (یعنی تعلقات جسمانیہ) سے سبکدوش ہو جاؤ

الخلاف۔ یہ شعر ہمارے نسخے میں نہیں ہے۔

پند او را از دل و جاں گوش کن　　ہوش را جاں ساز و جاں را ہوش کن

ترجمہ ان کی (اس) نصیحت کو دل و جان سے سنو۔ ہوش کو (اپنی) جان بناؤ۔ اور جان کو ہوش بناؤ۔

مطلب اور ادراک معنی و فہم مطلب میں کمال ہوش سے کام لو۔ گویا جان و ہوش متحد ہو جائیں۔

آں حکیم غزنوی شیخ کبیر　　گفتہ است ایں پند نیکو یاد گیر

ترجمہ اس حکیم یعنی (حضرت سنائی) غزنوی رح نے جو بڑے شیخ ہیں۔ یہ مفید نصیحت کی ہے۔ (خوب) یاد رکھو۔ حافظ رح ؎

نصیحت گوش کن جاناں کہ از جاں دوست تر دارند　　جوانانِ سعادتمند پندِ پیرِ دانا را

الخلاف یہ بیت ہمارے نسخے میں نہیں ہے۔

پیشِ یوسف نازش و خوبی مکن　　جز نیاز و آہِ یعقوبی مکن

ترجمہ (یعنی) حضرت یوسف ع کے آگے ناز نخرے نہ کرو اور اپنی خوبروئی نہ جتلاؤ۔ (بلکہ) حضرت یعقوب ع کی سی عاجزی اور آہ و زاری کے سوا اور کچھ نہ کرو۔

مغزِ مُردن زطوطی بدنیاز　　در نیاز و فقر خود را مردہ ساز

ترجمہ طوطے کے (ظاہر) مرجانے کا مقصد (دراصل) اظہارِ عجز تھا۔ (تم بھی) عاجزی اور محتاجی میں اپنے آپ کو فنا کر دو۔ (یعنی اپنے آپ کو صفات ذمیمہ سے خالی کر لو)

تا دمِ عیسےٰ ترا زندہ کند　　ہمچو خویشت خوب و فرخندہ کند

ترجمہ تاکہ دم عیسےٰ (یعنی مرشد کا فیضان صحبت) تم کو زندہ (یعنی متخلق باخلاق الٰہی) کر دے (اور) اپنی طرح تم کو بھی نیک و مبارک بنا دے۔ حافظ رح ؎

من بسر منزلِ عنقا نہ بخود بردم راہ　　قطع ایں مرحلہ بامرغِ سلیماں کردم

در بہاراں کے شود سرسبز سنگ　　خاک شو تا گل بروید رنگ رنگ

ترجمہ (دیکھو) پتھر بہار کے موسم میں (بھی) کب سرسبز ہوتا ہے۔ (لہذا بہتر ہے کہ) خاک بنجاؤ تاکہ

رنگا رنگ پھول پیدا ہوں

مطلب اگر تم سنگدل و سرکش رہو گے۔ اور کسی کی متابعت نہ کرو گے۔ تو فیضان کاملین سے محروم رہو گے لہذا تذلل و تواضع اختیار کرو اور اتباع و امتثال اپنا شیوہ بناؤ۔ تاکہ انواع فیوض و برکات سے متمتع ہو۔ صائبؒ ؎

تا نیفتادم ندیدم کعبۂ مقصود را — درمیان ما نہیں استادگی دیوار بود

دلہ ؎ افتادہ ایم در تہ پا سالہا چو مور — تا جا بروے دست سلیماں گرفتہ ایم

بیدلؒ ؎ ہر کہ شد خاک نشین برگ و برے پیدا کرد — سبز شد دانہ چو با خاک سرے پیدا کرد

سالہا تو سنگ بودی دلخراش — آزمُوں را یک زمانے خاک باش

ترجمہ تم برسوں دلخراش پتھر رہ چکے ہو (اور دیکھ لیا کہ کچھ حاصل نہ ہوا۔ اب بطور آزمائش تھوڑی دیر کے لئے خاک بنجاؤ۔ (اور اس کا نتیجہ دیکھو) ولنعم ما قیل ؎

زراہ خاکساری گر کسے بر خاک بنشیند — چو خورشید جہاں افروز بر افلاک بنشیند

در بیانِ ایں تشنویک داستاں — تا بدانی اعتقادِ راستاں

ترجمہ اس بات کے ثبوت میں (کہ عجز و نیاز بہترین خصلت ہے) ایک قصہ سُن لو۔ تاکہ تم کو راستباز لوگوں کا (پاک) عقیدہ معلوم ہو جائے۔

اس سے آگے ایک پیر چنگی کا قصہ شروع ہوتا ہے۔ جو پہلے آلودہ معاصی تھا۔ مگر پھر اس کو تنبیہ ہو گئی اس نے افعال زشت سے توبہ و استغفار کی۔ تذلل و تواضع کا سر جھکا دیا۔ گریہ ندامت سے استکباری کی تو مقبول حق ہو گیا۔ وللہ الحمد علی تمام المجلد الثانی من مفتاح العلوم شرح ربع الثانی من الدفتر الاول لمثنوی مولانا الرومی علیہ الف الف رحمۃ من اللہ القیوم

گذارش

مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا رومؒ کا یہ حصہ جو جناب کے زیر نظر ہے۔ حضرت شارح سلمہٗ نے بس محنت اور عرق ریزی سے مرتب فرمایا ہے۔ وہ آپ کو اس کے مطالعہ سے معلوم ہو گیا ہو گا۔ اسی طرح حصہ سوم و چہارم و پنجم و ششم کو مرتب کیا گیا ہے۔ جو نہایت عمدہ کاغذ و عمدہ چھپائی سے چھپ کر تیار ہیں۔ قیمت فی حصہ عہ اور ڈاک کی قیمت پہلے حصہ دوم و سوم یکجا مجلد چھ روپے حصہ سوم و چہارم یکجا مجلد چھ روپے۔ حصہ پنجم و ششم یکجا مجلد چھ روپے۔ علاوہ جو حضرات اس کے مستقل خریدار دل میں اپنا نام درج کرانا چاہیں۔ وہ تحریر فرمائیں۔ تاکہ ہر حصہ چھپتے ہی انکو بھیجدیا جائے

حقیر الکسیار محمد حفیظ اللہ قریشی تاجر کتب شیری بازار لاہور ۱۲ جولائی ۱۹۳۱ء

مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا رومؒ

کے متعلق

چند اخبارات اور معاونین کرام کی رائیں

ایڈیٹر صاحب اخبار وکیل امرتسر ۱۰ اپریل ۱۹۲۶ء کے اخبار میں تحریر فرماتے ہیں۔ کہ مولانا روم کی مثنوی جو مسلمانوں کی عام ارادت وعقیدت کا ثبوت اس مصرع سے ملتا ہے کہ "ہست قرآں در زبان پہلوی" مسلمانوں میں نہایت ادب واحترام سے دیکھی جاتی ہے۔ اس سے پہلے اس کی بعض شرحیں لکھی جا چکی ہیں لیکن یہ شرح جو مندرجہ عنوان سے عمل ہی میں شایع ہوئی ہے۔ اپنے رنگ میں نرالی ہے۔ اس کی خصوصیات یہ ہیں۔ کہ سب سے پہلے لغات مشکلہ کی تشریح کی گئی ہے۔ پھر ہر شعر کی مکمل طور پر توضیح کی گئی ہے۔ اور اس کے لئے جا بجا آیات واحادیث اور اشعار متقدمین کو بھی پیش کیا گیا ہے۔ کتابت۔ طباعت۔ کاغذ سب کچھ اعلےٰ۔

ایڈیٹر صاحب اخبار زمیندار ۲۴ اپریل ۱۹۲۶ء کے پرچہ میں تحریر فرماتے ہیں:۔ حضرت مولانا جلال الدین رومی رح کی مثنوی مسلمانوں کی محبوب ترین کتابوں میں سے ہے۔ اور خواص شریعت اور نکات تصوف کے شوقین اسے جھوم جھام کر پڑھتے ہیں۔ الغرض اس مثنوی کی بیشمار شرحیں لکھی گئی ہیں۔ ہمارا یقین ہے۔ کہ شرح زیر تنقید (مفتاح العلوم) اُن شرحوں میں شامل ہے۔ کہ جن سے قارئین بہرہ وافر حاصل کر سکتا ہے۔ اس شرح کی خصوصیات یہ ہیں۔ کہ مشکل الفاظ کے معانی کے علاوہ ہر شعر کی نحوی ترکیب کیگئی ہے۔ علم بیان اور علم بدیع کے جو نکات بعض اشعار میں مضمر ہیں۔ وہ بھی بیان کئے گئے ہیں۔ ہر شعر کا مطلب بیان کرتے وقت آیات واحادیث اور اشعار اساتذہ عجم کی مدد سے توضیح کی کوشش کی گئی ہے۔ آغاز میں ایک فہرست مضامین ہے۔ کاغذ کتابت تقسیم

ایڈیٹر صاحب اخبار مدینہ بجنور تحریر فرماتے ہیں:۔ مفتاح العلوم مثنوی مولانا روم کی مفصل شرح ہے۔ اس کا پہلا حصہ ہمارے زیر نظر ہے۔ جو ۳۱۶ صفحات پر ختم ہوا ہے۔ معلوم ہوتا ہے۔ صاحب شرح مثنوی مثنوی کے جملہ پہلوؤں پر حاوی ہو جانا چاہتے ہیں۔ ابتدا میں حضرت مولانا رومؒ کی سوانحعمری دیگئی ہے۔ اور بعد میں شرح کا آغاز ہوتا ہے۔ اسلوب شرح کا بہت مفصل اور جامع ہے۔ سب سے پہلے شعر درج کر کے اس کے بعض الفاظ کی لغوی تصریحات پیش کی ہیں۔ پھر ترکیب نحوی دی ہے۔ اور صنائع [illegible] پھر ترجمہ اس کے بعد مطلب واضح کیا گیا ہے۔ توضیح مطالب میں صاحب شرح نے قابل تحسین بالغ نظری سے کام لیا ہے۔ یہ شرح جو تصنیف و تفصیلی محاسن وعیوب پر اسے رائے زنی کرنا ہمارے لئے ناممکن ہے لیکن ہم صاحب مفتاح العلوم کی داد دیئے بغیر نہیں رہ سکتے کہ [illegible] شعر کے مطالب واضح کرنے کے لئے انہوں نے حافظ۔ جامی اور اکبر کے اشعار پیش کئے ہیں۔ اور جا بجا احادیث درج فرمائی ہے۔ باقی شرح کو بھی اس پر قیاس فرمایئے۔ موقع ومحل کے لحاظ سے جہاں بیان نکات شعر و مسائل فقہیہ مابیع شبہات کی ضرورت داعی ہوئی۔ صاحب شرح نے بخل سے کام نہیں لیا۔ مولانا روم کی مثنوی کو جو رتبہ ادب وتصوف میں حاصل ہے وہ کسی سے مخفی نہیں ہے۔ امید ہے یہ جامع ومانع شرح شائقین کی تسکین کا باعث ہوگی۔ ہم اس شرح کے لئے میرزا محمد نذیر صاحب کی عربی قابلیت اور محمد حفیظ اللہ صاحب قریشی کے اہتمام ومحنت کی داد دینا ضروری سمجھتے ہیں۔ طباعت کاغذ وغیرہ سب کچھ اعلےٰ

ایڈیٹر صاحب رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین جولائی ۱۹۲۶ء کے پرچہ میں تحریر فرماتے ہیں۔ کہ مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا روم میں کے متعلق "ہست قرآں در زبان پہلوی" کہا جاتا ہے۔ مسلمانوں کی محبوب ترین کتابوں میں سے ہے۔

اور غوامض شریعت و نکات تصوف کے شوقین اسے جھوم جھام کر پڑھتے ہیں۔ آجتک اس مثنوی کی بیشمار شروح لکھی گئی ہیں۔ لیکن ہم نہایت وثوق سے یہ خیال ظاہر کر سکتے ہیں۔ کہ مفتاح العلوم موجودہ اور گذشتہ تمام شرحوں سے اپنی مندرجہ ذیل خصوصیتوں کے لحاظ سے نہایت اعلےٰ ہے۔ اصل مثنوی کے شعر جلی قلم سے بعض بعض اعراب دے کر نہایت صحیح لکھے گئے ہیں مشکل الفاظ کی لغات کے علاوہ ہر شعر کی ترکیب نحوی کی گئی ہے۔ علم معانی۔ علم بیان اور علم بدیع کے جو نکات بعض اشعار میں مضمر ہیں وہ بھی بیان کئے گئے ہیں۔ ہر شعر کا مطلب بیان کرتے وقت آیات و احادیث اور اشعار اساتذہ عجم کی مدد سے توضیح کی گئی ہے۔ شروع میں ایک مبسوط دیباچہ ہے۔ اور فہرست مضامین درج کی گئی ہے۔ لکھائی۔ چھپائی اور کاغذ نہایت اعلےٰ اور عمدہ۔

ایڈیٹر صاحب رسالہ درویش دہلی یکم اگست ۱۹۲۶ء کے پرچہ میں تحریر فرماتے ہیں:۔ کہ مثنوی مولانا روم کی اس اردو شرح میں چند خصوصیتیں ایسی ہیں۔ جو اور شرحوں میں نہیں ہیں۔ جناب شارح نے ہر شعر کے نیچے پہلے مشکل الفاظ کے معنی بیان کئے ہیں۔ پھر بحیثیت اشعار کی نحوی ترکیب لکھی ہے۔ اور شعر کی صنعتوں کو ظاہر کیا ہے۔ پھر شعر کا لفظی ترجمہ درج کر کے اس کا ادبی اور عام فہم مطلب بیان کیا ہے۔ اور مضمون شعر کی تمثیل یا تردید میں آیات و احادیث کے علاوہ مشہور شعراء کے فارسی اور اردو اشعار بھی نقل کئے ہیں۔ اشعار مثنوی کا مطلب بیان کرنے میں اس بات کا خیال رکھا گیا ہے۔ کہ ان کا جو مفہوم الفاظ سے صریحاً یا کنایۃً ذہن میں آتا ہے۔ اس کو اتنا واضح کر دیا جائے۔ کہ معمولی استعداد والے بھی سمجھ سکیں۔ اور اگر ایک شعر سے کئی مطلب نکلتے ہیں۔ تو دوسرے مطالب کو بھی مختصراً بیان کر دیا گیا ہے۔ صوفیانہ معنی آفرینی اور شاعرانہ خیال آرائی سے اجتناب کیا گیا ہے۔ مضامین مثنوی کو قرآن و حدیث سے تطبیق دینے کی کوشش کی گئی ہے۔ مسائل تصوف کی توضیح نقشبندی مجددی مطابق شرعی احتیاطوں کو مدنظر رکھ کر کی گئی ہے۔ مسائل اخلاق کو فلسفیانہ دلائل و تشریحات کے ساتھ بیان کیا ہے۔ عقائد اور فقہ کے مسائل پر بھی حسب ضرورت روشنی ڈالی گئی ہے۔ الغرض مثنوی کی یہ اردو شرح اپنی مخصوص خوبیوں کے ساتھ بہت قابل قدر اور مفید ہے۔ خصوصاً طالب علموں کے لئے جو مثنوی کے مضامین سے واقف ہونا اور صرف قال کے ذریعہ سے حال کو سمجھنا چاہتے ہیں۔ نہایت کارآمد ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ یہ خریدی اور پڑھی جائے۔ لکھائی چھپائی اور کاغذ کے اعتبار سے بھی یہ شرح قابل قدر ہے۔

جمعیۃ العلماء ہند کے مسلمہ آرگن اخبار **الجمعیۃ دہلی** کے ایڈیٹر صاحب ۱۴ دسمبر ۱۹۲۶ء کے پرچہ میں تحریر فرماتے ہیں۔ کہ مفتاح العلوم مثنوی مولانا روم کی اردو شرح ہے۔ مثنوی شریف کی متعدد شرحیں ہماری نظر سے گذری ہیں۔ جن میں اہل علم کی دلچسپی کے لئے بہت کچھ سامان ہے۔ مگر ابھی تک کوئی ایسی عام فہم اور سیدھی سادی شرح ہمیں نظر نہیں آئی جو عام مطالعہ کرنے والوں کے لئے سفارش کی جا سکے۔ اردو خواں پبلک کو جناب مرزا محمد نذیر صاحب [illegible] کا شکر گذار ہونا چاہئے کہ انہوں نے اس کمی کو خوبی کے ساتھ پورا کر دیا۔ اس شرح میں انہوں نے صرف عام مطالعہ کرنیوالے ہی کے [illegible] پیدا کی۔ بلکہ عام طالب علموں کے لئے بھی زبان فارسی سے واقفیت بہم پہنچانے کا سامان فراہم کر دیا ہے شرح کا انداز یہ ہے کہ ہر بیت کے نیچے سب سے پہلے لغات مشکلہ کو حل کیا گیا ہے۔ اس کے بعد ترکیب نحوی لکھدی گئی ہے۔ جو طلبا کے لئے مفید ہے۔ جس شعر میں کوئی صنعت ہو۔ اس کی وضاحت کر دی گئی ہے۔ اس کے بعد سلیس اردو میں ترجمہ لکھا گیا ہے۔ اور آخر میں شعر کا مطلب بیان کیا گیا ہے۔ ساتھ ساتھ نکات تصوف کی بھی تشریح کر دی گئی ہے۔ جو مولانا نے مثنوی میں بیان فرمائی ہیں۔ فی الجملہ یہ اردو میں مثنوی شریف کی ایک اچھی شرح ہے۔ اور ان ارباب ذوق کے لئے مفید ہے۔ جو مثنوی کے نکات سے بخوبی فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔

معاونین کرام کی رائیں

قبلہ عالم اعلیحضرت مولانا حافظ سید جماعت علیشاہ صاحب محدث علی پوری کتاب مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا رومؒ کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں کہ گو علم تصوف میں بزبان فارسی سینکڑوں کتابیں شائع ہو چکی ہوئی ہیں لیکن ان میں سے جسقدر مثنوی مولانا روم علیہ الرحمۃ کی شہرت و مقبولیت ہے۔ وہ آجتک کسی کتاب کو نصیب نہیں ہوئی۔ علمائے کرام ظاہری اور باطنی تو اپنی اپنی استعداد اور ملکہ علمی کے اعتبار سے اس دریائے ناپیدا کنار سے متمتع ہو رہے ہیں کم استعداد اور کم علول کو اس سے مستفیض ہونے کا آجتک موقع نہیں تھا۔ اس لئے ضرورت تھی کہ [illegible] جو جامع علوم عقلیہ و نقلیہ ہونے کے علاوہ رموز تصوف سے واقف اور صوفیائے کرام کا سا [illegible] میں ایسی طرز سے شرح کرتا۔ کہ جس سے ادنی طبقہ کے تعلیم یافتہ بھی فائدہ حاصل کرتے۔ اور اس کتاب کی برکت سے [illegible] کے علاوہ ان کے دلوں میں بزرگان دین کی عزت و عظمت جاگزین ہوتی۔ الحمد للہ کہ اس ضرورت کو [illegible] صاحب قریشی تاجر کتب و مالک قریشی بک ایجنسی کشمیری بازار لاہور نے محسوس کیا۔ اور انہوں نے ایک [illegible] نقشبندیہ کے حلقہ بگوش ہونیکے علاوہ رموز تصوف اور نکات معرفت سے بخوبی ماہر ہیں۔ اسے مثنوی [illegible] کرائی۔ شارح نے مثنوی کی لغات مشکلہ اور ترکیب نحوی کو حل فرما کر اس کے اشعار کا سلیس اردو میں [illegible] مثنوی شریف کو بالکل آسان کر دیا ہے۔ شعر کا مفصل مطلب شارح موصوف نے جس محنت اور کوشش سے قرآن و حدیث و اقوال آئمہ کے حوالہ جات دے کر بیان کیا ہے۔ وہ بلاشک و شبہ تحسین کے قابل ہے۔ اب بھی اگر کوئی شخص مولانا روم علیہ الرحمۃ کے قول سے فائدہ نہ اٹھائے۔ تو میں سمجھتا ہوں۔ کہ وہ بڑا ہی بدقسمت ہوگا۔ فقیر اہل اسلام سے عموماً اور یاران طریقت سے خصوصاً اس بات کی توقع رکھتا ہے۔ کہ وہ ضرور بالضرور مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا روم" کو خرید کر لطف اٹھائیں۔ اور تصوف کے حقایق و معانی سے واقفیت حاصل کر کے سعادت دارین حاصل کریں۔ کتاب کی لکھائی چھپائی۔ کاغذ جلد وغیرہ نہایت ہی عمدہ ہے۔

بقلم فقیر جماعت علی عفی عنہ از علی پور سیداں ضلع سیالکوٹ۔ یکم مئی ۱۹۲۹ء

عالیجناب شیخ رکن الدین صاحب سینیئر سب جج مینشر نارووال ضلع سیالکوٹ سے تحریر فرماتے ہیں:۔ کہ آپ کی دوکان سے میرا سپیرا یک جلد مفتاح العلوم حصہ اول لایا تھا۔ اس کے مطالعہ سے کمال مسرت حاصل ہوئی۔ واقعی حضرت شارح سلمہ نے کمال کر دیا ہے۔ نہایت عمدہ شرح لکھی ہے۔ اور نکات تصوف و رموز باندازی کو نہایت خوبی سے واضح کیا ہے۔ آپ نے چھاپنے میں بھی بہت محنت کی ہے۔ میں اس شرح کی تکمیل کا بہت تمنی ہوں۔ اور چاہتا ہوں۔ کہ حتی الامکان جلدی یہ شرح جلدی مکمل ہو جائے۔ براہ مہربانی میرا نام فہرست خریداران میں درج کر کے جوں جوں یہ شرح چھپتی جائے۔ مجھے بذریعہ وی۔ پی ارسال کرتے رہیں۔ والسلام

عالیجناب اودھ بہاری پرشاد صاحب پلیڈر جی۔ بی۔ بی کالج مظفرپور سے تحریر فرماتے ہیں کہ مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا روم مرسلہ جناب موصول ہوئی۔ دیکھ کر نہائت ہی خوش ہوا۔ سچ تو یہ ہے کہ شتہار سے کہیں بڑھ کر پایا۔ اللہ جل شانہ آپ کی ہمت افزائی فرمائے کہ دیگر فارسی اور عربی کتابیں بھی اسی شان سے نکلیں۔ غرض یہ ہے کہ میرا نام اس شرح کے خریداروں کے شمول میں درج رجسٹر فرمایا جائے۔ اور اس کے دیگر حصے جیسے ہی تیار ہوں میرے نام بذریعہ قیمت طلب پارسل ارسال کر دیے جائیں۔ والسلام

عالیجناب سید محمد شوکت علی صاحب منصب علی صاحب ہاشمی وکیل ہائیکورٹ دیوان مادہ سے

تحریر فرماتے ہیں۔ کہ مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا روم کا پہلا حصہ وصول ہوا۔ مطالعہ کرکے طبیعت کو سرور حاصل ہوا۔ حقیقت تو یہ ہے۔ کہ اگر مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ نے مثنوی شریف کو لکھنے میں اپنے تمام معاصرین سے سبقت حاصل کی ہوئی ہے۔ تو مفتاح العلوم کے شارح نے اس کو اور دوسرے تمام مثنوی کے شرح کرنے والوں پر امتیاز حاصل کرلیا ہے۔ جیسی عام فہم مفصل اور صحیح اللہ تعالیٰ یہ شرح میرے دیکھنے میں آئی ہے۔ دوسری کوئی آج تک ایسی نظر سے نہیں گذری۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حضرت شارح کی عمر میں برکت دے۔ اور آپ کے کاروبار کو ترقی عنایت فرمائے۔ والسلام

عالیجناب پیر امیر احمد صاحب واعظ انصاری پیش امام جامع مسجد جودھ پور تحریر فرماتے ہیں۔ کہ مفتاح العلوم دفتر اول کے چاروں حصے یکے بعد دیگرے وصول ہوئے۔ اور کافی سے زیادہ مطالعہ کرچکا ہوں۔ اب میں بخوشی اقبال کرتا ہوں۔ کہ جناب شارح صاحب نے ایسی جامع ومبسوط شرح لکھ کر دنیائے اسلام پر احسان کیا۔ جس کے شکریہ میں زبان قاصر ہے۔ نکات تصوف کو نہایت سلیس اردو میں بیان کیا۔ ہر شعر کا مطلب بیان کرتے وقت آیات قرآنی احادیث شریف کا حوالہ دے کر "ہست قرآن در زبان پہلوی" کو ثابت کیا۔ اور بعض پیچیدہ مسائل کو جن کے سمجھنے میں عام اشخاص کو دقت تھیں۔ ایسی خوبی سے سمجھائے ہیں۔ کہ بے اختیار حضرت شارح کے حق میں اعانک اللہ فی الدارین کما اعززت اخوانی دینا کہنا پڑتا ہے۔ اگرچہ اس سے پہلے بہت سی شرحیں زیر مطالعہ رہ چکی ہیں۔ مگر بسیار شرح دیدہ ام لیکن ایں چیزے دیگری۔ اگر دوسرے دفتر کا حصہ شائع ہوچکا ہو۔ تو جلد از جلد روانہ کرکے مشکور فرمائیں۔ اور ہر حصہ کے تیار ہونے پر مہربانی فرماکر مجھ کو فوری اطلاع دیا کریں۔ والسلام

عالیجناب ماسٹر محمد شفیع صاحب جے۔ وی منشی عالم چک نمبر ۲۵ ضلع منٹگمری سے تحریر فرماتے ہیں۔ کہ مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا رومی کا وی۔ پی آج دھول کرکے چاروں حصوں کو یکے بعد دیگرے سرسری نظر سے دیکھا۔ کتاب کی جو تعریف آپ نے اشتہار میں لکھی ہے۔ اس سے کہیں زیادہ اعلیٰ اور عمدہ ہے۔ عام فہم اور بے حد دلنشین طریق سے شرح کی گئی ہے۔ براہ کرم میرا نام شرح کے مستقل خریداروں میں درج فرمالیں۔ والسلام

عالیجناب حضرت مولانا سید حبیب اللہ صاحب راشدی صدر اعظم جمعیت رشدیہ سکھر (سندھ) فرماتے ہیں۔ تین دن ہوئے۔ مثنوی شریف کی شرح موصول ہوئی۔ جب سے ہاتھ سے نہیں چھوٹی۔ میں اس تھوڑے وقت کے اندر کافی دیکھ چکا ہوں۔ اور میں اب خوشی سے اقبال کروں گا۔ کہ شارح کی محنت وکوشش واقعی قابل داد ہے۔ اور ہر شعر کے ساتھ احادیث۔ اقوال ودیگر شعروں سے ایک دلکش اور دلنواز خوبی ٹھہراکر دی گئی ہے پھر کیوں نہ میں اپنا نام مستقل خریداروں کی فہرست میں درج کرنے کی التجا کروں۔ اور یہ تو یقینی بات ہے۔ کہ میں ایک ایسی اعلیٰ چیز کی ترغیب اپنے مریدوں اور دوستوں کو ضرور دوں گا۔

عالیجناب مولوی محمد عبداللہ صاحب پروفیسر اسلامیہ کالج پشاور سے تحریر فرماتے ہیں:۔ مکرمی جناب قریشی صاحب آپ کا مرسلہ تحفہ (مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا روم دفتر اول حصہ دوسرا) بذریعہ وی۔ پی موصول ہوا۔ محترمی مولوی مرزا محمد تقی صاحب کی عرقریزی اور محققانہ تحریر اہل علم کے لئے واقعی قابل قدر اور شکریہ ہے۔ جنہوں نے مثنوی جیسی بلند پایہ کتاب کی تشریح میں سعی اور منتہی کے لئے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔ خداتعالیٰ ایسے قدر شناس علماء کرام کو عمر دراز عطا فرماکر ایسی نادرہ خدمات کی تکمیل اور انجام دہی کی توفیق بخشے۔ آمین ثم آمین۔ جزاہم اللہ فی الدارین احسن الجزاء۔ ہر حصہ شرح کے تیار ہونے پر مہربانی کرکے مجھ کو فوری اطلاع دیا کریں۔ والسلام

ان کے علاوہ اور بھی سینکڑوں حضرات کی رائیں موصول ہوچکی ہیں۔ جو بوجہ عدم گنجائش درج نہیں کی گئیں۔

(مسلم پرنٹنگ پریس لاہور میں باہتمام بابو مولاداد صاحب قریشی طبع [illegible])

تعلیم النسا کا قاعدہ جس میں حروف شناسی و عبارت خوانی کے ساتھ ساتھ چھوٹی لڑکیوں کے خیالات اور محاورات کا خاص لحاظ رکھا ہے۔ اور اس سلسلہ کی آئندہ دینی اور ادبی تعلیم کا آغاز مفرد و مرکب الفاظ کی صورت میں بیان کیا گیا ہے۔ قیمت فی طرف ایک آنہ (۱ر)

تعلیم النسا کی پہلی کتاب جس میں آئندہ دینی و ادبی تعلیم کی بنیاد رکھنے کیلئے آسان لفظوں میں توحید و رسالت کے تصور کیطرف راہنمائی کی گئی ہے۔ چند مناظر قدرت دکھائے گئے ہیں۔ اور کئی نصیحت آمیز کہانیوں کے نتائج پر توجہ دلائی گئی ہے۔ قیمت ۱ر

تعلیم النسا کی دوسری کتاب جس میں دینداری، سلیقہ، عام آداب و اخلاق کے متعلق ابتدائی باتیں چھوٹی لڑکیوں کے مذاق اور ادراک کے موافق مختلف دلچسپ پیرایوں میں درج ہیں۔ قیمت ۲ر

تعلیم النسا کی تیسری کتاب جس میں اسلامی عقائد اور مسائل، عبادت و معاملات کا بیان، نیز گوں اور عزیزوں کے ساتھ نیک سلوک کی ترغیب اور وفاداری کے ساتھ شوہر کا ذکر، شیطان اور نفس کا بیان، گھر کے آداب اور نیک اخلاق کی تلقین کے ساتھ مختلف دلچسپ پیرایوں میں کیا گیا ہے۔ قیمت ۹ر

تعلیم النسا کی چوتھی کتاب (متعلقہ مسائل دینیہ) اس کتاب میں مصنفہ نے نہایت محنت سے فقہ حنفی کی مشہور کتابوں سے تمام دینی مسائل کو نہایت آسان لفظوں میں لکھ دیا ہے۔ شروع سے لیکر آخر تک کوئی ایسا ضروری مسئلہ درج نہ کیا گیا ہو۔ عورتوں کے علاوہ مرد بھی اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ جس مسئلہ کی ضرورت ہو اس کتاب میں مل سکتا ہے۔ ہر ایک مسئلہ اسقدر آسان عبارت میں درج کیا گیا ہے کہ معمولی پڑھی لکھی عورت یا مرد کی سمجھ میں آجاتا ہے۔ عورتوں اور لڑکیوں کی دینی سے واقفیت حاصل کرنے کے لئے اس کتاب کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیئے۔ قیمت ۱۲ر

تعلیم النسا کی پانچویں کتاب جس میں عبادات کے فضائل و آداب کا ذکر۔ خانہ داری کے صیغوں میں سے گھر، مال و متاع، کھانے پینے کے سامان، کپڑے، زیور، کام کاج، کھانے پکانے، سینا پرونے، کپڑے رنگنے، آمد و خرچ وغیرہ۔ عورتوں کے عمل وغیرہ وغیرہ کا تفصیلی بیان اور آداب و اخلاق کے متعلق خاص ہدایات کے ساتھ مثال بھی درج ہیں۔ مصنفہ

تعلیم النسا کی چھٹی کتاب جس میں تربیت اولاد کے متعلق مفصل و مکمل بیان ہوا ہے۔ قیمت ۴ر

تعلیم النسا کی ساتویں کتاب (مطلب و مشیر منزل) یعنی کتاب سنت کی اخلاقی تعلیم کا لب لباب بچیوں سے لیکر بوڑھیوں تک کے لئے ضابطہ آداب دین اسلام کا معیار، تہذیب۔ متعلمین اور بچے کے لئے گہوارہ تا دبستان طالب ہمارے۔ دینی و دنیوی ذوات سبیرت کے لئے اردو کی مثنوی معنوی۔ قیمت ایک روپیہ ایچ آنہ (عہر)

تاریخ صدیقی رضؓ جس میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حالات پیدائش سے وفات تک۔ عہد واقعات کے جو خلافت اسلامیہ کے قائم کرنے میں ان کو پیش آئے۔ مخالفین خلافت صدیقی پر جو اعتراضات کرتے ہیں۔ ان کے دندان شکن جواب فی کی ہیں۔ سب جو اپنی شاگرد بچیوں کو بتلاتی ہے لکھے گئے ہیں۔ قیمت ۵ر

تاریخ فاروقی رضؓ جس میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے حالات زندگی کے حالات اور ان کے عہد خلافت کے کارنامے۔ آپکا عدل اور آپ کی حکومت آپ کی شجاعت اور آپ کی دینداری کا حال ایسے آسان اردو اور خاص محاورات کی زبان و جواب کے طرز پر بیان کیا ہے۔ کہ ایک دفعہ شروع کیجئے۔ بغیر ختم کئے کتاب ہاتھ سے نہ چھوٹے۔ قیمت ۵ر

تاریخ عثمانی رضؓ حضرت عثمان رضؓ کی زندگی کے حالات۔ آپ کے عہد کے واقعات و حالات و فتوحات خلافت فاروقی و صدیقی کی طرح سلیس اردو خاص عورتوں کی زبان میں درج کئے گئے ہیں۔ قیمت ۵ر

تاریخ مرتضوی رضؓ حضرت علی کرم اللہ وجہہ خلیفہ چہارم کے حالات زندگی اور ان کے عہد کے کارنامے اس کتاب میں ثابت کیا گیا ہے۔ کہ اصحاب ثلثہ کی بیعت حضرت علی رضؓ نے برضا و رغبت بغیر کسی دباؤ کے خود کی تھی۔ اور ان کو خلیفہ بعد خلافت سپرد کی گئی۔ خاص عورتوں کی زبان میں۔ قیمت ۵ر

ملنے کا پتہ محمد حفیظ اللہ قریشی تاجر کتب و مالک قریشی بک ایجنسی لاہور

اسرار العلوم ترجمہ اردو منظوم احیاء العلوم

حجۃ الاسلام حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے نام نامی سے کون شخص ہے جو واقف نہیں ان باکمال اشخاص میں سے تھے۔ کہ جن کا شہرہ دنیائے اسلام میں ابدالاباد تک بلند رہے تقریر کے علاوہ تحریر کے ذریعہ آپ نے جو خدمت دین قیم کی فرمائی۔ وہ کسی دوسرے شخص کو نصیب نہیں ہوئی۔ آپ نے جس قدر کتابیں شریعت۔ طریقت اور فلسفہ کے متعلق تحریر فرمائی ہیں۔ ان کی تعداد تو بہت ہی زیادہ ہے لیکن جس کتاب نے آپ کی شہرت کو چار چاند لگا اور جس کی وجہ سے آپ عالم اسلام کے امام مانے گئے۔ وہ کتاب

احیاء العلوم

ہے۔ جس میں حضرت امام غزالیؒ نے شریعت و طریقت کے ایسے ایسے رموز و نکات بیان کئے کہ پڑھنے والا عش عش کر اٹھتا ہے۔ شریعت کے لئے مطالعہ کرو۔ تو تمام مسائل کی جامع۔ طریقت کیلئے پڑھو۔ تو تصوف کا بحر ناپیدا کنار ہے۔ غرضیکہ یہ وہ کتاب ہے۔ کہ جس کو عالم اسلام میں ہر طرح خاص وقعت حاصل ہے۔

پس ایسی نادر اور اعلےٰ کتاب کو

ہم نے بصرف زر کثیر ایک ایسے فاضل اجل اور عالم بے بدل و شاعر شیریں بیان سے نہایت سلیس اردو میں مثنوی مولانا روم کے وزن پر ایسی دلکش اور دلچسپ نظم میں منظوم کرایا ہے۔ کہ جس کو پڑھ کر آپکو خاص لطف آئیگا۔ فاضل موصوف نے اپنی خداداد لیاقت سے ایسی احتیاط سے کتاب کا ترجمہ نظم میں کیا ہے۔ کہ آپ پڑھتے وقت یہی خیال فرمائینگے کہ امام غزالیؒ نے کتاب کو نظم ہی میں لکھا تھا لکھائی چھپائی۔ کاغذ دیدہ زیب اور اعلےٰ۔ جو لوگ ہماری شائع کردہ کتاب مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا روم کو ملاحظہ فرما چکے ہیں۔ وہ انشاء اللہ اس بات کی گواہی دے سکتے ہیں۔ کہ ہم کس قدر کوشش سے ایسی کتابوں کے ترجمے اور شرحیں شائع کر رہے ہیں۔

بلحاظ اس قدر محنت اور خرچ کثیر کے قیمت صرف بلا جلد کیلئے دو روپیہ آٹھ آنہ اور جلد کے لئے تین روپے۔ علاوہ محصول ڈاک

دیگر ہر قسم کی کتابیں موجود ہیں۔ فہرست کتب مفت طلب فرمائیں۔

المشتہر

محمد حفیظ اللہ قریشی تاجر کتب و مالک قریشی بک ایجنسی لاہور